# مدنی دور میں اصلاحات نبوی اور عصر حاضر میں ان سے استفادہ

## (تحقیقی و تجزیاتی مطالعہ)

### برائے پی ایچ-ڈی (علوم اسلامیہ)


مقالہ نگار

محمد فاروق اعظم

پی ایچ-ڈی سکالر، شعبہ علوم اسلامیہ

رجسٹریشن نمبر: 529-PhD/IS/F14



فیکلٹی آف سوشل سائنسز

نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز، اسلام آباد



نومبر، ۲۰۲۱ء

# مدنی دور میں اصلاحات نبوی اور عصر حاضر میں ان سے استفادہ
## (تحقیقی و تجزیاتی مطالعہ)

مقالہ برائے **پی ایچ-ڈی (علوم اسلامیہ)**


نگران مقالہ

ڈاکٹر نور حیات خان

ایسوسی ایٹ پروفیسر شعبہ علوم اسلامیہ جامعہ نمل، اسلام آباد

مقالہ نگار

محمد فاروق اعظم

پی ایچ-ڈی علوم اسلامیہ



فیکلٹی آف سوشل سائنسز

نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز، اسلام آباد

سیشن ۲۰۱۴ء-۲۰۲۱ء



© محمد فاروق اعظم

بسم الله الرحمن الرحيم

# منظوری فارم برائے مقالہ ودفاع مقالہ

# (Thesis and Defense Approval form)

زیر دستخطی تصدیق کرتے ہیں کہ انہوں نے مندرجہ ذیل مقالہ پڑھا اور مقالہ کے دفاع کو جانچا ہے، وہ مجموعی طور پر امتحانی کارکردگی سے مطمئن ہے اور فیکلٹی آف سوشل سائنسز کو اس مقالے کی منظوری کی سفارش کرتے ہیں۔

**مقالہ بعنوان:** **مدنی دور میں اصلاحات نبوی اور عصر حاضر میں ان سے استفادہ**

**(تحقیقی وتجزیاتی مطالعہ)**

**Nabvi Reforms and Benefiting thereof in the Current Era in Madni period**

(An Analytical Study)

نام ڈگری: ڈاکٹر آف فلاسفی علوم اسلامیہ

نام مقالہ نگار: محمد فاروق اعظم

رجسٹریشن نمبر: 529-PhD/IS/F14

**ڈاکٹر نور حیات خان**

(نگران مقالہ) ____________________ دستخط نگران مقالہ

**ڈاکٹر نور حیات خان**

(صدر، شعبہ علوم اسلامیہ) ____________________ دستخط صدر، شعبہ علوم اسلامیہ

**پروفیسر ڈاکٹر مستفیض احمد علوی**

(ڈین فیکلٹی آف سوشل سائنسز) ____________________ دستخط ڈین فیکلٹی آف سوشل سائنسز

**پروفیسر ڈاکٹر محمد سفیر اعوان**

(پرو-ریکٹر اکیڈمکس) ____________________ دستخط پرو-ریکٹر اکیڈمکس

**میجر جنرل (ر) محمد جعفر**

(ریکٹر نمل) ____________________ دستخط ریکٹر نمل

تاریخ: ____________________

# حلف نامہ فارم

# (Candidate declaration form)

میں **محمد فاروق اعظم** ولد **حافظ عبدالقادر**

رول نمبر: 204 رجسٹریشن نمبر: 529-PhD/IS/F14

طالبعلم، پی ایچ ڈی، شعبہ علوم اسلامیہ، نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز (نمل) اسلام آباد حلفاً اقرار کرتا ہوں کہ

مقالہ بعنوان: **مدنی دور میں اصلاحات نبوی اور عصر حاضر میں ان سے استفادہ**

**(تحقیقی و تجزیاتی مطالعہ)**

Nabvi Reforms and Benefiting thereof in the Current Era
in Madni period

(An Analytical Study)

Madni dor men Islahat Nabvi Aur Aasar Hazir Mein un se Istfada
Tahqiqi wa Tajziati Mutalia

پی ایچ ڈی علوم اسلامیہ کی ڈگری کی جزوی تکمیل کے سلسلہ میں پیش کیا گیا ہے، اور **ڈاکٹر نور حیات خان** کی نگرانی میں تحریر کیا گیا ہے، راقم الحروف کا اصل کام ہے، اور یہ کہ مذکورہ کام نہ تو کہیں اور جمع کروایا گیا ہے، نہ ہی پہلے سے شائع شدہ ہے اور نہ ہی مستقبل میں کسی بھی ڈگری کے حصول کے لیے کسی دوسری یونیورسٹی یا ادارے میں میری طرف سے پیش کیا جائے گا۔

میں اس بات کو سمجھتا ہوں کہ ایچ ای سی اور نمل علمی سرقہ کے حوالے سے عدم برداشت کی پالیسی پر سختی سے عمل پیرا ہے۔ اس لیے میں بطور مقالہ نگار اس بات کا اقرار کرتا ہوں کہ یہ میرا ذاتی علمی کام ہے۔ اس مقالہ کا کوئی حصہ بھی سرقہ شدہ نہیں ہے۔ میں نے جہاں سے بھی علمی کام لیا ہے اس کا باقاعدہ حوالہ دیا ہے۔ میں اس بات کا بھی اقرار کرتا ہوں کہ اگر میرے مقالے میں کسی بھی قسم کا باقاعدہ علمی سرقہ پایا جائے تو یونیورسٹی میری ڈگری کو ختم کرنے/واپس لینے کا اختیار رکھتی ہے۔

نام مقالہ نگار: محمد فاروق اعظم ابن حافظ عبدالقادر

دستخط مقالہ نگار: ____________________

نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز، اسلام آباد

# (ABSTACT) ملخص مقالہ

The title of this dissertation is “NABVI (PBUH) Reforms and Benefiting thereof in the Current Era in Madni period”. It is consisted on five chapters and each chapter bears an introductory part as well as a comprehensive conclusion at the end.

First chapter elaborates religious terminology along with definitions and explanations. It engrosses different aspects ranging from reforms in believes, worships, preaching of right path, Jihad and its methodology and the religious strides made in the light of NABVI(PBUH) reforms. Moreover, religious concepts and norms of other religions which were in practice during the life time of Prophet (PBUH) have been explained and covered. Further, the methods employed by the Prophet (PBUH) for conveying the message of “Truth Call” together with qualities of the preacher have been documented. Various worship practices i.e. idol worshiping, naked revolving of Kaaba etc. have been termed illogical and immoral due to their antipathy. The believers have been proclaimed to shun extremity in worships and other religious doctrines. There is description of Jihad; to strive hard for the sake of religion. Jihad has been deemed as fundamental principle in Islam; it does not permit barbarism and vandalism but allows an organized struggle for the service of humanity.

Second chapter sheds light on the educational reforms and restorations. It includes supremacy and importance of knowledge, educational policy of Prophet (PBUH), ethical and educational upbringings, and historical review of Muslim educational system in the light of NABVI (PBUH) Reforms, have been brought under discussion. Acquisition of Superiority of knowledge from Quran and Sunnah has been narrated briefly. After migrating to Madina, the strategy adopted by the Prophet (PBUH) to promote educational activities has been described. It emphasized upon not only attainment of education but also ethical upbringings. Both educational and ethical upbringings equally played deciding role in character building to made sure that educational process would continue without any interruption. Apart from the educational system in the period of Prophet(PBUH) and later i.e. Khulfa-e-Rashdin, Umvi and Abbasi’ reigns, have been reviewed in cognizance with history.

Third chapter elaborates the social reforms mainly topics leading to humanity, religion based nationality, respect for humanity and family laws. Social ideologies are therein discussed in the light of NABVI (PBUH) Reforms. Islam has forbidden sectarianism and divisiveness among ethnic groups and directs living with tolerance and emancipation. In Islam, Romans, Persians and Negros are the representative of Islam and there is no place of division among them. Islam disapproves casteism, and capitalism as these are against the social fabric and could jeopardize the society. The Islamic society is based on the fundamentals of humanity. Human beings have due right, respect and honor as he is the best creation by Allah. The family is the basic strata of the society to run society smoothly and there is prevailing need of proper management of law and order.

Fourth Chapter is about economical and capital reforms. Goodness of lawful earning, solution of capital flow issues, beautiful co-relation between religion and

living style, agricultural reforms, improvement of economic system etc. have been focused in the light of NABVI(PBUH) Reforms. The first lesson of this chapter describes goodness of lawful earnings and also explores ills of unlawful earnings. Islam discourages the controlled flow of capital and deems it equivalent to hoarding, speculation, gambling and usury. Islam replaces the system of usury with profit and loss based partnership, barren loan, merchandizing etc. In order to prevent controlled flow of capital, Islam imposes the directions of Zakat, charities, inheritance, relief, testament, devotion etc. Islam equally recognizes the importance of both the religious duties and worldly desires in routine life. Christianity is not at par with as it is unable to do justice with economical system and faith at the same time. From the practical aspect of the life of the Prophet (PBUH), it is evident that there is strong correlation between the religion and practical life. There is no denial of agricultural importance because the Prophet (PBUH) brought the change into agriculture sector by prohibiting the sale of agricultural water. He proscribed the tradition of the feudalism as well as usury. In order to boost economy, parsimony and false-hood has been given no place by the Islam. Usher system has been put in place for improvement of Zakat system and to curb the injustice distribution of seeds.

In the fifth chapter, pros and cons of political system have been enshrined. Discourse on political issues has been rendered pivotal position in the Islamic political system. During the life span of the Prophet (PBUH), every daunting issue was brought to the Islamic council for its reasonable solution. It is important to note that judgments against the contradictions were also made by the Islamic Council in Khulfa-e-Rashdin Era. It is advised that Head of state must obey due attribution of the laws of Quran and Sunnah (PBUH). This obedience is conditional to well-known virtues not in well-known evils. Islam emphasizes upon fulfillment of promises made and if a person does not care for his commitments, is devoid of faith. It has been obliged that agreements should be in written form, not in verbal statement which could justified if need arises there upon.Prophet (PBUH) corresponded with the rulers of numerous countries to pursue objectives and to spread message of Allah. In the final chapter, various political systems along with current political practices have been narrated with arguments and explorations.

# فہرست مضامین بالترتیب


| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۱ | فارم برائے مقالہ ودفاع مقالہ(Thesis Acceptance Form) | I |
| ۲ | حلف نامہ(Declaration) | II |
| ۳ | ملخص(Abstract) | III |
| ۴ | فہرست عنوانات(Table of Contents) | V |
| ۵ | اظہار تشکر(Acknowledgements) | VII |
| ۶ | انتساب(Dedication) | VIII |
| ۷ | رموزواشارات | IX |
| ۸ | مقدمہ | ۱ |
| ۹ | **باب اوّل: دینی اصلاحات** | ۱۰ |
| ۱۰ | فصل اوّل: اصلاح عقیدہ | ۱۱ |
| ۱۱ | فصل دوم: عبادات کی اصلاح | ۳۹ |
| ۱۲ | فصل سوم: اسلام کا تصور جہاد اور جنگی طریق کار کی اصلاح | ۵۱ |
| ۱۳ | فصل چہارم: عصر حاضر میں دینی جد وجہد اصلاحات نبوی کی روشنی میں | ۶۹ |
| ۱۴ | **باب دوم: تعلیمی اصلاحات** | ۸۷ |
| ۱۵ | فصل اوّل: تعلیم وتربیت کی فضیلت واہمیت | ۸۸ |
| ۱۶ | فصل دوم: رسول اللہ ﷺ کی تعلیمی حکمت عملی | ۱۰۷ |
| ۱۷ | فصل سوم: نظام تعلیم اصلاحات نبوی ﷺ کی روشنی میں | ۱۲۷ |
| ۱۸ | **باب سوم: معاشرتی اصلاحات** | ۱۴۲ |
| ۱۹ | فصل اوّل: وحدت نسل انسانی | ۱۴۳ |
| ۲۰ | فصل دوم: دین قومیت کی بنیاد | ۱۵۱ |
| ۲۱ | فصل سوم: تکریم انسانیت | ۱۶۱ |
| ۲۲ | فصل چہارم: عائلی زندگی کے قوانین | ۱۷۳ |

| | | |
|---|---|---|
| ۲۳ | فصل پنجم: معاشرتی افکار اصلاحات نبوی ﷺ کی روشنی میں | ۱۹۵ |
| ۲۴ | **باب چہارم: معاشی اصلاحات** | ۲۱۴ |
| ۲۵ | فصل اوّل: کسب حلال کی حدود و فضیلت | ۲۱۵ |
| ۲۶ | فصل دوم: مسئلہ ارتکاز دولت کا حل | ۲۲۴ |
| ۲۷ | فصل سوم: دین اور دنیا کا حسیں امتزاج | ۲۴۸ |
| ۲۸ | فصل چہارم: زرعی اصلاحات | ۲۵۷ |
| ۲۹ | فصل پنجم: معاشی نظام کی بہتری تعلیمات نبوی ﷺ کی روشنی میں | ۲۶۹ |
| ۳۰ | **باب پنجم: سیاسی اصلاحات** | ۲۸۸ |
| ۳۱ | فصل اوّل: نظام شورائیت کا اجراء | ۲۸۹ |
| ۳۲ | فصل دوم: سربراہ مملکت کی اطاعت کا تعین | ۳۰۵ |
| ۳۳ | فصل سوم: معاہدات کی پابندی | ۳۲۲ |
| ۳۴ | فصل چہارم: سلاطین عالم سے روابط کی حدود و قیود | ۳۳۸ |
| ۳۵ | فصل پنجم: موجودہ سیاسی نظام اصلاحات نبوی کی روشنی میں | ۳۵۱ |
| ۳۶ | خلاصہ | ۳۶۹ |
| ۳۷ | خاتمہ | ۳۷۱ |
| ۳۸ | نتائج بحث | ۳۷۲ |
| ۳۹ | سفارشات | ۳۷۳ |
| ۴۰ | فہرست مصادر و مراجع | ۳۷۵ |

# اظہار تشکر

تمام تعریفیں اللہ جلّ جلالہ کی جو جہانوں کا رب ہے،اور درود و سلام ہوں اس بارگاہ عرش پایٔگاہ پر جہاں غزالی اپنی تلقین، رازی اپنا پیچ وتاب، فارابی اپنی حیرت، بو علی سیناء اپنی حکمت، رومی اپنا سوز و ساز اور قدسی اپنا انداز نثار کر بیٹھے۔ اس دریائے رحمت کا کیا بیان کہ کوثر و تسنیم جس کی دو بوندیں قرار پائیں۔ وہ بارگاہ عالم پناہ جہاں طائر سدرہ نشیں مرغ سلیمان عرب بن کر مژدہ بلقیس شفاعت لائے اور اس چشمہ حیات کی حد کمال کہاں کہ جس کے تلووں کا دھوون آب حیات ہے۔ اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء اور نبی اکرم ﷺ کی بارگاہ میں اپنی عقیدت پیش کرنے کے بعد، اللہ تعالیٰ کا شکر ہے جس کی مدد سے یہ تحقیقی کام پایہ تکمیل تک پہنچا۔ اللہ جل شانہ کے شکر کے بعد میں شکر گزار ہوں اپنے مرحوم والدین کا جنہوں نے اہل علم سے وابستگی اور علم کی محبت گھٹی میں ڈال دی۔ میں شکر گزار ہوں ڈین فیکلٹی آف سوشل سائنسز پروفیسر ڈاکٹر مستنفیض احمد علوی صاحب کا اور اپنے عظیم استاذ صدر شعبہ علوم اسلامیہ ڈاکٹر نور حیات خان صاحب کا جن کی رہنمائی اور ہدایات رفیق سفر بنیں تو یہ تحقیقی کام منزل تک پہنچا۔ آپ کی شفقت و عنایات میں زندگی بھر فراموش نہیں کر سکتا۔ اس طرح میں شکر گزار ہوں پروفیسر ڈاکٹر عبد الغفار بخاری، پروفیسر ڈاکٹر محمد الیاس صاحب کا جنہوں نے موضوع کے انتخاب اور تحقیق کے دوران رہنمائی فرما کر ممنون ہونے کا موقعہ عنایت کیا۔ علاوہ ازیں میں شعبہ علوم اسلامیہ کے تمام اساتذہ کا بھی شکر گزار ہوں جن کی وساطت علم سے میں اس قابل ہوا کہ یہ تحقیقی کام مکمل کر سکا۔ اور تمام لائبریریوں کا خصوصاً (IRI,NUML,BZU,IIUI) اور منہاج القرآن یونیورسٹی، شیخ زید اسلامک سنٹر لاہور، جناح لائبریری اسلام آباد، جھنڈیر لائبریری میلسی، کا جنہوں نے مکمل تعاون کیا، کسی لمحے بھی مایوس نہیں ہونے دیا۔ تحقیقی کام کی کمپوزنگ میں مفتی محمد عابد سعید کی خدمات ناقابل فراموش ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کی مساعی کو قبول فرمائے۔ میں دعا کرتا ہوں ان تمام ساتھیوں کے لیے جو میرے لیے کامیابی کا زینہ بنے اور ہر لحہ میری ترقی کے خواہش مند رہتے ہیں۔ آخر میں التجاء ہے اللہ تعالیٰ نبی رحمت کے اس بے نوا امتی کے اس نذرانہ عقیدت و محبت کو شرف قبولیت اور اپنی رضائے کاملہ کے ساتھ سعادت دارین نصیب فرمائے۔

(آمین یارب العالمین)

# انتساب

**رخ مصطفی کو دیکھا تو دیوں نے جلنا سیکھا**

**یہ کرم ہے مصطفی کا شب غم نے ڈھلنا سیکھا**

حضور سرور کائنات، شافع محشر، ساقی کوثر، حضرت محمد مصطفی ﷺ کے نام جو باعث تخلیق کائنات ہیں

جن کی محبت ایمان کی جان ہے

اور اپنے والدین مرحومین کے نام جنہوں نے عظیم مقصد کے تحت جینے کا شعور دیا

# رموز واشارات

اس مقالے میں استعمال ہونے والے رموز واشارات درج ذیل ہیں:

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | قرآنی آیات کے لیے | ﴿ ﴾ |
| ۲۔ | احادیث مبارکہ کے لیے | (( )) |
| ۳۔ | صفحہ نمبر کے لیے | ص |
| ۴۔ | حضرت محمد ﷺ کے لیے | ﷺ |
| ۵۔ | رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے لیے | رضی اللہ تعالیٰ عنہ |
| ۶۔ | رحمۃ اللہ علیہ کے لیے | رحمۃ اللہ علیہ |
| ۷۔ | سن عیسوی کے لیے | ء |
| ۸۔ | سن ہجری کے لیے | ھ |
| ۹۔ | کتاب کا حوالہ دیتے وقت جلد نمبر اور صفحہ نمبر کے فرق کو ظاہر کرنے کے لیے | / |

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

# مقدمہ

الْحمد لله الَّذِي لم يتَّخذ ولدا، وَلم يكن لَهُ شريك فِي الْملك، وَخلق كل شَيْء فقدره تَقْديرا،ونشهد أَن لَا إِلَه إِلَّا الله وَحده لَا شريك لَهُ، لَهُ الْملك، وله الْحَمد، وَهُوَ على كل شَيْء قدير، ونشهد أَن مُحَمَّدًا عَبده وَرَسُوله البشير النذير، الدَّاعِي إِلَيْهِ بِإِذْنِهِ، السراج الْمُنِير،وَﷺسيد الْمُرْسلين وعَلى إخوانه من النَّبِيين وَالْمُرْسلِينَ وَالْمَلَائِكَة المقربين، وعَلى آله وَأَصْحَابه و أَزْوَاجه وَذريته، وعترته، وعَلى متبعي سنته، وَأهل إِجَابَة دَعوته بمنه وفضله وسعة رَحْمَته أَجْمَعِينَ۔

## تعارف:

انسان کی زندگی کا مقصد اللہ تعالیٰ کی رضا اور اس کی خوشنودی حاصل کرنا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی رضا اور خوشنودی اس کے احکامات پر عمل کرنے اور عبادات سے حاصل ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے انسانوں کو کامیابی کی راہ دکھانے اور انہیں حقیقت سے آگاہ کرنے کے لیے انبیاء اور رسل عظام کا سلسلہ جاری فرمایا۔ جس کی ابتدا حضرت آدم علیہ السلام سے کی اور تکمیل ایک ایسی شخصیت پر کی جن کی حیات طیبہ میں قیامت تک آنے والے تمام انسانوں کی رہنمائی کا سامان موجود ہے۔

آپ ﷺ نے اللہ کے حکم سے مدینہ کی طرف ہجرت فرمائی۔ مدینہ منورہ میں آپ ﷺ اور صحابہ کرام کو سکون کا سانس نصیب ہوا۔ آپ ﷺ کے اصلاحی منشور کا آغاز تو مکہ مکرمہ سے ہو چکا تھا لیکن منظم انداز سے اس کی شروعات مدینہ منورہ سے ہوئیں۔ تھوڑے ہی عرصے میں ایک ایسی عظیم اسلامی ریاست قائم ہوئی جس کی مثال دنیا کی تاریخ میں نہیں ملتی۔ جس میں مساجد کے قیام، صوم وصلاۃ کے نظام، بیرونی دنیا سے معاشرتی اور تہذیبی تعلقات سے لیکر معاشی اور سیاسی، ہر اعتبار سے زندگی کے تمام شعبہ جات میں ایسی بے مثال ترقی ہوئی کہ آج تک دنیا انگشت بدنداں ہے۔ اس مقالے میں آپ ﷺ کی چند اصلاحات کا ذکر ہے۔

## مجوزہ موضوع پر ما قبل تحقیق:

زیر تحقیق عنوان "مدنی دور میں اصلاحات نبوی اور عصر حاضر میں ان سے استفادہ" کے حوالے سے اگر تفصیلی جائزہ لیا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ اس موضوع پر ایم فل اور پی ایچ ڈی سطح پر براہ راست کوئی تحقیقی کام نہیں ہوا اگرچہ متفرق انداز میں اس سے متعلقہ کچھ موضوعات پر تحقیقی کام ہوا ہے جیسا کہ:

۱۔ **"اسلامی اقدار کا احیاء اور پاکستان کا نظام تعلیم"** تحقیقی مقالہ برائے پی ایچ ڈی، محمد فاروق نے نمل یونیورسٹی سے ۲۰۱۱ء میں ڈاکٹر عبد الغفار بخاری کی زیر نگرانی مکمل کیا۔

۲۔ "اسلام کا خاندانی نظام اور عصری تہذیبی تحدیات" تحقیقی مقالہ برائے پی ایچ ڈی، سمیحہ راحیل قاضی نے ۲۰۱۰ء میں پنجاب یونیورسٹی سے ڈاکٹر شبیر احمد منصوری کی زیر نگرانی مکمل کیا۔

۳۔ "معاشرتی بگاڑ کی وجوہات اور ان کا سد باب" تحقیقی مقالہ برائے ایم اے، ظفر اقبال نے ۲۰۰۷ء میں نمل یونیورسٹی اسلام آباد سے ڈاکٹر عبدالغفار بخاری کی زیر نگرانی مکمل کیا۔

۴۔ "معاشرتی بہبود کا تصور، اسلام اور عصری افکار کی روشنی میں" تحقیقی مقالہ برائے پی ایچ ڈی، طاہر شاکر نے ۱۹۸۸ء میں پنجاب یونیورسٹی سے ڈاکٹر امان اللہ خان کی زیر نگرانی مکمل کیا۔

۵۔ "پاکستان کا معاشی بحران اور اس کا حل" تحقیقی مقالہ برائے ایم فل، رضوانہ ظہور نے پنجاب یونیورسٹی سے ڈاکٹر ممتاز احمد سالک کی زیر نگرانی مکمل کیا۔

۶۔ "خلفائے راشدین کے نظم سیاسی کے تناظر میں موجودہ سیاسی نظام کا جائزہ" تحقیقی مقالہ برائے ایم اے، ساجدہ سلطانہ نے نمل یونیورسٹی سے ۲۰۰۷ء میں ڈاکٹر عبدالغفار بخاری کی زیر نگرانی مکمل کیا۔

۷۔ "قرن اوّل کے مسلمانوں کے غیر مسلموں سے تعلقات و معاہدات اور عصر حاضر" تحقیقی مقالہ برائے پی ایچ ڈی، محمد اسلم صدیقی نے ۲۰۱۲ء میں پنجاب یونیورسٹی سے ڈاکٹر حافظ محمود اختر کی زیر نگرانی مکمل کیا۔

8- Fatima Zahra: **The Muslim Concept of Change: An analytical study on the Political, Social, and Economic change** (2007-2009), Al Makhtoum Institute for Arabic and Islamic Studies/University of Aberdeen Malaysia.

**"The Life of Muhammad"** by Gustav Weil. His book formed the basic for writers of seerat ul nabi. He reached the oldest accessible sources in Europe to complete it.

**The 100**, by Michael H. Hart, He is an American author and astrophysicist. His first and most famous book is The 100 A Ranking of the Most Influential Persons in History, was published in 1978.

**"The Life of Muhammad"** written by Sir William Muir in 1878 and published by London Smith, Elder. This book comprise of two volumes. The writer descript the life of Muhammad in a continuous series from his birth to wisal. He also mention Arabia before the time of Muhammad.

**"The Life of Muhammad"** by Alloys Springer Austrian orientalist. This book published at the Mission Press Allahabad. The writer narrates the life of Hazrat Muhammad in a unique manner, discussing causes and effects of great revolutionary for an event which happens at any other.

**"Muhammad at Mecca"** W. Montgomery Watt , Published by State University of New York Press, 1988.(He discussed in this book the tribes of Mecca, the Account of the Messenger of God and His life, The Beginning of the

Prophetic Mission and also discussed the complete life of Prophet before Emigration to Al-Medina )

**"Muhammad at Medina"** written by the scholar W. Montgomery watt, published by oxford University Press in 1956. A history of the life of Muhammad and the origins of the Islamic Community, specifically his life in Medina.

Thomas Carlyle was a scholar. He delivered a lot of lectures about different famous personalities like Napoleon, Shakespeare and he also delivered a lecture **"The Hero as Prophet Muhammad"** at 8 may 1840.

Karin Armstrong written two biographies of the Prophet Mohammed. **"A Prophet for Our Time"** is 2006 nonfiction book in which Karin Armstrong wrote about the Social, Political reforms of the Holy Prophet. These short biographies are part of "eminents lives" series.

**"اسلامی نظریہ حیات"** خورشید احمد کی یہ تصنیف جو کراچی یونیورسٹی، کراچی سے ۱۹۶۳ء میں شائع ہوئی میرے موضوع سے متعلق ہے۔

**"مسلمانوں کا نظام تعلیم"** پروفیسر سعید احمد رفیق کی یہ کتاب جو میرے موضوع کے کچھ حصے کا احاطہ کرتی ہے ۱۹۶۲ء میں کراچی سے شائع ہوئی۔

**"اسلام کا معاشرتی نظام"** ڈاکٹر خالد علوی، موضوع سے متعلقہ کتاب لاہور سے ۲۰۰۹ء میں شائع ہوئی۔

**"نبی کریم ﷺ کی معاشی زندگی"** پروفیسر ڈاکٹر نور محمد غفاری کی یہ تصنیف اسلام آباد سے ۱۹۹۰ء میں چھپی جو زیر تحقیق موضوع سے متعلق ہے۔

**"اسلام اور سیاست حاضرہ"** مفتی محمد تقی عثمانی، مکتبہ دار العلوم کراچی سے ۲۰۰۸ء میں شائع ہوئی ہے جو موضوع سے متعلق ہے۔

**"رسول اکرم کی سیاست خارجہ"** پروفیسر محمد صدیق قریشی کی یہ تصنیف جہلم سے ۱۹۷۸ء میں شائع ہوئی۔

پہلا مقالہ اس موضوع پر مشتمل ہے کہ کیا ہمارے ملک کا نظام تعلیم ہماری اسلامی قدروں کی حفاظت کر رہا ہے۔ دوسرا مقالہ اسلام کا خاندانی نظام عصری تہذیب و تمدن کے تناظر میں ہے۔ تیسرا مقالہ ہمارے معاشرے میں جو بگاڑ پیدا ہو رہا ہے اس کے اسباب تلاش کرنے اور پھر ان کا سد باب کرنے سے متعلق ہے۔ چوتھا مقالہ معاشرتی بہبود کے حوالے سے ہے۔ پانچواں مقالہ معاشیات کے متعلق ہے اس میں پاکستان کے معاشی مسائل کو زیر بحث لایا گیا ہے اور پھر ان مسائل کا حل بھی پیش کیا گیا ہے۔ چھٹے مقالہ میں خلفائے راشدین کے سیاسی نظام کے تناظر میں موجودہ سیاسی نظام کو زیر بحث لایا گیا ہے۔ ساتواں مقالہ پہلی صدی کے مسلمانوں کے غیر مسلموں سے تعلقات اور معاہدات پر مشتمل ہے۔ آٹھواں مقالہ مسلمانوں کی سیاسی، سماجی اور

معاشرتی تبدیلی اسلامی تعلیمات کے آئینے میں، سے متعلق ہے۔ عصر حاضر کی چیدہ چیدہ کتب جو موضوع کے بعض حصوں سے متعلق ہیں۔

جبکہ میرا موضوعِ تحقیق ان سے مختلف ہے اس میں حضور نبی اکرم ﷺ کی نافذ کردہ اصلاحات کا جائزہ لیا جائے گا اور عصر حاضر میں ان سے استفادہ کیسے کیا جا سکتا ہے؟ اس موضوع کی اہمیت کی بناء پر شدید ضرورت تھی کہ اس پر جامع علمی و تحقیقی کام کیا جائے، اس لیے اساتذہ کرام کی راہنمائی سے اس موضوع کا انتخاب کیا گیا۔ اس پر مذکورہ خطہ کے مطابق کام کیا جائے گا۔

## جواز تحقیق:

موضوعِ تحقیق ایک ایسا اہم موضوع ہے کہ جس پر کام بیک وقت حکومتی اداروں، عصری تعلیمی اداروں، دینی تعلیمی اداروں، اساتذہِ کرام، علمائے دین اور عوام الناس کی رہنمائی کا باعث ہوگا۔ باوجود اشد ضرورت کے ابھی تک اس موضوع پر کما حقہ تحقیقی کام نہیں ہوا۔ یہ مقالہ اس خلا کو پر کرنے کی ایک ادنی سی کاوش ہے۔

## بیان مسئلہ:

اس مقالہ میں ان نبوی اصلاحات پر گفتگو کی گئی ہے جو آپ ﷺ نے مدینہ میں نافذ کیں۔ جن کے ذریعے سے دس سال کے مختصر سے عرصے میں ایک عظیم ریاست کا قیام عمل میں آیا، آنحضرت ﷺ کا کردار نہ صرف مدینہ منورہ کے حالات کو تبدیل کرنے میں اور مسلمانوں کو کامیابی سے ہمکنار کرنے میں، بلکہ دنیا کے انسانوں کو بھی کامیاب زندگی کی طرف گامزن کرنے اور امن سکون کی زندگی گزارنے میں معاون ثابت ہوا۔ اسلام کے ان دوررس اور گہرے اثرات کا جائزہ اس مقالے میں لیا گیا ہے۔ اور عصرِ حاضر کے اس گلوبل قریے میں رہنے والوں کے لیے اس سے رہنما اصولِ زندگی اخذ کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔

## تحقیق کی اہمیت:

نبی اکرم ﷺ کی سیرت تمام انسانوں کے لیے کامیابی کا ذریعہ ہے۔ اگر آپ ﷺ کی حیات طیبہ کا مطالعہ کیا جائے تو پتہ چلتا ہے کہ آپ ﷺ کی ساری زندگی اصلاحات میں گزری۔ ان اصلاحات نے بنی نوع انسان کے حالات، تصورات، جزبات اور احساسات میں ایک عجیب تغیر، تعجب انگیز تبدل اور حیران کن رفعت و سربلندی پیدا کر دی۔ جس کی نظیر نہ آج تک پیدا ہوئی ہے اور نہ آئندہ پیدا ہونے کا امکان ہے۔

یہ موضوع اس لیے اہمیت کا حامل ہے کہ دنیاوی شعبہ جات یا دینی شعبہ میں نبی اکرم ﷺ کے اسوہ کی

روشنی میں اگر اصلاحات لائی جائیں تو یقینی کامیابی ممکن ہے۔موجودہ دور کے تناظر میں جبکہ ہر انسان کا نقطہ نگاہ بدل رہا ہے اصلاحات نبوی ﷺ کو لوگوں کے سامنے لایا جائے تاکہ معاشرے میں امن وسکون کی فضاء قائم ہو،لوگ سنت نبوی کو مشعل راہ بنائیں تاکہ معاشرتی زندگی کے مسائل بھی حل ہوں اور معاشی میدان میں بھی خوب ترقی ہو اور موجودہ سیاسی نظام میں جو مفاسد پیدا ہو گئے ہیں ان کا سدباب کیا جاسکے۔

## وجہ انتخاب:

اس دنیا میں ہر شخص کامیابی حاصل کرنے کے لیے دن رات کوشش کر رہا ہے۔مگر اہل ایمان جانتے ہیں کہ ہماری کامیابی دینی احکامات پر عمل کرنے میں ہے۔دینی احکامات پر کماحقہ عمل اللہ کے نبی ﷺ نے کیا۔لہذا ہمیں کامیابی کے لیے آپ ﷺ کی سیرت کو اپنانا ہوگا۔آپ ﷺ کی سیرت کی اس اہمیت کے پیش نظر میں نے پسند کیا کہ اس موضوع پر لکھوں تاکہ ہم دونوں جہانوں میں کامیابی حاصل کر سکیں۔

## مقاصد تحقیق:

اس تحقیق کے درج ذیل مقاصد پیش نظر ہیں:

آنحضور ﷺ کی متعارف کردہ دینی اصلاحات سے استفادہ کرتے ہوئے عصر حاضر کے دینی نظام کی اصلاح کی صورتیں تلاش کرنا

رسول اکرم ﷺ کی تعلیمی حکمت عملی کی روشنی میں عصر حاضر کے نظام تعلیم کی اصلاح کرنا

دور نبوی ﷺ کی معاشرتی اور معاشی اصلاحات سے استفادہ کرتے ہوئے عصر حاضر کی معاشرت اور معیشت کو کامیابی سے ہمکنار کرنا

حضور ﷺ کے متعارف کردہ سیاسی نظام سے موجودہ سیاسی نظام کی کامیابی کی صورتیں تلاش کرنا

## سوالات تحقیق:

اس تحقیق کے بنیادی سوالات درج ذیل ہیں:

۱۔ نبی ﷺ نے عقیدہ کی اصلاح کیوں اور کیسے کی؟

۲۔ تعلیمی اصلاحات کے لیے آپ ﷺ نے کون کون سی حکمت عملی اختیار کی اور عصر حاضر میں ان سے کیسے استفادہ کیا جاسکتا ہے؟

۳۔ عصر حاضر کے معاشرتی اور معاشی مسائل کا اسلامی تعلیمات کی روشنی میں حل کیسے ممکن ہے؟

۴۔ عصر حاضر کی سیاسی فکر کو مدنی اصلاحات کی روشنی میں کیسے بہتر کیا جاسکتا ہے؟

## تحدید:

زیر تحقیق موضوع میں نبی اکرم ﷺ کی دینی، تعلیمی، معاشرتی، معاشی اور سیاسی اصلاحات کا ذکر کیا گیا ہے۔ جو آپ ﷺ نے ہجرت کے بعد مدینہ منورہ میں نافذ کیں۔ جن کی بنیاد پر ایک عظیم اور مثالی معاشرہ قائم ہوا۔ مزید یہ کہ آج ہم اس سے کس طرح مستفید ہو سکتے ہیں؟ اس پر بحث کی گئی ہے۔

## نظری دائرہ کار:

حضور نبی اکرم ﷺ کی نافذ کردہ اصلاحات کا جائزہ اور موجودہ دور میں ان سے استفادہ

آپ ﷺ کی دینی اصلاحات

آپ ﷺ کی تعلیمی اصلاحات

آپ ﷺ کی معاشرتی اصلاحات

آپ ﷺ کی معاشی اصلاحات

آپ ﷺ کی سیاسی اصلاحات

## پس منظری مطالعہ:

موضوع تحقیق پر لکھے گئے مقالہ جات کا تذکرہ سابقہ کام کے تحت کیا جا چکا ہے۔ پس منظری مطالعہ کے نکتہ نظر سے اصلاحات نبوی پر بہت سی کتابیں لکھی جا چکی ہیں۔ ان کتب میں موضوع سے متعلق، بہت سے گوشوں کا احاطہ موجود ہے۔ سیرت نگاروں نے آپ ﷺ کی زندگی کا کوئی گوشہ تشنہ نہیں چھوڑا۔ مثلاً "عہد نبوی میں نظام تعلیم" مولانا محمد عبد المعبود نے "اسلام کا نظام حیات" ڈاکٹر لیاقت علی خان نیازی نے "رسول اکرم ﷺ کی حکمت انقلاب" سید اسعد گیلانی نے "رسول اللہ ﷺ کی زرعی منصوبہ بندی" محمد اسلم ملک" نے "اساسیات اسلام" میں عبد الحمید صدیقی نے "اسلام اور انسانی حقوق" میں ڈاکٹر طاہر القادری نے "اسلام کا زرعی نظام" میں تقی امینی صاحب نے حتی المقدور سعی کی ہے۔ جبکہ میں نے مذکورہ خطہ کے مطابق خاص عنوانات کے تحت منتشر مواد کو یکجا کرنے کی کوشش کی ہے۔

## اسلوب تحقیق:

اس تحقیق کابنیادی اسلوب تجزیاتی اور اطلاقی ہے۔

قرآن پاک کی تفاسیر میں سے بالخصوص تفسیر عبد الرزاق (۲۱۱ھ)، جامع البیان عن تاویل آی القرآن (۳۱۰ھ)، احکام القرآن للجصاص (۳۷۰ھ) الجامع لأحکام القرآن، تفسیر القرطبی (۶۷۱ھ)، تفسیر القرآن العظیم (۷۷۴ھ) معالم التنزیل فی تفسیر القرآن وغیرہ سے استفادہ کیا ہے۔

حدیث کی معلومات حدیث کے اصل مصادر سے فراہم کی گئی ہیں اس ضمن میں صحیح البخاری (۲۵۶ھ)، صحیح مسلم (۲۶۱ھ)، سنن ابن ماجہ (۲۷۳ھ)، سنن ابی داود (۲۷۵ھ)، سنن الترمذی (۲۷۹ھ)، سنن النسائی (۳۰۳ھ)، سے خصوصی طور پر مدد لی گئی ہے۔

سیرت کی معلومات بنیادی مصادر سیرت سے لی گئی ہیں اس ضمن میں سیرۃ ابن إسحاق (۱۵۱ھ)، السیرۃ النبویۃ لابن ھشام (۲۱۳ھ)، شرف المصطفی (۴۰۷ھ)، جوامع السیرۃ وخمس رسائل أخری لابن حزم (۴۵۶ھ) دلائل النبوۃ ومعرفۃ أحوال صاحب الشریعۃ (۴۵۸ھ)، الرَّوْض الأُنف فِي شرح السِّیرَۃ النَّبَوِیَّۃ لِابْن ھِشَام (۵۸۱ھ) سے بالخصوص استفادہ کیا گیا ہے۔

تاریخ کی کتب میں تاریخ طبری، تاریخ ابن کثیر، تاریخ ابن خلدون سے استفادہ کیا ہے۔

لغوی معلومات لغت کی درج ذیل بنیادی کتب سے لی گئی ہیں الصحاح تاج اللغۃ وصحاح العربیۃ (۳۹۳ھ)، مختار الصحاح (۶۶۶ھ) لسان العرب (۷۱۱ھ)، تاج العروس من جواھر القاموس (۱۲۰۵ھ)۔

جدید ذرائع سے بھی حتی المقدور استفادہ کیا ہے۔

علاوہ ازیں یونیورسٹی کے طے شدہ فارمیٹ کو ملحوظ خاطر رکھا گیا ہے۔

## ابواب و فصول کی تقسیم و ترتیب:

### باب اوّل: دینی اصلاحات

فصل اوّل: اصلاح عقیدہ

فصل دوم: عبادات کی اصلاح

فصل سوم: اسلام کا تصور جہاد اور جنگی طریق کار کی اصلاح

فصل چہارم: عصر حاضر میں دینی جد و جہد اصلاحات نبوی ﷺ کی روشنی میں

### باب دوم: تعلیمی اصلاحات

فصل اوّل: تعلیم و تربیت کی فضیلت و اہمیت

فصل دوم: رسول اللہ ﷺ کی تعلیمی حکمت عملی

فصل سوم: نظام تعلیم اصلاحات نبوی ﷺ کی روشنی میں

### باب سوم: معاشرتی اصلاحات

فصل اوّل: وحدت نسل انسانی

فصل دوم: دین قومیت کی بنیاد

فصل سوم: تکریم انسانیت

فصل چہارم: عائلی زندگی کے قوانین

فصل پنجم: معاشرتی افکار اصلاحات نبوی ﷺ کی روشنی میں

### باب چہارم: معاشی اصلاحات

فصل اوّل: کسب حلال کی حدود و فضیلت

فصل دوم: مسئلہ ارتکاز دولت کا حل

فصل سوم: دین اور دنیا کا حسین امتزاج

فصل چہارم: زرعی اصلاحات

فصل پنجم: معاشی نظام کی بہتری تعلیمات نبوی ﷺ کی روشنی میں

## باب پنجم: سیاسی اصلاحات

فصل اوّل: شورائی نظام

فصل دوم: سربراہ مملکت کی اطاعت کا تعین

فصل سوم: معاہدات کی پابندی

فصل چہارم: سلاطین عالم سے روابط کی حدود و قیود

فصل پنجم: موجودہ سیاسی نظام اصلاحات نبوی ﷺ کی روشنی میں

# باب اوّل: دینی اصلاحات

فصل اوّل: اصلاح عقیدہ

فصل دوم: عبادات کی اصلاح

فصل سوم: اسلام کا تصور جہاد اور جنگی طریق کار کی اصلاح

فصل چہارم: عصر حاضر میں دینی جدوجہد اصلاحات نبوی ﷺ کی روشنی میں

# فصل اوّل:

## اصلاح عقیدہ

نبی اکرم ﷺ کی آمد سے پہلے بالعموم پوری دنیا اور بالخصوص عرب اقوام، جہالت اور بے راہ روی کا شکار تھیں۔انتظار تھی ایک ایسے مسیحا کی جو اقوام عالم کی مسیحائی کرے اور سب کی اس انداز سے اصلاح کرے کہ سب وحدت پرست بن جائیں۔ پھر اللہ تعالی کا کرم ہوا نبی رحمت ﷺ، مصلح امت کی صورت میں اقوام عالم کو ایک ایسا رہبر ملا جس نے دنیا کو ضلالت و گمراہی سے نکال کر ایک اللہ کا پیروکار بنا دیا۔ تھوڑے ہی عرصے میں شرک و گمراہی سے پاک ایک پر امن معاشرہ قائم کر دیا۔آپ ﷺ نے زندگی کے لمحات کو لوگوں کی اصلاح میں صرف کیا۔ جب بھی اور جہاں بھی آپ نے کوئی نازیبا بات دیکھی اس کی اصلاح فرمائی۔آپ ﷺ انسانیت کے لیے اعتقاد عمل کی ایک ایسی رفیع الشان عمارت تعمیر کرنے پر مامور ہوئے تھے جس میں شر کے گزرنے کے لیے ایک روزن بھی نہ ہو۔آپ ﷺ اپنے پاکیزہ کردار اور راستی سے پیراستہ زندگی کے چالیسویں سال اس عظیم مقصد کو لے کر اٹھے۔دین اسلام کا سورج جب افق پر طلوع ہوا چند ادیان عرب میں پائے جاتے تھے۔ لیکن یہ سارے مذاہب افراط و تفریط کا شکار تھے۔

### فرشتوں سے متعلق عقیدہ اور اس کی اصلاح:

اسلام کی آمد سے قبل جاہلیت کا دور دورہ تھا مشرکین فرشتوں کو خدا کی بیٹیاں مانتے تھے، اور فرشتوں کی عبادت کرتے تھے، ارشاد ہوتا ہے۔

﴿إِنَّ الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِالْآخِرَةِ لَيُسَمُّونَ الْمَلَائِكَةَ تَسْمِيَةَ الْأُنْثَى﴾(۱)

ترجمہ: جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں لاتے وہ فرشتوں کو (خدا کی) لڑکیوں کے نام سے موسوم کرتے ہیں۔

عرب میں کچھ لوگ ایسے بھی تھے جو فرشتوں کی پوجا کرتے تھے، ارشاد ربانی ہے:

﴿وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ جَمِيعًا ثُمَّ يَقُولُ لِلْمَلَائِكَةِ أَهَؤُلَاءِ إِيَّاكُمْ كَانُوا يَعْبُدُونَ﴾(۲)

ترجمہ: اور جس دن وہ ان سب کو جمع کرے گا پھر فرشتوں سے فرمائے گا کیا یہ لوگ تم کو پوجا کرتے تھے؟

---

(۱) سورۃ النجم ۵۳: ۲۷

(۲) سورۃ سبا ۳۴: ۴۰

وہ یہ عقیدہ رکھتے تھے کہ فرشتے ان کے سفارشی ہیں۔اللہ نے ان کی اس بدعقیدگی کی اس طرح تردید فرمائی، ارشاد ربانی ہے:

﴿وَكَمْ مِنْ مَلَكٍ فِي السَّمَاوَاتِ لَا تُغْنِي شَفَاعَتُهُمْ شَيْئًا إِلَّا مِنْ بَعْدِ أَنْ يَأْذَنَ اللَّهُ لِمَنْ يَشَاءُ وَيَرْضَى﴾(۱)

ترجمہ: اور آسمانوں میں کتنے فرشتے ہیں جن کی شفاعت کسی کام نہیں آسکتی مگر اس کے بعد کہ اللہ اذن دے جس کے لیے چاہے اور پسند فرمائے ۔

## جنات پرستی کا عقیدہ:

ایام جاہلیت میں مشرکین عرب اللہ تعالیٰ کے ساتھ جنوں کی رشتہ داری کے عقیدے کی بناپر ہی جنوں کو پوجتے تھے، اور جنات کو خدا کا شریک سمجھتے تھے، اللہ تعالیٰ قرآن پاک میں ان کی اس کیفیت کا ذکر فرماتا ہے:

﴿وَجَعَلُوا بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْجِنَّةِ نَسَبًا﴾(۲)

ترجمہ: اور انہوں نے اللہ اور جنوں کے درمیان رشتہ ٹھرادیا ۔

قرآن نے ان کے اس باطل عقیدے کی سختی سے تردید فرمائی، چنانچہ ارشاد ربانی ہے:

﴿وَجَعَلُوا لِلَّهِ شُرَكَاءَ الْجِنَّ وَخَلَقَهُمْ وَخَرَقُوا لَهُ بَنِينَ وَبَنَاتٍ بِغَيْرِ عِلْمٍ سُبْحَانَهُ وَتَعَالَى عَمَّا يَصِفُونَ﴾(۳)

ترجمہ: انہوں نے جنوں کو اللہ کا شریک بنایا حالانکہ انہیں اللہ نے پیدا کیا ہے اور انہوں نے اس کے لیے محض جہالت سے بیٹے اور بیٹیاں گھڑ لیے ہیں، جبکہ وہ پاک ہے اور اس سے بہت بلند ہے جو وہ بیان کرتے ہیں۔

## توہم پرستی کی اصلاح:

طرح طرح کے بے بنیاد عقائد اور توہم پرستی عرب سمیت دیگر معاشروں میں عام تھی، ان میں سے ایک یہ کہ: عورت کسی جانور کا دودھ نہیں پی سکتی تھی اگر عورت پی لیتی تو سارا خاندان اسے حقیر سمجھتا تھا۔بتوں اور ارواح کی پرستش عام تھی، زراعت میں زمین کا بہترین حصہ بتوں کے نام (گھوڑ دوڑ پر بازی لگانے کا رواج بہت عام تھا اسے دھان کہتے تھے) خاص

(۱) سورۃ النجم ۵۳: ۲۶

(۲) سورۃ الصافات ۳۷: ۱۵۸

(۳) سورۃ الانعام ۶: ۱۰۱

ہوتا تھا جانوروں کی حرکات یا آواز سے شگون لیا کرتے تھے (۱)

قرآن مجید اور اُحادیث رسول ﷺ میں جگہ جگہ اصلاح کے اُحکامات جاری کیے ہیں جو اسلامی تعلیمات کا ایک بہت بڑا حصہ ہیں۔ اوھام پرستی کی تردید کرتے ہوئے، آپ ﷺ نے فرمایا:

((لاَ عَدْوَى وَلاَ طِيَرَةَ، وَلاَ هَامَةَ وَلاَ صَفَرَ، وَفِرَّ مِنَ المَجْذُومِ كَمَا تَفِرُّ مِنَ الأَسَدِ)) (۲)

ترجمہ: کوئی بیماری متعدی نہیں نہ بدفالی وبد شگونی، نہ ہامہ اور نہ صفر کی کوئی حقیقت ہے اور کوڑھی سے اس طرح بھاگو جس طرح آپ شیر سے بھاگتے ہو۔

محض وہم کی بناء پر یہ سمجھنا کہ امراض اڑ کر ایک دوسرے کو لگ جاتے ہیں صحیح نہیں ہے۔ کسی مرض کے بارے میں قطعی طور پر اس کے پھیلنے کے اسباب دریافت کر لیے گئے ہوں تو ان کے ماننے میں کوئی قباحت نہیں ہے اسلام اسباب و علل کی تردید نہیں کرتا۔ اسلام ہمیں جس چیز سے بچانا چاہتا ہے وہ ہے اوہام پرستی اور بے بنیاد باتوں پر یقین رکھنا۔ اوہام پرستی انسان کو حقیقت سے دور کرتی ہے، اور اسے مختلف قسم کی اعتقادی اور عملی گمراہیوں میں مبتلا کرتی ہے۔

## فال لینے کی ممانعت:

دور جاہلی میں جب اہل عرب سفر کا ارادہ کرتے تو وہ پرندہ اڑا کر فال لیتے، ان میں ضعف اعتقادی بہت زیادہ تھی۔ نبی ﷺ نے اس سے منع کیا اور، اللہ پر توکل کی تعلیم دی۔

((أقروا الطير على مكناتها)) (۳)

ترجمہ: پرندوں کو اپنے گھونسلوں میں بیٹھا رہنے دو۔

((فيه إشارة إلى ما كانوا يفعلونه في الجاهلية، من أن الواحد منهم إذا أراد سفراً فإنه يزجر الطير حتى يطير، فإذا طار نظر هل يذهب إلى جهة اليمين فيقدم على السفر، أو إلى جهة الشمال فيحجم عن السفر، فأرشدالرسول ﷺ إلى أن الطير لا تزجرلذلك،لأن ذلك من أعمال الجاهلية التي أبطلها الإسلام، فالطير تقر على مكناتها)) (۴)

اس حدیث میں اشارہ ہے جو عرب جاہلی دور میں کیا کرتے تھے۔ ان میں سے جب کوئی سفر کا ارادہ کرتا تو وہ پرندے کو اڑا کر فال لیتا، اگر پرندہ دائیں جانب اڑتا تو وہ سفر کرتا اگر وہ بائیں جانب اڑتا تو سفر کا ارادہ

---

(۱) رحمۃ للعالمین، قاضی محمد سلیمان سلمان منصور پوری، مرکز الحرمین الاسلامی، فیصل آباد، ۲۰۰۷ء، ص: ۶۴۴

(۲) صحيح البخاري، حدیث نمبر: ۵۷۰۷، ۱۲۶/۷

(۳) (علامہ البانی نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے)، سنن أبي داود، حدیث نمبر: ۲۸۳۵، ۱۰۵/۳

(۴) شرح سنن أبي داود،عبدالمحسن العباد، باب حكم اكل الحم الوكيرة، الشبكة الإسلامية، ۲/۱

ترک کر دیتا۔ نبی اکرم ﷺ نے رہنمائی فرمائی یہ سارے کام جہالت کے ہیں جنہیں اسلام نے باطل قرار دیا ہے، پرندے کو اپنی جگہ بیٹھنے دو۔

## کہانت کی ممانعت:

زمانہ جاہلیت میں لوگ کاہنوں سے آنے والے وقت کی خبریں دریافت کرتے تھے، اور ان کی بتائی ہوئی باتوں پر کامل یقین رکھتے تھے، بارگاہ مصطفی ﷺ میں عرض کیا گیا:

((يَا رَسُولَ اللَّهِ أُمُورًا كُنَّا نَصْنَعُهَا فِي الْجَاهِلِيَّةِ كُنَّا نَأْتِي الْكُهَّانَ قَالَ: فَلَا تَأْتُوا الْكُهَّانَ قَالَ: قُلْتُ: كُنَّا نَتَطَيَّرُ قَالَ: ذَلِكَ شَيْءٌ يَجِدُهُ أَحَدُكُمْ فِي نَفْسِهِ فَلَا يصدَّنَّكم))[۱]

ترجمہ: یارسول اللہ کچھ باتیں ہم جاہلیت کے زمانے میں کیا کرتے تھے ہم کاہنوں کے پاس غیب کی خبریں دریافت کرنے کے لیے جایا کرتے تھے آپ ﷺ نے فرمایا ان کے پاس نہ جاو۔ ہم نے کہا ہم پرندوں کو اڑا کر نیک اور بد فال لیا کرتے ہیں۔ فرمایا یہ ایسی چیزیں ہیں جن کا تمہارے دلوں میں اثر تو ہوگا لیکن چاہیے کہ یہ تمھارے لیے رکاوٹ نہ بننے پائیں۔

## بد فالی اور شگون لینا شرک ہے:

بد شگونی کو اسلام نے ممنوع قرار دیا ہے، ارشاد ربانی ہے:

((أَلَا إِنَّمَا طَائِرُهُمْ عِنْدَ اللَّهِ وَلَكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُونَ)) [۲]

ترجمہ: سن لو ان کی بد فالی تو (مکافات عمل کے قانون کے مطابق) اللہ کے پاس سے ہے لیکن اکثر لوگ اس حقیقت کو نہیں جانتے۔

نبی ﷺ بد شگونی سے منع فرماتے ہیں:

((لاَ عَدْوَى وَلاَ طِيَرَةَ، وَيُعْجِبُنِي الفَأْلُ، قَالُوا: وَمَا الفَأْلُ؟ قَالَ: كَلِمَةٌ طَيِّبَةٌ))[۳]

ترجمہ: کوئی بیماری متعدی نہیں نہ بد فالی و بد شگونی کی کچھ حقیقت ہے البتہ مجھے فال پسند ہے۔ انہوں نے عرض کیا: فال کیا ہے؟ حضور ﷺ نے فرمایا: بہترین بات (سن کر حسن انجام کی امید رکھنا)۔

---

(۱) (شعیب الأرنؤوط اور عادل مرشد کی تحقیق کے مطابق امام مسلم کی شرط پر اس کی سند صحیح ہے)، مسند الإمام احمد بن حنبل، أحمد بن محمد بن حنبل الشيباني ،تحقيق: شعيب الأرنؤوط ،عادل مرشد وآخرون ، **حدیث نمبر**:۲۳۷۶۳، ط/۱، مؤسسة الرسالة، ۱۴۲۱ھ ،۱۸۰/۳۹

(۲) سورۃ الأعراف۷: ۱۳۱

(۳) صحيح البخاري، محمد بن إسماعيل البخاري، تحقيق: محمد زهير بن ناصر الناصر، **حدیث نمبر**:۵۷۷۶،ط/۱،۱۴۲۲ھ،۱۳۹/۷

نبی ﷺ نے بدفالی اور بدشگونی کو شرک قرار دیا، حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے آپ ﷺ نے فرمایا:

((الطِّيَرَةُ شِرْكٌ، الطِّيَرَةُ شِرْكٌ، ثَلَاثًا))(۱)

ترجمہ: بدفالی ایک قسم کا شرک ہے آپ ﷺ نے یہ بات تاکیداً تین بار ارشاد فرمائی۔

(( اللَّهُمَّ لاَخَيْرَ إِلاَّ خَيْرُكَ، وَلاَطَيْرَ إِلاَّ طَيْرُكَ، وَلاَ إِلهَ غَيْرُكَ))(۲)

ترجمہ: یااللہ تیری بھلائی کے علاوہ کوئی بھلائی نہیں اور تیرے شگون کے علاوہ شگون نہیں اور تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔

## صابئیت(۳):

یہ عراق کا قدیم مذہب تھا۔اس مذہب کو عرب میں قوم سامری نے رواج دیا۔جو برائی ان کے مذہب میں آہستہ آہستہ پھیلی وہ یہ تھی کہ وہ ستاروں کی پرستش کرنے لگے تھے۔وہ یقین رکھتے تھے کہ بارش یا مینہ کی کشش انہیں ستاروں کی تاثیر پر منحصر ہے(۴)

عرب کے مختلف قبائل میں ستارہ پرستی عام تھی قبیلہ کنانہ(۵) چاند کو اور حمیر آفتاب کو پوجتے تھے۔ صابئ ستاروں کی پرستش کے ساتھ ساتھ اللہ پر بھی یقین رکھتے تھے، وہ ستاروں کو خدا کا مظہر سمجھ کر ان کی تعظیم کرتے تھ(۶)

## صابئین کے عقیدہ کی اصلاح:

قران پاک ان کے عقائد کی تردید فرماتا ہے:

﴿وَمِنْ آيَاتِهِ اللَّيْلُ وَالنَّهَارُ وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ لَا تَسْجُدُوا لِلشَّمْسِ وَلَا لِلْقَمَرِ وَاسْجُدُوا لِلَّهِ الَّذِي خَلَقَهُنَّ إِنْ كُنْتُمْ إِيَّاهُ تَعْبُدُونَ﴾(۷)

---

(۱) (علامہ البانی نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے)، المفهم، أبو العبَّاس أحمَدُ القرطبيُّ، موقع شبكة مشكاة الإسلامية، ۹۲/۳

(۲) (شعیب الارنؤوط اور عادل مرشد کی تحقیق کے مطابق یہ حدیث حسن ہے)،مسند أحمد بن حنبل، حدیث نمبر: ۷۰۴۵، ۶۲۳/۱۱

(۳) (صابئیت: ایک قوم جو غلط طور پر اپنے آپ کو نوح علیہ السلام کے دین سے منسوب کرتی تھی۔ایک دین کو چھوڑ کر دوسرے دین میں داخل ہونے والے کو بھی صابی کہتے ہیں۔لسان العرب، محمد بن مکرم بن علی، أبوالفضل، جمال الدین ابن منظور الافریقی، ط/۳، دار صادر بیروت، ۱۴۱۴ھ، ۱۰۷/۱)

(۴) خطبات سیرت النبی، سرسید احمد خان، دوست ایسوسی ایٹس الکریم مارکیٹ، لاہور، ۱۹۹۷ء، ص: ۱۳۷

(۵) (کنانہ: کنانہ قریش کا سلسلہ نسب كِنَانَة بن خُزَيْمَة بن مدركة بن إلْيَاس بن مضر ہے۔اور وہ نضر کے والد ہیں۔جو قریش کے دادا ہیں۔اللباب في تهذيب الأنساب، ۱۱۲/۳)

(۶) نظام مصطفی، علامہ شمس بریلوی، ط/۱، مدینہ پبلشنگ کمپنی کراچی، ۱۹۸۷ء، ص: ۲۵۸

(۷) سورۃ حم السجدۃ ۴۱: ۳۷

ترجمہ: رات اور دن، سورج اور چاند اس کی نشانیوں میں سے ہیں تم لوگ نہ تو سورج کو سجدہ کرو اور نہ چاند کو بلکہ خدا ہی کو سجدہ کرو جس نے ان چیزوں کو پیدا کیا ہے اگر تمہیں اس کی عبادت منظور ہے۔

## عقیدہ دھریت[١] اور اس کی اصلاح:

اسی طرح سر زمین عرب میں کثیر تعداد میں ایسے لوگ بھی تھے جو نہ خالق کو تسلیم کرتے تھے نہ موت کے بعد دوبارہ زندگی کے قائل تھے۔ اسی طرح عالم آخرت کے بھی منکر تھے۔ ان لوگوں کو منکرین خدا یا دھریہ کہا جاتا ہے:

إن المشركين كانوا دهرية منكرين للخالق[٢]

ترجمہ: بے شک مشرکین دہریے بھی تھے جو خالق کے وجود کے منکر تھے۔

اللہ جل شانہ اس باطل عقیدے کی تردید میں فرماتا ہے۔

﴿أَمْ خُلِقُوا مِنْ غَيْرِ شَيْءٍ أَمْ هُمُ الْخَالِقُونَ،أَمْ خَلَقُوا السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ بَلْ لَا يُوقِنُونَ﴾[٣]

ترجمہ: کیا وہ بغیر کسی خالق کے پیدا ہو گئے ہیں یا وہ خود ہی اپنے آپ کو بنانے والے ہیں۔ کیا آسمانوں اور زمین کو انہوں نے پیدا کیا ہے (ہر گز نہیں) بلکہ وہ یقین سے محروم ہیں۔

علامہ ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ وضاحت فرماتے ہیں:

توحید ربوبیت اور توحید الوہیت کا ثبوت دیا جا رہا ہے ارشاد ہوتا ہے، کیا یہ بغیر موجد کے موجود ہو گئے؟ یا یہ خود اپنے موجد آپ ہی ہیں؟ دراصل دونوں باتیں نہیں، بلکہ ان کا خالق اللہ تعالیٰ ہے۔ پھر فرمایا ہے کہ کیا آسمان و زمین کے پیدا کرنے والے یہ ہیں؟ یہ بھی نہیں بلکہ یہ جانتے ہوئے کہ خود ان کا اور کل مخلوقات کا بنانے والا اللہ تعالیٰ ہی ہے۔ پھر بھی یہ اپنی بے یقینی سے باز نہیں آتے[٤]

﴿وَقَالُوا مَا هِيَ إِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا نَمُوتُ وَنَحْيَا وَمَا يُهْلِكُنَا إِلَّا الدَّهْرُ وَمَا لَهُمْ بِذَلِكَ مِنْ عِلْمٍ إِنْ

---

(١) (دہریت: دہر سے منصوب ہے۔ وہ گروہ جو دہر کو قدیم مانتا ہے اور اسی کو حوادث کا باعث جانتا ہے۔ وہ شخص جو نہ تو خدا کا قائل ہو اور نہ اس کی صفات کا اسے دہریہ کہا جاتا ہے۔ یہ مادے کو غیر فانی تسلیم کرتے ہیں۔ ان کا خیال ہے کہ زمانہ ازلی اور ابدی ہے اور اس زندگی کے بعد کوئی اور زندگی نہیں۔ وہ صرف محسوسات کے قائل ہیں۔ ان کا خیال ہے کہ قانون قدرت کا عمل دنیا کے ہر کام کا ذمے دار ہے۔ اسی سے دنیا کی تکوین ہوئی اور اسی کے مطابق ان میں تغیر و تبدل ہوتا ہے۔ وہ ہر امر میں عامل و اسباب تلاش کرتے ہیں۔۔ مزید مطالعہ کے لیے ،اردو دائرہ معارف اسلامیہ، ۴۸۳/۹)

(٢) جهود علماء الحنفية ،أبو عبد الله شمس الدين بن محمد بن أشرف بن قيصر الأفغاني ط/١،ناشر: دار الصميعي (أصل هذا الكتاب رسالة دكتوراة من الجامعة الإسلامية)،١٩٩٦ھ،ص:٢٤٥

(٣) سورۃالطور٥٢: ٣٥-٣٦

(٤) تفسیر ابن کثیر، علامہ عماد الدین ابن کثیر، مترجم مولانا صاحب جوناگڑھی، شمع بک ایجنسی اردو بازار لاہور، ٢٠١٢ء، ص: ١٨٩٥

هُمْ إِلَّا يَظُنُّونَ﴾[۱]

ترجمہ: اور کہتے ہیں کہ ہماری زندگی تو صرف دنیا ہی کی ہے کہ (یہیں) مرتے اور جیتے ہیں اور ہمیں تو زمانہ مار دیتا ہے اور انہیں اس کا کچھ علم نہیں صرف اندازے سے کام لیتے ہیں۔

اسی طرح دیگر مشرکین خود کو دین ابراہیمی کا ٹھیکیدار سمجھنے لگے تھے، یہودی مذہب کا یہ حال تھا کہ وہ محض ریاکاری اور خود رائے بن گیا تھا۔ یہودی پیشوا اللہ کے بجائے خود رب بن بیٹھے تھے۔ عیسائیت ایک نا قابل فہم بت پرستی بن گئی تھی، اللہ اور انسان کو عجیب طرح سے خلط ملط کر دیا تھا۔ باقی ادیان عرب کا حال مشرکین جیسا ہی تھا کیونکہ ان کے دل یکساں تھے، عقائد ایک سے تھے اور رسم و رواج میں ہم آہنگی تھی۔ اس فصل میں اصلاح عقیدہ پر گفتگو کی گئی ہے، اور عرب کے مختلف مذاہب میں جو ان کے معتقدات تھے ان کا ذکر کیا گیا ہے۔

## اصلاح اور عقیدہ کا مفہوم:

الصَلاحُ: ضدّ الفساد[۲]

لغت میں صلاح فساد کا متضاد ہے۔

یہ فساد کی ضد ہے (اصلاح) باب افعال سے ہے۔ اور قرآن کریم میں لفظ اصلاح کبھی تو فساد کے مقابلہ میں استعمال ہوا ہے اور کبھی برائی کے، کتاب العین میں بھی یہی معنیٰ بیان ہوئے ہیں۔

الصَلاحُ: نقيض الطلاح. ورجل صالح في نفسه ومُصلِحٌ في أعماله وأمُوره[۳]

ارشاد ربانی ہے:

﴿وَلَا تُفْسِدُوا فِي الْأَرْضِ بَعْدَ إِصْلَاحِهَا﴾[۴]

ترجمہ: اور زمیں میں فساد نہ کرو اس کی اصلاح کے بعد۔

﴿خَلَطُوا عَمَلًا صَالِحًا وَآخَرَ سَيِّئًا﴾[۵]

ترجمہ: انہوں نے اچھے اور برے اعمال کو ملا دیا۔

لہذا اسلام نے فساد اور برائیوں کو مٹانے کے احکامات دیے اور معاشرہ کی اصلاح کا اہتمام کیا۔

---

(۱) سورۃ الجاثیۃ ۴۵: ۲۴

(۲) الصحاح ،أبو نصر إسماعيل بن حماد الجوهري ،تحقيق: أحمد عبد الغفور عطار،ط/۴، دار العلم للملايين،بيروت،۱۴۰۷ھ،۱/۳۸۳

(۳) كتاب العين،أبو عبد الرحمن الخليل بن أحمد بن عمرو بن تميم الفراهيدي ،محقق: د مهدي المخزومي،دار ومكتبة الهلال،۳/۱۱۷

(۴) سورۃ الأعراف ۷: ۵۶

(۵) سورۃ التوبۃ ۹: ۱۰۲

## العقیدہ:

الْعَقْدُ:يَدُلُّ عَلَى شَدٍّ وَشِدَّةِ وُثُوقٍ[۱]

لغت میں عقد عہد وپیمان کی پختگی پر دلالت کرتا ہے۔

عقیدہ ایسا فیصلہ یا نظریہ جس کے ماننے والوں کے لیے اس میں شک وشبہ کی گنجائش باقی نہ رہے۔ اعتقاد، پختہ خیال، یقین کامل ، ناقابل تردید نظریہ کو بھی کہتے ہیں۔ مذہباً کسی بات کا پختہ یقین واعتقاد جس کا عمل سے کوئی تعلق نہ ہو جیسے خدا کے وجود کا اور پیغمبروں کی بعثت کا جیسا کہ مندرجہ ذیل تعریف سے ظاہر ہے۔

التصديق الجازم فيما يجب لله عز وجل من الوحدانية، والربوبية، والإفراد بالعبادة، والإيمان بأسمائه الحسنى، وصفاته العليا[۲]

## اسلام سے پہلے عرب کے معتقدات:

کسی بھی آدمی کی زندگی میں عقیدے کو بنیادی اہمیت حاصل ہے کیونکہ عمل کا انحصار عقیدے پر ہے۔ عقیدہ مثل بنیاد ہے اور عمل مانند دیوار، اور یہ بات قطعی ہے کہ اگر عقیدہ درست نہیں تو عمل بھی قابل قبول نہیں[۳] ایک شخص نے جب جنت لے جانے والے اعمال کا سوال کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا:

((تَعْبُدُ اللَّهَ لاَ تُشْرِكُ بِهِ شَيْئًا)) [۴]

ترجمہ: تو اللہ کی عبادت کر اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ کر۔

کیونکہ مدینہ منورہ میں بھی لوگ شرک میں مبتلا تھے نبی ﷺ نے شرک سے بالخصوص منع فرمایا۔

## عرب میں بت پرستی:

عرب پہلے دین ابراہیم علیہ السلام پر تھے۔ حضرت اسماعیل علیہ السلام کے بعد ان کے صاحبزادے حضرت ثابت

---

(۱) معجم مقاييس اللغة،أحمد بن فارس بن زكرياء القزويني ، تحقيق: عبد السلام محمد هارون، دار الفكر، ۱۳۹۹ھ، ۸۶/۴

(۲) المفيد في مهمات التوحيد،الدكتور عبد القادر بن محمد عطا صوفي،ط/۱،دار الاعلام،۱۴۲۲ھ، ۹/۱

(۳) ﴿إِنَّ اللَّهَ لَا يَغْفِرُ أَنْ يُشْرَكَ بِهِ وَيَغْفِرُ مَا دُونَ ذَلِكَ لِمَنْ يَشَاءُ﴾ سورۃالنساء۴: ۴۸

ترجمہ: بے شک اللہ نہیں بخشتا اس بات کو کہ اس کے ساتھ شرک کیا جائے اور بخش دیتا ہے جو اس کے علاوہ ہے جس کو چاہتا ہے۔

(۴) صحیح البخاري، حدیث نمبر:۱۳۹۷، ۱۰۵/۲

کعبہ کے متولی ہوئے،ان کے بعد قبیلہ جرہم [۱] متولی ہوا۔ اس قبیلہ کو عمرو بن لحیٔ [۲] نے جو قبیلہ خزاعہ [۳] کا مورث اعلیٰ تھابیت اللہ شریف سے نکال دیااور خود متولی بن گیا۔ عرب میں بت پرستی کا بانی یہی شخص ہے جس نے سائبہ ،وصیلہ ،بحیرہ اور حام کی رسم ایجاد کی تھی [۴] جسے قرآن پاک نے سخت ناپسند کیاہے۔

## بت پرستی کی ابتداء:

ایک مرتبہ عمرو بن لحیٔ کسی کام کی غرض سے [۵] بلقاء شام پہنچا۔ وہاں اس نے لوگوں کو بتوں کی پوجا کرتے دیکھا، پوچھا یہ کیاہیں ؟انہوں نے کہاہم ان کے وسیلہ سے بارش کی دعاء کرتے ہیں اور انہی کے وسیلہ سے دشمن پر فتح پاتے ہیں۔

فَقَالَ لَهُمْ: أَفَلَا تُعْطُونَنِي مِنْهَا صَنَمًا، فَأَسِيرَ بِهِ إِلَى أَرْضِ الْعَرَبِ، فَيَعْبُدُوهُ فَأَعْطَوْهُ صَنَمًا يُقَالُ لَهُ هُبَلُ [۶]

ترجمہ: یہ سن کر اس نے درخواست کی کہ کیا مجھے ان میں سے ایک بت نہیں دوگے تاکہ میں اسے عرب لے جاؤں اور عرب والے اس کی عبادت کریں،اس وقت انھوں نے اسے ایک بت دیا جسے ھبل کہا جاتا تھا ۔ اس نے لاکر کعبہ کے گرد نصب کردیااور عرب کو پوجا کی دعوت دی۔

اس بات پر علماء کی بکثرت تصریحات ہیں کہ اہل عرب حضرت ابراہیم علیہ السلام کے زمانے سے لے کر عمرو بن لحیٔ کے زمانے تک آپ علیہ السلام کے عقائد پر ہی ثابت قدم رہے۔یہ وہ پہلا شخص ہے جس نے دین ابراہیمی کو تبدیل کیااور اہل عرب کے لیے طرح طرح کی گمراہیاں شروع کیں اس نے بتوں کی پوجا شروع کی سائبہ اور بحیرہ کی بدعت کا آغاز کیا [۷]

---

(۱) (جرھم: یہ قبیلہ بھی قحطانی قبیلہ سے منسوب ہے۔اولاً ان کا ٹھکانہ یمن تھا۔پھر یہ حجاز کی طرف منتقل ہوئے اور اسے اپنا ٹھکانہ بنایا۔پھر مکہ مکرمہ کو اپنا مسکن بنالیا۔ معجم قبائل العرب، عمر بن رضا کحالۃ الدمشق،ط/۷،مؤسسۃ الرسالۃ،بیروت،۱۹۹۴ء،۱/۱۸۳)

(۲) (عمرو بن لحیٔ: دور جاہلیت میں وہ مقام حاصل کیاجو کسی اور کو نہ ملا۔اس کے منہ سے نکلی ہوئی بات ایسا دین بن جاتی تھی جسے سب مانتے تھے۔دین ابراہیمی کو مسخ کیا۔بت پرستی کی ابتداء کی اور بتوں کے نام پر جانور چھوڑنے کی ابتداء کی۔ تین سو چالیس سال عمر پائی۔اپنے بیٹوں اور پوتوں کی ایک ہزار میتیں دیکھیں۔یہ اور اس کی اولاد پانچ سو سال تک بیت اللہ کے متولی رہے۔ سیرۃ الحلبیہ ،مترجم مولانا محمد اسلم قاسمی،ط/۱،دار الاشاعت اردو بازار کراچی،۲۰۰۹ء،۱/۶۲-۶۵)

(۳) (خزاعہ: خزاعہ کے عمرو بن لحیی کی اولاد ہونے کے بارے میں اختلاف ہے۔ابن اسحاق اور مصعب زبیری نے کہا خزاعہ مضر سے ہیں اور قمعہ بن الیاس بن مضر بن نزار بن معد بن عدنان کی اولاد سے ہیں۔اور قمعہ کا نام عمیر بن الیاس بن مضر تھا۔ الإنباہ علی قبائل الرواۃ، أبو عمر یوسف بن عبد اللہ بن محمد القرطبی ،محقق:إبراھیم الأبیاري،ط/۱،دار الکتاب العربي،بیروت،۱۹۸۵ء،ص:۸۱)

(۴) السيرة الحلبية،علي بن إبراهيم بن أحمد الحلبي ، نور الدين ابن برهان الدين،ط/۲،دار الكتب العلمية،بيروت،۱۴۲۷ھ،۱/۱۸

(۵) (دمشق کے مرکز کے ماتحت انتظامی علاقے کا ایک قصبہ جو شام اور وادی القریٰ کے درمیان ہے۔ معجم البلدان، شہاب الدین أبو عبد اللہ یاقوت بن عبد اللہ الرومی الحموي،ط/۲،دار صادر، بیروت،۱۹۹۵ء،۱/۴۸۹)

(۶) السيرة النبوية لابن هشام،۱/۷۷

(۷) سیرت حلبیہ،۱/۶۲

منات کو خزرج[۱] والے پوجتے تھے اور حج میں اس کا طواف کرتے تھے[۲] خزرج انصار مدینہ کا مشہور قبیلہ، جو یمن سے آکر یہاں آباد ہوا تھا۔ ظہور اسلام کے وقت مدینے میں اس قبیلے کی اکثریت تھی۔ جب کہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے عرب کے مختلف قبائل میں ان کی پرستش ہوتی تھی۔ اسی طرح ود کلب قبیلہ کا بت تھا، سواع کی ہذیل[۳] پرستش کرتے تھے، یغوث مراد[۴] اور بنو غطیف[۵] کے قبیلوں کا دیوتا تھا، نسر حمیر[۶] کا بت تھا جو ذوالکلاع کی آل میں سے تھے[۷] اقیصر (الأُقَيْصِرُ، كأُحَيْمِرٍ: صَنَمٌ) یہ قبیلہ قضاعہ[۸]، لخم[۹] اور جزام[۱۰] کا بت تھا[۱۱]، (وَكَانَتْ فُلْسٌ لِطَيِّئٍ) فلس طی[۱۲] کا، یغوث انعم[۱۳]

---

(۱) (خزرج انصار سے ہیں۔ اور وہ خزرج بن حارثۃ بن ثعلبۃ بن عمرو بن عامر بن امرئ القیس بن ثعلبۃ بن مازن بن الأزد بن الغوث بن نبت بن مالک بن زید بن کہلان بن سبا بن یشجب بن یعرب بن قحطان ہیں۔ لغت میں خزرج ٹھنڈی ہوا کو کہتے ہیں۔ الأنساب، عبدالکریم بن محمد المروزي، أبو سعد، محقق: عبدالرحمن بن یحیی المعلمي الیماني وغیرہ، ط/۱، مجلس دائرۃ المعارف العثمانیۃ، حیدر آباد، ۱۹۶۲ء، ۱۱۹/۵)

(۲) صحیح بخاری، ابوعبد اللّٰہ محمدبن اسماعیل، تفسیر سورۃ النجم، حدیث نمبر: ۴۸۶۱، ۴۰۹/۱

(۳) (ھذیل: اسے ھذیل بن مدرکۃ بن الیاس بن مضر بن نزار ابن معد بن عدنان کہا جاتا ہے، یہ مختلف علاقوں میں بٹ گئے۔ کچھ اھل نخلہ ہیں اور یہ مقام مکہ مکرمہ سے سات فرسخ کے فاصلے پر ہے۔ ان میں اکثر ہذلی ہیں۔ ان میں سے کچھ نے بصرہ کو اپنا مسکن بنایا۔ ان میں سے نبی ﷺ کے صحابی اسامہ ہذلی ہیں۔ جو والد ہیں أبي الملیح عامر ابن أسامۃ بن عمیر بن عامر بن الأقیسر کے۔ الأنساب، ۳۹۱/۱۳)

(۴) (مراد: اصلاً مذحج سے ہیں۔ وہ کہلان سے اور کہلان قحطان سے اور وہ سب بنو مراد بن مذحج سے ہیں۔ اور بنو مراد مالک بن أدد بن زید بن یشجب بن عریب بن زید بن کہلان سے ہیں۔ معجم قبائل العرب، عمر بن رضا کحالۃ الدمشق، ط/۷، مؤسسۃ الرسالۃ، بیروت، ۱۹۹۴ء، ۱۰۶۵/۳)

(۵) (بنو غطیف: ان کی اصل مراد سے ہے وہ کہلان سے ہیں اور وہ قحطان سے ہیں۔ اور وہ سب غطیف بن عبداللہ بن ناجیۃ بن مراد کی اولاد سے ہیں۔ نهایۃ الأرب في معرفۃ أنساب العرب، أبو العباس أحمد بن علي القلقشندي، محقق: إبراهیم الإبیاري، ط/۲، دار الکتاب اللبنانین، بیروت، ۱۹۸۰ء، ص: ۳۸۸)

(۶) (حمیر: قبیلہ حمیر ان تمام قبائل کی اصل ہے جو یمن میں تھے۔ وہ جو ان کی طرف منسوب ہوئے أبو اسحاق کعب بن ماتع الحمیري ہیں اور وہ کعب احبار کے نام سے مشہور ہیں۔ اللباب في تهذیب الأنساب، عزالدین ابن الأثیر الجزري، دار صادر، بیروت، ۳۹۳/۱)

(۷) صحیح بخاری، مترجم مولانا داؤد راز، حدیث نمبر: ۴۹۲۰، مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند، ۲۰۰۴ء، ۴۶۱/۶

(۸) (قضاعہ: ابو عمر نے کہا قبیلہ قضاعہ میں کافی اختلاف ہے۔ بہر حال اکثر کی رائے یہ ہے کہ وہ معد بن عدنان ہیں۔ الإنباہ علی قبائل الرواۃ، أبو عمر یوسف بن عبداللہ بن محمد القرطبي، محقق: إبراهیم الأبیاري، ط/۱، دار الکتاب العربي، بیروت، ۱۹۸۵ء، ص: ۳۱)

(۹) (بنو لخم: یہ کہلان کے قبیلے سے ہیں۔ بنو لخم یہ جزام کے بھائی ہیں جو قبیلہ کندہ کے چچا زاد تھے۔ لخم والے عراق کے علاقے حیرہ کے بادشاہ تھے۔ نهایۃ الأرب في معرفۃ أنساب العرب، ص: ۴۱۱)

(۱۰) (جذام: جزام کے تمام قبائل کی اصل غطفان بن سعد بن زبیل بن إیاس بن حرام سے نکلتی ہے۔ الإنباہ علی قبائل الرواۃ، ص: ۱۰۰)

(۱۱) مكة والمدينة في الجاهلية وعهد الرسول ﷺ، أحمد إبراهيم الشريف، دار الفكر العربي، ۱۴۳/۱

(۱۲) (بنو طي: طاء کے فتحہ اور یا مشدد اور آخر میں ھمزہ، یہ قبیلہ کہلان سے ہیں اور وہ قحطان سے، ان کا سلسلہ نسب بنو طي بن أدد بن زید بن یشجب بن عریب بن زید بن کہلان ہے۔ سخاوت میں مشہور حاتم طائی بھی اسی قبیلے سے تھا۔ نهایۃ الأرب في معرفۃ أنساب العرب، ص: ۳۲۶)

(۱۳) (انعم: ان کی اصل مراد سے ہے اور مراد مذحج سے اور مذحج قحطان سے ہیں۔ معجم قبائل العرب، ۴۷/۱)

کا، ذوالکفلین دوس[(۱)] کا، ود کلب بن وبرہ کا بت تھا[(۲)]

ان بت خانوں کی آبادی اور مصارف کے لیے لوگ اپنی پیداوار اور کمائی کا مخصوص حصہ نظر کرتے تھے۔ان بت پرستوں کے متعلق اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: اور انھوں نے بنا رکھا ہے اللہ کے لیے اس سے جو پیدا فرماتا ہے فصلوں اور مویشیوں سے مقرر حصہ اور کہتے ہیں یہ اللہ تعالیٰ کے لیے ہے ان کے خیال میں اور یہ ہمارے شریکوں کے لیے ہے[(۳)]

## بتوں کی پرستش:

ان کا عقیدہ یہ تھا کہ بت اللہ تعالیٰ سے گناہوں کی شفاعت کریں گے، ارشاد ربانی ہے:

﴿وَيَعْبُدُونَ مِنْ دُونِ اللَّهِ مَا لَا يَضُرُّهُمْ وَلَا يَنْفَعُهُمْ وَيَقُولُونَ هَؤُلَاءِ شُفَعَاؤُنَا عِنْدَ اللَّهِ﴾[(۴)]

ترجمہ: اور وہ اللہ کے سوا ان کی عبادت کرتے ہیں جو نہ انہیں نقصان دے سکتے ہیں اور نہ نفع اور کہتے ہیں کہ یہ اللہ کے ہاں ہمارے سفارشی ہیں۔

جب نبی ﷺ مدینہ منورہ تشریف لائے تو وہاں بت پرست اور دیگر مذاہب بھی موجود تھے:

وَكَانَ النَّبِيُّ ﷺ حِينَ قَدِمَ الْمَدِينَةَ، وَأَهْلُهَا أَخْلَاطٌ، مِنْهُمُ الْمُسْلِمُونَ، وَالْمُشْرِكُونَ يَعْبُدُونَ الْأَوْثَانَ، وَالْيَهُودُ وَكَانُوا يُؤْذُونَ النَّبِيَّ ﷺ وَأَصْحَابَهُ، فَأَمَرَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ نَبِيَّهُ بِالصَّبْرِ وَالْعَفْوِ[(۵)]

ترجمہ: نبی اکرم ﷺ جب مدینہ منورہ تشریف لائے تو وہاں ملے جلے لوگ تھے، ان میں سے کچھ مسلمان تھے، اور مشرکین بتوں کی پوجا کرتے تھے، اور یہودی آپ ﷺ کو اور اصحاب کو تکلیف دیتے تھے۔ تو اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی ﷺ کو صبر اور معاف کرنے کا حکم دیا۔

ابن اسحاق رضی اللہ عنہ کا قول ہے: عرب میں ہر ایک قبیلے نے اپنے اپنے گھروں کے اندر بت رکھے ہوئے تھے جن کی وہ عبادت کرتے تھے۔ جب کوئی شخص سفر کا ارادہ کرتا تو سوار ہونے سے پہلے اپنے گھر کے بت کو ہاتھ لگاتا اور یہ کام سب سے اخیر میں ہوتا۔ پھر جب سفر سے واپس آتا تو سب سے پہلے اس کو مس کرتا تھا۔ اور یہ حالت اس وقت تک رہی جب

---

(۱) (دوس: یہ قبیلہ دوس بن عدثان بن عبداللہ بن زہران بن کعب بن الحارث بن نصر بن الأزد سے تعلق رکھتا ہے۔ اس قبیلے سے بہت سے لوگ منسوب ہیں۔ ان میں سے حضرت طفیل بن عمرو دوسی ہیں اور حضرت ابوھریرہ ہیں جو نبی ﷺ کے صحابی ہیں۔ اللباب في تهذيب الأنساب، ۵۱۳/۱)

(۲) السيرة النبوية ،عبد الملك بن هشام، تحقيق: مصطفى السقا ،ط/۲،شركة مكتبة مصطفى البابي الحلبي بمصر،۱۹۹۵ء،۸۹/۱

(۳) سورۃ انعام ۶: ۱۳۶

(۴) سورۃ یونس ۱۰: ۱۸

(۵) (شیخ البانی کے نزدیک یہ حدیث صحیح ہے)، سنن أبي داود، حدیث نمبر: ۳۰۰۰، ۱۵۴/۳

کہ خالق کائنات نے آپ ﷺ کو توحید کا منادی کرنے والا بنا کر مبعوث کیا[1] جب آپ ﷺ نے ایک الٰہ کی طرف بلایا تو قریش کہنے لگے:

﴿أَجَعَلَ الْآلِهَةَ إِلَهًا وَاحِدًا إِنَّ هَذَا لَشَيْءٌ عُجَابٌ﴾[2]

ترجمہ: کیا اس نے اتنے معبودوں کی جگہ ایک ہی معبود بنا دیا یہ تو بڑی عجیب بات ہے۔

اہل عرب بتوں کی انتہائی عزت و تکریم کرتے تھے۔ وہ بتوں کو سجدہ کرتے تھے ان کے گرد طواف کرتے تھے۔ اور ادب و احترام ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے بوسہ دیتے تھے۔ بتوں کے سامنے ہر ممکن عاجزی وانکساری کا مظاہرہ کیا جاتا تھا۔ ان کے دعائیہ الفاظ بھی ان کی بے بسی اور عاجزی کا اظہار کرتے تھے۔ بعض اہل عرب کا یہ عقیدہ تھا کہ بتوں کی پرستش سے انہیں قرب خداوندی نصیب ہوگا، اور یہ بارگاہ خداوندی میں ان کے سفارشی ہوں گے۔ چنانچہ قرآن پاک میں ذکر کیا گیا ہے کہ مشرکین کہتے تھے:

﴿مَا نَعْبُدُهُمْ إِلَّا لِيُقَرِّبُونَا إِلَى اللَّهِ زُلْفَى﴾[3]

ترجمہ: ہم ان کی عبادت نہیں کرتے مگر اس لیے کہ یہ ہمیں اللہ تعالیٰ کا مقرب بنا دیں۔

مشرکین ان بتوں کو خالق کائنات کے ساتھ اختیارات و تصرفات میں شریک مانتے تھے، اور ان کے گن گاتے تھے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں:

كَانَ الْمُشْرِكُونَ يَقُولُونَ: لَبَّيْكَ لَا شَرِيكَ لَكَ، قَالَ: فَيَقُولُ رَسُولُ اللهِ ﷺ: ((وَيْلَكُمْ، قَدْ قَدْ)) فَيَقُولُونَ: إِلَّا شَرِيكًا هُوَ لَكَ، تَمْلِكُهُ وَمَا مَلَكَ، يَقُولُونَ هَذَا وَهُمْ يَطُوفُونَ بِالْبَيْتِ[4]

ترجمہ: مشرکین کہا کرتے تھے حاضر ہوں اے اللہ حاضر ہوں تیرا کوئی شریک نہیں، آپ ﷺ نے فرمایا: (تباہ ہو جاؤ اس پر بس کرو) بجز اس شریک کے جس کا تو مالک ہے اور اس کے ملک کا بھی۔ یہ وہ اس وقت کہتے تھے جب طواف کرتے تھے۔

## بحیرۃ، سائبہ، وصیلہ، اور حامی:

ابن اسحاق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: بحیرہ، سائبہ کی بچی کو کہتے ہیں، سائبہ اس اونٹنی کو کہتے ہیں، جو دس بار مادہ بچے کو جنم دے اس کو آزاد چھوڑ دیتے، مہمان کے سوا کوئی اس کا دودھ نہیں پیتا تھا، اس پر سواری نہ کی جاتی تھی۔ بحیرہ ایسا

---

(۱) سیرت النبی ابن ہشام، محمد بن اسحاق بن یسار، مترجم، سید یٰسین علی حسنی، ط/۳، ادارہ اسلامیات لاہور، ۱۹۹۸ء، ۶۷/۱

(۲) سورۃ ص ۳۸: ۵

(۳) سورۃ الزمر ۳۹: ۳

(۴) صحيح مسلم، مسلم بن الحجاج، تحقيق: محمد فؤاد عبد الباقي، حدیث نمبر: ۱۱۵۸، دار إحياء التراث العربي بيروت، ۸۴۳/۲

جانور جس کا دودھ بتوں کے نام کر دیا جاتا تھا اور کوئی اسے استعمال نہ کرتا تھا۔ سائبہ بھی بتوں کے لیے چھوڑا جانے والا جانور تھا وصیلہ وہ اونٹنی جو بار بار مادہ بچوں کو جنم دے اور درمیان میں کوئی نر بچہ بھی پیدا نہ کرے [1]

حام نر اونٹ جو ایک خاص تعداد میں جفتی کر چکا ہوتا، اُسے بھی بتوں کے نام پر چھوڑ دیا جاتا تھا۔ اس طرح کے جانوروں کو بتوں کے نام منسوب کر کے آزاد چھوڑ دیا جاتا تھا کہ اب انہیں کوئی ہاتھ نہ لگائے، کوئی ان سے استفادہ نہ کرے، کوئی ان کا گوشت کھائے نہ صدقہ دے، نہ ان سے کوئی خدمت لے، بس ان کا احترام کیا جائے واضح کر دیا گیا کہ اللہ تعالی کی طرف سے ایسے کوئی احکام نہیں دیے گئے۔ وصیلہ اس بکری کو کہا گیا ہے جو پانچ بار دو دو مادہ بچے جنم دے درمیان میں کوئی نر نہ پیدا کرے۔ اسے وصیلہ کہنے کا سبب یہ تھا کہ وہ سارے مادہ بچوں کو ایک دوسرے سے جوڑ دیتی تھی۔ اس کے بعد اس بکری سے جو بچے پیدا ہوتے انہیں صرف مرد کھا سکتے تھے عورتیں نہیں کھا سکتی تھیں۔ اور اگر کبھی بکری سے مردہ بچہ پیدا ہوتا تو اس کو مرد عورت سبھی کھا سکتے تھے [2]

## بحیرہ، سائبہ، وصیلہ اور حام کا رد:

حلال و حرام کے ان مشرکانہ مقرر کردہ ضابطوں کی تردید درج ذیل انداز میں ہوئی ہے۔

﴿مَا جَعَلَ اللَّهُ مِنْ بَحِيرَةٍ وَلَا سَائِبَةٍ وَلَا وَصِيلَةٍ وَلَا حَامٍ وَلَكِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا يَفْتَرُونَ عَلَى اللَّهِ الْكَذِبَ وَأَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُونَ﴾ [3]

ترجمہ: نہیں مقرر کیا اللہ نے بحیرہ اور نہ سائبہ اور نہ وصیلہ اور نہ حامی لیکن جنہوں نے کفر کیا وہ اللہ پر جھوٹی تہمت لگاتے ہیں اور ان میں اکثر عقل نہیں رکھتے ہیں۔

ان تمام شرکیہ کاموں کی کوئی حقیقت نہیں ہے۔ مولانا مفتی محمد شفیع رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

علاوہ ازیں یہ چیزیں شعائر شرک میں سے تھیں۔ جس جانور کے گوشت یا دودھ یا سواری وغیرہ سے منتفع ہونے کو حق تعالی نے جائز رکھا اس کی حلت و حرمت پر اپنی طرف سے قیود لگانا گویا اپنے لیے منصب تشریع تجویز کرنا تھا۔ اور بڑی ستم ظریفی یہ تھی کہ اپنی مشرکانہ رسوم کو حق تعالی کی خوشنودی اور قربت کا ذریعہ تصور کرتے تھے۔ اس کا جواب دیا گیا کہ اللہ تعالی نے ہرگز یہ رسوم مقرر نہیں کیں۔ ان کے بڑوں نے خدا پر یہ بہتان باندھا اور اکثر بے عقل عوام نے اسے قبول کر لیا [4]

---

(۱) السيرة النبوية لابن هشام، ۸۹/۱

(۲) السيرة النبوية لابن هشام، ۸۹/۱

(۳) سورۃ المائدۃ ۵: ۱۰۳

(۴) معارف القرآن، مولانا مفتی محمد شفیع، طبع جدید، مکتبہ معارف القرآن کراچی، ۲۰۰۸ء، ۳/ ۲۴۷

## ماہ صفر کے متعلق عقیدہ:

صَفَرٌ: سُمِّيَ بِذَلِكَ لِخُلُوِّ بُيُوتِهِمْ مِنْهُ، حِينَ يَخْرُجُونَ لِلْقِتَالِ وَالْأَسْفَارِ، يُقَالُ: "صَفِرَ الْمَكَانُ"(۱)

صفر کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ اس مہینے میں عموماًان کے (اہل عرب) گھر خالی رہتے تھے اور وہ لڑائی بھڑائی اور سفر میں چل دیتے تھے، جب مکان خالی ہو جاتے تو عرب کہتے تھے: "صَفِرَ المَکَانُ" مکان خالی ہو گیا۔

قبل از اسلام اہل جاہلیت ماہِ صفر کو منحوس خیال کرتے اور اس میں سفر کرنے کو برا سمجھتے تھے۔ آنحضور ﷺ نے بہت ہی صاف اور واضح الفاظ میں اس مہینے اور اس مہینے کے علاوہ پائے جانے والے توہمات اور قیامت تک کے باطل نظریات کی تردید فرمادی اور علی الاعلان ارشاد فرمادیا کہ: (اللہ تعالی کے حکم کے بغیر) ایک شخص کی بیماری کا دوسرے کو خود بخود لگ جانے کا عقیدہ، ماہِ صفر میں نحوست ہونے کا عقیدہ اور ایک مخصوص پرندے کی بدشگونی کا عقیدہ سب بے حقیقت باتیں ہیں۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

((لاَ عَدْوَى وَلاَ صَفَرَ، وَلاَ هَامَةَ))(۲)

ترجمہ: بیماری لگ جانا، صفر اور ہامہ یہ سب لغو ہیں۔

مذکورہ حدیث سے ثابت ہوتا ہے کہ اسلام میں اس قسم کے فاسد و باطل خیالات و نظریات کی کوئی گنجائش نہیں ہے، ایسے نظریات وعقائد کو سرکارِ دو عالم ﷺ اپنے پاؤں تلے روند چکے ہیں۔ الغرض آج کے اس پڑھے لکھے معاشرے میں بھی عوام الناس ماہِ صفر کے بارے میں جہالت اور دین سے دوری کے سبب ایسے ایسے توہمات کا شکار ہیں جن کا دین اسلام سے دور کا بھی واسطہ نہیں۔ یہ اسی قدیم جاہلیت کا نتیجہ ہے کہ متعدد صدیاں گزرنے کے باوجود آج بھی عوام الناس میں وہی زمانۂ جاہلیت جیسی خرافات موجود ہیں۔

## حرمت والے مہینوں کے متعلق اہل عرب کا عقیدہ:

یہود و نصاریٰ کی طرح مشرکین عرب بھی دینی احکام میں تغیر و تبدل کے لیے حیلہ سازی سے کام لیتے تھے، مثلاً دین ابراہیم میں یہ طریقہ چلا آرہا تھا کہ حرمت والے مہینوں میں لڑائی جھگڑا اور ظلم و زیادتی ممنوع تھی۔ حتی کہ ان مہینوں میں کوئی اپنے سگے باپ کے قاتلوں سے بھی انتقام نہیں لیتا تھا۔ اپنی اس جبلی کمزوری اور خصلت باطلہ کی تشفی کے لیے انھوں نے یہ حل ڈھونڈ نکالا تھا کہ جس مہینے میں وہ قتل وغارت گری کرنا چاہتے تھے اس میں وہ کر لیتے تھے اور حج کے دنوں میں اعلان کر دیتے تھے کہ ہم نے جس مہینے میں جنگ و قتال کیا ہے اب اس کی جگہ فلاں مہینہ حرمت والا ہو گا۔ احکامات

---

(۱) تفسير القرآن العظيم،أبو الفداء إسماعيل بن عمر ، المحقق: سامي بن محمد سلامة،ط/۲،دار طيبة للنشر والتوزيع،۱۹۹۹ء،۱۴۶/۴

(۲) صحيح البخاري،كتاب الطب ، حديث نمبر :۵۷۷۰، دار طوق النجاة،۱۳۸/۷

دین میں ردوبدل انتہائی مذموم سوچ ہے۔ مشرکوں کے کفر کی زیادتی بیان ہو رہی ہے کہ وہ کس طرح اپنی فاسد رائے کو اور اپنی ناپاک خواہش کو شریعت ربانی میں داخل کر کے اللہ کے دین کے احکام میں ردوبدل کر دیتے تھے۔ حرام کو حلال اور حلال کو حرام بنالیتے تھے۔ تین مہینے کی حرمت کو توٹھیک رکھا پھر چوتھے مہینے محرم کی حرمت کو اس طرح بدل دیا کہ محرم کو صفر کے مہینے میں کر دیا اور محرم کی حرمت نہ کی۔ تاکہ بظاہر سال کے چار مہینے کی حرمت بھی پوری ہو جائے اور اصلی حرمت کے مہینے محرم میں لوٹ مار قتل وغارت بھی ہو جائے۔ اس پر اپنے قصیدوں میں مبالغہ کرتے تھے اور فخریہ اپنا یہ فعل اچھالتے تھے۔ ان کا ایک سردار تھا جنادہ بن عمرو بن امیہ کنانی یہ ہر سال حج کو آتا اس کی کنیت ابو ثمامہ تھی یہ منادی کر دیتا کہ نہ تو ابو ثمامہ کے مقابلے میں کوئی آواز اٹھا سکتا ہے نہ اس کی بات میں کوئی عیب جوئی کر سکتا ہے سنو پہلے سال کا صفر مہینہ حلال ہے اور دوسرے سال کا حرام۔ پس ایک سال کے محرم کی حرمت نہ رکھتے دوسرے سال کے محرم کی حرمت منا لیتے[1]

## اہل عرب کے خود ساختہ عمل کی تردید:

اللہ جل شانہ نے اس مشرکانہ خود ساختہ عمل کی تردید یوں فرمائی:

﴿إِنَّ عِدَّةَ الشُّهُورِ عِنْدَ اللَّهِ اثْنَا عَشَرَ شَهْرًا فِي كِتَابِ اللَّهِ يَوْمَ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ مِنْهَا أَرْبَعَةٌ حُرُمٌ ذَلِكَ الدِّينُ الْقَيِّمُ فَلَا تَظْلِمُوا فِيهِنَّ أَنْفُسَكُمْ وَقَاتِلُوا الْمُشْرِكِينَ كَافَّةً كَمَا يُقَاتِلُونَكُمْ كَافَّةً وَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ مَعَ الْمُتَّقِينَ﴾[2]

ترجمہ: بیشک اللہ کے نزدیک مہینوں کی گنتی اللہ کی کتاب (یعنی نوشتہ قدرت) میں بارہ مہینے (لکھی) ہے جس دن سے اس نے آسمانوں اور زمین (کے نظام) کو پیدا فرمایا تھا ان میں سے چار مہینے (رجب، ذو القعدہ، ذوالحجہ اور محرم) حرمت والے ہیں۔ یہی سیدھا دین ہے سو تم ان مہینوں میں (از خود جنگ و قتال میں ملوث ہو کر) اپنی جانوں پر ظلم نہ کرنا اور تم (بھی) تمام مشرکین سے اسی طرح (جوابی) جنگ کیا کرو جس طرح وہ سب (اکٹھے ہو کر) تم سے جنگ کرتے ہیں، اور جان لو کہ بیشک اللہ پرہیزگاروں کے ساتھ ہے۔

محرم کے مہینے کی حرمت کو پامال کر کے اس کی جگہ ماہ صفر کو حرمت والا مہینہ قرار دے دیتے۔ اس طرح اپنی منشا اور خواہش کے مطابق وہ اس ماہ کو وہ آگے پیچھے کر دیا کرتے تھے اور اعلان کروایا کرتے تھے کہ اس سال صفر کا مہینہ پہلے اور محرم کا مہینہ اس کے بعد ہوگا۔ ان کے اس عمل کی تردید کرتے ہوئے اور اسے کفر قرار دیتے ہوئے ارشاد ربانی ہے:

---

(۱) تفسیر ابن کثیر، علامہ عماد الدین ابن کثیر، مترجم مولانا صاحب جوناگڑھی، شمع بک ایجنسی، اردو بازار لاہور، ۲۰۱۲ء، ۳۴۶/۲

(۲) سورۃ التوبۃ۹: ۳۶

﴿إِنَّمَا النَّسِيءُ زِيَادَةٌ فِي الْكُفْرِ يُضَلُّ بِهِ الَّذِينَ كَفَرُوا يُحِلُّونَهُ عَامًا وَيُحَرِّمُونَهُ عَامًا لِيُوَاطِئُوا عِدَّةَ مَا حَرَّمَ اللَّهُ فَيُحِلُّوا مَا حَرَّمَ اللَّهُ زُيِّنَ لَهُمْ سُوءُ أَعْمَالِهِمْ وَاللَّهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكَافِرِينَ﴾ (١)

ترجمہ: امن کے کسی مہینے کو ہٹا کر آگے پیچھے کر دینا کفر میں اضافہ (کرتا) ہے۔ اس سے کافر گمراہی میں پڑے رہتے ہیں۔ ایک سال تو اسکو حلال سمجھ لیتے ہیں اور دوسرے سال حرام۔ تاکہ ادب کے مہینوں کی جو خدا نے مقرر کیئے ہیں گنتی پوری کر لیں اور جو خدا نے منع کیا ہے اس کو جائز کر لیں۔ انکے برے اعمال ان کو بھلے دکھائی دیتے ہیں اور خدا کافر لوگوں کو ہدایت نہیں دیا کرتا۔

## یہودیت:

یہودیت (٢) یہودا ابن یعقوب کی طرف منسوب ہے اس کے ماننے والوں کو یہود صیہونی اسرائیل اور آل عمران کہا جاتا ہے، یہودا حضرت یعقوب علیہ السلام کا بڑا صاحبزادہ تھا (٣)

یہودیت کو یمن میں بھی فروغ حاصل ہوا یہاں اس کے پھیلنے کا سبب تبان اسعد ابو کرب (٤) تھا۔ یہ شخص جنگ کرتا ہوا یثرب پہنچا۔ وہاں یہودیت قبول کر لی اور بنو قریظہ کے دو یہودی علماء کو اپنے ساتھ لے آیا۔ ان کے ذریعے سے یہودیت کو یمن میں وسعت اور پھیلاؤ حاصل ہوا۔

ابو کرب کے بعد اس کا بیٹا یوسف ذونواس (٥) یمن کا حاکم ہوا تو اس نے یہودیت کے جوش میں نجران کے عیسائیوں پر ہلہ بول دیا انہیں مجبور کیا کہ وہ یہودیت قبول کر لیں، مگر انہوں نے انکار کر دیا۔ اس پر ابو نواس نے خندق کھدوائی اور اس میں آگ جلا کر ٢٠ سے ٤٠ ہزار بوڑھے، بچے، مرد و عورت سب کو بلا تمیز آگ کے الاؤ میں جھونک دیا (٦) ظہور اسلام کے

---

(١) سورة التوبة ٩: ٣٧

(٢) (یہود: یہود کی اصطلاح یا تو قدیم سلطنت یہودا کے باشندوں یا یہودا ابن یعقوب علیہ السلام کی اولاد یا مذہب یہود پر عامل شخص کے لیے مخصوص ہے۔ عام طور پر اس سے مراد حضرت موسیٰ کی شریعت کو ماننے والے لوگ ہیں۔ مگر یہودی مذہب کی تعلیمات فقط اولاد یعقوب تک محدود رہی ہیں اس لیے یہ لفظ ایک نسلی گروہ کے لیے مخصوص ہو کر رہ گیا ہے۔ اردو دائرہ معارف اسلامیہ، دانش گاہ پنجاب، لاہور، ٣٥٥/٢٣)

(٣) مکالمہ بین المذاہب، مولانا ولی خان المظفر، مکتبہ فاروقیہ کراچی، ٢٠٠٧، ص: ١٠٢

(٤) (تبان اسعد ابو کرب: حسان بن تبان اسعد ابی کرب پورے یمن کا بادشاہ تھا۔ تبان اسعد آخری تبع ہے۔ محمد بن اسحاق کا بیان ہے: اس نے بیت اللہ کی مرمت کرائی، غلاف کعبہ چڑھایا۔ ربیعہ بن نصر سے قبل اس کی حکومت تھی۔ تبان اسعد مدینے آیا اور دو یہودی علماء کو اپنے ساتھ لے گیا۔ اس طرح یمن میں یہودیت کی ابتداء ہوئی۔ تاریخ ابن کثیر، ابوالفداء اسماعیل ابن کثیر، مترجم محمد اصغر مغل، ط/١، دارالاشاعت اردو بازار کراچی، ٢٠٠٨ء، ٦٢٠/٢)

(٥) (ذونواس: یمن کے حمیری بادشاہوں میں سے آخری بادشاہ۔ اس کے اور والد کے نام میں اضطراب ہے۔ صاحب الاخدود جن کا ذکر قرآن پاک میں آیا ہے ان میں سے تھا۔ اس کا مذہب یہودی تھا۔ جب اسے خبر ملی کہ نجران والوں نے عیسائیت قبول کر لی ہے تو اس نے ایک لمبی خندق کھدوائی جسے آگ سے بھر دیا۔ جو یہودیت میں واپس آگیا اسے چھوڑا اور باقیوں کو آگ والی خندق میں ڈال دیا۔ الاعلام خیر الدین الزرکلی، موقع یعسوب، ٨/٣)

(٦) مقدمہ تاریخ ابن خلدون، علامہ عبدالرحمان ابن خلدون، دارالاشاعت کراچی، ٢٠٠٩ء، ٨٠/٢

وقت مشہور یہودی قبائل یہ تھے خیبر، نضیر[۱] بنو قریظہ[۲] وغیرہ یہ لوگ مدینہ کے اطراف میں رہتے تھے[۳] صدوقی اور فریسی ان کو احبار اور رہبان کہا جاتا ہے۔ قرائین یہ صرف توریت کو مانتے ہیں۔ متعقبین یہ شدت پسند ہیں۔ کاتبین وناسخین یہ سردار علماء ہیں۔ سبائیہ یہ عبداللہ بن سباء کی طرف منسوب ہے[۴]

## عقائد یہود اور ان کی اصلاح:

یہودیت اپنی ابتداء میں نہ صرف یہ کہ عقیدہ توحید کی علمبردار تھی بلکہ اس کی مبلغ بھی تھی لیکن حضرت عزیر علیہ السلام کے انتقال کے بعد نظریہ ثنویت نے ان میں بہت تیزی سے اپنی جڑیں مضبوط کرنا شروع کردیں، یہود کے نزدیک وہ اللہ کے بیٹے ہیں[۵] اس مشرکانہ عقیدے کا یوں ذکر آیا ہے:

﴿وَقَالَتِ الْيَهُودُ عُزَيْرٌ ابْنُ اللَّهِ﴾[۶]

ترجمہ: اور یہود نے کہا عزیر علیہ السلام اللہ کا بیٹا ہے۔

علاوہ ان مشرکانہ عقائد کے یہود میں خود پسندی اور من مانی پیدا ہوگئی تھی، جس کی بناء پر یہود کی مذہبی کتاب بھی زمانے کی دستبرد اور تحریف و تغیر سے محفوظ نہ رہ سکی۔ مقدمات اور عبادات تک یہ سلسلہ دراز ہو چکا تھا، اور دیگر بہت سارے خود ساختہ عقائد اور افکار کو ایجاد کر لیا تھا۔ وہ اتنے نڈر اور بے خوف ہو گئے تھے کہ اللہ تعالیٰ کے عزیز ہونے کا دعویدار بن بیٹھے تھے، اس کی تردید اللہ تعالیٰ نے کی ہے:

﴿وَقَالَتِ الْيَهُودُ وَالنَّصَارَى نَحْنُ أَبْنَاءُ اللَّهِ وَأَحِبَّاؤُهُ قُلْ فَلِمَ يُعَذِّبُكُم بِذُنُوبِكُمْ بَلْ أَنْتُمْ بَشَرٌ مِمَّنْ خَلَقَ يَغْفِرُ لِمَنْ يَشَاءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَشَاءُ وَلِلَّهِ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَإِلَيْهِ الْمَصِيرُ﴾[۷]

ترجمہ: یہود اور نصاریٰ نے کہا کہ ہم اللہ کے بیٹے اور اس کے پیارے ہیں۔ آپ فرمائیے (اگر تم سچے ہو)

---

(۱) (نضیر: بنو نضیر سب یہود کی جماعت سے ہیں۔ یہ مدینہ منورہ کے قریب قلعوں میں رہتے تھے۔ نبی ﷺ نے ان قلعوں کو فتح کیا۔ الأنساب، عبدالکریم بن محمد المروزي، مجلس دائرۃ المعارف العثمانیۃ، حیدرآباد، ۱۹۶۲ء، ۱۲۸/۱۳)

(۲) (قریظہ: یہ ایک آدمی کا نام ہے۔ اس کی اولاد مدینہ منورہ کے قریب ایک قلعہ میں محفوظ تھی۔ پس وہ سب ان کی طرف منسوب ہیں۔ قریظہ اور نضیر دو بھائی ہیں۔ جو کہ حضرت ھارون علیہ السلام کی اولاد میں سے ہیں۔ الأنساب، عبد الکریم بن محمد المروزي، مجلس دائرۃ المعارف العثمانیۃ، حیدرآباد، ۱۹۶۲ء، ۳۷۹/۱۰)

(۳) المفصل فی تاریخ العرب قبل الاسلام، د۔جواد علی، ط/۱، جامعہ بغداد علی، ۱۹۷۰ء، ۵۱۱/۶

(۴) مکالمہ بین المذاہب، مولانا ولی خان المظفر، مکتبہ فاروقیہ کراچی، ۲۰۰۷ء، ص: ۱۱۲

(۵) مکالمہ بین المذاہب، ص: ۱۰۲

(۶) سورۃالتوبۃ۹: ۳۰

(۷) سورۃالمائدۃ۵: ۱۸

تو پھر کیوں عذاب دیتا ہے تمہیں تمہارے گناہوں پر بلکہ تم بشر ہو اس کی مخلوق سے بخش دیتا ہے جسے چاہتا ہے اور سزا دیتا ہے جسے چاہتا ہے اور اللہ ہی کے لیے ہے بادشاہی آسمانوں اور زمین کی اور جو کچھ ان کے درمیان ہے اور اسی کی طرف سب نے لوٹ کر جانا ہے۔

اس سے بڑھ کر انہوں نے جنت کے ٹھیکیدار ہونے کا دعویٰ بھی کیا، جس کی اللہ تعالیٰ نے ان الفاظ میں نفی فرمائی:

﴿وَقَالُوا لَنْ يَدْخُلَ الْجَنَّةَ إِلَّا مَنْ كَانَ هُودًا أَوْ نَصَارَى تِلْكَ أَمَانِيُّهُمْ قُلْ هَاتُوا بُرْهَانَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ﴾(۱)

ترجمہ: ان کا کہنا ہے کوئی شخص جنت میں نہ جائے گا جب تک کہ وہ یہودی یا عیسائی نہ ہو، یہ ان کی آرزوئیں ہیں ان سے کہو اپنی دلیل پیش کرو، اگر تم اپنے دعوے میں سچے ہو۔

علاوہ ازیں اس جری پن کا مظاہرہ کرتے کرتے وہ شریعت سازی کے بھی مرتکب بن بیٹھے تھے۔ اللہ کا ارشاد ہے:

﴿كُلُّ الطَّعَامِ كَانَ حِلًّا لِبَنِي إِسْرَائِيلَ إِلَّا مَا حَرَّمَ إِسْرَائِيلُ عَلَى نَفْسِهِ مِنْ قَبْلِ أَنْ تُنَزَّلَ التَّوْرَاةُ قُلْ فَأْتُوا بِالتَّوْرَاةِ فَاتْلُوهَا إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ﴾(۲)

ترجمہ: بنو اسرائیل کے لیے سب کھانے کی چیزیں حلال تھیں مگر وہ جسے حرام کیا اسرائیل نے اپنے آپ پر اس سے پہلے کہ نازل کی گئی تورات آپ فرمادیں تورات لاؤ پھر پڑھو اسے اگر تم سچے ہو۔

یہود باطل عقائد کی بنیاد پر اللہ کی برگزیدہ ہستیوں کے کے دشمن بن گئے تھے، جس کا رد کلام پاک میں اکثر جگہوں پر کیا گیا ہے۔

﴿مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِلَّهِ وَمَلَائِكَتِهِ وَرُسُلِهِ وَجِبْرِيلَ وَمِيكَالَ فَإِنَّ اللَّهَ عَدُوٌّ لِلْكَافِرِينَ﴾(۳)

جو کوئی اللہ اور اس کے فرشتوں کا دشمن ہو اور اس کے رسولوں اور جبرئیل اور میکائیل کا تو اللہ بھی ان کافروں کا دشمن ہے۔

---

(۱) سورۃ البقرۃ ۲: ۱۱۱

(۲) سورۃ آل عمران ۳: ۹۳

(۳) سورۃ البقرۃ ۲: ۹۸

## نصرانیت [۱]:

ابن ہشام عرب میں عیسائیت کی ابتداء کے متعلق لکھتے ہیں:

فیمون[۲] اور صالح عرب پہنچے، اہل عرب نے ان پر حملہ کیا اور انہیں قید کر کے نجران جا کر بیچ دیا۔ ان دنوں نجران والے ایک کھجور کی عبادت کرتے تھے اور ہر سال عید کیا کرتے تھے۔ کھجور کو زیور اور کپڑے پہناتے۔ اہل نجران میں سے ایک شخص نے فیمون کو خرید لیا اور دوسرے نے صالح کو۔ اپنے آقا کے گھر میں فیمون تہجد کی نماز ادا کرتا تو وہ گھر بغیر چراغ کے روشن ہو جاتا اور صبح تک روشن رہتا۔ آقا کو بڑا تعجب ہوا، اس نے پوچھا تمہارا مذہب کیا ہے۔ فیمون نے اپنا مذہب عیسوی بتایا اور خیر خواہی کے طور پر کہا کہ تمہارا مذہب باطل ہے یہ کھجور نہ تمہیں نفع دے سکتی ہے اور نہ نقصان، اگر میں اپنے خدا سے جس کی میں عبادت کرتا ہوں دعا کروں تو وہ اسے جلا دے۔ آقا نے کہا اگر تو ایسا کر دے تو ہم تیرے دین کو قبول کر لیں گے۔ فیمون نے اٹھ کر وضو کیا اور دو رکعت نماز ادا کی اور دست دعا دراز کیا۔ اللہ تعالیٰ نے سخت آندھی بھیجی جس نے کھجور کو جڑ سے اکھاڑ دیا اس وقت نجران والوں نے عیسوی دین اختیار کیا۔ اس روز سے نجران[۳] میں نصرانیت کی ابتداء ہوئی[۴]

یثرب والوں میں ابو عامر الراہب[۵] ہے جس نے عیسائی مذہب قبول کیا، اور اس نے اوس[۶] کے کچھ لوگوں

---

(۱) (عیسائیت: دنیا کے بڑے مذاہب میں عیسائیت کا شمار ہوتا ہے۔ عیسائیت کی ابتداء مشرق سے ہوئی۔ اس مذہب کو مغربی قوموں نے اختیار کیا۔ اس کی تبلیغ بھی رومن سلطنت میں ہوئی اور پھر یورپ اور امریکہ کی اکثر ریاستوں نے سرکاری طور پر عیسائیت کو اختیار کر لیا۔ مذاہب عالم، احمد عبد اللہ، ط/۱، سعادت آرٹ پریس لاہور، ۲۰۰۲ء، ص: ۱۴۰)

(۲) (فیمون: شام سے عرب کے ایک قافلے کے ساتھ نکلا۔ انھوں نے اسے نجران والوں کے ہاتھ بیچ دیا۔ نجران پہنچا اور وہاں کے باشندوں میں عیسائی مذہب کی تبلیغ کی اہل نجران نے اس کی اور اس کے دین کی سچائی کی کچھ علامات دیکھیں تو وہ عیسائیت کے حلقہ بگوش ہو گئے یہ خبر ذونواس تک پہنچی اس نے اس کا کافی عرصۃ تک محاصرہ کیا پھر اس پر ایمان لے آیا۔ وعدہ کیا کہ وہ اس سے کبھی دھوکا نہیں کرے گا۔ البدء والتاریخ، موقع شبکہ الاسلامیۃ، ۱/۲۶۷)

(۳) (نجران: نجد اور عین کے درمیان ایک بستی، یہاں ایک زمانے میں عیسائی قبائل آباد تھے۔ ۱۰ھ میں آپؐ نے تبلیغ کی غرض سے حضرت خالد بن ولید کو بھیجا کہ تین مرتبہ بلند آواز سے اسلام پیش کرنا، جو قبول کر لیں صرف ان کو سکھانا اور جو نہ مانیں ان سے مقابلہ کرنا۔ بہت سے افراد اس تبلیغ پر اسلام لائے۔ اسلامی انسائیکلوپیڈیا، مدیر سید قاسم محمود، بشیر سنز پرنٹرز کراچی، ص: ۱۴۰۶)

(۴) سیرت النبی ابن ہشام، محمد بن اسحاق بن یسار، ابو محمد عبد الملک بن ہشام، مترجم، سید یٰسین علی حسنی، ط/۳، ادارہ اسلامیات لاہور، ۱۹۹۸ء، ۱/۴۴

(۵) (ابو عامر الراہب: اس کا والد جاہلیت میں راہب کی حیثیت سے پہچانا جاتا تھا۔ اَبو عامر نے اسلام قبول نہ کیا۔ میدان احد میں قریش مکہ کے ساتھ جنگ کے لیے آیا۔ نبی ﷺ نے اسے ابو عامر فاسق فرمایا۔ جب مکہ شریف فتح ہوا تو یہ روم کی طرف بھاگ گیا اور ہرقل سے جا ملا۔ ہرقل کے پاس ہی حالت کفر میں مر گیا۔ الاستیعاب فی معرفۃ الأصحاب، أبو عمر یوسف بن عبد اللہ القرطبیؒ، دار الجیل، بیروت، ۱/۳۸۰)

(۶) (اوس: قبیلہ اوس اور خزرج دراصل حارثہ بن ثعلبہ بن ازد کے دو بیٹوں کے نام ہیں جنہوں نے سد مآرب کی تباہی کے بعد ملکِ یمن سے ہجرت کر کے یثرب (مدینہ طیبہ) کے غیر آباد علاقے کو اپنا مسکن بنایا۔ معجم البلدان: ۴/۸۴)

کو عیسائیت کی طرف مائل کیا[۱]

## نصرانی معتقدات اور ان کی اصلاح:

نصاریٰ کے عقیدے کے بارے میں ارشاد ربانی ہے:

﴿وَقَالَتِ النَّصَارَى الْمَسِيحُ ابْنُ اللَّهِ﴾[۲]

ترجمہ: اور نصرانیوں نے کہا مسیح اللہ کا بیٹا ہے۔

﴿لَقَدْ كَفَرَ الَّذِينَ قَالُوا إِنَّ اللَّهَ هُوَ الْمَسِيحُ ابْنُ مَرْيَمَ وَقَالَ الْمَسِيحُ يَا بَنِي إِسْرَائِيلَ اعْبُدُوا اللَّهَ رَبِّي وَرَبَّكُمْ إِنَّهُ مَنْ يُشْرِكْ بِاللَّهِ فَقَدْ حَرَّمَ اللَّهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ وَمَأْوَاهُ النَّارُ وَمَا لِلظَّالِمِينَ مِنْ أَنْصَارٍ﴾[۳]

ترجمہ: بے شک وہ کافر ہو گئے جنہوں نے کہا اللہ مسیح ابن مریم ہی تو ہے حالانکہ خود مسیح نے کہا تھا کہ اے بنی اسرائیل عبادت کرو اللہ کی جو میرا بھی رب ہے اور تمہارا بھی، یقیناً جو بھی اللہ کے ساتھ شریک بنائے گا تو اللہ نے اس پر جنت حرام کر دی ہے اور اس کا ٹھکانا آگ ہے اور ظالموں کا کوئی مدد گار نہیں ۔

آخری نبی جو دنیا میں توحید حقیقی کا ڈنکا بجانے کے لیے تشریف لائے، آپ ﷺ پر نازل کردہ کتاب مجید میں تثلیث کے لاینحل عقیدے کا رد ہے:

﴿لَقَدْ كَفَرَ الَّذِينَ قَالُوا إِنَّ اللَّهَ ثَالِثُ ثَلَاثَةٍ وَمَا مِنْ إِلَهٍ إِلَّا إِلَهٌ وَاحِدٌ﴾[۴]

ترجمہ: بے شک وہ کافر ہو گئے جنہوں نے کہا کہ اللہ تیسرا ہے تین (خداوں) سے اور نہیں ہے کوئی خدا مگر ایک اللہ۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام اللہ تعالیٰ کو یکتا، واحد اور لاشریک مانتے تھے۔ لیکن انہوں نے خواہ مخواہ تثلیث کا عقیدہ گھڑ لیا جو بے اصل ہے۔ نصاریٰ کا یہ عقیدہ کہ حضرت مسیح اللہ کے بیٹے ہیں، کی تردید کرتے ہوئے، ان الفاظ میں بزبان عیسیٰ علیہ السلام اعلان توحید فرمایا:

﴿قَالَ إِنِّي عَبْدُ اللَّهِ آتَانِيَ الْكِتَابَ وَجَعَلَنِي نَبِيًّا﴾[۵]

---

(۱) المفصل فی تاریخ العرب قبل الاسلام، ڈاکٹر جواد علی، ط/۱، جامعہ بغداد علی، ۱۹۷۰ء، ۵۱۱/۶

(۲) سورۃ التوبۃ۹: ۳۰

(۳) سورۃ المائدۃ۵: ۷۲

(۴) سورۃ المائدۃ۵: ۷۳

(۵) سورۃ مریم۱۹: ۳۰

ترجمہ: (بچے نے کہا) میں اللہ کا بندہ ہوں اس نے مجھے کتاب دی ہے اور نبی بنایا ہے ۔

یہ وہ وقت تھا جب آپ کی ولادت ہوئی اور قوم اکھٹی ہو کر آپ کی والدہ کے پاس آئی اور آپ کے بارے میں آپ کی والدہ سے جھگڑا کرنے لگی تو آپ علیہ السلام نے بزبان مبارک یہ اعلان فرمایا۔

اللہ تعالیٰ نے حضرت عیسی علیہ السلام کا عقیدہ بیان کیا ہے کہ وہ ذات و صفات میں مکمل توحید کا عقیدہ رکھتے تھے، ارشاد ربانی ہے:

﴿وَإِذْ قَالَ اللَّهُ يَا عِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ أَأَنْتَ قُلْتَ لِلنَّاسِ اتَّخِذُونِي وَأُمِّيَ إِلَهَيْنِ مِنْ دُونِ اللَّهِ قَالَ سُبْحَانَكَ مَا يَكُونُ لِي أَنْ أَقُولَ مَا لَيْسَ لِي بِحَقٍّ إِنْ كُنْتُ قُلْتُهُ فَقَدْ عَلِمْتَهُ تَعْلَمُ مَا فِي نَفْسِي وَلَا أَعْلَمُ مَا فِي نَفْسِكَ إِنَّكَ أَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوبِ﴾ (۱)

ترجمہ: اور جب اللہ تعالیٰ پوچھے گا اے عیسیٰ بن مریم کیا تو نے کہا تھا لوگوں سے کہ خدا کے سوا مجھے اور میری ماں کو بھی خدا بنالو تو وہ جواب دیں گے، میرا یہ کام نہ تھا کہ میں وہ بات کہتا جس کے کہنے کا مجھے حق نہ تھا، اگر میں نے ایسی بات کہی ہوتی تو آپ کو ضرور علم ہوتا آپ جانتے ہیں جو کچھ میرے دل میں ہے اور میں نہیں جانتا جو آپ کے دل میں ہے آپ تو ساری پوشیدہ حقیقتوں کے عالم ہیں۔

## دعوت مباہلہ:

جب وفد نجران نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق بحث و مباحثہ کرنے لگا جس کا تذکرہ قرآن مجید میں ان الفاظ کے ساتھ ہے:

﴿فَمَنْ حَاجَّكَ فِيهِ مِنْ بَعْدِ مَا جَاءَكَ مِنَ الْعِلْمِ فَقُلْ تَعَالَوْا نَدْعُ أَبْنَاءَنَا وَأَبْنَاءَكُمْ وَنِسَاءَنَا وَنِسَاءَكُمْ وَأَنْفُسَنَا وَأَنْفُسَكُمْ ثُمَّ نَبْتَهِلْ فَنَجْعَلْ لَعْنَتَ اللَّهِ عَلَى الْكَاذِبِينَ﴾ (۲)

ترجمہ: پھر اگر یہ لوگ عیسیٰ کے بارے میں تم سے جھگڑا کریں اور تم کو حقیقت الحال تو معلوم ہو ہی چلی ہے تو ان سے کہنا کہ آؤ ہم اپنے بیٹوں اور عورتوں کو بلاتے ہیں تم اپنے بیٹوں اور عورتوں کو بلاؤ اور ہم خود بھی آئیں اور تم خود بھی آؤ پھر دونوں فریق (خدا سے) دعا و التجا کریں اور جھوٹوں پر خدا کی لعنت بھیجیں۔

یوں نصاریٰ انجام بد سے ڈر گئے اور مباہلہ سے راہ فرار اختیار کیا۔ لیکن اس کے بعد اہل کتاب کو بطور عموم ایک ایسے کلمہ کی دعوت دی گئی جو ان کے اور مسلمانوں کے درمیان مشترک ہے۔ ارشاد ربانی ہے:

---

(۱) سورۃ المائدۃ۵: ۱۱۶

(۲) سورۃ آل عمران ۳: ۶۱

﴿قُلْ يَا أَهْلَ الْكِتَابِ تَعَالَوْا إِلَى كَلِمَةٍ سَوَاءٍ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ أَلَّا نَعْبُدَ إِلَّا اللَّهَ وَلَا نُشْرِكَ بِهِ شَيْئًا وَلَا يَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا أَرْبَابًا مِنْ دُونِ اللَّهِ فَإِنْ تَوَلَّوْا فَقُولُوا اشْهَدُوا بِأَنَّا مُسْلِمُونَ﴾[۱]

ترجمہ: آپ فرمادیجئے اے اہل کتاب آؤ اس بات کی طرف جو یکساں ہے ہمارے اور تمہارے درمیان ہم اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہیں کریں گے اور نہ اس کے ساتھ کسی چیز کو شریک ٹھرائیں گے اور کوئی ہم میں سے اللہ کے سوا کسی کو رب نہ بنالے پھر اگر وہ روگردانی کریں تو کہہ دو گواہ رہنا کہ ہم مسلمان ہیں۔

## حنیفیت:

حنیف: حنف یحنف کے معنی ہے جھکنا، مائل ہونا۔ ظہور اسلام کے بعد حنیف بمعنی مسلم استعمال ہونے لگا، کیونکہ ایک آدمی باطل چھوڑ کر حق و استقامت کی طرف آجاتا ہے۔ اور تمام مذاہب و ادیان کو ترک کر کے اسلام کے حلقے میں داخل ہو جاتا ہے، حنیف: امر حق پر صادق رہنے والا، سچے دین کا حامی اور ماننے والا۔ یہ لفظ خاص طور پر حضرت ابراہیم کے لیے استعمال ہوا ہے۔ ظہور اسلام کے وقت عرب میں جہاں اور مذاہب رائج تھے وہیں بعض لوگ حنیفی مذہب کے بھی پیرو تھے۔ جو حضرت ابراہیم کا مذہب تھا[۲]

اللہ تعالیٰ قرآن پاک میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کی شان بیان فرماتا ہے:

﴿مَا كَانَ إِبْرَاهِيمُ يَهُودِيًّا وَلَا نَصْرَانِيًّا وَلَكِنْ كَانَ حَنِيفًا مُسْلِمًا وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِينَ﴾[۳]

ترجمہ: ابراہیم علیہ السلام نہ تو یہودی تھے اور نہ عیسائی بلکہ سب سے بے تعلق ہو کر ایک (خدا) کے ہو رہے تھے اور اسی کے فرمانبردار تھے اور مشرکوں میں سے نہ تھے۔

## اسلامی تعلیمات اور بنیادی عقائد:

اسلام نے روزِ اوّل سے ہی توحید خالص کی تعلیم دی اور انسانوں کو بتایا کہ خیر و شر، نفع و نقصان کا مالک صرف اللہ تعالیٰ ہے۔ اسی کے ہاتھ میں عزت و ذلت، کامیابی و ناکامی ہے۔ وہی فیصلوں کو نازل کرتا ہے اور اسی کے اجازت اور حکم سے دنیا میں واقعات اور حالات رونما ہوتے ہیں۔ وہی چاہے تو انسان کی مرادیں پوری ہوں گی اور اسی کے منشاء اور مرضی سے آسانیاں اور سہولتیں انسان کو نصیب ہوتی ہیں، قرآن کریم میں اس عقیدہ کی تعلیم جابجا دی گئی ہے۔ ارشاد ربانی ہے:

---

(۱) سورۃ آل عمران ۳: ۶۴

(۲) اردو دائرہ معارف اسلامیہ، دانش گاہ پنجاب، لاہور، ۶۹۴/۸

(۳) سورۃ آل عمران ۳: ۶۷

﴿قُلْ لَنْ يُصِيبَنَا إِلَّا مَا كَتَبَ اللَّهُ لَنَا هُوَ مَوْلَانَا وَعَلَى اللَّهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُونَ﴾[۱]

ترجمہ: کہہ دو کہ اللہ نے ہمارے مقدر میں جو تکلیف لکھ دی ہے ہمیں اس کے علاوہ کوئی اور تکلیف ہر گز نہیں پہنچ سکتی وہ ہمارا رکھوالا ہے، ایمان والوں کا بھروسہ اللہ پر ہونا چاہیے ۔

ایک اور مقام پر ارشاد فرمایا:

﴿مَا أَصَابَ مِنْ مُصِيبَةٍ إِلَّا بِإِذْنِ اللَّهِ وَمَنْ يُؤْمِنْ بِاللَّهِ يَهْدِ قَلْبَهُ﴾[۲]

ترجمہ: اللہ کے حکم کے سوا کسی کو کوئی مصیبت نہیں پہنچتی ،اور جو اللہ پر ایمان لائے اللہ اس کے دل کو ہدایت بخشتا ہے۔

## چار چیزوں پر ایمان:

سیدنا علی رضی اللہ عنہ راوی ہیں:

((لاَ يُؤْمِنُ عَبْدٌ حَتَّى يُؤْمِنَ بِأَرْبَعٍ : يَشْهَدُ أَنْ لاَ إله إلاَّ الله وَأَنِّي رَسُولُ الله بَعَثَنِي بِالحَقِّ،وَيُؤْمِنَ بِالموْتِ،وَيُؤْمِنَ بِالْبَعْثِ بَعْدَ الموْتِ وَيُؤْمِنَ بِالْقَدَرِ خَيْرِهِ وَشَرِّهِ))[۳]

ترجمہ: کوئی بندہ اس وقت تک مؤمن نہیں ہو سکتا جب تک وہ چار چیزوں پر ایمان نہ لائے، اس بات کی گواہی دے کہ اللہ کے سوا کوئی الٰہ نہیں اور یہ کہ میں (محمد) اللہ کا رسول ہوں، مجھے اس نے حق کے ساتھ مبعوث فرمایا ہے اور موت پر ایمان لائے اور موت کے بعد اٹھائے جانے پر اور تقدیر پر ایمان لائے۔

## ایمان باللہ:

اللہ تعالیٰ پر ایمان لانا ہی دین اسلام میں داخل ہونے کی بنیاد ہے، جس کے متعلق ارشاد خداوندی ہے:

﴿إِنَّ الَّذِينَ قَالُوا رَبُّنَا اللَّهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوا فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ﴾[۴]

ترجمہ: بے شک جن لوگوں نے کہا ہمارا پروردگار اللہ ہے پھر وہ اس پر ثابت قدم رہے پس انہیں نہ کوئی خوف ہے اور نہ وہ غم میں مبتلا ہوں گے۔

---

(۱) سورۃ التوبۃ۹: ۵۱

(۲) سورۃ التغابن ۶۴: ۱۱

(۳) (علامہ البانی نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے)، سنن الترمذي، حدیث نمبر: ۲۱۴۵، ۴/۴۵۲

(۴) سورۃ الاحقاف ۴۶: ۱۳

حضرت سفیان بن عبداللہ ثقفی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں:

قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللهِ، قُلْ لِي فِي الْإِسْلَامِ قَوْلًا لَا أَسْأَلُ عَنْهُ أَحَدًا بَعْدَكَ قَالَ: ((قُلْ: آمَنْتُ بِاللهِ، فَاسْتَقِمْ))(۱)

ترجمہ: میں نے عرض کیا اے اللہ کے رسول ﷺ مجھے اسلام کے بارے میں ایسی بات بتا دیجئے کہ آپ ﷺ کے بعد پھر میں کسی سے اس کے بارے میں کچھ نہ پوچھوں آپ ﷺ نے فرمایا: تو کہہ میں اللہ پر ایمان لایا پھر اس پر جمے رہو۔

اس حدیث پاک میں مختصر الفاظ میں پورے دین کا خلاصہ پیش کر دیا گیا ہے۔ اللہ پر ایمان لانا در حقیقت دین کی اصل بنیاد ہے۔ بندہ اللہ کو تمام صفات کے ساتھ مانے۔ بندہ جب کسی اور کو اپنا معبود سمجھ لیتا ہے اور خدائی میں شریک کر لیتا ہے اور اس سے اس طرح کی امیدیں وابستہ کر لیتا ہے جو صرف خدا سے ہی کی جاتی ہیں تو اس نے اپنے اور اپنے حقیقی خدا کے درمیان ایسی دوری پیدا کر لی ہے کہ وہ خدا کی مغفرت و رحمت کا مستحق نہیں رہتا۔ اگر وہ اپنے رویئے میں تبدیلی پیدا کر کے ایک خدا کا پرستار بن جائے تو اللہ تعالیٰ اس کے قصور معاف کر دیتا ہے اور اگر شرک کی حالت میں مرا تو اللہ تعالیٰ کی رحمت و مغفرت سے دور رہا۔

## ایمان بالرّسل:

انسان کو دنیا میں جہاں غذا پانی اور روشنی کی ضرورت ہے وہاں ایک ضرورت یہ بھی ہے ایسا رہنما ہو جو اسے خدا کا راستہ بتا سکے۔ جو اسے بتائے کہ اسے دنیا میں کس مقصد کے لیے بھیجا گیا ہے۔ مقصد حیات کو جاننے کے لیے انبیاء بھیجے گئے۔ گمراہی اور ضلالت سے بچنے کے لیے ضروری ہے کہ آدمی رسل علیھم السلام پر ایمان لائے اور ان کی اطاعت کرے۔ ایک شخص نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے کہا:

((يَا رَسُول الله أَرَأَيْت رجلا من النَّصَارَى ممسكا بالإنجيل))(۲)

ترجمہ: یا رسول اللہ ایک شخص عیسائی ہے جو انجیل کو مضبوطی سے پکڑے ہوئے ہے، ایک شخص یہودی ہے جو تورات پر عمل کرتا ہے، وہ اللہ اور رسول پر بھی ایمان رکھتا ہے۔ وہ آپ ﷺ کی تعلیمات نہیں مانتا تو فرمایئے اس کا کیا حکم ہے، آپ ﷺ فرماتے ہیں: جس یہودی اور عیسائی نے میرے بارے میں سنا پھر اس نے میری اتباع نہ کی وہ دوزخ کی آگ میں جانے والا ہے۔

---

(۱) صحیح مسلم، بَابُ جَامِعِ أَوْصَافِ الْإِسْلَامِ ،حدیث نمبر:۳۸، ۶۵/۱

(۲) اللمع فی اسباب الحدیث، لجلال الدین السیوطی، رسالة الماجستیرتحقیق: عبد العزیز سعد ،حدیث نمبر:۲۵۸، ۱۹۷۹ء، ص:۲۰۷

خالق کریم نے انبیا کا سلسلہ شروع فرمایا، اس سلسلے میں آخری نبی ہمارے پیارے آقا ﷺ ہیں۔ آپ ﷺ کی ختم نبوت پر کامل ایمان ہی نجات کا باعث بنے گا۔ ارشاد ربانی ہے:

﴿مَا كَانَ مُحَمَّدٌ أَبَا أَحَدٍ مِنْ رِجَالِكُمْ وَلَكِنْ رَسُولَ اللَّهِ وَخَاتَمَ النَّبِيِّينَ وَكَانَ اللَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمًا﴾ (۱)

ترجمہ: محمد ﷺ تمہارے مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں ہیں بلکہ وہ اللہ کے رسول اور خاتم النبیین ہیں اور اللہ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے۔

## ایمان بالقدر:

حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول ﷺ نے فرمایا:

((لاَ يُؤْمِنُ عَبْدٌ حَتَّى يُؤْمِنَ بِالْقَدَرِ خَيْرِهِ وَشَرِّهِ حَتَّى يَعْلَمَ أَنَّ مَا أَصَابَهُ لَمْ يَكُنْ لِيُخْطِئَهُ وَمَا أَخْطَأَهُ لَمْ يَكُنْ لِيُصِيبَهُ)) (۲)

ترجمہ: بندہ اس وقت تک مومن نہیں ہو سکتا جب تک کہ تقدیر پر اس کے خیر و شر کے ساتھ ایمان نہ لائے، اور جب تک یہ نہ جان لے کہ جو (خیر و شر) اس کو پہنچ گیا یہ ناممکن تھا کہ اسے نہ پہنچتا۔ اور جو نہیں پہنچا، ممکن نہ تھا کہ اس کو پہنچ جاتا۔

اللہ تعالیٰ پر اسی وقت ایمان مکمل ہوتا ہے جب تقدیر پر ایمان لائے، اس کے بغیر توحید کی تکمیل نہیں ہو سکتی۔ تقدیر پر ایمان رکھنے والا جانتا ہے کہ جو مصیبت اور راحت اسے پہنچی وہ پہنچ کر ہی رہنے والی تھی۔ اور جو نہیں پہنچی وہ پہنچنے والی نہیں تھی۔

## عصر حاضر میں اصلاح عقیدہ کے فوائد:

امتِ اسلامیہ اس وقت تک مضبوط نہیں ہو سکتی جب تک وہ رسول اللہ ﷺ کے اُس منہج کی اتباع نہ کرے جو آپ ﷺ نے اپنی دعوتی زندگی میں اختیار فرمایا، تیرہ سال مکہ مکرمہ میں اور دس سال مدینہ منورہ میں، جس پر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی تربیت ہوئی، جس کے ساتھ ان کا تزکیہ ہوا اور جس پر چلتے ہوئے ان لوگوں نے ترقی کی، اور وہ ہے کتاب اللہ اور شریعت پر عمل پیرا ہونا۔

---

(۱) سورۃ الاحزاب ۳۳: ۴۰

(۲) (علامہ البانی نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے)، سنن الترمذي، حدیث نمبر: ۲۱۴۴، ۴۵۱/۴

### درست عقیدہ کے سبب بے راہ روی سے حفاظت:

انسان کی انفرادی واجتماعی زندگی پر عقیدہ توحید کے سبب گہرے اور مثبت اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ عقیدہ توحید انسان کے ظاہری اور باطنی اعمال کو سنوار دیتا ہے۔ اور انسان دنیاوی و اخروی اعتبار سے کامیاب ہو جاتا ہے۔ اس عقیدہ سے انقلابی تبدیلیاں رونما ہوتی ہیں۔ جس کی مثال حضور اکرم ﷺ کی سیرت طیبہ سے ظاہر ہوتی ہے کہ کس طرح مختصر عرصہ میں عرب کی کایا پلٹ دی ۔ درست عقیدہ انسان کی عقل کو اُس سوچ سے آزاد کر دیتا ہے جو اسلامی عقیدے سے خالی انسان میں پائی جاتی ہے، کیونکہ جو انسان اسلامی عقیدہ سے خالی ہوتا ہے وہ یا تو محسوس چیزوں کا غلام بن جاتا ہے، یا پھر مختلف گمراہیوں اور خرافات میں ٹامک ٹوئیاں مارتا ہے، جبکہ اسلامی عقیدہ انسان کی عقل کو جلا بخشتا ہے اور اسے اندھیروں سے نکال کر روشنی کی طرف لاتا ہے۔

### سکون قلب کا ذریعہ:

سوچ و فکر میں جب تک سکون اور اطمینان نہیں ہوگا، سکون قلب نصیب نہیں ہوگا کیونکہ یہ عقیدہ انسان کو اس کے خالق سے ملانے کا ایک ذریعہ ہے اور اسی کے ذریعے وہ اپنے رب کو راضی کرتا ہے۔ اللہ کی یاد سے اسے اتنا دلی اطمینان نصیب ہوتا ہے کہ وہ ہر قسم کی پریشانیوں سے نجات پا جاتا ہے:

﴿ أَلَا بِذِكْرِ اللَّهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوبُ﴾ (۱)

ترجمہ: بے شک دلوں کا سکون اللہ کے ذکر میں ہے۔

یعنی انسان پوری دنیا میں سکون کی تلاش کر لے نہیں ملے گا۔ کیونکہ حق تعالیٰ نے خود بتا دیا کہ دلوں کا سکون میری یاد میں ہے۔ جو دل میں یاد خدا بسائے گا وہ روحانی سکون پائے گا۔ اسلامی عقیدے کو اختیار کرنے سے نیت اور عمل کی سلامتی نصیب ہوتی ہے اور انسان اللہ تعالیٰ کی عبادت اور لوگوں کے حقوق کی ادائیگی میں انحراف سے بچ جاتا ہے۔ کیونکہ اسلامی عقیدہ کی بنیادی باتوں میں سے ایک رسولوں پر ایمان لانا ہے اور ان پر ایمان لانے سے ان کے طریقے کی اتباع واجب ہو جاتی ہے جو کہ ہر قسم کے انحراف سے پاک ہے۔

### جوابدہی کا احساس:

اسلامی عقیدہ کے مطابق مرنے کے بعد دوبارہ زندہ ہونا اور اعمال کی جزاء ملنا، یہ ایمان کا حصہ ہے۔ اس وقت تمام لوگوں کی پیشی اللہ رب العزت کے سامنے ہوگی اور حال یہ ہوگا کہ اگر کوئی انسان چاہے گا کہ وہ اللہ کے سامنے حاضر نہ ہو اور

---

(۱) سورۃ الرعد ۱۳ : ۲۸

زمین وآسمان کے کسی گوشے سے کہیں نکل بھاگے تو ایسا کوئی راستہ نہیں پائے گا اور اسے چاہے نہ چاہے اللہ تعالیٰ کے سامنے لا کھڑا کیا جائے گا۔ رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں:

((مَا مِنْكُمْ مِنْ أَحَدٍ إِلَّا سَيُكَلِّمُهُ اللهُ، لَيْسَ بَيْنَهُ وَبَيْنَهُ تُرْجُمَانٌ، فَيَنْظُرُ أَيْمَنَ مِنْهُ فَلَا يَرَى إِلَّا مَا قَدَّمَ))(۱)

ترجمہ: تم میں ہر فرد سے اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس طرح کلام فرمائے گا کہ اللہ تعالیٰ اور بندے کے درمیان کوئی ترجمان نہ ہوگا پس وہ اپنی داہنی جانب ان اعمال کو دیکھے گا جو اس نے آگے بھیجے ہیں۔

ہر ایک کی بد اعمالیوں کے مطابق درجہ بندی کرکے جہنم رسید کیا جائے گا۔ اس کے برعکس جو عقائد و اعمال کی درستگی کے ساتھ حشر کے میدان میں قدم رکھے گا اور نیکیوں و بھلائیوں کا ذخیرہ اس کے ساتھ ہوگا، وہ اسی کے مطابق اجر وثواب پائے گا، جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: :

﴿ وَلِكُلٍّ دَرَجَاتٌ مِمَّا عَمِلُوا وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا يَعْمَلُونَ ﴾ (۲)

ترجمہ: اور ہر ایک کو ان کے اعمال کے سبب درجے ملیں گے اور آپ کا رب ان کے اعمال سے بے خبر نہیں ہے۔

اس کے مخاطب جن وانس کے گروہ ہیں، جن کے پاس انبیاء اور رسولوں کی آمد برابر ہوتی رہی۔ انبیاء انہیں اپنی بعثت کے مقصد سے آگاہ بھی کرتے رہے، اس کے باوجود اگر ان کے اندر عقائد و اعمال کی خرابیاں و بگاڑ پیدا ہوا تو وہ اپنے جرائم کے اعتبار سے سزاؤں کے حق دار ہوں گے۔

عقیدہ آخرت کے اثرات انسان کی زندگی پر لامحالہ پڑتے ہیں۔ جواب دہی کا احساس اسے نیکی و تقویٰ کی راہ پر گامزن کرتا ہے، اس کے افکار و نظریات کو ایمان کے رنگ میں رنگ دیتا ہے، اس کا ایمان اسے اخلاق حسنہ اور اعمال صالحہ کی بلندیوں پر پہنچا دیتا ہے۔ اسی بناء پر پختہ عقیدے کا حامل انسان تمام امور میں سنجیدہ ہوتا ہے اور اسے نیک عمل کرنے کا جو بھی موقعہ ملتا ہے وہ اجر وثواب کے حصول کی خاطر اسے غنیمت تصور کرتا ہے، اور جہاں کہیں وہ کسی گناہ کے قریب جاتا ہے تو عذابِ الٰہی کے ڈر سے اس سے دور رہتا ہے۔

---

(۱) صحیح مسلم، حدیث نمبر: ۱۰۱۶، ۲/ ۷۰۳

(۲) سورۃ الأنعام ۶: ۱۳۲

## عصرِ حاضر میں امت واحدہ کی تشکیل کا سبب:

اسلامی عقیدہ امتِ واحدہ کے فروغ کا سبب ہے۔یہ عقیدہ ایک ایسی مضبوط امت تشکیل دیتا ہے جو باطل کا ڈٹ کر مقابلہ کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ایسا شخص اپنے دین کی خاطر اپنی ہر چیز کو چاہے قیمتی ہو یا ہلکی قربان کر دیتا ہے۔اور اس سلسلے میں پیش آنے والی کسی مصیبت کی پرواہ نہیں کرتا۔اس کے متعلق اللہ تعالی کا فرمان ہے:

﴿إِنَّمَا الْمُؤْمِنُونَ الَّذِينَ آمَنُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ ثُمَّ لَمْ يَرْتَابُوا وَجَاهَدُوا بِأَمْوَالِهِمْ وَأَنْفُسِهِمْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ أُولَئِكَ هُمُ الصَّادِقُونَ﴾ (۱)

ترجمہ: مومن وہ لوگ ہیں جو اللہ اور اسکے رسول پر ایمان لاتے ہیں پھر شک وشبہ نہیں کرتے اور اپنے مالوں اور جانوں کے ذریعے اللہ کی راہ میں جہاد کرتے ہیں یہی لوگ سچے ہیں۔

## حاصل کلام:

۱- بارگاہ رب العزت میں اعمال کی قبولیت کے لیے درست عقیدہ نہایت ضروری اور نا گزیر ہے۔

۲- نبی ﷺ کی تشریف آوری کے وقت پورہ عرب معاشرہ شرک، بت پرستی، ستارہ پرستی، مجوسیت، دہریت، اور توہم پرستی وغیرہ کا شکار تھا، جس پر آپ ﷺ نے تیرہ سال مکہ مکرمہ میں محنت کی اور جسے مدینہ منورہ میں بھی جاری رکھا گیا۔

۳- شرک ایک ایسا عمل ہے کہ جس کے علاوہ اللہ تعالیٰ جو چاہے گا معاف فرمادے گا، لیکن مشرک کو معافی نہیں ملے گی۔

۴- اسی بنیاد پر اور انسانیت کی خیر کواہی میں دین اسلام نے عقائد باطلہ کی نفی کی اور ایک اللہ بزرگ و برتر کی طرف سب کو بلایا۔

۵- اسلام میں اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کا درس دیا گیا ہے، جس نے انسانوں کے اذہان و قلوب کے اندر یہ عقیدہ اس قدر پختہ کیا کہ خیر وشر، نفع ونقصان کا مالک صرف اللہ تعالیٰ ہے۔

۶- اسی لیے تمام انسانوں کے لیے نجات کا واحد راستہ دین اسلام ہے، جو اتباع مصطفیٰ ﷺ کا دوسرا نام ہے۔

---

(۱) سورۃ الحجرات ۴۹: ۱۵

## فصل دوم:

# عبادات کی اصلاح

عبادت کا اطلاق روزمرہ کی زندگی کے تمام معاملات پر ہوتا ہے۔ محض یہی عبادت نہیں کہ نماز، روزہ، حج وزکاۃ بلکہ جھوٹ نہ بولنا بھی عبادت ہے، کاروبار میں ہیرا پھیری نہ کرنا بھی عبادت ہے، کسی کی دل آزاری نہ کرنا بھی عبادت ہے، لوگوں کے لیے آسانیاں پیدا کرنا بھی عبادت ہے۔ جاہلی دور میں جتنے بھی ادیان باطلہ تھے انھوں نے اللہ تعالیٰ کی عبادت کی شکل کو بگاڑ رکھا تھا۔ ایک بدعت یہ بھی تھی کہ انہوں نے بیرونِ حرم کے باشندوں کو حکم دے رکھا تھا کہ وہ حرم میں آنے کے بعد پہلا طواف حمس (بہادر اور گرم جوش، اس سے قریش مراد ہیں) سے حاصل کیے ہوئے کپڑوں میں ہی کریں۔ چنانچہ اگر ان کو کپڑا دستیاب نہ ہوتا تو مرد ننگے طواف کرتے۔ اور عورتیں اپنے سارے کپڑے اتار کر صرف ایک چھوٹا سا کھلا ہوا کرتا پہن لیتیں۔ اور اسی میں طواف کرتیں اور دوران طواف یہ شعر پڑھتی جاتیں:

اليَوْمَ يَبْدُو بَعْضُهُ أَوْ كُلُّهُ وَمَا بَدَا مِنْهُ فَلاَ أُحِلُّهُ[۱]

بیت اللہ جیسے محترم مقام پر بھی مشرکین کی یہ حالت تھی مرد وعورت برہنہ طواف کیا کرتے تھے جسے ممنوع قرار دیا گیا:

اے آدم کی اولاد اپنا لباس ہر نماز کے وقت پہن لیا کرو[۲]

اس آیت میں مشرکین کا رد ہے وہ ننگے ہو کر بیت اللہ کا طواف کرتے تھے۔ جبکہ مسلمانوں کو حکم ہوتا ہے کہ اپنا لباس پہن کر مسجدوں میں جاؤ، اللہ تعالیٰ زینت کر لینے کا حکم دیتا ہے۔ زینت سے مراد لباس ہے اور لباس وہ ہے جو اعضاء مخصوصہ کو چھپا لے[۳]

## غیر شرعی نذریں:

اس طرح نذر بھی عبادت ہے اس کا پورا کرنا اسلام میں مطلوب ہے بشرطیکہ وہ حرام اور ممنوع نہ ہو۔ اس میں مشرکین کے جو غلط نظریات تھے ان کی اصلاح کی گئی۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ:

نبی ﷺ خطبہ ارشاد فرما رہے تھے: دیکھا کہ ایک آدمی (دھوپ میں) کھڑا ہے۔ آپ ﷺ نے اس کے بارے میں پوچھا تو صحابہ کرام رضی اللہ عنھم نے جواب دیا کہ یہ ابو اسرائیل ہے، اس نے نذر مانی ہے کہ وہ دھوپ میں کھڑا رہے گا،

---

(۱) صحیح مسلم، حدیث نمبر: ۳۰۲۸، ۲۳۳۰/۴

(۲) سورۃ الأعراف ۷: ۳۱

(۳) تفسیر ابن کثیر، ۱۵۸/۲

بیٹھے گا نہیں، سائے والی جگہ نہیں جائے گا، نہ ہی کلام کرے گا اور روزہ رکھے گا۔

((قَالَ النَّبِيُّ ﷺ: مُرْهُ فَلْيَتَكَلَّمْ وَلْيَسْتَظِلَّ وَلْيَقْعُدْ، وَلْيُتِمَّ صَوْمَ))(۱)

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: اسے کہو کہ وہ گفتگو کرے، سائے میں بیٹھے اور اپنے روزے کو پورا کرے۔

## رہبانیت کی خود ساختہ پابندیاں اور ان کی اصلاح:

حضرت مسیح کے متبعین نے بے دین بادشاہوں سے تنگ ہو کر اور دنیا کے مسائل سے گھبرا کر ایک بدعت رہبانیت کی نکالی۔ جس کا حکم اللہ کی طرف سے نہیں دیا گیا تھا۔ نیت ان کی یہ تھی کہ اللہ کی خوشنودی حاصل کریں۔ پھر اس کو پوری طرح نباہ نہ سکے۔ شریعت حقہ اسلامیہ نے اس اعتدال فطری سے متجاوز رہبانیت کی اجازت نہیں دی۔ یہ طرزِ زندگی، حق کے متلاشیوں نے خود اختیار کیا تھا، ان پر فرض نہیں کیا گیا تھا۔ ارشاد ربانی ہے:

﴿وَرَهْبَانِيَّةً ابْتَدَعُوهَا مَا كَتَبْنَاهَا عَلَيْهِمْ إِلَّا ابْتِغَاءَ رِضْوَانِ اللَّهِ﴾(۲)

ترجمہ: اور رہبانیت کی بدعت انہوں نے خود ایجاد کر لی تھی۔ اسے ہم نے اُن پر فرض نہیں کیا تھا۔ مگر (انہوں نے یہ بدعت) محض اللہ کی رضا حاصل کرنے کے لیے (شروع کی تھی)۔

ایک حدیث میں حضور نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

((لَا رَهْبَانِيَّةَ فِي الْإِسْلَام أَي لَا تبتل وَلَا اختصاء))(۳)

ترجمہ: اسلام میں کوئی رہبانیت نہیں ہے یعنی نہ بیوی کو ترک کرنا ہے اور نہ اپنی قوت کو ختم کرنا ہے۔

اسلام سے پہلے ادیان میں بے جا قسم کی پابندیاں اور سختیاں در آئی تھیں اور رہبانیت میں غلو کی حد تک چیزیں شامل ہو گئی تھیں بنو اسرائیل نے کچھ چیزیں خود بخود حرام کر لی تھیں، جب کہ اللہ تعالی نے انہیں اس کا حکم نہیں دیا:

﴿كُلُّ الطَّعَامِ كَانَ حِلًّا لِبَنِي إِسْرَائِيلَ إِلَّا مَا حَرَّمَ إِسْرَائِيلُ عَلَى نَفْسِهِ مِنْ قَبْلِ أَنْ تُنَزَّلَ التَّوْرَاةُ قُلْ فَأْتُوابِالتَّوْرَاةِ فَاتْلُوهَا إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ﴾(۴)

ترجمہ: بنی اسرائیل کے لیے (تورات کے نازل ہونے سے) پہلے کھانے کی تمام چیزیں حلال تھیں بجز ان کے جو یعقوب علیہ السلام نے خود اپنے اوپر حرام کر لی تھیں۔ کہہ دو کہ اگر سچے ہو تو تورات لاؤ اور اسے پڑھو (یعنی دلیل پیش کرو)۔

---

(۱) صحيح البخاري، بَابُ النَّذْرِ، حدیث نمبر: ۶۷۰۴، ۱۴۳/۸

(۲) سورۃ الحدید ۵۷: ۲۷

(۳) مشارق الأنوار على صحاح الآثار، أبو الفضل عياض بن موسى، المكتبة العتيقة ودار التراث، ۳۰۰/۱

(۴) سورۃ آل عمران ۳: ۹۳

نبی ﷺ نے اصحاب کو جمع کیا پھر ان سے فرمایا:

((مَا بَالُ أَقْوَامٍ حَرَّمُوا النِّسَاءَ وَالطَّعَامَ وَالطِّيبَ وَالنَّوْمَ وَشَهَوَاتِ الدُّنْيَا، أَمَا إِنِّي لَسْتُ آمُرُكُمْ أَنْ تَكُونُوا قِسِّيسِينَ وَلَا رُهْبَانًا، فَإِنَّهُ لَيْسَ فِي دِينِي تَرْكُ اللَّحْمِ وَالنِّسَاءِ))(۱)

ترجمہ: لوگوں کو کیا ہو گیا ہے کہ وہ عورتیں، کھانے، خوشبو، اور دنیا کی لذیذ چیزوں کو اپنے اوپر حرام کرنے لگے ہیں؟ میں تمہیں درویش اور راہب و تارک دنیا بننے کا حکم دینے نہیں آیا کیونکہ گوشت کو اور عورتوں کو چھوڑ دینا میرے دین میں نہیں ہے۔

صحابہ رضی اللہ عنہم کو منفی فکر سے منع کیا اور ان کی اصلاح فرمائی:

((عَنْ عَبْدِ اللَّهِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، قَالَ: كُنَّا نَغْزُو مَعَ النَّبِيِّ ﷺ وَلَيْسَ مَعَنَا نِسَاءٌ، فَقُلْنَا: أَلاَ نَخْتَصِي فَنَهَانَا عَنْ ذَلِكَ))(۲)

ترجمہ: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، فرماتے ہیں ہم نبی ﷺ کے ساتھ جہاد کرتے تھے اور ہمارے ساتھ عورتیں نہیں ہوتی تھیں۔ تو ہم نے عرض کیا: کیا ہم اپنی مردانہ قوت ختم کر لیں آپ ﷺ نے ایسا کرنے سے منع کر دیا۔

رہبانیت میں ایک اور قاعدہ یہ ہے کہ ازدواجی زندگی بالکل حرام ہے اور شادی کرنا یہ منزل کے پانے میں رکاوٹ ہے اس لیے انہوں نے نکاح کے رشتے کو کاٹنے میں سخت بے دردی سے کام لیا۔ ان کے نزدیک جائز حصول لذت اور گناہ ہم معنٰی ہو کر رہ گئے تھے(۳) لیکن اسلام نے نہ صرف جائز لذت دنیا کو حلال قرار دیا بلکہ نکاح کو عبادت و سنت قرار دیا ہے۔ آپ ﷺ فرماتے ہیں:

((النِّكَاحُ مِنْ سُنَّتِي، فَمَنْ لَمْ يَعْمَلْ بِسُنَّتِي فَلَيْسَ مِنِّي، وَتَزَوَّجُوا، فَإِنِّي مُكَاثِرٌ بِكُمُ الْأُمَمَ، وَمَنْ كَانَ ذَا طَوْلٍ فَلْيَنْكِحْ، وَمَنْ لَمْ يَجِدْ فَعَلَيْهِ بِالصِّيَامِ، فَإِنَّ الصَّوْمَ لَهُ وِجَاءٌ))(۴)

ترجمہ: نکاح میری سنت ہے اور جس نے میری سنت پر عمل نہ کیا وہ مجھ سے نہیں۔ تم نکاح کرو بروز قیامت میں کثرت اُمت پر فخر کروں گا۔ جس کے پاس فراخ دستی ہو وہ نکاح کرے، اور جو نکاح کی استطاعت نہیں رکھتا وہ روزے رکھے بے شک روزہ اس کا توڑ ہے۔

---

(۱) روح المعاني في تفسير القرآن العظيم والسبع المثاني، شهاب الدين محمود بن عبد الله الألوسي، تحقيق: علي عبد الباري عطية، ط/۱، دار الكتب العلمية، بيروت ۱۴۱۵ ھ، ۹/۴

(۲) صحيح البخارى، بَابُ قَوْلِهِ: يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا، حدیث نمبر: ۴۶۱۵، ۶/۵۳

(۳) انقلاب رسول، رانا صابر نظامی، ادارہ تحریک اسلامی لاہور، ط/۱، ص: ۲۳

(۴) (علامہ البانی نے اس حدیث کو حسن قرار دیا ہے) سنن ابن ماجه، محمد بن يزيد أبو عبدالله القزويني، حدیث نمبر: ۱۸۴۶، ۱/۵۹۲

آپ ﷺ نے تمام ادیان کے لوگوں کو خالص توحید کی دعوت دی اور عبادت کے طریقے سکھائے۔ مروجہ عبادات کی اصلاح فرمائی۔اس فصل میں اصلاح عبادات پر گفتگو کی گئی ہے۔

## عبادت کا لغوی معنیٰ:

عبادت عربی زبان کے لفظ ''عبد'' سے مشتق ہے اور اس کا معنی آخری درجے کی عاجزی وانکساری ہے۔

وَأَصْلُ الْعُبُودِيَّةِ الْخُضُوعُ وَالذُّلُّ (۱)

ترجمہ: عبودیت کی اصل عاجزی اور ذلت کا ظاہر کرنا۔

مَعْنَى العبادةِ فِي اللُّغَةِ الطاعةُ مَعَ الخُضُوعِ (۲)

ترجمہ: عاجزی کے ساتھ اطاعت کرنا۔

## عبادت کی اصطلاحی تعریف:

العبادة: هو فعل المكلف على خلاف هوى نفسه تعظيمًا لربه(۳)

ترجمہ: مکلف کا اپنی نفسانی خواہشات کے خلاف اللہ رب العزت کی تعظیم کرتے ہوئے عمل کرنا۔

عبادت ایسے فعل کا نام ہے جو کسی کی نسبت معبود ہونے کا اعتقاد رکھتے ہوئے اس کے لیے تعظیم، عاجزی اور فروتنی کے اظہار کی خاطر صادر ہو۔

## عبادت کی اقسام:

عبادت کی تین قسمیں ہیں: عبادت بدنی: جس عبادت میں اپنے جسم سے کام لینا ناگزیر ہو۔ جیسا کہ نماز، ارشاد ربانی ہے:

﴿وَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ﴾ (۴)

ترجمہ: اور نماز قائم کرو۔

---

(۱) مختار الصحاح،زين الدين أبو عبد الله محمد بن أبي بكر بن عبد القادر الحنفي الرازي،تحقيق: يوسف الشيخ محمد،ط/۵، ،المكتبة العصرية ،الدار النموذجية، بيروت ،۱۹۹۹ء،۱/۱۹۸

(۲) لسان العرب،محمد بن مكرم بن على،جمال الدين ابن منظورالإفريقى، ط/۳ ، ،دار صادر ، بيروت، ۱۴۱۴ ھ،۳/۲۷۳

(۳) كتاب التعريفات،علي بن محمد بن علي الزين الشريف الجرجاني،تحقيق: ضبطه وصححه جماعة من العلماء بإشراف الناشر، ط/۱ ، دار الكتب العلمية بيروت ،لبنان،۱۹۸۳ء،۱/۱۴۶

(۴) سورۃ البقرۃ۲: ۴۳

عبادت مالی: جس کی ادائیگی مال خرچ کرنے سے ہو، جیسا کہ زکاۃ: ﴿وَآتُوا الزَّكَاةَ﴾[1] اور زکاۃ ادا کرو۔

عبادت بدنی و مالی: عبادت کی تیسری قسم وہ ہے جس کی ادائیگی میں بدن اور مال دونوں کو دخل ہو۔ یعنی جسم سے بھی کام لینا پڑے اور مال بھی خرچ کرنا پڑے جیسے حج[2] اور حج کے متعلق اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

﴿وَلِلَّهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ إِلَيْهِ سَبِيلًا﴾[3]

ترجمہ: اور اللہ کے لیے لوگوں پر اس کے گھر کا حج فرض ہے جو استطاعت رکھتا ہو۔

## مشرکین کی عبادات:

مشرکین کی عبادت کا ذکر کرتے ہوئے قرآن مجید حکم فرماتا ہے:

﴿وَمَا كَانَ صَلَاتُهُمْ عِنْدَ الْبَيْتِ إِلَّا مُكَاءً وَتَصْدِيَةً فَذُوقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُونَ﴾[4]

ترجمہ: اور نہیں تھی ان کی نماز خانہ کعبہ کے پاس بجز سیٹی اور تالی بجانے کے سو چکھو اب عذاب بوجہ اس کے کہ تم کفر کیا کرتے تھے۔

علامہ ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں:

ان کی عبادت بس یہی تھی کہ کعبہ میں آکر بھی جانوروں کی طرح سیٹیاں بجاتے اور تالیاں بجاتے۔ ننگے ہو کر طواف کرتے، منہ میں انگلیاں رکھ کر سیٹی کی آواز نکالتے۔ رخسار جھکاتے بس اس کو عبادت سمجھتے۔ بائیں طرف سے طواف کرتے تاکہ مسلمانوں کی عبادت میں حرج پیدا کیا جائے[5]

مکاءً کا مطلب: مَكا يَمْكو مَكْواً ومُكاءً: صَفَر. قال تعالىٰ: (وما كان صَلاتُهم عندَ البيت إلا مُكاءً وتَصْدِيَةً )[6] سیٹی بجانا۔

التَّصْدِية: التصفيق. وَيُقَال: صَدّى يُصَدِّي تَصْدِيَةً: إِذا صَفَّق[7]

تصدیہ اور تصفیق کے معنی تالی بجانا ہے۔

سیٹی بجانا یا دونوں ہتھیلیوں اور انگلیوں کو اکٹھا کر کے اسی میں پھونک ماری جائے جس سے سیٹی کی آواز پیدا

---

(۱) ایضاً ۲: ۴۳

(۲) اسلامی عبادات، مولانا محمد اسحاق صدیقی، مجلس الدعوۃ والتحقیق الاسلامی، کراچی، ص: ۱۷

(۳) سورۃ آل عمران ۳: ۹۷

(۴) سورۃ الأنفال ۸: ۳۵

(۵) تفسیر ابن کثیر، علامہ عماد الدین ابن کثیرؒ، مترجم مولانا محمد صاحب جوناگڑھی، ص: ۲۸۵/۲

(۶) الصحاح تاج اللغة وصحاح العربية،أبو نصر إسماعيل بن حماد الجوهري،ط/۴،دار العلم للملايين بيروت،۱۹۸۷ء،۲۴۹۵/۶

(۷) تهذيب اللغة،محمد بن أحمد بن الأزهري الهروي،محقق: محمد عوض مرعب،ط/۱،دار إحياء التراث العربي،بيروت،۲۰۰۱ء،۷۳/۱۲

ہو۔ تصدیہ اور تصفیق کے معنی تالی بجانا ہے۔ حضرت ابن عمر اور حضرت ابن عباس ؓ نے یہی معنی مراد لیے ہیں[۱]

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: كَانَتْ قُرَيْشٌ تَطُوفُ بِالْبَيْتِ عُرَاةً، يُصَفِّقُونَ وَيُصَفِّرُونَ، فَكَانَ ذَلِكَ عِبَادَةً فِي ظَنِّهِمْ[۲]

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ کفار طواف کعبہ بالکل ننگے ہو کر کرتے تھے سیٹیاں اور تالیاں بجانا ان کے خیال میں عبادت تھا۔

اس میں شور شرابہ اور لایعنی کھیل تماشے کے سوا کچھ نہ تھا اور نہ ان کو عجز و نیاز جو روح عبادت ہے، سے کوئی واسطہ تھا[۳] یہ تو تھی ان کی قولی اور فعلی عبادت، اب ان کی مالی عبادت کا بھی حال ملاحظہ کیجیے۔ قرآن پاک میں ارشاد ربانی ہے:

﴿إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا يُنْفِقُونَ أَمْوَالَهُمْ لِيَصُدُّوا عَنْ سَبِيلِ اللَّهِ فَسَيُنْفِقُونَهَا ثُمَّ تَكُونُ عَلَيْهِمْ حَسْرَةً ثُمَّ يُغْلَبُونَ وَالَّذِينَ كَفَرُوا إِلَى جَهَنَّمَ يُحْشَرُونَ﴾[۴]

ترجمہ: بے شک جو لوگ کافر ہیں اپنا مال خرچ کرتے ہیں کہ (لوگوں کو) اللہ کے راستے سے روکیں۔ عنقریب وہ خرچ کریں گے مگر وہ (خرچ کرنا) ان کے لئے (موجب) افسوس ہوگا۔ اور وہ مغلوب ہو جائیں گے اور کافر لوگ دوزخ کی طرف ہانکے جائیں گے۔

مندرجہ بالا آیہ میں کفار کی مالی عبادت کا حال بیان کیا گیا ہے کہ لوگوں کو اللہ کے دین سے روکنے کے لیے مال خرچ کرتے ہیں اور یہی ان کے نزدیک ان کی مالی عبادت ہے[۵]

ایک مرتبہ آپ ﷺ صحابہ رضی اللہ عنہم سے فرمانے لگے:

((لَا تُصَلُّوا عِنْدَ طُلُوعِ الشَّمْسِ فَإِنَّهَا تَطْلُعُ بَيْنَ قَرْنَيْ شَيْطَانٍ، وَيَسْجُدُ لَهَا كُلُّ كَافِرٍ))[۶]

ترجمہ: تم آفتاب کے طلوع کے وقت نماز نہ پڑھا کرو کیونکہ وہ شیطان کے دونوں سینگوں کے درمیان طلوع ہوتا ہے، اس وقت اسے کافر سجدہ کرتے ہیں۔

## قبر پرستی کی ممانعت:

قبل از اسلام قبروں کو سجدہ کرنا یہود اور نصاریٰ کا طریقہ تھا۔ لوگ قبروں کو براہ راست سجدہ کرتے اور بعض

---

(۱) تفسیر کمالین شرح اردو جلالین، مترجم، مولانا محمد نعیم، مکتبہ دار الاشاعت، کراچی، ۲۰۰۸ء، ۳۴۹/۲

(۲) الجامع لأحكام القرآن، محمد بن أحمد القرطبي، تحقيق: أحمد البردوني وإبراهيم أطفيش، ط/۲، دار الكتب المصرية القاهرة، ۱۹۶۴ء، ۴۰۰/۷

(۳) تفسیر ضیاء القرآن، پیر محمد کرم شاہ الازہری، ضیاء القرآن پبلیکیشنز، لاہور، ۱۴۰۰ھ، ۱۴۷/۲

(۴) سورة الأنفال ۸: ۳۶

(۵) تبیان القرآن، علامہ غلام رسول سعیدی، ط/۳، فرید بک سٹال لاہور، ۱۹۹۹ء، ۶۲۸/۴

(۶) (شعیب الارنؤوط اور عادل مرشد کی تحقیق کے مطابق یہ حدیث صحیح ہے) مسند الإمام أحمد بن حنبل، حدیث نمبر: ۲۲۲۴۵، ۵۸۳/۳۶

قبائل ان قبروں کے اوپر اس مدفون کا بت یا اس کی تصویر بنا کر رکھ دیتے اور اس کو سجدہ کرتے تھے۔ سجدہ کرتے ہوئے ان کا تصور یہی ہوتا تھا کہ یہ بت اور مدفون شخص اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں ہمارے شفیع ہیں[۱]

یہ جھوٹ ہی ہے کہ ان معبودان باطلہ کے ذریعے سے ان کی رسائی اللہ تک ہو جائے گی اللہ کو چھوڑ کر لوگوں کو معبود سمجھنا بھی بہت بڑی ناشکری ہے۔ایسے جھوٹوں اور ناشکروں کو ہدایت کس طرح نصیب ہو سکتی ہے ۔ اُم المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ سے مروی ہے آپ ﷺ نے یہود اور نصاریٰ کے متعلق ارشاد فرمایا:

((لَعَنَ اللَّهُ اليَهُودَ وَالنَّصَارَى، اتَّخَذُوا قُبُورَ أَنْبِيَائِهِمْ مَسْجِدًا))[۲]

ترجمہ: اللہ تعالیٰ یہودیوں اور عیسائیوں پر لعنت فرمائے انھوں نے قبور انبیاء کو سجدہ گاہ بنالیا تھا۔

اہل ایمان کو متنبہ کیا جارہا ہے کہ وہ احتیاط کریں۔آپ ﷺ نے ایسے لوگوں پر لعنت فرمائی جو قبروں کو سجدہ گاہ بناتے ہیں ، آپ ﷺ دعا مانگتے تھے۔

((اللَّهُمَّ لاَ تَجْعَلْ قَبْرِي وَثَناً يُعْبَدُ اشْتَدَّ غَضَبُ اللهِ عَلَى قَوْمٍ اتَّخَذُوا قُبُورَ أَنْبِيَائِهِمْ مَسَاجِدَ))[۳]

ترجمہ: اے اللہ میری قبر کو بت نہ بنادینا کہ اس کی عبادت کی جانے لگے۔خدا کا غصہ ان لوگوں پر بھڑک اٹھا جنھوں نے اپنے نبی کی قبروں کو سجدہ گاہ بنالیا۔

((لَمَّا كَانَ مَرض رَسُول اللَّهِ ﷺ ذَكَرَ بَعْضُ نِسَائِهِ كَنِيسَةً رَأَيَاهَا بِأَرْضِ الْحَبَشَةِ وَكَانَتْ أُمُّ سَلَمَةَ وَأُمُّ حَبِيبَةَ قَدْ أَتَتَا أَرْضَ الْحَبَشَةِ فَذَكَرْنَ كَنِيسَةً رَأَيْنَهَا بِأَرْضِ الْحَبَشَةِ يُقَالُ لَهَا: مَارِيَةُ وَذَكَرْنَ مِنْ حُسْنِهَا وَتَصَاوِيرَ فِيهَا فَرَفَعَ النَّبِيُّ ﷺ رَأْسَهُ فَقَالَ: "إِنَّ أُولَئِكَ إِذَا مَاتَ مِنْهُمُ الرَّجُلُ الصَّالِحُ بَنَوْا عَلَى قَبْرِهِ مَسْجِدًا ثُمَّ صَوَّرُوا فِيهِ تِلْكَ الصُّوَرَ وأولئك شرار الخلق عند الله تعالى))[۴]

ترجمہ: جب نبی اکرم ﷺ بیمار ہوئے تو آپ ﷺ کی بعض بیویوں نے اس گرجے کا ذکر کیا جسے ماریہ کہتے تھے۔یہ حبشہ میں تھا حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا[۵]

---

(۱) ﴿أَلَا لِلَّهِ الدِّينُ الْخَالِصُ وَالَّذِينَ اتَّخَذُوا مِنْ دُونِهِ أَوْلِيَاءَ مَا نَعْبُدُهُمْ إِلَّا لِيُقَرِّبُونَا إِلَى اللَّهِ زُلْفَى﴾، سورۃ الزمر ۳۹: ۳
ترجمہ: خبردار خالص عبادت اللہ کے لیے ہے اور جنہوں نے بنا لیے اس کے سوا اور والی اور کہتے ہیں ہم ان کی عبادت نہیں کرتے مگر محض اس لیے کہ یہ ہمیں اللہ کا مقرب بنادیں۔

(۲) صحيح البخاري، بَابُ مَا يُكْرَهُ، حدیث نمبر: ۱۳۳۰، ۸۸/۲

(۳) (شعیب الارنؤوط اور عادل مرشد کی تحقیق کے مطابق اس حدیث کی سند قوی ہے)، مسند الإمام أحمد بن حنبل، حدیث نمبر: ۷۳۵۸، ۳۱۴/۱۲

(۴) (شعیب الارنؤوط کی تحقیق کے مطابق شیخین کی شرط پر اس حدیث کی سند صحیح ہے)، صحیح ابن حبان ، حدیث نمبر: ۳۱۸۱، ۴۵۴/۷

(۵) (ام سلمہؓ: (۲۸ قبل ھ/۵۹۵ء-۵۹ھ/۶۷۹ء) ام المؤمنین ہند بنت ابو امیہ حزیفہ بنی مخزوم سے تھیں۔ والدہ کا نام عاتکہ تھا۔پہلا نکاح چچیرے بھائی سے ہوا۔دونوں میاں بیوی آغاز نبوت ہی میں اسلام لائے۔ہجرت کے بعد شوہر سے جدائی ہوگئی۔عدت گزرنے کے بعد ۴ھ میں ازواج مطہرات میں شامل ہوئیں۔ازواج مطہرات میں سب سے زیادہ عمر پائی۔اپ کی مرویات کی تعداد ۳۷۸ ہے۔اسلامی انسائیکلوپیڈیا، مدیر سید قاسم محمود، بشیر سنز پرنٹرز کراچی، ص: ۲۲۶)

اور حضرت ماریہ رضی اللہ عنہا[۱]، حبشہ جا چکی تھیں۔ انہوں نے اس کے حسن جمال اور تصویروں کا ذکر کیا تو آپ ﷺ نے اپنا سر اٹھایا اور ارشاد فرمایا: جب ان میں کوئی نیک آدمی مر جاتا تو وہ اس کی مزار بناتے اس پر گنبد تعمیر کرتے اور اس کی تصویر بناتے، یہ خدا کی مخلوق میں سب سے بدتر ہیں۔

لہٰذا قبروں پر صاحب مزار کی تصاویر لٹکانا اور وہاں پر طواف کرنا، سجدے کرنا، اور ان کی عبادت کرنا حرام ہے ان تمام عقائد سے اللہ کے رسول ﷺ نے منع فرمایا ہے۔

((لَعنَ رسولُ اللهِ زَائرَاتِ القُبورِ، والمتَّخِذين عليها المساجِدَ والسرُجَ))[۲]

ترجمہ: آپ ﷺ نے قبروں کی زیارت کرنے والیوں اور ان لوگوں پر جو ان قبروں کو سجدہ گاہ بناتے ہیں اور ان پر چراغ جلاتے ہیں لعنت فرمائی۔

## زمانہ جہالیت میں حج:

عربوں کی تمام زندگی بت پرستانہ اور مشرکانہ اعمال وافعال میں ڈوبی ہوئی تھی۔ حج جیسے مقدس عمل کو بھی انہوں نے اپنے اس غلط عقیدے کی بھینٹ چڑھا رکھا تھا۔ مشرکین کا طرز عمل یہ تھا کہ: جب حج کا احرام باندھ لیتے تو اپنے گھروں میں دروازے سے داخل نہ ہوتے تھے بلکہ پیچھے سے دیوار کود کر یا دیوار میں کھڑکی بنا کر داخل ہوتے تھے۔ نیز سفر سے واپس آکر بھی گھروں میں پیچھے سے داخل ہوتے تھے۔ قرآن مجید میں ان کی اس غلط عادت کی طرف یوں اشارہ کیا گیا ہے۔

﴿وَلَيْسَ الْبِرُّ بِأَنْ تَأْتُوا الْبُيُوتَ مِنْ ظُهُورِهَا وَلَكِنَّ الْبِرَّ مَنِ اتَّقَى وَأْتُوا الْبُيُوتَ مِنْ أَبْوَابِهَا﴾[۳]

ترجمہ: یہ کوئی نیکی نہیں کہ تم داخل ہو گھروں میں ان کے پچھواڑے سے ہاں نیکی تو یہ ہے کہ انسان تقویٰ اختیار کرے اور گھروں میں ان کے دروازوں سے آیا کرو۔

اللہ تعالیٰ نے ان خرافات سے منع فرمایا ہے۔ مولانا صفی الرحمٰن مبارکپوری رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں:

عرب اپنے اس اجڈپن کو نیکی سمجھتے تھے[۴]

---

(۱) (حضرت ماریہ: ام المؤمنین، آپ ﷺ کے بیٹے حضرت ابراہیم ان کے بطن سے تھے۔ شہنشاہ مقوقس کی طرف سے حضرت ماریہ آپ ﷺ کو تحفے میں ملی تھیں۔ اور ان کی بہن سیرین بھی۔ سیرین آپ ﷺ نے حضرت حسان بن ثابت کو عطاء کی۔ ان سے حضرت عبد الرحمان بن حسان پیدا ہوئے۔ اسد الغابۃ، ابوالحسن علی بن محمد المعروف ابن الاثیر، ط/۱، دار احیاء التراث العربی، بیروت، ۱۹۹۶ء، ۱/۶۲)

(۲) (شعیب الأرنؤوط اور عادل مرشد کی تحقیق کے مطابق یہ حدیث حسن لغیرہ ہے)، مسند الإمام أحمد بن حنبل، حدیث نمبر: ۲۰۳۰، ۳/۴۷۱

(۳) سورۃ البقرۃ ۲: ۱۸۹

(۴) الرحیق المختوم، مولانا صفی الرحمٰن مبارکپوری، المکتبۃ السلفیۃ، لاہور، ۲۰۰۰ء، ص: ۶۴

## آپ ﷺ کا واضح اعلان:

بیت اللہ کا حج وعمرہ اور طواف وغیرہ جو اجتماعی عبادت کا عظیم مظہر ہیں۔اس میں مالی اور بدنی عبادتیں جمع ہوتی ہیں اس میں تمام مشرکانہ افعال جمع ہو گئے تھے حبیب کبریا نے ان کو ختم کر دیا۔

((أَنْ لاَ يَحُجَّ بَعْدَ العَامِ مُشْرِكٌ وَلاَ يَطُوفَ بِالْبَيْتِ عُرْيَانٌ))(۱)

ترجمہ: کہ اس سال کے بعد کوئی مشرک حج نہ کرے گا، اور نہ کوئی ننگا ہو کر بیت اللہ کا طواف کرے گا۔

سورۃ توبہ کے اندر بھی ان مشرکانہ طور طریقوں کو ممنوع قرار دیا گیا اور مشرکین سے بری ہونے کا اعلان کیا گیا۔

## شرکیہ تلبیہ اور اس کی اصلاح:

وہ مشرکانہ افعال جو ناجائز اور نازیبا تھے ممنوع قرار دیے گئے اور بعض جو قابل اصلاح اعمال وافعال تھے ان کی اصلاح کی۔ان میں سے ایک تلبیہ بھی تھا وہ کہا کرتے تھے:

لَبَّيْكَ اللَّهُمَّ لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ، لَا شَرِيكَ لَكَ، إِلاَّ شَرِيكٌ هُوَ لَكَ تَمْلِكُهُ وَمَا مَلَكَ(۲)

ترجمہ: حاضر ہوں اے اللہ حاضر ہوں تیرا کوئی شریک نہیں بجز اس شریک کے جس کا تو مالک ہے اور اس کے ملک کا بھی۔

تلبیہ سے مشرکانہ کلمات وتصورات کو دور کیا اور فرمایا:

لَبَّيْكَ اللَّهُمَّ لَبَّيْكَ، لَبَّيْكَ لاَ شَرِيكَ لَكَ لَبَّيْكَ، إِنَّ الحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالمُلْكَ، لاَ شَرِيكَ لَكَ(۳)

## اہل ایمان کی عبادات کی اصلاح:

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آنحضور ﷺ نے ایک شخص کو نماز پڑھتے دیکھا جیسے ہی وہ آپ کی بارگاہ میں سلام کرنے کے لیے حاضر ہوا تو آپ ﷺ نے فرمایا: جاؤ پھر سے نماز پڑھو کیونکہ تم نے نماز نہیں پڑھی، وہ گیا اور پھر نماز پڑھی۔پھر آکر حضور ﷺ کو سلام کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: جاؤ پھر سے نماز پڑھو کیونکہ تم نے نماز نہیں پڑھی۔تین بار یہی ہوا، آخر وہ کہنے لگا: قسم اس کی جس نے آپ ﷺ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے۔میں تو اس سے اچھی نماز نہیں پڑھ سکتا مجھے سکھایئے، آپ ﷺ نے فرمایا:

---

(۱) صحیح البخاری، بَابُ مَا يَسْتُرُ مِنَ العَوْرَةِ، حدیث نمبر: ۳۶۹، ۸۲/۱

(۲) صحیح مسلم، حدیث نمبر: ۱۱۸۵، ۸۴۳/۲

(۳) صحیح البخاری، بَابُ التَّلْبِيدِ، حدیث نمبر: ۵۹۱۵، ۱۶۲/۷

((إِذَا قُمْتَ إِلَى الصَّلاَةِ فَكَبِّرْ، ثُمَّ اقْرَأْ مَا تَيَسَّرَ مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ، ثُمَّ ارْكَعْ حَتَّى تَطْمَئِنَّ رَاكِعًا، ثُمَّ ارْفَعْ حَتَّى تَعْدِلَ قَائِمًا، ثُمَّ اسْجُدْ حَتَّى تَطْمَئِنَّ سَاجِدًا، ثُمَّ ارْفَعْ حَتَّى تَطْمَئِنَّ جَالِسًا، وَافْعَلْ ذَلِكَ فِي صَلاَتِكَ كُلِّهَا))(۱)

ترجمہ: جب تو نماز کے لیے کھڑے ہو تو تکبیر کہہ، پھر جہاں سے قرآن پڑھنا آسان ہو پڑھ لو، پھر اطمینان سے رکوع کرو، پھر سر اٹھاؤ یہاں تک کہ سیدھا کھڑے ہو جاؤ پھر اطمینان سے سجدہ کرو، پھر سجدے سے سر اٹھاؤ اور اطمینان سے بیٹھو پھر دوسرا سجدہ اطمینان سے ادا کرو پھر اسی طرح ساری نماز پڑھو۔

صحابی رسول حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

((كُنَّامَعَ رَسُولِ اللَّهِ ﷺفَكُنَّا إِذَا أَشْرَفْنَا عَلَى وَادٍ، هَلَّلْنَا وَكَبَّرْنَا ارْتَفَعَتْ أَصْوَاتُنَا،فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ ارْبَعُوا عَلَى أَنْفُسِكُمْ، فَإِنَّكُمْ لاَ تَدْعُونَ أَصَمَّ وَلاَ غَائِبًا، إِنَّهُ مَعَكُمْ إِنَّهُ سَمِيعٌ قَرِيبٌ، تَبَارَكَ اسْمُهُ وَتَعَالَى جَدُّهُ))(۲)

ترجمہ: ہم نبی ﷺ کے ساتھ تھے جب ہم کسی وادی میں اترتے ہم بلند آواز سے تکبیر و تہلیل کہتے، تو آپ ﷺ نے فرمایا اپنے آپ پر رحم کھاؤ تم (معاذ اللہ) کسی بہرے اور غائب کو نہیں پکار رہے بے شک وہ تمہارے ساتھ ہے اور سننے والا ہے۔ برکتوں والا ہے اس کا نام اور اس کی عظمت بہت ہی بڑی ہے۔

## عبادت میں غلو:

اسلام نے تمام اعمال میں غلو سے منع کیا ہے۔اس سلسلے میں حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ تین آدمی نبی ﷺ کی ازواج مطہرات کے گھروں میں آئے۔ وہ نبی ﷺ کی عبادت کے متعلق پوچھ رہے تھے، پس جب انہیں بتایا گیا تو انھوں نے اس عبادت کو کم سمجھا اور کہا: ہمارا نبی ﷺ کے ساتھ کیا موازنہ،ان کے تو اگلے پچھلے تمام گناہ معاف کر دیے گئے ہیں۔ ان میں سے ایک نے کہا: میں تو ہمیشہ ساری رات نماز پڑھوں گا۔دوسرے نے کہا: میں زمانہ بھر کے روزے رکھوں گا اور کبھی افطار نہیں کروں گا۔ تیسرے نے کہا: میں عورتوں سے دور رہوں گا اور کبھی شادی نہیں کروں گا۔ پس رسول اکرم ﷺ نے ان کی باتوں کو سنا تو فرمایا:

((أَنْتُمُ الَّذِينَ قُلْتُمْ كَذَا وَكَذَا، أَمَا وَاللَّهِ إِنِّي لَأَخْشَاكُمْ لِلَّهِ وَأَتْقَاكُمْ لَهُ، لَكِنِّي أَصُومُ وَأُفْطِرُ، وَأُصَلِّي وَأَرْقُدُ، وَأَتَزَوَّجُ النِّسَاءَ، فَمَنْ رَغِبَ عَنْ سُنَّتِي فَلَيْسَ مِنِّي))(۳)

---

(۱) (علامہ البانی کے نزدیک یہ حدیث صحیح ہے)سنن الترمذی، محمد بن عیسی، ابو عیسیٰ الترمذی ، باب ما جاء فی وصف الصلاۃ، حدیث نمبر :۳۰۳،دار احیاء التراث العربی بیروت،موقع شبکہ مشکاۃ الاسلامیۃ، ۱۰۳/۲

(۲) صحیح البخاری ،باب من انتظر حتی تدفن ،حدیث نمبر:۲۹۹۲، ۵۴/۴

(۳) صحیح البخاری ،کتاب النکاح ، باب الترغیب فی النکاح،حدیث نمبر:۵۰۶۳، ۲/۷

ترجمہ: تم نے ایسے ایسے کہا ہے؟ پھر آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کی قسم! میں تم سب سے زیادہ اللہ تعالیٰ سے ڈرنے والا اور تم سب سے زیادہ اس کا تقویٰ رکھنے والا ہوں لیکن اس کے باوجود میں نفلی روزے بھی رکھتا ہوں اور چھوڑ بھی دیتا ہوں اور رات کی نماز بھی پڑھتا ہوں اور سوتا بھی ہوں اور عورتوں سے شادی بھی کرتا ہوں پس جس شخص نے میری سنت سے اعراض کیا وہ مجھ سے نہیں۔

## اہل حق کے حقوق ادا کرنا بھی عبادت:

حضرت ابو جحیفہ وہب بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے حضرت سلمان اور حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ کے درمیان بھائی چارہ قائم کیا۔ پس حضرت سلمان رضی اللہ عنہ حضرت ابو درداء سے ملنے گئے۔ انھوں نے ام درداء رضی اللہ عنہا[1] کو کام والے کپڑوں میں دیکھا تو کہا: تمہاری یہ حالت کیوں ہے؟ ام درداء نے جواب دیا: تمہارے بھائی ابو درداء کو دنیا کی کوئی حاجت ہی نہیں۔ پس اتنے میں حضرت ابو درداء تشریف لائے اور انھوں نے حضرت سلمان رضی اللہ عنہ کیلئے کھانا تیار کیا۔ اور انہیں کہا آپ رضی اللہ عنہ کھاؤ میرا تو روزہ ہے۔ حضرت سلمان نے کہا: میں نہیں کھاؤں گا جب تک کہ تم نہ کھاؤ۔ پس انھوں نے بھی کھایا۔ جب رات ہوئی تو حضرت ابو درداء تہجد کی نماز کے لیے اٹھے تو حضرت سلمان نے انہیں کہا کہ ابھی سو جاؤ۔ پس وہ سو گئے، وہ پھر نماز کے لیے اٹھنے لگے تو انھوں نے کہا کہ ابھی سوئے رہو۔ جب رات کا آخری پہر آیا تو حضرت سلمان نے کہا کہ اب اُٹھ کر نماز پڑھو۔ پس ان دونوں نے نماز تہجد ادا کی۔ پھر حضرت سلمان نے انہیں کہا:

((إِنَّ لِرَبِّكَ عَلَيْكَ حَقًّا، وَلِنَفْسِكَ عَلَيْكَ حَقًّا، وَلِأَهْلِكَ عَلَيْكَ حَقًّا، فَأَعْطِ كُلَّ ذِي حَقٍّ حَقَّهُ،فَأَتَى النَّبِيَّ ﷺ فَذَكَرَ ذَلِكَ لَهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:صَدَقَ سَلْمَانُ))[۲]

ترجمہ: بلاشبہ تمہارے رب کا تم پر حق ہے تیرے اپنے نفس کا تجھ پر حق ہے اور تیرے گھر والوں کا بھی تجھ پر حق ہے پس ہر صاحب حق کو اس کا حق دو پھر وہ (ابو درداء رضی اللہ عنہ) نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور سارا قصہ سنایا تو آپ ﷺ نے فرمایا: سلمان نے سچ کہا ہے۔

---

(۱) (حضرت امّ درداء: اس نام کی دو خواتین تھیں دونوں حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نکاح میں آئیں۔ بڑی صحابیہ تھیں۔ نام خیرہ جبکہ ابو حدرد اسلمی کی صاحبزادی ہیں۔ حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی وفات سے دو سال قبل خلافتِ عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں وفات پائی۔ سیر الصحابہ: ۱۷۰/۶)

(۲) صحيح البخاري، حدیث نمبر: ۱۹۶۸، ۳۸/۳

## عبادت میں فرحت ونشاط کا لحاظ رکھنا:

اسلام نے نہ صرف تمام انسانی افعال واعمال کو درست سمت میں پروان چڑھانے کا اہتمام کیا بلکہ فکر و نظر کو بھی درست کرنے کا اہتمام کیا۔ عبادت جو خالق کائنات سے مناجات کا ذریعہ ہے۔ اس میں توجہ اور انہاک ضروری ہے، فرحت و نشاط کا اہتمام لازمی ہے۔ ایک روایت میں آتا ہے:

نبی ﷺ مسجد میں تشریف لائے تو وہاں دو ستونوں کے درمیان ایک رسی بندھی ہوئی دیکھی تو فرمایا: یہ رسی کیسی ہے؟ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے بتایا کہ یہ ام المومنین حضرت زینب رضی اللہ عنہا کی رسی ہے، جب وہ نماز پڑھتے پڑھتے تھک جاتی ہیں تو اس رسی سے سہارا لیتی ہیں تا کہ بیدار رہ سکیں۔

((فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ: لاَ، حُلُّوهُ لِيُصَلِّ أَحَدُكُمْ نَشَاطَهُ، فَإِذَا فَتَرَ فَلْيَقْعُدْ))[1]

ترجمہ: آپ ﷺ نے فرمایا: نہیں، اسے کھول دو، تم میں ہر ایک شخص کو چاہیے کہ جب تک وہ فرحت ونشاط محسوس کرے تو نماز پڑھتا رہے، اور جب سست پڑ جائے تو بیٹھ جائے۔

الغرض اسلام وہ دین ہے جس نے فطرت کو دعوت دی ہے۔ أعمال وأفعال اور عبادات میں انسانی پہنچ کو مد نظر رکھا ہے، تا کہ دین ودنیا کے تقاضے پورے کیے جا سکیں۔

## حاصل کلام:

۱-قرآن وسنت کے احکامات کے مطابق زندگی میں جو بھی عمل کیا جائے عبادت ہے۔

۲-اہل عرب فقط شرکیہ عقائد ہی نہیں رکھتے تھے بلکہ ان کی عبادات بھی شرک پر مبنی تھیں۔

۳-وہ عقائد جو اللہ جل جلالہ سے رکھنے چاہئیں وہ بتوں کے ساتھ رکھنا شرک ہے۔

۴-بتوں کو سجدہ کرتے ہوئے مشرکین کا یہ تصور ہوتا تھا کہ یہ بت اور مدفون شخص اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں ہمارے شفیع ہیں۔

۵- اہل ایمان کو بھی غلو فی العبادۃ سے منع کیا۔

۶-ہر حق والے کو اس کا حق دینا بھی عبادت قرار دیا۔

۷-عبادت کو محض نماز روزے تک محدود نہیں کیا۔ بلکہ عبادت کا دائرہ کار وسیع کر دیا۔ جو اہل ایمان کی ساری زندگی کو محیط ہے۔

---

(۱) ایضاً، حدیث نمبر: ۱۱۵۰، ۲/۵۳

# فصل سوم:

## اسلام کا تصور جہاد اور جنگی طریق کار کی اصلاح

یہ کس قدر نامناسب بات ہے کہ اسلام جو پاکیزہ روحانی اقدار کا مذہب ہے، اسے کچھ حلقوں کی طرف سے دہشت گردی کا مترادف قرار دیا جاتا ہے۔ یہ ایک بڑا تاریخی المیہ ہے ایسے نظام کو جو تحفظ اور اعتبار پر قائم ہو، اسے دہشت گردی کا لبادہ پہنانا محض اسلام سے ناواقفیت کی علامت ہے۔ اگر کوئی شخص اسلام کے مرجع، تاریخ اور صحیح نمائندوں سے اسلام کی حقیقت معلوم کرے تو اسے پتہ چلے گا کہ اسلام سختی، ظلم، یا شدت پسندی پر مشتمل نہیں ہے۔ یہ عفو و درگذر اور تحمل کا مذہب ہے۔

اسلام دنیا کے تمام معاملات کے بارے میں واضح بیان فرماتا ہے۔ اور اس کو ڈیل کرنے کا اپنا ایک واضح موقف رکھتا ہے۔ اسی طرح انسانی معاملات کو ڈیل کرنے کا ایک طریقہ جہاد بھی ہے۔ لیکن اس کا اپنا ایک انداز ہے۔ اسلام میں جنگ کا مقصد نہ آتش انتقام بجھانا ہے نہ مال و منال کا حصول ہے نہ ہوس ملک گیری کی تسکین ہے اور نہ شوق حکمرانی کی تکمیل ہے اسلام نے پہلے ہی قدم پر اپنے فوجی نظام کو اخلاقی حدود کا پابند کیا، ظلم و سفاکی کے تمام طریقوں کو ختم کر کے جنگ کا ایک نیا تصور پیش کیا اور اسے جہاد فی سبیل اللہ کا ایک حسین قالب عطا فرمایا۔ اس فصل میں نبی کریم ﷺ نے جس انداز سے جہاد کرنے کی تعلیم دی اس پر گفتگو کی گئی ہے۔

بہت سے الفاظ ایسے ہیں جو وضع تو ہوتے ہیں کسی وسیع مفہوم کو ادا کرنے کے لیے لیکن رفتہ رفتہ ان کی وسعت میں تنگی پیدا ہوتے ہوتے بہت ہی محدود قسم کا مفہوم باقی رہ جاتا ہے، ان ہی میں لفظ "جہاد" بھی شامل ہے۔

### جہاد کا لغوی معنی:

جہاد "جہد" سے بنا ہے، اور جہد کے معنٰی ہیں:

الجهْد: بِالضَّمِّ وَالْفَتْحِ: الجُهْد، بِالضَّمِّ: الطَّاقَةُ، والجَهْد، بِالْفَتْحِ: مِنْ قَوْلِكِ اجْهَد جَهْدك فِي هَذَا الأَمرأَي ابْلُغْ غَايَتَكَ[1]

ترجمہ: جہد، ج کے ضمہ اور فتحہ کے ساتھ مستعمل ہے۔ ضمہ کے ساتھ اس کے معنی ہیں: قدرت، طاقت، صلاحیت، اور فتحہ کے ساتھ اس کے معنٰی ہیں کسی کام میں اس قدر کوشش کرنا کہ اپنے مقصد تک پہنچ جانا۔

---

(۱) لسان العرب، محمد بن مکرم بن علی ، جمال الدين ابن منظور الأنصاري الإفريقى ، ط/۳، دار صادر، بيروت ۱۴۱۴ ھ، ۱۳۴/۳

## جہاد کا اصطلاحی مفہوم:

اصطلاح میں جہاد اس سعی بلیغ کو کہتے ہیں جو اعلائے کلمۃ اللہ یعنی دین کی سربلندی کے لیے کی جاتی ہے خواہ یہ کوشش تن تنہا ہو یا گروہ کی صورت میں، زبانی ہو یا قلمی، مالی ہو یا جانی لیکن بہر حال اس انتہائی جدوجہد اور کمال درجہ کی محنت و کوشش میں نصب العین غلبہ دین ہونا چاہیے ورنہ اس کوشش کو شریعت کی نظر میں جہاد قرار نہیں دیا جاسکتا(۱)

(الْجِهَاد) (شرعا) قتال من لَيْسَ لَهُم ذمَّة من الْكفَّار(۲)

ترجمہ: شرعی اعتبار سے جہاد یہ ہے ان کافروں سے جنگ کرنا جو ذمی نہ ہوں۔

اسلام نے جس طرح عقائد، عبادات اور دیگر اعمال کی اصلاح کی ہے اسی طرح لڑائی اور جھگڑوں کے اعمال کو بھی منظم کیا ہے۔ اسلام سے پہلے جس طرح لوگ شوق حکمرانی یا زور دکھانے اور رعب جمانے، یا مال کے حصول کے لیے بے دریغ قوت استعمال کر کے انسانیت کو داؤ پر لگا دیتے، ان تمام اعمال کو منظم کیا اور ایک رخ عطاء کیا اور مقاصد متعین کیے۔ قرآن میں موجود جہاد کی آیات جو اس طرح کے خاص حالات کے تحت اتری تھیں ۔ کچھ لوگوں نے اسے غلط رنگ دے کر یہ نتیجہ اخذ کر لیا ہے کہ اسلام بدنیتی اور نفرت کا درس دیتا ہے۔ حالانکہ اس کے برعکس مسلمان تو تمام مخلوقات کیلئے محبت اور الفت سے بھرپور رہتے ہیں۔ جہاد کے وسیع دائرہ میں اگرچہ ہر قسم کی جدوجہد شامل ہے لیکن اس کی اعلیٰ ترین مثال قتال ہے جس میں آدمی اللہ کی خاطر اپنا سب کچھ قربان کرنے کو تیار ہو جاتا ہے(۳)

## جہاد کی اقسام:

داخلی جہاد، جہاد بالنفس، جہاد بالعلم، جہاد بالمال، فکری جہاد، مسلح اور جہاد بالسیف۔

## داخلی جہاد:

اسلام داخلی جہاد کا حکم دیتا ہے تاکہ معاشرے کی تطہیر ہو اور برائیاں

---

(۱) پیغمبر امن، حضرت محمد رسول اللہ، ڈاکٹر حمید اللہ، مکتبہ دانیال، لاہور، ۲۰۱۰، ص: ۷۵

(۲) المعجم الوسيط ،مجمع اللغة العربية بالقاهرة، ابراهيم مصطفى ،دار الدعوة، ۱۴۲/۱

(۳) ﴿قُلْ إِنْ كَانَ آبَاؤُكُمْ وَأَبْنَاؤُكُمْ وَإِخْوَانُكُمْ وَأَزْوَاجُكُمْ وَعَشِيرَتُكُمْ وَأَمْوَالٌ اقْتَرَفْتُمُوهَا وَتِجَارَةٌ تَخْشَوْنَ كَسَادَهَا وَمَسَاكِنُ تَرْضَوْنَهَا أَحَبَّ إِلَيْكُمْ مِنَ اللَّهِ وَرَسُولِهِ وَجِهَادٍ فِي سَبِيلِهِ فَتَرَبَّصُوا حَتَّى يَأْتِيَ اللَّهُ بِأَمْرِهِ وَاللَّهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفَاسِقِينَ﴾، سورۃ التوبۃ ۹: ۲۴

ترجمہ: تم فرماؤ اگر تمہارے باپ اور تمہارے بیٹے اور تمہارے بھائی اور تمہاری عورتیں اور تمہارا کنبہ اور تمہاری کمائی کے مال اور وہ سودا جس کے نقصان کا تمہیں ڈر ہے اور تمہارے پسند کے مکان یہ چیزیں اللہ اور اس کے رسول ﷺ اور اس کی راہ میں لڑنے سے زیادہ پیاری ہوں تو انتظار کرو یہاں تک کہ اللہ اپنا حکم لائے اور اللہ فاسقوں کو راہ نہیں دیتا۔

ختم ہوں[۱] نیکی کی دعوت عام کرنااور برائی سے روکناموجودہ دور میں بہت بڑاجہاد ہے۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

((مَنْ رَأَى مِنْكُمْ مُنْكَرًا فَلْيُغَيِّرْهُ بِيَدِهِ، فَإِنْ لَمْ يَسْتَطِعْ فَبِلِسَانِهِ، فَإِنْ لَمْ يَسْتَطِعْ فَبِقَلْبِهِ، وَذَلِكَ أَضْعَفُ الْإِيمَانِ))[۲]

ترجمہ: جو شخص کوئی برائی دیکھے اسے اپنے ہاتھ سے بدل دے اگر قدرت نہیں رکھتا تو زبان سے برا کہے اور اگر زبان سے برا نہیں کہہ سکتا تو دل میں براجانے اور یہ ایمان کا ضعیف ترین درجہ ہے۔

## جہاد بالنفس:

جہاد بالنفس کو جہاد اکبر کہا جاتا ہے، یہ جہاد کا وہ مرحلہ ہے جسے سر کیے بغیر انسان جہاد کے کسی اور میدان میں کامیابی حاصل نہیں کر سکتا، حضرت محمد ﷺ کا فرمان ہے:

((الْمُجَاهِدُمَنْ جَاهَدَ نَفْسَهُ فِي سَبِيلِ اللهِ))[۳]

ترجمہ: مجاہد وہ ہے جو اپنے نفس سے اللہ کے راستے میں جہاد کرے۔

کیونکہ موجودہ دور میں انسان کا برائیوں سے رکنا اور نیکیوں پر کار بند رہنا، بہت مشکل ہے اس لیے جہاد بالنفس کو جہاد اکبر کہا گیا ہے۔

## جہاد بالعلم:

بھٹکی ہوئی انسانیت کو اپنے علم کے ذریعے راہ راست پر لانا علمی جہاد ہے۔ یہ وہ میدان ہے جس میں آپ ﷺ نے ہجرت کے بعد پوری جانفشانی سے قدم رکھا اور اپنے صحابہ کرام کو صفہ میں اس اہم کام پر لگایا اور معاشرے میں متنوع خدمات سرانجام دینے کی لیے بہترین کارکنان وخدمت گزار، شاہسوار پیدا کیے جنہوں نے انسانیت کی بہترین خدمت کی۔

## فکری جہاد:

فکری جہاد ذہنوں میں تبدیلی لانے کا نام ہے۔ موجودہ دور میں جہاد کی یہ قسم مفقود ہوتی جارہی ہے۔ مسلمان فکری ناپختگی کی وجہ سے دشمن کی ریشہ دوانیوں کا شکار رہتے ہیں۔ مسلمان اندرونی کمزوری کے ساتھ ساتھ بیرونی دباؤ کا شکار رہتے ہیں اور کسی قسم کے مقابلے کی ہمت نہیں رکھتے، اسی لیے فرمایا:

---

(۱) ﴿كُنْتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَتُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ﴾ سورۃ آل عمران۳: ۱۱۰
ترجمہ: تم بہترین امت ہو جو ظاہر کی گئی ہے لوگوں کے لیے تم حکم دیتے ہو نیکی کا اور روکتے ہو برائی سے اور ایمان رکھتے ہو اللہ پر۔

(۲) صحيح مسلم، بَابُ بَيَانِ كَوْنِ النَّهْيِ ،حدیث نمبر:۴۹، دار إحياء التراث العربي،بيروت، ۶۹/۱

(۳) (علامہ البانی نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے)، سنن الترمذي، حدیث نمبر: ۱۶۲۱، ۱۶۵/۴

((قُلْ: آمَنْتُ بِاللَّهِ، ثُمَّ اسْتَقِمْ))(۱)

ترجمہ: تو کہہ میں اللہ پر ایمان لایا، پھر ثابت قدم ہو جا۔

## مسلح جہاد

مسلح جہاد اسلام دشمن قوتوں کے خلاف، آخری حربہ قرار دیا گیا ہے (۲) کیونکہ جب جہاد کی دیگر قسمیں کارگر نہیں ہوتیں تو پھر اس کا سہارا لیا جاتا ہے۔ اور اللہ کی طرف سے بھی ہمت اور پیش قدمی کا حکم ہوتا ہے:

﴿وَقَاتِلُوهُمْ حَتَّى لَا تَكُونَ فِتْنَةٌ وَيَكُونَ الدِّينُ لِلَّهِ فَإِنِ انْتَهَوْا فَلَا عُدْوَانَ إِلَّا عَلَى الظَّالِمِينَ﴾(۳)

ترجمہ: اور ان سے لڑتے رہو یہاں تک کہ فتنہ نہ رہے اور دین صرف اللہ کے لیے ہو جائے ۔ پھر اگر وہ باز آ جائیں تو ظالموں کے سوا ان پر سختی جائز نہیں ہے۔

قتال کا سبب کفر ہے۔ ایک قول کے مطابق فتنہ سے مراد کفر ہے اور جہاد کی غرض وغایت کفر کا خاتمہ ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ ، حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ وغیرہم نے فرمایا: یہاں فتنہ سے مراد شرک اور وہ تمام چیزیں ہیں جو مسلمانوں کی اذیت کا باعث تھیں۔ اگر وہ اسلام قبول کر لیں کفر سے باز آ جائیں یا جزیہ ادا کریں تو ان سے قتال نہیں کیا جائے گا، وگرنہ قتال ضروری ہے (۴)

یہ دو طرح سے سرانجام دیا جا سکتا ہے۔ اقدامی اور دفاعی۔ حالات اور واقعات کے تقاضوں کے پیش نظر دین اسلام کی حفاظت اور سربلندی کے لیے اس سے دریغ نہیں کیا جائے گا، جس کے بارے میں آنحضور ﷺ نے ارشاد فرمایا:

((مَنْ مَاتَ وَلَمْ يَغْزُ، وَلَمْ يُحَدِّثْ نَفْسَهُ بِالْغَزْوِ مَاتَ عَلَى شُعْبَةٍ مِنَ النِّفَاقِ))(۵)

ترجمہ: جو شخص اس حال میں فوت ہوا کہ نہ اس نے جہاد کیا اور نہ ہی اسے جہاد کا شوق پیدا ہوا تو وہ منافقت کی موت مرا۔

موجودہ دور میں اگر اس کو عملی جامہ نہ پہنایا گیا تو دنیا ظلم اور بربریت کی آماجگاہ بن جائے گی، جیسا کہ آج کل حالات چل رہے ہیں۔ دنیا کے کونے کونے میں ظلم وحشت اور دہشت کو روکنے کا بس یہ ایک ذریعہ ہے، ورنہ ہر جگہ افغانستان، کشمیر، فلسطین اور روہنگیا برما جیسا نقشہ پیش ہوتا رہے گا۔

---

(۱) صحیح مسلم، بَابُ جَامِعِ أَوْصَافِ ،حدیث نمبر: ۳۸، ۶۵/۱

(۲) اسلام کا نظام حیات، ڈاکٹر لیاقت علی خان نیازی، سنگ میل پبلیکیشنز، لاہور، ۲۰۰۷ء، ص: ۱۸۲

(۳) سورۃ البقرۃ ۲: ۱۹۳

(۴) تفسیر قرطبی، مترجم: جسٹس محمد کرم شاہ، ط/۱، ضیاء القرآن پبلی کیشنز، لاہور، ۲۰۱۲ء، ۸۰۷/۱

(۵) صحیح مسلم، بَابُ ذَمِّ مَنْ مَاتَ، حدیث نمبر: ۱۹۱۰، ۱۵۱۷/۳

## جہاد بالمال:

دین اسلام ایک حق دین ہے اس کو استحکام دینے کا حکم ہے۔دین کی اشاعت واستحکام کے لئے مال خرچ کرنے کو بھی جہاد سے تعبیر کیا گیا ہے۔اللہ کے کلام میں اس جہاد کا حکم بھی موجود ہے:

﴿وَجَاهِدُوا بِأَمْوَالِكُمْ وَأَنْفُسِكُمْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ﴾[۱]

ترجمہ: اور اپنے اموال اور جانوں کے ذریعہ اللہ کے راستہ میں جہاد کرو۔

بڑے مقاصد کے حصول کے لیے اگر مسلمان مال خرچ نہ کریں اور سٹیٹ وریاست کو مضبوط نہ کریں تو مظلومیت کی زندگی کے سوا کچھ نہیں کر سکیں گے۔

## مقاصد جہاد:

مقاصد جہاد درج ذیل ہیں:

### اعلاء کلمۃ اللہ:

جہاد کا مقصد کلمۃ اللہ کی سربلندی ہے:

(( مَنْ قَاتَلَ لِتَكُونَ كَلِمَةُ اللَّهِ هِيَ الْعُلْيَا فَهُوَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ))[۲]

جس نے اس لیے لڑائی کی کہ اللہ تعالیٰ کا حکم بلند ہو تو وہ جہاد فی سبیل اللہ ہے۔

### حقوق کا دفاع:

عزت، مال، جان، اہل وعیال، وطن، علاقہ اور گھر کا تحفظ ہر انسان کے بنیادی حقوق میں شامل ہے۔دنیا کا کوئی قانون یا اخلاقی ضابطہ کسی فرد یا جماعت کو یہ اجازت نہیں دے سکتا کہ وہ کسی کے ان بنیادی حقوق کو پامال کرے۔اسلام حقوق انسانی کا بڑا علمبردار ہے۔ تو اسلام نے ان حقوق کے دفاع کو نہ صرف جائز کہا ہے بلکہ فرض قرار دیا ہے۔

﴿وَقَاتِلُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ الَّذِينَ يُقَاتِلُونَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوا إِنَّ اللَّهَ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِينَ﴾[۳]

ترجمہ: جو تمہارے ساتھ لڑتے ہیں تم بھی ان کے ساتھ اللہ کے راستے میں لڑو اور ان پر زیادتی نہ کرنا بے شک اللہ زیادتی کرنے والوں کو دوست نہیں رکھتا۔

---

(۱) سورۃ التوبۃ۹: ۴۱

(۲) صحيح البخاري، حدیث نمبر: ۲۸۱۰، ۲۰/۴

(۳) سورۃ البقرۃ۲: ۱۹۰

## مظلوم کی مدد:

اگر کہیں مسلمانوں پر ظلم ہو رہا ہو تو صاحب استطاعت مسلمانوں پر ان کی مدد کرنا اور انہیں ظالموں کے ظلم سے نجات دلانا فرض ہے [1] نبی اکرم ﷺ مظلوم کی مدد کے متعلق فرماتے ہیں:

((انْصُرْ أَخَاكَ ظَالِمًا أَوْ مَظْلُومًا)) [2]

تو اپنے بھائی کی مدد کر خواہ وہ ظالم ہو یا مظلوم۔

رسول اللہ ﷺ کا فرمان ہے:

((مَنْ أَعَانَ ظَالِمًا بِبَاطِلٍ لِيَدْحَضَ بِبَاطِلِهِ حَقًّا فَقَدْ بَرِئَ مِنْ ذِمَّةِ اللَّهِ وَذِمَّةِ رَسُولِهِ)) [3]

ترجمہ: جس نے ظالم کی مدد کی، تاکہ اس کے باطل کو حق ثابت کرے، تو اس سے اللہ اور اس کے رسول کا ذمہ ختم ہو گیا۔

## مساوات کا قیام:

دراصل شہری حقوق کا تحفظ اسی وقت ہو سکتا ہے جب قانون کی نظر میں چھوٹا بڑا، ادنیٰ و اعلیٰ، امیر غریب سب برابر ہوں۔ دنیا کے قانون کے مقابلے میں اسلامی قانون کو یہ فوقیت حاصل ہے کہ اس کی نظر میں اپنے پرائے، حاکم و محکوم سب برابر ہیں [4] حضرت محمد ﷺ نے عدل و انصاف کو ہمیشہ ملحوظ خاطر رکھا اور امت کے سامنے ایسا نمونہ پیش فرمایا کہ جو رہتی دنیا تک قائم رہے گا۔ چنانچہ جب ایک عورت چوری کے جرم میں آپ ﷺ کی بارگاہ میں لائی گئی تو قبیلہ قریش کو اس

---

(۱) ﴿إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَهَاجَرُوا وَجَاهَدُوا بِأَمْوَالِهِمْ وَأَنْفُسِهِمْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَالَّذِينَ آوَوْا وَنَصَرُوا أُولَئِكَ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاءُ بَعْضٍ وَالَّذِينَ آمَنُوا وَلَمْ يُهَاجِرُوا مَا لَكُمْ مِنْ وَلَايَتِهِمْ مِنْ شَيْءٍ حَتَّى يُهَاجِرُوا وَإِنِ اسْتَنْصَرُوكُمْ فِي الدِّينِ فَعَلَيْكُمُ النَّصْرُ إِلَّا عَلَى قَوْمٍ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ مِيثَاقٌ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ﴾ سورۃ الأنفال ۸: ۷۲

ترجمہ: یقیناً جو لوگ ایمان لائے، ہجرت کی اور جہاد کیا اپنے مالوں سے اور اپنی جانوں سے راہ خدا میں اور وہ جنہوں نے پناہ دی (مہاجرین کو) اور (ان کی) مدد کی یہی لوگ ایک دوسرے کے دوست ہیں اور جو لوگ ایمان لے آئے لیکن ہجرت نہیں کی نہیں تمہارے لیے ان کی وراثت سے کوئی چیز یہاں تک کہ وہ ہجرت کریں اور اگر وہ مدد طلب کریں تم سے دین کے معاملے میں تو فرض ہے تم پر ان کی امداد مگر اس قوم کے خلاف نہیں کہ تمہارے اور ان کے درمیان صلح کا معاملہ ہو چکا ہو اور اللہ دیکھ رہا ہے جو تم کر رہے ہو۔

(۲) صحيح البخاري، حدیث نمبر: ۲۴۴۳، ۳/۱۲۸

(۳) المعجم الأوسط، حدیث نمبر: ۲۹۴۴، ۳/۲۱۱

(۴) ﴿يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِصَاصُ فِي الْقَتْلَى الْحُرُّ بِالْحُرِّ وَالْعَبْدُ بِالْعَبْدِ وَالْأُنْثَى بِالْأُنْثَى فَمَنْ عُفِيَ لَهُ مِنْ أَخِيهِ شَيْءٌ فَاتِّبَاعٌ بِالْمَعْرُوفِ وَأَدَاءٌ إِلَيْهِ بِإِحْسَانٍ ذَلِكَ تَخْفِيفٌ مِنْ رَبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ فَمَنِ اعْتَدَى بَعْدَ ذَلِكَ فَلَهُ عَذَابٌ أَلِيمٌ﴾ سورۃ البقرۃ ۲: ۱۷۸

ترجمہ: اے ایمان والو فرض کیا گیا ہے تم پر قصاص جو ناحق مارے جائیں آزاد کے بدلے آزاد اور غلام کے بدلے غلام اور عورت کے بدلے عورت پس جس کو معاف کی جائے اس کے بھائی (مقتول کے وارث) کی طرف سے کچھ چیز تو چاہئے کہ طلب کرے (مقتول کا وارث) خون بہا دستور کے مطابق اور

واقعہ سے بڑی فکر دامن گیر ہوئی۔ اگر ہمارے قبیلہ کی اس عورت کا ہاتھ کاٹ ڈالا گیا تو یہ ہماری خاندانی شرافت پر ایسا بدنما داغ ہو گا جو کبھی مٹ نہ سکے گا۔ اور ہم لوگ تمام عرب کی نگاہوں میں ذلیل و خوار ہو جائیں گے۔ اس لیے ان لوگوں نے یہ طئے کیا کہ بارگاہ رسالت میں کوئی زبردست سفارش پیش کر دی جائے تاکہ آپ عورت کا ہاتھ نہ کاٹیں۔ حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ بارگاہِ رسالت میں سفارش کے لیے حاضر ہوئے، یہ سن کر پیشانی نبوت پر جلال کے آثار نمودار ہوئے اور نہایت ہی غضب ناک لہجہ میں فرمایا:

((أَتَشْفَعُ فِي حَدٍّ مِنْ حُدُودِ اللَّهِ، ثُمَّ قَامَ فَاخْتَطَبَ، ثُمَّ قَالَ: إِنَّمَا أَهْلَكَ الَّذِينَ قَبْلَكُمْ، أَنَّهُمْ كَانُوا إِذَا سَرَقَ فِيهِمُ الشَّرِيفُ تَرَكُوهُ، وَإِذَا سَرَقَ فِيهِمُ الضَّعِيفُ أَقَامُوا عَلَيْهِ الحَدَّ، وَايْمُ اللَّهِ لَوْ أَنَّ فَاطِمَةَ بِنْتَ مُحَمَّدٍ سَرَقَتْ لَقَطَعْتُ يَدَهَا))[1]

ترجمہ: تو اللہ تعالیٰ کی مقرر کی ہوئی سزاؤں میں سے ایک سزا کے بارے میں سفارش کرتا ہے۔ اے لوگو تم سے پہلے والے لوگ اسی وجہ سے گمراہ ہوئے کہ جب ان میں کوئی شریف چوری کرتا تھا تو اس کو چھوڑ دیتے تھے اور جب کوئی کمزور آدمی چوری کرتا تو اس پر سزائیں قائم کرتے تھے۔ خدا کی قسم اگر محمد کی بیٹی فاطمہ بھی چوری کرے گی تو اس کا ہاتھ بھی کاٹ دیا جائے گا۔

عدل کا تقاضا مساوات اور برابری نہیں ہے بلکہ کسی شخص کے ساتھ بغیر افراط و تفریط کے وہ معاملہ کرنا جس کا وہ مستحق ہے۔ عدل و انصاف کا ترازو ایسا صحیح اور متوازن ہونا چاہیے کہ عمیق سے عمیق محبت اور شدید سے شدید عداوت اس کے دونوں پلڑوں میں سے کسی کو جھکا نہ سکے[2]

## فتنہ کا سد باب:

اللہ تعالیٰ فتنہ و فساد کو ناپسند فرماتا ہے۔ فتنہ و فساد کو ختم کرنے کے لیے قتال تک کا حکم دیتا ہے۔

﴿وَقَاتِلُوهُمْ حَتَّى لَا تَكُونَ فِتْنَةٌ وَيَكُونَ الدِّينُ كُلُّهُ لِلَّهِ فَإِنِ انْتَهَوْا فَإِنَّ اللَّهَ بِمَا يَعْمَلُونَ بَصِيرٌ﴾[3]

ترجمہ: اور ان لوگوں سے لڑتے رہو یہاں تک کہ فتنہ (یعنی کفر کا فساد) باقی نہ رہے اور اور دین سب کا سب خدا ہی کا ہو جائے۔ اور اگر باز آ جائیں تو خدا ان کے کاموں کو دیکھ رہا ہے۔

---

قاتل کو چاہئے کے اسے ادا کرے اچھی طرح یہ رعایت ہے تمہارے رب کی طرف سے تو جس نے زیادتی کی اس کے بعد اس کے لیے دردناک عذاب ہے۔

(۱) صحیح البخاري، بَابُ حَدِيثِ الغَارِ، حدیث نمبر: ۳۴۷۵،۴/۱۷۵

(۲) اسلامی سیاست، مولانا گوھر رحمان، ط/۱، مطبع میٹرو پرنٹر لاہور، ۹۸۱، ص: ۳۶۸

(۳) سورۃ الانفال۸: ۳۹

نبی علیہ السلام کا ارشاد ہے:

((أُمِرْتُ أَنْ أُقَاتِلَ النَّاسَ حَتَّى يَشْهَدُوا أَنْ لاَ إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ، وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللَّهِ، وَيُقِيمُوا الصَّلاَةَ، وَيُؤْتُوا الزَّكَاةَ، فَإِذَا فَعَلُوا ذَلِكَ عَصَمُوا مِنِّي دِمَاءَهُمْ وَأَمْوَالَهُمْ إِلَّا بِحَقِّ الإِسْلاَمِ، وَحِسَابُهُمْ عَلَى اللَّهِ))(۱)

ترجمہ: مجھے حکم دیا گیا ہے کہ لوگوں سے اس وقت تک قتال کروں جب تک وہ" أَشْهَدُ أَنْ لاَ إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللَّهِ"کی گواہی نہ دے دیں، اور نمازیں پڑھیں اور زکاۃ ادا کریں، تو مجھ سے اپنی جان و مال محفوظ کر لیں گے، الاّ کہ وہ ایسا کام کریں جس کی سزا قتل ہو، اور ان کا حساب اللہ تعالیٰ پر ہو گا۔

اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں حکم فرمایا ہے دین میں کوئی جبر نہیں، یہ آیہ حکم کے اعتبار سے عام ہے۔ یعنی کسی پر بھی قبول اسلام کے لیے جبر نہیں ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ہدایت اور گمراہی دونوں کو واضح کر دیا ہے۔ ہر شخص اپنی مرضی سے چاہے اپنے کفر پر قائم رہے چاہے اسلام میں داخل ہو جائے۔ تاہم کفر اور شرک کے خاتمے اور باطل کا زور توڑنے کے لیے جہاد ایک الگ اور جبر واکراہ سے مختلف چیز ہے۔ مقصد معاشرے سے اس قوت کا زور توڑنا ہے۔ جو اللہ کے دین پر عمل اور اس کی تبلیغ کی راہ میں رکاوٹ بنا ہوا ہوتا ہے۔ چونکہ رکاوٹ بننے والی قوتیں رہ رہ کر ابھرتی رہیں گی۔ اس لیے جہاد کا حکم اور اس کی ضرورت بھی قیامت تک رہے گی(۲)

## جابر کے سامنے ڈٹ جانا:

ظلم و بربریت کو محض مذاکرات، جھاڑ پھونک، منت سماجت، اور (Compromise) سے نہیں روکا جا سکتا جب تک اس کو طاقت بازو سے نہ روکا جائے(۳)

((أَفْضَلُ الْجِهَادِ كَلِمَةُ عَدْلٍ عِنْدَ سُلْطَانٍ جَائِرٍ، أَوْ أَمِيرٍ جَائِرٍ))(۴)

ترجمہ: ظالم بادشاہ یا ظالم حکمران کے سامنے انصاف کی بات کہنا افضل ترین جہاد ہے۔

مظلوم پر ظلم کا دفاع اور مدد کرنا بھی اسلامی تعلیمات کا حصہ ہے، ایسے مظلومین کو اللہ تعالیٰ نے تلوار اٹھانے کی

---

(۱) صحيح البخاری، ۱۰۷۷/۳

(۲) جمالین شرح جلالین، امام جلال الدین السیوطی، مترجم: مولانا محمد جلال بلند شہری، ط/۱، زمزم پبلشرز کراچی، ۲۰۱۱ء، ۴۲۸/۱

(۳) ﴿وَاقْتُلُوهُمْ حَيْثُ ثَقِفْتُمُوهُمْ وَأَخْرِجُوهُمْ مِنْ حَيْثُ أَخْرَجُوكُمْ وَالْفِتْنَةُ أَشَدُّ مِنَ الْقَتْلِ وَلَا تُقَاتِلُوهُمْ عِنْدَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ حَتَّى يُقَاتِلُوكُمْ فِيهِ فَإِنْ قَاتَلُوكُمْ فَاقْتُلُوهُمْ كَذَلِكَ جَزَاءُ الْكَافِرِينَ﴾، سورۃ البقرۃ ۲: ۱۹۱

ترجمہ: اور قتل کرو انہیں جہاں بھی انہیں پاؤ اور نکال دو انہیں جہاں سے انہوں نے تمہیں نکالا تھا اور فتنہ انگیزی تو قتل سے بھی زیادہ سخت ہے اور نہ جنگ کرو ان سے مسجد حرام کے قریب یہاں تک کہ وہ خود تم سے وہاں جنگ کرنے لگیں سوا گر وہ لڑیں تم سے تو قتل کرو انہیں یہ سزا ہے کافروں کی۔

(۴) (شیخ البانی کے نزدیک یہ حدیث صحیح ہے)، سنن أبي داود، حديث نمبر: ۴۳۴۴، ۱۲۴/۴

اجازت دی ہے[(۱)]

## امن واستحکام کا قیام:

دشمن، معاشروں اور قوموں کو اندرونی سازشوں اور تخریب کاریوں کا شکار بنا کر مطلوبہ مقاصد کے حصول کے در پے رہا ہے۔یہی وجہ ہے کہ اسلام نے اس صورت پر قابو پانے کے لیے بعض شرائط اور حدود و قیود کے ساتھ داخلی طور پر بھی جہاد کو مشروع قرار دیا ہے۔اور محارب قوتوں سے سختی سے نپٹنے کا حکم دیا ہے ۔تاکہ امن و استحکام کے ساتھ اندرونی (Stability) کو برقرار رکھا جائے۔ارشاد خداوندی ہے:

﴿إِنَّمَا جَزَاءُ الَّذِينَ يُحَارِبُونَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَيَسْعَوْنَ فِي الْأَرْضِ فَسَادًا أَنْ يُقَتَّلُوا أَوْ يُصَلَّبُوا أَوْ تُقَطَّعَ أَيْدِيهِمْ وَأَرْجُلُهُمْ مِنْ خِلَافٍ أَوْ يُنْفَوْا مِنَ الْأَرْضِ ذَلِكَ لَهُمْ خِزْيٌ فِي الدُّنْيَا وَلَهُمْ فِي الْآخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيمٌ﴾[(۲)]

ترجمہ: جو لوگ اللہ اور رسول سے لڑائی کریں اور ملک میں فساد کرنے کو دوڑتے پھریں ان کی یہی سزا ہے کہ قتل کر دیئے جائیں یا سولی چڑھا دیئے جائیں یا ان کے ایک ایک طرف کے ہاتھ اور ایک ایک طرف کے پاوں کاٹ دیئے جائیں یا ملک سے نکال دیئے جائیں یہ تو دنیا میں ان کے لیے رسوائی ہے اور آخرت میں ان کے لیے بڑا عذاب ہے۔

## بدعہدی اور تعدی کی سزا کے لیے جہاد کی مشروعیت:

اگر کوئی قوم مسلمانوں کے ساتھ کیے ہوئے اپنے کسی معاہدے کی واضح طور پر خلاف ورزی کرے تو اس عہد شکنی کے جرم میں اس کے ساتھ جہاد کیا جائے۔ان کی تعدی اور دین الٰہی میں طعنہ زنی سے باز رکھا جائے[(۳)]

---

(۱) ﴿أُذِنَ لِلَّذِينَ يُقَاتَلُونَ بِأَنَّهُمْ ظُلِمُوا وَإِنَّ اللَّهَ عَلَى نَصْرِهِمْ لَقَدِيرٌ﴾، سورۃ الحج ۲۲: ۳۹
ترجمہ: جن مسلمانوں سے (خواہ مخواہ) لڑائی کی جاتی ہے ان کو اجازت ہے (کہ وہ بھی لڑیں) کیونکہ ان پر ظلم ہو رہا ہے اور اللہ (ان کی مدد کرے گا وہ) یقیناً ان کی مدد پر قادر ہے۔

(۲) سورۃ المائدۃ ۵: ۳۳

(۳) ﴿وَإِنْ نَكَثُوا أَيْمَانَهُمْ مِنْ بَعْدِ عَهْدِهِمْ وَطَعَنُوا فِي دِينِكُمْ فَقَاتِلُوا أَئِمَّةَ الْكُفْرِ إِنَّهُمْ لَا أَيْمَانَ لَهُمْ لَعَلَّهُمْ يَنْتَهُونَ-أَلَا تُقَاتِلُونَ قَوْمًا نَكَثُوا أَيْمَانَهُمْ وَهَمُّوا بِإِخْرَاجِ الرَّسُولِ وَهُمْ بَدَءُوكُمْ أَوَّلَ مَرَّةٍ أَتَخْشَوْنَهُمْ فَاللَّهُ أَحَقُّ أَنْ تَخْشَوْهُ إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِينَ﴾، سورۃ التوبۃ ۹: ۱۲-۱۳
ترجمہ: اور اگر یہ لوگ اپنی قسمیں اپنے معاہدے کے بعد توڑ دیں اور طعن کریں تمہارے دین پر تو جنگ کرو کفر کے پیشواؤں سے بے شک ان لوگوں کی کوئی قسمیں نہیں ہیں ایسوں سے جنگ کرو تاکہ یہ لوگ عہد شکنی سے باز آجائیں ۔کیا نہیں جنگ کرو گے اس قوم کے ساتھ جنہوں نے توڑ ڈالا اپنی قسموں کو اور ارادہ کیا انہوں نے رسول کو نکال دینے کا اور انہوں نے پہلی مرتبہ تم پر زیادتی کا آغاز کیا تھا کیا تم ڈرتے ہو ان سے سنو اللہ زیادہ حق دار کہ تم اس سے ڈرو اگر تم ایماندار رہو۔

## نبوی تصور جہاد سے عصر حاضر میں استفادہ:

نبی اکرم ﷺ نے غزوات میں اخلاقی اقدار کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے باقاعدہ قواعد وضوابط متعارف کرائے۔ مثال کے طور پر ظالمانہ طریقوں سے دشمن کو قتل کرنے اور اذیت دینے سے قطعاً منع فرمایا۔ جنگ میں شریک نہ ہونے والے لوگوں جیسے عورتوں، بچوں، ضعیفوں اور غلاموں کو قتل کرنے سے منع فرمایا۔ جنگی قیدی حتیٰ کہ جانوروں کو بھی جلانے سے منع فرمایا۔ اسی طرح فصلیں اجاڑنے اور بلاوجہ درخت کاٹنے سے منع فرمایا گیا۔ ناحق قتل کرنے سے بھی منع کیا اور جنگ کے لئے یہ فرمایا گیا کہ تم ان لوگوں سے جنگ کرو جو تم سے جنگ کرنا چاہتے ہیں۔ اسلام میں یہ تمام چیزیں ایسی ہیں جن سے ہمیں انسانی عظمت اور وقار کا اندازہ ہوتا ہے اور پتہ چلتا ہے کہ اسلام دفاعی جنگ کی اجازت ضرور دیتا ہے لیکن اس میں بھی دشمن کے ساتھ زیادتی حد سے تجاوز کا قائل نہیں۔ غزوات میں سب سے اوّلین سبق جذبہ ایمان اور رضائے الٰہی کا ہے مزید بر آں، محبتِ مصطفیٰ ﷺ، قربانی کا جذبہ، رہنما کا کردار، اتحاد، وفاداری اور ہمت، آزمائش میں ثابت قدمی کا مظاہرہ، نظم وضبط، مشاورت کی اہمیت اور مساوات جیسے اسباق ہمیں غزوات سے سیکھنے کو ملتے ہیں۔ نبی ﷺ کے مذکورہ اصول وضوابط پر عمل کرتے ہوئے آج ہم نہ صرف ایک کامیاب انسان کے طور پر زندگی بسر کر سکتے ہیں بلکہ اپنا دفاع بھی مضبوط بنا سکتے ہیں۔

## اللہ پر توکل:

تاریخ اسلام سے یہ ثابت ہے کہ مسلمانوں نے کفار کے مقابلے میں کثرت سامان اور تعداد کی بنا پر کبھی برتری حاصل نہیں کی۔ بلکہ ہمیشہ اپنے جذبہ ایمان اور اللہ پر بھروسے کی بنا پر ایسے ایسے محیر العقول کارنامے سرانجام دیئے کہ دشمن کی کثیر تعداد اور سامان جنگ بے معنی رہ گیا۔ بدر کے میدان میں ۳۱۳ صحابہ، ۹۵۰ کفار سے اللہ پر توکل کرتے ہوئے ٹکرا گئے تو اللہ تعالیٰ نے انہیں فتح ونصرت عطاء فرمائی۔ کلام مجید ارشاد ربانی ہے:

﴿فَإِذَا عَزَمْتَ فَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْمُتَوَكِّلِينَ﴾ (۱)

ترجمہ: پس جب آپ ارادہ کرلیں (کسی بات کا) پھر توکل کریں اللہ پر بے شک اللہ توکل کرنے والوں سے محبت کرتا ہے۔

## ایثار:

جنگ یرموک میں حضرت عکرمہؓ، حضرت حارث بن ہشامؓ، حضرت سہیل بن عمروؓ زخم کھا کر زمین پر گرے:

---

(۲) سورۃ آل عمران ۳: ۱۵۹

طلب عكرمة الماء، فنظر إِلَى سهيل ينظر إِلَيْهِ، فَقَالَ: ادفعه إِلَيْهِ، فنظر سهيل إِلَى الْحَارِث ينظر إِلَيْهِ، فَقَالَ: ادفعه إِلَيْهِ، فلم يصل إِلَيْهِ حَتَّى ماتوا(۱)

اوراس حالت میں حضرت عکرمہؓ نے پانی مانگا، پانی آیا تو دیکھا کہ حضرت سہیلؓ پانی کی طرف دیکھ رہے ہیں، بولے پہلے ان کو پلاآؤ حضرت سہیلؓ کے پاس پانی آیا تو انھوں نے دیکھا کہ حضرت حارثؓ کی نگاہ بھی پانی کی طرف ہے، بولے ان کو پلاؤ نتیجہ یہ ہوا کہ کسی کے منہ میں پانی کا ایک قطرہ نہ گیا اور سب نے تشنہ کامی کی حالت میں جان دی۔

## سپہ سالار کی فرمانبرداری:

غزوہ اُحد میں سپہ سالار کے حکم کی اہمیت وحکمت واضح ہوتی ہے کہ اس کی اطاعت کس قدر ضروری ہے۔ابتدا کی زبردست جنگ میں مسلمانوں نے مشرکین کے کئی لوگوں کو قتل کیا جس پر مشرکین فرار ہونے لگے۔ مسلمان یہ سمجھے کہ وہ جنگ جیت گئے ہیں چنانچہ درہ پر متعین اصحاب نے حضور ﷺ کی یہ ہدایت فراموش کردی کہ درہ کسی قیمت پر نہیں چھوڑنا اور درہ چھوڑ کر میدان میں مالِ غنیمت اکٹھا کرنا شروع کردیا ۔صرف دس افراد درہ پر رہ گئے۔خالد بن ولید(جو اس وقت مسلمان نہیں ہوئے تھے)نے موقع غنیمت جانتے ہوئے کوہ احد کا چکر لگا کر درہ پر قبضہ کر لیا اور مسلمانوں پر یکدم پیچھے سے وار کردیا۔اسی اثناء میں یہ افواہ گرم ہوئی کہ نبی ﷺ شہید کردیے گئے ہیں۔یہ سن کر اکثر اصحاب نے ہمت ہار دی اور راہِ فرار اختیار کی(۲)

عصر حاضر میں بھی مخلص رہنماوں کی پیروی کرکے کامیابی حاصل کی جاسکتی ہے۔

## رہنما کا کردار:

غزوہ خندق میں نبی اکرم ﷺ نے صحابہ کرام رضی اللہ عنھم کے ساتھ خندق کھودنے میں حصہ لیا جس سے یہ بات واضح ہوئی کہ ایک رہنما کا اس طرح کردار ہونا چاہئے۔

فَلَمَّا بَلَغَ خُرُوجُهُمُ النَّبِيَّ ﷺ أَخَذَ فِي حَفْرِ الْخَنْدَقِ، وَخَرَجَ مَعَهُ الْمُسْلِمُونَ فَوَضَعَ رَسُولُ اللهِ

---

(۱) الاستيعاب في معرفة الأصحاب،۳/۱۰۸۴

(۲) دلائل النبوة ومعرفة أحوال صاحب الشريعة،۳/۲۷۰

ﷺ يَدَهُ فِي العمل معهم[1]

ترجمہ: پس جب نبی ﷺ کو مشرکین کے خروج کی خبر ملی تو آپ ﷺ خندق کھودنے لگے، آپ ﷺ کے ساتھ تمام مسلمان بھی نکلے نبی ﷺ مسلمانوں کے ساتھ برابر کام میں شریک رہے۔

## ثابت قدمی:

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نبی ﷺ کی پیروی میں ثابت قدم رہے حالات جیسے بھی آئے مردانہ وار مقابلہ کیا تو کامیابی نے ان کے قدم چومے۔ موجودہ دور میں بھی اس چیز کی ضرورت ہے کے زندگی کے ہر میدان میں بالعموم اور دینی شعبے میں بالخصوص ثابت قدمی کو اپنا شعار بنایا جاے، ارشاد ربانی ہے:

﴿فَاسْتَقِمْ كَمَا أُمِرْتَ ﴾[2]

ترجمہ: جیسے آپ کو حکم دیا گیا ہے اسی طرح ثابت قدم رہیں۔

تمام غزوات میں سب سے اہم سبق مسلمانوں میں اتحاد اور ثابت قدمی کی صورت میں ملتا ہے۔ بحیثیت امت مسلمہ مذکورہ اصولوں پر عمل ہی موجودہ دور میں ہماری بھلائی اور ترقی کی ضمانت ہے۔ جہاد اندھا دھند جنگ وجدال نہیں بلکہ مقاصد کی خاطر ایک بااصول جنگ ہے۔ جو معین اصولوں پابندیوں اور احتیاطوں کے ساتھ لڑی جاتی ہے۔

## صلہ رحمی:

صلہ رحمی ایک ایسا عنصر ہے جسے اسلام میں باقاعدہ ضابطے کی حیثیت حاصل ہے۔ جو نہ صرف ہمیں غزواتِ نبوی ﷺ میں نمایاں نظر آتا ہے بلکہ آپ ﷺ کی پوری حیات طیبہ میں صلہ رحمی کی عظیم امثلہ موجود ہیں۔ فتح مکہ کے وقت آپ ﷺ نے صلہ رحمی کا مظاہرہ فرمایا:

((قَالَ: يَا مَعْشَرَ قُرَيْشٍ، مَا تُرَوْنَ أَنِّي فَاعِلٌ فِيكُمْ؟ قَالُوا: خَيْرًا، أَخٌ كَرِيمٌ، وَابْنُ أَخٍ كَرِيمٍ، قَالَ: اذْهَبُوا فَأَنْتُمْ الطُّلَقَاءُ ))[3]

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا اے گروہ قریش تمھارا کیا خیال ہے میں تمھارے ساتھ کیا کرنے والا ہوں،

---

(۱) دلائل النبوة ومعرفة أحوال صاحب الشريعة،٣٩٩/٣

(۲) سورۃ ھود١١: ١١٢

(۳) السيرة النبوية لابن هشام ،٤١٢/٢

انھوں نے جواب دیا آپ ﷺ مہربان بھائی ہیں اور مہربان باپ کے بیٹے ہیں، تو اس وقت آپ ﷺ نے فرمایا جاو تم سب آزاد ہو۔

## غیر مقاتلین کا حکم:

جنگی حالات کیوں نہ ہوں اسلام تمام دشمنوں کو ایک نظر سے نہیں دیکھتا بلکہ ان میں فرق کرتا ہے۔ صرف ان لوگوں کے قتل کا حکم دیتا ہے جو مسلح ہو کر سامنے آتے ہیں، ارشاد باری تعالی ہے [۱]

نبی اکرم ﷺ نے مجاہدین سے فرمایا:

((لَا تَقْتُلُوا شَيْخًا فَانِيًا، وَلَا طِفْلًا صَغِيرًا، وَلَا امْرَأَةً، وَلَا تَغُلُّوا، وَضُمُّوا غَنَائِمَكُمْ وَأَصْلِحُوا، وَأَحْسِنُوا، إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِينَ)) [۲]

ترجمہ: تم کسی بوڑھے کو قتل نہ کرو، نہ چھوٹے بچے کو اور نہ عورت کو، اموال غنیمت میں چوری نہ کرو اور جنگ میں جو کچھ ہاتھ آجائے سب کو ایک جگہ جمع کر دو، نیکی اور احسان کرو کیونکہ اللہ محسنوں سے محبت کرتا ہے۔

## عورتوں اور بچوں کے قتل کی ممانعت:

اسلام نے ہدایت دی کہ کفار کی عورتیں اور چھوٹے بچے جو جنگ میں شریک نہیں ہیں، ان کو قتل نہ کیا جائے۔

((نَهَى رَسُولُ اللَّهِ ﷺ عَنْ قَتْلِ النِّسَاءِ وَالصِّبْيَانِ)) [۳]

ترجمہ: آپ ﷺ نے عورتوں اور بچوں کے قتل سے منع کیا ہے۔

---

(۱) ﴿لَا يَنْهَاكُمُ اللَّهُ عَنِ الَّذِينَ لَمْ يُقَاتِلُوكُمْ فِي الدِّينِ وَلَمْ يُخْرِجُوكُمْ مِنْ دِيَارِكُمْ أَنْ تَبَرُّوهُمْ وَتُقْسِطُوا إِلَيْهِمْ إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِينَ-إِنَّمَا يَنْهَاكُمُ اللَّهُ عَنِ الَّذِينَ قَاتَلُوكُمْ فِي الدِّينِ وَأَخْرَجُوكُمْ مِنْ دِيَارِكُمْ وَظَاهَرُوا عَلَى إِخْرَاجِكُمْ أَنْ تَوَلَّوْهُمْ وَمَنْ يَتَوَلَّهُمْ فَأُولَئِكَ هُمُ الظَّالِمُونَ﴾ سورة الممتحنة ٦٠: ٨-٩

ترجمہ: اللہ تمہیں منع نہیں کرتا جن لوگوں نے تم سے دین کے بارے جنگ نہیں کی اور نہ انہوں نے تمہیں تمہارے گھروں سے نکالا کہ تم ان کے ساتھ احسان کرو اور ان کے ساتھ انصاف کا برتاؤ کرو بے شک اللہ انصاف کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔ اللہ تمہیں صرف ان لوگوں سے روکتا ہے جنہوں نے تم سے دین کے بارے میں جنگ کی اور تمہیں تمہارے گھروں سے نکالا یا مدد دی تمہارے نکالنے میں کہ تم انہیں دوست بناؤ جو انہیں دوست بناتے ہیں تو وہی اپنے آپ پر ظلم توڑتے ہیں۔

(۲) السنن الكبرى ، حدیث نمبر: ۱۸۱۵۳ ، دار الكتب العلمية، بيروت، ۲۰۰۳ء، ۱۵۳/۹

(۳) صحيح البخاري ، بَابُ قَتْلِ النِّسَاءِ ، حدیث نمبر: ۳۰۱۵، ۶۱/۴

## اہل قتال کے حقوق:

اسلام درج ذیل احکام عطاء فرماتا ہے:

## غفلت میں حملہ کرنے کی ممانعت:

اہل عرب عموماً شب خون مارتے تھے رسول ﷺ نے اسے ختم کردیا اور منہ اندھیرے حملہ کرنے کی ممانعت کی۔

((كَانَ إِذَا أَتَى قَوْمًا بِلَيْلٍ لَمْ يُغِرْ بِهِمْ حَتَّى يُصْبِحَ))(۱)

ترجمہ: آپ ﷺ نے ہدایت فرمائی جب رات کو کسی قوم پر داخل ہوں تو دھوکے سے ان پر حملہ نہ کرو یہاں تک کہ صبح ہوجائے۔

## آگ میں جلانے کی ممانعت:

حضور اکرم ﷺ نے آگ میں جلانے سے بھی روک دیا، ارشاد ہوتا ہے۔

(( إِنَّهُ لَا يَنْبَغِي أَنْ يُعَذِّبَ بِالنَّارِ إِلَّا رَبُّ النَّارِ))(۲)

ترجمہ: آگ کا عذاب دینا سوائے آگ کے پیدا کرنے والے کے اور کسی کو سزاوار نہیں۔

## قتل صبر کی ممانعت:

حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

((سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ ﷺ يَنْهَى عَنْ قَتْلِ الصَّبْرِ)) (۳)

ترجمہ: میں نے اللہ کے نبی سے سنا آپ ﷺ قتل صبر (یعنی ہاتھ پاؤں باندھ کر قتل کرنا) سے منع فرماتے ہیں۔

## فصلوں کو تباہ کرنے کی ممانعت:

افواج کی پیش قدمی کے وقت فصلوں کو خراب کرنا، کھیتوں کو تباہ کرنا، بستیوں میں قتل عام اور آتش زنی کرنا، اسلامی نقطہ نظر سے ناجائز ہے۔ یہ تو سابقہ وحشیوں کا طرز عمل ہے ارشاد ربانی ہے:

---

(۱) صحیح البخاری، بَابُ غَزْوَةِ خَيْبَرَ، حدیث نمبر: ۴۱۹۷، ۱۳۱/۵

(۲) (علامہ البانی نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے)، سنن ابی داؤد ، سلیمان بن اشعث ، محمد محی الدین، حدیث نمبر: ۲۶۷۰، ۲/ ۶۱

(۳) (علامہ البانی نے اس حدیث کو ضعیف قرار دیا ہے)، ایضاً، بَابٌ فِي قَتْلِ، حدیث نمبر: ۲۶۸۷، ۶۰/۳

﴿وَإِذَا تَوَلَّى سَعَى فِي الْأَرْضِ لِيُفْسِدَ فِيهَا وَيُهْلِكَ الْحَرْثَ وَالنَّسْلَ وَاللَّهُ لَا يُحِبُّ الْفَسَادَ﴾[1]

ترجمہ: اور جب وہ (آپ سے) پھر جاتا ہے تو زمین میں (ہر ممکن) بھاگ دوڑ کرتا ہے تاکہ اس میں فساد انگیزی کرے اور کھیتیاں اور جانور تباہ کردے اور اللہ کو فساد پسند نہیں ہے۔

اسلام نے بعض احوال میں کسی خاص ضرورت کے پیش نظر درختوں کو کاٹنے اور جانوروں کو ذبح کرنے کی اجازت دی ہے یعنی ان امور میں کوئی مصلحت ہو۔

## لوٹ مار کی ممانعت:

اسلام، جنگ میں لوٹ مار سے روکتا ہے۔ ایک خطبہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں:

((إِنَّ اللہَ عَزَّ وَجَلَّ لَمْ يُحِلَّ لَكُمْ أَنْ تَدْخُلُوا بُيُوتَ أَهْلِ الْكِتَابِ إِلَّا بِإِذْنٍ وَلَا ضَرْبَ نِسَائِهِمْ وَلَا أَكْلَ ثِمَارِهِمْ إِذَا أَعْطَوْكُمُ الَّذِي عَلَيْهِمْ))[2]

ترجمہ: بے شک اللہ نے جائز نہیں کیا تم اہل کتاب کے گھروں میں بلا اجازت گھس جاؤ اور ان کی عورتوں کو مارو پیٹو اور ان کے پھل کھاجاؤ حالانکہ ان پر جو کچھ واجب تھا وہ دے چکے۔

## مثلہ کی ممانعت:

دشمن کی لاشوں کی بے حرمتی کرنا اور ان کی شکل بگاڑنے سے روکا۔

((نَهَى النَّبِيُّ ﷺ عَنِ النُّهْبَى وَالمُثْلَةِ))[3]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مال لوٹنے اور مثلہ سے منع فرمایا۔

## بد نظمی کی ممانعت:

عرب لوگ جب دور جاہلیت میں جنگ کے لیے نکلتے تو بد نظمی کا شکار ہوتے، راستوں کو تنگ کرتے اور آبادیوں کو پریشان کرتے، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

((أَنَّ مَنْ ضَيَّقَ مَنْزِلًا أَوْ قَطَعَ طَرِيقًا فَلَا جِهَادَ لَهُ))[4]

ترجمہ: جو کوئی منزل کو تنگ کرے گا اور راہ گیروں کو لوٹے گا اس کا جہاد نہیں ہوگا۔

---

(۱) سورۃ البقرۃ ۲: ۲۰۵

(۲) (علامہ البانی نے اس حدیث کو ضعیف قرار دیا ہے)، السنن الكبرى، بَابُ لَا يَأْخُذُ الْمُسْلِمُونَ، حدیث نمبر: ۱۸۷۲۸، ۹/۳۴۳

(۳) صحيح البخاري، ابو عبد الله محمد بن اسماعيل، باب من انتظر حتى تدفن، حدیث نمبر: ۲۴۷۴، ط/۱، ۱۴۲۲ھ، ۳/۱۵۳

(۴) (علامہ حسن سلیم نے کہا ہے یہ حدیث حسن ہے)، مسند أبي يعلى، حدیث نمبر: ۱۴۸۳، ۳/۵۹

## قتل اسیر کی ممانعت:

دین اسلام قیدیوں پر بھی بے جا ظلم سے منع فرماتا ہے[1] قتل اسیر کے حوالے سے اسوہ مصطفیٰ ﷺ سے جو مثال ملتی ہے:

((أَنَّ ثَمَانِينَ رَجُلًا مِنْ أَهْلِ مَكَّةَ هَبَطُوا عَلَى النَّبِيِّ ﷺ وَأَصْحَابِهِ مِنْ جِبَالِ التَّنْعِيمِ عِنْدَ صَلَاةِ الْفَجْرِ لِيَقْتُلُوهُمْ، فَأَخَذَهُمْ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ سِلْمًا، فَأَعْتَقَهُمْ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ)) [2]

ترجمہ: مکہ کے اسی آدمی نبی ﷺ اور آپ کے اصحاب پر تنعیم کے پہاڑوں میں صبح کی نماز کے وقت حملہ آور ہوے۔ تاکہ وہ انہیں قتل کر دیں، نبی ﷺ نے انہیں بحفاظت پکڑ لیا، تو رسول اکرم ﷺ نے انہیں آزاد کر دیا۔

ایک روایت میں ہے:

أُتِيَ الْحَجَّاجُ بِأُسَارَى، فَدَفَعَ إِلَى ابْنِ عُمَرَ رَجُلًا يَقْتُلُهُ، فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: لَيْسَ بِهَذَا أُمِرْنَا، قَالَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ: حَتَّى إِذَا أَثْخَنْتُمُوهُمْ فَشُدُّوا الْوَثَاقَ، فَإِمَّا مَنًّا بَعْدُ وَإِمَّا فِدَا [3]

ترجمہ: حجاج بن یوسف کے پاس قیدی لائے گئے، اس نے ایک آدمی کو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے پاس روانہ کیا کہ وہ اسے قتل کریں، آپ نے جواب دیا کہ ایسا کرنے کا ہمیں حکم نہیں ہے، ارشاد ربانی ہے: یہاں تک کہ جب انہیں قتل کر لو تو (جو زندہ پکڑے جائیں ان کو) خوب کس کر باندھو رسیاں بعد ازاں یا تو احسان کر کے ان کو رہا کر دو یا ان سے فدیہ لو یہاں تک کہ جنگ اپنے ہتھیار ڈال دے۔

## بدعہدی کی ممانعت:

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما کی روایت ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا:

---

(۱) ﴿ ثُمَّ أَنْتُمْ هَؤُلَاءِ تَقْتُلُونَ أَنْفُسَكُمْ وَتُخْرِجُونَ فَرِيقًا مِنْكُمْ مِنْ دِيَارِهِمْ تَظَاهَرُونَ عَلَيْهِمْ بِالْإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَإِنْ يَأْتُوكُمْ أُسَارَى تُفَادُوهُمْ وَهُوَ مُحَرَّمٌ عَلَيْكُمْ إِخْرَاجُهُمْ أَفَتُؤْمِنُونَ بِبَعْضِ الْكِتَابِ وَتَكْفُرُونَ بِبَعْضٍ فَمَا جَزَاءُ مَنْ يَفْعَلُ ذَلِكَ مِنْكُمْ إِلَّا خِزْيٌ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَيَوْمَ الْقِيَامَةِ يُرَدُّونَ إِلَى أَشَدِّ الْعَذَابِ وَمَا اللَّهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُونَ ﴾، سورۃ البقرۃ ۲: ۸۵

ترجمہ: پھر تم وہی ہو کہ اب قتل کر رہے ہو اور نکال باہر کرتے ہو اپنے گروہ کو ان کے وطن سے (نیز) مدد دیتے ہو ان کے خلاف (دشمنوں کو) گناہ اور ظلم سے اور اگر آئیں تمہارے پاس قیدی بن کر (تو بڑے پاکباز بن کر) ان کا فدیہ ادا کرتے ہو حالانکہ حرام کیا گیا تھا تم پر ان کا گھروں سے نکالنا تو کیا تم ایمان لاتے ہو کتاب کے کچھ حصے پر اور انکار کرتے ہو کچھ حصے کا کیا سزا ہے ایسے نابکار کی تم میں سے سوائے اس کے کہ رسوا رہے دنیا میں اور روز قیامت انہیں پھینک دیا جائے گا سخت ترین عذاب میں اور اللہ بے خبر نہیں ہے ان کرتوتوں سے جو تم کرتے ہو۔

(۲) (شیخ البانی کے نزدیک یہ حدیث صحیح ہے)، سنن أبي داود، حدیث نمبر: ۲۶۸۸، ۶۱/۳

(۳) جامع البيان، محمد بن جرير الطبري، تحقيق: الدكتور عبد الله بن عبد المحسن، ط/۱، دار هجر للطباعة، ۱۴۲۲ھ، ۱۸۵/۲۱

((مَنْ قَتَلَ مُعَاهَدًا لَمْ يَرِحْ رَائِحَةَ الجَنَّةِ))[1]

ترجمہ: جو کسی معاہد کو قتل کرے گا، اس کو جنت کی بو تک نصیب نہ ہو گی۔

## قتل سفیر کی ممانعت:

سفراء اور قاصدوں کے قتل کو بھی نبی رحمت ﷺ نے منع فرمایا مسیلمہ کذاب کی طرف سے دو آدمی گستاخانہ پیغام لے کر آپ ﷺ کی خدمت میں آئے:

((أَمَا وَاللَّهِ لَوْلَا أَنَّ الرُّسُلَ لَا تُقْتَلُ لَضَرَبْتُ أَعْنَاقَكُمَا))[2]

ترجمہ: اگر قاصدوں کو قتل کرنا منع نہ ہوتا تو میں تم دونوں کی گردن مار دیتا۔

ان احکام سے ہمیں معلوم ہوا کہ اسلام نے جنگ کو ان تمام وحشیانہ افعال سے پاک کر دیا جو اس عہد میں جنگ کے لیے ضروری سمجھے جاتے تھے۔ غیر اہل قتال کا قتل، مردوں کی بے حرمتی، آگ کا عذاب، لوٹ مار، دھوکا، فصلوں کو تباہ، کرنا، شور و غل، بد نظمی معاہدین کا قتل، سفیر کا قتل، اسیران جنگ کا قتل سب کچھ جنگی قوانین کے خلاف قرار دیا۔ اور جنگ کو صرف ایسی چیز بنا دیا جس میں کوئی شریف اور بہادر انسان دشمن کو کم سے کم نقصان پہنچا کر اس کے شر کو دفع کرنے کی کوشش کرے۔ اس اصلاح نے قلیل عرصے میں جو عظیم الشان نتائج پیدا کیے ان کا بہترین ثمر فتح مکہ ہے۔ لوگ فوج در فوج اسلام میں داخل ہوئے ہر طرف امن و امان کا ماحول پیدا ہوا۔

## بے جا زیادتی کی ممانعت اور صبر کی تلقین:

اسلام بے جا ظلم و زیادتی سے منع فرماتا ہے، دشمن پر قابو پا لینے کے بعد بدلہ نہ لینے اور صبر کی تلقین ان الفاظ میں کی گئی ہے، ارشاد ربانی ہے:

﴿وَإِنْ عَاقَبْتُمْ فَعَاقِبُوا بِمِثْلِ مَا عُوقِبْتُمْ بِهِ وَلَئِنْ صَبَرْتُمْ لَهُوَ خَيْرٌ لِلصَّابِرِينَ﴾[3]

ترجمہ: اور اگر تم ان کو تکلیف دینا چاہو تو اتنی ہی تکلیف دو جتنی تکلیف تم کو ان سے پہنچی اور اگر صبر کرو تو وہ صبر کرنے والوں کے لیے بہتر ہے۔

ہر حال میں عدل و انصاف کو ہاتھ سے نہ جانے دیا جائے، ارشاد باری تعالیٰ ہے:

---

(۱) (علامہ البانی نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے)، سنن ابن ماجه، محمد بن يزيد ،باب من قتل معاهدا، حدیث نمبر: ۲۶۸۶، ۸۹۶/۲

(۲) (علامہ البانی نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے)، سنن ابي داؤد ،باب فی الرسل ، حدیث نمبر: ۲۷۶۳، ۳۸/۳

(۳) سورۃ النحل ۱۶: ۱۲۶

﴿وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَآنُ قَوْمٍ عَلَى أَلَّا تَعْدِلُوا اعْدِلُوا هُوَ أَقْرَبُ لِلتَّقْوَى﴾[1]

ترجمہ: کسی قوم کی دشمنی تمہیں عدل سے باہر نہ لے جائے عدل کرو کیونکہ یہ تقویٰ سے قریب تر ہے۔

## حاصل کلام:

۱-دین کی سربلندی کے لیے ہر لمحہ جہاد ضروری ہے۔

۲-جہاد لڑائی جھگڑے اور دنگے فساد کا نام نہیں۔بلکہ یہ تو دین کے لیے ایک پر امن سعی کا نام ہے۔

۳-جہاں لوگ فتنہ برپا کریں ان کے ساتھ جنگ کا حکم دیا گیا ہے اور یہ جنگ جہاد کا ایک حصہ ہے۔

۴-اسلام میں جنگ کا مقصد نہ آتش انتقام بجھانا ہے نہ مال و منال کا حصول ہے۔

۵-اسلام نے پہلے ہی قدم پر اپنے فوجی نظام کو اخلاقی حدود کا پابند کیا، ظلم و زیادتی کے تمام طریقوں کو ختم کر کے جنگ کا ایک نیا تصور پیش کیا اور اسے جہاد فی سبیل اللہ کا نام دیا ہے۔

۶-حالات و واقعات کے پیش نظر اسلام کی حفاظت اور سربلندی کے لیے لازم ہے کہ ہر مسلمان جہاد کرے۔

---

(۱) سورۃ المائدۃ ۵: ۸

# فصل چہارم:

## عصر حاضر میں دینی جد وجہد اصلاحات نبوی کی روشنی میں

بعثت نبی آخر الزماں سے پہلے عرب وعجم کفر وشرک اور جہالت کی تاریکیوں میں ڈوبے ہوئے تھے۔ایران کے آتش کدے اور ہندوستان کے بتکدے شرک کی ترغیب کے اڈے بنے ہوئے تھے۔روم کی عیسائی سلطنت عیاشیوں میں مگن ہو کر انجیل کی تعلیمات کو پس پشت ڈال چکی تھی۔اور خود عرب بت خانوں کی آماجگہ بنا ہوا تھا۔اور تو اور کعبۃ اللہ بھی بتوں کا مرکز تھا۔سال کے ہر دن کا ایک الگ خدا تھا۔آپ ﷺ نے سب سے کاری ضرب شرک وبت پرستی پر لگائی اور اللہ وحدہ لاشریک کی طرف بلایا۔نبی اکرم ﷺ نے شرک وبتوں کی پرستش سے منع کیا۔یہی دعوت توحید ہی تھی جو کفار و مشرکین کو واقعی بری لگی۔اور وہ آپ ﷺ کی مخالفت اور آپ ﷺ کو اذیت دینے لگے۔آپ نے اپنی دعوتی زندگی میں حکمت کے اصولوں کو ہر لمحہ مد نظر رکھا۔آپ ﷺ نے پتھروں کے جواب میں پتھر نہیں اور گالم گلوچ سے بھی احتراز کیا۔ بلکہ حکمت سے کام لیتے ہوئے بڑے احسن انداز سے دعوت دین کا کام کیا۔آپ ﷺ نے خیال رکھا کہ جہاں جس انداز میں تبلیغ کی ضرورت ہوتی وہی انداز اختیار فرماتے۔

### دعوت وارشاد:

**لغوی مفہوم:**

لغوی معنیٰ کھانے پر بلانے، مہمان کے ساتھ کھانے یا ولیمہ کے لیے بھی یہ لفظ مستعمل ہے۔دعوت کی جمع دعوات ہے اس کا مادہ (د ع و) ہے۔

دعا: الدَعْوَةُ إلى الطعام بالفتح. يقال: كنا في دَعْوَةِ فلان ومَدْعاةِ فلان، وهو في الأصل مصدرٌ، يريدون الدُعَاءَ إلى الطعام [1]

**اصطلاحی مفہوم:** دعوت اس پیغام کو کہتے ہیں جو رسل عظام کے ذریعے لوگوں کو ملا تاکہ وہ اسے دوسرے لوگوں تک پہنچائیں۔اس آیہ میں دعا (بلانے) کے معنی میں استعمال ہوا ہے۔

﴿قُلْ هَذِهِ سَبِيلِي أَدْعُو إِلَى اللَّهِ﴾ [2]

ترجمہ: آپ فرما دیجیے یہ میرا راستہ ہے میں صرف اللہ کی طرف بلاتا ہوں۔

---

(۱) الصحاح تاج اللغة وصحاح العربية،اسماعيل بن حماد الجوهري ،تحقيق: أحمد عبد الغفور عطار، ط/۴، دار العلم للملايين ، بيروت،۱۴۰۷ھ،۲۳۳۶/۶

(۲) سورۃ یوسف ۱۲: ۱۰۸

الغرض دعا کا ایک معنیٰ دعوت دین یعنی اللہ تعالیٰ کے راستے کی طرف پکارنے کے لیے خاص ہے۔

## دعوت و تبلیغ کی فضیلت:

اللہ تعالیٰ نے تبلیغ دین کی بناء پر امت محمدیہ کو بہترین امت کہا ہے[۱] نبی ﷺ کا فرمان ہے:

((مَنِ اغْبَرَّتْ قَدَمَاهُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ حَرَّمَهُ اللَّهُ عَلَى النَّارِ))[۲]

ترجمہ: جس شخص کے قدم اللہ تعالیٰ کے راستے میں غبار آلود ہوئے اللہ تعالیٰ انہیں دوزخ کی آگ پر حرام فرمادیں گے۔

یہ امت ایک عظیم مقصد کے لیے پیدا کی گئی ہے وہ ہے نیکیوں کو پھیلانا اور برائیوں سے روکنا۔

## نبی اکرم ﷺ کا اسلوب دعوت:

لوگوں تک اللہ کی وحدانیت کا پیغام رسل عظام کے ذریعے پہنچا۔ رسل علیہم السلام نے دعوت و تبلیغ کی اور بھٹکی ہوئی انسانیت کو ایک اللہ کے در پر لا کھڑا کیا۔ انبیاء کی بعثت کا مقصد یہی ہے کہ لوگوں کا اللہ تعالیٰ کے ساتھ تعلق پیدا کرنا۔ اور اصل دین کے بارے میں وہ تمام اختلاف کی حقیقت واضح کرنا جو پہلے انبیاء کرام کی امتوں کے درمیان پیدا ہو گئے تھے۔ اور اس سلسلے میں آمیزشوں کو الگ کرنا، الجھنوں کو دور کرنا گمراہی کے پردوں کو ہٹانا اور راہ ہدایت کو واضح کرنا۔ انبیاء کرام علیہم السلام نے تعلیمات خداوندی کو عام کیا، نبی ﷺ کو تبلیغ کا طریقہ اللہ نے سکھایا[۳]

## نبی اکرم ﷺ کے اسلوب دعوت کی چند مثالیں:

نبی علیہ السلام کے سمجھانے کا انداز یہ تھا کہ ایک محسوس اور واقعی صورتحال کو ذہنی و علمی شکل میں تبدیل کر کے اس کا تعلق ایمان واخلاق اور سلوک سے جوڑ دیتے تھے۔ بلاشبہ یہ طریق تعلیم ایک علمی اور ذہنی نظریے کو مجسم کر کے سامنے پیش کر دینے کے سلسلے میں موثر ترین وسیلہ ہے۔

---

(۱) ﴿كُنْتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ﴾، سورۃ آل عمران ۳: ۱۱۰
ترجمہ: تم بہترین امت ہو جو ظاہر کی گئی ہیں لوگوں کی بھلائی کے لیے تم نیکی کا حکم دیتے ہو اور برائی سے روکتے ہو۔

(۲) صحيح البخاري، بَابُ المشْيِ إِلَى الجُمُعَةِ، حدیث نمبر: ۹۰۷، ط/۱، ۱۴۲۲ھ، ۲/۷

(۳) ﴿ادْعُ إِلَى سَبِيلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ وَجَادِلْهُمْ بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ﴾، سورۃ النحل ۱۶: ۱۲۵
ترجمہ: اے محبوب بلائیے لوگوں کو اپنے رب کے راہ کی طرف حکمت سے اور عمدہ نصیحت سے اور ان سے بحث اس انداز سے کیجئے جو بڑا پسندیدہ اور شائستہ ہو۔

## موقع ومحل کی مناسبت سے گفتگو:

حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے آپ ﷺ کی خدمت میں کچھ جنگی قیدی لائے گئے ان میں ایک عورت تھی جس کے پستان دودھ سے بھرے ہوئے تھے۔ جب قیدیوں میں سے ایک بچے پر اس کی نظر پڑی تو دوڑ کر عورت نے بچے کو سینے سے چمٹالیا اور اسے دودھ پلایا۔

((فَقَالَ لَنَا رَسُولُ اللهِ ﷺ:أَتَرَوْنَ هَذِهِ الْمَرْأَةَ طَارِحَةً وَلَدَهَا فِي النَّارِ؟ قُلْنَا: لَا، وَهِيَ تَقْدِرُ عَلَى أَنْ لَا تَطْرَحَهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:لَلَّهُ أَرْحَمُ بِعِبَادِهِ مِنْ هَذِهِ بِوَلَدِهَا))(۱)

آپ علیہ السلام نے ہمیں فرمایا کیا یہ عورت اپنے بیٹے کو آگ میں پھینکنا گوارا کرے گی۔ ہم نے عرض کی نہیں جب تک اسے قدرت ہو گی وہ اپنے بچے کو آگ میں نہیں پھینک سکتی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: جتنا یہ عورت اپنے بیٹے پر مہربان ہے اس سے زیادہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں پر مہربان ہے ۔

عورت کے اس عمل کو مثال بنا کر نبی رحمت ﷺ نے بر محل خاص بات سمجھائی۔

## برداشت:

اسی طرح ایک مرتبہ ایک دیہاتی آیا مسجد میں پیشاب کرنے بیٹھ گیا۔ صحابہ رضی اللہ عنھم اسے مارنے کے لیے اٹھ کھڑے ہوئے۔ آپ ﷺ نے ان کو منع فرمایا جب دیہاتی فارغ ہوا تو آپ ﷺ نے اسے بلایا اور فرمایا:

((إِنَّ هَذِهِ الْمَسَاجِدَ لَا تَصْلُحُ لِشَيْءٍ مِنْ هَذَا الْبَوْلِ، وَلَا الْقَذَرِ إِنَّمَا هِيَ لِذِكْرِ اللهِ ))(۲)

ترجمہ: بے شک مساجد اس لیے نہیں ہیں کہ کوئی ان میں پیشاب کرے یا ان کو گندہ کرے بلکہ مساجد اللہ تعالیٰ کے ذکر، نماز اور قرآن پاک کی تلاوت کے لیے ہیں۔

وہ ناسمجھ تھا مسجد کے آداب سے واقف نہیں تھا۔ آپ ﷺ نے اسے مشفقانہ انداز سے سمجھایا۔ اس سے معلوم ہوا کہ اگر کسی کو کوئی بات سمجھانی پڑ جائے تو نرمی سے سمجھائی جائے۔

## مشفقانہ انداز:

حضرت معاویہ بن الحکم رضی اللہ عنہ سفر پر تشریف لے گئے اس وقت نماز میں سلام کا جواب دینے اور اشارے سے بات کرنے کی اجازت تھی۔ جب یہ سفر سے واپس تشریف لائے تو یہ اجازت ختم ہو چکی تھی، ان کو معلوم نہ تھا۔ جب

---

(۱) صحيح البخاري، بَابُ رَحْمَةِ الوَلَدِ ،حدیث نمبر:۵۹۹۹،ط/۱،۱۴۲۲ھ،۸/۸

(۲) (علامہ البانی نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے)، جامع الأصول في أحاديث الرسول، مجد الدين أبو السعادات المبارك بن محمدالجزري ابن الأثير،تحقيق : عبد القادر الأرنؤوط،حدیث نمبر:۵۰۵۴ ،ط/۱، مكتبة الحلواني ،مكتبة دار البيان،،۷/۸۳

نماز میں کھڑے ہوئے تو کسی کو چھینک آئی انھوں نے جواب میں یرحمک اللہ کہا۔ صحابہ رضی اللہ عنہم نے انہیں نماز ہی میں چپ رہنے کا اشارہ کیا۔ انھوں نے جواب میں کہا مجھے کیوں دیکھ رہے ہو اور اشارے کر رہے ہو؟ جب نماز ختم ہوئی تو یہ صحابی رضی اللہ عنہ آپ ﷺ کے حکیمانہ اور مشفقانہ انداز تعلیم کے بارے میں قسم کھا کر خود فرماتے ہیں:

((فَبِأَبِي هُوَ وَأُمِّي مَا رَأَيْتُ مُعَلِّمًا قَبْلَهُ وَلَا بَعْدَهُ أَحْسَنَ تَعْلِيمًا مِنْهُ، فَوَاللهِ، مَا كَهَرَنِي وَلَا ضَرَبَنِي وَلَا شَتَمَنِي، قَالَ: إِنَّ هَذِهِ الصَّلَاةَ لَا يَصْلُحُ فِيهَا شَيْءٌ مِنْ كَلَامِ النَّاسِ، إِنَّمَا هُوَ التَّسْبِيحُ وَالتَّكْبِيرُ وَقِرَاءَةُ الْقُرْآنِ))(۱)

ترجمہ: میرے ماں باپ قربان ہوں میں نے آپ ﷺ سے بڑھ کر اچھی تعلیم دینے والا نہ پہلے دیکھا نہ بعد میں، اللہ کی قسم نہ آپ ﷺ نے غصہ کیا، نہ مارا پیٹا، نہ برا کہا، بلکہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: یہ نماز، ہے اس میں لوگوں کی باتوں کے مشابہ باتیں کرنا مناسب نہیں بلکہ مساجد تسبیح، تکبیر، اور تلاوت قرآن کے لیے ہیں۔

## بھلائی کی دعوت، امت محمدیہ کا وصف خاص:

یہ دین قیم جس نے عالم بشریت کی تقدیر بدل دی اس کی تبلیغ واشاعت اہم ترین فریضہ ہے(۲) دعوت وارشاد ایک امر مہم اور عظیم صدقہ جاریہ ہے، آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

((مَنْ دَلَّ عَلَى خَيْرٍ فَلَهُ مِثْلُ أَجْرِ فَاعِلِهِ))(۳)

ترجمہ: جس شخص نے بھلائی کی طرف رہنمائی کی اس کا اجر بھی اس کام کے کرنے والے کی طرح ہے۔

قرآن وحدیث کا یہ تقاضا ہے کہ ایک ایسی جماعت ہو جو اہل ایمان کو نیکی کی دعوت دے اور غیر مسلم اقوام تک پیغام رشد و ہدایت پہنچائے۔

## نبی ﷺ کی دینی اصلاحات سے عصر حاضر میں استفادہ:

دعوت وارشاد کا فریضہ انبیائے کرام نے سرانجام دیا۔ اب یہ کام امت مسلمہ نے سرانجام دینا ہے۔ ضروری ہے کہ

---

(۱) (علامہ البانی نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے)، المعجم الكبير، سليمان بن أحمد الطبراني، تحقيق: حمدي بن عبدالمجيد السلفي، حدیث نمبر: ۹۴۵، ط/۲، مكتبة العلوم والحكم، الموصل، ۱۹۸۳، موقع شبكة مشكاة الإسلامية، ۴۰۱/۱۹

(۲) ﴿وَلْتَكُنْ مِنْكُمْ أُمَّةٌ يَدْعُونَ إِلَى الْخَيْرِ وَيَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَأُولَئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ﴾، سورۃ آل عمران ۳: ۱۰۴
ترجمہ: اور تم میں ایک گروہ ایسا ہونا چاہیئے کہ بھلائی کی طرف بلائے اور اچھی بات کا حکم دے اور بُری بات سے منع کرے یہی لوگ ہیں جو نجات پانے والے ہیں۔

(۳) صحيح مسلم، بَابُ فَضْلِ إِعَانَةِ، حدیث نمبر: ۱۸۹۳، ۱۵۰۶/۳

اس کام کو سرانجام دینے کے لیے امت مسلمہ میں وہ خصوصیات ہوں جو دعوت وارشاد کے عظیم کام میں معاون ثابت ہوں۔

## من مانی تاویلات سے گریز:

زندگی کی شاہراہ پر سفر کرتے ہوئے کامیابی تب ممکن ہے، جب اتباع رسول ﷺ ہو، اور من مانی خواہشات سے دور رہنے کی کوشش کی جائے۔ اسی بات میں مسلمانوں کی اور تمام انسانیت کی کامیابی ہے۔ قرآن مجید میں حکم ہوتا ہے:

﴿ وَمَاآتَاكُمُ الرَّسُولُ فَخُذُوهُ وَمَا نَهَاكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوا﴾(۱)

ترجمہ: اور جو چیز تمہیں پیغمبر دیں وہ لے لو اور اور جس سے منع کریں اس سے باز رہو۔

## حسن خلق:

حضرت محمد ﷺ پر اللہ نے شریعت مکمل کی اور آپ ﷺ کو خاتم النبیین کا خطاب دے کر تمام جہانوں کی طرف مبعوث کیا۔ آپ ﷺ کے اخلاق، عادات اور شمائل بھی تمام نبیوں سے افضل بنائے۔ لہٰذا ان کو اپنانا ہی انسانیت کی سعادت ہے۔ خود قرآن پاک نے اخلاق نبی ﷺ پر مہر تصدیق ثبت فرمائی ہے اور گواہی دی ہے کہ:

﴿وَإِنَّكَ لَعَلَى خُلُقٍ عَظِيمٍ﴾(۲)

ترجمہ: اور بے شک آپ عظیم الشان خلق کے مالک ہیں۔

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنھا جنہیں آپ ﷺ کی صحبت مبارک میں رہنے کی سعادت نصیب ہوئی ان سے حضور ﷺ کے اخلاق کے حوالے سے سوال کیا گیا تو آپ رضی اللہ تعالیٰ عنھا نے فرمایا کیا تم قرآن نہیں پڑھتے:

((كَانَ خُلُقُهُ الْقُرْآنَ))(۳)

ترجمہ: آپ کا خلق قرآن ہے۔

گویا اگر قرآن کو سمجھنا ہے اور اس پر عمل کرنا ہے تو جو نمونہ آنحضور ﷺ نے پیش کیا وہ بہترین ہے۔ موجودہ حالات میں امت مسلمہ کے لیے نبوی اخلاق کا اپنانا ضروری ہے۔

---

(۱) سورۃ الحشر ۵۹: ۷

(۲) سورۃ القلم ۶۸: ۴

(۳) (شعیب الأرنؤوط اور عادل مرشد کی تحقیق کے مطابق اس حدیث کی سند شیخین کی شرط پر صحیح ہے)، مسند الإمام أحمد بن حنبل، حدیث نمبر: ۲۵۳۰۲، ۴۲/۱۸۳

## صبر و تحمل:

تمام مکاتب فکر کے علماءاور عوام کے لیے صبر و تحمل کا اپنانا کامیابی کی دلیل ہے، بلکہ اس چیز کی انسانیت کو آج ضرورت ہے [۱] اگر ہم آج اپنے روز مرہ کے معاملات کا جائزہ لیں تو یہ بات ناقابل تردید ہوگی کہ ہمارے معاملات کا بیشتر حصہ دینی تعلیمات سے دور ہے۔ انفرادی یا اجتماعی سطح پر عدم برداشت ہماری عادت ثانیہ بن چکی ہے۔ حالانکہ دین اسلام نے جس قدر صبر ،اور برداشت کی تلقین کی ہے اس کی مثال دیگر مذاہب میں نہیں ملتی۔ اس بات کی طرف آپ ﷺ نے ان الفاظ میں رہنمائی فرمائی ہے:

((وَمَنْ يَتَصَبَّرْ يُصَبِّرْهُ اللَّهُ، وَمَا أُعْطِيَ أَحَدٌ عَطَاءً خَيْرًا وَأَوْسَعَ مِنَ الصَّبْرِ)) [۲]

ترجمہ: اور جو صبر کرتا ہے اللہ تعالیٰ اسے صبر کی دولت عطا فرماتا ہے۔ صبر سے بہتر کسی شخص کو کوئی شے نہیں عطا کی گئی۔

اسلامی تاریخ سے پتہ چلتا ہے کہ ہمارے نبی ﷺ صبر و تحمل کے کوہ گراں تھے اور اسی کی تلقین فرماتے تھے۔ موجودہ دور میں ہر مبلغ کو بالخصوص صبر و تحمل اپنانے کی ضرورت ہے۔

## مسلم اجتماعیت کو ترجیح دینا:

اسلام امت میں انتشار نہیں چاہتا بلکہ اسلام اجتماعیت کا قائل ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اجتماعیت کا حکم دیتے ہوئے فرقوں میں بٹنے سے منع کیا ہے، ارشاد خداوندی ہے: اور سب مل کر اللہ کی رسی کو مضبوطی سے پکڑ لو اور تفرقے میں نہ پڑو [۳]

یہ رسی ٹوٹ تو نہیں سکتی ہاں چھوٹ سکتی ہے۔ اگر سب مل کر اس کو پوری قوت سے پکڑے رہو گے، کوئی شیطان شر انگیزی میں کامیاب نہ ہو سکے گا اور انفرادی زندگی کی طرح مسلم قوم کی اجتماعی قوت بھی غیر متزلزل اور ناقابل اختلال ہو جائے گی۔ اس اجتماعیت کے استحکام کے لیے ضروری ہے کہ تمام انسان کسی ایک ہستی کی اطاعت کر لیں تاکہ ان کے درمیان فیصلوں اور تنازعات کی صورت میں اختلاف رائے نہ رہے۔ دنیا کی دیگر قوموں کے لیے اجتماعیت قائم کرنے کے لیے بہت سی بنیادیں ہیں۔ کہیں ان کی بنیاد نسل ہے، کہیں زبان اور رنگ ہے۔ لیکن مسلم معاشرے کے نزدیک ان میں سے کوئی وجہ بھی قومیت کی بنیاد نہیں بن سکتی۔ مسلم ملت کے بنیادی عوامل تو توحید و رسالت کا اقرار اور اسلام کے معروفات اور منکرات کا

---

(۱) ﴿يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اصْبِرُوا وَصَابِرُوا وَرَابِطُوا وَاتَّقُوا اللَّهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ﴾، سورۃ آل عمران ۳: ۲۰۰

ترجمہ: اے ایمان والو صبر کرو اور ثابت قدمی میں (دشمن سے بھی) زیادہ محنت کرو اور (جہاد کے لیے) خوب مستعد رہو، اور (ہمیشہ) اللہ کا تقویٰ قائم رکھو تاکہ تم کامیاب ہو سکو۔

(۲) صحيح البخاري، حدیث نمبر: ۱۴۶۹، ۲/۱۲۲

(۳) سورۃ آل عمران ۳: ۱۰۳

اہتمام ہی ہے۔انہیں عوامل سے ایک مخصوص سانچہ اور ایک مخصوص طرز کا انسان وجود میں آتا ہے جس سے اجتماعیت پیدا ہوتی ہے،اور پر امن معاشرہ بنتا ہے[۱]

## اخلاص:

اخلاص کا معنٰی تمام امور میں اللہ تعالیٰ کی خوشنودی اس طرح چاہنا کہ ہر قسم کے نام ونمود، دکھاوے شہرت اور ناجائز دنیاوی منفعت کے حصول سے انسان روگردانی کرے[۲] اخلاص کے متعلق آپ ﷺ نے جو حدیث بیان فرمائی وہ امت مسلمہ کے لیے مشعل راہ ہے۔

> قیامت کے دن سب سے پہلے ایک شہید، ایک عالم، ایک سخی کا فیصلہ ہوگا۔ سب کو اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں لایا جائے گا اللہ تعالیٰ ان سے اپنی نعمتوں کا اقرار کرائے گا۔ پھر فرمائے گا کہ تم نے میری اِن نعمتوں کے شکریہ میں کون سا عمل کیا۔ شہید کہے گا میں نے تیری راہ میں جہاد کیا، عالم کہے گا کہ میں نے علم پڑھا اور پڑھایا اور تیری رضا کے لئے قرآن مجید کی قرأت کی، سخی کہے گا جہاں جہاں تو نے چاہا میں نے اپنا مال خرچ کیا۔ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ فرمائے گا کہ تم جھوٹ بول رہے ہو تمھارا مقصد میری رضا نہیں تھا بلکہ شہرت اور ناموری حاصل کرنا تھا جو تمہیں مل گئی ہے، حکم ہوگا کہ ان سب کو گھسیٹ کر جہنم میں ڈال دو[۳]

تو اس حدیث پاک کے مفہوم سے یہ بات واضح ہوگئی کہ اخلاص کے بغیر کوئی عمل بارگاہ رب العزت میں مقبولیت کے درجے تک نہیں پہنچ سکتا۔ عصر حاضر میں اخلاص کو اپنانے کی انتہائی ضرورت ہے۔ دعوت وارشاد کا فریضہ جس عظیم مقصد کے لیے انجام دیا جاتا ہے وہ بس یہی ہے کہ اللہ کا دین غالب آجائے۔ انسان صرف اللہ کا بندہ بن جائے اور باطل سے نجات پائے یہ بہت ہی مقدس کام ہے۔ اس میں اگر اخلاص نہیں ہے تو ہو سکتا ہے کہ اس سے انسان کے نفس کی تسکین ہو جائے اور دنیا میں اس کی تعریف ہو جائے لیکن روز جزا اسے کچھ فائدہ نہیں حاصل ہوگا[۴]

## مقاصدِ علم:

حصول علم کا اصل مقصد شعور آگہی ہے، بلکہ اس کے ذریعے انسانیت کی تعلیم وتربیت مقصود ہوتی ہے۔ اس کو

---

(۱) رسول اکرم کی حکمت انقلاب، سید اسعد گیلانی، ادارہ ترجمان القرآن، لاہور، ص:۳۲۷

(۲) ﴿فَاعْبُدِ اللَّهَ مُخْلِصًا لَهُ الدِّينَ ، أَلَا لِلَّهِ الدِّينُ الْخَالِصُ﴾، سورۃ الزمر ۳۹: ۲-۳
ترجمہ: پس آپ اللہ کی عبادت کریں خالص کرتے ہوئے اس کے لیے اطاعت کو خبر دار دین خالص صرف اللہ کے لیے ہے۔

(۳) صحیح مسلم ،بَابُ مَنْ قَاتَلَ لِلرِّيَاءِ ،حدیث نمبر:۱۹۰۵، ۱۵۱۳/۳

(۴) دعوت وارشاد، ڈاکٹر حمید اللہ، ص:۱۹

انسانیت کا معراج قرار دیا گیا ہے۔ فخر ومباہات کے ذریعے ان عظیم مقاصد کو ضایع نہیں کیا جا سکتا، آپ ﷺ نے اس ضمن میں فرمایا:

((مَنْ طَلَبَ العِلْمَ لِيُجَارِيَ بِهِ العُلَمَاءَ أَوْ لِيُمَارِيَ بِهِ السُّفَهَاءَ أَوْ يَصْرِفَ بِهِ وُجُوهَ النَّاسِ إِلَيْهِ أَدْخَلَهُ اللَّهُ النَّارَ))[۱]

ترجمہ: جس نے علم اس غرض سے حاصل کیا کہ وہ اس سے علماء پر فخر کرے یا جاہلوں سے جھگڑے یا لوگوں کو اپنی طرف متوجہ کرے خدا اس کو دوزخ کی آگ میں داخل کر دے گا۔

اس حدیث پاک سے واضح ہوا کہ علم کسی کمتر مقصد کے لیے نہیں حاصل کرنا چاہیے۔ دوسرے اعمال کی طرح حصول علم میں بھی خوشنودی رب کو پیش نظر رکھنا چاہیے۔ کسی نے اگر علم خدا کی رضا کے لیے نہیں بلکہ محض نام ونمود اور دنیوی مفاد کے لیے حاصل کیا ہے تو خدا کے نزدیک اس کی کوئی وقعت نہیں۔ وہ جنت کی نعمتوں سے بھی محروم ہو گا اور اس کا ٹھکانا دوزخ ہو گا۔ عصر حاضر میں اس فکر کو اپنانے کی ضرورت ہے۔

## جزبہ خیر خواہی:

دین کی دعوت دینے والا جزبہ خیر خواہی سے سرشار ہو۔ جس طرح ایک باپ اپنے بیٹے کی ہدایت کا طالب ہوتا ہے اللہ کے نبی ﷺ فرماتے ہیں:

(( الدِّينُ النَّصِيحَةُ قُلْنَا: لِمَنْ؟ قَالَ: لِلَّهِ وَلِكِتَابِهِ وَلِرَسُولِهِ وَلِأَئِمَّةِ الْمُسْلِمِينَ وَعَامَّتِهِمْ))[۲]

ترجمہ: دین خیر خواہی ہے، سوال کیا کس کی: آپ ﷺ نے فرمایا اللہ تعالی کی اس کی کتاب کی اس کے رسول کی مسلمان حکمرانوں کی اور عوام کی۔

اللہ کے لیے خیر خواہی یہ ہے کہ اس پر ایمان لائے اور کسی کو اس کا شریک نہ کرے، قرآن کی خیر خواہی یہ کہ یہ منزل من اللہ ہے، اور رسول کی خیر خواہی یہ کہ آپ ﷺ کو اللہ نے بھیجا ہے، آپ ﷺ کی ہر بات کو من وعن تسلیم کرے۔ مسلمان حکمرانوں کے لیے خیر خواہی یہ ہے کی حق بات میں ان کی مدد کرے اور ان سے بغاوت وسرکشی نہ کرے۔ نبی علیہ السلام کے متعلق اللہ تعالی نے ارشاد فرمایا آپ ﷺ اتنے نرم دل ہیں کہ امت کی تکلیفوں سے خود کانپ اٹھتے ہیں داعی امت تکلیف محسوس کرتے ہیں جب امتی مشقت میں ہو[۳] اسی طرح وہ امتی کی بھلائی کے خواہش مند ہیں اور اہل ایمان پر نگاہ کرم فرماتے ہیں۔ اسی طرح خیر خواہی کا جزبہ ہر داعی میں ہونا چاہیے۔

---

(۱) (علامہ البانی نے اس حدیث کو حسن قرار دیا ہے)، سنن الترمذي، حدیث نمبر: ۲۶۵۴، إحياء التراث العربي، بيروت، ۳۲/۵

(۲) صحيح مسلم، بَابُ بَيَانِ: أَنَّ الدِّينَ النَّصِيحَةُ، حدیث نمبر: ۹۵، ۷۴/۱

(۳) ﴿لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُولٌ مِنْ أَنْفُسِكُمْ عَزِيزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِينَ رَءُوفٌ رَحِيمٌ﴾، سورۃ التوبۃ ۹: ۱۲۸

## لوگوں کے لیے آسانیاں پیدا کرنا:

دعوت دینے والا مشکلات پیدا کر کے لوگوں کے دلوں میں دین کی نفرت پیدا نہ کرے بلکہ آسانیاں پیدا کرے، آپ ﷺ ارشاد فرماتے ہیں:

((إِنَّ اللَّهَ لَمْ يَبْعَثْنِي مُعَنِّتًا وَلَكِنْ بَعَثَنِي مُعَلِّمًا مُيَسِّرًا))(۱)

ترجمہ: میں مشقت میں ڈالنے والا نہیں بلکہ آسانی پیدا کرنے والا بن کے آیا ہوں۔

دوسرے لوگوں کے لیے آسانیاں پیدا کرنا بڑے عزم اور ہمت والے لوگوں کا کام ہے۔ اللہ تعالیٰ سب کو توفیق عطا فرمائے۔ نبی پاک علیہ السلام نے یمن کی طرف حضرت معاذ اور حضرت ابو موسی اشعری رضی اللہ عنھما کو داعی اسلام بنا کر بھیجا تو انہیں یہ نصیحت فرمائی:

((بَشِّرَا وَيَسِّرَا، وَعَلِّمَا وَلَا تُنَفِّرَا)) (۲)

ترجمہ: خوشخبری سناؤ اور آسانیاں پیدا کرو تم لوگوں کو تعلیم دو اسلام سے متنفر نہ کرو۔

دیکھنے میں تو اس ارشاد پاک میں دو دو لفظوں کے دو فقرے ہیں، مگر ان میں طریق دعوت کا ایک دفتر بند ہے۔ گویا کہ دریا کو کوزے میں بند کر دیا گیا ہے داعی کو سمجھایا گیا ہے کہ جس جماعت کو دعوت دے اس میں آسان سے آسان طریقے سے دین کو پیش کرے اور ابتدا ہی سے سختی نہ کرے اور رحمت الٰہی کی وسعت اور بشارت کا تذکرہ کرے۔

## امثلہ کے ذریعے تفہیم دین:

موقع و محل کی مناسبت سے داعی امثلہ کے ذریعے لوگوں کو دین کی باتیں سمجھائے جیسا کہ کبھی کبھار آپ ﷺ امثلہ کے ذریعے بات سمجھاتے جریر بن عبداللہ کی روایت ہے:

((كُنَّا جُلُوسًا لَيْلَةً مَعَ النَّبِيِّ ﷺ، فَنَظَرَ إِلَى القَمَرِ لَيْلَةَ أَرْبَعَ عَشْرَةَ))(۳)

ترجمہ: ہم نبی علیہ السلام کے پاس بیٹھے تھے کہ آپ ﷺ نے چودھویں رات کے چاند کو دیکھا تو فرمایا یقیناً تم رب کا دیدار کرو گے جس طرح تم اس چاند کو دیکھ رہے ہو اس کے دیکھنے میں تمہیں کوئی زحمت نہ ہوگی۔

---

ترجمہ: تحقیق تمہارے پاس تمہی میں سے ایک رسول آیا جس پر تمہارا تکلیف میں پڑنا شاق گزرتا ہے ، تمہاری بھلائی کا خواہش مند ہے اور ایمان والوں پر مہربان اور رحیم ہے۔

(۱) (علامہ حسین سلیم اسد کے نزدیک اس حدیث کی سند صحیح ہے)، مسند أبي يعلى، أحمد بن علي ،**حدیث نمبر**:۲۲۵۳، دار المأمون ،دمشق ،۱۷۴/۴

(۲) صحیح مسلم، بَابُ بَيَانِ أَنَّ كُلَّ مُسْكِرٍ ،**حدیث نمبر**:۱۷۳۳،۱۵۸۶/۳

(۳) صحیح البخاري ،**حدیث نمبر**:۱۳۹/۶،۴۸۵۱

اسی طرح ایک اور مثال کے ذریعے اللہ کے نبی ﷺ نے صراط مستقیم کو کچھ یوں واضح کیا، حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ [۱] سے روایت ہے:

((خَطَّ لَنَا رَسُولُ اللَّهِ ﷺ خَطًّا فَقَالَ: هَذَا سَبِيلُ اللَّهِ)) [۲]

ترجمہ: آپ ﷺ نے ہمارے لیے ایک خط کھینچا پھر فرمایا یہ اللہ تعالیٰ کی راہ ہے۔ پھر آپ ﷺ نے اس کے دائیں جانب اور بائیں جانب خط کھینچے پھر فرمایا یہ مختلف راہیں ہیں اور ہر راہ پر شیطان ہے پھر آپ ﷺ نے قرآن کا یہ حصہ پڑھا: ﴿وَأَنَّ هَذَا صِرَاطِي مُسْتَقِيمًا﴾ [۳]

ترجمہ: اور بلاشبہ یہ میری راہ ہے سیدھی سو تم اس پر چلو اور دوسروں کی راہوں پر مت چلو وہ تمہیں اس کی راہ سے جدا کر دیں گے۔ جو لوگ تردد میں نہیں پڑتے اور سیدھی راہ پر چلتے ہیں وہی کامیاب ہیں۔

## مخاطبین کو سمجھانے کی ہر ممکن کوشش:

داعی باصلاحیت ہو اور ممکنہ طریقے سے دین کی بات سمجھا سکے، ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے:

(( خَطَّ لَنَارَسُولُ اللَّهِ ﷺ خَطًّا مُرَبَّعًا، وَخَطَّ وَسَطَهُ خُطُوطًا هَكَذَا إِلَى جَانِبِ الْخَطِّ)) [۴]

ترجمہ: نبی ﷺ نے ایک مربع شکل بنائی اور اس کے درمیان ایک خط کھینچا جو اس سے نکلا ہوا تھا۔ اس کے بعد اس مربع شکل کے درمیانی خط کی طرف چھوٹے چھوٹے خط کھینچے اور فرمایا یہ انسان ہے اور یہ اس کی موت اس کو گھیرے ہوئے ہے۔ یہ بلاشک وشبہ اس کا احاطہ کر چکی ہے۔ اور یہ باہر نکلا ہوا خط اس کی آرزو ہے اور یہ چھوٹے چھوٹے خطوط مصائب ہیں پس اگر وہ ایک مصیبت سے بچ نکلتا ہے تو دوسری میں پھنس جاتا ہے اور دوسری سے نکلتا ہے تو تیسری میں گرفتار ہو جاتا ہے۔

ان احادیث مبارکہ سے یہ بات واضح ہوئی کہ داعی ہر ممکنہ صورت بروئے کار لا کر مخاطبین کو سمجھانے کی کوشش کرے۔ جیسا کہ نبی پاک علیہ السلام نے انسانی آرزؤں کی درازی اور انسان کے مسلسل مصائب اور موت کی گرفت میں

---

(۱) (حضرت عبداللہ ابن مسعود: کنیت ابو عبدالرحمن، ہذلی ہیں۔ بنو زہرہ کے حلیف تھے۔ حضرت ابن مسعود قدیم الاسلام تھے۔ سعید بن زید اور ان کی بیوی فاطمہ بن خطاب نے جب اسلام قبول کیا، اُسی وقت یہ بھی مسلمان ہوئے۔ حضرت ابن مسعود فرماتے ہیں میں اسلام میں چھٹا شخص تھا۔ آپ نبی پاک ﷺ کی خدمت کرتے تھے۔ ۳۲ھ میں وفات پائی۔ جنت البقیع میں دفن ہوئے۔ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نماز جنازہ پڑھائی۔ بعض کا خیال ہے حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے پڑھائی جبکہ بعض کے نزدیک حضرت زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے پڑھائی۔ رات میں دفن کیا گیا تھا کیونکہ یہ ان کی وصیت تھی۔ اسد الغابہ، ۵-۷/۳۳۲)

(۲) (شعیب الأرنؤوط اور عادل مرشد کی تحقیق کے مطابق اس کی سند حسن ہے)، مسند الإمام أحمد بن حنبل، حدیث نمبر: ۴۱۴۲، ۷/۲۰۷

(۳) سورۃ الأنعام ۶: ۱۵۳

(۴) صحيح البخاري، بَابُ فِي الأَمَلِ، حدیث نمبر: ۶۴۱۷، ۸/۸۹

ہونے کو ایک شکل بنا کر صحابہ کرام رضی اللہ عنھم کو سمجھایا۔

## تسلی دینا:

امام نسائی رحمہ اللہ تعالیٰ نے تسلی دینے کے متعلق ایک روایت بیان کی ہے۔

معاویہ بن قرہ رضی اللہ عنہ [۱] اپنے باپ سے انھوں نے بیان کیا: جب نبی علیہ السلام تشریف فرما ہوتے اصحاب کی ایک جماعت بھی بیٹھتی انہیں میں سے ایک چھوٹے بچے والا شخص تھا جو کہ ان کے پیچھے سے آتا تو وہ اس بچے کو اپنے آگے بٹھا دیتا۔ وہ بچہ فوت ہو گیا تو اس شخص نے بچے کی یاد کے غم میں حلقہ میں حاضر ہونا چھوڑ دیا۔ آپ ﷺ نے اس کی غیر حاضری کا نوٹس لیا اور فرمایا کیا بات ہے میں فلاں شخص کو مجلس میں نہیں دیکھ رہا۔ لوگوں نے بتلایا اس کا وہ چھوٹا بیٹا جسے آپ ﷺ دیکھتے تھے وہ فوت ہو گیا۔

((فَعَزَّاهُ عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: يَا فُلَانُ، أَيُّمَا كَانَ أَحَبُّ إِلَيْكَ أَنْ تَمَتَّعَ بِهِ عُمُرَكَ، أَوْ لَا تَأْتِي غَدًا إِلَى بَابٍ مِنْ أَبْوَابِ الْجَنَّةِ إِلَّا وَجَدْتَهُ قَدْ سَبَقَكَ إِلَيْهِ يَفْتَحُهُ لَكَ، قَالَ: يَا نَبِيَّ اللَّهِ، بَلْ يَسْبِقُنِي إِلَى بَابِ الْجَنَّةِ فَيَفْتَحُهَا لِي لَهُوَ أَحَبُّ إِلَيَّ، قَالَ: فَذَاكَ لَكَ)) [۲]

ترجمہ: آپ ﷺ نے اسے تسلی دی اور فرمایا اے فلاں تجھے دونوں میں سے کون سی بات پسند ہے۔ اپنی ساری عمر اس سے فائدہ اٹھانا یا کل جنت میں سے کسی دروازے پر تم آؤ تو وہاں وہ تم سے پہلے پہنچا ہوا ہو اور جنت کا دروازہ تمہارے لیے کھولے۔ اس نے عرض کیا اے اللہ کے نبی ﷺ مجھے یہ زیادہ پسند ہے کہ وہ جنت کے دروازے پر مجھ سے پہلے پہنچے اور اس کو میرے لیے کھولے۔ نبی ﷺ نے فرمایا پس یہ تیری جزا ہے۔

## قول و فعل میں تضاد سے بچنا:

داعی کے لیے لازم ہے کہ جس کام کی طرف وہ لوگوں کو دعوت دے رہا ہے اس پر خود بھی عامل ہو۔ اپنی ذات کو لوگوں کے سامنے ایک عمدہ نمونہ کے طور پر پیش کرے، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

---

(۱) (معاویہ بن قرہ: اصحاب الشجرہ میں سے ہیں۔ اصحاب الشجرہ وہ ہیں جو بیعت رضوان میں حاضر تھے۔ آپ بصرہ کے قاضی بنے۔ آپ کی زکاوت و فطانت بے مثال تھی۔ آپ کا ایک قول ہے: تم جو گناہ کرتے ہو وہ تمہاری نظر میں بال سے بھی زیادہ دقیق ہیں، اور ہم انہیں زمانہ مصطفیٰ میں موبقات میں شمار کرتے تھے۔ اسد الغابۃ، ابوالحسن علی بن محمد المعروف ابن الاثیر، ط/۱، دار احیاء التراث العربی، بیروت، ۱۹۹۶ء، ۱۳۰۵/۱)

(۲) (علامہ البانی نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے)، سنن نسائی ،أحمد بن شعيب أبو عبد الرحمن النسائي، تحقيق: عبدالفتاح أبو غدة، حدیث نمبر: ۲۰۸۸، ط/۲، مكتب المطبوعات الإسلامية حلب، ۱۹۸۶ء، ۱۱۸/۴

﴿يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لِمَ تَقُولُونَ مَا لَا تَفْعَلُونَ - كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللَّهِ أَنْ تَقُولُوا مَا لَا تَفْعَلُونَ﴾ (۱)

ترجمہ: اے ایمان والو وہ بات کیوں کہتے ہو جو خود نہیں کرتے، کیسی سخت ناپسند ہے اللہ تعالیٰ کو وہ بات کہ وہ کہو جو خود نہ کرو۔

اہل ایمان کو غور فکر کرنا چاہیے جو کام خود نہیں کرتے اس کے متعلق دوسروں کو کیسے حکم دیتے ہیں۔ایک داعی کے لیے از حد ضروری ہے اس کے قول و فعل میں تضاد نہ ہو۔ جو بات کہے اس پر خود عمل کرے جب داعی خود مجسم نمونہ ہو گا تو اس کی دعوت میں بہت اثر ہو گا۔

## عفو و در گزر:

جب کوئی داعی دعوت دین اور تبلیغ کے لیے نکلتا ہے تو اسے بہت سے لوگوں سے واسطہ پڑتا ہے اسے یہ ہدایت دی گئی کہ جب ناسمجھ لوگ آ کے الجھیں تو ان سے مت الجھے (۲)

جو شخص امر بالمعروف و نھی عن المنکر کا فریضہ سرانجام دیتا ہے تو اسے لوگوں کی طرف سے تنگیوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ لہذا اسے پہلے سے عفو و در گزر سے کام لینے کا اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ وہ غلطیوں کو معاف کرنے کے لیے ہمہ وقت تیار ہو ان کے ظلم و ستم کو خندہ پیشانی سے برداشت کرے۔ نبی اکرم ﷺ ارشاد فرماتے ہیں:

((مَا زَادَ اللّٰهُ عَبْدًا بِعَفْوٍ، إِلَّا عِزًّا)) (۳)

اللہ تعالیٰ معاف کرنے والے بندے کی عزت میں اضافہ کرتا ہے۔

## درست بات کی رہنمائی اور شفقت:

بعض اوقات لوگ نادانی سے وہ کچھ کہتے ہیں جو درست نہیں ہوتا۔ دین کی دعوت دینے والا درست بات کی رہنمائی کرے، حدیث پاک میں آتا ہے، حضرت ابوھریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ایک دیہاتی مسجد میں آیا اس نے دو رکعتیں ادا کیں اور کہنے لگا اے اللہ مجھ پر اور محمد ﷺ پر رحم فرما ہمارے ساتھ کسی اور پر رحم نہ فرما۔

((فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ: لَقَدْ تَحَجَّرْتَ وَاسِعًا ثُمَّ لَمْ يَلْبَثْ أَنْ بَالَ فِي نَاحِيَةِ الْمَسْجِدِ فَأَسْرَعَ النَّاسُ إِلَيْهِ، فَنَهَاهُمُ النَّبِيُّ ﷺ وَقَالَ: إِنَّمَا بُعِثْتُمْ مُيَسِّرِينَ، وَلَمْ تُبْعَثُوا مُعَسِّرِينَ)) (۴)

---

(۱) سورۃ الصف ۶۱: ۲-۳

(۲) ﴿خُذِ الْعَفْوَ وَأْمُرْ بِالْعُرْفِ وَأَعْرِضْ عَنِ الْجَاهِلِينَ﴾، سورۃ الأعراف ۷: ۱۹۹
ترجمہ: اے محبوب معاف کرنا اختیار کرو اور بھلائی کا حکم دو اور جاہلوں سے منہ پھیر لو۔

(۳) صحیح مسلم، بَابُ اسْتِحْبَابِ الْعَفْوِ، حدیث نمبر: ۲۵۸۸، ۲۰۰۱/۴

(۴) (علامہ البانی نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے) سنن أبي داود، بَابُ الْأَرْضِ، حدیث نمبر: ۳۸۰، ۱۰۳/۱

ترجمہ: آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا تم نے وسیع چیز کو تنگ کر دیا۔ پھر جلدی میں مسجد میں پیشاب کر دیا۔ لوگ اس کی طرف دوڑے تو نبی نے انہیں روکا اور فرمایا تمہیں آسانیاں پیدا کرنے والا بنایا گیا ہے نہ کہ مشکل پسند اس پر پانی کا ایک ڈول بہادو۔

## وسعت فکر و نظر:

تعصب معاملات کو صرف اپنی سمجھ کے مطابق دیکھنے اور کسی اور پہلو سے ان کا جائزہ نہ لینے سے عبارت ہے۔ نیز اس کے مفہوم میں عقل اور دین کی روح کے منافی باتوں پر ضد اور ہٹ دھرمی کرنا بھی شامل ہے۔ عصبیہ کا لغوی مفہوم اشتعال ہے، کیونکہ متعصبانہ طرز عمل مکمل طور پر اشتعال اور جذباتیت پر مبنی ہوتا ہے۔ نیز یہ انسانوں میں حیوانی جذبات کا ایک مظہر ہے۔ کسی معاملے پر حد سے زیادہ اصرار کرنے، دوسروں کا لحاظ کیے اور ان کی بات سنے بغیر ہٹ دھرمی کا مظاہرہ کرنے اور ہر معاملے میں صرف اپنی ذات اور رائے کو سب سے برتر سمجھنے سے عبارت ہے۔ لہٰذا اللہ کے آخری برگزیدہ نبی نے فکر و نظر کو اسی ضمن میں وسعت دی ہے۔ انسانی بھلائی اور منافع کو مد نظر رکھا ہے۔

## رواداری:

مولانا مودودی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: رواداری کے معنیٰ یہ ہیں کہ جن لوگوں کے عقائد ہمارے نزدیک غلط ہیں ان کو ہم برداشت کریں اور ان کے جزبات کا لحاظ کر کے ان پر ایسی نکتہ چینی نہ کریں جو ان کو رنج پہچانے والی ہو۔ دین اسلام ہمیں رواداری کی تعلیم دیتا ہے۔ یہ ناممکن ہے کہ تمام انسان ایک ہی نظام فکر کے پابند ہوں اور تفصیلات میں بھی ان کے درمیان بعد نہ رہے۔ اس لیے محض اختلاف عقائد کی بناء پر کسی شخص سے بغض و عناد رکھنا ہر مذہب کے نزدیک ناپسندیدہ ہے۔ اور خدا کی نظر میں بھی ایسا شخص مبغوض ہے۔ اللہ کی رحمت کی گھٹائیں ہندو مسلمان، سکھ عیسائی سب پر برابر برستی ہیں[1]

یہ چند جملے بھی رواداری کی اہمیت کو خوب واضح کر رہے ہیں یہودی اپنی کتاب کے علاوہ تمام آسمانی کتب کا انکار کرتے ہیں اس کے باوجود بھی نجات کے منتظر ہیں۔ عیسائی تورات اور تمام صحائف آسمانی کا انکار کر کے بھی اللہ کے محبوب ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں۔ مگر مسلمان جب تک قرآن کے ساتھ تمام آسمانی کتابوں پر ایمان نہ لائیں جنت کے مستحق نہیں ہو سکتے۔ دین اسلام کی رواداری کی یہ بڑی دلیل ہے۔

## فلاح انسانیت:

ہمارا مذہب اسلام تمام انسانیت کی کامیابی کی بات کرتا ہے۔ اور اسلام کے نزدیک یہ کوئی بڑی خوبی نہیں ہے کہ

---

(۱) اسلام اور رواداری، متین طارق باغپتی، ط/۱، اسلامک پبلیکیشنز لاہور، ۱۹۸۶ء، ص: ۱۲

انسان محض اپنی نجات کی فکر کرے اور اپنے آپ کو کامیاب بنانے کے لیے ہر ممکنہ کوشش کرتا رہے بلکہ اسلام کی تعلیمات تو یہ ہیں کہ وہ ساری اولاد آدم کی کامیابی اور نجات کے لیے کوشش کرے۔اس کے پیش نظر اگر غیر مسلم ہیں تو ان کو دین کی طرف مائل کرنا یہ فلاح ہے۔اور اگر اس کے سامنے مسلمانوں تکلیف میں ہیں تو ان کی تکالیف دور کرنا فلاح اور کامیابی ہے۔مصیبت زدہ لوگوں کی مدد کرنا کار ثواب ہے اس سے اللہ تعالیٰ خوش ہوتا ہے۔جب دنیاوی مصائب میں گھرے ہوئے لوگوں کی مدد سے اللہ تعالیٰ راضی ہوتا ہے تو اگر کسی کافر کو مسلمان بنائیں تو اس سے اللہ تعالیٰ کی کتنی خوشنودی حاصل ہو گی۔اللہ کامیاب لوگوں کا ذکر کرتا ہے [۱] اس سے واضح ہوا کہ کامیابی اور فلاح ایمان میں ہے،اور نیک اعمال میں ہے۔اور جو اس موضوع کی مرکزی بات ہے وہ یہ کہ دوسروں کو فلاح کی دعوت دینا،اسلام جو تمام بنی نوع انسان کی فلاح کا ضامن ہے۔اس کا پیغام بنی نوع انسان تک پہنچانا۔اس میں ہماری کامیابی و کامرانی ہے۔

## ظلم کی ممانعت:

نبی اکرم ﷺ وضاحت فرماتے ہیں: مسلمان تو وہی ہے جس کے ہاتھ اور زبان سے دوسرے مسلمان امن میں رہیں۔جب حضرت معاذ یمن کے والی بن کر گئے تو نبی ﷺ نے کسی پر بلاوجہ ظلم کرنے سے منع کرتے ہوئے ارشاد فرمایا:

((اتَّقِ دَعْوَةَ المظْلُومِ، فَإِنَّهَا لَيْسَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ اللَّهِ حِجَابٌ)) [۲]

ترجمہ: مظلوم کی بد دعا سے بچنا کیونکہ اس کے اور اللہ کے درمیان کوئی پردہ نہیں ہے۔

یہ تو اجتماعی امن اور ملکی امن کے متعلق ارشادات تھے،آپ ﷺ نے انفرادی طور پر بھی امن اور اچھے سلوک کا حکم دیا:

((لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مَنْ لَا يَأْمَنُ جَارُهُ بَوَائِقَهُ)) [۳]

ترجمہ: وہ شخص جنت میں داخل نہیں ہو سکتا جس کا ہمسایہ اس کی شرارتوں سے محفوظ نہیں۔

## عقیدہ توحید کی اہمیت اور عصر حاضر:

کلمہ طیبہ کی تعلیم و تفہیم اصلاح کا نقطہ آغاز ہے اور توحید و رسالت کا اقرار ایمان کی اصل بنیاد ہے۔اللہ تبارک نے اپنے نیک بندے حضرت لقمان کے انداز تعلیم و تربیت کے ضمن میں عقیدہ توحید کی تعلیم کو بطور نقطہ آغاز ذکر کیا ہے ارشاد ربانی ہے:

---

(۱) ﴿ إِنَّ الْإِنْسَانَ لَفِي خُسْرٍ-إِلَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ﴾ ،سورۃ العصر ۱۰۳: ۲-۳
ترجمہ: بے شک انسان نقصان میں ہے، مگر وہ لوگ جو ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے اور آپس میں حق بات کی تلقین اور صبر کی تاکید کرتے رہے۔

(۲) صحيح البخاري ، بَابُ شُرْبِ السُّمِّ وَالدَّوَاءِ بِهِ،حدیث نمبر:۵۷۷۸،۱۳۹/۷

(۳) صحيح مسلم، بَابُ بَيَانِ تَحْرِيمِ إِيذَاءِ ،حدیث نمبر:۴۶، ۶۸/۱

﴿وَإِذْ قَالَ لُقْمَانُ لِابْنِهِ وَهُوَ يَعِظُهُ يَا بُنَيَّ لَا تُشْرِكْ بِاللَّهِ إِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيمٌ﴾ (۱)

ترجمہ: اور جب حضرت لقمان نے اپنے بیٹے سے فرمایا جب کہ آپ اسے نصیحت فرمارہے تھے اے میرے پیارے بیٹے اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ بنانا بے شک شرک یقینا بڑا ظلم ہے۔

شرک منعم حقیقی کی احسان فراموشی ہے اور انسان کے لیے ذلت کا سبب ہے۔ شرک سے تمام اعمال ضائع ہو جاتے ہیں، جس سے وہ پستیوں میں چلا جاتا ہے، باری تعالی نے ارشاد فرمایا:

﴿لَئِنْ أَشْرَكْتَ لَيَحْبَطَنَّ عَمَلُكَ وَلَتَكُونَنَّ مِنَ الْخَاسِرِينَ﴾ (۲)

ترجمہ: کہ اگر (بفرض محال) آپ نے بھی شرک کیا تو ضائع ہو جائیں گے آپ کے اعمال اور آپ بھی خاسرین میں سے ہو جائیں گے۔

اللہ تعالی کے آخری نبی حضرت محمد رسول اللہ ﷺ بھی پیغام توحید اور اللہ تعالی کے دین کا پرچار کرتے ہوئے جبر و تشدد کا نشانہ بنے۔ آپ ﷺ کے راستے میں کانٹے بچھائے گئے۔ آپ ﷺ کے گلوئے اطہر میں کپڑا ڈال کر آپ کی گردن مبارک کو بھینچا گیا، لیکن آپ ﷺ نے کفار کے تمام مظالم کو خندہ پیشانی سے برداشت کیا۔ طائف کی وادی میں آپ ﷺ کے ساتھ جو سلوک کیا گیا وہ ہر اعتبار سے ناقابل قبول اور ناقابل برداشت تھا۔ اللہ تعالی کے عظیم نبی ﷺ کے وجود کو پتھروں کا نشانہ بنایا گیا۔ نبی کریم ﷺ کے ساتھ کیے جانیوالے ناروا سلوک پر اللہ تعالی نے پہاڑوں کے فرشتے کو حضرت جبرائیل علیہ السلام کی معیت میں بھیجا جنہوں نے حضرت رسول اللہ ﷺ کی خدمت اقدس میں عرض کی کہ اگر آپ حکم دیں تو طائف کی اس وادی کو دو پہاڑوں کے درمیان پیس کر رکھ دیا جائے۔ اس موقع پر حضرت محمد رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

((بَلْ أَرْجُو أَنْ يُخْرِجَ اللَّهُ مِنْ أَصْلابِهِمْ مَنْ يَعْبُدُ اللَّهَ وَحْدَهُ وَلا يُشْرِكُ بِهِ شَيْئًا)) (۳)

بلکہ میں اللہ تعالی سے امید رکھتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ ان کے اصلاب سے ایسے لوگ پیدا فرمائے گا جو ایک اللہ کی عبادت کریں گے اور اس کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہیں ٹھرائیں گے۔

نقطہ توحید کو آج دوبارہ اجاگر کرنے کی ضرورت ہے۔ توحید کی تعلیم انسانی اخلاق و کردار پر دوررس اثرات کا موجب ہے۔ اس عقیدے کی بدولت انسان میں خودداری اور عزت نفس کا جزبہ جنم لیتا ہے۔ انسان جس نے شجر و حجر کو اپنا معبود بنایا تھا اور ہر چمکدار اور عظیم الجثہ چیز کو وہ اپنا خالق سمجھ بیٹھا تھا۔ اسلام نے اسے یاد دلایا کہ وہ خود اشرف المخلوقات ہے۔ اس کا

---

(۱) سورۃ لقمٰن ۳۱: ۱۳

(۲) سورۃ الزمر ۳۹: ۶۵

(۳) الأنوار في شمائل النبي المختار، محيي السنة، أبو محمد الحسين بن مسعود بن محمد بن الفراء البغوي الشافعي، تحقيق: الشيخ إبراهيم اليعقوبي، ط/۱، ناشر: دار المكتبي، دمشق، ۱۹۹۵ھ، ۲۸/۱

معبود صرف ایک ہے اور وہ تمام چیزیں جنہیں وہ لائق احترام سمجھتا ہے وہ سب کی سب اس کی خدمت کے لیے پیدا کی گئی ہیں۔ان کی تخلیق اس کے آسائش وآرام کے خیال سے عمل میں آئی ہیں، حتیٰ کہ سورج چاند ستارے اس کی ہی خدمت پر مأمور ہیں۔توحید کے ذریعے انسانوں میں اُخوت و مساوات کی روح پھونکی گئی، تمام انسان ایک ہی خالق کی مخلوق ہیں، اس لیے ان میں ادنیٰ و اعلیٰ کی تمیز عبث ہے، عزت والا وہی ہے جو متقی ہے۔بندگان خدا ہونے کی حیثیت سے ان میں بھائی چارہ ہونا چاہیے، اس طرح اسلام نے توحید کے ذریعے اخوت و مساوات کی بنیاد رکھی۔خود غرضی بربریت جور وستم کے خصائل پر اس کے ذریعے کاری ضرب لگائی تاکہ انسان اپنے اندر معاشرے کا بہترین فرد ہونے کی صلاحیت پیدا کرسکے۔

توحید وہ نقطہ اجتماع ہے جس پر تمام پیغمبر متحد و متفق ہیں اس سے انسانیت کی قربت ممکن ہے۔اور اسی پر زور دینے کی ضرورت ہے۔یہی تو تمام پیغمبروں نے اپنی اپنی قوم سے کہا تھا:

﴿اعْبُدُوا اللَّهَ وَحْدَهُ وَلاَ تُشْرِكُوا بِهِ شَيْئًا﴾[1]

ترجمہ: تم سب ایک اللہ کی عبادت کرو اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ۔

اللہ کے آخری نبی ﷺ کے ذریعے یہی پیغام تکمیل تک پہنچایا گیا۔

## اطاعت رسول ﷺ:

توحید کا اقرار کرنے کے بعد اتباع مصطفی ﷺ ضروری ہے۔کیونکہ اللہ تعالیٰ نے مٹی ہوئی تعلیمات کو آپ ﷺ کی ذات بابرکات کے ذریعے زندہ فرمایا۔معاشرے سے شرک کی ناپاکی کو دور فرمایا اور انسانی تہذیب و ثقافت کو بقا ملی۔لہذا ایسی ذات اور شخصیت سے محبت رکھنا تقاضاء ربانی ہے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

((لاَ يُؤْمِنُ أَحَدُكُمْ حَتَّى أَكُونَ أَحَبَّ إِلَيْهِ مِنْ وَالِدِهِ وَوَلَدِهِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ))[2]

ترجمہ: تم میں سے کوئی شخص مومن کامل نہیں بن سکتا تاوقتیکہ وہ اپنی اولاد اپنے والدین اور دیگر تمام لوگوں کی نسبت مجھ سے زیادہ محبت نہ کرے۔

عبداللہ بن ہشام رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

((كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ ﷺ، وَهُوَ آخِذٌ بِيَدِ عُمَرَ بْنِ الخَطَّابِ، فَقَالَ لَهُ عُمَرُ: يَارَسُولَ اللهِ، لأَنْتَ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ، إِلاَّ مِنْ نَفْسِي، فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ:لاَ، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، حَتَّى أَكُونَ

---

(۱) صحيح البخاري، كَيْفَ كَانَ بَدْءُ الوَحْيِ، حدیث نمبر:۱۴۲۲ھ،۷/۱،۸

(۲) صحيح البخاري ،بَابٌ: حُبُّ الرَّسُولِ،حدیث نمبر:۱۵،۱/۱۲

أَحَبَّ إِلَيْكَ مِنْ نَفْسِكَ))[۱]

ترجمہ: ہم نبی ﷺ کی معیت میں تھے آپ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا ہاتھ تھاما ہوا تھا اسی دوران حضرت عمر نے اظہار عقیدت کرتے ہوئے عرض کی آپ مجھے اپنی جان کے علاوہ دنیا کی ہر چیز سے زیادہ محبوب ہیں، تو رحمت عالم فرمانے لگے: نہیں اس وقت تک تمہارا ایمان کامل نہیں ہو سکتا جب تک میں تمہیں تمہاری ذات سے بڑھ کر محبوب نہ ہو جاوں۔ تو حضرت عمر نے عرض کیا اللہ کی قسم آپ ﷺ مجھے میری جان سے بھی زیادہ محبوب ہیں۔ پھر آپ ﷺ نے فرمایا اے عمر رضی اللہ عنہ یہ ہے ایمان کی حقیقت۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ کو جب ابو سفیان کے تجارتی قافلہ کی آمد کا پتہ چلا تو آپ ﷺ نے صحابہ کرام سے مشورہ کیا۔ حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ نے کچھ کہنا چاہا، آپ ﷺ نے منہ پھیر لیا، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کچھ کہنا چاہا آپ ﷺ نے ان کی طرف سے بھی منہ پھیر لیا۔ تو حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ نے کھڑے ہو کر عرض کیا:

((إِيَّانَا تُرِيدُ يَا رَسُولَ اللهِ؟ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، لَوْ أَمَرْتَنَا أَنْ نُخِيضَهَا الْبَحْرَ لَأَخَضْنَاهَا، وَلَوْ أَمَرْتَنَا أَنْ نَضْرِبَ أَكْبَادَهَا إِلَى بَرْكِ الْغِمَادِ لَفَعَلْنَا، قَالَ: فَنَدَبَ رَسُولُ اللهِ ﷺ النَّاسَ))[۲]

ترجمہ: یا رسول اللہ کیا آپ ہم لوگوں یعنی انصار سے رائے لینا چاہتے ہیں تو قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے اگر آپ ہمیں حکم دیں کہ ہم اپنی سواریاں سمندر میں ڈال دیں تو ہم سمندر میں ڈال کر رہیں گے۔ اور اگر آپ حکم دیں کہ ہم اپنی اونٹنیوں کے سینے برک الغماد پہاڑ سے جا ٹکرائیں تو ہم ایسا ضرور کر کے رہیں گے۔ اس پر رسول اللہ ﷺ (خوش ہوئے اور آپ ﷺ نے) لوگوں کو دعوتِ (جہاد) دی۔

ڈاکٹر علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

بمصطفیٰ برساں خویش را کہ دین ہمہ اوست اگر باو نہ رسیدی تمام بولہبی است[۳]

نبی اکرم ﷺ تک پہنچنا ہی دین ہے اگر ان تک نہیں پہنچے تو ساری بے دینی ہے۔

آپ ﷺ کے اقوال وافعال کی اقتداء مسلمانوں کے لئے ضروری ہے، چاہے وہ عبادات سے ہوں یا معاشرت اور معیشت سے یا سیاست سے اور اسی میں انسان کی بہتری پنہاں ہے۔ اسوۂ مصطفیٰ وہی اپنائے گا جو آخرت میں اللہ تعالیٰ کی ملاقات

---

(۱) صحيح البخاري، كَيْفَ كانت يمين النَّبِيِّ ﷺ، حدیث نمبر: ۶۶۳۲، ۱۲۹/۸

(۲) صحيح مسلم، حدیث نمبر: ۱۷۷۹، ۱۴۰۳/۳

(۳) کلیات اقبال، اقبال اکادمی، ط/۱، پاکستان، لاہور، ۱۹۹۰ء، ص: ۷۵۱

پر یقین رکھتا ہے اور کثرت سے ذکر خدا کرتا ہے۔آج عمومی طور پر مسلمان ان دونوں اوصاف سے محروم ہیں۔ان میں جو اہل دین ہیں مختلف فرقوں میں بٹ گئے ہیں،اور جو اہل دنیا اور اہل سیاست ہیں ان کے مرشد و رہنما آقایان مغرب ہیں،تو بتائیں معاشرہ ترقی کیسے کرے گا۔

## حاصل کلام:

۱-شب دیجور کی ان تاریک اور دبیز گھٹاؤں کو تار تار کرنے کے لیے ہادی برحق نے اپنے مقدس مشن کا آغاز فرمایا تھوڑے عرصے میں فسق و فجور میں ڈوبے ہوئے تقوی و تدین کے علامتی نشان بن گئے۔

۲-موجودہ دور میں توحید کامل اور اتباع و محبت مصطفی کا چراغ لے کر من مانی تاویلات سے گریز کرتے ہوئے منزل کی طرف بڑھنے سے کامیابی حاصل ہو گی۔

۳-لوگوں کی عزت نفس کا خیال رکھا جائے۔

۴-لوگوں کی فلاح اور بھلائی کے لیے ہر مسلمان اپنے آپ کو وقف کرے۔

۵-اہل ایمان ایسے اصول و ضوابط پر عمل کریں جو افتراق کو ختم کریں اور مسلم اجتماعیت کو فروغ دیں۔

۶-اللہ تعالٰی نے دعوت وارشاد کا اہم فریضہ انبیاء کو سونپا۔

۷-الیقیامت تک دعوت وارشاد کا فریضہ امت محمد ﷺ سر انجام دے گی۔

۸-امت کے داعیین کے لیے ضروری ہے کہ وہ مخاطبین کو سمجھانے کے لیے مختلف انداز سے واقف ہوں۔

۹-دعوت دین میں اگر کہیں بحث و مباحثہ اور کسی سے مناظرے کی ضرورت پڑ جائے تو وہ نرمی اور خوش لفظی سے ہو۔

# باب دوم: تعلیمی اصلاحات

فصل اوّل: تعلیم و تربیت کی فضیلت و اہمیت

فصل دوم: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعلیمی حکمت عملی

فصل سوم: نظام تعلیم، اصلاحات نبوی کی روشنی میں

# فصل اوّل:

## تعلیم و تربیت کی فضیلت و اہمیت

اسلام پہلا مذہب ہے جس نے تعلیم کو ہر انسان کی بنیادی ضرورت قرار دیا ہے جبکہ اس سے قبل یہ تصور موجود نہ تھا۔ بلکہ ہر معاشرہ اور قبیلہ صرف اعلیٰ طبقے پر قانع تھا۔ وہ قبیلے کے سرداروں، امراء اور مذہبی پیشواؤں کی تعلیم و اہتمام کو ضروری قرار دیتا تھا۔ باقی افراد اس تعلیمی نظام سے خارج سمجھے جاتے تھے۔ انہیں طبقہ اشرافیہ کی طرح تعلیم حاصل کرنے کا حق نہ تھا۔ اگر یونان اور چین کو دیکھا جائے جنہوں نے علم و تمدن کے میدان میں نمایاں بلکہ غیر معمولی کامیابی حاصل کی ہے وہ بھی ایک خاص طبقے کی تعلیم کے محرک اور داعی تھے۔ اسلام نے سب سے پہلے بلا تفریق طبقات و قبائل و بلا تفریق مرد و زن سب کے لیے بلا امتیاز و بلا اختصاص عام تعلیم کی آواز بلند کی۔ اسلام تکمیل حیات اور تعمیر سیرت و کردار پر بہت زور دیتا ہے اس لیے ہمارا دین حکم دیتا ہے کہ تعلیمی نظام بھی اس ضرورت کو احسن طریقے سے پورا کرے اور تعلیمی ادوار سے گزرنے والی نسلیں بھی ایسی ہوں جن کا کردار خود غلط کاروں کی درستگی و ہدایت کا سبب بنے۔ تعلیم میں سب سے زیادہ اہمیت طالب علم کے کردار کی صورت گری کو حاصل ہونی چاہیے۔ نہ یہ کہ حصول علم کے بعد تربیت کے لیے الگ سے محنت کی ضرورت پڑے۔ اسلام یہ چاہتا ہے کہ انسان زندگی کی کشاکش کے درمیان مکمل حق و انصاف کے ساتھ زندگی گزارے۔ تعلیم کا مقصد صرف یہی نہیں ہونا چاہیے کہ علم کی پیاس بجھادے بلکہ اس کے ساتھ ساتھ اخلاق، کردار اور اجتماعی زندگی کے اوصاف نکھارنے کا احساس بھی پیدا کرے۔ یہ فصل تعلیم و تربیت کے اس نقطہ نگاہ پر مشتمل ہے۔

### تعلیم کا مفہوم:

لغت کے اعتبار سے تعلیم کا مادہ "ع۔ل۔م" ہے۔ اس کے معنی ہیں، علم و ادراک جیسا کہ اہل لغت نے بیان کیا ہے۔

العِلمُ: إدْرَاك الشَّيْءِ بحقيقته[1]

ترجمہ: کسی شئے کو اس کی حقیقت کے حوالے سے جان لینا علم ہے۔

تعلیم کے معنیٰ بار بار اور کثرت کے ساتھ خبر دینے کے ہیں۔ حتی کہ متعلم کے ذہن میں اس کا اثر پیدا ہو جائے اور علم اس کے ذہن میں محفوظ ہو جائے۔ عربی زبان میں لفظ علم معرفت اور شعور سے بلند درجہ رکھتا ہے۔ بلکہ معرفت شعور اور ادراک وغیرہ علم میں شامل ہیں اس لفظی تشریح کو مد نظر رکھا جائے تو معلوم ہو گا کہ تعلیم فرد کو اشیاء اور ان کی حقیقت کا علم

---

(۱) المعجم الوسیط، ۲/۶۲۴

بہم پہنچاتی ہے، اللہ رب العزت نے ارشاد فرمایا:

﴿عَلَّمَ الْإِنْسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ﴾(۱)

ترجمہ: آدمی کو سکھایا جو وہ نہ جانتا تھا۔

اور جب لفظ علم کسی شئے یا امر کی طرف منسوب ہو اور یوں کہا جائے: عَلِمَ (الأمْرَ)، تو اس وقت معنی ہوں گے إذا أتْقَنَهُ، اسے اس چیز کی معرفت اور کامل یقین حاصل ہو گیا(۲)

علم صفات خداوندی میں سے ہے، اللہ جل جلالہ علیم، عالم اور علام ہے۔ یہ صفات قرآن مجید میں بیان ہوئی ہیں:

﴿إِنَّ رَبَّكَ هُوَ الْخَلَّاقُ الْعَلِيمُ﴾(۳)

﴿عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ﴾(۴)

﴿إِنَّكَ أَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوبِ﴾(۵)

امام راغب اصفہانی علم کی تعریف کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

إدراك الشيء بحقيقته، وذلك ضربان: أحدهما: إدراك ذات الشيء. والثاني: الحكم على الشيء بوجود شيء هو موجود له، أو نفي شيء هو منفيّ عنه(۶)

ترجمہ: علم کسی شئے کی حقیقت کے ادراک کا نام ہے اور یہ دو طرح ہے، ایک ذات شیء کا ادراک اور دوسرا کسی چیز پر کسی دوسری چیز کی موجودگی کے باعث حکم لگانا جو اس کے لیے موجود ہے یا اس کی نفی کرنا جو اس سے منفی ہے۔

تعلیم ایک ایسا اجتماعی عمل ہے جس کے ذریعے معاشرہ آنے والی نسلوں کو اپنا تہذیب و تمدن اور اسلامی تصوارت سکھاتا اور منتقل کرتا ہے (۷)

---

(۱) سورۃ العلق: ۵/۹۶

(۲) تاج العروس، محمّد بن محمّد بن عبد الرزّاق الحسيني، الملقّب بمرتضى، الزَّبيدي، تحقيق: مجموعة من المحققين، دار الهداية، ۱۳۰/۳۳

(۳) سورۃ الحجر ۱۵: ۸۶

(۴) سورۃ الأنعام ۶: ۷۳

(۵) سورۃ المائدۃ ۵: ۱۰۹

(۶) المفردات في غريب القرآن، أبو القاسم الحسين بن محمد المعروف بالراغب الأصفهانى، تحقيق: صفوان عدنان الداودي، ط/۱، دار القلم، الدار الشامية، دمشق بيروت، ۱۴۱۲ھ، ۵۸۰/۱

(۷) اسلامی نظام حیات، پروفیسر خورشید احمد، جامعہ کراچی، ۱۹۹۳ء، ص: ۴۲۲

پروفیسر سید محمد سلیم [۱] فرماتے ہیں:

تعلیم لکھنے اور پڑھنے کا نام نہیں،اس کو تو خواندگی کہتے ہیں۔ یہ تو ایک قسم کی ہنر مندی اور کاریگری ہے۔ یہ تو دنیا کی تمام قوموں میں مشترک طور پر پائی جاتی ہے۔ تعلیم صنعت و حرفت کا نام نہیں اسے کاردانی یا کارآموزی کا نام دیا جاتا ہے ۔ تعلیم محض سائنس ،آرٹس کی معلومات اکھٹی کرنے کو نہیں کہتے یہ تو معلومات کی ذخیرہ اندوزی ہے۔ تعلیم خواندگی، ہنر مندی معلومات اندوزی سے بہت ارفع و اعلیٰ شئے ہے تعلیم ایک خاص نظریہ حیات کو فروغ دینے کا نام ہے۔ مخصوص انداز فکر اور نظریہ اختیار کر لینے کا نام ہے ۔ تعلیم قومی نظریہ حیات سے طالب علموں کے ذہنوں کو مزین کر دینے کا نام ہے [۲]

## تربیت کا لغوی معنٰی:

تربیۃ تفعلۃ کے وزن پر باب تفعیل کا مصدر ہے۔اس کے حروف اصلی (ر ب ب)ہیں۔

رَبَّيْتُهُ تَرْبِيَةً وتَرَبَّيْتُهُ، أي غذوته. هذا لكلِّ ما ينمي، كالولد والزرع ونحوه [۳]

میں نے اس کو غذا دی، تربیت کا لفظ ہر اس چیز کے لیے بولا جاتا ہے جو نشو و نما پاتی ہے جیسے بچہ اور کھیتی وغیرہ۔

## اصطلاحی معنٰی:

اصطلاح میں تربیت کا مفہوم یہ ہے کہ انسان کی پوشیدہ اور چھپی ہوئی صلاحیتوں کی تربیت کرنا،انسان کو پستی سے نکال کر بلندی کی راہ پر گامزن کرنا اور اسے آگے بڑھانے میں جن صفات کی ضرورت ہو ان کی دیکھ بھال کر کے صحیح پروان چڑھانا [۴]

---

(۱) (پروفیسر سید محمد سلیم: دہلی کے نواح میں ریواڑی کا مشہور قصبہ ہے۔اس قصبے میں سید محمد سلیم کے آباؤاجداد قیام پزیر ہوئے۔ والد کا نام سید عبدالوحید تھا ۔۱۵دسمبر ۱۹۲۳ء کو آپ کی ولادت ہوئی۔ ۱۹۴۶ء میں مسلم یونیورسٹی علی گڑھ سے ایم اے عربی کا امتحان پاس کیا۔ ۱۹۴۸ء میں گورنمنٹ کالج حیدرآباد میں لیکچرر مقرر ہوئے۔ ۱۹۶۰ میں شاہ ولی اللہ اورینٹیل کالج کے پرنسپل بنے۔ ۱۹۸۴ء میں ادارہ تعلیمی تحقیق لاہور کے ڈائریکٹر بنے۔ ۲۷اکتوبر ۲۰۰۰ء، کو اسلام آباد میں وصال ہوا۔ اور اگلے روز کراچی میں پاپوش نگر کے قبرستان میں دفن ہوئے۔ گوشہ خاص بیاد پروفیسر سید محمد سلیم ،تدوین تحقیق مضامین، سید عزیزالرحمان، ص: ۱۹۲)

(۲) مغربی تعلیم کی مخالفت کیوں، پروفیسر سید محمد سلیم ،ادارہ تعلیمی تحقیق، لاہور، ۱۹۹۱ء، ص: ۲۸

(۳) الصحاح تاج اللغة وصحاح العربية ،۲۳۵۰/۶

(۴) تربیتی ونفسیاتی علوم، بلال حسین جعفری، شیعہ اسٹڈیز قم ایران، ۱۴۲۲ھ، ص: ۵

## قرآن مجید میں حصول علم کی فضیلت واہمیت:

آپ ﷺ نے جب اعلان نبوت فرمایا تو اس وقت جزیرۃ العرب کی حالت ناگفتہ تھی ، قتل وغارت، چوری، ڈکیتی ، قتل اولاد، زنا، بت پرستی کون سی ایسی برائی تھی جوان میں پائی نہ جاتی ہو۔ بعض اوقات بڑے فخریہ انداز میں اسے سرانجام دیا جاتا تھا۔ اللہ کے رسول ﷺ نے ان کی تعلیم وتربیت اس انداز سے کی اور زندگی گزارنے کے ایسے اصول بتائے کہ دیکھتے ہی دیکھتے ان کی حالت بالکل بدل گئی اور تہذیبی قدروں سے آشنا ہوگئے۔ جس طرف دیکھیں لوگ تعلیم وتعلم سے جڑ گئے اور قرآن وحدیث کی افہام وتفہیم میں مشغول ہوگئے۔

اللہ جل شانہ نے رحمت عالم ﷺ کے قلب اقدس پر سب سے پہلا لفظ جو نازل فرمایا وہ "اِقْرَأ" ہے، یعنی پڑھ، اور قرآن پاک کی سب سے پہلے جو پانچ آیتیں نازل کی گئیں ان سے بھی علم کی عظمت اور اہمیت ظاہر ہوتی ہے (۱)
گویا وحی الٰہی کے آغاز ہی میں جس چیز کی طرف نبی ﷺ کے ذریعے نوعِ بشر کی توجہ دلائی گئی، وہ لکھنا پڑھنا اور تعلیم وتربیت کے زیور سے انسانی زندگی کو آراستہ کرنا تھا۔ اللہ تعالیٰ نے تعلیم کے متعلق درج ذیل دعا تعلیم فرمائی:

اور کہیے اے میرے رب! میرے علم میں اضافہ فرما (۲)

چونکہ علم وعرفان اور آگہی خیر ہی خیر ہے اس سے انسان کی بہتر خیر خواہی اور کیا ہو سکتی ہے کہ جس کو زیور تعلیم سے آراستہ کیا جائے۔ علم عزت اور وقار کا نام ہے، حق اور سچ کی پہچان کا نام ہے۔ علم میں اضافہ آدمی کے دل میں اللہ کا خوف پیدا کرتا ہے، ارشاد ہے:

﴿إِنَّمَا يَخْشَى اللَّهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمَاءُ﴾ (۳)

ترجمہ: اللہ سے اس کے وہی بندے ڈرتے ہیں جو علم رکھتے ہیں۔

علم کی فضیلت اور بلند مقام کو سمجھانے اور محسوس کرانے کے کے لیے گویا کہ اللہ تعالیٰ نے موجودہ دور کی زبان میں فرمایا:

﴿قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الَّذِينَ يَعْلَمُونَ وَالَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ﴾ (۴)

ترجمہ: اے نبی ﷺ فرماء دیجیے کیا علم رکھنے والے اور علم نہ رکھنے والے برابر ہو سکتے ہیں۔

معاشرہ میں خیر و بھلائی چونکہ علم وعرفان سے وابستہ رہی ہے اور ناخواندگی اور جہالت انسانی سماج کے لیے باعث

---

(۱) ﴿اقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِي خَلَقَ،خَلَقَ الْإِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ،اقْرَأْ وَرَبُّكَ الْأَكْرَمُ ،الَّذِي عَلَّمَ بِالْقَلَمِ عَلَّمَ الْإِنْسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ﴾ ،سورۃ العلق۹۶: ۱، ترجمہ: پڑھ اپنے رب کے نام سے جس نے پیدا کیا، جس نے انسان کو خون کے لوتھڑے سے پیدا کیا، پڑھ تیرا رب بڑا کرم والا ہے جس نے قلم کے ذریعے علم سکھایا جس نے انسان کو وہ سکھایا جسے وہ نہیں جانتا تھا۔

(۲) سورۃ طہ ۲۰: ۱۱۴

(۳) سورۃ الفاطر ۳۵: ۲۸

(۴) سورۃ الزمر ۳۹: ۹

ہلاکت ہے حصول علم کے متعلق اللہ نے اپنے نبی ﷺ اور ان کے ماننے والوں کو حکم دیا کہ اس سے کسی بھی حالت میں غافل نہ رہا جائے۔ ارشاد ہے:

﴿فَلَوْلَا نَفَرَ مِنْ كُلِّ فِرْقَةٍ مِنْهُمْ طَائِفَةٌ لِيَتَفَقَّهُوا فِي الدِّينِ﴾ (۱)

ترجمہ: سو ہر فرقہ میں سے کیوں نہ نکلے ان کا ایک حصہ، تاکہ دین میں سمجھ پیدا کریں۔

اس طرح کی بہت زیادہ آیات ہیں جن میں عالم اور جاہل کے فرق کو واضح کیا گیا ہے اور ان کے درجات کے تعین کے ساتھ مسلمانوں کو حصول علم کے لیے ابھارا گیا ہے، تاکہ انسانیت میں خیر و بھلائی جاری رہے۔

## ایمان اور علم بلندی درجات کا ذریعہ ہیں:

یہ علم نہ صرف آخرت میں ایک مومن کا مرتبہ و مقام بلند کرتا ہے بلکہ دنیا میں بھی انسان کی قدر و قیمت میں اضافہ کرتا ہے اور انسان کے معیار زندگی کو بہتر اور باعزت بناتا ہے، فرمان خداوندی ہے:

﴿يَرْفَعِ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنْكُمْ وَالَّذِينَ أُوتُوا الْعِلْمَ دَرَجَاتٍ﴾ (۲)

ترجمہ: اللہ تم میں سے ایمان والوں اور جنہیں علم دیا گیا ان کے درجے بلند کرتا ہے۔

## نبی اکرم ﷺ کی آمد کا مقصد:

آخری نبی جو رحمت اللعلمین ہیں، آپ ﷺ کی رسالت کے مقاصد میں سے تعلیم و تزکیہ آج کی دنیائے انسانیت کی سب سے اہم خدمت ہے۔ جس سے دنیا کی ترقی کا معیار وابستہ ہے۔ اور کلام مجید نے اس پر کس قدر زور دیا ہے:

﴿هُوَ الَّذِي بَعَثَ فِي الْأُمِّيِّينَ رَسُولًا مِنْهُمْ يَتْلُو عَلَيْهِمْ آيَاتِهِ وَيُزَكِّيهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَإِنْ كَانُوا مِنْ قَبْلُ لَفِي ضَلَالٍ مُبِينٍ﴾ (۳)

ترجمہ: وہی ہے جس نے ناخواندہ لوگوں میں ان ہی میں سے ایک رسول بھیجا جو انہیں اس کی آیتیں پڑھ کر سناتا ہے اور ان کو پاک کرتا ہے، یقیناً یہ پہلے واضح گمراہ تھے۔

## حصول علم کی فضیلت أحادیث مبارکہ کی روشنی میں:

علم کی فضیلت اور اس کو حاصل کرنے کی ترغیب کثرت سے احادیث مبارکہ میں وارد ہوئی ہے، جن میں اہل علم

---

(۱) سورۃ التوبۃ۹: ۱۲۲

(۲) سورۃ المجادلۃ۵۸: ۱۱

(۳) سورۃ الجمعۃ۶۲: ۲

کی تعریف کی گئی ہے اور انہیں انسانیت کا سب سے اچھا آدمی قرار دیا گیا ہے۔ اللہ کے رسول ﷺ فرماتے ہیں:

((فَضْلُ العَالِمِ عَلَى العَابِدِ كَفَضْلِي عَلَى أَدْنَاكُمْ إِنَّ اللَّهَ وَمَلَائِكَتَهُ وَأَهْلَ السَّمَوَاتِ وَالأَرَضِينَ حَتَّى النَّمْلَةَ فِي جُحْرِهَا وَحَتَّى الحُوتَ لَيُصَلُّونَ عَلَى مُعَلِّمِ النَّاسِ الخَيْرَ))(۱)

ترجمہ: عالم کی فضیلت عابد پر ایسے ہے جیسے میری فضیلت تم میں سے ادنیٰ شخص پر۔ یقیناً اللہ عزوجل اور اس کے فرشتے اور آسمان وزمین والے حتی کہ چیونٹیاں اپنے سوراخ میں اور مچھلیاں سمندروں میں لوگوں کے معلم کے لیے بھلائی کی دعا کرتی ہیں۔

## آنحضور ﷺ اور شغف علم:

نبی اکرم ﷺ کو علم سے اس قدر زیادہ الفت تھی آپ ﷺ نے حصول علم کی دیگر ترغیبات کے علاوہ یہ بھی فرمایا:

((طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِيضَةٌ عَلَى كُلِّ مُسْلِمٍ))(۲)

ترجمہ: علم کا طلب کرنا ہر مسلمان (مرد و عورت) پر فرض ہے۔

معلوم ہوا کہ حصول علم کس قدر اہم کام ہے۔ یہ اسلام کی خصوصیت ہے کہ اسلام نے تعلیم حاصل کرنے کو فرض قرار دیا ہے۔ اسلام سراسر علم و عمل کا نام ہے۔ ماں کی گود سے لے کر قبر تک احکام ہی احکام ہیں۔ حکم کی تعمیل چوں کہ بغیر علم کے نہیں ہو سکتی، اس لیے احکام دین کا جاننا اور ان احکام پر عمل کرنا انسان پر لازم ہے۔ اس سلسلے میں حضرت علی سے مروی ہے، نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

((طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِيضَةٌ عَلَى كُلِّ مُؤْمِنٍ أَنْ يَعْرِفَ الصَّوْمَ وَالصَّلَاةَ، وَالْحَرَامَ وَالْحُدُودَ وَالْأَحْكَامَ ))(۳)

ترجمہ: کہ علم کا سیکھنا ہر مومن پر فرض ہے اس سے مراد روزہ، نماز، حلال و حرام اور حدود و احکام کی معرفت حاصل کرنا ہے۔

پس ثابت ہوا کہ علم سماج میں حقوق و فرائض کے جاننے اور (Stabilaty) کے لیے کس قدر اہم ہے۔ اور اسی بنیاد پر اللہ کے نبی ﷺ نے علما کو انبیا کرام کا وارث قرار دیا ہے، فرمایا:

((مَنْ سَلَكَ طَرِيقًا يَطْلُبُ فِيهِ عِلْمًا سَلَكَ اللَّهُ بِهِ طَرِيقًا مِنْ طُرُقِ الْجَنَّةِ، وَإِنَّ الْمَلَائِكَةَ لَتَضَعُ أَجْنِحَتَهَا رِضًا لِطَالِبِ الْعِلْمِ، وَإِنَّ الْعَالِمَ لَيَسْتَغْفِرُ لَهُ مَنْ فِي السَّمَوَاتِ، وَمَنْ فِي الْأَرْضِ، وَالْحِيتَانُ فِي جَوْفِ الْمَاءِ، وَإِنَّ فَضْلَ الْعَالِمِ عَلَى الْعَابِدِ، كَفَضْلِ الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ عَلَى سَائِرِ

---

(۱) (علامہ البانی نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے)، سنن الترمذي، حديث نمبر: ۲۶۸۵، ۵/۵۰

(۲) (علامہ البانی نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے)، ایضاً، بَابُ فَضْلِ الْعُلَمَاءِ، حدیث نمبر: ۲۲۴، ۱/۸۱

(۳) الفقيه و المتفقه، أبو بكر أحمد بن علي الخطيب، تحقيق: أبو عبد الرحمن، ط/۲، دار ابن الجوزي، السعودية، ۱۴۲۱ھ، ۱/۱۰۶

الْكَوَاكِبِ، وَإِنَّ الْعُلَمَاءَ وَرَثَةُ الْأَنْبِيَاءِ، وَإِنَّ الْأَنْبِيَاءَ لَمْ يُوَرِّثُوا دِينَارًا، وَلَا دِرْهَمًا وَرَّثُوا الْعِلْمَ، فَمَنْ أَخَذَهُ أَخَذَ بِحَظٍّ وَافِرٍ))(۱)

ترجمہ: جو کوئی حصول علم کی غرض سے راستہ طے کرے، اللہ تعالیٰ اس کے سبب اسے جنت کی ایک راہ چلاتا ہے۔ فرشتے طالب علم کی خوشی کے لیے اپنے پر بچھا دیتے ہیں۔ اور یقیناً عالم کے لیے آسمان اور زمین کی تمام چیزیں مغفرت طلب کرتی ہیں، یہاں تک کہ وہ مچھلیاں بھی جو پانی میں ہیں۔ عابد پر عالم کو ایسی فضیلت حاصل ہے جیسی چاند کو تمام تاروں پر بلاشبہ علما ہی پیغمبروں کے وارث ہیں۔ پیغمبروں نے ترکہ میں نہ دینار چھوڑا ہے اور نہ درہم۔ انہوں نے تو صرف علم کو اپنے ترکہ میں چھوڑا۔ پس جس کسی نے علم حاصل کیا اس نے ہی حصہ کامل پایا۔

علم کی فضیلت یہی کیا کم ہے کہ طالب علم کے لیے فرشتے پر بچھاتے ہیں۔ کیا فرشتے کسی وزیر، صدر، یا کسی جاگیردار کے لیے پر بچھاتے ہیں؟ ہرگز نہیں، بلکہ یہ طالب علم کی خصوصیت ہے۔ اور زبان نبوت سے علماء کی فضیلت اور ان کی قدر و منزلت کی دلیل ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے تعلیم حاصل کرنے کی تاکید فرمائی اور علمائے امت کی یہ ذمہ داری قرار دی ہے کہ وہ لوگوں کو دین سکھاتے رہیں۔ اللہ تعالیٰ علم والے بندوں کے درجات کو بلند فرماتا ہے اس کے راستے میں آنے والی مشکلات کو دور فرماتا ہے۔ قبر میں مومن سے علم کے بارے میں سوال ہوگا۔ بندہ مؤمن جب قبر میں سلا دیا جاتا ہے تو فرشتے اس سے آکر سوال کرتے ہیں۔ وہ فرشتوں کو درست جواب دیتا ہے، پھر فرشتے اس سے پوچھتے ہیں:

((وَمَا يُدْرِيكَ؟ فَيَقُولُ: قَرَأْتُ كِتَابَ اللَّهِ فَآمَنْتُ بِهِ وَصَدَّقْتُ))(۲)

ترجمہ: تمہیں یہ ساری باتیں کیسے معلوم ہوئیں؟ وہ آدمی کہتا ہے میں نے اللہ کی کتاب پڑھی، اس پر ایمان لایا اور اس کی تصدیق کی۔ اور کافر، منافق (اور فاسق و فاجر) اپنی بے علمی اور جہالت کا اعتراف کریں گے اور کہیں گے:

((لاَ أَدْرِي كُنْتُ أَقُولُ مَا يَقُولُ النَّاسُ)) مجھے نہیں معلوم جو لوگ کہتے تھے وہی میں بھی کہتا تھا فرشتے کہیں گے: ((لاَ دَرَيْتَ وَلاَ تَلَيْتَ))(۳) تم نے نہ تو جاننے کی کوشش کی اور نہ قرآن پڑھا۔

یہی وجہ ہے کہ خیر، بھلائی اور نیکی کی تعلیم دینا معمولی کام نہیں بلکہ اہم ذمہ داری ہے، اس فریضے کی ادائیگی معلمین پر لازم ہے۔ آپ ﷺ کا ارشاد ہے:

---

(۱) (علامہ البانی نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے)، سنن أبي داود، باب الحَثِّ عَلَى طَلَبِ الْعِلْمِ، حدیث نمبر: ۳۶۴۱، ۳/۳۱۷

(۲) (علامہ البانی نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے)، سنن أبي داود، بَابٌ فِي الْمَسْأَلَةِ فِي الْقَبْرِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ، حدیث نمبر: ۴۷۵۳، ۴/۲۳۹

(۳) صحیح البخاری، کتاب الجنائز، حدیث نمبر: ۱۳۷۴، ۲/۹۸

((إِنَّمَا بُعِثْتُ مُعَلِّمًا)) (۱)

ترجمہ: میں استاد بنا کر بھیجا گیا ہوں۔

ایک اور روایت میں ہے:

((إِنَّمَا بُعِثْتُ لِأُتَمِّمَ صَالِحَ الْأَخْلَاقِ)) (۲)

ترجمہ: میں اچھے اخلاق کی تکمیل کے لیے بھیجا گیا ہوں۔

پہلی روایت میں تعلیم اور دوسری روایت میں تربیت کی اہمیت بیان کی جارہی ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ آپ ﷺ کی بعثت کا مقصد ہی تعلیم و تربیت ہے:

((مَنْ يُرِدِ اللَّهُ بِهِ خَيْرًا يُفَقِّهْهُ فِي الدِّينِ)) (۳)

ترجمہ: اللہ تعالیٰ جس کے ساتھ بھلائی کا ارادہ فرماتا ہے اسے دین کی سمجھ عطا فرماتا ہے۔

دین کی سمجھ سے انسان اپنے اور دوسروں کے حقوق کا ادراک کرتا ہے۔ اور اس کے ضیاع سے اپنے آپ اور معاشرے کو بچانے کی کوشش کرتا ہے۔ آپ ﷺ کا ارشاد ہے:

((تَعَلَّمُوا الْعِلْمَ وَعَلِّمُوهُ النَّاسَ، تَعَلَّمُوا الْفَرَائِضَ، وَعَلِّمُوهَا النَّاسَ، تَعَلَّمُوا الْقُرْآنَ، وَعَلِّمُوهُ النَّاسَ، فَإِنِّي امْرُؤٌ مَقْبُوضٌ، وَالْعِلْمُ سَيَنْقُصُ، وَتَظْهَرُ الْفِتَنُ، حَتَّى يَخْتَلِفَ اثْنَانِ فِي فَرِيضَةٍ لَا يَجِدَانِ أَحَدًا يَفْصِلُ بَيْنَهُمَا)) (۴)

ترجمہ: علم سیکھو اور لوگوں کو سکھاؤ، فرائض سیکھو اور لوگوں کو سکھاؤ، قرآن سیکھو اور لوگوں کو سکھاؤ، کیوں کہ میں انسان ہوں، جو اٹھا لیا جاؤں گا اور علم بھی عنقریب اٹھ جائے گا اور فتنے ظاہر ہوں گے جن کی وجہ سے شریعت اسلامیہ سے ناواقفیت ہو جائے گی حتیٰ کہ دو لوگوں میں اختلاف ہو گا، تو ان کو کوئی تیسرا نہ ملے گا، جو احکام شریعت کے مطابق ان کے درمیان فیصلہ کر دے۔

خیر اور بھلائی کو معاشرے میں عام کرنا علم سے وابستہ ہے لہٰذا، آپ ﷺ نے صحابہ رضی اللہ عنہم سے ارشاد فرمایا:

---

(۱) المسند المستخرج على صحيح الإمام مسلم، أبو نعيم أحمد بن عبد الله بن أحمد بن إسحاق الأصبهاني، تحقيق: محمد حسن محمد حسن إسماعيل الشافعي، **حدیث نمبر**:۳۴۹۱، ط/۱، دار الكتب العلمية، بيروت، لبنان ۱۴۱۷ھ، ۴/۱۶۴

(۲) (**علامہ البانی نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے**)، الأدب المفرد، بَابُ حُسْنِ الْخُلُقِ، **حدیث نمبر**:۲۷۳، ۱/۱۴۳

(۳) (**علامہ البانی نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے**)، سنن ابن ماجه، باب فضل العلماء والحث على طلب العلم، **حدیث نمبر**:۲۲۰، ۱/۸۰

(۴) (**تعليق المحقق: في إسناده ثلاث علل: ضعف عثمان بن الهيثم والانقطاع وجهالة سليمان**)، سنن الدارمي، أبو محمد عبد الله بن عبد الرحمن الدارمي، التميمي السمرقندي، **حدیث نمبر**:۲۲۷، دار المغني للنشر والتوزيع، المملكة العربية السعودية، ۱/۲۹۸

((إِنَّهُ سَيَأْتِيكُمْ قَوْمٌ مِنْ أَقْطَارِ الْأَرْضِ يَسْأَلُونَكُمْ، فَإِذَا جَاءُوكُمْ فَاسْتَوْصُوا بِهِمْ خَيْرًا))(۱)

ترجمہ: بے شک لوگ تمہارے تابع ہیں اور بے شک بہت سے لوگ تمھارے پاس زمین کے دور دراز گوشوں سے دینی سمجھ حاصل کرنے کے لیے آئیں گے، توان سے اچھا سلوک کرنا۔

اس سے زیادہ عزت کی بات کیا ہو گی کہ پیغمبر ﷺ نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم جیسے عظیم المرتبت لوگوں کو علم حاصل کرنے والوں کی قدر و احترام کرنے، ان کی خدمت کرنے، ان کو علوم سے نوازتے رہنے اور ان سے حسن سلوک رکھنے کا حکم دیا۔ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ راوی ہیں :

((تَعَلَّمُوا الْعِلْم فَإِنَّ تَعَلُّمَهُ لِلَّهِ تَعَالَى خَشْيَةٌ، وَطَلَبَهُ عِبَادَةٌ، وَمُذَاكَرَتَهُ تَسْبِيحٌ، وَالْبَحْثَ عَنْهُ جِهَادوَتَعْلِيمَهُ لِمَنْ لَا يَعْلَمُ صَدَقَةٌ، وَبَذْلَهُ لِأَهْلِهِ قُرْبَةٌ))(۲)

ترجمہ: علم سیکھو، کیوں کہ اللہ تعالیٰ کے لیے علم سیکھنا خشیت، اسے حاصل کرنے کی کوشش کرنا عبادت، اس کا پڑھنا پڑھانا تسبیح، اس کی جستجو جہاد، ناواقف کو سکھانا صدقہ اور اس کی اہلیت رکھنے والوں کو بتانا ثواب کا ذریعہ ہے۔

علم ہی سے انسانی معاشرے کی بقا وابستہ ہے کیونکہ علم ہی سے حقوق و فرائض میں توازن رکھنا ممکن ہوتا ہے اور درندگی کو کنٹرول کیا جاتا ہے۔

## تعلیم اور تربیت کا باہمی تعلق:

رسول اکرم ﷺ کو تلاوتِ آیات اور تعلیمِ کتاب و حکمت، کے ذریعے تزکیۂ نفوس کا جو مشن تفویض ہوا ہے اس سے تعلیم و تربیت کا باہمی ربط و تعلق بخوبی واضح ہوتا ہے۔ اسلام نے علم کا جو تصور دیا ہے اس میں تعلیم اور تربیت دونوں کو یکساں اہمیت دی گئی ہے کہ ایک کو دوسرے سے جدا نہیں کیا جا سکتا۔ یہی وجہ ہے کہ مسلمانوں کے نظامِ تعلیم میں تعلیم اور سیرت سازی ایک ہی حقیقت کے دو پہلو رہے ہیں۔ تعلیم صرف لکھنے پڑھنے کا نام نہیں ہے۔ یہ ایک ایسا عمل ہے جس کے ذریعے ایک قوم خود آگہی حاصل کرتی ہے۔ اور یہ عمل اس قوم کو تشکیل دینے والے افراد کے احساس و شعور کو نکھارنے کا ذریعہ ہوتا ہے۔ یہ نئی نسل کی وہ تعلیم و تربیت ہے جو اسے زندگی گزارنے کے طریقوں کا شعور دیتی ہے اور اس میں زندگی کے مقاصد و فرائض کا احساس پیدا کرتی ہے۔ تعلیم ہی سے ایک قوم اپنے ثقافتی اور ذہنی ورثے کو آئندہ نسلوں تک پہنچاتی ہے اور ان میں زندگی کے ان مقاصد سے لگاؤ پیدا کرتی ہے جنہیں اس نے اختیار کیا ہے۔ تعلیم ایک ذہنی، جسمانی اور اخلاقی تربیت ہے اور اس کا مقصد اونچے درجے کے ایسے تہذیب یافتہ لوگ پیدا کرنا ہے جو اچھے انسانوں اور کسی ریاست کے ذمہ دار

---

(۱) الفوائد،أبو القاسم تمام بن محمد بن عبد الله ،المحقق: حمدي عبد المجيد السلفي، ط/۱، مكتبة الرشد، الرياض،۱۴۱۲ھ،۶۹/۱

(۲) حلية الأولياء وطبقات الأصفياء،أبو نعيم أحمد بن عبد الله بن أحمد الأصبهاني ، السعادة،بجوار محافظة، مصر۱۳۹۴ھ،۲۳۸/۱

شہریوں کی حیثیت سے اپنے فرائض کو انجام دینے کے اہل ہوں، اور اسے سعادت سمجھتے ہوں۔

رسول ﷺ کی مجلس میں ہر قسم کے لوگ آتے۔ آپ ﷺ نہایت حکمت و محبت، دل سوزی اور خوش اسلوبی کیساتھ ان کی تعلیم و تربیت کا اہتمام فرماتے تھے۔ اس کام کے لئے کبھی آپ ﷺ نے وعظ و نصیحت کا راستہ اپنایا تو کبھی ترغیب و ترہیب، کبھی سبق آموز واقعات سے کام لیا تو کبھی حوصلہ افزائی سے، اور ضرورت پر زجر و توبیخ بھی آپ ﷺ کی تعلیم و تربیت کا حصہ رہی ہے۔ اس طرح آپ ﷺ موقع محل اور اپنے شاگردوں کے مزاج اور نفسیات کا لحاظ کرتے ہوئے مؤثر اسلوب اختیار فرمایا کرتے تھے۔ بنی نوع انسان کی تعلیم کے ساتھ تربیت کے لیے نصاب کچھ یوں مقرر فرمادیا ہے: اولاً قرآن مجید کی تلاوت: قرآن پاک آخری صحیفہ رشد و ہدایت ہے۔ اس لیے تربیت کے لیے قرآن پاک کی تعلیم کا حاصل کرنا ضروری ہے۔ ہر مسلمان مرد و عورت بچے اور بوڑھے کے لیے قرآن مجید کی تعلیم ضروری ہے کیونکہ یہ تربیت کا بنیادی صحیفہ ہے۔

دوسرا حصہ قرآنی تعلیمات کا جس میں علم عقائد اور علم فقہ شامل ہیں۔

تیسرا حصہ زندگی کی حقیقت کو جاننا، اسلامی نصاب میں یہ حصہ جزو غالب رہا ہے۔

چوتھا حصہ تزکیہ نفس اور تربیت اخلاق ہے۔ علم کا ثمرہ عمل ہے اور یہی فی الحقیقت مطلوب ہے۔ لیکن علم کو عمل بننے کی راہ میں داخلی اور خارجی بہت سی مشکلات پیش آتی ہیں۔ اس لیے تربیت میں عملی نمونے کی اہمیت بہت زیادہ ہے۔ انسان تقلید پسند ہے، تربیت کتابی سے زیادہ عملی تعلیم سے تربیت قبول کرتا ہے۔

## اچھی تربیت کا بدلہ:

علم پھیلانا ایک عظیم صدقہ جاریہ ہے۔ یہ انسانیت کی بہت بڑی خدمت ہے۔ اس عظیم خدمت کے بدلے قیامت کے دن علماء کی قدردانی کی جائے گی اور عزت سے نوازے جائیں گے، نبی اکرم ﷺ کا ارشاد ہے:

((يبعث العالم والعابد فيقال للعابد: ادخل الجنة ويقال للعالم: اثبت تشفع للناس كما أحسنت أدبهم))[1]

ترجمہ: عالم اور عابد کو روز قیامت اٹھایا جائے گا عابد سے کہا جائے گا تو جنت میں داخل ہو جا اور عالم سے کہا جائے گا ٹھہر جا حتیٰ کہ لوگوں کی اچھی تربیت کے بدلے شفاعت کرے۔

(۱) كنز العمال في سنن الأقوال والأفعال، ۲۵۶/۱۰

## آپ ﷺ کی تربیت کے چند بنیادی اصول:

آپ ﷺ نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو یہ تعلیم دی کہ جب تمہیں کوئی تمہاری غلطی پر توجہ دلائے تو اس وقت اس کی اصلاح نہ کرنی چاہیے بلکہ جب کوئی تمہارے سامنے کسی غلطی پر متنبہ کر رہا ہو تو تمہیں اس سے متنبہ ہو جانا چاہیے۔اپنی غلطی کی اصلاح کے لیے اس کا انتظار نہ کرنا چاہیے کہ کوئی تمہیں کہے بلکہ جہاں سے تمہیں کوئی اس قسم کا اشارہ مل جائے تمہیں اپنی اصلاح کر لینی چاہیے۔آپ نے ان تمام مطالب کو نہایت مختصر اور جامع الفاظ میں یوں ارشاد فرمایا:

((السَّعِيد مَنْ وُعِظَ بِغَيْرِهِ)) [1]

ترجمہ: سعادت مند وہ ہے جو دوسروں سے نصیحت حاصل کرے۔

صحابہ رضی اللہ عنہم کو تعلیم دینے کے ساتھ ساتھ ان کی یہ تربیت بھی کی کہ وہ اچھے لوگوں کی صحبت اختیار کریں کیونکہ تربیت کے اثرات دیرپا اس وقت ہوتے ہیں جب ان میں تسلسل پایا جائے اور صحبت صالح سے اس کو استحکام ملتا ہے۔اس کو ایک مثال کے ذریعے یوں سمجھایا گیا ہے:

((مَثَلُ الجَلِيسِ الصَّالِحِ وَالجَلِيسِ السَّوْءِ، كَمَثَلِ صَاحِبِ المِسْكِ وَكِيرِ الحَدَّادِ)) [2]

ترجمہ: اچھے ساتھی اور برے ساتھی کی مثال عطر فروش اور بھٹی دھننے والے کی طرح ہے عطر فروش یا تو تمہیں خود عطر لگادے گا یا تم اس سے خرید لوگے اگر یہ بھی نہ ہو تو اس کے پاس تمہیں عطر کی خوشبو ضرور آئے گی، جبکہ بھٹی دھننے والا یا تمہارے کپڑے جلادے گا یا اس کی بدبو تمہیں ضرور محسوس ہو گی۔

موجودہ دور میں نونہالان چمن کی تربیت کا یہ بہترین انداز ہے۔وہ کسی اہل علم کی مجلس اختیار کریں تو بہت سی قباحتوں سے محفوظ رہیں گے۔

## برائی سے بچنے کا انداز فکر:

آپ ﷺ ایک ایسے حکیم تھے جو کسی بھی برائی کے علاج کا ایسا طریقہ اختیار فرماتے کہ مخاطب بغیر کسی جبر واکراہ کے راہ راست پر آجاتا،اور بخوشی اسلامی اخلاقیات وآداب اپنانے لگتا۔حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے:

ایک نوجوان رسول اکرم ﷺ کے پاس آیا اور عرض کرنے لگا کہ مجھے زنا کی اجازت دی جائے۔لوگ اسے زجر و توبیخ کرنے لگے آپ ﷺ نے فرمایا ٹھہر جاؤ اسے قریب کرو، پس وہ آپ ﷺ کے قریب ہوا۔آپ نے پوچھا: کہ جو فعل تم کسی اجنبی عورت کے ساتھ کرنا چاہتے ہو اگر کوئی شخص تمہاری ماں کے ساتھ کرے تو کیا تم برداشت کروگے اس نے کہا

---

(۱) مشارق الأنوار ، أبو الفضل عياض بن موسى بن عياض المالكي، المكتبة العتيقة ودار التراث، فصل الاختلاف والوهم،۲۹۱/۲

(۲) صحيح البخاري ،حدیث نمبر:۲۱۰۱،۶۳/۳

ہر گز نہیں۔ پھر آپ نے پوچھا اگر یہی فعل کوئی تمہاری بہن کے ساتھ کرنا چاہے تو؟اس نے کہا ہر گز نہیں، تاجدار انبیاء نے اسے سمجھایا کہ تم جس کے ساتھ یہ فعل کرنا چاہتے ہو وہ بھی کسی کی ماں یا بہن ہو گی۔ جس طرح تم برداشت نہیں کر سکتے اسی طرح کوئی دوسرا بھی برداشت نہیں کر سکتا۔ آپ ﷺ نے اپنا دست اقدس اس پر رکھا اور اس کے لیے دعا فرمائی:

((اللهُمَّ اغْفِرْ ذَنْبَهُ وَطَهِّرْ قَلْبَهُ، وَحَصِّنْ فَرْجَهُ، فَلَمْ يَكُنْ بَعْد ذَلِكَ الْفَتَى يَلْتَفِتُ إِلَى شَيْءٍ)) (۱)

ترجمہ: اے اللہ: اس کا گناہ بخش دے اور اس کے دل کو پاک کر دے اور اس کی شرمگاہ کی حفاظت فرما۔اس نوجوان نے اس کے بعد کسی کی طرف التفات نہیں کیا۔

## پائدار اعمال اور فکر آخرت کی ترغیب:

دنیا ایک عارضی قرار گاہ ہے جبکہ آخرت کی زندگی لازوال ہے لہذا آپ ﷺ نے ہر اس عمل کو اختیار کرنے کی ترغیب دی ہے جو اس نہ ختم ہونے والی زندگی میں کارآمد بن جائے:

حضرت جابر رضی اللہ عنہ راوی ہیں تاجدار مدینہ بکری کے ایک ایسے مردہ بچہ کے پاس سے گزرے، جس کے کان بہت چھوٹے تھے یا کٹے ہوئے تھے، یا اس کے کان تھے ہی نہیں۔ چنانچہ آپ ﷺ نے صحابہ سے فرمایا کوئی شخص ہے، جو اس مردہ بچہ کو ایک درہم کے عوض لینا پسند کرے۔ انہوں نے جواب دیا ہم تو اسے کسی بھی چیز کے عوض لینا پسند نہیں کرتے

فَقَالَ: فَوَاللهِ لَلدُّنْيَا أَهْوَنُ عَلَى اللهِ، مِنْ هَذَا عَلَيْكُمْ (۲)

ترجمہ: آنحضرت ﷺ نے فرمایا خدا کی قسم یہ دنیا اللہ کے نزدیک اس سے کہیں زیادہ کمتر ہے جیسا کہ تمہارے نزدیک یہ مردہ بچہ کمتر ہے۔

حضور اکرم ﷺ نے بکری کے اس مردہ بچہ کی مثال کے ذریعے درحقیقت اس طرف متوجہ فرمایا کہ یہ دنیا دل لگانے کی جگہ نہیں ہے کہ انسان اس کی محبت و طلب میں آخرت کے نفع و نقصان کو فراموش کر دے، بلکہ اصل چیز آخرت کی محبت و طلب ہے، جہاں کی زندگی بھی لافانی ہے اور جس کی نعمتیں بھی لازوال ہیں۔

## عبادت میں میانہ روی کی تربیت:

عبادت ہو یا حصول علم دونوں میں دلچسپی اور نشاط ضروری ہے آپ ﷺ اس بات کا خصوصی اہتمام فرماتے تھے۔ حضرت عائشہ سے مروی ہے، آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

---

(۱) (شعیب الأرنؤوط اور عادل مرشد کی تحقیق کے مطابق اس حدیث کی سند صحیح ہے)،مسند الإمام أحمد بن حنبل، حدیث نمبر:۲۲۲۱۱، ۵۴۵/۳۶

(۲) الأدب المفرد،للبخاري، باب من كره أن يقعد ويقوم له الناس ،حدیث نمبر:۹۶۲، ۳۳۴/۱

((وَكَانَ يَقُولُ خُذُوا مِنَ الْأَعْمَالِ مَا تُطِيقُونَ فَإِنَّ اللَّهَ لَمْ يَمَلُّ حَتَّى تَمَلُّوا وَكَانَ أَحَبَّ الْعَمَلِ إِلَى اللَّهِ مَا دَاوَمَ عَلَيْهِ صَاحِبُهُ وَإِنْ قَلَّ))[۱]

ترجمہ: آپ ﷺ ارشاد فرمایا کرتے تھے اتنا عمل کیا کرو جتنا تمہارے بس میں ہو کیونکہ اللہ تمہارے کثرت عمل سے نہیں اکتاتا، ہاں تم اکتا جاؤ گے، اللہ تعالیٰ کو وہ عمل سب سے زیادہ محبوب ہے جو ہمیشہ کیا جائے اگرچہ وہ تھوڑا ہی کیوں نہ ہو۔

## غرور و تکبر سے بچنے کی تربیت:

رسول عربی ﷺ ایک ایسا دین لائے جس نے تکبر و غرور کو مٹایا اور فروتنی سکھائی، خود غرضی سے نفرت اور خدمت خلق کا جذبہ پیدا کیا۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں رسول اکرم ﷺ نے فرمایا :

ایک شخص جس نے دنیا میں علم سیکھا اور سکھایا اور قرآن مجید پڑھا، قیامت کے روز اللہ کے حضور پیش کیا جائے گا۔ اللہ تعالیٰ اسے اپنی نعمتیں یاد کرائے گا، وہ شخص ان کا اقرار کرے گا۔ اللہ فرمائے گا تو نے ان نعمتوں کے شکر میں کیا عمل کیا، وہ کہے گا میں نے علم سیکھا اور سکھایا، اور تیری رضا کی خاطر قرآن پڑھا اللہ فرمائے گا

((كَذَبْتَ، وَلَكِنَّكَ تَعَلَّمْتَ الْعِلْمَ لِيُقَالَ: عَالِمٌ، وَقَرَأْتَ الْقُرْآنَ لِيُقَالَ: هُوَ قَارِئٌ، فَقَدْ قِيلَ، ثُمَّ أُمِرَ بِهِ فَسُحِبَ عَلَى وَجْهِهِ حَتَّى أُلْقِيَ فِي النَّارِ))[۲]

تو نے جھوٹ بولا بلکہ تو نے علم اس لیے حاصل کیا کہ تو عالم کہلائے اور قرآن اس لیے پڑھا کہ تو قاری کہلائے، سو یہ کہا جا چکا ہے۔ پھر اس کے بارے میں حکم ہو گا کہ اسے منہ کے بل گھسیٹ کر دوزخ میں ڈال دیا جائے۔

## مجلس کے آداب کی تربیت:

حضرت ابوھریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں آنحضور ﷺ نے فرمایا:

((إِذَا قَامَ الرَّجُلُ مِنْ مَجْلِسِهِ ثُمَّ رَجَعَ إِلَيْهِ، فَهُوَ أَحَقُّ بِهِ))[۳]

ترجمہ: جب آدمی مجلس سے اُٹھ کر کسی ضرورت سے جائے پھر وہ واپس آئے تو وہی اس جگہ کا حق دار ہے۔

---

(۱) صحیح مسلم، بَابُ صِيَامِ النَّبِيِّ، حدیث نمبر: ۷۸۲، ۸۱۱/۲

(۲) صحیح مسلم، كتاب الإمارة، باب من قاتل للرياء والسمعة استحق النار، حدیث نمبر: ۱۹۰۵، ۱۵۱۳/۳

(۳) مسند الإمام أحمد بن حنبل، حدیث نمبر: ۷۵۶۸، ۱۵/۱۳ (شعیب الارنؤوط اور عادل مرشد کی تحقیق کے مطابق اس حدیث کی سند صحیح ہے)

اپنی جگہ سے تھوڑا ہٹ جانا، آنے والے کے اکرام میں مستحب ہے۔ خصوصاً جب کہ وہ عالم ہو یا دین دار ہو، یا اہلِ منصب ہو کیونکہ اس کا انسان کے اعمال پر اس دنیا میں امن یا فساد، نیکی یا برائی، محبت یا نفرت کا دار و مدار ہے۔ انسانوں کو اللہ کی طرف سے ازلی ابدی سلسلہ ہدایت کی آخری کڑی قرآن پاک اور حضرت محمد ﷺ کے ذریعے اس عظیم ذمہ داری کی اہمیت اور اس کے طریقہ کار کے لیے رہنمائی فرمائی کہ انسان کس طرح اپنی آنے والی نسلوں کو خود ان کیلئے اور تمام انسانیت کے لئے مفید اور باعث خیر بنائے۔ جناب اکبر الٰہ آبادی (۱) نے آپ ﷺ کی تعلیم و تلقین اور تربیت و تزکیہ کا نقشہ یوں کھینچا:

در فشانی نے تیرے قطروں کو دریا کر دیا    دل کو روشن کر دیا آنکھوں کو بینا کر دیا

خود نہ تھے جو راہ پر اوروں کے ہادی بن گئے    کیا نظر تھی جس نے مردوں کو مسیحا کر دیا (۲)

## بچوں کی تربیت:

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنھما کا بیان ہے کہ ایک دن رسول اللہ ﷺ کی سواری پر آپ کے پیچھے سوار تھا آپ ﷺ نے مجھے ارشاد فرمایا: اے بچے کیا میں تجھے نفع مند باتیں بتاؤں، میں نے کہا جی ہاں ضرور فرمایئے: تم اللہ کے احکامات کی حفاظت کرو اللہ تعالیٰ تمہاری حفاظت فرمائے گا، تم اللہ تعالیٰ کی مقرر کردہ حدود سے تجاوز نہ کرنا، مشکلات میں اس کی مدد کو شامل حال پاؤ گے۔ اس بات پر اچھی طرح سے یقین کر لو اگر تمام لوگ مل کر تمہیں نفع دینا چاہیں تو محض اتنا نفع پہنچا سکیں گے جتنا اللہ تعالیٰ نے تمہاری قسمت میں لکھ دیا ہے اور اگر وہ سب کے سب مل کر تمہیں نقصان پہنچانا چاہیں تو وہ آپ کا بال بھی بیگا نہیں کر سکتے سوائے اس نقصان کے جو اللہ تعالیٰ نے آپ کی قسمت میں لکھ دیا ہے۔ اور خوب اچھی طرح جان لو کہ جو چیز آپ کی قسمت میں نہیں لکھی گئی وہ آپ تک نہیں پہنچے گی اور جو آپ کی قسمت میں لکھی جا چکی ہے وہ آپ کو ضرور ملے گی۔ اور یہ بھی جان لو کہ اللہ کی مدد صبر کے ساتھ آتی ہے (۳)

والدین کے پاس بچہ قدرت کی ایک اہم ترین امانت ہے، جس کا دل بالکل صاف شفاف اور ہر طرح کے اثرات سے خالی ہوتا ہے۔ اگر اسے خیر و بھلائی کا عادی بنایا جائے اور بہترین تعلیم و تربیت سے ہمکنار کیا جائے تو وہ فرشتہ صفت ولی بن سکتا ہے اور اگر اسے نظر انداز کیا جائے اور جانوروں کی طرح صرف جسمانی غذا دینے پر اکتفا کیا جائے تو وہ بہیمانہ صفات کا حامل اور سماج کے لئے ناسور بن کر سامنے آتا ہے۔ اس گوہر نایاب کی تعلیم و تربیت والدین کی اہم ترین ذمہ داری ہے، جس

---

(۱) (اکبر الٰہ آبادی: ۱۸۴۶ء-۱۹۲۱ء، اردو زبان کے عظیم شاعر، نام سید اکبر حسین، اکبر تخلص، لسان العصر لقب، خان بہادر خطاب۔ والد کا نام سید تفضل حسین رضوی، ایران سے ہندوستان آئے۔ ابتدائی تعلیم والد کی زیر نگرانی ہوئی، انگریزی کی استعداد خود ہی پیدا کر لی۔ ۱۸۶۶ء میں وکالت کا امتحان پاس کیا۔ اس کے بعد نائب تحصیلدار ہوئے۔ ۱۸۸۱ء میں منصف ہوئے پھر ۱۸۸۸ء میں سب ججی پر ترقی دی گئی۔ ۱۸۹۴ء میں سیشن جج ہوئے۔ ۱۹۰۳ء میں پنشن لی اور ۱۹۲۱ء میں الٰہ آباد میں وصال ہوا۔ اسلامی انسائیکلوپیڈیا، مدیر سید قاسم محمود، بشیر سنز پرنٹرز، کراچی، ص: ۱۸۹)

(۲) کلیات اکبر الٰہ آبادی، خان بہادر سید اکبر حسین رضوی، ط/۱، خزینہ علم و ادب، اردو بازار لاہور، ۲۰۱۰ء، ص: ۱۲

(۳) (علامہ حسین سلیم اس حدیث کی سند کو صحیح قرار دیا ہے)، ایضاً، حدیث نمبر: ۲۶۶۹، ۴۰۹/۴

میں کسی بھی نوع کی کوتاہی پر والدین سے باز پرس ہو گی۔آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے:

((كُلُّكُمْ رَاعٍ،وَكُلُّكُمْ مَسْئُولٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ، الإِمَامُ رَاعٍ وَمَسْئُولٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ، وَالرَّجُلُ رَاعٍ فِي أَهْلِهِ وَهُوَمَسْئُولٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ وَالمرْأَةُ رَاعِيَةٌ فِي بَيْتِ زَوْجِهَا وَمَسْئُولَةٌ عَنْ رَعِيَّتِهَا، وَالخَادِمُ رَاعٍ فِي مَالِ سَيِّدِهِ وَمَسْئُولٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ))[1]

ترجمہ: تم میں سے ہر ایک حاکم ہے اور ہر ایک سے اس کی رعیت کے بارے میں سوال ہو گا۔ پس امام حاکم ہے اس سے سوال ہو گا۔ مرد اپنی بیوی بچوں کا حاکم ہے اور اس سے سوال ہو گا۔ عورت اپنے شوہر کے مال کی حاکم ہے اس سے سوال ہو گا۔ غلام اپنے سردار کے مال کا حاکم ہے اور اس سے سوال ہو گا ہاں پس تم میں سے ہر ایک حاکم ہے اور ہر ایک سے سوال ہو گا۔

اہل و عیال مسلمان کی بہترین متاع حیات ہے۔ان کے حق میں بہترین بھلائی انہیں دائمی عذاب سے بچا کر جنت کا مستحق بنادیتی ہے،ارشاد ربانی ہے:

﴿يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا قُوا أَنْفُسَكُمْ وَأَهْلِيكُمْ نَارًا وَقُودُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ﴾[2]

ترجمہ: اے ایمان والو تم بچاؤ اپنے آپ کو اور اپنے اہل و عیال کو اس آگ سے جس کا ایندھن انسان اور پتھر ہوں گے۔

حضرت علی بن ابی طالب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے " قُوا أَنْفُسَكُمْ وَأَهْلِيكُمْ " کی تفسیر کرتے ہوئے فرمایا:

اس کی شکل یہ ہے کہ خود بھی اور اپنے گھر والوں کو بھی نیکیاں سکھاؤ[3]

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تربیت کے اثرات اتنے دور رس تھے کہ دوست دشمن سب تک ان کی برکات محسوس کی گئیں۔ ثمامہ بن آثال نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سخت ترین دشمنوں میں سے تھے، مسیلمہ کذاب کے حکم سے بھیس بدل کر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو (معاذ اللہ) قتل کرنے کے لئے نکلے لیکن مسلمانوں نے انہیں گرفتار کر لیا اور مدینہ میں لا کر مسجد نبوی کے ایک ستون سے باندھ دیا، تین دن بعد تک مسجد نبوی کے روحانی منظر کا مشاہدہ کرتے رہے، تین دن بعد جب رہا کیا گیا تو انہوں نے قریب کے کسی باغ میں جا کر غسل کیا، واپس آکر مشرف بہ اسلام ہو گئے، پھر کہا: اللہ کی قسم روئے زمین پر کوئی چہرہ میرے نزدیک آپ کے چہرے سے زیادہ مبغوض نہ تھا لیکن اب یہ چہرہ دوسرے چہروں سے زیادہ محبوب بن گیا ہے[4]

---

(۱) صحيح البخاري ، بَابُ قُوا أَنْفُسَكُمْ ، حدیث نمبر:۵۱۸۸،۲۶/۷

(۲) سورۃ التحریم۶۶: ۶

(۳) (یہ حدیث شیخین کی شرط پر صحیح ہے)، المستدرک علی الصحیحین،حدیث نمبر:۳۸۲۶،ط/۱،دار الكتب العلمي،بيروت ،۵۳۵/۲

(۴) السيرة النبوية وأخبار الخلفاء،محمد بن حبان ، التميمي، أبو حاتم، الدارمی ،ط/۳، الكتب الثقافية ،بيروت،۱۴۱۷ ھ،۲۶۸/۱

یہ واقعہ مختلف انداز سے بیان کیا گیا تاہم اس میں جو قابل غور حصہ ہے وہ آپ ﷺ کا کریمانہ برتاؤ اور اخلاق عالیہ ہیں۔ جس کے آگے دشمن کے ہتھیار بھی کارگر ثابت نہیں ہوتے۔

## عورتوں کی تربیت:

ایک دن رسول اکرم ﷺ اپنی دو بیویوں سیدہ ام سلمہ اور حضرت میمونہ [1] رضی اللہ عنہما کے پاس تشریف فرما تھے کہ اچانک حضرت عبداللہ ابن مکتوم رضی اللہ عنہ جو نابینا تھے آگئے حضور نے دونوں بیویوں کو حکم دیا:

((احْتَجِبَا مِنْه فَقُلْنَا: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَلَيْسَ أَعْمَى لَا يُبْصِرُنَا، وَلَا يَعْرِفُنَا؟ فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ أَفَعَمْيَاوَانِ أَنْتُمَا)) [2]

ترجمہ: اس سے پردہ کرو تو ہم نے عرض کی اے اللہ کے رسول یہ تو نابینا ہیں ہمیں دیکھ بھی نہیں سکتے اور پہچان بھی نہیں سکتے فرمایا کیا تم بھی نابینا ہو۔

غور کیجیے خود جناب رسول اللہ ﷺ کی ذات بابرکات اس وقت حضرتِ ام سلمہ اور حضرت میمونہ کے درمیان موجود ہیں۔ اور یہ وہ عورتیں ہیں کہ جن کو خود حق تعالیٰ نے مومنین کی ماؤں کے خطاب سے نوازا ہے۔ دوسری جانب صحابی رسول ہیں اور صحابہ وہ ہستیاں ہیں کہ جن کے دلوں کو خود اللہ تعالیٰ نے ایمان سے مزین کرنے اور کفر اور شرک اور فسق و فجور سے ان کو نفرت دینے کا قرآن میں اعلان فرمایا ہے۔ پھر نبی اکرم ﷺ کی موجودگی میں شیطان بالکل ان دونوں عورتوں کو دھوکا نہیں دے سکتا۔ اس لیے کہ جہاں آپ ﷺ موجود ہوں، وہاں شیطان کی کیا مجال اس کے باوجود آپ ﷺ ارشاد فرماتے ہیں کہ تم دونوں اس نابینا صحابی رضی اللہ عنہ سے پردہ کرو۔ اس میں امت کی ماؤں کے لیے تربیت کا بہترین سامان رکھ دیا گیا ہے۔ دور حاضر میں بھی تمام خواتین کو اس سے سبق سیکھنا چاہیے۔

## حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہما کی سواری پر تربیت:

حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں مزدلفہ سے منیٰ واپس جاتے ہوئے میں نبی ﷺ کی سواری پر بیٹھا ہوا تھا۔ ایک دیہاتی کو آپ ﷺ نے دیکھا وہ اپنی بیٹی کو اپنے پیچھے سواری پر بٹھائے آپ ﷺ کے متوازی چل رہا تھا میں اس لڑکی کی طرف دیکھتا جا رہا تھا۔ آپ ﷺ کی مجھ پر نگاہ پڑی تو آپ ﷺ نے میرا چہرہ اس کی طرف سے ہٹا دیا۔ میں

---

(۱) (حضرت میمونہ (قبیلہ ءقریش): پہلا نکاح مسعود بن عمرو بن عمیر ثقفی سے، دوسرا ابورہم بن عبدالعزیٰ سے جبکہ تیسرا رسول مکرم ﷺ سے ہوا۔ آپ سے ۴۶ احادیث مروی ہیں۔ مقام سرف میں اِن کا نکاح ہوا اور اُسی مقام پر ہی ۵۱ھ میں انتقال فرمایا۔ حضرت ابنِ عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نمازِ جنازہ پڑھائی اور قبر میں اتارا۔ جب جنازہ اُٹھایا تو فرمایا باادب لے چلو کہ یہ رسول اللہ ﷺ کی بیوی ہیں۔ سیر الصحابہ: ۸۷/۶)

(۲) (اس حدیث کو علامہ البانی نے ضعیف قرار دیا ہے)، سنن الترمذي، باب ما جاء في احتجاب النساء، حدیث نمبر: ۲۷۷۸، ۱۰۲/۵

نے دوبارہ دیکھنا شروع کیا تو میرا چہرہ موڑ دیا حتی کہ تیسری بار بھی، کیونکہ میں دیکھنے سے رک نہیں رہا تھا۔اس کے بعد آپ ﷺ جمرہ عقبہ کی رمی کرنے تک (لبیک اللھم لبیک) کا ورد کرتے رہے[1]

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ آپ ﷺ نے حضرت فضل سے فرمایا اے میرے بھائی کے بیٹے:

((إِنَّ هَذَا يَوْمٌ مَنْ حَفِظَ فِيهِ بَصَرَهُ وَلِسَانَهُ غُفِرَ لَهُ))[2]

ترجمہ: یہ ایک ایسا دن ہے کہ جو شخص اپنی نگاہ نیچی رکھے گا اور اپنی شرمگاہ کو اور زبان کو حفاظت میں رکھے گا اللہ تعالیٰ اسے مغفرت سے سرفراز فرمائیں گے۔

یہ حدیث پاک تعلیم اور تربیت کی اہمیت کو اجاگر کر رہی ہے۔آقا ﷺ نے تعلیم بھی دی اور اچھے انداز سے تربیت بھی کی، آج بھی ضرورت ہے کہ ہم تعلیمات مصطفی ﷺ سے روشنی حاصل کریں۔

## نبوی تعلیم و تربیت کا صحابہ کرام رضی اللہ عنہم پر اثر:

آپ ﷺ کی تعلیم و تربیت کے اثر سے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں اس قدر احساس ذمہ داری پیدا ہو گیا کہ وہ گناہ کے کاموں سے دور رہتے۔اگر کسی سے غلطی ہو جاتی تو بجائے اس کو چھپانے کے بارگاہ مصطفی ﷺ میں آکر خود عرض کرتے اے اللہ کے رسول ﷺ مجھ سے یہ گناہ سرزد ہو گیا ہے۔میرے بارے میں اللہ سے معافی طلب کیجئے۔ حضرت ابو ہریرہ کی روایت ہے ہم حضور اکرم ﷺ کی بارگاہِ اقدس میں حاضر تھے کہ:

((جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ ﷺفَقَالَ: هَلَكْتُ قَالَ: وَمَا شَأْنُكَ؟قَالَ: وَقَعْتُ عَلَى امْرَأَتِي فِي رَمَضَانَ، قَالَ:تَسْتَطِيعُ تُعْتِقُ رَقَبَةً قَالَ: لاَ قَالَ: فَهَلْ تَسْتَطِيعُ أَنْ تَصُومَ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ قَالَ: لاَ قَالَ: فَهَلْ تَسْتَطِيعُ أَنْ تُطْعِمَ سِتِّينَ مِسْكِينًا قَالَ: لاَ قَالَ:اجْلِسْ فجَلَسَ، فَأُتِيَ النَّبِى ﷺبِعَرَقٍ فِيهِ تَمْرٌ وَالعَرَقُ المِكْتَلُ الضَّخْمُ قَالَ: خُذْ هَذَا فَتَصَدَّقْ بِهِ قَالَ: أَعَلَى أَفْقَرَ مِنَّا؟ فَضَحِكَ النَّبِيُّ ﷺ حَتَّى بَدَتْ نَوَاجِذُهُ، قَالَ: أَطْعِمْهُ عِيَالَكَ))[3]

ایک شخص مجلس میں آیا اور عرض کرنے لگا: یارسول اللہ ﷺ میں ہلاک ہو گیا۔آپ ﷺ نے پوچھا: تیرے ساتھ کیا واقعہ پیش آیا، اس نے عرض کیا کہ میں رمضان المبارک میں بحالت روزہ اپنی بیوی سے جماع کر بیٹھا ہوں۔آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تو غلام آزاد کرنے کی استطاعت رکھتا ہے؟ وہ عرض کرنے لگا نہیں یارسول اللہ۔کیا تو مسلسل دو مہینے کے روزے رکھ سکتا ہے؟اس نے عرض کی

(۱) (شعیب الأرنؤوط اور عادل مرشد کی تحقیق کے مطابق یہ حدیث صحیح ہے) مسند امام احمد بن حنبل، حدیث نمبر: ۱۸۰۵، ۳۱۸/۳

(۲) (شعیب الأرنؤوط اور عادل مرشد کی تحقیق کے مطابق اس حدیث کی سند ضعیف ہے)، ایضا، حدیث نمبر: ۲۳۵۰، ۳۵۶/۵

(۳) صحيح البخاري، باب قَوْلِ اللَّهِ تَعَالَى:فَكَفَّارَتُهُ، حدیث نمبر: ۶۷۰۹، ۱۴۴/۸

نہیں پھر پوچھا ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلا سکتا ہے ؟اس نے عرض کیا نہیں۔آپ ﷺ نے فرمایا بیٹھ جاؤ وہ بیٹھ گیا۔آپ کے پاس ایک ٹوکرا کھجور کا آیا، آپ ﷺ نے پوچھا: سائل کہاں گیا؟ وہ کہنے لگا حاضر ہوں۔ حضور فرمانے لگے: یہ تھیلا لے جاؤاور خیرات کر دو۔ وہ کہنے لگا خیرات تواس پر کروں جو مجھ سے زیادہ محتاج ہو۔خدا کی قسم مدینے کی اس پوری بستی میں مجھ سے بڑھ کر کوئی محتاج نہیں۔ اس پر آپ ﷺ مسکرائے یہاں تک کہ دندان مبارک اندر تک نظر آنے لگے، پھر آپ ﷺ نے فرمایا: اسے لے جاواور اپنے گھر والوں کو کھلا (تیرا کفارہ ادا ہو جائے گا)۔

اسی طرح کا ایک واقعہ ماعزابن مالک رضی اللہ عنہ کا بارگاہ مصطفی میں اعتراف جرم کا ہے۔

حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں، ماعزابن مالک رضی اللہ عنہ آے اور عرض کیا مجھے پاک کر دیں، آپ ﷺ نے فرمایا: افسوس ہے، لوٹ جا اللہ سے معافی مانگ اور توبہ کر، فرماتے ہیں وہ تھوڑی دور چلے، پھر واپس آے اور عرض کیا یا نبی اللہ مجھے پاک فرمادیں، تب بھی سرکار مدینہ نے اسی طرح فرمایا، حتی کہ جب وہ چوتھی بار واپس آیا تو آپ ﷺ نے پوچھا میں تجھے کس چیز سے پاک کروں، عرض کیا زنا سے فرمایا: کیا یہ دیوانہ ہے، عرض کیا گیا نہیں پھر فرمایا کیا اس نے شراب پی ہے۔ایک آدمی نے اس کے منہ کی بو سونگھی تو اس سے شراب کی بو نہ پائی، اس سے پوچھا کیا تو نے زنا کیا ہے وہ عرض کرنے لگا ہاں، ھادی کل نے اسے رجم کرنے کا حکم دیا، پھر انہیں رجم کر دیا گیا، اور وہ لوگ اپنے گھر میں دو یا تین دن ٹھہرے رہے پھر آپ ﷺ تشریف لائے اور فرمایا: ماعز ابن مالک رضی اللہ عنہ کے لیے دعائے مغفرت کرو((لقد تاب توبة لو قسمت بين أمة لوسعتهم))[1]

ترجمہ: اس نے ایسی شاندار توبہ کی ہے کہ اگر ایک جماعت کے درمیان وہ بانٹ دی جائے تو ان کو شامل ہو جائے، یعنی ان کی مغفرت کے لیے کافی ہے۔

پھر حضور ﷺ کی خدمت میں ازد[2] کے قبیلہ کی عورت غامدیۃ آئی بولی یا رسول اللہ ﷺ مجھے پاک کریں۔ آپ ﷺ نے فرمایا افسوس تجھ پر لوٹ جا اللہ سے معافی مانگ اور توبہ کر، وہ بولی کیا آپ ﷺ چاہتے ہیں کہ مجھے ایسے لوٹا دیں جیسے ماعزابن مالک کو لوٹایا تھا یہ بندی تو زنا سے حاملہ ہے پھر آپ نے فرمایا:

((فاذهبي حتى تلدي فلما ولدت أتته بالصبي في خرقة قالت: هذا قد ولدته))

---

(۱) صحيح البخاري، بَابُ الرَّجْمِ بِالْمُصَلَّى ،حدیث نمبر:۶۸۲۰،۸/۱۶۶

(۲) (ازد: یہ عرب کے بڑے اور مشہور قبائل میں سے ہے۔ یہ قحطانی قبیلہ ہے۔ ازد بن غوث بن نبت بن مالک بن کہلان قحطانی قبیلے سے منسوب کیے جاتے ہیں۔ معجم قبائل العرب، عمر بن رضا کحالۃ الدمشق، ط/۷، مؤسسۃ الرسالۃ، بیروت، ۱۹۹۴ء، ۱/۱۵)

ترجمہ: جاؤ بچے کو جنم دو، جب وہ بچہ جن چکی تو وہ ایک کپڑے میں بچہ لے کر حضور کی خدمت میں آئی اور عرض کیا: میں بچہ جنم دے چکی ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اسے دودھ پلا حتی کہ اس کا دودھ چھڑادے ۔ جب اس کا دودھ چھڑادیا تو بچے کو لے کر آئی اس کے ہاتھ میں روٹی کا ٹکڑا تھا۔ میں نے اس کا دودھ چھڑا دیا ہے اور اب بچہ کھانا کھانے لگا ہے۔ تب حضور ﷺ نے بچہ ایک مسلمان کے سپرد کیا

((ثم أمر بها فحفر لها إلى صدرها وأمر الناس فرجموها))(۱)

پھر اس کے متعلق حکم دیا۔ اس کے لیے سینہ تک گڑھا کھودا گیا اور لوگوں کو حکم دیا انہوں نے اسے رجم کیا خالد ابن ولید پتھر لا رہے تھے وہ اس کے سر میں مارا تو خالد کے چہرے پر خون کی چھینٹیں پڑ گئیں۔ اسے خالد نے برا کہا۔ سرکار دوجہاں نے فرمایا: ٹھہر جا اے خالد اس کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے اس نے ایسی توبہ کی ہے کہ اگر یہ توبہ ٹیکس لینے والے نے کی ہوتی تو بخش دیا جاتا، اس پر نماز پڑھی گئی اور وہ دفن کی گئی۔

یہ تھا تعلیمات مصطفی ﷺ کا اثر احساس گناہ نے بے قرار کر دیا اسے چھپایا نہیں بلکہ اس کی معافی کے لیے کوشش کی۔

## حاصل کلام:

۱۔ دین اسلام نے حصول علم ہر شخص کے لیے لازم قرار دیا ہے۔ اسلام سراسر علم و عمل کا نام ہے۔

۲۔ اللہ تعالیٰ نے بلندی درجات کا تعلق علم سے جوڑ دیا۔

۳۔ تعلیم فقط لکھنے پڑھنے کو ہی نہیں کہتے بلکہ انسان کے کردار میں مثبت تبدیلی کا نام ہے۔

۴۔ جب تک تعلیم کے ساتھ تربیت نہ ہو تعلیم کا حقیقی مقصد پورا نہیں ہوتا۔

۵۔ آپ ﷺ نے عابدین، مجاہدین، خواتین اور بچوں کی تربیت فرمائی۔

۶۔ ہمارے ہاں محض تعلیم ہے مگر تربیت کا فقدان ہے۔ اسی لیے یہاں تعلیمی نظام کے بہتر نتائج سامنے نہیں آپاتے۔

۷۔ تربیت کے لیے یہ ضروری نہیں کہ وہ درسگاہ میں ہی کی جائے بلکہ وہ تربیت گھر پر بھی کی جاسکتی ہے۔

۸۔ تربیت کے لیے موجودہ دور میں صالحین کی صحبت اختیار کرنے کی سخت ضرورت ہے۔

۹۔ آج کل لوگوں کے پاس علم بہت زیادہ ہیں، اس کے باوجود وہ لہو ولعب، کھیل تماشوں اور فضول حرکتوں میں پڑے رہتے ہیں یہ تربیت کی کمی کا سبب ہے۔

---

(۱) صحیح مسلم، بَابُ مَنِ اعْتَرَفَ، حدیث نمبر: ۱۶۹۵، ۳/۱۳۲۳

## فصل دوم:

# رسول اللہ ﷺ کی تعلیمی حکمت عملی

دین اسلام کے مطابق تعلیم ہر انسان کا بنیادی حق ہے۔ آپ ﷺ کی تعلیم کا مخاطب ہر دور کا انسان ہے۔ جو جہالت کے گھٹاٹوپ اندھیرے، اخلاقی اور معاشرتی پستیوں میں روشنی کی امید کا طالب ہے۔ لہٰذا بلا تخصیص زمان و مکان، اور جنس و عمر اسلامی تعلیمات کا مقصد یہ ہے کہ ہر دور کا انسان اپنے خالق حقیقی کو پہچانے۔ کسی بھی فرد یا جماعت کی کامیابی کا انحصار حسن عمل اور خوبی کردار پر موقوف ہے۔ علم کی ضد جہالت ہے، جو ایک بہت ہی بری چیز ہے۔ کوئی شخص اپنے آپ کو جاہل کہلوانا ہرگز پسند نہیں کرتا۔ علم نور ہے تو جہالت ظلمت اور اندھیرا ہے، اور ہر قسم کی برائیوں کی جڑ ہے۔ جاہل کی اس دنیا میں کوئی وقعت نہیں، اگر وہ زندہ بھی ہے تو بغیر علم کے وہ مردوں کی مانند ہے۔ لیکن عالم مرنے کے بعد بھی زندہ ہے۔ جہالت ہمیشہ اور ہر موڑ پر نقصان دہ ہے، اور علم ہمیشہ اور ہر موقع پر فائدہ مند ہے۔ اس فصل میں تعلیم کی ترویج اور نشر واشاعت پر زور دیا گیا ہے۔

## علم کی اُقسام:

علم کی دو قسمیں ہیں۔ ایک علم تو وہ ہے جس کو فرض کفایہ کہتے ہیں اگر مسلمانوں میں سے چند لوگ اس کو حاصل کرلیں تو کافی ہے۔ ہر ایک کو یہ علم حاصل کرنے کی ضرورت نہیں ہے، جیسے علم تفسیر، علم حدیث، علم فقہ وغیرہ.
علم کی دوسری قسم فرض عین ہے، جو ہر مسلمان کو حاصل کرنا فرض ہے۔ مثلاً اسلام کے پانچ ارکان اور ان کی تفصیل جاننا جو ظاہری عبادات ہیں، ایمان اور اس کے ارکان کی تفصیل معلوم کرنا، جو دین اسلام کے عقائد ہیں۔ روزمرہ کے بعض معاملات جو حلال ہیں اور وہ معاملات جو حرام ہیں، انہیں جاننا یہ علم دین کی کم سے کم مقدار ہے جو ہر مسلمان کو معلوم کرنا فرض ہے[1]

## حصول علم کا اعلیٰ تصور:

اسلام میں تعلیم لازمی ہے۔ تعلیم کی اہمیت کے پیش نظر اختیاری تعلیم کا اسلام کے ہاں کوئی تصور نہیں۔ تعلیم ہر ایک کے لیے ہے اور لازمی ہے۔ خواندگی ایسی چیز نہیں ہے جسے عوام کی مرضی پر چھوڑ دیا جائے۔ کیونکہ ناخواندہ افراد تو علم

---

(۱) علامہ ابن عابدین فرماتے ہیں: وَاعْلَمْ أَنَّ تَعَلُّمَ الْعِلْمِ يَكُونُ فَرْضَ عَيْنٍ وَهُوَ بِقَدْرِ مَا يَحْتَاجُ لِدِينِهِ. وَفَرْضَ كِفَايَةٍ، وَهُوَ مَا زَادَ عَلَيْهِ لِنَفْعِ غَيْرِهِ، رد المحتار، ابن عابدين، محمد أمين بن عمر بن عبد العزيز عابدين الحنفي، ط/۱، دار الفكر، بيروت، ۱۹۹۲ء، ۱/۴۲

رکھتے ہی نہیں ان سے یہ توقع کیسے کی جا سکتی ہے کہ وہ سب علم کی اہمیت کا ادراک رکھتے ہوں گے۔ یہ حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ ان کے سامنے تعلیم کی اہمیت اجاگر کرے اور انہیں حصول علم پر آمادہ کرے۔ خصوصاً کسی اسلامی معاشرے میں ناخواندہ افراد قطعاً قابل قبول نہیں ہو سکتے[۱] اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے: [۲]

بیوی بچوں کا حق ضروریات زندگی کے پورا کرنے سے پورا نہیں ہو جاتا بلکہ جو چیز ان کے لیے ضروری ہے وہ دولت علم ہے جو انہیں روح کی غذا عطاء کرے گی۔ اور اس خیر و بھلائی کے نتیجے میں نہ صرف یہ کہ آخرت کی ابدی سعادت ہی نصیب ہوگی بلکہ دنیا میں بھی کامیابی سے ہمکنار ہوں گے۔ علم خدا کا نور ہے اس کو اعلیٰ مقاصد کے لیے استعمال میں لانا چاہیے، خسیس اَغراض اس کا مطمع نظر نہیں ہو سکتے۔ آپ ﷺ کے فرمان کے مطابق علم کا مقصد رضائے الٰہی کا حصول ہے، جیسا کہ اس ارشاد سے واضح ہے:

((مَنْ تَعَلَّمَ عِلْمًا مِمَّا يُبْتَغَى بِهِ وَجْهُ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ لَا يَتَعَلَّمُهُ إِلَّا لِيُصِيبَ بِهِ عَرَضًا مِنَ الدُّنْيَا، لَمْ يَجِدْ عَرْفَ الْجَنَّةِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ))[۳]

ترجمہ: جس شخص نے وہ علم کہ جس کا مقصد رضائے الٰہی کی تلاش ہو دنیوی مال و متاع کے حصول کے لیے سیکھا تو ایسا شخص قیامت کے روز جنت کی خوشبو بھی نہ پائے گا۔

مذکورہ بالا حدیث سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ آپ ﷺ کی تعلیمی پالیسی یہ تھی کہ علم کا مقصد معرفت الٰہی اور رضا الٰہی کا حصول ہو، نہ کہ دنیا کی غرض و غایت، دنیا کے مال و اسباب اور جاہ و جلال کے حصول کے لیے، اگر کسی نے اپنے علم کو مال و متاع کے حصول کا ذریعہ بنایا تو اسے وعید سنادی ہے۔

## نبی ﷺ کی تعلیمی حکمت عملی:

حضور ﷺ جب مبعوث ہوئے تو لوگ تعلیم سے یکسر ناآشنا تھے۔ عرب کے مرکزی شہر مکہ مکرمہ کا یہ حال تھا کہ وہاں صرف ۱۷ لوگ پڑھنا لکھنا جانتے تھے۔ ان حالات میں لوگوں کا اعلیٰ تہذیب تمدن سے ہمکنار ہونا کس قدر کٹھن تھا۔ کیونکہ کسی قوم کا تعلیم کے بغیر ارتقاء کے زینے طے کرنا مشکل ہی نہیں ناممکن ہوتا ہے۔ یہ نکتہ آپ ﷺ نے پالیا، چنانچہ نبی اکرم ﷺ نے قوم کی جہالت کو دور کرنے کے لیے ہر ممکن کوشش فرمائی۔ تھوڑی ہی مدت میں پورے عرب میں علم

---

(۱) استحکام پاکستان سیرت طیبہ کی روشنی میں، سید عزیز الرحمٰن، زوار اکیڈمی پبلی کشنز، کراچی، ۱۹۹۷ء، ص: ۲۴

(۲) ﴿يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا قُوا أَنْفُسَكُمْ وَأَهْلِيكُمْ نَارًا﴾، سورة التحريم ٦٦: ٦ ترجمہ: اے ایمان والو تم اپنے آپ کو اور اپنے اہل و عیال کو آگ سے بچاؤ۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ مندرجہ بالا آیہ کی تفسیر کرتے ہیں: ((عَلِّمُوا أَنْفُسَكُمْ وَأَهْلِيكُمُ الْخَيْرَ)) ترجمہ: تم اپنے آپ کو اور اپنے گھر والوں کو بھلائی کی تعلیم دو اور انہیں ادب سکھاؤ۔ تفسير عبد الرزاق، عبد الرزاق بن همام الحميري، تحقيق: د. محمود محمد عبده، ط/١، دار الكتب العلمية، بيروت ۱۴۱۹ھ، ۳۲۴/۳

(۳) (علامہ البانی نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے)، سنن أبي داود، حدیث نمبر: ۳۶۶۴، ۳۲۳/۳

وعرفان کے ڈنکے بجادیے۔ وہ عرب جہاں جہالت وضلالت کے تاریک ودبیز پردے پڑے ہوئے تھے۔ حضور ﷺ نے وہ سب پردے چاک کردیے اور پورے خطے کو نور علم کا گہوارہ بنادیا۔

## تعلیم کا باقاعدہ آغاز:

اگرچہ تعلیم کا سلسلہ مکہ مکرمہ میں شروع ہوچکا تھا، مگر آپ ﷺ نے تعلیم کا باقاعدہ آغاز مدینہ منورہ میں فرمایا۔اور پہلی اسلامی درس گاہ مسجد نبوی میں قائم ہوئی۔ مدینہ منورہ پہنچ کر آپ ﷺ نے نامساعد حالات کو سازگار بنایا، اور سلسلہ تعلیم وتعلم کا باقاعدہ اجراء فرمایا۔ کیونکہ آپ ﷺ جانتے تھے کہ تعلیم کے بغیر کسی قوم کی کایا نہیں پلٹ سکتی اور تعلیم ہی وہ نعمت عظمیٰ ہے جو انسان کے قلب کو صیقل کرتی اور دماغ کو جلا بخشتی ہے۔ آپ ﷺ نے مدینہ منورہ میں دس برس گزارے۔ اس محدودسی مدت میں اس نوزائیدہ ریاست کو ہر پہلو سے مکمل کرنے کی انتھک کوشش کی، آپ ﷺ نے شب وروز اس ریاست کو مستحکم کرنے میں لگادیے۔ اس کٹھن کام کو سرانجام دینا آسان نہیں تھا یہ آیۃ آپ ﷺ کے طریقہ تربیت اور اسلوب دعوت وتبلیغ پر بخوبی روشنی ڈالتی ہے:( اے محبوب) بلایئے لوگوں کو اپنے رب کی راہ کی طرف حکمت سے اور عمدہ نصیحت سے اور ان سے بحث و(مناظرہ) اس انداز سے کیجیے جو بڑا پسندیدہ اور شائستہ ہو[(۱)]

مذکورہ آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ ﷺ نے تعلیم وتربیت اور دعوت وتبلیغ میں ہمیشہ حکمت کو ملحوظ رکھا۔ حکمت کے یوں تو بہت سے معانی بیان ہوئے ہیں، مگر ابو حیان الأندلسی[(۲)] کی تعبیر معروف ومقبول ہے کہ حکمت سے مراد ایسا کلام یا اسلوب ہے، جس میں جبر وزبردستی کا پہلو موجود نہ ہو اور طبع انسانی اس کو فوراً قبول کرلے اور وہ عقل اور قلب دونوں کو متاثر کرے۔ اس طرح حکمت اس درست کلام اور مؤثر طرز ابلاغ کا نام ہے، جو انسان کے دل میں اتر جائے اور مخاطب کو مسحور کردے۔ حکمت کا پہلو آپ کے کلام میں نمایاں تھا عرب کے مشہور خطیب ضماد[(۳)] نے جب آپ ﷺ کا اثر انگیز خطبہ سنا تو اعتراف کیا کہ ایسا کلام نہ تو کاہنوں کے پاس ہے، نہ جادوگروں اور شاعروں کے پاس اور اس نے فوراً اسلام

---

(۱) سورۃ النحل۱۶: ۱۲۵

(۲) (أبو حیان الاندلسی: محمد بن یوسف بن علی الغرناطی اثیر الدین أبو حیان الاندلسی، ۶۵۴ھ شوال کے آخر میں پیدا ہوے۔ علمائے اندلس، غرناطہ، اسکندریہ اور قاہرہ میں بڑے شیوخ سے علم حاصل کیا۔ مختلف فنون میں ماہر، حجۃ العرب اور نایاب تصانیف کے مالک تھے۔ آپ فقہ، قرأت، نحو اور تفسیر میں ید طولیٰ رکھتے تھے۔ معجم المحدثین، امام ذھبی، ط/۱، مکتبۃ الصدیق، الطائف، ۱۹۸۸ء، ۱/۲۶۷)

(۳) (ضماد الازدی: ازد شنوءہ سے تھے۔ یہ عمرہ کے لیے آئے تو کفار مکہ نے انہیں بتایا کہ معاذ اللہ محمد ﷺ دیوانے ہیں۔ ضماد چونکہ طبیب تھا کہنے لگا میں ان کا علاج کرتا ہوں۔ وہ آپ ﷺ کے پاس آیا اور کہا میں آپ کا علاج کرتا ہوں ہو سکتا ہے اللہ تعالیٰ آپ کو فائدہ دے گا۔ نبی کریم نے اللہ کی حمد وثنا کی اور اللہ تعالیٰ کی گواہی دی تو اسے آپ کلام مصطفی بہت پسند آیا، اس نے دوبارہ سننے کی گزارش کی۔ وہ کہنے لگا میں نے ایسا کلام کبھی نہیں سنا۔ حتیٰ کہ وہ مسلمان ہو گیا۔ الطبقات الکبریٰ، أبو عبد اللہ محمد بن سعد بن منیع الھاشمی بالولاء، البصري، البغدادي المعروف بابن سعد، دار الکتب العلمیۃ، بیروت، ۴/۱۸۲)

قبول کرلیا[۱]

## کل وقتی اور جز و وقتی تعلیم کا نبوی منہاج:

مدنی عہد نبوت میں مذہبی تعلیم و تربیت کے دو طریقے تھے۔ایک غیر مستقل، جس میں مختلف قبائل کے آدمی مدینہ آکر چند دن قیام کرتے اور ضروری مسائل سیکھ کر واپس جاتے اور اپنے قبائل کو جاکر تعلیم دیتے۔اس ضمن میں حضرت عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

((كَانَ يَنْطَلِقُ مِنْ كُلِّ حَيٍّ مِنَ الْعَرَبِ عِصَابَةٌ فَيَأْتُونَ النَّبِيَّ ﷺفَيَسْأَلُونَهُ عَمَّا يُرِيدُونَهُ مِنْ دِينِهِمْ وَيَتَفَقَّهُوَنَ فِي دِينِهِمْ))[۲]

ترجمہ: عرب کے ہر قبیلے کا ایک گروہ آتا اور آپ ﷺ سے مذہبی امور حاصل کرتا اور دین کا فہم حاصل کرتا۔

بعض اوقات ایسا بھی ہوتا کوئی علم حاصل کرنے آتا تو آپ ﷺ کسی صحابی کو ذمہ داری سونپ دیتے کہ وہ اس نووارد کو علم سے منور فرمائے۔حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ کا بیان ہے:

فَإِذَا قَدِمَ رَجُلٌ مُهَاجِرٌ عَلَى رَسُولِ اللهِ ﷺ دَفَعَهُ إِلَى رَجُلٍ مِنَّا يُعَلِّمُهُ الْقُرْآن[۳]

ترجمہ: جب کوئی شخص ہجرت کر کے رسول اللہ کی خدمت میں حاضر ہوتا تو آپ ﷺ اس کو تعلیم قرآن کے لیے ہم میں سے کسی کے سپرد کردیتے۔

اسی طرح مرور زمانہ کے ساتھ عہد نبوی ﷺ میں عرب کے قبائل اپنے وفود بارگاہ رسالت میں بھیجتے تاکہ وہ دین کا فہم حاصل کریں۔دوسرا طریقہ مستقل تعلیم و تربیت کا تھا اور اس کے لیے صفہ کی درس گاہ مخصوص تھی۔اس میں وہ لوگ تعلیم حاصل کرتے تھے جو علائق دنیوی سے بے نیاز تھے اور انھوں نے اپنے آپ کو دینی تعلیم و تربیت اور عبادت کے لیے وقف کررکھا تھا۔اصحاب صفہ انتہائی نادار اور مفلس تھے بعض حضرات کو دن میں تعلیم کا موقع نہیں ملتا تھا اس بنا پر وہ رات کو اور کچھ ایسے بھی تھے جو دن رات تعلیم میں مصروف رہتے تھے۔ حضرت انسؓ کی روایت ہے:

أَنَّهُمْ كَانُوا سَبْعِينَ فَكَانُوا إِذَا جَنَّهُمُ اللَّيْلُ انْطَلَقُوا إِلَى مُعَلِّمٍ لَهُمْ بِالْمَدِينَةِ فَيَدْرُسُونَ فِيهِ الْقُرآنَ

---

(۱) دلائل النبوة ، أحمد بن الحسين بن علي بن موسى ، أبو بكر البيهقي ،ط/۱،دار الكتب العلمية،بيروت، ۱۴۰۵ھ،۲/۲۲۴

(۲) جامع البيان،للطبري ،تحقيق: الدكتور عبد الله بن عبد المحسن التركي، ط/۱،دار هجر للطباعة ، ۱۴۲۲ ھ،۱۲/۸۰

(۳) (شعیب الأرنؤوط اور عادل مرشد کی تحقیق کے مطابق اس حدیث کی سند حسن ہے)،مسند الإمام أحمد بن حنبل، أبو عبد الله أحمد بن محمد بن ، الشيباني ،المحقق: شعيب الأرنؤوط ، حدیث نمبر:۲۲۷۶۶،ط/۱، مؤسسة الرسالة،۲۰۰۱ء،۳۷/۴۲۶

حَتَّى يُصْبِحُوا[۱]

ترجمہ: ان کی تعداد ستر تھی جب رات ہو جاتی تو یہ لوگ مدینہ میں ایک معلم کے پاس جاتے اور رات بھر قرآن پڑھتے حتی کہ صبح ہو جاتی۔

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے سنا نبی ﷺ فرما رہے تھے:

((يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّمَا الْعِلْمُ بِالتَّعَلُّمِ، وَالْفِقْهُ بِالتَّفَقُّهِ، وَمَنْ يُرِدِ اللهُ بِهِ خَيْرًا يُفَقِّهْهُ فِي الدِّينِ))[۲]

ترجمہ: اے لوگو علم سیکھنے سے آتا ہے اور دین کا فہم غور و فکر کے ذریعے ملتا ہے، اللہ جس کے ساتھ بھلائی کا ارادہ فرماتا ہے اسے دین کا فہم عطاء فرماتا ہے۔

## غربت حصول علم میں مانع نہیں:

نبوی دور میں غربت کو حصول علم میں مانع نہیں بنایا گیا۔ بلکہ باری مقرر کر کے حصول علم کو یقینی بنایا جاتا تھا، حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

((كُنْتُ أَنَا وَجَارٌ لِي مِنَ الأَنْصَارِ فِي بَنِي أُمَيَّةَ بْنِ زَيْدٍ وَهِيَ مِنْ عَوَالِي المَدِينَةِ وَكُنَّا نَتَنَاوَبُ النُّزُولَ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ ﷺ يَنْزِلُ يَوْمًا وَأَنْزِلُ يَوْمًا))[۳]

ترجمہ: میں اور موالی مدینہ میں امیہ بن زید قبیلہ کا ایک انصاری پڑوسی ہم دونوں باری باری رسول اللہ ﷺ کے پاس جاتے تھے ایک دن وہ جاتے اور ایک دن میں جاتا، جب میں جاتا تو وحی کی خبر لاتا اور جس دن وہ جاتے تو وہ بھی اس طرح کرتے۔

## مفت تعلیم:

اسلام مفت تعلیم کا قائل ہے آپ ﷺ کے زمانہ اقدس میں تعلیم مفت تھی۔ آپ ﷺ نے ہر مسلمان عالم پر یہ ذمہ داری عائد کی تھی کہ وہ دوسروں تک علم پہنچائے:

((بَلِّغُوا عَنِّي وَلَوْ آيَةً))[۴]

ترجمہ: میری طرف سے لوگوں تک پہنچادو اگرچہ وہ ایک آیہ ہی کیوں نہ ہو۔

---

(۱) المنتخب ، أبو محمد عبد الحميد بن حميد بن نصر ، **حديث نمبر**:۱۲۷۶،ط/۱، مكتبة السنة ، القاهرة،۱۹۸۸ء،۳۸۰/۱

(۲) المعجم الكبير، سليمان بن أحمد ،المحقق: حمدي بن عبد المجيد ،**حديث نمبر**:۹۲۹،ط/۱، مكتبة ابن تيمية ، القاهرة،۳۹۵/۱۹

(۳) صحيح البخارى ،كتاب العلم ،باب التناوب فى العلم ،**حديث نمبر**:۸۹،۲۹/۱

(۴) ايضاً، بَابُ مَا ذُكِرَ عَنْ بَنِي، **حديث نمبر**:۳۴۶۱،۱۷۰/۴

علم چھپانے پر وعید شدید ہے، آپ ﷺ کا ارشاد پاک ہے:

((مَنْ سُئِلَ عَنْ عِلْمٍ فَكَتَمَهُ، أُلْجِمَ بِلِجَامٍ مِنْ نَارٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ))(۱)

ترجمہ: جس سے علم کے متعلق کوئی سوال ہوا اور اس نے اسے چھپایا تو اللہ تعالیٰ اسے روز قیامت آگ کی لگام پہنائے گا۔

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ:

((عَلَّمْتُ نَاسًا مِنْ أَهْلِ الصُّفَّةِ الْقُرْآنَ وَالْكِتَابَةَ، فَأَهْدَى إِلَيَّ رَجُلٌ مِنْهُمْ قَوْسًا، فَقُلْتُ: لَيْسَتْ بِمَالٍ، وَأَرْمِي عَنْهَا فِي سَبِيلِ اللَّهِ، فَسَأَلْتُ رَسُولَ اللَّهِ ﷺ عَنْهَا، فَقَالَ: إِنْ سَرَّكَ أَنْ تُطَوَّقَ بِهَا طَوْقًا مِنْ نَارٍ فَاقْبَلْهَا)) (۲)

ترجمہ: میں نے اصحاب صفہ میں سے چند افراد کو قرآن کی اور لکھنے کی تعلیم دی ان میں سے ایک آدمی نے مجھے تحفے کے طور پر کمان دی میں نے یہ سوچ کر لے لی کہ یہ کوی مال تو نہیں اور میں اللہ کی راہ میں اس سے جہاد کروں گا میں نے اس بارے میں نبی ﷺ سے دریافت کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: اگر تجھے یہ بات پسند ہے کہ اس کے بدلے جہنم کا طوق پہنایا جاے تو قبول کر لے۔

رسول کریم ﷺ نے انہیں اس کے قبول کرنے سے روک دیا تاکہ مفت تعلیم کا سلسلہ جاری رہے اور مرور زمانہ کے ساتھ محض پیسے کی کمائی کا ذریعہ نہ بن جائے۔ بلکہ منشاء تعلیم اخلاق و کردار کی درستگی ہو۔ بعد کے دور میں بھی تعلیم مفت رہی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے دور خلافت میں نو مسلموں کی تعلیم و تربیت کے لیے مختلف مکاتب قائم کیے۔ جن کی تنخواہ بیت المال سے ادا کی جاتی تھیں۔ اس دور میں سرکاری انتظام میں قرآن کریم کے علاوہ احادیث، سیرت و غزوات، فقہ ،ادب عربی، علم الانساب اور کتابت وغیرہ کی تعلیم مفت ہوتی تھی اور قرآن کریم کی تعلیم پانے والے طلباء کے لیے وظائف کا بھی انتظام ہوتا تھا(۳)

## بچوں کی تعلیم:

بچے کسی بھی قوم کا مستقبل ہوتے ہیں ان کی تعلیم کا انتظام کرنا در حقیقت خود اپنے اور ملت کے مستقبل کو سوارنا ہے۔ آپ ﷺ نے والدین کو بچوں کی تعلیم و تربیت پر خصوصی توجہ دینے کی تلقین کی مسلمان بچوں کو لکھنے پڑھنے کی تعلیم دینے کا سلسلہ غزوہ بدر کے فوراً بعد شروع ہوا۔ بدر کے بعض قیدی لکھنا جانتے تھے، جن قیدیوں کے پاس مال نہیں تھا ان

(۱) المسند الجامع،لابی الفضل،حدیث نمبر:۱۴۵۴۰، دار الجيل للطباعة والنشر والتوزيع، بيروت،۸۳۵/۱۸

(۲) سنن ابن ماجه،بَابُ الْأَجْرِ،حدیث نمبر:۲۱۵۷،۷۳۰/۲

(۳) الفاروق،ص:۴۴۲

سے یہ معاملہ طے کیا گیا کہ وہ دس بچوں کو لکھنا سکھا دیں تو انہیں آزاد کر دیا جائے گا۔ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ اور بہت سے انصار صحابہ نے اس زمانے میں پڑھنا لکھنا سیکھا۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے:

((كَانَ نَاسٌ مِنَ الْأَسْرَى يَوْمَ بَدْرٍ لَمْ يَكُنْ لَهُمْ فِدَاءٌ، فَجَعَلَ رَسُولُ اللهِ ﷺ فِدَاءَهُمْ أَنْ يُعَلِّمُوا أَوْلَادَ الْأَنْصَارِ الْكِتَابَةَ))(۱)

ترجمہ: غزوہ بدر کے دن کچھ لوگ قیدی بنائے گئے ان کے پاس فدیہ ادا کرنے کے لیے کچھ نہیں تھا۔ تو آپ ﷺ نے ان کے لیے فدیہ یہ مقرر کیا کہ وہ انصار کے بچوں کو لکھنا سکھا دیں۔

بچے ہر ریاست کے لیے تخلیق اور پیداواری افراد ہوتے ہیں ذات پات اور شہری دیہاتی کی تمیز اس سے ختم ہوتی ہے اور ایسا کرنا اسلامی ریاست کے لیے ناگزیر بھی ہے۔ ایسی متحد قوم کے لیے دشمن کی ریشہ دوانیوں کو روکنے کا علاج بھی، اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿وَأَعِدُّوا لَهُمْ مَا اسْتَطَعْتُمْ مِنْ قُوَّةٍ وَمِنْ رِبَاطِ الْخَيْلِ﴾(۲)

ترجمہ: اور تیار رکھو ان کے لیے جتنی استطاعت رکھتے ہو قوت و طاقت اور بندھے ہوئے گھوڑے۔

امام سیوطی رحمہ اللہ اس آیۃ کے متعلق فرماتے ہیں: والدین پر اولاد کا یہ حق ہے کہ انہیں لکھنا، پڑھنا تیرنا اور تیر چلانا سکھائے(۳)

تعلیم کو عام کرنے کے لیے ترغیب و تشویق کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ دین اسلام میں بچے کی تعلیم و تربیت کا عمل پیدا ہوتے ہی شروع ہو جاتا ہے۔ جیسا کہ بچے کے کان میں آذان دینا، حضرت ابو رافع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں:

((رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ ﷺ أَذَّنَ فِي أُذُنِ الحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ حِينَ وَلَدَتْهُ فَاطِمَةُ)) (۴)

ترجمہ: میں نے رسول اللہ ﷺ کو حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہ کے کان میں آذان دیتے دیکھا جب حضرت فاطمہ رضی اللہ عنھا نے انہیں جنم دیا۔

اس حدیث پاک سے معلوم ہوا کے بچے کے اس دنیا میں آتے ہی پہلا سبق توحید و رسالت اور اور اعمال صالحہ کی دعوت کا دے دیا گیا ہے۔ یعنی اس کا تعلیمی عمل شروع ہو گیا ہے۔

---

(۱) (شعیب الارنؤوط اور عادل مرشد کی تحقیق کے مطابق یہ حدیث حسن ہے)، مسند الإمام أحمد بن حنبل، حدیث نمبر:۲۲۱۶، ۹۲/۴

(۲) سورۃ الانفال۸: ۶۰

(۳) تفسیر جلالین شرح اردو کمالین، مولانا محمد نعیم، دارالاشاعت کراچی، ۳۶۹/۲

(۴) (علامہ البانی نے اس حدیث کو حسن قرار دیا ہے)، سنن أبي داود ، بَابٌ فِي الصَّبِيِّ ، حدیث نمبر:۵۱۰۵، ۳۲۸/۴

## تعلیم بالغاں:

ایسے افراد جو کسی معاشی مجبوری، شادی، ملازمت یا سہل پسندی کی وجہ سے ابتدائی عمر میں تعلیم حاصل کرنے سے محروم رہ گئے ہوں ان کی عمر زیادہ ہو گی ہو ان کی تعلیم میں مدد دینا تعلیم بالغاں کہلاتا ہے[۱]

تعلیم بالغاں کا سب سے بڑا تعلیمی مرکز صفہ کی درسگاہ تھی اصحاب صفہ کے پہلے معلم تو آپ ﷺ ہی تھے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے:

((أَقْبَلَ أَبُو طَلْحَةَ يَوْمًا فَإِذَا النَّبِيُّ ﷺقَائِمٌ يُقْرِئُ أَصْحَابَ الصُّفَّةِ عَلَى بَطْنِهِ فَصِيلٌ مِنْ حَجَرٍ يُقِيمُ بِهِ بَطْنَهُ مِنَ الْجُوعِ))[۲]

ترجمہ: ایک دن حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ آئے تو دیکھا کہ رسول اللہ ﷺ اصحاب صفہ کو کھڑے قرآن پڑھا رہے ہیں آپ ﷺ نے بھوک کی وجہ سے پیٹ پر پتھر کا ٹکڑا باندھا ہوا تھا تاکہ کمر سیدھی ہو جائے۔

آپ ﷺ جب تشریف لے جاتے تو پھر حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ تعلیمی سلسلہ جاری رکھتے پھر جب آپ ﷺ واپس آتے تو ارشاد فرماتے اسی سلسلے کو جاری رکھیں، کبھی کبھار حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ بھی یہ فریضہ سر انجام دیتے تھے[۳]

صحابہ کرامؓ کی ایک جماعت ایسے افراد پر مشتمل تھی جنھوں نے تعلیم دین کی خاطر اپنی زندگی کو وقف کر رکھا تھا۔ ایسے حضرات کی تعلیم اور قیام کا انتظام مسجد نبوی شریف کے ایک کونے میں کر دیا گیا تھا۔ وہ جماعت اصحاب صفہ کے نام سے شہرت رکھتی تھی[۴]

## معذور افراد کی تعلیم:

اسلام کی نظر میں بعض جسمانی کمزوری کسی فرد کے فرائض کی راہ میں حائل نہیں ہو سکتی تاہم کسی پر بھی اس کی استطاعت سے زیادہ بوجھ نہیں ڈالا جائے گا۔ عبداللہ ابن ام مکتوم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

((قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ أَنَا ضَرِيرٌ شَاسِعُ الدَّارِ وَلِي قَائِدٌ لَا يُلَائِمُنِي فَهَلْ تَجِدُ لِي رُخْصَةً أَنْ

---

(۱) تعلیمات نبوی اور آج کے زندہ مسائل، سید عزیز الرحمن، ط/۱، القلم کراچی، ۲۰۰۵ء، ص: ۲۸۵

(۲) حلية الأولياء وطبقات الأصفياء، ابونعيم الاصفهاني، ذكر اهل الصفة، دار الكتب العلمية بيروت، ۱۹۹۷ء، ۳۱۹/۱

(۳) نظام الحکومۃ النبویۃ، علامہ عبدالحیی کتانی، مترجم: مولانا معظم الحق، س-ن، ص: ۳۲۷

(۴) عہد نبوی میں نظام تعلیم، مولانا محمد عبدالمعبود، مکتبہ رحمان، لاہور ۲۰۰۱ء، ص: ۵۳

أُصَلِّيَ فِي بَيْتِي؟قَالَ :أَتَسْمَعُ النِّدَاءَ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: مَا أَجِدُ لَكَ رُخْصَةً)) (۱)

ترجمہ: میں نے نبی اکرم ﷺ سے عرض کی: میں نابینا ہوں، میرا گھر دور ہے اور مجھے مسجد تک لانے والا کوئی آدمی نہیں، تو کیا آپ میرے لئے کوئی رخصت پاتے ہیں؟ کہ میں نماز گھر میں اداء کر لیا کروں۔

آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تمہیں آذان کی آواز سنائی دیتی ہے؟ کہا: ہاں، آپ ﷺ نے فرمایا: میں تمہارے لئے کوئی رخصت نہیں پاتا۔

اس حدیث سے جماعت کی بڑی اہمیت وتاکید ثابت ہوتی ہے اور نبی اکرم ﷺ نے عبد اللہ ابن ام مکتوم رضی اللہ عنہ کو جماعت سے غیر حاضر رہنے کی اجازت نہ دی حالانکہ وہ نابینا تھے۔اور انہوں نے عرض کی کوئی ایسا آدمی نہیں ہے جو مجھے پکڑ کر مسجد میں لائے۔ وہ اذان کی آواز سنتے تھے اور بغیر آدمی کے آنہیں سکتے تھے۔ تمہارے لئے ایسی رخصت نہیں پاتا کہ تم جماعت میں حاضر نہ ہو، اور جماعت کا ثواب نہ پاو۔

اللہ کے رسول ﷺ نے سیدنا عبداللہ بن ام مکتوم کو بعض ایسے اعزازات سے نوازا جو بہت کم صحابہ رضی اللہ عنہم کو حاصل ہوئے۔ آپ ﷺ غزوات یا دوسرے امور کیلئے مدینہ منورہ سے باہر تشریف لے جاتے تو مدینہ شریف میں انہیں اپنا قائم مقام مقرر کر کے جاتے۔ مدینہ منورہ کی حفاظت کیلئے بھی بعض صحابہ کو چھوڑا جاتا تھا ان کو نمازیں پڑھانے کیلئے سیدنا عبداللہ بن ام مکتوم کو مقرر کیا جاتا تھا۔ یہ اعزاز آپ رضی اللہ عنہ کو کئی مرتبہ ملا، آپ رضی اللہ عنہ مدینہ کے قائم مقام والی بنے وہ لوگوں کو نمازیں پڑھانے کے علاوہ ریاستِ مدینہ کے انتظامی امور کی سرپرستی اور قیادت کے فرائض بھی سرانجام دیتے تھے۔ حضرت ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ اونچا سنتے تھے اس لیے جب وہ مجلس میں آتے تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے قریب بیٹھتے تھے۔ تاکہ اپنے علم میں اضافہ کریں (۲)

## تعلیم نسواں کی اہمیت:

یہ بھی حقیقت ہے کہ کسی بھی قوم کو مجموعی طور پر دین سے روشناس کرانے، تہذیب وثقافت سے بہرہ ور کرنے میں اس قوم کی خواتین کا اہم کردار ہوتا ہے۔ اسی وجہ سے کہا گیا ہے کہ ماں کی گود بچے کی اولین درسگاہ ہے۔

## عہد نبوی میں تعلیم نسواں:

نبی ﷺ عورت کی تعلیم کے متعلق فرماتے ہیں:

(۱) عمدة القاري ، أبو محمد محمود بن أحمد الحنفى بدر الدين العينى ،باب وجوب صلاة ، دار إحياء التراث العربي ،بيروت ،۳۳۲/۸

(۲) الجامع لأحكام القرآن، تفسير القرطبي،أبو عبد الله محمد بن أحمد بن أبي بكر القرطبى،تحقيق : أحمد البردوني وإبراهيم أطفيش، ط/۲ ، دار الكتب المصرية ، القاهرة۱۹۶۴ء،۳۲۴/۱۶

((مَنْ كَانَتْ لَهُ ابْنَةٌ فَأَدَّبَهَا فَأَحْسَنَ أَدَبَهَا، وَعَلَّمَهَا فَأَحْسَنَ تَعْلِيمَهَا، وَأَوْسَعَ عَلَيْهَا مِنْ نِعَمِ اللهِ الَّتِي أَسْبَغَ عَلَيْهِ، كَانَتْ لَهُ مَنَعَةً وَسُتْرَةً مِنَ النَّارِ))[۱]

ترجمہ: جس کی لڑکی ہو اور اس نے اسے اچھا ادب سکھایا اور اچھی تعلیم دی اور اسے وہ نعمتیں دیں جو اللہ تعالیٰ نے اس کو دی ہیں تو وہ لڑکی اس کے لئے جہنم سے رکاوٹ اور پردہ بنے گی۔

تعلیم صرف آزاد انسانوں کے لیے ہی نہیں ہے بلکہ غلاموں اور لونڈیوں کی تعلیم کی بھی ترغیب دلائی۔آپ ﷺ نے فرمایا:

((وَرَجُلٌ كَانَتْ عِنْدَهُ أَمَةٌ فَأَدَّبَهَا فَأَحْسَنَ تَأْدِيبَهَا، وَعَلَّمَهَا فَأَحْسَنَ تَعْلِيمَهَا، ثُمَّ أَعْتَقَهَا فَتَزَوَّجَهَا فَلَهُ أَجْرَانِ))[۲]

ترجمہ: ایک وہ آدمی جس کے پاس ایک باندی ہو پھر وہ اسے اچھا ادب سکھائے اور اسے اچھی تعلیم دے پھر اسے آزاد کر کے اس سے شادی کر لے تو اس کے لئے دو اجر ہیں۔

ایک اور روایت میں رسول ﷺ باندیوں کی تعلیم پر زور دیتے ہوئے ارشاد فرماتے ہیں:

((ثَلَاثَةٌ لَهُمْ أَجْرَانِ: رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ الكِتَابِ، آمَنَ بِنَبِيِّهِ وَآمَنَ بِمُحَمَّدٍ ﷺ، وَالعَبْدُ المَمْلُوكُ إِذَا أَدَّى حَقَّ اللَّهِ وَحَقَّ مَوَالِيهِ، وَرَجُلٌ كَانَتْ عِنْدَهُ أَمَةٌ فَأَدَّبَهَا فَأَحْسَنَ تَأْدِيبَهَا، وَعَلَّمَهَا فَأَحْسَنَ تَعْلِيمَهَا، ثُمَّ أَعْتَقَهَا فَتَزَوَّجَهَا فَلَهُ أَجْرَانِ))[۳]

ترجمہ: تین قسم کے لوگوں کے لئے دو اجر ہیں ایک تو وہ آدمی صاحب کتاب جس کا اپنے نبی پر ایمان ہو پھر محمد ﷺ پر ایمان لے آئے، ایک وہ غلام جب کہ وہ اللہ کا حق اور اپنے آقا کا حق ادا کر دے اور ایک وہ آدمی جس کے پاس ایک باندی ہو پھر وہ اسے اچھا ادب سکھائے اور اسے اچھی تعلیم دے پھر اسے آزاد کر کے اس سے شادی کر لے تو اس کے لئے دو اجر ہیں۔

حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ:

((مَا أَشْكَلَ عَلَيْنَا أَصْحَابَ رَسُولِ اللَّهِ ﷺ حَدِيثٌ قَطُّ فَسَأَلْنَا عَائِشَةَ إِلَّا وَجَدْنَا عِنْدَهَا مِنْهُ عِلْمًا))[۴]

ترجمہ: اصحاب رسول ﷺ کو جب کوئی اشکال پیش آیا اور اسے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے سامنے

---

(۱) المعجم الكبير، حدیث نمبر: ۱۰۴۴۷، ۱۰/۱۹۷

(۲) الأدب المفرد بالتعليقات ، للبخاري، حققه سمير بن أمين الزهيري،مستفيدًا من تخريجات وتعليقات العلامة الشيخ المحدث: محمد ناصر الدين الألباني،باب إذا نصح ،حدیث نمبر: ۲۰۳،ط/۱، مکتبة المعارف للنشر والتوزيع، الرياض، ۱۴۱۹ ھ ،۱/۱۰۷

(۳) الأدب المفرد،للبخاري ، محمد فؤاد عبد الباقي، باب اذا نصح ،حدیث نمبر: ۲۰۳، ط/۲، دار البشائر بيروت ، ۱۹۸۹ء،۱/۸۰

(۴) (علامہ البانی نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے)،سنن الترمذي، بَابُ مِنْ فَضْلِ عَائِشَةَ ،حدیث نمبر: ۳۸۸۳،۵/۵۰۷

رکھا تو ان کے پاس اس کے بارے میں علم پایا۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا انصار کی ان عورتوں کی تعریف کرتی ہیں جو "تفقہ فی الدین" حاصل کرنے کی تمنا رکھتی تھیں:

((نِعْمَ النِّسَاءُ نِسَاءُ الأَنْصَارِ لَمْ يَمْنَعْهُنَّ الحَيَاءُ أَنْ يَتَفَقَّهْنَ فِي الدِّينِ))(۱)

ترجمہ: انصار کی عورتیں کتنی بہتر ہیں کہ دین میں تفقہ حاصل کرنے میں انہیں حیاء مانع نہیں ہے۔

عورتوں کی تعلیم اسلام میں بڑی اہمیت کی حامل ہے۔ آپ ﷺ نے ہفتے میں ایک دن مقرر فرمایا جس میں عورتوں کو نصیحت کرتے، سیدنا ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں:

((قَالَتِ النِّسَاءُ: يَا رسول اللّٰه غَلَبَنَا عَلَيْكَ الرِّجَالُ، فَاجْعَلْ لَنَا يَوْمًا مِنْ نَفْسِكَ، فَوَعَدَهُنَّ يَوْمًا لَقِيَهُنَّ فِيهِ،فَوَعَظَهُنَّ))(۲)

ترجمہ: خواتین نے عرض کیا، مرد ہم پر سبقت لے گئے، آپ ﷺ ہمارے لیے بھی کوئی دن مقرر کیجیے، تو آپ نے ان کے لیے ایک دن مقرر فرمایا اور خواتین کو وعظ کیا۔

حضرت اسماء بنت یزید بن السکن انصاریہ رضی اللہ عنہا(۳) بڑی متدین اور سمجھدار خاتون تھیں، انھیں ایک دفعہ عورتوں نے اپنی طرف سے ترجمان بنا کر آپ ﷺ کے پاس بھیجا کہ آپ ﷺ سے دریافت کریں اللہ نے آپ ﷺ کو مرد و عورت ہر دو کی رہنمائی کے لیے مبعوث فرمایا ہے۔ چنانچہ ہم آپ پر ایمان لائیں مگر ہم عورتیں پردہ نشیں ہیں، گھروں میں رہنا ہوتا ہے، ہم حتی الوسع اپنے مردوں کی ہر خواہش پوری کرتی ہیں، ان کی اولاد کی پرورش و پرداخت ہمارے ذمے ہوتی ہے۔ ادھر مرد مسجدوں میں باجماعت نماز ادا کرتے ہیں، جہاد میں شریک ہوتے ہیں، جس کی بنا پر انھیں بہت زیادہ ثواب حاصل ہوتا ہے۔ لیکن ہم عورتیں ان کے زمانہ غیبوبت میں ان کے اولاد کی حفاظت کرتی ہیں، اللہ کے رسول ﷺ کیا ان صورتوں میں ہم بھی اجر و ثواب میں مردوں کی ہمسر ہو سکتی ہیں؟ آپ ﷺ نے حضرت اسماء رضی اللہ عنہا کی بصیرت افروز تقریر سن کر حضرات صحابہ کی طرف رخ کیا اور ان سے پوچھا: اسماء سے پہلے تم نے دین کے متعلق کسی عورت سے اتنا عمدہ سوال سنا ہے۔ صحابہ رضی اللہ عنھم نے نفی میں جواب دیا، پھر حضرت اسماء کو حکم دیا:

((انْصَرِفِي أَيَّتُهَا الْمَرْأَةُ، وَأَعْلِمِي مَنْ خَلْفَكِ مِنَ النِّسَاءِ،أَنَّ حُسْنَ تَبَعُّلِ إِحْدَاكُنَّ لِزَوْجِهَا وَطَلَبَهَا

---

(۱) المسند الصحيح المختصر بنقل العدل عن العدل إلى رسول الله ،مسلم بن الحجاج أبو الحسن القشيري النيسابوري ،تحقيق: محمد فؤاد عبد الباقي، حدیث نمبر: ۳۳۲، دار إحياء التراث العربي، بيروت، ۲۶۱/۱

(۲) صحیح البخاری ،كتاب العلم ،باب هلْ يُجعل لِنساءٍ يوم ،حدیث نمبر: ۱۰۱، ۳۲/۱

(۳) (حضرت اسماء بنت یزید: نام اسماء جبکہ کنیت ام سلمہ ہے۔ اسماء بنت یزید بن السکن ہجرت کے بعد مسلمان ہوئیں۔ ۱ھ میں جب حضرت عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا کی رخصتی ہوئی تو وہ میکے سے کاشانہ نبوت میں آئیں تو جن عورتوں نے ان کو سنوارا تھا، ان میں حضرت اسماء رضی اللہ تعالی عنہا بھی شامل تھیں۔ یرموک کے بعد ایک مدت تک زندہ رہیں اور پھر وفات پائی جبکہ وفات کا سال معلوم نہیں۔ سیر الصحابہ: ۱۶۶/۶)

مَرْضَاتَهُ،وَاتِّبَاعَهَا مُوَافَقَتَهُ تَعْدِلُ ذَلِكَ كُلَّهُ قَالَ: فَأَدْبَرَتِ الْمَرْأَةُ وَهِيَ تُهَلِّلُ وَتُكَبِّرُ اسْتِبْشَارًا))[۱]

ترجمہ: جاؤاوران عورتوں سے کہہ دو کہ تمہارااپنے شوہر کے ساتھ حسن سلوک کرنااوراس کی خوشنودی طلب کرنا، یہ اس کے برابر ہے جو باتیں میں نے مردوں کے لیے ذکر کی ہیں۔آپ ﷺ کی زبانِ مبارک سے یہ عظیم خوش خبری سن کرآپ بہت خوش ہوئیں اور تکبیر و تہلیل کہتی ہوئی واپس ہو گئیں اور دیگر عورتوں کو بھی جاکر خوشخبری دی۔

اس لیے ہر دور میں مردوں کے شانہ بشانہ دخترانِ اسلام میں ایسی باکمال خواتین بھی جنم لیتی رہیں، جنھوں نے اطاعت گزار بیٹی، وفاشعار بیوی اور سراپاشفقت بہن کا کردار نبھانے کے ساتھ ساتھ دنیا میں اپنے علم وفضل کاڈنکا بجایااوران کے دم سے تحقیق کے لاتعداد خرمن آباد ہوئے۔علامہ ابن حزم[۲]خواتین کی تعلیم کے بارے میں لکھتے ہیں [۳]

## عرب میں چند تعلیم یافتہ خواتین:

عہد نبوی میں خواتین نے نہ صرف دینی علوم میں مہارت حاصل کی بلکہ فقہ، تفسیر، حدیث،ادب، شاعری، طب اور تجارت میں بھی بلند مقام حاصل کیا۔لیکن ان کا تعلیم حاصل کرنا موجودہ دور کی مخلوط تعلیم کی قباحتوں سے پاک تھا۔حضرت ہند بنت اسید رضی اللہ عنھا کو قرآن پاک کے کئی پارے یاد تھے وہ باقاعدہ درس دیتیں اور خواتین کو قرآن پاک

(۱) شعب الإيمان،أحمد بن الحسين بن علي بن موسى الخُسْرَوْجِردي الخراساني، أبو بكر البيهقي ،حققه وراجع نصوصه وخرج أحاديثه: الدكتور عبد العلي عبد الحميد حامد،أشرف على تحقيقه وتخريج أحاديثه: مختار أحمد الندوي، صاحب الدار السلفية ببومباي،الهند، ط/۱ ،مكتبةالرشد للنشر والتوزيع بالرياض بالتعاون مع الدار السلفية ببومباي بالهند،۲۰۰۳ء،۱۷۷/۱۱

(۲) (ابن حزم الظاہری: امام أبو محمد علی بن احمد بن سعید، ۳۸۴ھ میں پیدا ہوئے۔آپ کے آباؤاجداد فارس سے تھے،انھوں نے اسلام قبول کیا۔ابتداء میں قرآن پاک کی تعلیم حاصل کی اور پھر شرعی علوم میں مشغول ہو گئے،علوم میں اپنے زمانے کے علماء سے فوقیت لے گئے۔چار سو سے زیادہ کتابیں تحریر کیں۔وہ ادیب طبیب اور شاعر تھے ان کی طب اور منطق میں کتب ہیں۔ان سب کی جامع کتاب :الاحکام لاصول الاحکام ہے۔کتاب الفصل بین اھل الاھواء والنحل تین جلدوں میں ہے۔۴۵۶ھ میں آپ کا وصال ہے۔ترجمہ ابن عبدالبر،۱۱/۱،ھدیۃ العارفین اسماء المؤلفین وآثار،۳۶۶/۲)

(۳) فرض على كل امرأة التفقه في كل ما يخصها كماذلك فرض على الرجال ففرض على ذات المال منهن معرفةأحكام الزكاة وفرض عليهن كلهن معرفة أحكام الطهارة والصلاة والصوم وما يحل وما يحرم من المآكل والمشارب والملابس وغير ذلك كالرجال ولا فرق ولو تفقهت امرأة في علوم الديانة للزمناقبول نذارتها وقد كان ذلك فهؤلاء أزواج النبي ﷺ وصواحبه قد نقل عنهن أحكام الدين وقامت الحجة بنقلهن-

ترجمہ: ہر عورت پر ان کے مخصوص مسائل میں اچھی واقفیت فرض ہے جیسا کہ مردوں پر بھی فرض ہے۔اور تمام عورتوں پر طہارت، نماز اور روزہ کے احکام کو جاننااور کھانے پینے اور لباس وغیرہ کے حرام وحلال کو جاننا مردوں ہی کی طرح فرض ہے۔اوراس میں مرد وزن کا کوئی فرق نہیں ہے،اوراگر کوئی عورت علوم دینیہ میں فقیہ بن گئی تو ہم پر ان کی تصریح کو قبول کرنالازم ہے۔کیونکہ یہ نبی اکرم ﷺ کی ازواج اوران کی صحابیات ہیں جن سے دین کے احکامات منقول ہیں اوران کو نقل کر کے استدلال کیا جاتا ہے۔الإحكام في أصول الأحكام، علي بن أحمد بن حزم الأندلسي أبو محمد،ط/۱، دار الحديث ،القاهرة،۱۴۰۴ھ،۳۳۷/۳

پڑھاتی تھیں، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا احادیث مبارکہ بیان کرتی تھیں۔ فقہ میں حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا کا نام نمایاں ہے۔ طب میں حضرت امیمۃ اور ام سلیم رضی اللہ عنہما(۱) کے نام شامل ہیں۔ شاعری میں حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا اور خطابت میں حضرت اسماء بنت سکن رضی اللہ عنہا ہیں(۲) حضرت ام سلمہ کی صاحبزادی زینب بنت ابو سلمہ جو آپ ﷺ کی پروردہ تھیں:

وكانت من أفقه نساء أهل زمانها(۳)

ترجمہ: وہ اس وقت کی عورتوں میں زیادہ فقیہ تھیں۔

ایک صحابیہ حضرت شفاء بنت عبداللہ تعلیم یافتہ خاتون تھیں وہ فرماتی ہیں رسول اکرم ﷺ تشریف لائے اور میں حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کے پاس تھی آپ ﷺ نے فرمایا:

((أَلَا تُعَلِّمِينَ هَذِهِ رُقْيَةَ النَّمْلَةِ كَمَا عَلَّمْتِيهَا الْكِتَابَةَ))(۴)

ترجمہ: کیا آپ انہیں نملہ کا رقیہ نہیں سکھادیتیں جیسا کہ آپ نے انہیں کتابت سکھادی ہے۔

حضرت سمراء بنت نہیک اسدیہ(۵) زبردست عالمہ تھیں:

وعمرت وكانت تمر فِي الأسواق، وتأمر بالمعروف، وتنهى عَنِ المنكر، وتضرب الناس عَلَى ذلك بسوط كَان معها(۶)

ترجمہ: عمر دراز پائی، بازاروں میں جاکر امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کیا کرتی تھیں اور لوگوں کو ان کی بے راہ روی پر کوڑوں سے مارتی تھیں۔

تاریخ اسلام کی ان درخشندہ مثالوں سے بخوبی معلوم ہو جاتا ہے کہ آپ ﷺ کے زمانے میں عورتوں کے اندر حصولِ علم کا کس قدر شوق اور جذبہ پایا جاتا تھا اور نبی علیہ السلام بھی کس قدر اہتمام فرماتے تھے۔

---

(۱) (حضرت ام سلیم: 'سہلہ' یا 'رملہ' نام ہے جبکہ کنیت ام سلیم اور 'غمیصا' اور 'رمیصا' لقب۔ سلمٰی بنت زید کی پوتی تھیں۔ سلمٰی بن زید، عبدالمطلب (جد رسول کی) والدہ تھیں۔ اسی بناء پر ام سلیم آنحضور ﷺ کی مشہور خالہ ہیں۔ مدینہ میں اوائل میں مسلمان ہوئیں۔ وفات کا سال معلوم نہیں لیکن قریب ہے کہ انہوں نے خلافت راشدہ کے ابتدائی زمانہ میں وفات پائی۔ سیر الصحابۃ، مولانا سعید انصاری، اسلامی کتب خانہ، لاہور، ۱۲۹/۶)

(۲) تعلیمات نبوی اور ہماری زندگی، سیدہ بشریٰ تابش، ط/۱، رضا پرنٹرز میلوڈی، اسلام آباد، ۲۰۰۷، ص: ۷۵-۷۶

(۳) الاستيعاب، أبو عمر يوسف بن عبد الله بن محمد بن عبد البر بن عاصم النمري، ط/۱، دار الجيل بيروت، ۱۴۱۲ھ، ۱۸۵۵/۴

(۴) (علامہ البانی نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے)، سنن أبي داود، حدیث نمبر: ۳۸۸۷، ۱۱/۴

(۵) (حضرت سمراء بنت نہیک اسدیۃ: انہوں نے زمانہ مصطفیٰ پایا۔ آپؓ بازاروں میں تشریف لے جاتیں امر بالمعروف و نہی عن المنکر کا فریضہ سرانجام دیتیں۔ اور کوڑے سے لوگوں کو سزا بھی دیتیں۔ الوافي بالوفيات، صلاح الدین خلیل بن أیبک بن عبداللہ الصفدي، تحقیق: أحمد الأرناؤوط وترکي مصطفی، دار إحياء التراث، بيروت، ۱۴۲۰ھ، ۲۷۴/۱۵)

(۶) الاستیعاب، ۱۸۶۳/۴

## شہر مدینہ سے باہر تعلیمی سر گرمیاں:

مدنی زندگی میں رسول اکرم ﷺ کی یہ مستقل پالیسی تھی کہ مدینہ منورہ سے باہر قبائل میں تعلیم وتربیت کے لیے معلم روانہ کریں۔اس تعلیمی سر گرمی کے لیے بئر معونہ کے واقعہ میں ستر قراء حضرات بھیجے گئے،انہیں نجد کے ایک علاقے اور کثیر قبائل میں کام کرنا تھا:

حَتَّى بَلَغُوا بِئْرَ مَعُونَةَ، غَدَرُوا بِهِمْ وَقَتَلُوهُمْ [۱]

ترجمہ: حتیٰ کہ جب وہ بئر معونہ کے مقام پر پہنچے توانہوں نے ان اصحاب کے ساتھ دھوکا کیااور سب کو قتل کر دیا۔

## نبوی تعلیم کے اثرات:

یہ نبوی تعلیم کااثر تھا کہ ماہرین کو مختلف مقامات پر تعلیم دینے کے لیے بھیجا جاتا۔صحابہ رضی اللہ عنہم میں بہت سے صحابہ کرام ایسے تھے جنھوں نے حضور کی حیات ظاہری میں پورا قرآن حفظ کر لیا تھا ان میں معاذ بن جبل، عبادۃ بن صامت،ابی بن کعب،ابوایوب،ابودرداء رضی اللہ عنہم ہیں۔ان سب کو بلا کر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا:

آپ رضی اللہ عنہ نے ہدایت کی کہ پہلے حمص [۲] جائیں وہاں کچھ دن قیام کریں تعلیم عام ہو جائے تو ایک شخص کو وہیں چھوڑ دیں باقی دو آدمیوں میں سے ایک صاحب دمشق [۳] اور ایک صاحب فلسطین [۴] جائیں، چنانچہ یہ سب لوگ پہلے حمص گئے وہاں تعلیم کو ہر خاص وعام تک پہنچایا، پھر حضرت عبادہ نے وہیں قیام کیااور حضرت ابودرداءاور حضرت معاذ فلسطین کی طرف روانہ ہوئے(۵)

---

(۱) صحيح البخاری، بَابُ العَوْنِ بِالْمَدَدِ، حدیث نمبر: ۳۰۶۴، ۷۳/۴

(۲) (حمص: شمال مشرقی شام میں دریائے اورونیتس کے کنارے ایک شہر، قدیم نام ایمیسا تھا۔یہاں سورج دیوتا کا معبد تھا۔۶۳۶ھ میں عرب اس پر قابض ہوئے ۱۹۹۴ء کے مطابق اس کی آبادی ۵۴۰۱۳۳ ہے۔عالمی انسائیکلوپیڈیا، ۹۱۳/۱)

(۳) (دمشق: شام کا دارالحکومت اور مرکزی شہر، اینٹی لبنان پہاڑوں میں دریائے برادا کے کنارے واقع ہے۔دمشق کا زیادہ تر حصہ قدیم مستطیل شہر پر مشتمل ہے۔۱۹۴۱ء میں ایک متحدہ اتحادی فوج نے شام پر حملہ کیااور دمشق کو قبضے میں لے لیا، اسے شام کا دارالحکومت بنادیا۔عالمی انسائیکلوپیڈیا، یاسر جواد، ط/۲، الفیصل ناشران ردو بازار لاہور، ۲۰۱۳ء، ۹۷۲/۱ )

(۴) (فلسطین: ایک خود مختار ملک ہے۔یہ مشرقی بحیرہ روم کے علاقے میں واقع ہے۔فلسطین موجودہ اسرائیل اور فلسطینی زیر قبضہ علاقوں پر مشتمل ہے۔(گوگل میپ) یہ جنوب مغربی ایشیاء میں میڈی ٹرینیئن سمندر کے مشرقی ساحل پر واقع ہے۔بحیرہ مردار کے کناروں پر زمیں سطح سمندر سے ۱۳۴۰ فٹ نیچے اور کوہ حبرون پر ۳۳۴۷ فٹ اوپر ہے۔عالمی انسائیکلوپیڈیا، ۱۴۷۴/۲)

(۵) الفاروق، علامہ شبلی نعمانی، ۱۳۰/۲

## مدنی دور کے نظام تعلیم اور معاصر تعلیمی نظام میں مماثلت:

### جدید علوم کی رغبت:

احادیث مبارکہ میں نبی ﷺ نے جدید علوم کے حصول کی ترغیب دلائی ہے۔ عصری تعلیم کو اسلام نے شجر ممنوعہ قرار نہیں دیا بلکہ بقدر ضرورت اور فرق مراتب کے لحاظ سے ترغیب دی ہے، اس کو سیکھنے پر ابھارا ہے اور بعض مواقع پر اس تعلیم کے سیکھنے پر ہمت افزائی بھی کی ہے، حافظ ابن کثیرؒ نے نقل کیا ہے:

وَلَمْ يَشْهَدْ حُنَيْنًا وَلَا حِصَارَ الطَّائِفِ عُرْوَةُ بْنُ مَسْعُودٍ وَلَا غَيْلَانُ بْنُ سَلَمَةَ كَانَا بِجُرَشَ يَتَعَلَّمَانِ صَنْعَةَ الدَّبَّابَاتِ وَالْمَجَانِيقِ وَالضُّبُورِ (۱)

عروہ بن مسعود اور غیلان بن سلمہ حنین اور طائف کے محاصرے میں حاضر نہیں تھے۔ نبی ﷺ نے عروہ ابن مسعودؓ اور حضرت غیلانؒ کو باقاعدہ ''جرش'' بھیجا تاکہ وہ دباب، منجنیق اور ضبور سیکھ کر آئیں۔

### زبانوں کی تعلیم:

آپ ﷺ چونکہ عالمین کے نبی ہیں اس لیے سب انسانوں کی تعلیم آپ ﷺ کی ذمہ داری ہے۔ لہٰذا اس ذمہ داری سے سبکدوش ہونے کے لیے حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کے اندر حصول علم اور کتابت کے فن کا غیر معمولی شوق اور قابلیت کا جوہر دیکھا تو آپ ﷺ نے ان کو ۴ ہجری میں فرمایا میرے پاس ایسے لوگوں کے خطوط آتے ہیں کہ میں پسند نہیں کرتا کوئی دوسرا انہیں پڑھے۔ دوسری روایت میں ہے میں خطوط کے پڑھوانے کے معاملہ میں یہودیوں پر اطمینان نہیں رکھتا۔ تیسری روایت میں ہے میں لوگوں کی طرف مکاتیب بھیجتا ہوں اور مجھے اندیشہ رہتا ہے کہ کہیں وہ میرے الفاظ میں کمی بیشی نہ کریں۔ اس بناپر جناب زید رضی اللہ عنہ کو عبرانی یا سریانی زبان پڑھنے کا مشورہ دیا۔ حضرت زید رضی اللہ عنہ نے سر اطاعت جھکایا سیکھنے کے لیے کمر باندھی اور اسے محض سترہ دنوں میں سیکھ لیا۔

((فَتَعَلَّمْتُهَا فِي سَبْعَةَ عَشَرَ يَوْمًا))(۲)

اسلام علم وحکمت کو گمشدہ خزانہ قرار دیتا ہے، عبد اللہ ابن زبیر سے روایت ہے:

كان له مائة غلام كل غلام يتكلم بلغة، وكان ابن الزبير يكلم كل أحد بلغته (۳)

---

(۱) تاریخ الطبري، ۸۱/۳

(۲) (علامہ البانی نے اس حدیث کو درست قرار دیا ہے)، مسند الإمام أحمد بن حنبل، حدیث نمبر: ۲۱۵۸۷، ۴۶۳/۳۵

(۳) التراتيب الإدارية، ۱۸۸/۱

ان کے سو غلام تھے اور ہر غلام کی زبان الگ الگ تھی حضرت عبد اللہ ابن زبیرؓ کو ہر ایک کی زبان آتی تھی۔

تمام زبانیں اللہ تعالیٰ ہی کی پیدا کی ہوئی ہے۔فی زمانہ علماء اور مبلغین اسلام کیلئے انگریزی زبان سے واقفیت نہایت ضروری ہے۔

## طبّی تعلیم کی ترغیب:

تمام علوم سیکھنا جائز اور مباح ہے، کیونکہ تمام علوم انسانیت کے لیے نافع ہیں سوائے اس کے جس میں کوئی شرعی قباحت ہو، حضرت زید بن اسلمؒ سے روایت ہے:

أَنَّ رَجُلًا فِي زَمَانِ رَسُولِ اللَّهِ ﷺ أَصَابَهُ جُرْحٌ، فَاحْتَقَنَ الْجُرْحُ الدَّمَ، وَأَنَّ الرَّجُلَ دَعَا رَجُلَيْنِ مِنْ بَنِي أَنْمَارٍ فَنَظَرَا إِلَيْهِ، فَزَعَمَا أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ ﷺ قَالَ لَهُمَا: أَيُّكُمَا أَطَبُّ [۱]

رسول اکرم ﷺ کے دور میں ایک شخص کو کاری زخم لگا طبیب بلانے کی ضرورت ہوئی اس شخص نے بنی انمار کے دو طبیبوں کو بلایا، اللہ کے رسول ﷺ بھی وہاں موجود تھے آپ ﷺ نے ان دونوں کی طرف دیکھ کر فرمایا طب کے معاملہ میں تم میں سب سے زیادہ مہارت کس کو ہے۔

مدینہ منورہ میں دو مشہور طبیب تھے اسلام آنے کے بعد وہ مسلمان ہوگئے اور طب کو خیر آباد کہہ دیا آپ ﷺ کو جب اس بات کا علم ہوا تو آپ ﷺ نے ان کو دوبارہ شروع کرنے کا حکم دیا:

فقالا: يا نبي الله وهل في الطب خير فقال: نعم إن الذي جعل الداء أنزل الدواء فجعل شفاء ما شاء فيما شاء [۲]

انہوں نے عرض کیا یا رسول ﷺ کیا اس میں خیر ہے آپ ﷺ نے فرمایا بلاشبہ جس ذات نے بیماری اتاری اسی نے دوا بھی اتاری اور جس چیز میں جتنی شفا رکھنی تھی وہ بھی رکھ دی۔

## ہنر مندی کی اہمیت:

کام میں مہارت اللہ تعالیٰ کو پسند ہے کیونکہ یہ اللہ کی صفات میں سے ہے، ارشاد ربانی ہے:

---

(۱) موطأ الإمام مالك،مالك بن أنس بن مالك بن عامر الأصبحي المدني،صححه ورقمه وخرج أحاديثه وعلق عليه: محمد فؤاد عبد الباقي،ط/۱،ناشر: دار إحياء التراث العربي، بيروت، لبنان،۱۹۸۵ھ،۹۴۳/۲

(۲) الطب النبوي،أبو نعيم أحمد بن عبد الله ،ط/۱،ناشر: دار ابن حزم،۲۰۰۶ھ،۱۸۸/۱

صُنْعَ اللَّهِ الَّذِي أَتْقَنَ كُلَّ شَيْءٍ[(۱)]

ترجمہ: اللہ تعالی کی کاریگری سے جس نے ہر چیز کو محکم اور فائدہ مند بنایا۔

ہنر منداس قدر قابل تعریف ہے کہ آپ ﷺ نے اس کے بارے میں ارشاد فرمایا:

((إنّ الله تَعَالَى يُحِبُّ منَ العامِلِ إذا عمل أن يحسن)) [(۲)]

ترجمہ: اللہ تعالی کام کرنے والے کو اس لیے پسند فرماتا ہے جب کام کرے تو اچھا کرے۔

عَنْ عَطَاءٍ قَالَ: لَمَّا دُفِنَ إِبْرَاهِيمُ، رَأَى النَّبِيُّ ﷺ فِي الْقَبْرِ جُحْرًا فَقَالَ: سُدُّوا الْجُحْرَ فَإِنَّهُ أَطْيَبُ لِلنَّفْسِ، إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ إِذَا عَمِلَ الْعَبْدُ عَمَلًا أَنْ يُتْقِنَهُ [(۳)]

حضرت عطا سے روایت ہے کہ جب رسول ﷺ کے صاحبزادے حضرت ابراھیم دفن کیا گیا تو نبی ﷺ کو قبر میں شگاف نظر آیا۔آپ ﷺ نے اس موقع پر فرمایا کہ اس سوراخ کو بند کرو کیوں کہ یہ کام طبیعت کو اچھا لگتا ہے ،اور یقیناً اللہ تعالیٰ چاہتے ہیں بندہ کوئی کام کرے تو اس کی صفائی اور مضبوطی سے کرے۔

## مروجہ لہجوں کا خیال رکھنا:

حضور لوگوں کے لہجوں کے مطابق خطاب فرماتے، صحابی رسول عاصم اشعری رضی اللہ عنہ نے رسول ﷺ کو اشعریوں کی لغت میں فرماتے سنا:

((لَيْسَ مِنَ امْبِرِّ امْصِيَامُ فِي امْسَفَرِ)) [(۴)]

ترجمہ: سفر میں روزہ رکھنا نیکی نہیں ہے۔

یعنی جہاں لام تھا وہاں میم ارشاد فرمایا کیوں کہ اشعریوں کا لہجہ ایسا ہی تھا۔

## منفعت علم کو ملحوظ رکھنا:

وہ علم جو انسانیت کے دکھ درد کا مسیحا ہو جو بھٹکی ہوئی انسانیت کے لیے چراغ راہ ثابت ہو اسلام کی نظر میں وہ علم

---

(۱) سورۃ النمل ۲۷: ۸۸

(۲) (علامہ البانی نے اس حدیث کو حسن قرار دیا ہے)، فیض القدیر، حدیث نمبر: ۲۷۷۲،۲/ ۲۸۶

(۳) تاريخ المدينة لابن شبة،عمر بن شبةبن عبيدة بن ريطة النميري البصري، أبو زيد حققه: فهيم محمد شلتوت،ط/۱،طبع على نفقة: السيد حبيب محمود أحمد،جدة،۱۳۹۹ھ،ص:۹۸

(۴) المسند، أبو عبد الله محمد بن إدريس الشافعي ،دار الكتب العلمية، بيروت،لبنان،۱۴۰۰ھ،۱/ ۱۵۷

نافع ہے اور جو علم ہدایت کی بجائے گمراہی، اور ترقی کی بجائے تنزلی کا سبب ہو اور انسانیت کو حیوانیت میں بدل دے اسلامی تعلیمات کی رو سے وہ علم غیر نافع ہے، چنانچہ ارشاد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے:

((إِنَّ عِلْمًا لَا يُنْتَفَعُ بِهِ ،كَكَنْزٍ لَا يُنْفَقُ فِي سَبِيلِ اللهِ))(۱)

ترجمہ: وہ علم جس سے نفع حاصل نہ کیا جائے اس خزانے کی مانند ہے جسے راہ خدا میں خرچ نہ کیا جائے۔

بلکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایسے ہی علم سے خدا کی پناہ مانگی اور یہ دعا مانگا کرتے تھے:

((اللهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ عِلْمٍ لَا يَنْفَعُ))(۲)

ترجمہ: اے اللہ میں اس علم سے تیری پناہ مانگتا ہوں جو نفع نہ دے۔

قوموں کی ترقی اور معاشروں کا استحکام علم پر منحصر ہے۔ علم سے بے بہرہ ہو کر کوئی بھی قوم ترقی نہیں کر سکتی نہ مادی نہ روحانی صوفیاء کرام نے اپنے ذوق کے مطابق علم سے "علم حق" مراد لیا ہے، جس کو وہ علم معرفت کہتے ہیں۔ اس سے بھی انکار نہیں، لیکن اقتضائے زمانہ کے پیش نظر "قلم" سے "علم مطلق" مراد ہے، خواہ وہ دین کا ہو یا دنیا کا قرآن پاک کا موضوع "انسان" ہے پورے قرآن میں اس موضوع سے بال برابر بھی انحراف نہیں ملے گا۔ انسان اور انسانیت کے لئے کیا مفید ہے اور کیا مضر؟ بس یہی ایک بات پورے قرآن میں بیان ہوئی ہے۔ اس بات کی تائید حدیث رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بھی ہوتی ہے۔ علم نافع کے متعلق رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دعا:

((اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ عِلْمًا نَافِعًا))(۳)

ترجمہ: یا اللہ میں تجھ سے نفع بخش علم کا سوال کرتا ہوں۔

فرمان رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے معلوم ہوا کہ اس علم سے پناہ مانگی جائے جو فائدہ نہ پہنچائے۔ آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے امت کو یہ تعلیم دی کہ علم نافع کی دعائیں کیا کریں اور ایسے علم سے پناہ مانگیں جو نفع بخش نہ ہو، ارشاد فرمایا:

((سَلُوا اللَّهَ عِلْمًا نَافِعًا، وَتَعَوَّذُوا بِاللَّهِ مِنْ عِلْمٍ لَا يَنْفَعُ))(۴)

ترجمہ: اللہ تعالیٰ سے نفع بخش علم کا سوال کرو اور غیر نفع بخش سے اللہ کی پناہ مانگو۔

ایک اور دعا جو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تعلیم فرمائی:

---

(۱) (علامہ شیخ البانی نے اس حدیث کو حسن قرار دیا ہے)، صحيح وضعيف الجامع الصغير وزيادته، امام جلال الدين السيوطي، مع الكتاب: أحكام محمد ناصر الدين الألباني ،حدیث نمبر:۳۸۷۵، ۳۸۷۵/۱

(۲) صحيح مسلم، بَابُ التَّعَوُّذِ، حدیث نمبر:۲۷۲۲، دار إحياء التراث العربي، بيروت ،۲۰۸۸/۴

(۳) (علامہ البانی نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے)، سنن ابن ماجه ،بَابُ مَا يُقَالُ بَعْدَ ،حدیث نمبر:۹۲۵، دار إحياء الكتب العربية ،۲۹۸/۱

(۴) (علامہ البانی نے اس حدیث کو حسن قرار دیا ہے)، سنن ابن ماجه، بَابُ مَا تَعَوَّذَ مِنْهُ ،حدیث نمبر:۳۸۴۳، ۱۲۶۳/۲

((اللَّهُمَّ انْفَعْنِي بِمَا عَلَّمْتَنِي، وَعَلِّمْنِي مَا يَنْفَعُنِي، وَزِدْنِي عِلْمًا))[۱]

ترجمہ: اے اللہ تو مجھے میرے علم سے نفع دے اور تو مجھے نفع بخش علم عطا کر اور میرے علم میں اضافہ فرما۔

ہر ماہر فن پر لازم ہے کہ اللہ نے اسے جو صلاحیت عطاء کی ہے، صحیح اور ماہرانہ طور پر استعمال کرے اور مخلوق کو نفع پہنچانے کی نیت سے کرے:

((سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللهِ يَقُولُ: لَدَغَتْ رَجُلًا مِنَّا عَقْرَبٌ، وَنَحْنُ جُلُوسٌ مَعَ رَسُولِ اللهِ ﷺ، فَقَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُولَ اللهِ أَرْقِي؟ قَالَ: مَنِ اسْتَطَاعَ مِنْكُمْ أَنْ يَنْفَعَ أَخَاهُ فَلْيَفْعَلْ))[۲]

ترجمہ: میں نے حضرت جابر بن عبداللہ کو فرماتے ہوے سنا، ہم میں سے ایک آدمی کو بچھو نے ڈس لیا ہم رسول ﷺ کے پاس بیٹھے تھے۔آدمی نے عرض کیا اے اللہ کے رسول ﷺ کیا آپ دم کریں گے، نبی ﷺ نے فرمایا تم میں سے جو کوئی بھی اپنے بھائی کو نفع پہنچانے کی صلاحیت رکھتا ہو تو اسکو چاہئے کہ وہ ضرور اس کو نفع پہنچائے۔

ان تمام احادیث سے پتہ چلتا ہے کہ آپ ﷺ کے نزدیک عصری تعلیم وفنون زمانہ کی بہت اہمیت تھی۔ لہذا ان ارشادات کی روشنی اس بات کی شدید ضرورت ہے کہ ہم اپنے بچوں کو اعلیٰ سے اعلیٰ تعلیم دلوانے میں کوئی سمجھوتہ نہ کریں۔

## خوشنویسی اور لکھائی:

علم کے حصول کا بہترین ذریعہ لکھنا ہے،اسی لیے خوشنویسی بھی آپ ﷺ کی تعلیمی پالیسی کا حصہ تھی۔ آپ ﷺ نے اس سے بھرپور فائدہ اٹھایا۔آپ ﷺ نے فرمایا:

قَيِّدُوا الْعِلْمَ قُلْتُ: وَمَا تَقْيِيدُهُ؟ قَالَ: كِتَابَتُهُ[۳]

ترجمہ: علم کو قید کرلو، میں نے کہا(حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص) علم کو قید کرنے کا کیا مطلب ہے، فرمایا اس کو لکھ لینا۔

حضرت عبداللہ بن سعید بن عاص رضی اللہ عنہ جو بہت خوشنویس تھے زمانہ جاہلیت میں کاتب کی حیثیت سے مشہور تھے،

---

(۱) (علامہ البانی نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے)، سنن الترمذي،محمد بن عيسى ، الترمذي حدیث نمبر:۳۵۹۹،۵/۵۷۸

(۲) صحيح مسلم،حدیث نمبر:۲۱۹۹،۴/۱۷۲۶

(۳) المستدرك على الصحيحين،حدیث نمبر:۳۶۲،دار الكتب العلمية،بيروت، ۱/۱۸۸

اصحاب صفہ کو لکھنا سکھاتے تھے[۱]
اسی طرح کئی ایک نوجوان صحابہ رضی اللہ عنہم یہ ذمہ داری نبھاتے تھے جو تعلیم امت میں ایک قابل قدر (Contribution) تھا۔ عہد رسول ﷺ اور عہد صحابہ میں لکھائی پر خاص توجہ دی گئی۔

## فنون سپہ گری/ہم نصابی سر گرمیاں:

مدینہ منورہ میں مسلمانوں کو مختلف جنگوں میں شریک ہونا پڑتا تھا اس لیے آپ ﷺ نے تعلیمی نظام میں فنون سپہ گری کو خاص اہمیت دے رکھی تھی۔ آپ ﷺ نے حکم فرمایا کہ بچوں کو ابتداء ہی سے نشانہ بازی، تیر اندازی اور تیراکی کی تعلیم دی جائے، آپ ﷺ کا ارشاد پاک ہے:

((عَلِّمُوا أَبْنَاءَكُمُ السِّبَاحَةَ وَالرَّمْيَ)) [۲]

اپنے بچوں کو تیراکی اور تیر اندازی کی تعلیم دو۔

## حاصل کلام:

۱- مدنی زندگی میں رسول اکرم ﷺ نے علم کی ترویج کے لیے انتھک کوشش کی۔
۲- مدینہ منورہ سے باہر قبائل میں تعلیم و تربیت کے لیے معلم روانہ کیے۔
۳- اس تعلیمی پالیسی اصحاب نے خوب استفادہ کیا۔
۴- خواتین کے لیے الگ سے دن مقرر کیا، بچوں اور بڑوں کے لیے علمی حلقات قائم کیے۔
۵- معذور افراد کا بھی شوق بڑھایا وہ بھی طالب علموں کی صفوں میں بیٹھنا سعادت سمجھتے تھے۔
۶- وقت کے تقاضے کے مطابق علوم جدیدہ سیکھنے سے اسلام منع نہیں کرتا۔
۷- نبی اکرم ﷺ نے خود بھی بغیر معاوضہ کے تعلیم دی اور مفت تعلیم دینے کی حوصلہ افزائی فرمائی ۔
۸- علم کے ذریعے کسی پر برتری جتلانے یا جھگڑا کرنے سے منع فرمایا۔
۹- علم کا مقصد اصلاح نفس ہے۔

---

(۱) اسد الغابہ، تذکرہ عبداللہ بن سعید بن العاص، ۱۷۵/۳
(۲) شعب الإيمان، أحمد بن الحسين البيهقي، ط/۱، حدیث نمبر: ۸۲۹۷، ۱۳۵/۱۱

# فصل سوم:

## نظام تعلیم اصلاحات نبوی ﷺ کی روشنی میں

جدید درس گاہوں میں لادین فلسفہ، لادین سیاست، لادین معاشیات اور لادین ادب پڑھ کر طلبہ غیر شعوری طور پر مغربی فلسفہ حیات اور مادی اقدار حیات پر ایمان لے آتے ہیں اور اسلامی اقدار حیات کے منکر بن جاتے ہیں۔ بسا اوقات ان کو اس ذہنی تبدیلی کا شعور بھی نہیں ہوتا۔ جس قدر مغربی نظام تعلیم ملک میں فروغ پا رہا ہے اسی نسبت سے اسلامی اقدار حیات کا زوال آرہا ہے اسی وجہ سے مسلمانوں میں اعتقادی اور ایمانی انحطاط پیدا ہو رہا ہے۔ مسلمان سیاسی، اخلاقی اور اقتصادی لحاظ سے بھی کمزور ہو گئے ہیں اور ایک پسماندہ قوم بن گئے ہیں۔ ان حقائق کی بنا پر مسلمان افراد اور مسلم معاشرہ میں اسلامی حکمت حیات پر ایمان از سر نو زندہ کیا جائے۔ اسلامی حکمت حیات کو ایک لازمی مضمون کی حیثیت سے پڑھایا جائے، نصاب تعلیم میں اس کی حیثیت سب سے اعلیٰ اور سب سے اشرف ہو، بی۔اے، تک طالب علم کی ذہنی سطح کے مطابق اس کی تعلیم دی جائے اعلیٰ درجوں میں تقابلی انداز اختیار کیا جائے تاکہ اس پر عمل پیرا ہونے میں پھر کوئی عقلی استبعاد باقی نہ رہے۔

اس طرح عقائد، عبادات اور فقہی احکام کی تعلیمات با معنیٰ بن جائیں گی اور اثر انگیز ہوں گی پھر اپنے گلشن میں اسلامی اخلاق اور اسلامی اعمال کی فصل بہار آجائے گی۔

اس فصل میں موجودہ نظام تعلیم اور اس کی اصلاح پر گفتگو کی گئی ہے۔

### دور حاضر کی درسگاہیں:

موجودہ دور میں دو قسم کی درسگاہیں کام کر رہی ہیں۔ ایک جدید نظام تعلیم کی درسگاہیں اور دوسری قدیم نظام تعلیم کی، جدید نظام تعلیم کی درسگاہوں کا اصل الاصول تو مغربی فکر و فلسفہ ہے اگرچہ فروعات میں لازمی دینیات کے نام سے بھی ایک مضمون مختلف تعلیمی سطحوں پر شامل نصاب ہوتا ہے۔ مغربی فکر و فلسفہ اپنے قواعد و کلیات کے اعتبار سے اسلامی معاشرت سے پوری طرح ہم آہنگ نہیں ہے۔ قدیم نظام تعلیم کی درس گاہوں میں عربی اور مذہبی نصاب رائج ہے۔ قرآن وسنت سے متعلق تمام علوم کی تعلیم ہوتی ہے۔ اگر جدید و قدیم درسگاہوں کو با مقصد اور تعمیری خطوط پر استوار کرنا ہے تو ان کی بنیاد عہد نبوی کی تعلیمی و روحانی درس گاہوں کی طرح تقویٰ پر رکھی جائے۔ انہیں برکت وہدایت کا سرچشمہ بنایا جائے۔

### مسلم اور انگریزی فلسفہ تعلیم:

مسلم اور انگریزی فلسفہ تعلیم دو متوازی نظام تعلیم ہیں۔ مسلم فلسفہ میں قال اللہ، و قال الرسول کی تعلیم ہے اور

انگریزی فلسفہ تعلیم میں اس کی نفی ہے۔ یہ تاثر کہ دینی اور دنیاوی علوم جداجدااور الگ الگ بہنے والی نہریں ہیں، یہ اسلامی تاثر نہیں ہے بلکہ یہ مغرب کا تحفہ ہے اور مغربی سیکولرزم کے اثرات بد میں سے ہے۔ اگر مذہبی اور دنیاوی تعلیم کے یہ دو نظام الگ الگ برقرار رہیں گے تو سیکولرزم کو فروغ ملتا رہے گا(۱)

اہل مغرب نے مسلمانوں سے بہت سے میدانوں میں مات کھائی تھی۔ وہ تو مسلمانوں سے انتقام لینا چاہتے تھے۔ وہ دل میں یہی خواہش رکھتے تھے کہ سیاسی طور پر ان کو مات دیں اور ان کی فکر کو بدل دیں، تاکہ وہ دوبارہ کبھی نہ اٹھ سکیں۔ چنانچہ انھوں نے مسلمانوں کے انداز فکر اور تہذیب وتمدن کو سوچے سمجھے منصوبے کے ساتھ ختم کرنے کی کوشش کی۔

مسلمانوں کے نظام تعلیم و تربیت کو ختم کر کے اپنی مرضی کا تعلیمی نظام لائے۔ نصاب تعلیم میں تبدیلی کی، معاشرتی طور طریقوں میں تبدیلی کے لیے سر دھڑ کی بازی لگادی، عیسائی مشنریوں کی یلغار کرائی، مسلمانوں کے اندر اضطراب پیدا کرنے کے لیے جعلی نبوت کا ڈھونگ رچایا، غرض انہوں نے مسلمانوں کے دل ودماغ کو بدلنے کے لیے ہر وہ حربہ استعمال کیا جو موئثر ہو سکتا تھا(۲)

انگریز استعمار کو اس بات کی ضرورت تھی کہ ایسے افراد تیار کیے جائیں جو اپنی قوم سے بیگانہ اور انگریزی استعمار کے وفادار ہوں۔ جن کا کوئی ضمیر اور اخلاقی قدر نہ ہو اور دوسرا یہ کہ انہیں پہلی سے لے کر آخری جماعت تک کوئی پیشہ ورانہ تعلیم نہ دی جائے تاکہ جونہی وہ میٹرک، ایف اے، بی اے، اور ایم اے، سے فارغ ہوں ان کی نظر حکومتی ملازمت کے سواء کسی اور طرف نہ جائے(۳)

انگریزی پڑھنا سیکھنا، اس پر قدرت حاصل کرنا مثبت بات ہے لیکن اسے ذریعہ تعلیم بنانا اس کو سرکاری زبان بنانا اور اس پر اصرار کرنا ایک منفی بات ہے بلکہ اس کو وجہ افتخار سمجھنا ایک شرمناک بات ہے(۴)

مسلمانوں نے دیگر اقوام سے بھی علم حاصل کیا، لیکن ان کی خامیوں کو دور کیا ان میں اپنی تحقیق سے مفید اضافے کیے اور انہیں مرتبہ کمال تک پہنچایا۔ ارسطو اور افلاطون سے فلسفہ وحکمت حاصل کیے، لیکن ان علوم میں وہ کمال پیدا کیا کہ خود استاد بن گئے۔ ملت میں ابن سیناء، ابن رشد(۵)

---

(۱) محاضرات تعلیم، ڈاکٹر محمود احمد غازی، ط/۱، زوار اکیڈمی پبلیکیشنز کراچی، ۲۰۰۹ء، ص: ۲۹۷

(۲) اسلام اور تہذیب مغرب کی کشمکش، ڈاکٹر محمد امین، ط/۱، بیت الحکمۃ لاہور، ۲۰۰۶ء، ص: ۱۲۱

(۳) الفوز العظیم، ۱۶۸/۲

(۴) تعلیم الفائزون، ص: ۱۴۷

(۵) (ابن رشد: ۵۲۰ھ-۵۹۵ھ، عبدالولید محمد بن احمد بن محمد رشد، سپین کا سب سے بڑا عرب فلسفی اور سائنسدان، فلسفہ، طب، فلکیات اور فقہ کا بہت بڑا ماہر، قرطبہ میں پیدا ہوا۔ ابن رشد کی تصنیف "تہافۃ التہافۃ" ہے۔ اسلامی انسائیکلوپیڈیا، مدیر سید قاسم محمود، بشیر سنز پرنٹرز، کراچی، ص: ۶۱)

،رازی اور فارابی[۱] جیسے حکماء پیدا ہوئے۔جنھوں نے ان علوم کو دین اسلام کا خادم بن کر ان کے ذریعے اسلامی مسائل اور احکام کی برتری وحقانیت تمام پر ثابت کردکھائی[۲]

## مغربی علوم کی بالادستی:

نظام تعلیم میں فکر کی آزادی کو ہمیشہ احترام کا مستحق سمجھا گیا ہے۔لیکن آزادی فکر کے نام پر پورے ملک کو بالعموم اور تعلیمی اداروں کو بالخصوص ہائیڈ پارک نہیں بنایا جا سکتا۔اس طرح کی مادر پدر آزادی سے جو فکری افراتفری جنم لیتی ہے اس کے منفی اثرات پوری قوم کے حال اور مستقبل پر پڑتے ہیں[۳]

جو لوگ اسلامی علوم سے بہرہ ور نہیں وہ خیال کرتے ہیں مغربی علوم جدیدہ اور مغربی نظریہ حیات،اسلامی تعلیم سے زیادہ معتبر ہیں۔اسلامی تعلیم ان کا مقابلہ نہیں کر سکتی۔اصل حقیقت یہ ہے کہ ان لوگوں نے تاریخ کا مطالعہ نہیں کیا۔تاریخ گواہ ہے جس زمانے میں مسلمان بغداد، مصر اور ہسپانیہ میں علوم و فنون کے چراغ روشن کر رہے تھے،یورپ جہالت کی تاریکیوں میں بے خبر سو رہا تھا۔اس زمانہ میں ہسپانیہ کی مسلم یونیورسٹیوں میں ریاضی،ہئیت، طب،،کیمیا،فلسفہ،لسانیات اور معاشرتی علوم کی تعلیم دی جاتی تھی۔اور مختلف ممالک کے لوگ غرناطہ[۴] اور قرطبہ[۵] کی یونیورسٹیوں میں آتے تھے۔ہمسایہ ممالک فرانس اور اٹلی سے بھی کچھ لوگ آجاتے اور اسلامی یونیورسٹیوں سے فارغ التحصیل ہو کر اپنے ممالک میں جا کر علوم وفنون کی شمع روشن کرتے۔اسی طرح آہستہ آہستہ یورپ کی بھی آنکھ کھلی،اور آج وہ تدبر و تفکر کے ذریعے علوم وفنون میں بہت بلندی پر ہیں۔اور ہم محض ان کی نقالی میں فخر محسوس کرتے ہیں[۶]

---

(۱) (ابوالنصر محمد بن محمد بن طرخان الفارابی۔ترکی فیلسوف،منطق اور علم موسیقی کے اتنے بڑے عالم تھے کہ ان کو اوران کے اس فن کو استدلال کے طور پر پیش کیا جاتا ہے۔انھوں نے بغداد میں مشہور حکیم یونس بن متی سے منطق میں ارسطو کی کتب سے خوب استفادہ کیا۔یہ فلسفہ میں بہت مہارت رکھتے تھے ۔رئیس بو علی سیناء نے ان کی کتابوں سے مہارت حاصل کی۔تاریخ ابن خلکان،احمد بن محمد بن ابراھیم بن خلکان،مترجم: علامہ اختر فتح پوری، نفیس اکیڈمی کراچی،۲۰۰۰ء،ص:۱۷۹)

(۲) تاریخ تعلیم وتربیت اسلامیہ،ص:۲۲-۲۳

(۳) محاضرات تعلیم،ص:۲۳۱

(۴) (غرناطہ: جنوبی اندلسیہ سپین کا شہر ہے۔ گریناڈا جنوبی سپین میں شہر اندلسیہ کے غرناطہ صوبے کا دارالحکومت۔سیرانیوا پہاڑوں کے دامن میں واقع۔(گوگل میپ) غرناطہ کی بنیاد آٹھویں صدی عیسوی میں موروں نے ایک قدیم رومن بستی کی جائے وقوع کے قریب رکھی۔اس کی وجہ شہرت مسلمانوں کے دور کا محل "الحمراء" ہے۔۱۴۹۲ تک غرناطہ سپین میں آخری اسلامی ریاست کا مرکز تھا۔۲۰۰۱ء کے مطابق اس کی آبادی ۲۴۰۶۶۱ ہے۔ عالمی انسائیکلوپیڈیا،۱۴۱۲/۲ )

(۵) (قرطبہ: جنوبی سپین میں شہر اندلسیہ کے قرطبہ صوبے کا دارالحکومت ہے۔یہ سپین کے مشہور ترین شہروں میں سے ایک ہے۔قرطبہ کی مسجد یورپ کی سب سے بڑی اور خوبصورت ترین مسجد ہے۔۲۰۰۱ء کے مطابق اس کی آبادی ۳۰۸۰۷۲ ہے۔عالمی انسائیکلوپیڈیا،۲/ )

(۶) رسول عربی اور عصر جدید، علامہ محمد اسماعیل،ط/۱،مکتبہ القریش اردو بازار لاہور،۱۹۸۸ء،ص:۳۲۱

## مخلوط نظام تعلیم :

یہ مغرب کا لایا ہوا نظام ہے۔اسلام اسے پسند نہیں کرتا،اور ساتھ میں بے پردگی،حالانکہ قرآن سنت اس سے واضح طور پر منع فرمارہے ہیں ،ارشاد ربانی ہے:

﴿يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِأَزْوَاجِكَ وَبَنَاتِكَ وَنِسَاءِ الْمُؤْمِنِينَ يُدْنِينَ عَلَيْهِنَّ مِنْ جَلَابِيبِهِنَّ﴾(۱)

ترجمہ:اے نبی مکرم آپ فرمایئے اپنی ازواج مطہرات کو اپنی صاحبزادیوں کو اور جملہ اہل ایمان کی عورتوں کو کہ (جب وہ باہر نکلیں تو)ڈال لیا کریں اپنے اوپر اپنی چادر کے پلو۔

قرآن پاک فرماتا ہے کہ آپ مومن عورتوں سے فرمادیں بالخصوص اپنی بیویوں اور صاحبزادیوں سے کیونکہ وہ تمام دنیا کی عورتوں سے بہتر وافضل ہیں کہ وہ اپنی چادریں لٹکا لیا کریں تاکہ جاہلیت کی عورتوں سے ممتاز ہو جائیں۔اسی طرح لونڈیوں سے بھی آزاد عورتوں کی پہچان ہو جائے۔جلباب اس چادر کو کہتے ہیں جو عورتیں اپنے دوپٹے کے اوپر ڈالتی ہیں۔

اس آیہ میں واضح طور پر اہل ایمان خواتین کو بھی پردے کا حکم دیا جارہا ہے۔اس ارشاد پاک سے پتہ چلا کہ عورت گھر سے باہر نہ جائے اور اگر جانا پڑ جائے تو بڑی چادر میں لپٹ کر جائے تاکہ پہچانی جائے۔اس مقصد کے حصول کے لیے برقعہ آیا۔اب برقعہ بھی فیشن کی نظر ہو گیا ہے۔اسلام عورتوں کو پرکشش انداز میں چلنے سے منع کرتا ہے۔ یہ بھی فتنہ سے خالی نہیں ہے،ارشاد ربانی ہے:

﴿وَلَا يَضْرِبْنَ بِأَرْجُلِهِنَّ لِيُعْلَمَ مَا يُخْفِينَ مِنْ زِينَتِهِنَّ﴾(۲)

ترجمہ:اور عورتیں اپنے پاؤں اس طرح نہ رکھیں جس سے ان کی مخفی زینت ظاہر ہو۔

پردے کی اہمیت نبی ﷺ کی اس حدیث سے بھی واضح ہو رہی ہے۔نماز ایک اہم عبادت ہے،اس میں عورت کے لیے کیا حکم ہے،آپ ﷺ ارشاد فرماتے ہیں:

((صَلَاةُ الْمَرْأَةِ فِي بَيْتِهَا أَفْضَلُ مِنْ صَلَاتِهَا فِي حُجْرَتِهَا وَصَلَاتُهَا فِي مَخْدَعِهَا أَفْضَلُ مِنْ صَلَاتِهَا فِي بَيْتِهَا))(۳)

ترجمہ:عورت کی سب سے افضل نماز وہ ہے جو اپنے گھر کی چار دیواری میں ادا کرے،اور اس کا مکان کے کمرے میں ادا کرنا اپنے صحن میں نماز پڑھنے سے افضل ہے۔اور پچھلے کمرے میں نماز پڑھنا آگے کے کمرے میں نماز پڑھنے سے افضل ہے۔

---

(۱) سورۃ الاحزاب۳۳: ۵۹

(۲) سورۃ النور۲۴: ۳۱

(۳) (علامہ البانی نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے)،سنن أبي داود ،حدیث نمبر:۵۷۰،۱۵۶/۱

ہر مسلمان جسے اللہ تعالیٰ نے بیٹیوں سے نوازا ہے اس حدیث پاک کو سمجھنے کی کوشش کرے۔

## موجودہ تعلیمی ادارے:

حصول علم مرد و عورت ہر دو کے لیے فرض ہے۔ مرد و عورت کے دائرہ کار جداگانہ ہونے کی وضاحت بھی قرآن و حدیث میں موجود ہے۔ لیکن موجودہ تعلیمی ادارے جہاں قوم بنتی، سنورتی ہے اور جہاں شعور و آگہی ملتی ہے، وہاں غیر اسلامی انداز اور غیر اسلامی لباس مناسب نہیں ہے۔ لہذا ضرورت ہے کہ جداگانہ نظام تعلیم کے ذریعے خواتین کو اس طرح تعلیم دی جائے جو انہیں خود شناس اور خدا شناس بنا سکے (۱)

اہل مغرب جن کا دین سے کوئی تعلق نہیں انہوں نے عورت کو اس کی فطرت سے بغاوت پر آمادہ کیا اور مادر، پدر آزاد کر دیا۔ ہمارے ملک کے کھاتے پیتے لوگوں نے دینی تعلیم کی کمی کے باعث ان کے کلچر کو اپنے گھروں میں رائج کیا۔ سب سے پہلے ان لوگوں نے اپنی بہو، بیٹیوں، ماؤں، بہنوں اور بیویوں کو پردہ عفت سے نکال کر آوارہ نظروں کے لیے وقف عام کیا۔ ان کی دیکھا دیکھی متوسط گھرانوں کے لوگوں نے بھی اسے قبول کیا۔ آج جو بے حجابی کا سیلاب ہے وہ ہمارے سامنے ہے۔

## غیر محرم سے بے پردہ تعلیم حاصل کرنا:

لڑکیوں کا غیر محرم مردوں سے بلا حجاب تعلیم حاصل کرنا فتنے سے خالی نہیں۔ کیونکہ ہم جانتے ہیں کہ یہ مخلوط نظام تعلیم غیر خدا قوموں کا ایجاد کردہ ہے۔ جس کا مقصد یہ ہے کہ مرد، مرد نہ رہیں، اور عورتیں عورتیں نہ رہیں۔ اسلام کے ساتھ اس نظام کا کوئی جوڑ نہیں ہے (۲)

اسلام تو ہمیں حیا کی تعلیم دے رہا ہے، نبی ﷺ ارشاد فرماتے ہیں:

((إِذَا لَمْ تَسْتَحِ فَاصْنَعْ مَا شِئْتَ)) (۳)

ترجمہ: جب تجھے حیا نہیں تو جو چاہے مرضی کر

البتہ اسلامی تعلیمات کی روشنی میں اس بات کا خیال رکھنا ضروری ہے کہ علم کا حصول اگر مرد سے ہو تو مکمل پردے میں ہو۔ عورت کا مرد اساتذہ اور طلبہ میں گھل مل جانا اور ان سے پردہ نہ کرنا کسی طرح جائز نہیں (۴)

جب کہ یہ بات بھی مسلم ہے کہ قرون وسطی میں مسلم لڑکی کو گھر پر تعلیم دی جاتی تھی (۵)

---

(۱) تعلیم الفائزون، ص: ۱۶۲

(۲) آپ کے مسائل اور ان کا حل، مولانا محمد یوسف لدھیانوی، ط/۱، مکتبہ لدھیانوی، کراچی، ۱۹۸۹ء، ۱۰۰/۸

(۳) (علامہ البانی نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے)، سنن ابن ماجه، حدیث نمبر: ۴۱۸۳، ۱۴۰۰/۲

(۴) ششماہی السیرۃ عالمی، شمارہ: ۹، زوار اکیڈمی پبلی کیشنز لاہور ۲۰۰۳ء، ص: ۱۹۱

(۵) نقوش رسول نمبر، ص: ۱۰۳

جہاں تک طلب علم کا تعلق ہے اس حق میں مرد و عورت دونوں یکساں حق دار ہیں۔ لیکن جہاں تک نوعیت تعلم کا تعلق ہے اس کے متعلق ڈاکٹر علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

جس علم کی تعلیم سے زن ہوتی ہو نازن　　　کہتے ہیں اسی علم کو ارباب ہنر موت[۱]

اسلامی نقطہ نظر سے عورت کی صحیح تعلیم و تربیت وہ ہے جو اس کی نسوانی خصوصیات اور صلاحیتوں کو اجاگر کرے۔ عورت اپنے دائرہ عمل میں بہترین کارکردگی کا اظہار کر سکے[۲]

تعلیم ایک ایسا روحانی عمل ہے جو فقط کتاب سے نہیں ملتا بلکہ استاد اور شاگرد کے دل و دماغ کے عملی ارتباط سے حاصل ہوتا ہے۔ ہمارے تعلیمی نظام میں ابتدائی تعلیم جس پر ساری عمارت تعمیر ہوتی ہے اس روحانی عمل سے خالی ہے۔ ہم اپنے تعلیمی نقائص کی تلاش میں امریکہ، برطانیہ، فرانس، روس غرضیکہ دربدر ٹھوکریں کھاتے پھرتے ہیں لیکن افسوس ہے کہ ہم اپنے اسلاف کے طریقہ کار کا مطالعہ نہیں کرتے نتیجہ گمراہی کے سوا اور کیا ہو سکتا ہے[۳]

## غیر محرم سے خلوت:

غیر محرم کے ساتھ خلوت اختیار کرنا، اسلام نے اس سے منع کیا ہے۔ چہ جائیکہ کوئی ان کے ساتھ سیر و سیاحت اور دوسرے فضول کاموں میں پڑا ہوا ہو ارشاد مصطفیٰ ﷺ ہے:

((لاَ يَخْلُوَنَّ رَجُلٌ بِامْرَأَةٍ، وَلاَ تُسَافِرَنَّ امْرَأَةٌ إِلَّا وَمَعَهَا مَحْرَمٌ))[۴]

ترجمہ: کوئی مرد کسی عورت سے ہرگز خلوت اختیار نہ کرے، اور نہ ہی کوئی عورت محرم کے بغیر سفر کرے۔

مردوں کا محض فضول گپ شپ کے لیے جمع ہونا اسلام کے نزدیک قابل تحسین نہیں ہے۔ اور اگر نوجوان لڑکے اور لڑکیاں فضول گپ شپ میں مشغول ہوں، اور پردے کا بھی کوئی خاص خیال نہ رکھا جائے، تو ہمارا مذہب اسے کیسے برداشت کر سکتا ہے۔ دین اسلام کی ایسی مجالس کے متعلق درج ذیل تنبیہ ہے:

((مَا من قوم يقومُونَ من مجْلِس لَايذكرُونَ الله تَعَالَى فِيهِ إِلَّا قَامُوا عَن مثل جيفة حمَار))[۵]

ترجمہ: جو لوگ کسی مجلس میں اکٹھے ہوں اور اللہ تعالیٰ کا ذکر کیے بغیر کھڑے ہو جائیں وہ مجلس مردار

---

(۱) کلیات اقبال، اقبال اکادمی، ط/۱، پاکستان، لاہور، ۱۹۹۰ء، ص: ۶۰۵

(۲) الفوز العظیم، پروفیسر فائزہ احسان صدیقی، ط/۱، رب پبلشرز کراچی، ۲۰۰۷ء، ۱۸۳/۲

(۳) تاریخ تعلیم، ص: ۶۳

(۴) صحيح البخاري ، بَابُ مَنِ اكْتُتِبَ فِي جَيْشٍ فَخَرَجَتِ امْرَأَتُهُ حَاجَّ، حدیث نمبر: ۳۰۰۶، ۵۹/۴

(۵) (علامہ البانی نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے)، سنن أبي داود، ، حدیث نمبر: ۴۸۵۵، ۲۶۴/۴

گدھے کی مانند ہے اور بروز قیامت حسرت و ندامت کا سبب ہے۔

## نصاب تعلیم:

اگر بنظر عمیق مکی و مدنی اُدوار کی تعلیم پر غور کریں جو قوم اخلاقی اعتبار سے گر چکی تھی ایک مہذب اور بااخلاق قوم کیسے بن گئی۔ وہ کونسا ایسا نصاب تھا جس نے انہیں ایک مرکز پر جمع کر دیا ایسی تبدیلی آئی کہ جانی دشمن ایک دوسرے کے بھائی بھائی بن گئے اور ایثار و ہمدردی کا یہ عالم تھا کہ اپنی پسند دوسروں کی پسند پر قربان کر دیتے تھے۔ وہ نصاب قرآن پاک نے متعین فرمایا ہے اور اس نصاب میں معلم کو سب سے زیادہ اہمیت حاصل ہے۔ ہدایت پر ایمان لے آنے اور اس کے مطابق عمل کرنے سے انسان کے کردار، اور افکار تبدیل ہوتے ہیں اس تبدیلی کے لیے قرآن کا نصاب اس طرح ہے۔

۱) تلاوت کلام مجید: قرآن پاک صحیفہ رشد و ہدایت ہے اور ہر مسلمان کا اس کے ساتھ عملی اور قلبی تعلق رہنا چاہیے اس کا درست پڑھنا سیکھنا چاہیے۔

۲) قرآنی تعلیمات: تمام مسلمانوں کے لیے عقائد، عبادات، معاملات اور دیگر احکام شریعت کا علم ضروری ہے۔

۳) حکمت حیات اسلامی نصاب تعلیم میں یہ حصہ جزو غالب رہا ہے۔ قرآن مجید اور حدیث پاک کی تعلیم سے اسلامی حکمت حیات کے مضامین خود بخود ذہنوں میں راسخ ہو جاتے ہیں۔

اس بات کی ضرورت ہے کہ ابتدائی سطح پر اس قسم کا ماحول بچوں کو دیا جائے تاکہ وہ استاذ سے خوف محسوس نہ کریں اور آسانی سے تعلیمی مدارج میں ترقی کریں۔ تعلیم و تدریس اور خاص طور پر تبلیغ کے میدان میں عوام، خواص اور مخالفین کا لحاظ رکھتے ہوئے تعلیم کا عمل سرانجام دینا چاہیے۔ خواص کو حکمت کے ساتھ دعوت تعلیم دی جائے اور ایسی گفتگو کی جائے جو حق کی وضاحت کرے اور شبہات کو دور کرے۔ کیوں کہ طبقہ خواص کے لوگ واضح دلیل پر قناعت کرتے ہیں، اور اسی کے ذریعے ہدایت تک پہنچتے ہیں۔ عام لوگوں کو موعظہ حسنہ کے ساتھ دعوت دینی چاہیے اور اس میں ایسی عبرت ہو جس سے وہ جان لیں کے بھلائی اور خیر اسی میں ہے۔ جہاں مخالفین قسم کے لوگ ہوں وہاں انہیں بہترین طریقے سے بحث و مباحثہ کے ذریعے دعوت دی جائے اور بہترین طریق سے مراد یہ ہے کہ نرمی برتی جائے۔ نظام تعلیم ایک مقدس کام ہے اس کو سیاست اور سیاسی مقاصد کا پابند نہیں کیا جاسکتا۔ نظام تعلیم زبانوں کے مسئلے سے بالاتر ہے۔ کتابوں کے ردو بدل سے بالاتر ہے۔ نظام تعلیم کے لیے قرآن پاک سے ہدایت حاصل کریں (۱)

کسی بھی ملک کی ترقی اور کامیابی کا راز تعلیم میں پوشیدہ ہے۔ تعلیم انسانوں پر ترقی اور کامیابی کے دروازے کھولتی ہے۔ اور یہ بات اظہر من الشمس ہے مسلمانوں نے جب تک قرآن وسنت کے علوم کو سینوں سے لگائے رکھا بے پناہ

---

(۱) سید ابوالحسن علی ندوی، ط/۱، سید احمد شہید اکیڈمی رائے بریلی، ۲۰۱۲ء، ص: ۷۹

کامیابیاں اور ترقیاں حاصل کیں۔ مسلمانوں نے جب تک اس حقیقت کو فراموش نہیں کیا تھا دنیا کے منظر نامہ پر چھائے رہے اور مسلمانوں نے ہی دنیا کو علم کی روشنی سے بھر دیا۔ تو آج بھی ضرورت اس بات کی ہے کہ ہمیں اپنے نصاب تعلیم میں قرآن وسنت کو فوقیت دینی چاہیے اسے ایک عارضی یا نصاب سے ایک اضافی مضمون نہیں سمجھنا چاہیے اور پھر ان علوم پر عمل کرنا چاہئے تاکہ یہ علوم ہماری ذات کا حصہ بن جائیں جو ہمارے اندر شعور کی دولت کو بیدار کریں۔

نظام تعلیم کو از سر نو ڈھالا جائے اور اس کو امت مسلمہ کے عقائد، زندگی کے نصب العین، اور ضروریات کے مطابق بنایا جائے ۔اگر نصاب میں آدھے مضامین دینی تعلیم کے حوالے سے ہوں اور آدھے باقی علوم پر اور انداز وہی آزادانہ اور فرنگیانہ مخلوط تعلیم کا تو پھر بھی مطلوبہ نتائج حاصل نہیں ہو سکتے۔ جو قرآن وسنت کا مقصود ہیں۔ بقول سید ابوالاعلیٰ: یہ انداز لوگوں کو تین اقسام میں تقسیم کر دے گا۔ ایک قسم کے تو وہ ہوں گے جو دینیات کی تعلیم پانے کے باوجود ملحد ہوں گے۔ دوسری قسم کے لوگ وہ ہوں گے جو دینیات کا اثر قبول کر کے اسلامی اصول وضوابط کو پسند کریں گے۔ اور تیسری قسم کے وہ ہوں گے جو نہ پورے مسلمان اور نہ ملحد (۲)

تعلیم کے تمام اجزاء سے مادیت، اللہ تعالیٰ کی ذات سے سرکشی، اخلاقی اور روحانی قدروں سے بغاوت اور جسم وخواہشات کی پرستش کی روح اور اسپرٹ کو ختم کیا جائے۔ اور اس کے بجائے تقویٰ، انابت الی اللہ، آخرت کی اہمیت وفکر اور پوری انسانیت پر شفقت کی روح اس میں جاری کر دی جائے۔ اس مقصد کے لیے زبان وادب سے لے کر فلسفہ اور علم النفس تک اور علوم عمرانیہ سے لے کر اقتصادیات ومعاشیات تک صرف ایک روح پیدا کرنی ہوگی۔ مغرب کے ذہنی غلبہ اور تسلط کا خاتمہ کرنا ہوگا۔

سب سے پہلی چیز جو اس نئے نظام میں ہونی چاہیے وہ یہ کہ دینی اور دنیوی علوم کی انفرادیت مٹا کر دونوں کو ایک جان کر دیا جائے۔ علوم کو دینی اور دنیوی دو الگ الگ قسموں میں منقسم کرنا در اصل دین اور دنیا کے علیحدگی کے تصور پر مبنی ہے اور یہ تصور بنیادی طور پر غیر اسلامی ہے۔ اسلام جس چیز کو دین کہتا ہے وہ دنیا سے الگ کوئی چیز نہیں ہے۔

ہم دنیا کو اس نقطہ نظر سے دیکھیں کہ یہ اللہ کی سلطنت ہے اپنے آپ کو اللہ کی رعیت سمجھیں اور دنیوی زندگی میں ہر طرح سے وہ رویہ اختیار کریں جو قرآن پاک کی ہدایت کے مطابق ہو اسی چیز کا نام دین ہے۔ تمام علوم کو دینی نقطہ نظر سے سامنے لایا جائے ورنہ اگر کچھ علوم دینی ہوں اور کچھ دنیوی ہوں تو ایک بچہ شروع سے ہی اس ذہنیت کے ساتھ پرورش پائے گا دنیا کسی اور چیز کا نام ہے اور دین کسی اور چیز کا اور یہ دو مختلف عناصر ہیں۔ قرآن وسنت نے اس طرح کی تفریق پیدا نہیں کی۔

---

(۱) تعلیمات، سید ابوالاعلیٰ مودودی، اسلامک پبلی کیشنز، لاہور، ۲۰۰۶ء، ص: ۱۰۷-۱۰۸

## مغربی تہذیب سے آزادی:

آج اگر مسلمان مغرب کی تہذیبی اور سیاسی برتری سے نجات حاصل کرنا چاہتے ہیں تو اس کے لیے جو کام بنیادی اہمیت رکھتا ہے وہ یہ ہے کہ اسلامی تہذیب و تمدن کا احیاء کیا جائے۔اپنے تمام علوم و فنون،ادبیات، آرٹس اور سب چیزوں کی اسلامی بنیادوں پر تشکیل جدید کریں۔اور اس اصول کا انکار کریں کہ جو مغرب سے جتنا قریب ہے اتنا ہی کامل ہے اور جو جتنا دور ہے اتنا ہی ناقص ہے (۱)

جہاں بھی موجودہ تعلیم کو اسلامی تعلیم میں بدلنے کی بات کی گئی ہے اس سے یہ مراد نہیں کہ ہم کیمسٹری فزکس وغیرہ میں کوئی تبدیلی کرنا چاہ رہے ہیں بلکہ بت پرستانہ اور لادینی رویے ترک کر کے اس کے اندر اسلامی روح پیدا کرنے کا مطالبہ کرتے ہیں (۲)

## عہد نبوی کے تعلیمی نظام سے عصر حاضر میں استفادہ:

### پیار اور مار کا حسین امتزاج:

اسی طرح پیار اور مار ایک تناسب کے ساتھ ہو تو فائدہ دیتا ہے ورنہ مزید ہٹ دھرمی کا باعث ہوتا ہے آپ ﷺ نے نماز کے عمل کی بہترین مثال دی ہے آپ ﷺ نے فرمایا:

((مُرُوا أَوْلَادَكُمْ بِالصَّلَاةِ وَهُمْ أَبْنَاءُ سَبْعِ سِنِينَ، وَاضْرِبُوهُمْ عَلَيْهَا، وَهُمْ أَبْنَاءُ عَشْرٍ)) (۳)

ترجمہ: جب تمہاری اولاد سات سال کی عمر کو پہنچ جائے تو انہیں نماز کا حکم دو اور جب وہ دس سال کے ہو جائیں تو (نماز میں کوتاہی کرنے پر) انہیں مارو۔

اس حدیث سے واضح ہوا کہ تعلیم کا آغاز پیار و محبت سے ہو اور اگر یہ رویہ کارگر نہ ہو تو پھر مار کر مطلوبہ نتائج حاصل کرنے ضروری ہیں تاکہ علم و عمل مکمل ہو۔لیکن اگر پیار اور مار میں سے ایک ہی رویہ پر مسلسل عمل ہو تو خرابی ہو سکتی ہے۔جیسے سات سال کے بچے کو نماز سکھائی جائے اور وہ نہ سیکھے پھر بھی مسلسل پیار ہی ہوتا رہے تو کامیابی نہیں ہو سکتی۔اسی طرح اگر شروع میں ہی مار کا رویہ اپنالیا اور اس کے باوجود نماز نہ سیکھے اور مار کا عمل چلتا رہے تو صرف ہٹ دھرمی پروان چڑھے گی اسی لیے آپ ﷺ نے دونوں رویوں کو حسب ضرورت اپنانے کا اختیار تاکہ مطلوبہ مقاصد حاصل ہو سکیں۔

---

(۱) محاضرات تعلیم، ص:۲۳۸

(۲) تعلیم الفائزون، ص:۹۷

(۳) (علامہ البانی کے نزدیک یہ حدیث حسن صحیح ہے)، سنن أبي داود ، بَابُ مَتَى يُؤْمَرُ الْغُلَامُ بِالصَّلَاةِ، حدیث نمبر:۴۹۵، ۱۳۳/۱

## تجسس پیدا کرنا:

اس قسم کی سر گرمیوں سے نا صرف فرحت ونشاط میں اضافہ ہوتا بلکہ ذہنی تازگی کے ساتھ ساتھ اسلامی مزاج کو ہر قسم کے حالات میں سیکھنا سکھانا مقصود ہوتا ہے۔ تاکہ پائدار اسلامی اخلاقیات کو پروان چڑھایا جا سکے۔ معلومات پہنچانے میں مبتدیوں کے تجسس کو تحریک دینے کے لیے بعض اوقات آپ ﷺ عام معلوماتی سوال کیا کرتے تھے۔ جس کا ایک فائدہ یہ ہوتا کہ مبتدیوں کے تحصیل کا بھی اندازہ ہو جاتا اور ان میں مزید تشویق پیدا کرنا بھی مطلوب ہوتا تھا۔ مثال کے طور پر، نبی ﷺ نے فرمایا:

((إِنَّ مِنَ الشَّجَرِ شَجَرَةً لاَ يَسْقُطُ وَرَقُهَا، وَإِنَّهَا مَثَلُ المسْلِمِ، فَحَدِّثُونِي مَا هِيَ فَوَقَعَ النَّاسُ فِي شَجَرِ البَوَادِي قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: وَوَقَعَ فِي نَفْسِي أَنَّهَا النَّخْلَةُ، فَاسْتَحْيَيْتُ، ثُمَّ قَالُوا: حَدِّثْنَا مَا هِيَ يَا رَسُولَ اللَّهِ قَالَ:هِيَ النَّخْلَةُ))(۱)

ترجمہ: درختوں میں ایک درخت ایسا ہے کہ اس کے پتے نہیں جھڑتے اور مسلمان کی مثال اسی درخت کی سی ہے۔ بتاؤ وہ کون سا درخت ہے؟ یہ سن کر لوگوں کا خیال جنگل کے درختوں کی طرف گیا۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے کہا میرے دل میں آیا کہ وہ کھجور کا درخت ہے۔ مگر میں (کم سنی کی) شرم سے نہ بولا۔ آخر صحابہ نے نبی کریم ﷺ ہی سے پوچھا کہ وہ کون سا درخت ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا وہ کھجور کا درخت ہے۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کو تمام عمر حسرت رہی کہ کاش میں نے جرأت کر کے اپنا خیال ظاہر کر دیا ہوتا۔

آپ ﷺ نے آخری خطاب کے موقع پر استفسار کرنے والا انداز اختیار کیا:

أَيُّ يَوْمٍ هَذَا آج کونسا دن ہے؟ فَأَيُّ شَهْرٍ هَذَا ؟ یہ کونسا مہینہ ہے؟(۲)

یہ انداز حضرت محمد ﷺ کے درس وتدریس کے طریقہ کی نشاندہی کرتا ہے۔ کیا کوئی تصور کر سکتا ہے کہ نبی کو اس دن، مہینے اور شہر کے بارے میں معلوم نہیں تھا؟ آپ ﷺ کو علم تھا، آپ ﷺ نے صرف اپنا خطبہ پیش کرنے سے پہلے سامعین میں تجسس پیدا کیا۔ آجکل بھی تعلیم وتعلم میں آپ ﷺ کی اس حکمت عملی سے استفادہ کامیابی سے ہمکنار کرے گا۔

## ذہنی سطح کا لحاظ اور عام فہم انداز تخاطب:

آپ ﷺ لوگوں کو ان کی ذہنی صلاحیت کے مطابق مخاطب فرماتے تھے اور ان سے وہی کچھ کہتے جو ان کے حواس

---

(۱) صحيح البخاري، بَابُ قَوْلِ المحَدِّثِ، حدیث نمبر:۶۱، ۲۲/۱

(۲) صحيح البخاري، بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ ،حدیث نمبر:۶۷، ۲۴/۱

سے ہم آہنگ ہوتاان کی فطرتوں کے مطابق ہوتااوران کے اسلوب سے مشابہ ہوتا تاکہ آپ ﷺ کی تعلیم اور پیغام ان تک آسانی سے پہنچ سکے،اس لیے حکم ہے:

((كَلِّمِ النَّاسَ عَلَى قَدْرِ عُقُولِهِمْ))[۱]

ترجمہ:لوگوں سے ان کے ذہنی سطح کے مطابق بات کرو۔

آپ ﷺ اپنے تمام حاضرین مجلس کو اس طرح تعلیم دیتے تھے کہ عالم، جاہل، شہری، بدوی، عربی، عجمی، بوڑھے، بچے ،جوان پوری طرح فیض حاصل کرتے اور آپ ﷺ کی ہر بات سامعین کے دل میں اتر جاتی تھی،

## تقریری انداز تعلیم:

اکثر آپ ﷺ کی تدریس کا انداز تقریری ہوتا تھا۔ آپ ﷺ کا ہر وعظ نہایت موثر ہوتا تھا۔سامعین کی آنکھوں میں آنسو جاری ہو جاتے۔آپ ﷺ سامعین کی دلچسپی کا خیال رکھتے۔جو آپ ﷺ کی گفتگو ایک بار سنتا اسے مزید سننے کی تمنا رہتی[۲]

ایک مرتبہ ایک قبیلہ آپ سے ملنے آیا آپ ﷺ نے گفتگو فرمائی وہ لوگ پکار اٹھے جہاں آپ ﷺ نے جنم لیا وہیں ہم نے، جہاں آپ ﷺ نے پرورش پائی وہیں ہم نے، جو آپ ﷺ کی زبان ہے وہ ہماری زبان ہے، لیکن ہماری بات میں وہ بات نہیں جو آپ ﷺ کی بات میں ہے۔آخر اس کی وجہ کیا ہے، تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

((أدبني ربي فأحسن تأديبي))[۳]

ترجمہ: بے شک اللہ تعالی نے مجھے ادب سکھایا ہے، پس اس نے اچھی تربیت کی ہے۔

## بات چیت کے انداز میں تعلیم:

یہ طریقہ تعلیم سادہ اور فطری ہے اس میں کوئی تکلف نہیں ہے۔اسلامی تعلیم کا بیش بہا خزانہ جو آج ہم تک پہنچا ہے وہ سب اسی انداز سے ہے۔آپ ﷺ نے دیگر مذاہب سے تعلق رکھنے والے اور مختلف سطح کے لوگوں تک اسی انداز تعلیم سے پیغام حق پہنچایا، جو نہایت کامیاب رہا۔

---

(۱) مرقاة المفاتيح شرح مشكاة المصابيح،علي بن (سلطان) محمد، أبو الحسن نور الدين الملا الهروي، حدیث نمبر:۳۴۹۶، ط/۱،دار الفكر، بيروت ،لبنان،۱۴۲۲ھ،۲۲۸۶/۶

(۲) عہد نبوی کا نظام تعلیم، غلام عابد خان ط/۱،اسلامی کتب خانہ، لاہور ۱۹۷۸ء، ص: ۱۰۳

(۳) كنز العمال ،علاء الدين علي ،تحقيق: بكري حياني ،حدیث نمبر: ۳۱۸۹۵،ط/۵، مؤسسة الرسالة،۱۹۸۱ء،۴۰۶/۱۱

## تعلیم بذریعہ امثلہ :

نبوی تعلیم کا نقطہ نظریہ ہے کہ انسان دائمی کامیاب و کامرانی سے ہمکنار ہو سکے۔ بعض اوقات انسان کو ایک غیر معمولی اہم بات سمجھانے کے لیے مثالوں کا سہارا لیا جاتا ہے تاکہ مقصد تک رسائی میں آسانی ہو، اس سلسلے میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

کہ جب بندہ اللہ کی طرف توبہ استغفار کے ذریعہ رجوع کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ کو نہایت خوشی ہوتی ہے۔ جس کی مثال حضور ﷺ نے یوں بیان فرمائی کہ ایک شخص بے آب و گیاہ جنگل میں سواری پر سفر کر رہا تھا، کسی منزل پر اس کی سواری اس سے چھوٹ گئی، جس پر اس کا توشہ اور پانی تھا۔ اب اس کے پیش نظر موت تھی، عالم حسرت و یاس میں کسی درخت کے نیچے لیٹ گیا۔ بے خودی کی سی کیفیت طاری ہوئی، پھر اچانک کیا دیکھتا ہے سواری بھی موجود ہے اور ساز و سامان جوں کا توں ہے۔ تو فرط مسرت سے اس نے کہا: اے اللہ تو میرا بندہ اور میں تیرا رب۔ انتہائی فرط مسرت میں کچھ کا کچھ کہہ دیا، کہنا تو یہ چاہتا تھا کہ تو میرا رب میں تیرا بندہ ہوں جس طرح اس مسافر کو انتہائی خوشی ہوئی اس سے زیادہ خوشی خدا کو ہوتی ہے جب بندے استغفار کرتے ہیں[۱]

اسی طرح آپ ﷺ نے مختلف موقعوں پر نہایت ہی حکیمانہ اور قیمتی باتیں اتنی اسان اور سہل مثالوں کے ذریعے سمجھائیں اور یوں انسانی سماج میں بہترین تبدیلیاں ممکن ہوئیں۔ عمل صالح کی طرف راغب کرنے کے لیے آپ ﷺ نے ایک نہر کی مثال بیان فرمائی:

((أَرَأَيْتُمْ لَوْ أَنَّ نَهْرًا بِبَابِ أَحَدِكُمْ يَغْتَسِلُ مِنْهُ كُلَّ يَوْمٍ خَمْسَ مَرَّاتٍ، هَلْ يَبْقَى مِنْ دَرَنِهِ شَيْءٌ؟قَالُوا: لَا يَبْقَى مِنْ دَرَنِهِ شَيْءٌ، قَالَ:فَذَلِكَ مَثَلُ الصَّلَوَاتِ الْخَمْسِ، يَمْحُو اللهُ بِهِنَّ الْخَطَايَا))[۲]

حضرت ابوہریرہ نے روایت کیا ہے کہ اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا: مجھے بتاؤ کہ اگر آپ میں سے کسی کے دروازے کے ساتھ کوئی نہر بہتی ہو جس میں وہ دن میں پانچ بار نہاتا ہے تو کیا کوئی میل باقی رہ جائے گی؟ صحابہؓ نے جواب دیا نہیں اس پر کوئی میل ناقی نہیں رہے گی، آپ ﷺ نے فرمایا اس طرح پانچ وقت کی نمازیں ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کے ذریعے سے تمام گناہوں کو مٹا دیتا ہے۔

---

(۱) صحیح مسلم، کتاب التوبة، باب فی الحضر علی التوبة ، **حدیث نمبر**:۲۷۴۷، دار إحياء التراث العربي ،بیروت،۲۱۰۴/۴

(۲) صحیح مسلم، باب فضل الصلوات الخمس،**حدیث نمبر**:۶۶۷،۴۶۲/۱

## تکرار:

نبی اکرم ﷺ اپنی اہم بات کو تین بار دہراتے تھے تاکہ لوگ اسے صحیح طور پر سمجھ لیں۔حضرت انسؓ نے روایت کیا ہے:

((كَانَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ لَيُحَدِّثُ الْحَدِيثَ لَوْ شَاءَ الْعَادُّ أَنْ يُحْصِيَهُ أَحْصَاهُ))(۱)

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ اس طرح حدیث بیان کرتے تھے کہ اگر شمار کرنے والا چاہتا تو شمار کر لیتا۔

حضرت انس ﷺ کا بیان ہے:

((إِذَا تَكَلَّمَ بِكَلِمَةٍ أَعَادَهَا ثَلاَثًا،حَتَّى تُفْهَمَ عَنْهُ وَإِذَا أَتَى عَلَى قَوْمٍ فَسَلَّمَ عَلَيْهِمْ، سَلَّمَ عَلَيْهِمْ ثَلاَثًا))(۲)

ترجمہ: آپ ﷺ جب کوئی بات فرماتے تو اسے تین بار دہراتے تاکہ لوگ سمجھ لیں اور اگر کسی جماعت کے پاس جاتے تو ان کو تین بار سلام کرتے تھے۔

الفاظ اور مضمون کو صحیح سمجھنا تعلیمی عمل میں بنیادی چیز ہے،آنحضور ﷺ ایسے معلم تھے جو صبر و استقامت سے تعلیمی کام سرانجام دیتے تھے۔ایک روایت میں انداز گفتگو کا تذکرہ یوں ہے:

((إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ ﷺ لَمْ يَكُنْ يَسْرُدُ الْحَدِيثَ مِثْلَ سَرْدِكُم))(۳)

ترجمہ: بے شک رسول ﷺ تمہاری طرح یوں تیز تیز بات نہیں کیا کرتے تھے۔

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ رسول اللہ ﷺ کا طریقہ تعلیم یہ تھا کہ آپ اس انداز سے بات ارشاد فرماتے کہ سننے والوں کے دل میں بیٹھ جائے، یاد کرنے والے یاد کر لیں اور لکھنے والے لکھ لیں۔نرم کلامی، شیریں بیانی اور انداز تعلیم کے اس اسلوب کی بدولت بدوی لوگ سیکھنے میں کامیاب ہو گئے اور یوں آپ ﷺ پر فدا ہو جاتے تھے۔

## بامقصد سوالات کی پذیرائی:

چونکہ وقت بہت ہی قیمتی سرمایہ ہے۔اس کو بے مقصد ضائع کرنا خسارہ ہے۔یہی وجہ تھی کہ لایعنی سوال آپ ﷺ ناپسند فرماتے اور ان سے صرف نظر کرتے(۴)

---

(۱) (شیخ البانی کے نزدیک یہ حدیث صحیح ہے)،سنن أبي داود، بَابٌ فِي سَرْدِ الْحَدِيثِ،حدیث نمبر:۳۶۵۴،۳/۳۲۰

(۲) صحیح البخاری ،کتاب العلم ،باب من اعادالحدیث ثلاثا ،حدیث نمبر:۹۵،۱/۳۰

(۳) (شیخ البانی کے نزدیک یہ حدیث صحیح ہے)،ایضاً، بَابٌ فِي سَرْدِ الْحَدِيثِ،حدیث نمبر:۳۶۵۵،۳/۳۲۰

(۴) ﴿يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَسْأَلُوا عَنْ أَشْيَاءَ إِنْ تُبْدَ لَكُمْ تَسُؤْكُمْ﴾ سورة المائدة۵: ۱۰۱

ترجمہ: اے ایمان والو ایسی باتیں نہ پوچھا کرو کہ اگر ظاہر کر دی جائیں تو تمہیں بری لگیں۔

((دَعُونِي مَا تَرَكْتُكُمْ إِنَّمَا هَلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ بِسُؤَالِهِمْ وَاخْتِلاَفِهِمْ عَلَى أَنْبِيَائِهِمْ، فَإِذَا نَهَيْتُكُمْ عَنْ شَيْءٍ فَاجْتَنِبُوهُ، وَإِذَا أَمَرْتُكُمْ بِأَمْرٍ فَأْتُوا مِنْهُ مَا اسْتَطَعْتُمْ))[۱]

ترجمہ: جب تک میں کچھ نہ کہوں، تم بھی نہ پوچھو تم سے پہلے لوگوں کو اسی بد خصلت نے ہلاک کر دیا کہ وہ کثرت سے سوال کرتے تھے اور اپنے نبیوں کے ساتھ اختلاف کرتے تھے۔ جب میں تمہیں منع کروں تو ترک جایا کرو۔ جب میں تمہیں کوئی حکم دوں تو اپنی طاقت کے مطابق بجالاؤ۔

## مرحلہ وار تحصیل علم:

آسان سے مشکل تصورات کی طرف بڑھنا تدریس کا ایک اہم اصول ہے جسے اسلام نے متعارف کرایا۔ یہ دراصل وہ طریقہ ہے جو اللہ تعالیٰ نے بنی نوع انسان کی تعلیم کے لئے استعمال کیا ہے۔ مکمل طور پر ایک ہی وقت میں نازل ہونے کی بجائے ۲۳ سالوں کے دوران قرآن مجید کا بتدریج نزول اس اصول کا ثبوت ہے۔ حضرت محمد ﷺ نے بھی تعلیم میں اس طریقہ کار کا مؤثر استعمال کیا۔ آپ ﷺ نے جب حضرت معاذؓ کو یمن بھیجا تو وصیت فرمائی:

إِنَّكَ سَتَأْتِي عَلَى نَاسٍ مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ فَادْعُهُمْ إِلَى التَّوْحِيدِ، فَإِنْ أَقَرُّوا بِذَلِكَ فَقُلْ: إِنَّ اللَّهَ قَدْ فَرَضَ عَلَيْكُمْ خَمْسَ صَلَوَاتٍ بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ، فَإِنْ أَقَرُّوا بِذَلِكَ فَقُلْ: إِنَّ اللَّهَ قَدْ فَرَضَ عَلَيْكُمْ صِيَامَ شَهْرٍ فِي إِثْنَيْ عَشَرَ شَهْرًا، فَإِنْ أَقَرُّوا بِذَلِكَ فَقُلْ: إِنَّ اللَّهَ قَدْ فَرَضَ عَلَيْكُمْ زَكَاةً فِي أَمْوَالِكُمْ، تُؤْخَذُ مِنْ أَغْنِيَائِكُمْ، فَإِنْ أَقَرُّوا بِذَلِكَ، فَخُذْ مِنْ أَمْوَالِهِمْ[۲]

ترجمہ: اہل کتاب آپ کے پاس آئیں گے سب سے پہلے انہیں توحید کی دعوت دینا، پس اگر وہ اس کا اقرار کرلیں تو پھر انہیں بتانا کہ اللہ تعالی نے دن اور رات میں پانچ نمازیں تم پر فرض کی ہیں، پس اگر وہ اس کا اقرار کرلیں تو پھر انہیں بتانا کہ اللہ تعالی نے بارہ مہینوں میں ایک ماہ کے روزے فرض کیے ہیں، پس اگر وہ اس کا اقرار کرلیں تو پھر انہیں بتانا کہ اللہ تعالی نے تمھارے مالوں میں سے تم پر زکاۃ فرض کی ہے، جو تمہارے دولت مندوں سے لی جائے گی۔

آپ ﷺ نے حضرت معاذؓ کی جامع انداز سے لوگوں کو بتدریج تعلیم دینے کی تربیت فرمائی۔ جسے موجودہ دور میں بروئے کار لاکر تعلیمی میدان میں خاطر خواہ نتائج حاصل کیے جاسکتے ہیں۔

---

(۱) صحيح البخاري، بَابُ قَوْلِ المحَدِّثِ، حدیث نمبر: ۷۲۸۸، ۹۴/۹

(۲) المصنف، أبو بكر عبد الرزاق بن همام، محقق: حبيب الرحمن الأعظمي، حدیث نمبر: ۹۴۲۰، ط/۲، ناشر: المكتب الإسلامي، بيروت، ۱۴۰۳ھ، ۲۱۵/۵

الغرض:

- نبوی تعلیم فکر و نظر اور عمل میں دور رس تبدیلیاں لائی اور انسان کو انسانوں کا مدد گار بنا کر عمل پر ابھارا۔
- جدید نظام تعلیم نے انسان کو محض پیٹ کا خادم اور غلام بنا دیا ہے۔
- دینی اور دنیاوی علوم کو اس طرح یکجا کیا جائے کہ نئے نظام تعلیم کے تحت تیار ہونے والی نسل ایک طرف دینی علوم سے واقف ہو اور دوسری طرف دنیاوی علوم و فنون پر اس حد تک دسترس رکھتی ہو کہ ترقی یافتہ اقوام کے شانہ بشانہ کھڑی ہو سکے۔
- باصلاحیت افراد پیدا کرنے کے لیے ایسا نظام تعلیم ہو جو صلاحیتوں کو اجاگر کرے اور زہنی ارتقاء کا باعث ہو۔
- نصاب تعلیم میں نظریہ پاکستان کو کبھی نظر انداز نہ کیا جائے۔ نصاب تعلیم مسلم نظریہ حیات کے تابع ہو۔
- پاکستان میں دہرا تہرا نظام تعلیم جاری ہے جو تعلیمی نظام کی خرابی کی اصل جڑ ہے، اس پر نظر ثانی کی جائے۔

## حاصل کلام:

۱- یہ ساری علمی ترقی دین اسلام کی مرہون منت ہے۔

۲- بانی اسلام نے دن رات محنت کر کے سوئی ہوئی قوم کو جہالت کے عمیق گڑھے سے نکالا۔

۳- کسی بھی ملک کی ترقی تعلیم میں پوشیدہ ہے۔

۴- تعلیم سے ہی انسان پر کامیابی کے دروازے کھلتے ہیں۔

۵- ہمیں اپنے نصاب تعلیم میں قرآن و سنت کو فوقیت دینی چاہیے۔

۶- نصاب تعلیم کو از سر نو ڈھالا جائے اور اس کو امت مسلمہ کے عقائد، زندگی کے نصب العین، مقاصد اور ضروریات کے مطابق بنایا جائے۔

۷- تعلیمی نصاب سے مادیت، اللہ تعالیٰ کی ذات سے سرکشی، اخلاقی اور روحانی قدروں سے بغاوت اور جسم و خواہشات کی پرستش کی روح اور اسپرٹ کو ختم کیا جائے۔ اور اس کے بجائے تقویٰ، انابت الی اللہ، آخرت کی اہمیت و فکر اور پوری انسانیت پر شفقت کی روح اس میں جاری کر دی جائے۔

# باب سوم: معاشرتی اصلاحات

فصل اوّل: وحدت نسل انسانی

فصل دوم: دین قومیت کی بنیاد

فصل سوم: تکریم انسانیت

فصل چہارم: عائلی زندگی کے قوانین

فصل پنجم: معاشرتی افکار اصلاحات نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی روشنی میں

# فصل اوّل:

## وحدت نسل انسانی

وحدت دوئی کی ضد ہے، اتحاد واتفاق سے یہ مقصد حاصل ہو سکتا ہے۔ آخری رسول ﷺ نے اس امت پر احسان فرمایا جس نے انسانی معاشرہ کی شیرازہ بندی کی۔ کوئی قوم عزت و وقار سے اس وقت تک سلامت نہیں رہ سکتی جب تک کہ افراد میں اتفاق واتحاد نہ ہو۔ اور وہ اتحاد واتفاق سطحی نہ ہو جسے کوئی تند و تیز لہر بہا کر لے جاسکے۔ بلکہ حقیقی اور پائیدار ہو اس لیے اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو متحد ہونے کے لیے دین کی مستحکم بنیاد فراہم کی ہے، اللہ جل شانہ نے فرمایا:

﴿ وَاعْتَصِمُوا بِحَبْلِ اللَّهِ جَمِيعًا وَلَا تَفَرَّقُوا وَاذْكُرُوا نِعْمَتَ اللَّهِ عَلَيْكُمْ إِذْ كُنْتُمْ أَعْدَاءً فَأَلَّفَ بَيْنَ قُلُوبِكُمْ فَأَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهِ إِخْوَانًا ﴾ (۱)

ترجمہ: تم سب اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھام لو اور تفرقہ نہ ڈالو۔ اللہ کی نعمت کو یاد کرو جو اس نے تم پر کی جبکہ تم آپس میں دشمن تھے۔ اس نے تمہارے دلوں میں الفت ڈال دی۔ پس تم اس کے فضل سے آپس میں بھائی بھائی بن گئے۔

رحمت دوعالم ﷺ کی تشریف آوری سے قبل جزیرہ نما عرب کی کیا حالت تھی۔ وہ آپس میں انس و محبت اور شفقت و رحمت کرنے والے انسانوں کا ملک نہیں تھا بلکہ ایک کوہ آتش فشاں تھا۔ جس میں ہر لمحہ بغض و عناد کی آگ سلگتی رہتی تھی اسی اثناء میں نبی اکرم ﷺ کا ظہور ہوا۔ تو عرب کے اجڑے دیار میں بہار آگئی۔ عداوت کی جگہ محبت نے ،وحشت کی جگہ انس نے، انتقام کی جگہ عفو نے، اور غرور و تکبر کی جگہ تواضع اور انکسار نے لے لی۔ یہ وہ انقلاب تھا جس نے عرب کی کایا پلٹ دی (۲)

قرآن نے فرقوں میں بٹنے سے منع کیا۔ اور باہم مل جل کر رہنے کا درس دیا۔ صحابہ اس طرح متحد تھے کہ مٹھی بھر صحابہ رضی اللہ عنہم بھی بڑے بڑے لشکروں کو پچھاڑ دیتے تھے۔ ایک اور مقام پر اللہ رب العزت فرقوں میں تقسیم ہونے سے منع فرماتا ہے، ارشاد خداوندی ہے:

﴿ وَلَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ تَفَرَّقُوا وَاخْتَلَفُوا مِنْ بَعْدِ مَا جَاءَهُمُ الْبَيِّنَاتُ وَأُولَئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ ﴾ (۳)

---

(۱) سورۃ آل عمران ۳: ۱۰۳

(۲) تفسیر ضیاء القرآن، پیر محمد کرم شاہ، ضیاء القرآن پبلیکیشنز لاہور، ۲۵۸/۱-۲۵۹

(۳) سورۃ آل عمران ۳: ۱۰۵

ترجمہ :اور ان لوگوں کی طرح نہ ہو جانا جو فرقوں میں بٹ گئے تھے اور اختلاف کرنے لگے تھے اس کے بعد بھی جب ان کے پاس روشن نشانیاں آچکی تھیں اور ان لوگوں کے لیے بہت بڑا عذاب ہے۔

اس فصل میں وحدت نسل انسانی کا تذکرہ ہے۔

## وحدت کا حکم:

اللہ تعالیٰ نے پوری انسانیت کی توجہ وحدت کی طرف مبذول کرانے کے لیے اپنے کلام میں حکم فرمایا:

﴿يَا أَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوا رَبَّكُمُ الَّذِي خَلَقَكُمْ مِنْ نَفْسٍ وَاحِدَةٍ وَخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِيرًا وَنِسَاءً﴾(۱)

ترجمہ : اے لوگو اپنے رب سے ڈرو جس نے تمہیں ایک جان سے پیدا فرمایا اور اسی سے اس کا جوڑا پیدا فرمایا اور ان دونوں سے کثیر تعداد میں مرد اور عورتیں پھیلادیں۔

معاشرہ زندگی کی مسرتوں سے تب لطف اندوز ہو سکتا ہے جب ہر خاندان کے افراد میں باہمی محبت و پیار ہو۔اس کے لیے صلہ رحمی، رواداری اور حسن سلوک کی اہمیت محتاج بیان نہیں۔اللہ تعالیٰ نے اس آیۃ میں دو باتوں کی طرف خصوصی توجہ دلائی ہے۔ایک تو یہ کہ سب انسانوں کا پیدا کرنے والا ایک ہی خدا ہے۔دوسرا یہ ہے کہ سب انسان ایک ہی باپ کی اولاد ہیں۔اللہ خالق کائنات ہے ساری مخلوق کو اس کا حکم ماننا چاہیے۔تقویٰ و پرہیز گاری اختیار کرنی چاہیے اور نافرمانی سے بچنا چاہیے۔اور جب ایک ہی باپ کی اولاد ہیں تو پھر آپس میں پیار و محبت احترام باہمی، خلوص نیت، ایثار اور ایک دوسرے کے لیے قربانی کا جذبہ بھی ہونا چاہیے۔سب کا ایک باپ کی اولاد ہونا وحدت نسل انسانی کی مضبوط بنیاد ہے۔اور فرقہ پرستی کی جڑ کاٹتا ہے ۔

﴿إِنَّ الَّذِينَ فَرَّقُوا دِينَهُمْ وَكَانُوا شِيَعًا لَسْتَ مِنْهُمْ فِي شَيْءٍ﴾(۲)

ترجمہ : بے شک جنھوں نے اپنے دین میں تفرقہ ڈالا اور کئی گروہ ہو گئے آپ کا ان سے کوئی تعلق نہیں۔

الہامی تعلیمات اور تمام پیغمبروں کی دعوت میں جس بات کو اہمیت دی گئی ہے وہ ایک ذات کی عبادت کرنا ہے جو ان کا خالق ہے۔ان تعلیمات میں رنگ و نسل کی بنیاد پر عقیدے اور اعمال میں تفریق نہیں بتائی گئی۔یہ انسانیت کے لیے عظیم نعمت ہے۔اور اسے آخری نبی کی شریعت میں بھی برقرار رکھا گیا ہے۔

---

(۱) سورۃ النساء ۴: ۱

(۲) سورۃ الانعام ۶: ۱۶۰

## وحدت نسل انسانی کا تصور:

وحدت نسل انسانی کا تصور اسلام کی روح ہے۔ اسلام انسان کو شعور و آگہی عطا کرتا ہے۔ تمام انسان ایک نسل اور ایک اصل سے تعلق رکھتے ہیں۔ وہ ایک دوسرے کا خون اور گوشت و پوست ہیں۔ کیوں کہ وہ پہلا انسان جس نے دھرتی کی پیشانی پر قدم رکھا آدم علیہ السلام تھے۔ تمام انسانوں کا شجرہ انہی سے چلا ہے۔ لہٰذا اپنی صفوں میں اتحاد رکھنا اولاد آدم کے لیے ضروری ہے۔ آنحضور ﷺ نے صحابہ کرام کو نصیحت کی وہ افتراق کی صورت میں میرے راستے کی پیروی کریں۔ اس حوالے سے نبی ﷺ کا فرمان ہے:

((مَا أَنَا عَلَيْهِ وَأَصْحَابِي))(۱)

ترجمہ: جس پر میں اور میرے صحابہ ہیں۔

یعنی وہ جماعت جس نے میرا اور میرے ہدایت یافتہ صحابہ کا طریقہ اختیار کیا اس نے نجات پائی۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

((فَعَلَيْكُمْ بِسُنَّتِي وَسُنَّةِ الْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِينَ الْمَهْدِيِّينَ، وَعَضُّوا عَلَيْهَا بِالنَّوَاجِذِ،وَإِيَّاكُمْ وَمُحْدَثَاتِ الْأُمُورِ، فَإِنَّ كُلَّ مُحْدَثَةٍ بِدْعَةٌ))(۲)

ترجمہ: تم میری سنت اور خلفائے راشدین کی سنت کو مضبوطی سے پکڑو اور اسی کے مطابق عمل کرو۔ نئے نئے طریقوں سے بچتے رہو کیوں کہ دین میں پیدا کی ہوئی ہر نئی چیز بدعت ہے۔

وطنیت، قومیت، رنگ، نسل اور زبان کے بتوں کی پوجا آج بھی اسی زور شور سے ہو رہی ہے جس طرح دور جاہلیت میں تھی۔ ڈاکٹر علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ قومیت اور وطنیت کی تردید کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

بتانِ رنگ و خوں کو توڑ کر ملت میں گم ہو جا ۔۔۔ نہ تورانی رہے باقی نہ ایرانی نہ افغانی(۳)

مسلمان ملت کی شناخت اور کام یہی ہے کہ وہ رنگ و نسل اور قومیت کے بت کو توڑ کر عظیم ملت اسلام میں دیگر انسانوں کو داخل ہو جانے کو ممکن بنانے کی کوشش کرے۔ جنس و ملک جو بھی ہو وجہ برتری نہیں ہو سکتا۔ جس چیز کو اللہ تعالیٰ نے افضیلت کا معیار ٹھہرایا ہے وہ کچھ اور ہے۔ کسی خاندان میں پیدا ہونا کسی زمین کا باشندہ ہونا اور چہرے کی خاص رنگت اس میں انسان کا ذاتی عمل دخل کوئی نہیں اس لیے قرآن پاک نے اسے وجہ افتخار قرار نہیں دیا۔ افضیلت کا معیار جس سے انسان کا رتبہ دوسرے لوگوں سے برتر اور اعلیٰ ہوتا ہے وہ فقط اللہ کی نظر میں اچھا ہونا ہے جو تقویٰ ہے۔ تقویٰ کی بناء پر جو معاشرہ جو وحدت تشکیل پائے گی وہ فخر و غرور سے پاک ہو گی۔ اتحاد باہمی ہو گا اور ایسے لوگوں کا وجود نہ صرف اپنے ملک و قوم کے لیے

---

(۱) (علامہ البانی نے اس حدیث کو حسن قرار دیا ہے)، سنن الترمذي، مَا جَاءَ فِي افْتِرَاقِ هَذِهِ الأُمَّةِ، حدیث نمبر: ۲۶۴۱، ۲۶/۵

(۲) (شعیب الارنؤوط اور عادل مرشد کی تحقیق کے مطابق یہ حدیث صحیح ہے)، مسند الإمام أحمد بن حنبل ، حدیث نمبر: ۱۷۱۴۴، ۳۷۳/۲۸

(۳) کلیات اقبال، اقبال اکادمی، ط/۱، پاکستان، لاہور، ۱۹۹۰ء، ص: ۲۹۷

بلکہ پوری نسل انسانی کے لیے باعث برکت ہوگا۔اس بات کی طرف متوجہ کرتے ہوئے آپ ﷺ نے فتح مکہ کے موقع پر خطبہ ارشاد فرمایا:

اے لوگو اللہ نے جاہلی دور کی خامیاں دور کردیں اور تمہیں تکبر سے پاک کردیا۔ اے لوگو بے شک انسانوں کے دو ہی گروہ ہیں ایک نیک متقی جو اللہ کے نزدیک محترم ہے دوسرا بدکار بدبخت جو اللہ تعالیٰ کے نزدیک حقیر ہے ((أَنْتُمْ بَنُو آدَمَ وَآدَمُ مِنْ تُرَابٍ))(۱)

اسی طرح خطبہ حجۃ الوداع میں فرمایا:

((أيها الناس، إن ربكم واحد، ألا إن أباكم واحد، ألا لا فضل لعربي على عجمي ولا لعجمي على عربي ولا لأسود على أحمر، إن أكرمكم عند الله أتقاكم))(۲)

ترجمہ:اے لوگو بے شک تمہارا رب ایک ہے، تمہارا باپ ایک ہے، کسی عربی کو کسی عجمی پر اور کسی عجمی کو کسی عربی پر اور کسی سیاہ کو کسی سرخ پر کوئی فضیلت نہیں،اللہ کے نزدیک تم میں عزت والا وہی ہے جو متقی ہے۔

مزید کئی احادیث میں اس نکتہ کی وضاحت فرمائی گئی ہے کہ انسان کے لیے دوسرے انسانوں پر فخر و غرور اختیار کرنے کی کوئی وجہ نہیں ہوسکتی کیونکہ تمام انسان برابر ہیں خاندان اور قبیلے فخر و مباہات کے لیے نہیں ہیں۔ بلکہ اس کو پہچان و تعارف کا ذریعہ بنایا جائے جاہلیت میں عرب اسی تفاخر کی بیماری میں مبتلا ہو گئے تھے۔اور یہ تفاخر فقط عرب تک ہی محدود نہ تھا بلکہ روئے زمین کی دوسری اقوام بھی اسی تفاخر میں ڈوبی ہوئی تھیں۔اس پیغام ربانی نے ان تمام بنیادوں کو منہدم کردیا جن پر مختلف قوموں نے اپنی برتری اور شرافت کے ایوان تعمیر کر رکھے تھے۔

اسی فاسد نظریے نے مختلف قوموں کو متحارب قوموں میں تقسیم کردیا تھا۔نسلی، قومی، وطنی تفاخر کو نبی پاک علیہ السلام نے مٹایا۔ جس کا منظر اقوام عالم نے دیکھا دوسرے ممالک کے لوگ مسلمانوں میں آ کے گھل مل گئے۔ آپ ﷺ نے تفاخر کے ان بتوں کو پاش پاش کیا۔ لیکن آج جسے زمانہ ترقی یافتہ دور کہہ رہا ہے پھر وہی جاہلی قباحتیں واپس لوٹ آئی ہیں آپ دور نہ جائیے فقط پڑوسی ملک ہندوستان کا ہی حال دیکھ لیجیے۔ بھارت کے طول و عرض میں اس اکیسویں صدی میں بھی اچھوت نہ اعلیٰ ذات کے ہندوؤں کے مندروں میں جا کر پوجا پاٹ کر سکتے ہیں اور نہ ہی ان کے کنوؤں سے پانی بھر سکتے ہیں:

---

(۱) (علامہ البانی نے اس حدیث کو حسن قرار دیا ہے)،سنن أبي داود، بَابٌ فِي التَّفَاخُرِ بِالْأَحْسَابِ، حدیث نمبر:۵۱۱۶، ۳۳۱/۴

(۲) شرف المصطفى،عبد الملك بن محمد بن إبراهيم النيسابوري ،ط/۱،دار البشائر الإسلامية،مكة،۱۴۲۴ھ ،۱۰۸/۳

((لَيَنْتَهِيَنَّ قَوْمٌ يَفْخَرُونَ بِآبَائِهِمْ أَوْ لَيَكُونَنَّ أَهْوَنَ عَلَى اللَّهِ مِنَ الْجُعْلَانِ))(۱)

ترجمہ: لوگ اپنے باپ دادا پر فخر کرنے سے باز آجائیں ورنہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک وہ گوبر کے کالے کیڑے سے بھی زیادہ حقیر و ذلیل ہوں گے۔

وجہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ انسانوں سے جنس و رنگ اور وطن کی بنیاد پر بروز قیامت حساب و کتاب نہیں فرمائے گا۔

((إِنَّ اللَّهَ لَا يَسْأَلُ عَنْ أَجْسَادِكُمْ وَلَا أَنْسَابِكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، أَكْرَمُكُمْ عِنْدَ اللَّهِ أَتْقَاكُمْ))(۲)

ترجمہ: بے شک اللہ تعالیٰ روز محشر تمہارے حسب و نسب پر سوال نہیں کرے گا۔اللہ تعالیٰ کے نزدیک تم سے زیادہ محترم وہ ہوگا جو زیادہ متقی ہوگا۔

اس امت کا کام معروفات کو عام کرنا اور برائی کو مٹانا ہے۔اس بڑے مقصد کے لیے جس بھی رنگ و نسل کا انسان کام کرے گا وہ بہتر انسان ہے اور بہترین عمل سرانجام دیتا ہے۔نبی ﷺ نے ارشاد فرمایا:

((إِنَّ اللهَ لَا يَنْظُرُ إِلَى صُوَرِكُمْ وَأَمْوَالِكُمْ، وَلَكِنْ يَنْظُرُ إِلَى قُلُوبِكُمْ وَأَعْمَالِكُمْ))(۳)

ترجمہ: بے شک اللہ تعالیٰ تمہاری شکلوں اور مالوں کی طرف نہیں دیکھتا بلکہ وہ تمہارے دلوں اور اعمال کی طرف دیکھتا ہے۔

## رسل عظام وحدت انسانی کے علمبردار:

تمام رسل، سیدنا آدم علیہ السلام سے لے کر نبی پاک ﷺ تک کی تعلیمات کا مرکز و محور نقطہ توحید ہے۔اور اسی نقطہ پر انبیاء کرام نے لوگوں کو جمع کرنے کی کوشش کی۔تاکہ سب کی فکر اور سوچ ایک ہو۔اللہ نے اپنے آخری نبی حضرت محمد مصطفی ﷺ کو بھی وحدت کا علمبردار بنا کر بھیجا ارشاد ربانی ہے:

﴿قُلْ يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنِّي رَسُولُ اللَّهِ إِلَيْكُمْ جَمِيعًا﴾(۴)

ترجمہ: آپ فرما دیجیے اے لوگو میں تم سب کی طرف اللہ کا رسول ہوں۔

یعنی قیامت تک لوگ جن کی تعلیمات کو مشعل راہ بنائیں گے وہ ایک ہی رسول ہے۔خواہ یہود ہوں یا نصاری یا کسی

---

(۱) مسند البزار المنشور باسم البحر الزخار،أبو بكر أحمد بن عمرو بن عبد الخالق بن خلاد بن عبيد الله العتكي المعروف بالبزار ،تحقيق: محفوظ الرحمن زين الله، حدیث نمبر:۲۹۳۸، مكتبة العلوم والحكم ،المدينة المنورة،۳۴۰/۷

(۲) كتاب الأمثال في الحديث النبوي،أبو محمد عبد الله بن محمد المعروف بأبي الشيخ الأصبهاني،تحقيق: الدكتور عبد العلي عبد الحميد حامد، حدیث نمبر:۱۶۱،ط/۲ ،الدارالسلفية،بومباي،الهند،۱۹۸۷ء،۱۹۷/۱

(۳) صحيح مسلم، بَابُ تَحْرِيمِ ظُلْمِ الْمُسْلِمِ، وَخَذْلِهِ، وَاحْتِقَارِهِ وَدَمِهِ، وَعِرْضِهِ، وَمَالِهِ،حدیث نمبر:۲۵۶۴،۱۹۸۷/۴

(۴) سورۃ الأعراف۷: ۱۵۸

بھی مذہب سے تعلق رکھنے والا انسان۔ تمام اس بات کے پابند ہیں کہ وہ پیغمبر آخر الزمان محمد رسول اللہ پر ایمان لائیں جو سابقہ انبیاء سے مختلف نہیں ہیں۔

## وحدت امت کے لیے حضور کی کاوش:

نبی کریم ﷺ نے وحدت امت کے لیے تین بنیادوں کو مستحکم کیا۔ علم، ایمان، اور اخلاق۔ مدینہ ہجرت کے بعد امت میں منافقین کی ریشہ دوانیوں کو روکنے اور امت مسلمہ کی وحدت کو برقرار رکھنے کے لیے انصار اور مہاجرین کے درمیان مؤاخات پیدا کر دی۔ جس سے امت مسلمہ کی وحدت اور مضبوط ہو گئی۔ یہ مؤاخات کا عمل محض سرسری عمل نہیں تھا بلکہ سوچا سمجھا عمل تھا۔ انصار و مہاجرین کو قریب لانے اور باہمی اخوت و محبت کو مضبوط کرنے کا ایک مؤثر ذریعہ تھا[1]

## دین وحدت اور قربت کی علامت:

دین کا رشتہ ایک ایسا مضبوط رشتہ ہے جو سب کو ایک وحدت میں جوڑ دیتا ہے۔ اگر کوئی شخص دین اسلام سے وابستہ ہو گیا تو اس کا غم پوری امت مسلمہ کا غم ہے اس کی خوشی پوری امت کی خوشی ہے۔ آپ ﷺ کی ایک حدیث میں اس بات کی تعلیم اور تاکید ہے:

((مَثَلُ الْمُؤْمِنِينَ فِي تَوَادِّهِمْ، وَتَرَاحُمِهِمْ، وَتَعَاطُفِهِمْ مَثَلُ الْجَسَدِ، إِذَا اشْتَكَى مِنْهُ شَيْءٌ، تَدَاعَى لَهُ سَائِرُ الْجَسَدِ بِالسَّهَرِ وَالْحُمَّى))[2]

ترجمہ: ایمان والوں کی مثال آپس کی محبت وابستگی اور ایک دوسرے پر رحم و کرم کے معاملے میں ایسی ہے جیسے ایک جسم کی ہوتی ہے جب جسم کے کسی حصے میں تکلیف ہو تو اس کی وجہ سے سارا جسم بے خوابی میں مبتلا رہتا ہے۔

آپ ﷺ خلق خدا کو ہر اس کام سے روکتے تھے جس سے باہم پھوٹ پڑے۔ نبی پاک ﷺ مسلمانوں کو بھی ایسے ہی متحد دیکھنا چاہتے ہیں جیسے ایک جسم ہوتا ہے۔

## قرآن وحدت کا سرچشمہ:

جو شخص قرآن پاک سے وابستہ ہو گیا وہ امن پا گیا۔ حضرت عبداللہ ابن مسعود کا قول ہے:

---

(۱) خطبات سیرۃ رسول ﷺ، پروفیسر ڈاکٹر محمد یوسف فاروقی، اسلامک ریسرچ سنٹر بہاءالدین زکریا یونیورسٹی ملتان، ص: ۵۲

(۲) (شیخین کی شرط پر اس حدیث کی سند صحیح ہے)، مسند الإمام أحمد بن حنبل، حدیث نمبر: ۱۸۳۷۳، ۳۰/۳۲۳

إِنَّ هَذَا الْقُرْآنَ مَأْدُبَةُ اللَّهِ، فَمَنْ دَخَلَ فِيهِ فَهُوَ آمِنٌ(۱)

ترجمہ: بے شک قرآن اللہ کا دستر خوان ہے، پس جو شخص اس میں داخل ہو گیا وہ امن پا گیا۔

قرآن پاک وہ عظیم نصاب ہے جو چشمہ رشد وہدایت ہے۔قرآن بھی ایک، اللہ بھی ایک، رسول بھی ایک یہی وحدت کی علامت ہے، ارشاد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے:

(( أُرْسِلْتُ إِلَى الخَلْقِ كَافَّةً، وَخُتِمَ بِيَ النَّبِيُّونَ ))(۲)

ترجمہ: اور مجھے مخلوقات کی طرف بھیجا گیا ہے، انبیاء کا سلسلہ مجھ پر ختم ہو گیا۔

## نماز وحدت کی علامت:

اسلام نے تمام انسانوں کے لیے بندگی اور اللہ سے اظہار محبت کا انداز نماز مقرر کیا ہے، علامہ اقبال فرماتے ہیں:

ایک ہی صف میں کھڑے ہو گئے محمود و ایاز — نہ کوئی بندہ رہا نہ کوئی بندہ نواز(۳)

نماز میں ایک امام کے پیچھے سب لوگ منظم انداز سے کھڑے ہوتے ہیں۔ ایسا نہیں ہوتا کہ کوئی مسجد کے اس کونے میں ہے تو دوسرا کسی اور کونے میں۔ کوئی امام سے آگے ہے تو کوئی پیچھے۔ بلکہ سبھی منظم انداز سے اور باہم ایک ہو کر کھڑے ہوتے ہیں۔ امام کی مکمل اقتدا کا حکم دیا گیا ہے۔ یہ نہیں کہ کوئی امام سے پہلے رکوع اور سجود کر لے۔ بلکہ ایسا کرنے والے کو سخت عذاب کی وعید سنائی گئی ہے۔ تو امام کی پیروی اور اس سے آگے نہ بڑھنا اور منظم انداز سے کھڑے ہونا اور فقط کلام مجید کی تلاوت یہ سب باتیں تفریق کی نہیں بلکہ تنظیم کی دعوت دے رہی ہیں۔ جو سب لوگوں کو ایک ہی نقطہ پر جمع کرنا چاہتی ہیں۔

## حج ایک عظیم وحدت:

حج کے مناظر کسی بھی صاحب ایمان سے پوشیدہ نہیں۔ ایک ایک رکن بنی نوع انسان کو وحدت انسانی کا درس دے رہا ہے۔ لباس کا اختلاف ختم، زبان کا اختلاف ختم، رنگ کا اختلاف ختم، ایک ہی لباس ہے اور ایک ہی نغمہ جس کی صدا بلند ہو رہی ہے ہر طرف سے یہی صدا آرہی ہے:

لَبَّيْكَ اللَّهُمَّ لَبَّيْكَ، لَبَّيْكَ لاَ شَرِيكَ لَكَ لَبَّيْكَ، إِنَّ الحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالملكَ، لاَ شَرِيكَ لَكَ

اگر کوئی ذی شعور غور و فکر کرے تو اس پر یہ بات عیاں ہو جاتی ہے۔ یہ ساری یکسانیت ہمیں وحدت کا درس دے

---

(۱) الزهد والرقائق، ص: ۲۷۲

(۲) (علامہ حسین سلیم نے اس حدیث کی سند کو صحیح قرار دیا ہے)، الجامع الکبیر، محمد بن عیسی، بَابُ مَا جَاءَ فِي الغَنِيمَةِ، حدیث نمبر: ۱۵۵۳، دار الغرب الإسلامي، بیروت، ۱۷۵/۳

(۳) کلیات اقبال، اقبال اکادمی، ط/۱، پاکستان، لاہور، ۱۹۹۰ء، ص: ۱۹۰

رہی ہے۔دین اسلام کے مطابق انسان ایک باپ اور ایک ماں کی اولاد ہونے کی وجہ سے آپس میں بھائی بھائی ہیں۔اس لیے نسل کی بناپر کسی علیحدہ قومیت کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا اور نسب کی وجہ سے آدم علیہ السلام کا ہر بیٹا آدمی ہے[۱]

دین اسلام کا یہ طرہ امتیاز ہے کہ ہر طرح کی تفریق چھوڑ کر وحدت انسانی کا درس دیتا ہے ۔سید عرب و عجم ﷺ نے تمام بری خصلتوں سے منع فرمادیا جو آپس میں نفرت اور لڑائی جھگڑے کا باعث بنتی ہیں:

((إِيَّاكُمْ وَالظَّنَّ، فَإِنَّ الظَّنَّ أَكْذَبُ الحَدِيثِ، وَلاَ تَحَسَّسُوا، وَلاَ تَجَسَّسُوا، وَلاَ تَحَاسَدُوا، وَلاَ تَدَابَرُوا، وَلاَ تَبَاغَضُوا، وَكُونُوا عِبَادَ اللَّهِ إِخْوَانًا))[۲]

ترجمہ: بدگمانی سے بچو، بے شک بدگمانی سب سے جھوٹی بات ہے۔نہ ٹوہ لگاؤ نہ جاسوسی کرو، نہ حسد کرو، نہ غیبت کرو اے اللہ کے بندو آپس میں بھائی بھائی بن جاؤ۔

یہود ونصاریٰ نے اپنے دین کے اصولوں کو پس پشت ڈال دیا تھا۔فروعی اور جزوی مسائل کو انھوں نے اتنی اہمیت دے رکھی تھی کہ انہیں کی وجہ سے کفر کے فتوے لگائے جاتے اور ملت کی وحدت کو انتہائی بے دردی سے پارہ پارہ کیا جاتا۔ آج ہم بھی اسی مقام پر کھڑے ہیں ایک خدا، ایک رسول، ایک کتاب اور ایک کعبۃ اللہ رکھنے والی قوم افتراق وانتشار کا شکار ہو گئی ہے۔اس انتشار وافتراق کا ایک ہی علاج ہے۔اور وہ ہے اسلامی تعلیمات کا احیاء اور زندگی میں اس کو اولیت دینا۔

## حاصل کلام:

۱-ہمارا سارا دینی نظام وحدت انسانی کا درس دیتا ہے۔

۲-آمد مصطفیٰ سے قبل انسانوں میں انسانیت کا عنصر مفقود تھا۔

۳-آپ ﷺ کی تعلیمات کی بدولت لوگ متحد ہو گئے۔

۴-دین اسلام نے سب کو ایک نقطے پر جمع کیا دین کا پیغام یہ ہے کہ تمام لوگ حضرت آدم کی اولاد ہیں۔

۵-تمام شعائر اسلام وحدت امت کا پیغام دے رہے ہیں۔

۶- آپ ﷺ نے آخری خطبہ میں وحدت نسل انسانی کا پیغام دیا: تمہارا پالنے والا ایک ہے۔اللہ کے نزدیک تم سے زیادہ عزت والا وہ ہے جو متقی ہے۔

---

(۱) اسلام اور جدید افکار، سید تنویر بخاری، پروفیسر حمید اللہ جمیل، ایورنیو بک پبلس اردو بازار لاہور ص: ۴۰۲

(۲) صحيح البخاري، بَابُ مَا يُنْهَى عَنِ التَّحَاسُدِ وَالتَّدَابُرِ، حدیث نمبر: ۶۰۶۴، ۱۹/۸

# فصل دوم:

## دین قومیت کی بنیاد

عرف عام میں " قوم "انسانوں کے گروہ کا نام ہے جو مل جل کر رہنے کا خواہاں ہو۔اور اجتماعی وحدت نے جن کی شیرازہ بندی کردی ہو۔اس گروہ کے افراد میں مل جل کر رہنے کا جو احساس پایا جاتا ہے اس کا نام قومیت ہے۔دور حاضر کی سیاسی اصطلاح میں اسے نیشلنزم کہتے ہیں۔

جتنے فلسفے اور تعریفات قوم کے متعلق بیان ہوئے ہیں اسلام کا فلسفہ ان سب سے وراء ہے۔اسلام نے رنگ نسل وطن زبان مشترکہ مفادات معیشت سیاست جن کی بنیاد پر انسان نے اپنی جہالت ونادانی کی وجہ سے انسانیت کو تقسیم کرر کھا تھامٹادیا۔اور بنی نوع انسان کو ہم مرتبہ قرار دیا۔اسلام بذات خود ایک قومیت ہے۔جو خدا کی بندگی واطاعت طہارت تقویٰ اوراعمال صالحہ کے ذریعے انسانیت کو فلاح پانے کی دعوت دیتا ہے۔پس جو شخص اس دعوت کو قبول کرے وہ ایک قوم ہے اور جورد کرے وہ دوسری قوم ہے۔چنانچہ دنیا کے تمام مسلمان خواہ وہ زمین کے کسی بھی خطے میں ہوں وہ ایک قوم ہیں اس قوم کا نام مسلم ہے[۱]

اس فصل میں دین قومیت کی بنیاد ہے پر گفتگو کی گئی ہے۔

### مختلف مفکرین کے نزدیک قومیت کی تعریف:

قوم پرستی، یہ اصطلاح جو لفظ قوم سے مشتق ہے قبائلی اصل کا پتہ دیتی ہے۔اور ان لوگوں کے گروہ کے لیے استعمال ہوتی ہے جو ایک جد ہونے کے دعویدار ہوں، یہ اصطلاح ایک قبیلے کے لیے بھی استعمال ہوتی ہے، جس کے افراد کے آباؤاجداد ایک ہوں[۲]

### قومیت، سید ابوالاعلیٰ رحمہ اللہ کی نظر میں:

اس میں شک نہیں کہ قومیت کی ابتدا ایک معصوم جذبے سے ہوتی ہے یعنی اس کا اوّل مقصد یہ ہوتا ہے کہ ایک خاص گروہ کے لوگ اپنے مشترک مفاد و مصالح کے لیے مل کر عمل کریں اور اجتماعی ضروریات کے لیے ایک قوم بن کر رہیں۔لیکن جب ان میں قومیت پیدا ہو جاتی ہے تو لازمی طور پر اس میں عصبیت کا رنگ آجاتا ہے۔جتنی قومیت شدید ہوتی

---

(۱) اسلام اور جدید افکار، سید تنویر بخاری، پروفیسر حمید اللہ جمیل، ایور نیو بک پبلس اردو بازار، لاہور، ص: ۴۰۳

(۲) اردو دائرہ معارف اسلامیہ، ط/۱، دانش گاہ پنجاب لاہور، ۱۹۷۸ء، ۴۴۸/۱۶

چلی جاتی ہے اس قدر عصبیت بھی شدید ہوتی جاتی ہے [۱]

Prof Bryan A.Garner:

> A nation is a stable community of people, formed on the basis of a common language, territory, history, ethnicity, or psychological make-up manifested in a common culture.A nation is more overtly political than an ethnic group (۲)

پروفیسر گارنر کے نزدیک:

> قوم ایک ایسا معاشرتی گروہ ہے جو ثقافتی طور پر یکساں ہو اور اپنی روحانی زندگی اور اظہار کی وحدت کو شعوری طور پر سختی سے قائم رکھنا چاہتا ہو۔

(Renan)فرانسیسی مفکر ریناں [۳] کے خیال میں:

> قوم بننے کے لیے مشترکہ زبان یا نسل ضروری نہیں بلکہ قوم ایسے لوگ ہیں جو مشترک تاریخ ورثہ کے باعث اپنے سابقہ تجربے اور روایات کی بنا پر ہمیشہ مل جل کر مشترکہ زندگی گزارنے کے جذبے سے سرشار ہوں [۴]

پروفیسر Ernest barker کے نزدیک:

> قوم سے مراد افراد کا ایسا مجموعہ ہے جو ایک خاص علاقے میں بستے ہوں جہاں رہ کر وہ اپنے مختلف خون اور رنگ کے اختلاط سے نسلاً ایک بن گئے ہوں اور نفسیاتی طور پر اپنے ذہن خیالات احساسات اور جزبات میں ہم رنگ ہوگئے ہوں اور اپنی زبان ثقافت اور مذہب وغیرہ میں مشترکہ اور سیاسی شعور اور مقاصد میں ہم خیال ہوگئے ہوں [۵]

مذکورہ بالا تعریفات کی روشنی میں قومیت کی وضاحت یوں کی جاسکتی ہے قومیت ایک روحانی جزبہ یا اصول ہے جو لوگوں کی ایسی تعداد کے اندر پیدا ہوجاتا ہے جو ایک خاص خطہ زمین میں رہتے ہوں۔اور جن میں ایک ہی زبان، ایک ہی مذہب، یکساں

---

(۱) مسئلہ قومیت، سید ابوالاعلی مودودی، دفتر رسالہ ترجمان القرآن لاہور، ص:۱

(۲) Blacks law dictionary,Bryan A.Garner,edition/10,Publisher:Thomson Retuers,2014,p:1183

(۳) (ریناں: ۱۸۲۲-۱۸۹۲)فرانسیسی مستشرق، ادیب اور مؤرخ جس نے یہود اور نصاریٰ کے مذہب اور ان کی تاریخ کا علمی اور فلسفیانہ انداز سے مطالعہ کیا۔وہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی الوہیت کا منکر تھا۔کیتھولک پادری اسے ملحد قرار دیتے تھے۔ریناں کی تالیفات: سیرت حضرت مسیح، تاریخ بنی اسرائیل، نصرانی مذہب کے اصول مبادی۔اسلامی انسائیکلوپیڈیا، مدیر سید قاسم محمود، بشیر سنز پرنٹرز، کراچی، ص:۱۳۷۵)

(۴) What is a Nation, Ernest Renan, ed. 1996. Oxford University Press New York, P:52

(۵) Principles of Social and Political Theory , Ernest Barker,Publisher:Oxford University,1952, p:53

تاریخی روایات، مشترک اغراض و مقاصد، اور مشترک سیاسی میل جول اور مطمع نظر موجود ہو۔

## قوم پرستی کا آغاز:

قومیت کا آغاز پندرھویں صدی میں مغربی یورپ کے دو ممالک فرانس اور انگلستان سے ہوا۔ان دونوں کے درمیان دیرینہ جنگ جاری تھی۔ جس کو ان کی تاریخ میں صد سالہ جنگ کہتے ہیں۔ جنگ کے نتیجے میں دونوں ملکوں کے درمیان قومی جذبات ابھرے جو قرون وسطیٰ کے عیسائی نظریات کے مخالف تھے۔ان جزبات کے نتیجے میں یہ دونوں ملک دو قومی ریاستیں بن گئیں۔ سولہویں صدی میں یورپ میں مذہبی جنگیں شروع ہوئیں تو سپین [۱] اور ہالینڈ دو قومی ریاستیں بن گئے۔ یہ عمل جاری رہا حتی کہ اٹھارویں صدی میں سارا مغرب اور وسطی یورپ قومی ریاستوں میں بٹ گیا۔انقلاب فرانس کے نتیجے میں قومیت اور قوم پرستی کی لہر مشرقی یورپ اور جنوبی یورپ میں بھی پھیل گئی۔جب موجودہ صدی شروع ہوئی تو قومیت کی لہر یورپ کی حدود سے باہر ترکی، عرب، چین، جاپان، برطانوی ہند اور دیگر ممالک میں بھی پھیل گئی۔ پہلی جنگ عظیم میں یورپ کی سامراج طاقتوں کو پہلا زبردست جھٹکا لگا اور وہ قدرے کمزور پڑ گئیں جس کی وجہ سے براعظم ایشیا اور افریقہ میں چند قومی ریاستیں وجود میں آئیں جن میں چین ترکی اور مصر [۲] قابل ذکر ہیں۔

جب دوسری جنگ عظیم ختم ہوئی تو یورپ اور امریکہ کی سامراجی طاقتوں کی عالمگیر قوت بھی ختم ہونے لگی۔اور جن علاقوں پر انھوں نے قبضہ کیا ہوا تھا وہ ایک ایک کر کے ان کے چنگل سے آزاد اور خود مختار ہو کر قومی ریاستیں بننے لگے۔ مگر قومیت کی لہر اب بھی زوروں پر ہے [۳]

قومیت کا جزبہ جنگ وجدال کے زمانے میں پیدا ہوتا ہے۔جنگ کے زمانے میں اپنے دشمنوں سے نفرت کے ساتھ ساتھ یہ تصور بھی پیدا ہوتا ہے کہ زبان، تمدن، ثقافت، رسم ورواج، لباس، رہن سہن، مذہب وغیرہ مختلف ہیں۔اس خیال کو اس وجہ سے بھی تقویت ملتی ہے کہ ہر انسان اپنی مادری زبان اور ملکی طرز زندگی کو غیر ملکی زبان اور طرز زندگی سے زیادہ عزیز اور بہتر تصور کرتا ہے۔اور اس طرح قومی جزبے کے ساتھ کنبہ داری، قرابت داری، حب الوطنی کے لطیف جزبات بھی

---

(۱) (سپین: جنوبی مغربی یورپ میں ایک پارلیمانی بادشاہت جو آئبیریائی جزیرہ نما کا زیادہ تر حصہ گھیرے ہوئے ہے۔اس کے شمال میں بسکے گھاڑی، فرانس، اینڈورا، مشرق میں میڈی ٹرینیئن سمندر جنوب میں میڈی ٹرینیئن و بحر اوقیانوس اور مغرب میں پرتگال و بحر اوقیانوس واقع ہیں۔عالمی انسائیکلو پیڈیا، ۱/۱۱۷۲)

(۲) (مصر: زبان قبطی میں مصر کو خم کہتے ہیں۔ عبرانی میں مصریم کہتے ہیں جہاں حضرت موسیٰ علیہ السلام کو ٹوکرے میں دریائے نیل سے بہتے ہوئے نکالا تھا اس جگہ کو مصریم کہتے ہیں آگے چل کر مصر کہا جانے لگا۔اس کے شمال میں بحر ابیض، مشرق میں بلاد شام و عرب اور بحر احمر جنوب میں بلاد نوبیہ۔اس کا رقبہ تین لاکھ تراسی ہزار مربع میل ہے۔آبادی کے اعتبار سے مصر دنیا کا پندھرواں اور افریقہ کا دوسرا سب سے بڑا ملک ہے۔ مصر کی ۷ کروڑ ۸۸ لاکھ لوگوں کی اکثریت دریاے نیل کے قریب رہتی ہے۔تاریخ ملت، مفتی زین العابدین سجاد میرٹھی، مکتبۃ العلم، لاہور، ۲۰۱۴ء، ۲/۲۵۳)

(۳) اسلام اور جدید افکار، ص: ۴۰۰-۴۰۱

شامل ہو جاتے ہیں۔اور ہر ایک قومی گروہ ان جزبات سے سرشار ہو جاتا ہے۔ پھر ایسا قومی گروہ نہ صرف علیحدہ تہذیب وتمدن، مذہب وزبان، نسل ورنگ،ادب وفن وغیرہ میں اپنی امتیازی حیثیت تلاش کرتا ہے بلکہ اس پر فخر بھی کرتا ہے۔اور دوسرے ملکوں پراسے مسلط کرتا ہے۔اس طرح قوموں میں جنگ وجدال کا بازار گرم ہو جاتا ہے۔اس طرح قومیت کا جزبہ سامراجیت کی شکل اختیار کرلیتا ہے اور بنی نوع انسان کے لیے خطرات کا موجب بن جاتا ہے[۱]

قوم پروری کا جزبہ قومی انفرادیت اور قومی اتحاد کے احساس سے پیدا ہوتا ہے۔یہ وہ جزباتی کیفیت ہے جو افراد کے اندر اولوالعزمی، عمل اور قربانی کی روح پھونکتی ہے۔یہ قومی انفرادیت جب اپنی انتہا کو پہنچتی ہے تو اس کا ایک نتیجہ دوسری قوموں کے کنارہ کشی اور ان کے تیئں نفرت ونارواداری کی شکل میں اور دوسرا نتیجہ دوسری قوموں کے لیے جارحیت پسندی اور سلطنت طلبی کی صورت میں نکلتا ہے۔

قومی آزادی کے حصول کے،اور ہر قومی حکومت کے پیش نظر دو خاص مقاصد ہوتے ہیں ایک تو یہ کہ ہر ممکن طریقے سے قومی طاقت اور قومی اثرورسوخ کے بڑھنے کا جس کے نتیجے میں قومی مفاد اور مصلحت تمام مصلحتوں سے بالاتر ہو جاتی ہے۔

دوسرا ہر ممکن وسیلہ سے اپنے مخصوص قومی کردار اور قومی کلچر کی تشکیل کا،تاکہ اس کی قوم دوسری اقوام سے منفرد اور ممیز ہو سکے۔اس کے نتیجہ میں قومی برتری کا احساس پیدا ہوتا ہے۔جو بین الاقوامی مساوات اور انصاف کے حق میں زہر ہلاہل ہے قومی مملکتیں اپنے مفادات کو بین الاقوامی مفادات پر فوقیت دیتی ہیں۔اس کا نتیجہ قومی انانیت، نفسانیت، تشدد ،جارحیت، کی کشمکش، بین الاقوامی استحصال،استعمار واستیلاء کی شکل میں نکلتا ہے[۲]

سید ابوالاعلی مودودیؒ اسلام میں قومیت کی بنیاد کے بارے میں لکھتے ہیں ایک قوم ایمان اور اسلام کی ہے اور ایک قوم کفر وگمراہی کی۔ان دونوں قوموں کے درمیان بنائے امتیاز نسل اور نسب نہیں عقیدہ اور عمل ہے۔ہو سکتا ہے ایک باپ کے دو بیٹے اسلام اور کفر کی تفریق میں جدا جدا ہو جائیں۔اور دو بالکل اجنبی آدمی اسلام میں متحد ہونے کی وجہ سے ایک قومیت میں مشترک ہوں۔وطن، رنگ، زبان کا اختلاف بھی ان دونوں قوموں کے درمیان وجہ امتیاز نہیں ہے۔یہاں جھگڑا دولت زر کا نہیں دولت ایمان کا ہے۔کسی انسانی سلطنت کا نہیں خدا کی بادشاہت کا ہے۔جو لوگ حکومت الٰہی کے وفادار ہیں اور خدا کے ہاتھ اپنی جانیں فروخت کر چکے ہیں وہ سب ایک قوم ہیں۔خواہ وہ دنیا کے کسی کونے میں ہی ہوں۔اور جو خدا کی حکومت سے باغی ہیں اور شیطان سے جان ومال کا سودا کر چکے ہیں وہ ایک دوسری قوم ہیں[۳]

---

(۱) اسلام اور جدید سیاسی وعمرانی افکار، ص: ۳۳۲

(۲) مبادی سیاسیات، محمد فیض آبادی، قاضی پبلشرز، ڈسٹری بیوٹر، دہلی،۱۹۹۸ء، ص: ۲۲۰-۲۲۱

(۳) اسلامی ریاست، ص: ۲۴۰، مسئلہ قومیت، سید ابوالاعلی مودودی، دفتر رسالہ ترجمان القرآن، لاہور، ص: ۱۸

## قومیت کے بنیادی عناصر:

رنگ، نسل، زبان، وطن، قومیت یہ عناصر پوری دنیا میں فساد کا موجب بنے رہے ہیں۔ پرانے زمانے سے موجودہ دور تک انسان بالعموم انسانیت کو نظر انداز کر کے اپنے گرد چھوٹے چھوٹے دائرے کھینچتا رہا ہے۔ جن کے اندر پیدا ہونے والے کو اس نے اپنا اور باہر پیدا ہونے والے کو اس نے غیر قرار دیا ہے (۱)
تصور یہ ہے کہ درج ذیل عناصر قومیت کو بنیاد فراہم کرتے ہیں۔

## مشترک وطن:

ایک خطہ سرزمین میں رہنے والے افراد میں اخوت ومحبت کے جزبات پیدا ہو جاتے ہیں جو باہمی اتحاد کا سبب بنتے ہیں مشترک وطن بڑی حد تک قومیت کے جزبات کو نشوونما دیتا ہے لیکن اس جزبے کے تسلسل کے لیے ایسا نہیں ہے کہ اس کے بغیر چارہ ہی نہ ہو۔

## مشترک نسل:

مشترک نسل یہ قدرتی بات ہے کہ ایک نسل سے تعلق رکھنے والے افراد کے درمیان اتحاد کا جزبہ پیدا ہو جاتا ہے۔ اور ایک ہی نسل کے لوگ اپنے آپ کو ایک قوم سمجھتے ہیں۔ لیکن یہ بات فراموش نہیں کرنی چاہیے کہ قومیت کے نشوونما کے تعلق میں مشترک نسل کوئی ناگزیر چیز نہیں۔ جدید نسلیں بالکل خلط ملط ہو گئی ہیں۔ قومیت کی نشوونما کے لیے بس اس قدر کافی ہے کہ لوگ یہ باور کر لیں ان کا کسی ایک نسل سے تعلق ہے خواہ یہ گمان غلط ہو یا صحیح ہو۔

## مشترک رنگ:

رنگ بھی قوم کا ایک ہونے میں خاص کردار ادا کرتا ہے۔ سیاہ رنگ کی وجہ سے حبشیوں کو ایک قوم کہا جاتا ہے اور اسی بناء پر امریکہ میں گورے اور کالے کا امتیاز موجود ہے۔

## مشترک زبان:

قومیت کی نشوونما میں زبان بھی خاص کردار ادا کرتی ہے۔ ایک زبان رکھنے والے بہت جلد ایک دوسرے کے ہم خیال بن جاتے ہیں۔ کیونکہ مشترک زبان کی بدولت ان کے ہاں تبادلہ افکار ممکن ہو جاتا ہے۔ پس قومیت کے نشوونما کے سلسلے میں مشترک زبان ایک اہم حثیت کی مالک ہے۔

---

(۱) اسلام اور رواداری، متین طارق باغپتی، ط/۱، اسلامک پبلیکیشنز لاہور، ۱۹۸۶ء، ص: ۳۸

## مشترک مذہب:

مشترک مذہب واعتقادات رکھنے والے بہت جلد ایک دوسرے کے قریب ہو جاتے ہیں یوں سمجھیں کہ مذہب دلوں کو جوڑنے کے لیے ایک زبردست قوت کا مالک ہے۔ مشترک مذہب دلوں کو جوڑنے کی بے بہا قوت کا مالک ہے۔ مشترک مذہب اعتقادات اور رسوم کے باعث لوگ باہم قریب تر ہو جاتے ہیں۔ اور ان میں ایک ہونے کا جزبہ بڑھ جاتا ہے۔ تخلیق پاکستان اس بات کی ایک عمدہ شہادت ہے کہ مذہب کس طرح لوگوں کو متحد کرتا ہے۔

## مشترک مفادات:

مشترکہ مفادات بھی قومیت کے ارتقاء میں معاون ثابت ہوتے ہیں جیسا کہ امریکی عوام مشترکہ مفادات کی بناء پر ایک قوم ہے(۱)

## مشترک تاریخ، ثقافت اور روایات:

مشترک تاریخ، مشترک روایات اور مشترک ثقافتی ورثہ لوگوں میں اتحاد باہم کا احساس پیدا کرنے میں ایک اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ امریکی جنگ آزادی کی یاد ہر امریکی کے ذہن کو فخر سے سرشار کر دیتی ہے اور اپنے ہم وطنوں کے ساتھ متحد رہنے کا جزبہ بیدار کرتی ہے(۲)

وحدت امت کے لیے اسلام میں زبردست اور بہترین دواعی اور تعلیمات موجود ہیں جو کسی بھی مذہب کے پاس نہیں:

﴿يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّا خَلَقْنَاكُمْ مِنْ ذَكَرٍ وَأُنْثَى﴾(۳)

ترجمہ: اے لوگو بے شک ہم نے تمہیں مرد اور عورت سے پیدا کیا ہے۔

اس آیۃ میں اللہ جل شانہ نے اس بڑی گمراہی کی اصلاح کی ہے جو دنیا میں فساد کا باعث بنی رہی ہے۔ یعنی نسل، رنگ ، زبان، وطن اور قومیت کا تعصب قدیم ترین زمانے سے آج تک، ہر دور میں انسان بالعموم انسانیت کو نظرانداز کر کے اپنے گرد چھوٹے چھوٹے دائرے کھینچتا رہا ہے۔ جن کے اندر پیدا ہونے والوں کو اس نے اپنا اور باہر پیدا ہونے والوں کو غیر قرار دیا ہے۔ ان کی بناء ایک خاندان نسل یا قبیلے میں پیدا ہونا ہے۔ اور کہیں ایک جغرافی خطے میں یا خاص رنگ یا خاص زبان بولنے والے قوم میں پیدا ہونا پھر ان بنیادوں پر اپنے اور غیر کی جو تمیز قائم کی گئی ہے اس تمیز نے نفرت عدوات تحقیر وتذلیل اور ظلم

---

(۱) اسلامی ریاست (فلسفہ نظام کار اور اصول حکمرانی) سید ابوالاعلیٰ مودودی، اسلامک پبلی کیشنز، لاہور (ماخوذ ترجمان القرآن دسمبر ۱۹۳۳ء) ص: ۲۲۲

(۲) اسلام اور جدید سیاسی و عمرانی افکار، ایس ایم شاہد، ایور نیو بک پبلش لاہور، ص: ۳۲۹

(۳) سورۃ الحجرات ۴۹ : ۱۳

وستم کی بد ترین شکلیں اختیار کی ہیں [1]

## قومی اتحاد کا جذبہ:

قومی اتحاد کا جذبہ کسی بھی قوم کی تشکیل کا جزولاینفک ہے۔ اگر مندرجہ بالا عناصر میں اگرایک یازیادہ عناصر نہ بھی پائے جائیں تو قوم کی تشکیل ممکن ہے۔ لیکن اگر کسی ملک یا قوم میں قومی اتحاد کا جزبہ کارفرمانہ ہو تو یہ قوم زیادہ عرصے تک قوم نہیں رہے گی۔ قومیت بالآخر ایک روحانی جزبہ ہے جو ایک نسل آنے والی نسلوں کو وراثتاً دیتی ہے۔ اوراس طرح قوم کا تصور سیاسی نصب العین کی صورت میں اس کے ہر رکن کے ذہن میں کارفرماہوتاہے اس کے طفیل ہی قوم زندہ رہتی ہے [2]

## نظریہ مساوات:

تاجدار عرب وعجم نے اسلامی انقلاب کے ذریعے جو معاشرہ ترتیب دیا اس میں بنیادی حقوق کے اعتبار سے بھی تمام باشندوں میں مساوات تھی۔ نسل، رنگ، خون، زبان، خاندان، یاذات، برادری کی بناء پر کوئی برتر یا کم تر نہ تھا۔ سب کے سب افراد مساوی حقوق انسانی سے بہرہ ور تھے [3]

## اسلامی تصور قومیت:

اسلام میں قوم کے بجائے امت اور ملت کے الفاظ بھی استعمال ہوئے ہیں، قرآن میں ہے:

﴿كُنْتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ﴾ [4]

ترجمہ: تم بہترین امت ہو جو لوگوں کے واسطے نکالی گئی ہے۔

قرآن پاک میں ایک اور مقام پر امت کا لفظ آیا ہے، ارشاد خداوندی ہے:

﴿وَكَذَٰلِكَ جَعَلْنَاكُمْ أُمَّةً وَسَطًا﴾ [5]

ترجمہ: اور اسی طرح ہم نے تمہیں درمیانی امت بنایا ہے تاکہ تم بنی نوع انسان پر گواہ ہو اور رسول تم پر گواہ ہوں۔

اسلام میں نسل، رنگ، زبان اور وطن وغیرہ قومیت کی بنیاد نہیں ہیں۔ اسلامی عقیدہ کے مطابق تمام انسان ایک ہی

---

(۱) اسلام کے معاشرتی آداب سورۃ الحجرات کی روشنی میں، سید ابوالاعلیٰ مودودی، اسلامک سروسز سوسائٹی، لاہور، ص: ۳۹

(۲) اسلام اور جدید سیاسی وعمرانی افکار، ص: ۳۳۰

(۳) رسول اکرم ﷺ کی حکمت انقلاب سید اسعد گیلانی، ادارہ ترجمان القرآن، لاہور، ص: ۳۶۵

(۴) سورۃ آل عمران ۳: ۱۱۰

(۵) سورۃ البقرۃ ۲: ۱۴۳

نسل ہیں اور تمام کے حقوق اسلام کی نظر میں برابر ہیں، ارشاد خداوندی ہے:

﴿خَلَقَكُمْ مِنْ نَفْسٍ وَاحِدَةٍ﴾(۱)

ترجمہ: اللہ تعالیٰ نے تمہیں ایک ہی جان سے پیدا کیا ہے۔

اسی طرح اسلام قومیت کی بنیاد رنگ کو قرار نہیں دیتا بلکہ آپ ﷺ نے رنگ کی بنیاد پر تفریق کی نفی فرمائی ہے، ارشاد مصطفی ﷺ ہے:

((لَا لِأَسْوَدَ عَلَى أَبْيَضٍ وَلَا لِأَبْيَضَ عَلَى أَسْوَدَ فَضْلٌ إِلَّا بِالتَّقْوَى))(۳)

ترجمہ: کسی گورے کو کالے پر اور کسی کالے کو گورے پر کوئی فضیلت حاصل نہیں ہے سوائے تقوی کے۔

اس لیے حکم دیا اگر کوئی حبشی تمہارا حاکم بن جائے، قرآن و سنت کے مطابق تمہیں حکم دے تو اس کی اطاعت کرو، آپ ﷺ کا ارشاد ہے: سنو اور اطاعت کرو

((وَإِنِ اسْتُعْمِلَ حَبَشِيٌّ كَأَنَّ رَأْسَهُ زَبِيبَةٌ))(۴)

ترجمہ: چاہے تم پر کوئی حبشی غلام ہی امیر بنا دیا جائے جس کا سر کشمش جیسا ہو۔

اسلامی قومیت کی بنیاد نہ نسب پر ہے نہ مال و دولت پر ہے۔ آپ ﷺ نے ان تمام تفریقات کی سختی سے نفی فرمائی ہے:

((أَلَا كُلُّ مَأْثُرَةٍأَوْدَمٍ أَوْ مَالٍ يُدَّعَى فَهُوَ تَحْتَ قَدَمَيَّ هَاتَيْنِ))(۵)

ترجمہ: خبردار سنو کہ فخر و ناز کا ہر سرمایہ خون اور مال کا ہر دعویٰ آج میرے ان قدموں کے نیچے ہے۔

حکیم الامت علامہ اقبال رحمہ اللہ نے قیام پاکستان سے قبل تحریک آزادی کے سلسلہ میں جب فرمایا تھا کہ قوم مذہب سے بنتی ہے تب مولانا حسین احمد مدنی رحمہ اللہ نے اس سے اختلاف کیا۔ اس پر حکیم الامت نے مولانا حسین احمد مدنی رحمہ اللہ کے بارے میں فرمایا:

عجم ہنوز نداند رموز دیں ورنہ — ز دیوبند حسین احمد ایں چہ بوالعجبیست

سرود بر سرِ منبر کہ ملت از وطن است — چہ بے خبر ز مقام محمد عربیست

بمصطفیٰ برساں خویش را کہ دیں ہمہ اوست — اگر باو نرسیدی تمام بولہبیست(۶)

---

(۱) سورة النساء ۴: ۱

(۳) (شعیب الارنؤوط اور عادل مرشد کی تحقیق کے مطابق یہ حدیث صحیح ہے)، مسند الإمام أحمد بن حنبل، حدیث نمبر: ۲۳۴۸۹، ۴۷۴/۳۸

(۴) صحيح البخاري ، بَابُ إِمَامَةِ العَبْدِ وَالمَوْلَى، حدیث نمبر: ۶۹۳، ۱۴۰/۱

(۵) السيرة النبوية، لابن هشام، عبد الملك بن هشام ط/۲، ۱۹۵۵ء، ۴۱۲/۲

(۶) ارمغان حجاز، ڈاکٹر علامہ محمد اقبال، ص: ۶۲

عجم کو ابھی تک رموز دیں کی خبر نہیں، ورنہ دیوبند کے مولانا حسین احمد رحمہ اللہ یہ بوالعجبی نہ کرتے۔ یہ تو گویا منبر پر سرود بجانے کے مترادف ہے کہ قوم وطن سے بنتی ہے۔ یہ مقامِ محمد عربی سے کس قدر بے خبری ہے۔ اپنے آپ کو محمد مصطفی ﷺ کی فکر تک پہنچاؤ کہ وہ ہی سرتاپا دین ہیں۔ اگر آپ ان تک نہ پہنچے تو سب کچھ بولہبی ہے۔

## تعصب کی نفی:

ظہور اسلام کے وقت اسلام کے پھیلنے میں سب سے بڑی رکاوٹ نسل و وطن کے تعصبات اور امتیازات تھے۔ قریش قوم ان تعصبات میں پیش پیش تھی وہ کہنے لگے یہ قرآن اگر خدا کی طرف سے اترتا تو مکۃ المکرمہ کے بڑے آدمی پر اترتا:

﴿وَقَالُوا لَوْلَا نُزِّلَ هَذَا الْقُرْآنُ عَلَى رَجُلٍ مِنَ الْقَرْيَتَيْنِ عَظِيمٍ﴾(۱)

ترجمہ: انھوں نے کہا یہ قرآن دو بستیوں میں سے بستی کے کسی بڑے آدمی پر کیوں نہ اترا۔

انسانی ساخت اور فطرت و مزاج میں شراکت کے باوجود ایک دوسرے سے رنگ و نسل اور وطن کی بنیاد پر تعصب برتنا مضحکہ خیز اور ناقابل فہم ہے۔ ظہور اسلام کے وقت ہر طرف دنیا تعصب کی آگ میں جل رہی تھی کوئی مذہب اور خطہ اس سے بچا ہوا نہیں تھا۔ یہود عرب ایک نبی کے منتظر تھے۔ ان یہودیوں کی دی ہوئی خبروں کا نتیجہ یہ نکلا کہ جب آپ ﷺ نے دین کی طرف بلایا تو مدینہ کے بہت سے باشندے مسلمان ہو گئے۔ مگر خود یہودیوں کو جس چیز نے آپ ﷺ کی تصدیق سے روکا وہ یہ نسلی عصبیت ہے۔ نصاریٰ کا بھی یہی حال تھا وہ نبی کے منتظر تھے۔ مگر توقع یہ کرتے تھے کہ شام میں پیدا ہو گا عرب کے کسی نبی کو ماننے کے لیے وہ تیار نہ تھے۔ مقوقس(۲) مصر کے پاس جب نبی ﷺ کا پیغام پہنچا تو اس نے کہا کہ مجھے معلوم تھا کہ ایک نبی آئے گا مگر امید یہ تھی کہ وہ شام میں آئے گا۔ خسرو پرویز کے پاس جب آپ ﷺ کا نامہ مبارک پہنچا تو وہ غضبناک ہوا یہ محض تعصب کی بناء پر تھا(۳)

مسلمانوں میں پھوٹ ڈالنے کے لیے یہودیوں کے پاس ایک حربہ یہ بھی تھا کہ مسلمانوں میں قبائلی عصبیت پیدا کریں۔ لیکن نبی ﷺ نے دیگر گمراہیوں کے مٹانے کے ساتھ ساتھ سب سے زیادہ جس چیز کو مٹانے کی کوشش کی وہ یہی جاہلی تعصب تھا، آپ ﷺ فرماتے ہیں:

---

(۱) سورۃ الزخرف ۴۳: ۳۱

(۲) ( مقوقس، مصر کا رومی وائسرائے۔ المقوقس اس کا سرکاری لقب تھا۔ ۷ھ میں آپؐ نے اس عیسائی بادشاہ کو پیغام اسلام بھیجا۔ قاصد کا گرمجوشی سے استقبال کیا۔ اسلام سے بہت زیادہ متاثر ہوا۔ اس نے آپؐ کی نبوت کی گواہی دی اور آپؐ کی خدمت میں تحفے تحائف بھی بھیجے۔ عیسائی پادریوں کے دباؤ کے سبب اسلام قبول نہ کر سکا۔ اسلامی انسائیکلوپیڈیا، مدیر سید قاسم محمود، بشیر سنز پرنٹرز، کراچی، ص: ۱۳۷۵)

(۳) اسلامی ریاست، اسلامی ریاست، محمد احسن تہامی، ط/۱، دار التذکیر، لاہور، ۲۰۰۲ء، ص: ۲۳۳-۲۳۵

(( النَّاسُ كُلُّهُمْ بَنُو آدَمَ وَآدَمُ خُلِقَ مِنْ تُرَابٍ ))[۱]

ترجمہ: لوگ تمام کے تمام اولاد آدم ہیں اور آدم علیہ السلام مٹی سے بنائے گئے۔

## علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک قومیت:

علامہ محمد اقبال بھی قومیت کے اس تصور کے خلاف تھے جس کی بنیاد رنگ نسل زبان یا وطن پر ہو کیونکہ یہ حد بندیاں ایک وسیع برداری قائم کرنے میں روکاٹ بنتی ہیں۔ علامہ اقبال کے نزدیک دین ہی قومیت ہے، فرماتے ہیں:

قوم مذہب سے ہے مذہب جو نہیں تم بھی نہیں  جذب باہم جو نہیں محفل انجم بھی نہیں
دامن دین ہاتھ سے چھوٹا تو جمعیت کہاں  اور جمعیت ہوئی رخصت تو ملت بھی گئی
اقوام میں مخلوق خدا بٹتی ہے اسی سے  قومیت اسلام کی جڑ کٹتی ہے اسی سے[۲]

## حاصل کلام:

۱-اسلامی معاشرہ زندگی کی مسرتوں سے اسی صورت میں ہی لطف اندوز ہو سکتا ہے جب اس کے تمام افراد میں انس، پیار اور محبت ہو۔

۲-اگر قومیت، رنگ، نسل اور وطن کا حصار قائم کرلیں تو پھر معاشرہ تقسیم در تقسیم ہوتا چلا جاتا ہے۔ اسلام پوری ملت اسلامیہ کو ایک قوم کہتا ہے۔

۳-اسلامی قومیت کی بنیاد نسب، مال و دولت پر نہیں ہے اسلامی عقیدہ کے مطابق تمام انسان ایک ہی نسل ہیں۔

۴-مختلف قومیتوں میں منقسم ہونا کسی بھی معاشرے کے لیے اور بالخصوص اسلامی اجتماعیت کے لیے زہر ہے۔

۵-اسلام ایک ہی قوم بننے کی دعوت دے رہا ہے جو دور جدید میں اسلامی اجتماعیت کے استحکام اور مسلمانوں کی قوت اور امن و سلامتی کے لیے ناگزیر عمل ہے۔

---

(۱) (علامہ البانی نے اس حدیث کو حسن قرار دیا ہے)، سنن الترمذي، حديث نمبر: ۳۹۵۵، دار الغرب الإسلامي، بيروت، ۲۲۸/٦

(۲) کلیات اقبال، اقبال اکادمی، ط/۱، پاکستان، لاہور، ۱۹۹۰ء، ص: ۲۲٦

# فصل سوم:

## تکریم انسانیت

اسلام کے معاشرتی نظام کی اساس وبنیاد ہی احترام انسانیت پر ہے۔ عظمت واحترام انسانیت اسلامی تہذیب کی روح اور جان ہے۔ اسلامی تمدن انسان کو نہایت بلند و بالا اور ارفع واعلیٰ مقام دیتا ہے۔ اللہ کی ساری مخلوق میں انسان خصوصی عزت وتکریم کا حامل ہے۔ کیونکہ وہ اشرف المخلوقات ہے اور کائنات کی ہر چیز اس کے لیے مسخر ہے۔ انسان کو اس میں تصرف کر کے فطرتی اختیارات سے نوازا ہے۔ لیکن بعض نادان انسان اپنے ناجائز اختیارات کی بناء پر بے جا دخل اندازی کر کے ہر دور میں انسانیت کے احترام اور عظمت وشرف کو انتہائی بے دردی سے پاؤں تلے پامال کرنے کے درپے ہیں۔ لیکن اسلام نے انسانیت کو ذلت کی گہرائی سے نکال کر اور مقام اسفل سے اٹھا کر اوج ثریا تک پہنچادیا۔ اسلام میں ہر انسان کو شرف اور عزت واحترام حاصل ہے۔ چاہے انسان خدا کا اطاعت گزار ہو یا باغی، مسلم ہو یا کافر، نیک ہو یا بد، بچہ ہو یا بوڑھا، عورت ہو یا مرد، بحیثیت انسان قابل تکریم ہے۔ اور اللہ کے دیے ہوئے حقوق سے اسے محروم نہیں رکھا جا سکتا الا یہ کہ اللہ کے قانون میں اسے مجرم اور محروم ٹھرایا جائے۔ اس فصل میں اسی نقطہ نظر سے بحث کی گئی ہے۔

### نیابت خدا:

انسان کی شان وعظمت یہ ہے کہ بنی نوع انسان کا ہر فرد خدا کا نائب اور خلیفۃ اللہ فی الارض ہے:

﴿وَإِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلَائِكَةِ إِنِّي جَاعِلٌ فِي الْأَرْضِ خَلِيفَةً﴾[۱]

ترجمہ: اور یاد کرو جب تمہارے رب نے فرشتوں سے فرمایا میں زمین میں ایک نائب مقرر کرنے والا ہوں۔

اللہ تعالیٰ نے انسان کو مسجود ملائکہ کی شان عطاء فرمائی۔ اللہ تعالیٰ نے انسان میں اپنی روح پھونک کر اور اشرف المخلوق کہہ کر اسے احترام وشرف انسانیت کی معراج پر پہنچادیا۔ اسلام کے نزدیک انسان اول تا آخر انسان ہی ہے۔ اور انسان رہنے میں ہی اس کی عظمت ہے وہ انسانی مرتبے کو پہچانے اس پر قائم رہے تو کائنات کی اعلیٰ ترین مخلوق ہے[۲]

### تکریم انسانیت:

تکریم جب انسان کی صفت ہو تو پسندیدہ اخلاق اور افعال مراد ہوتے ہیں جو کسی انسان سے ظاہر ہوتے ہیں[۳]

---

(۱) سورۃ البقرۃ ۲: ۳۰

(۲) اسلام کا نظام حیات، ڈ۔ ح۔ فیوض الرحمٰن جدون، نعمانی کتب خانہ لاہور، ۱۹۸۸ء، ص: ۳۰۲

(۳) مفردات القرآن، امام راغب اصفہانی، ۹۰۵/۲

اسلام عبادت صرف صوم وصلاۃ اور حج وعمرہ کو ہی نہیں کہتا بلکہ سارے نظام میں اطاعت الٰہی کا نام ہے۔ اور اطاعت الٰہی میں حقوق اللہ اور حقوق العباد دونوں شامل ہیں۔ حقوق اللہ کے مقابلے میں حقوق العباد کی اہمیت بہت زیادہ ہے۔ کیونکہ حدیث پاک کے مطابق ساری مخلوق اللہ کا کنبہ ہے اور اللہ تعالیٰ کو وہ بندہ سب سے زیادہ محبوب ہے جو اس کے کنبے کے ساتھ اچھا سلوک کرتا ہے۔ اسلامی تعلیمات میں فرائض کی ادائیگی کے ساتھ ساتھ تکریم انسانیت ایک مقدس فریضہ ہے۔ اللہ تعالیٰ انسان کی تکریم کے متعلق فرماتا ہے:

﴿وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِي آدَمَ وَحَمَلْنَاهُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَرَزَقْنَاهُمْ مِنَ الطَّيِّبَاتِ وَفَضَّلْنَاهُمْ عَلَى كَثِيرٍ﴾ (۱)

ترجمہ: اور ہم نے بنی آدم کو عزت بخشی اور ان کو جنگل اور دریا میں سوار کیا اور پاکیزہ روزی عطا کی اور اپنی بہت سی مخلوقات پر فضیلت دی۔

انسانوں کو مختلف انداز سے عزت و تکریم دی گئی ہے۔ جیسا کہ سواری اور پاکیزہ روزی سے عزت عطا فرمائی۔ قیامت کے دن ابن آدم سے زیادہ بزرگ اللہ کے ہاں کوئی نہ ہوگا پوچھا گیا کہ فرشتے بھی نہیں؟ فرمایا نہیں وہ تو مجبور ہیں (۲) مخلوق خدا کی خدمت کرنا ان کے مصائب و آلام اور دکھ درد بانٹنا، ان کے ساتھ ہمدردی غم خواری اور شفقت کرنا اعلیٰ خصائل وعادات ہیں۔ انسان کس قدر مکرم و محترم ہے، اس کا اندازہ درج ذیل مثالوں سے لگایا جاسکتا ہے:

## صورت آدم:

اللہ تعالیٰ کا آدم کو اپنی صورت پر بنانا بھی تکریم انسانیت کی ایک دلیل ہے۔ ارشاد ہوتا ہے:

((خَلَقَ اللَّهُ آدَمَ عَلَى صُورَتِهِ)) (۳)

ترجمہ: اللہ نے آدم علیہ السلام کو اپنی صورت پر پیدا فرمایا۔

## ملکوتی تخلیق:

اللہ تعالیٰ نے انسان کو اپنے مقدس ہاتھوں سے تخلیق کیا۔ خلقتہ بیدی میں یہ تقدس پنہاں ہے، پھر انسان میں روح پھونکی۔ اور انسان کی تخلیق کا خصوصیت کے ساتھ ذکر فرمایا۔ انسان کو مسجود ملائکہ بنایا، جس نے اللہ تعالیٰ کے حکم سے منہ پھیرا آدم علیہ السلام کو سجدہ نہ کیا ملعون ٹھہرا۔ یہ انسان کے اللہ تعالیٰ کے نزدیک مکرم ہونے کی دلیل ہے۔

---

(۱) سورۃ بنی اسرائیل ۱۷: ۷۰

(۲) تفسیر ابن کثیر، علامہ عماد الدین ابن کثیر، مترجم مولانا محمد صاحب جونا گڑھی، شمع بک ایجنسی لاہور، ۲۰۹/۳

(۳) صحيح البخاري، بَابُ بَدْءِ السَّلَامِ، حدیث نمبر: ۶۲۲۷، ۵۰/۸

## خوبصورت شکل وصورت اور ساخت:

انسان کی صورت گری میں صانع کائنات نے بہترین لطافت و جمال کا رنگ بھر دیا ہے۔ انسان کو اچھی شکل و صورت میں صحیح قد و قامت والا، درست اور سڈول اعضاء والا، خوبصورت اور سہانے چہرے والا پیدا کیا جو کلمہ احسن تقویم سے عیاں ہے۔ ارشاد ربانی ہے:

﴿لَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنْسَانَ فِي أَحْسَنِ تَقْوِيمٍ﴾(۱)

ترجمہ: بے شک ہم نے انسان کو (شکل و عقل کے اعتبار سے) بہترین اعتدال پر پیدا کیا ہے

جسمانی اعتبار سے انسان تمام مخلوقات میں ممتاز ہے۔ اللہ رب العزت نے انسان کی شکل وصورت تمام جانداروں سے اعلیٰ و برتر بنائی دوسرے جانداروں سے انسان کی نمایاں خاصیت یہ بھی ہے کہ تمام جاندار اپنے منہ سے غذا کھاتے ہیں جبکہ انسان اپنے ہاتھ سے خوراک اپنے منہ تک لے جاتا ہے۔

مولانا مودودی رحمہ اللہ اپنی تفسیر میں لکھتے ہیں کہ: نوع انسانی کے فضل و کمال کا سب سے بلند نمونہ انبیاء علیہم السلام ہیں اور کسی مخلوق کے لیے اس سے اونچا مرتبہ نہیں ہو سکتا کہ اللہ تعالیٰ اسے منصب نبوت پر فائز کرنے کے لیے منتخب فرمائے۔ اس لیے بہترین ساخت پر پیدا کرنے سے مطلب ہے کہ اس میں نبوت جیسے عظیم مرتبے کے حامل انسان پیدا ہوئے(۲)

## نعمت عقل:

انسان کو عقل و شعور کا وافر حصہ عطا کیا گیا ہے جس کے ذریعے وہ چند معلوم اور دیکھی ہوئی اشیاء سے مزید کچھ حقائق اور نتائج کا سراغ لگانے کی اہلیت رکھتا ہے۔ عقل کی دولت سے مالا مال شخص حقیقی معنوں میں اشرف المخلوقات ہے۔ عقل و شعور کے اعتبار سے مخلوقات کی تقسیم اس طرح ہے کہ عام جانوروں میں شہوات اور خواہشات ہیں عقل و شعور نہیں فرشتوں میں عقل و شعور ہے شہوات اور خواہشات نہیں، انسان میں یہ دونوں چیزیں جمع ہیں۔ عقل و شعور بھی ہے اور شہوات اور خواہشات بھی ہیں اسی وجہ سے جب انسان خواہشات و شہوات کو عقل و شعور کے ذریعے مغلوب کر لیتا ہے اور اللہ کی ناپسندیدہ چیزوں سے اپنے آپ کو بچا لیتا ہے تو اس کا مقام فرشتوں سے بھی اونچا ہو جاتا ہے(۳)

اللہ تعالیٰ نے انسان کو ظاہری خوبصورتی بھی عطا کی اور باطنی محاسن سے بھی مالا مال کیا۔ انسان کو عقل و فہم کی بہترین قوت عطا کی گئی۔ بہترین جسم کے ساتھ ساتھ بہترین فطرت سے نوازا ہے۔ اسے اچھائی برائی کی تمیز بخشی ہے۔ اسے اختیار

---

(۱) سورۃ التین ۹۵: ۴

(۲) تفہیم القرآن، سید ابوالاعلیٰ مودودی، ادارہ ترجمان القرآن، لاہور، ۳۸۷/۶

(۳) معارف القرآن، مفتی محمد شفیع، ط/۱، کراچی، ۱۹۹۱ء، ۴۹۴/۱

اور ارادے کی آزادی عطاء فرمائی۔ اگر انسان نیکی اور تقوی کی راہ اختیار کرے تو اونچا درجہ حاصل کرتا ہے۔ کائنات کی تمام چیزیں اس کے فائدے اور خدمت کے لیے ہیں اور یہ انسان فقط اپنے مالک و خالق کی عبادت کے لیے ہے اور یہی اس کی بلندی کا راز ہے (۱)

## قوت گویائی:

اللہ تعالیٰ کا کرم ہے اس نے انسان کو بات کرنے، اپنے جذبات کا اظہار کرنے اور اپنے مدعا کو الفاظ دینے کی صلاحیت عطاء کی ہے۔ یہ جتنی بڑی نعمت ہے اتنا ہی اس نعمت کے درست استعمال کا تقاضا بھی ہے۔

## انواع واقسام کی نعمتوں کے ذریعے عزت افزائی:

اللہ تبارک و تعالیٰ کا شکر ہے کہ اس نے انسان کو بے حد و حساب نعمتوں سے نوازا ہے، جن کو انسان شمار نہیں کر سکتا چنانچہ حکم ہوتا ہے :اور اگر تم اللہ کی نعمتوں کو شمار کرنا چاہو تو شمار نہیں کر سکتے۔اس کی عطا کی ہوئی کسی بھی نعمت کا نعم البدل یا اس کا ثانی ممکن ہی نہیں زمین آسمان کے درمیان جتنی بھی چیزیں ہیں ان کو انسان کے لیے مسخر کر دیا ہے۔اللہ تعالیٰ نے انسانوں کے فائدہ کے لیے انواع اقسام کی نعمتیں پیدا کی ہیں یہ تمام نعمتیں انسان کی عزت واکرام کے لیے ہیں اور انسان کے فائدہ کے لیے ہیں ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿هُوَ الَّذِي خَلَقَ لَكُمْ مَا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا﴾ (۲)

ترجمہ: وہی ہے جس نے پیدا کیا تمہارے واسطے جو کچھ زمین میں ہے۔

### محبت و معیت خداوندی کا حقدار:

انسان کی عزت و تکریم اس طرح بھی فرمائی کہ اللہ تعالیٰ بندوں کے ساتھ ساتھ ہے:

﴿وَهُوَ مَعَكُمْ أَيْنَ مَا كُنْتُمْ﴾ (۳)

ترجمہ: تم جہاں بھی ہو وہ تمہارے ساتھ ہوتا ہے یعنی تمہارا نگہبان ہے۔

تمہارے اعمال و افعال کو دیکھ رہا ہے جیسے بھی ہوں جو بھی ہوں اور تم خواہ خشکی میں ہو خواہ تری میں، رات ہو یا دن، تم گھر میں ہو یا جنگل میں، ہر حالت میں اس کے علم کے لئے یکساں ہر وقت اس کی نگاہیں اور اس کا سننا تمہارے ساتھ ہے۔ وہ

(۱) درس قرآن، علامہ اشرف علی تھانوی، ادارہ تالیفات اشرفیہ، ملتان، پ:۲۶-۳۰، ص:۶۶۵

(۲) سورة البقرة۲: ۲۹

(۳) سورة الحديد۵۷: ۴

تمہارے تمام کلمات سنتا رہتا ہے تمہارا حال دیکھتا رہتا ہے، تمہارے چھپے کھلے کا اسے علم ہے۔احترام انسانیت کا جو درس دین اسلام نے دیا ہے وہ انسانوں میں یقیناً کسی اور نے نہیں دیا۔

تکریم الإنسان هو ما جعله الله له من الشّرف والفضل[۱]

ترجمہ: اللہ رب العزت نے انسانوں کو شرف اور فضیلت عطا فرمائی یہ اس کا احترام ہے۔

## انسانی قدروں کا احترام اور اسوۂ مصطفیٰ ﷺ :

آپ کی زندگی کا مقصد اور نصب العین انسانی قدروں کی حفاظت کرنا تھا جو برباد ہو چکی تھیں۔اور سلیم الفطرت لوگوں کی بھی تمنا تھی کہ کوئی تو ایسا آئے جو انسانوں کو انسانیت سکھلا دے۔محبت والفت کی لڑی میں پرو کر ایک بنادے۔اس بات کا صحیح اندازہ حضرت جعفر رضی اللہ عنہ[۲] کی تقریر سے بخوبی کیا جا سکتا ہے جب وہ نجاشی کے دربار میں تھے تو نجاشی نے پوچھا: یہ کونسا دین ہے جس کی بنیاد پر تم نے اپنی قوم سے علیحدگی اختیار کر لی ہے؟ میرے دین میں بھی داخل نہیں ہوئے ہو اور نہ ان ملتوں ہی میں سے کسی کے دین میں داخل ہوئے ہو؟ حضرت جعفر نے فرمایا: اے بادشاہ ہم ایسی قوم تھے جو جاہلیت میں مبتلا تھی۔ہم بُت پوجتے تھے، مردار کھاتے تھے، بدکاریاں کرتے تھے۔قرابتداروں سے تعلق توڑتے تھے۔ہمسایوں سے بدسلوکی کرتے تھے اور ہم میں سے طاقتور کمزور کو کھا رہا تھا، ہم اسی حالت میں تھے کہ:

((فَبَعَثَ اللهُ إِلَيْنَا نَبِيًّا مِنْ أَنْفُسِنَا نَعْرِفُ وَفَاءَهُ وَصِدْقَهُ وَأَمَانَتَهُ، فَدَعَانَا إِلَى أَنْ نَعْبُدَ اللهَ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، وَنَصِلَ الرَّحِمَ، وَنُحْسِنَ الجِوَارَ، وَنُصَلِّيَ لِلَّهِ، وَنَصُومَ لَهُ، وَلَا نَعْبُدَ غَيْرَهُ))[۳]

ترجمہ: اللہ تعالیٰ نے خود ہم میں سے ایک نبی ہماری طرف مبعوث فرمایا جس کی وفاداری، سچائی اور امانت و دیانت سے ہم واقف ہیں۔چنانچہ انھوں نے ہمیں ایک اللہ کی عبادت کی دعوت دی اس کا کوئی شریک نہیں، ہم صلہ رحمی کریں، ہمسائے کے ساتھ اچھا سلوک کریں، اللہ کے لیے نماز اداء کریں، اور اس کے لیے روزہ رکھیں اور اس کے سوا کسی کی عبادت نہ کریں۔

اس خطبہ میں حضرت جعفر طیار نے جاہلی دور کا نقشہ بھی پیش کیا اور ساتھ ہی پیغمبر اسلام اور دین کی روشن تعلیمات

---

(۱) نضرة النعيم في مكارم أخلاق الرسول الكريم ،عدد من المختصين بإشراف الشيخ/ صالح بن عبد الله بن حميد إمام وخطيب الحرم المكي، ط/۴، ۱، دار الوسيلة للنشر والتوزيع، جدة، ۱۱۳۶/۴

(۲) (حضرت علی کے سگے بھائی تھے اور عمر میں ان سے دس سال بڑے تھے۔ان کی کنیت عبداللہ تھی۔حضرت عباس نے اپنے بھائی ابو طالب کا بوجھ ہلکا کرنے کے لیے انہیں اپنے ذمہ لے لیا۔وہ اسلام قبول کرنے والوں میں چوبیسویں یا اکتیسویں بتیسویں فرد ہیں۔آپ ہجرت حبشہ میں بھی شریک تھے۔غزوہ موتہ میں حضرت زید بن حارثہ کی شہادت کے بعد علم آپ کے ہاتھ میں آیا۔آپ کے دونوں ہاتھ کٹ گئے۔بدن زخموں سے چھلنی ہو گیا حتی کہ آپ شہید ہو گئے۔آپ کی عمر چالیس سال تھی۔انسائیکلوپیڈیا سیرت النبی ﷺ، سید عرفان احمد، زمزم پبلشرز کراچی، ۲۰۰۵ء، ص: ۱۷۳)

(۳) سيرة ابن إسحاق ،محمد بن إسحاق بن يسار ،تحقيق: سهيل زكار، ط/۱ ، دار الفكر، بيروت، ۱۹۸۷ء، ۱/۲۱۴-۲۱۵

کا ذکر بھی کیا اور جاہلیت کے دور کی باتیں اور عادات کو دوبارہ اپنانے سے انکار بھی کیا۔

## چھوٹوں بڑوں کے آداب:

نبی اکرم ﷺ کے فرامین میں چھوٹوں کی تکریم کا بھی ذکر ہے اور بڑوں کے آداب بھی بیان کیے گئے ہیں۔ معاشرے میں رہنے والا ہر فرد قابل تکریم ہے۔ جیسا کہ فرمان مصطفی ﷺ ہے:

((مَنْ لَمْ يَرْحَمْ صَغِيرَنَا، وَيَعْرِفْ حَقَّ كَبِيرِنَا فَلَيْسَ مِنَّا))[۱]

ترجمہ: جو چھوٹوں پر رحم نہ کرے اور بڑوں کا حق نہ پہچانے وہ ہم میں سے نہیں۔

آپ ﷺ نے بڑے احسن انداز سے ایک دوسرے کے احترام کو بیان فرمایا۔ جب چھوٹا بڑے کا ادب کرے گا تو اس کا لازمی نتیجہ یہ ہوگا بڑا چھوٹے کے ساتھ بڑی شفقت سے پیش آئے گا۔ اس طرح کوئی دنگا فساد بھی نہیں ہوگا کیونکہ لڑائی اس صورت میں ہوتی ہے جب ایک دوسرے کا احترام ختم ہو جاتا ہے۔

## زعماء قوم کا احترام:

آپ ﷺ نے احترام باہمی کا بھی حکم دیا اور مختلف اقوام کے سرکردہ لوگوں کی بھی عزت و تکریم کا حکم دیا:

(( إِذَا أَتَاكُمْ كَرِيمُ قَوْمٍ فَأَكْرِمُوهُ))[۲]

ترجمہ: جب کسی قوم کا معزز تمہارے پاس آئے تو اس کی عزت کرو۔

اسلامی تعلیمات کی روشنی میں معاشرے کا ہر فرد قابل تعظیم ہے، اسے اس کے مرتبے کے مطابق عزت دو۔ اور یہ انسانیت کا تقاضا بھی ہے۔ اگر آپ ﷺ کے صحابہ کرام کی زندگیوں میں احترام باہمی کے حوالے سے غور و فکر کیا جائے تو پتہ چلتا ہے کہ صحابہ رضی اللہ عنہم ایک دوسرے کا بہت احترام کرتے تھے۔ حضرت بلال حبشی رضی اللہ عنہ حبشہ کے رہنے والے، غیر عرب تھے۔ حبشیوں کی شکل و شباہت اور رنگ سے سب بخوبی واقف ہیں۔ اس کے باوجود حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو اپنا سردار کہتے تھے۔ اور حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کو بھائی کہا کرتے تھے، جو تعلیم نبوی کا اثر تھا۔ نبی ﷺ نے اپنے ماننے والوں کو عبادت کی رغبت بھی دلائی اور انسانیت کا دکھ درد بانٹنے ان کا احترام کرنے اور حسن سلوک سے پیش آنے کی بھی تعلیم دی، حدیث قدسی ہے:

((إِنِّي لا أَتَقَبَّلُ الصَّلاةَ إِلاَّ مِمَّنْ تَوَاضَعَ بِهَا لِعَظَمَتِي))[۳]

---

(۱) (علامہ البانی نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے)، سنن أبي داود ، بَابٌ فِي الرَّحْمَةِ، حدیث نمبر: ۴۹۴۳، ۲۸۶/۴

(۲) (علامہ البانی نے اس حدیث کو حسن قرار دیا ہے)، سنن ابن ماجه ، بَابٌ إِذَا أَتَاكُمْ كَرِيمُ ، حدیث نمبر: ۳۷۱۲، ۱۲۲۳/۲

(۳) مسند البزار ، حدیث نمبر: ۴۸۲۳، ط/۱، مكتبة العلوم والحكم المدينة المنورة، ۱۹۸۸ھ ، ۱۰۵/۱۱

ترجمہ: نماز تو صرف اس کی قبول کی جاتی ہے جو میری عظمت کی وجہ سے انکساری کرے۔ میری مخلوق پر احسان نہ جتلائے اور میری نافرمانی پر اڑا نہ رہے۔ مسکینوں، مسافروں، گرے پڑے لوگوں اور مصیبت زدہ افراد پر رحم کرتا رہے۔

غور کیجیے کس انداز سے اسلامی تعلیمات لوگوں میں احترام انسانیت اور احساس وشعور کو بیدار کر رہی ہیں۔ نماز کی قبولیت کے لیے مخلوق پر رحم کرنا بھی ضروری ہے مصیبت زدہ افراد کی مدد کرنا بھی ضروری ہے۔ اس عالم آب وخاک میں تمام انسانوں کے لیے ضروری ہے کہ معاشرے میں قران وسنت کی تعلیمات پر عمل کرتے ہوئے اچھی اقدار کو اپنائیں۔ جہالت اور اسلامی تعلیمات سے ناواقفیت، عصبیت اور تنگ نظری کو فروغ دیتی ہے۔ جو اخوت واتحاد کی ضد ہے۔ عصبیت کی بنیاد علاقائیت قبائل اور زبان وثقافت پر ہوتی ہے[۱]

## انسان کی قدر ومنزلت:

اللہ تعالیٰ کے نزدیک انسان کی بہت قدر ہے جو اس حدیث پاک سے بخوبی واضح ہو رہی ہے آپ ﷺ ارشاد فرماتے ہیں۔ قیامت کے دن اللہ جل شانہ ارشاد فرمائے گا اے آدم کے بیٹے میں بیمار تھا تو نے میری بیمار پرسی ہی نہ کی۔ بندہ عرض کرے گا اے مالک میں آپ کی بیمار پرسی کیسے کرتا آپ تو جہانوں کے پروردگار ہیں۔

(( قَالَ: أَمَا عَلِمْتَ أَنَّ عَبْدِي فُلَانًا مَرِضَ فَلَمْ تَعُدْهُ،أَمَا عَلِمْتَ أَنَّكَ لَوْ عُدْتَهُ لَوَجَدْتَنِي عِنْدَهُ))[۲]

اللہ تعالیٰ ارشاد فرمائے گا کیا تمہیں پتہ نہیں تھا کہ میرا فلاں بندہ بیمار ہے اور تم نے اس کی عیادت نہیں کی، کیا تم نے نہیں جانا اگر تم اس کی عیادت کرتے تو مجھے وہاں پالیتے، میری خوشنودی اور رضا تمہیں مل جاتی۔ اے آدم کے بیٹے میں نے تجھ سے کھانا مانگا، میں نے تجھ سے پانی مانگا، نہ تم نے مجھے کھانا دیا اور نہ ہی مجھے پانی دیا۔ بندہ کہے گا اے پروردگار میں آپ کو کھانا یا پانی کیسے دیتا یہ تو اپ کی شان کے لائق نہیں کہ آپ کسی سے کھانا یا پانی مانگیں، فرمایا کہ میرے ایک بندے نے تجھ سے سوال کیا تھا اگر تو اس کا سوال پورا کر دیتا تو میری رضا کو پالیتا۔

اس حدیث پاک سے معلوم ہوا کہ انسانیت کی قدر کرنا اللہ کے بندوں کے مسائل حل کرنا اور ان کے دکھ درد میں شریک ہونا اتنا عظیم عمل ہے کہ اللہ تعالیٰ ان بندوں کو اپنے طرف منسوب کر رہا ہے۔

---

(۱) تعلیمات نبوی اور آج کے زندہ مسائل، ص: ۶۳

(۲) صحیح مسلم ،کتاب البروالصلة ،بَابُ فَضْلِ عِيَادَةِ الْمَرِيضِ ،حدیث نمبر: ۲۵۶۹، ۴/ ۱۹۹۰

رب فرماتا ہے اے میرے بندے اگر تو ان سوال کرنے والوں کا سوال پورا کر دیتا تو مجھے پالیتا۔ ایسا بھی ہو سکتا ہے ایک بندہ دوسرے اعمال میں کسی بھی کمزوری کے سبب سے قرب خداوندی کے اس درجے کو نہ پاسکے جو مطلوب ہے۔ لیکن اگر وہ اللہ کے بندوں کے ساتھ حسن سلوک اور بھلائی کرتا ہے تو رب فرماتا ہے اے بندے تو مجھے پالیتا اور جسے رب مل جائے، رب کی عطاء اور اس کا کرم مل جائے تو وہ دونوں جہانوں میں کامیاب ہو گیا۔

## والدین کا احترام:

قرآن وسنت نے جس طرح ہمیں اولاد آدم کے احترام کا حکم دیا ہے اسی طرح اپنے والدین اور قرب وجوار میں رہنے والوں کے احترام کا حکم دیا ہے۔ آپ ﷺ ارشاد فرماتے ہیں:

((رِضَى الرَّبِّ فِي رِضَى الوَالِدِ، وَسَخَطُ الرَّبِّ فِي سَخَطِ الْوَالِدِ))(۱)

ترجمہ: رب کی خوشنودی والدین کی خوشنودی میں ہے اور رب کی ناراضگی والد کی ناراضگی میں ہے۔

ایک صحابی نے بارگاہ مصطفی ﷺ میں عرض کی:

(( مَنْ أَحَقُّ النَّاسِ بِحُسْنِ صَحَابَتِي قَالَ: أُمُّكَ قَالَ: ثُمَّ مَنْ؟ قَالَ: ثُمَّ أُمُّكَ قَالَ: ثُمَّ مَنْ؟ قَالَ: ثُمَّ أُمُّكَ قَالَ: ثُمَّ مَنْ؟ قَالَ: ثُمَّ أَبُوكَ))(۲)

ترجمہ: اے اللہ کے رسول میرے حسن سلوک کا سب سے زیادہ مستحق کون ہے حضور فرمانے لگے تیری ماں تین بار آپ ﷺ نے فرمایا تیری ماں اور چوتھی بار فرمایا تیرا باپ۔

## خاوند کا احترام:

جس طرح معاشرے کے ہر فرد کی عزت بیان کی گئی ہے اسی طرح خاوند کی تکریم کا ذکر ہے، آپ ﷺ فرماتے ہیں:

((لَوْ كُنْتُ آمِرًا أَحَدًا أَنْ يَسْجُدَ لِغَيْرِ اللَّهِ، لَأَمَرْتُ الْمَرْأَةَ أَنْ تَسْجُدَ لِزَوْجِهَا))(۳)

ترجمہ: اگر میں مخلوق میں سے کسی ایک کو غیر اللہ کو سجدہ کرنے کا حکم دیتا تو بیوی کو حکم دیتا کہ اپنے خاوند کو سجدہ کرے۔

---

(۱) (علامہ البانی نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے)، سنن الترمذي ، بَابُ مَا جَاءَ مِنَ الفَضْلِ فِي رِضَا الوَالِدَيْنِ، حدیث نمبر: ۱۸۹۹، ۳۱۰/۴

(۲) صحيح البخاري، بَاب مَنْ أَحَقُّ النَّاسِ بِحُسْنِ الصُّحْبَةِ، حدیث نمبر: ۵۹۷۱، ۲/۸

(۳) (علامہ البانی نے اس حدیث کو حسن صحیح کہا ہے)، سنن ابن ماجہ، بَابُ حَقِّ الزَّوْجِ عَلَى الْمَرْأَةِ، حدیث نمبر: ۱۸۵۳، ۵۹۵/۱

## بیوی کا احترام:

بیوی لونڈی نہیں کہ اس کے ساتھ جیسا سلوک کریں، بلکہ اس کے ساتھ اچھے سلوک کی آپ ﷺ نے تعلیم دی:

((خَيْرُكُمْ خَيْرُكُمْ لِأَهْلِهِ وَأَنَا خَيْرُكُمْ لِأَهْلِي))(۱)

ترجمہ: تم میں سے بہتر وہ ہے جو اپنے اہل خانہ کے لیے بہتر ہے۔اور میں اپنے اہل خانہ کے لیے بہتر ہوں۔

## بیٹی کا احترام:

اہل ایمان کو بیٹی کی ولادت پر غمگیں نہیں ہونا چاہیے، بلکہ بیٹی تو والدین کو جنت کی خوشخبری دلانے والی ہے۔ نبی ﷺ کا ارشاد ہے:

((مَنِ ابْتُلِيَ مِنْ هَذِهِ البَنَاتِ بِشَيْءٍ كُنَّ لَهُ سِتْرًا مِنَ النَّارِ))(۲)

ترجمہ: جو شخص ان بیٹیوں کی وجہ سے آزمائش میں ڈالا گیا وہ بروز قیامت اس شخص کے لیے جہنم سے آڑ بن جائیں گی۔

## بڑے بھائی کا احترام:

((حَقُّ كَبِيرِ الْإِخْوَةِ عَلَى صَغِيرِهِمْ حَقُّ الْوَالِدِ عَلَى وَلَدِهِ))(۳)

ترجمہ: بڑے بھائی کا چھوٹے پر ایسے ہی حق ہے جیسے باپ کا بیٹے پر ہوتا ہے۔

## رشتے داروں کا احترام:

کثیر الروایہ صحابی حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے، آپ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا:

((مَنْ سَرَّهُ أَنْ يُبْسَطَ لَهُ فِي رِزْقِهِ، أَوْ يُنْسَأَ لَهُ فِي أَثَرِهِ، فَلْيَصِلْ رَحِمَهُ))(۴)

ترجمہ: جو شخص اس بات سے خوش ہو کہ اس کا رزق کشادہ ہو اور عمر میں اضافہ ہو تو اسے چاہیے کہ رشتہ داروں سے تعلق جوڑے۔

---

(۱) (علامہ البانی نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے)،سنن الترمذي، بَابٌ فِي فَضْلِ أَزْوَاجِ النَّبِيِّ ،حدیث نمبر:۳۸۹۵،۷۰۹/۵

(۲) صحيح البخاری، حدیث نمبر:۱۴۱۸،۱۱۰/۲

(۳) شعب الإيمان،أحمد بن الحسين البيهقي ،ط/۱،حدیث نمبر:۷۵۵۳، مكتبة الرشد بالرياض ، ۲۰۰۳ء،۳۱۳/۱۰

(۴) صحيح البخاري ، بَابُ مَنْ أَحَبَّ البَسْطَ فِي الرِّزْقِ،حدیث نمبر:۲۰۶۷،۵۶/۳

یقیناً رشتہ داریوں کے تعلقات وہی لوگ بحال رکھتے ہیں جس میں باہمی احترام اور محبت وپیار اور خلوص کی دولت پائی جاتی ہے۔اس ترقی یافتہ دور میں جبکہ قرآن وسنت کی تعلیمات بھی عام ہیں۔ پھر بھی بہت سے لوگ جہالت میں سرگرداں ہیں اور وہ تعلقات کا اور رشتہ داریوں کا خیال نہیں رکھتے۔ تعلقات جوڑنے کے ثمرات اور فوائد کو دیکھ کر ضروری ہے کہ ہم سب سے اپنے تعلقات کو اچھا رکھیں۔آپ ﷺ ارشاد فرماتے ہیں:

((صِلْ مَنْ قَطَعَكَ))[۱]

ترجمہ: جو تجھ سے تعلق توڑے تو اس سے تعلق جوڑ۔

## ہمسایہ کا احترام:

نبی علیہ السلام ارشاد فرماتے ہیں:

((وَاللَّهِ لاَ يُؤْمِنُ، وَاللَّهِ لاَ يُؤْمِنُ، وَاللَّهِ لاَ يُؤْمِنُ قِيلَ: وَمَنْ يَا رَسُولَ اللَّهِ؟ قَالَ: الَّذِي لاَ يَأْمَنُ جَارُهُ بَوَايِقَهُ))[۲]

ترجمہ: اللہ کی قسم وہ شخص ایمان والا نہیں ہے قسم باخدا وہ شخص صاحب ایمان نہیں، اللہ کی قسم وہ شخص ایمان والا نہیں جس کا ہمسایہ اس کی تکالیف سے پرامن نہیں ہے۔

## یتیموں اور بیواؤں کا احترام:

دور جاہلی میں یتیموں اور بیواؤں سے ناروا سلوک کیا جاتا تھا۔اسلام نے آکر سب کو احترام دیا اور اچھا سلوک کرنے کا حکم دیا ارشاد ربانی ہے: بے شک جو لوگ ناحق یتیموں کا مال کھاتے ہیں وہ لوگ اپنے پیٹوں میں آگ بھر رہے ہیں اور عنقریب آگ میں داخل ہوں گے وہ یتیم بچے جو ناسمجھ ہوتے ہیں ان کا جائز حق لوگ مارتے ہیں اور اپنی تجوریاں بھرنے کی فکر کرتے ہیں ایسے لوگوں کے لیے لمحہ فکریہ ہے کہ ان کا احترام کریں[۳]

حضرت صفوان بن سلیم کی روایت، آپ ﷺ نے فرمایا:

((السَّاعِي عَلَى الأَرْمَلَةِ وَالمِسْكِينِ كَالْمُجَاهِدِ فِي سَبِيلِ اللَّهِ،أَوكَالَّذِي يَصُومُ النَّهَارَ وَيَقُومُ اللَّيْلَ))[۴]

---

(۱) (شعیب الارنؤوط اور عادل مرشد کی تحقیق کے مطابق یہ حدیث حسن ہے)،مسند الإمام أحمد بن حنبل ،حديث نمبر:۱۷۴۵۲، ۶۵۴/۲۸

(۲) صحیح البخاري، بَابُ إِثْمِ مَنْ لاَ يَأْمَنُ جَارُهُ بَوَايِقَهُ،حدیث نمبر:۶۰۱۶، ۱۰/۸

(۳) سورۃ النساء۴: ۱۰

(۴) صحیح البخاري، بَابُ السَّاعِي عَلَى الأَرْمَلَةِ،حدیث نمبر:۶۰۰۶، ۹/۸

ترجمہ: بیوہ اور مسکین کی مدد کرنے والا شخص اللہ کے راستے میں جہاد کرنے والے اور رات میں مسلسل نماز پڑھنے والے اور دن میں مسلسل روزہ رکھنے والے شخص کی طرح ہے۔

## غلام اور ملازم کا احترام:

بعثت مصطفیٰ ﷺ سے قبل غلاموں کے ساتھ انتہائی نازیبا سلوک کیا جاتا تھا، آپ ﷺ نے فرمایا:

((إِخْوَانُكُمْ جَعَلَهُمُ اللَّهُ تَحْتَ أَيْدِيكُمْ، فَمَنْ كَانَ أَخُوهُ تَحْتَ يَدَيْهِ فَلْيُطْعِمْهُ، مِمَّا يَأْكُلُ، وَلْيَكْسُهُ مِمَّا يَلْبَسُ، وَلَا يُكَلِّفْهُ مَا يَغْلِبُهُ)) (۱)

ترجمہ: لوگو وہ بھی تمہارے بھائی ہیں اللہ نے انہیں تمہارے قبضے میں دیا ہے۔ پس جس کا بھائی اس کے قبضے میں ہو تو اسے ویسا کھانا کھلائے جیسا خود کھاتا ہے۔ اور اسے ویسا ہی لباس پہنائے جیسا خود پہنتا ہے۔ ان سے اتنا سخت کام نہ لے جو اس کے بس میں نہ ہو۔

((اتَّقُوا اللَّهَ فِيمَا مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ)) (۲)

ترجمہ: اپنے غلاموں کے بارے میں اللہ سے ڈرو۔

آنحضور ﷺ کو غلاموں کے حقوق کا اس قدر خیال تھا کہ بوقت وصال ان کے حقوق کی رعایت کرنے کی تاکید فرمائی۔ آج اس دور میں اگر کسی کام کے لیے ملازم رکھا جاتا ہے ایک تو اسے نوکر سمجھتے ہیں اور دوسرا اس کے حقوق کا پورا پورا خیال نہیں رکھا جاتا اور ان کی حق تلفی کی جاتی ہے۔

## انسانی جان کی حرمت:

قرآن نے انسان کے قتلِ ناحق سے منع فرمایا ہے، بلکہ اس کے قتل کو حرام قرار دیا ہے (۳) اسی طرح حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

---

(۱) (علامہ البانی نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے)، سنن أبي داود، بَابٌ فِي حَقِّ الْمَمْلُوكِ، حدیث نمبر: ۵۱۵۸، ۳۴۰/۴

(۲) (علامہ البانی نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے)، ایضاً، بَابٌ فِي حَقِّ الْمَمْلُوكِ، حدیث نمبر: ۵۱۵۶، ۳۳۹/۴

(۳) ﴿وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ أَنْ يَقْتُلَ مُؤْمِنًا إِلَّا خَطَأً وَمَنْ قَتَلَ مُؤْمِنًا خَطَأً فَتَحْرِيرُ رَقَبَةٍ مُؤْمِنَةٍ وَدِيَةٌ مُسَلَّمَةٌ إِلَى أَهْلِهِ إِلَّا أَنْ يَصَّدَّقُوا فَإِنْ كَانَ مِنْ قَوْمٍ عَدُوٍّ لَكُمْ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَتَحْرِيرُ رَقَبَةٍ مُؤْمِنَةٍ وَإِنْ كَانَ مِنْ قَوْمٍ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ مِيثَاقٌ فَدِيَةٌ مُسَلَّمَةٌ إِلَى أَهْلِهِ وَتَحْرِيرُ رَقَبَةٍ مُؤْمِنَةٍ فَمَنْ لَمْ يَجِدْ فَصِيَامُ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ تَوْبَةً مِنَ اللَّهِ وَكَانَ اللَّهُ عَلِيمًا حَكِيمًا-وَمَنْ يَقْتُلْ مُؤْمِنًا مُتَعَمِّدًا فَجَزَاؤُهُ جَهَنَّمُ خَالِدًا فِيهَا وَغَضِبَ اللَّهُ عَلَيْهِ وَلَعَنَهُ وَأَعَدَّ لَهُ عَذَابًا عَظِيمًا﴾ سورة النساء ۴: ۹۲-۹۳

ترجمہ: اور کسی مسلمان کے لیے جائز نہیں کہ وہ کسی مسلمان کو قتل کردے مگر غلطی سے اور جس نے کسی مسلمان کو نادانستگی میں قتل کر دیا تو اس پر ایک مسلمان غلام (یا باندی) کا آزاد کرنا اور خون بہا (کا اداء کرنا) جو مقتول کے گھر والوں کے سپرد کیا جائے (لازم ہے) مگر یہ کہ وہ معاف کر دیں اور جو شخص

((مَنْ قَتَلَ مُعَاهَدًا لَمْ يَرِحْ رَائِحَةَ الْجَنَّةِ، وَإِنَّ رِيحَهَا لَيُوجَدُ مِنْ مَسِيرَةِ أَرْبَعِينَ عَامًا))(۱)

ترجمہ: جس نے کسی معاہد (غیر مسلم شہری) کو قتل کیا تو وہ جنت کی خوشبو بھی نہیں سونگھے گا حالانکہ جنت کی خوشبو چالیس برس کی مسافت تک محسوس ہوتی ہے

حدیث کالب لباب قتل مسلم کے گناہ کی سنگینی بتلا رہا ہے کہ ایسی قباحت کفر تک پہنچا دیتی ہے اور غیر مسلم شہری کو قتل کرنا بھی کوئی معمولی گناہ نہیں ہے۔

## تضحیک کا نشانہ بنانے سے منع:

اللہ تعالیٰ نے ایمان والوں کو خصوصاً ہدایت فرمائی کہ کوئی کسی کی تضحیک نہ کرے اور تضحیک بھی انسان تب کرتا ہے جب دل میں دوسرے کا احترام نہیں ہوتا۔ ارشاد ربانی ہے:

مومنو کوئی قوم کسی قوم سے تمسخر نہ کرے ممکن ہے کہ وہ ان سے بہتر ہوں اور نہ عورتیں عورتوں سے (تمسخر کریں) ممکن ہے کہ وہ ان سے اچھی ہوں (۲)

تمسخر وہ ہنسی ہے جس سے دوسروں کی تحقیر اور دل آزاری ہو اور جس سے دوسروں کا دل خوش ہو وہ مزاح کہلاتا ہے (۳)

## حاصل کلام:

۱-اسلامی معاشرے کی بنیاد ہی تکریم انسانیت پر ہے۔

۲-ہمارا خالق، ہمارے نبی، اور ہمارا دین ہمیں تکریم انسانیت کا درس دے رہے ہیں۔

۳-پروردگار عالم نے انسان کو اشرف المخلوقات بنایا اور اسے تمام مخلوقات سے عزت و کرامت بخشی۔

۴-بعثت مصطفی ﷺ کے وقت جزیرۃ العرب میں ظلم و ستم کا بازار گرم تھا۔

۵- ماں باپ، بیٹا بیٹی، بہن بھائی، میاں بیوی اور رشتہ دار سب کے ادب و آداب اسلام نے متعین فرمائے اور ان کی عزت و تکریم کو واضح طور پر بیان فرمایا۔

---

کسی مسلمان کو قصداً قتل کرے تو اس کی سزا دوزخ ہے۔ کہ مدتوں اس میں رہے گا اس پر اللہ تعالیٰ غضبناک ہو گا اور اس پر لعنت کرے گا اور اس نے اس کے لیے زبردست عذاب تیار کر رکھا ہے۔

(۱) (علامہ البانی نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے)، سنن ابن ماجه، بَابُ مَنْ قَتَلَ مُعَاهَدًا، حدیث نمبر: ۲۶۸۶، ۸۹۶/۲

(۲) سورۃ الحجرات ۴۹: ۱۱

(۳) تفسیر بیان القرآن، علامہ اشرف علی تھانوی، مکتبہ رحمانیہ، لاہور، ۴۴۴/۳

# فصل چہارم:

# عائلی زندگی کے قوانین

انسان نے ہر زمانہ میں کسی نہ کسی طرح سے اجتماعی زندگی گزارنے کی کوشش کی ہے۔دور قدیم کے انسان نے اپنی اجتماعی زندگی کا آغاز خاندان ہی سے کیا تھا۔اس طرح خاندان اجتماعیت کا پہلا زینہ ہے۔انسانیت کے عہد طفلی میں خاندان کو تقریباًوہی اہمیت حاصل تھی جو آج ریاست کو حاصل ہے۔خاندان ہی کی ارتقائی شکل کو ہم ریاست کے نام سے موسوم کرتے ہیں اور ایک خاص نہج پر ریاست کی تنظیم و تشکیل سے معاشرہ وجود میں آتا ہے۔بالفاظ دیگر معاشرہ کا ابتدائی مواد خاندان فراہم کرتا ہے،اور خاندان کے لیے بنیاد، مرد و عورت کا نکاح کے ذریعے عائلی زندگی کا آغاز کرنا ہے۔یہی وہ اساس ہے، جس پر معاشرہ کی عمارت قائم ہوتی ہے۔عمارت کی پائیداری اور استحکام کے لیے ضروری ہے کہ اساس بھی مستحکم ہو ،اساس کے استحکام کے بغیر عمارت کی پختگی کا تصور نہیں کیا جاسکتا۔ عائلی زندگی مستحکم ہو گی تو معاشرہ مستحکم ہو گا۔لہذا اس فصل میں عائلی زندگی کے قوانین کے متعلق گفتگو ہو گی۔

## عائلی زندگی:

عائلی زندگی کے لیے انگریزی زبان میں "Family"اور اردو میں "خاندان" کا لفظ استعمال ہوا ہے۔اور قرآن پاک میں خاندان کے لیے "العشیر" کا لفظ آیا ہے۔اللہ تعالیٰ نے فرمایا: وَأَنْذِرْ عَشِيرَتَكَ الْأَقْرَبِينَ[1]

## عائلی زندگی اور یہود:

مذہب یہود میں بھی عائلی زندگی کا تصور پایا جاتا ہے۔یہودی مذہب میں یہ معاملہ بڑی اہمیت رکھتا ہے کہ عورت شادی سے پہلے اپنے کنوارپن کی حفاظت کرے۔کتاب مقدس میں حکم ہوتا ہے "بیویاں کرو تاکہ تم سے بیٹیاں بیٹے پیدا ہوں[2]

## عیسائیت اور عائلی زندگی:

عیسائیت الہامی مذہب ہے۔حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی تعلیمات برحق تھیں لیکن ان میں تحریف کر دی گئی۔تحقیق سے یہ بات سامنے آئی ہے کہ موجودہ عیسائیت کی تعلیمات فطرت کے برعکس ہیں۔اور انسان کو ترک دنیا کی

---

(۱) سورۃ الشعراء۲۶: ۲۱۴

(۲) کتاب مقدس پر میاہ،ط/۱، بائبل سوسائٹی انارکلی بازار لاہور،۱۹۷۶ء، ۲۹/۶

دعوت دیتی ہیں۔جو انسان کی فطرت نہیں ہے۔عیسائیت میں تجرد کی زندگی معیار اخلاق قرار پائی جاتی ہے۔اور جس نے کبھی شادی نہ کی ہو وہ اس شخص پر فوقیت رکھتا ہے جس نے شادی کر کے اپنے آپ کو کلنک کا ٹیکہ لگالیا ہے[۱]

## عہد جاہلیت میں عائلی زندگی:

جہاں تہذیب و تمدن کے مراکز میں ازدواجی زندگی زیر و زبر تھی وہاں عرب صحرا میں بھی گھر عائلی زندگی کی خوشیوں سے معمور نہ تھے۔نکاح کی غیر مہذب صورتیں جاہلی زمانہ میں موجود تھیں سیدۃ عائشہ صدیقہ سے روایت ہے:

زمانہ جاہلیت میں چار طرح کے نکاح کیے جاتے تھے۔ایک قسم تو وہ جو آج کے دور میں بھی رائج ہے، جس میں ایک لڑکی کا ہاتھ مانگ لیتا ہے اور پھر مہر دے کر شادی کرلیتا ہے۔یہ تو آج بھی جائز ہے۔ایک قسم یہ تھی کہ شوہر اپنی بیوی پر ایک مدت گذرنے دیتا۔اس کے بعد اپنی بیوی کو کسی اعلیٰ نسل کے مرد کے پاس بھیج دیتا تھا تاکہ اسے حاملہ کردے۔اس کے نتیجہ میں اعلیٰ نسل کا بچّہ پیدا ہوتا تھا اور اس کے حرص میں وہ اپنی بیوی کے لیے بھی کوئی غیرت نہیں رکھتا تھا۔اس قسم کی شادی کو "نکاح الاستبضاع" کہا جاتا تھا۔ تیسری قسم یہ ہے کہ ایک عورت کے ساتھ دس سے بارہ مرد ایک ہی وقت استمتاع کرتے تھے۔پھر جب بچّہ پیدا ہوتا تھا، تو عورت جس کو چاہتی تھی اپنے بچے کا باپ کہہ دیتی تھی۔اب کوئی منع نہیں کر سکتا تھا، عورت جس کو بھی باپ کہہ دیتی تھی اس کو ولدیت کا عہدہ قبول کرنا پڑتا تھا اور بچّہ کی کفالت کرنی پڑتی تھی۔چوتھی قسم یہ تھی کہ عورت گھر کے باہر جھنڈا لگا کر رکھتی تھی، اور جو چاہتا تھا ان سے جماع کر سکتا تھا۔جب بچّہ پیدا ہوتا تھا، تو چند قافہ نامی لوگ ہوا کرتے تھے، جن کا کام یہی ہوتا تھا کہ بچّہ کو دیکھ کر باپ کی پہچان کریں۔وہ جس کو باپ کہتے تھے، اس کو باپ کہہ دیا جاتا تھا اور اس کو کفالت کرنی پڑتی تھی

فَلَمَّا بُعِثَ مُحَمَّدٌ ﷺ بِالحَقِّ، هَدَمَ نِكَاحَ الجَاهِلِيَّةِ كُلَّهُ إِلَّا نِكَاحَ النَّاسِ اليَوْمَ[۲]

ترجمہ: جب رسول ﷺ مبعوث ہوئے تو آپ ﷺ نے دور جاہلی کے نکاح کی تمام صورتوں کو باطل قرار دیا اور نکاح کی وہی صورت باقی رکھی جو آج بھی رائج ہے۔

## اسلام اور عائلی زندگی:

عائلی زندگی خاندان کی بنیاد ہے۔دین اسلام میں مرد و عورت کی تخلیق کا مقصد معاشرتی زندگی کی رونقیں دوبالا

(۱) روح اسلام، سید امیر علی، ط/۱، ادارہ ثقافت اسلامیہ کلب روڈ، لاہور، ۱۹۸۸ء، ص: ۳۸۰

(۲) صحیح البخاری، بَابُ مَنْ قَالَ: لاَ نِكَاحَ إِلَّا بِوَلِيٍّ، حدیث نمبر: ۵۱۲۷، ۱۵/۷

کرنے کے ساتھ ساتھ عائلی زندگی کو مضبوط اور مستحکم بنانا ہے۔ نکاح سے انسان کے شہوانی جزبات کی تکمیل ہوتی ہے جس سے انسان میں پاک دامنی اور روحانیت پیدا ہوتی ہے۔ جزبات کی تکمیل زوجین میں سے ہر ایک کے لیے ہے۔ اس لیے اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

﴿هُنَّ لِبَاسٌ لَكُمْ وَأَنْتُمْ لِبَاسٌ لَهُنَّ﴾(۱)

ترجمہ: عورتیں تمہارا اور تم ان کا لباس ہو۔

عائلی زندگی مرد اور عورت کی باہمی رفاقت سے وجود میں آتی ہے۔ اور انہی دو انسانوں سے مل کر بننے والا چھوٹا سا اجتماعی دائرہ انسان کی تمدنی زندگی کی سب سے پہلی کڑی ہے۔ معاہدہ نکاح کے ذریعے دونوں اپنے اوپر بھاری ذمہ داریاں عائد کر لیتے ہیں اور ہمیشہ کے لیے ان کے پابند ہو جاتے ہیں۔ اس رشتہ کی وجہ سے ایک چھوٹی سی وحدت بنتی ہے، مرد اس کا نگران اور ناظم اعلیٰ ہوتا ہے(۲) قرآن پاک میں یہ بات واضح طور پر موجود ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جو پیغمبر بھیجے انہوں نے عائلی زندگی گزاری اور اس کے تقاضے پورے کیے، اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا رُسُلًا مِنْ قَبْلِكَ وَجَعَلْنَا لَهُمْ أَزْوَاجًا وَذُرِّيَّةً﴾(۳)

ترجمہ: تم سے پہلے بھی ہم بہت سے رسول بھیج چکے ہیں اور ان کو ہم نے بیوی بچوں والا ہی بنایا تھا۔

## نبی کریم ﷺ کی عائلی زندگی:

عائلی زندگی میں سب سے پہلا تعلق خاوند اور بیوی کا تعلق ہے آپ ﷺ کی پہلی بیوی حضرت سیدہ خدیجۃ الکبریٰ ہیں ان کے ساتھ بھی آپ کا تعلق مثالی رہا۔ اور جب آپ کے نکاح میں ایک سے زائد بیویاں تھیں تو اس وقت بھی آپ ﷺ نے ان کے ساتھ جو سلوک کیا وہ نہایت عدل و انصاف پر مبنی تھا۔ آپ نے گیارہ نکاح کیے اور اس عائلی زندگی کو آپ کی ازواج نے لوگوں کے سامنے پیش کیا۔ آپ ﷺ کی عائلی زندگی کا کوئی گوشہ ایسا نہیں جس پر اعتراض کیا جاسکے اکثر لوگوں کی بیرونی زندگی اور اندرونی یعنی عائلی زندگی میں تضاد ہوتا ہے۔ ایسا ممکن نہیں کہ اس کی عائلی زندگی لوگوں کے سامنے بیان ہو اور اسے خوشی حاصل ہو۔ لیکن نبی پاک علیہ السلام کی بیرونی اور اندرونی زندگی میں کوئی تضاد نہیں۔ تاجدار مدینہ نے مروجہ ازدواجی و عائلی نظام کے برعکس اپنے قول و عمل سے ایک بات تو یہ بتائی کہ یہ گھریلو معاملات و عائلی مسائل اور ازدواجی تعلقات صرف دنیاداری اور جنسی خواہشات نہیں بلکہ دین کا نصف ہیں۔

---

(۱) سورۃ البقرۃ۲: ۱۸۷

(۲) اسلام کا نظام حیات، ڈ۔ ح۔ فیوض الرحمن جدون، نعمانی کتب خانہ لاہور، ۱۹۸۸ء، ص: ۲۰۰

(۳) سورۃ الرعد۱۳: ۳۸

((إِذَا تَزَوَّجَ الْعَبْدُ فَقَدِ اسْتَكْمَلَ نِصْفَ الدِّينِ فَلْيَتَّقِ اللَّهَ فِي النِّصْفِ الْبَاقِي))[۱]

ترجمہ: جب بندے نے شادی کر لی تو اس نے اپنا آدھا دین محفوظ کر لیا، پس اسے بقیہ دین کے بارے میں اللہ سے ڈرنا چاہیے ۔

ان معاملات کو اگر نبی پاک علیہ السلام کی شریعت کے مطابق ادا کیا جائے تو یہ معاملات بھی عبادت اور ثواب قرار پاتے ہیں۔ جس طرح نماز، روزہ عبادت اور ثواب ہیں۔ آپ ﷺ نے ایک کامل واکمل رسول کی حیثیت سے انسان کی زندگی میں پیش آنے والے ان مسائل کو عملی طور پر حل کر کے دکھایا۔ آپ ﷺ نے اپنی ازواج مطہرات کے ساتھ بھی ایک خوش کن زندگی گزاری ان کی معاشی ضروریات بھی پوری فرمائیں۔ اور شب وروز کی عبادت کے معمولات میں بھی فرق نہیں آنے دیا۔

## ازواج مطہرات کے ساتھ حسن سلوک:

آپ ﷺ اپنی ازواج سے بڑی محبت والفت فرماتے تھے۔ حضرت سیدہ عائشہ صدیقہ فرماتی ہیں ایک مرتبہ میں نے برتن سے منہ لگا کر پانی پیا:

((ثُمَّ أُنَاوِلُهُ النَّبِيَّ ﷺ فَيَضَعُ فَاهُ عَلَى مَوْضِعِ فِيَّ، فَيَشْرَبُ)) [۲]

ترجمہ: پھر میں نے وہ برتن نبی ﷺ کو دیا آپ ﷺ نے اس جگہ سے منہ لگا کر پیا جہاں سے میں نے پیا تھا۔

حسن خلق کا عمدہ نمونہ حضرت سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں:

كَانَ الحَبَشُ يَلْعَبُونَ بِحِرَابِهِمْ، فَسَتَرَنِي رَسُولُ اللَّهِ ﷺ وَأَنَا أَنْظُرُ، فَمَا زِلْتُ أَنْظُرُ حَتَّى كُنْتُ أَنَا أَنْصَرِفُ فَاقْدُرُوا قَدْرَ الجَارِيَةِ الحَدِيثَةِ السِّنِّ [۳]

ترجمہ: حبشی اپنی برچھیوں سے کھیلتے تو رسول اللہ ﷺ مجھے چھپا لیتے اور میں کھیل دیکھتی رہتی۔ میں اسے دیر تک دیکھتی رہتی اور خود ہی لوٹ کر آتی۔ اندازہ کریں کہ ایک کم عمر لڑکی کتنی دیر تک کھیل دیکھ سکتی ہے۔

ایک صحابیؓ نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا کہ آپ ﷺ کا اپنی ازواج کے ساتھ سلوک کیسا تھا:

---

(۱) مشكاة المصابيح، محمد بن عبد الله الخطيب العمري، ولي الدين، التبريزي ، تحقيق: محمد ناصر الدين الألباني، حدیث نمبر: ۳۰۹۶، ط/۲، المكتب الإسلامي ، بيروت، ۱۹۸۵ء، ۹۳۰/۲

(۲) صحيح مسلم ، كتاب الحيض، باب جواز غسل الحائض ، حدیث نمبر: ۳۰۰، ۲۴۵/۱

(۳) صحيح البخاري، بَابُ حُسْنِ المُعَاشَرَةِ مَعَ الأَهْلِ، حدیث نمبر: ۵۱۹۰، ۲۸/۷

((فَقَالَتْ: لَمْ يَكُنْ فَاحِشًا وَلَا مُتَفَحِّشًا وَلَا صَخَّابًا فِي الأَسْوَاقِ، وَلَا يَجْزِي بِالسَّيِّئَةِ السَّيِّئَةَ، وَلَكِنْ يَعْفُو وَيَصْفَحُ))[۱]

ترجمہ: آپ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں حضور اخلاق کے لحاظ سے سب سے بہتر تھے نہ فحش بات کہنے والے تھے اور نہ فحش کام کرنے والے تھے اور نہ بازاروں میں آواز لگانے والے تھے اور نہ برائی کا بدلہ برائی سے دینے والے تھے بلکہ آپ ﷺ عفو فرماتے۔

**ازواج مطہرات سے مزاح بھی فرماتے:**

ایک مرتبہ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا[۲] آپ ﷺ کے سر کو دیکھ رہی تھیں اسی اثناء میں حضرت عبداللہ ابن مسعود کی زوجہ حضرت زینب تشریف لائیں آپ ان سے باتیں کرنے لگیں اور سر مبارک دیکھنا چھوڑ دیا تو نبی ﷺ نے فرمایا: أَقْبِلِي عَلَى فِلَايَتِكِ، فَإِنَّكِ لَسْتِ تُكَلِّمِينَهَا بِعَيْنَيْكِ

سلمہ رضی اللہ عنہا تم اپنی آنکھ سے تو بات نہیں کر رہی زبان سے بات بھی کرو اور اپنا کام بھی کرتی جاؤ[۳]

**حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:**

((كَانَ النَّبِي ﷺ يسلم على نِسَائِهِ إذا دخل عَلَيْهِنَّ))[۴]

ترجمہ: نبی ﷺ اپنی ازواج کو سلام کرتے جب ان کے پاس تشریف لے جاتے۔

**سیدنا انس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے:**

((كَانَ النَّبِيُّ ﷺ يَدُورُ عَلَى نِسَائِهِ فِي السَّاعَةِ الوَاحِدَةِ، مِنَ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ، وَهُنَّ إِحْدَى عَشْرَةَ))[۵]

ترجمہ: رحمت دو عالم رات اور دن میں تمام بیویوں کے پاس چکر لگالیتے اور وہ گیارہ تھیں۔

آپ ﷺ اپنی تمام ازواج کے حقوق کا خیال رکھتے تھے۔

---

(۱) (علامہ البانی کے نزدیک یہ حدیث صحیح ہے)، سنن الترمذي، بَابُ مَا جَاءَ فِي خُلُقِ النَّبِيِّ، حدیث نمبر: ۲۰۱۶، ۳۶۹/۴

(۲) (حضرت ام سلمہ: ہند نام، ام سلمہ کنیت، قریش کے خاندان 'مخزوم' سے تھیں۔ آغازِ اعلانِ نبوت میں اپنے شوہر کے ساتھ اسلام لائیں۔ اور ان کے ساتھ ہجرتِ حبشہ بھی کی۔ حضرت ابو سلمہ نے احد میں جب زخم کھائے تو جاں بر نہ ہو سکے۔ جمادی الثانی ۴ ہجری میں وصال ہوا۔ تو یوں حضرت ام سلمہ کا نکاح نبی مکرم ﷺ سے ۴ھ شوال میں ہوا۔ جس سال حرہ کا واقعہ ہوا، ۶۳ھ میں تو ۸۴ سال کی عمر میں وصال فرمایا۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ نے نمازِ جنازہ پڑھائی اور جنت البقیع میں دفن ہوئیں۔ سیر الصحابة، مولانا سعید انصاری، اسلامی کتب خانہ، لاہور، ۵۶/۶)

(۳) المعجم الكبير، سليمان بن أحمد الشامي، أبو القاسم الطبراني، حدیث نمبر: ۷۳۳، ط/۱، ۱۴۱۵ھ، ۲۳ /۳۲۱

(۴) ذخيرة الحفاظ: محمد بن طاهر، تحقيق: د. عبد الرحمن، حدیث نمبر: ۴۰۶۱، ط/۱، دار السلف، الرياض، ۱۹۹۶ء، ۱۷۸۲/۳

(۵) صحيح البخاري، بَابُ إِذَا جَامَعَ ثُمَّ عَادَ، حدیث نمبر: ۲۶۸، ۶۲/۱

## اوقات کار کی تقسیم:

محمد ﷺ اپنی ازواج میں عدل انصاف فرماتے، ہر ایک کے لیے آپ نے وقت کی تقسیم کر رکھی تھی: حضرت عائشہ ارشاد فرماتی ہیں:

((يَا ابْنَ أُخْتِي كَانَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ لَا يُفَضِّلُ بَعْضَنَا عَلَى بَعْضٍ فِي الْقَسْمِ))(۱)

ترجمہ: اے بھانجے آپ ﷺ ہمارے ہمارے پاس ٹھہرنے کی تقسیم میں کسی کو فضیلت نہ دیتے تھے کوئی دن ایسا نہ گزرا ہوگا کہ آپ ہم میں سے ہر ایک کے گھر نہ آئے ہوں۔اور ہمارے قریب نہ بیٹھے ہوں کسی کو ہاتھ لگائے بغیر، یہاں تک کہ پھر اس بیوی کے پاس جا کر رات گزارتے جس کی باری ہوتی۔

حضرت سودہ رضی اللہ عنھا جب عمر رسیدہ ہو گئیں اور انہیں کچھ اندیشہ ہوا کہ آپ ﷺ ان سے جدائی اختیار کریں گے تو آپؓ نے یہ سعادت حضرت عائشہؓ کو دے دی آپ ﷺ نے اسے قبول فرمالیا(۲)

## دن کے اوقات کی تقسیم:

عصر کی نماز اداء کر کے حضور ﷺ اپنی ازواج کے پاس تشریف لے جاتے تاکہ کسی کی حق تلفی نہ ہو۔حضرت سیدہ عائشہ روایت کرتی ہیں:

((كَانَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ إِذَاانْصَرَفَ مِنَ العَصْرِ دَخَلَ عَلَى نِسَائِهِ))(۳)

ترجمہ: جب رسول اللہ ﷺ عصر کی نماز سے فارغ ہوتے تو اپنی ہر بیوی کے ہاں تشریف لے جاتے اور حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کے پاس زیادہ دیر ٹھہرتے۔آپ ﷺ نے دن اور رات کے اوقات کو اللہ اور بندوں کے حقوق اداء کرنے کے لیے بہترین انداز میں تقسیم کیا ہوا تھا۔

اور یہ امت مسلمہ کے لیے ایک ایسا اسوہ ہے جسے دیکھتے ہوئے تمام امت اپنے اندرونی اور بیرونی اوقات کی تقسیم کار کریں تاکہ زندگی خوشگوار گزرے۔

## نان ونفقہ:

آپ ﷺ اپنی ازواج کے خرچ کا خیال رکھتے ایک روایت میں ہے:

---

(۱) (علامہ البانی کے نزدیک یہ حدیث حسن صحیح ہے)،سنن أبي داود، بَابٌ فِي الْقَسْمِ بَيْنَ النِّسَاءِ،حدیث نمبر:۲۱۳۵،۲/۲۴۲

(۲) صحيح البخاري، بَابُ هِبَةِ المَرْأَةِ لِغَيْرِ زَوْجِهَا، حدیث نمبر:۲۵۹۳،۳/۱۵۹

(۳) صحيح البخاري، بَابُ دُخُولِ الرَّجُلِ عَلَى نِسَائِهِ، حدیث نمبر:۵۲۱۶،۷/۳۴

((كَانَ يَبِيعُ نَخْلَ بَنِي النَّضِيرِ، وَيَحْبِسُ لِأَهْلِهِ قُوتَ سَنَتِهِ))(۱)

ترجمہ: نبی ﷺ بنی نضیر والی کھجوریں فروخت کرکے اپنے اہل خانہ کے لیے ایک سال کا غلہ رکھ لیتے تھے۔

((کان ینفق علی نسائه کل سنة عشرین وسقا من شعیر، وثمانین وسقا من تمر))(۲)

ترجمہ: رسول ﷺ سال بھر کے دوران اپنی بیویوں پر ۲۰ وسق جو اور ۸۰ وسق کھجور خرچ فرمایا کرتے تھے۔

## رفیق سفر کا انتخاب بذریعہ قرعہ اندازی:

آپ ﷺ سفر میں جب تشریف لے جاتے تو قرعہ اندازی فرماتے تاکہ کسی بیوی کی حق تلفی نہ ہو۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا روایت فرماتی ہیں:

((كَانَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ إِذَا أَرَادَ سَفَرًا أَقْرَعَ بَيْنَ نِسَائِهِ))(۳)

ترجمہ: آپ ﷺ جب سفر کا ارادہ فرماتے تو اپنی بیویوں کے درمیان قرعہ اندازی فرماتے جس کے نام قرعہ نکلتا اسے ساتھ لے جاتے اور آپ ﷺ نے ہر ایک بیوی کے لیے دن اور رات کی تقسیم کی ہوئی تھی۔ سوائے حضرت سودہ رضی اللہ عنہا کے اس لیے انھوں نے اپنی باری حضرت عائشہ کو ہبہ کر دی تھی اس سے حضرت سودہ کو آنحضور ﷺ کی خوشی مطلوب تھی۔

## شوہر کے حقوق:

بیوی پر شوہر کے دو بڑے حقوق ہیں بیوی اپنے شوہر کا ہر وہ حکم مانے جو شریعت اسلامی کے خلاف نہ ہو۔ آپ ﷺ ارشاد فرماتے ہیں:

((فَأَمَّا حَقُّكُمْ عَلَى نِسَائِكُمْ فَلَا يُوطِئْنَ فُرُشَكُمْ مَنْ تَكْرَهُونَ))(۴)

تمہارا ان پر حق یہ ہے جسے تم ناپسند کرتے ہو اسے تمہاری خوابگاہوں میں نہ آنے دیں۔

اور بہترین بیوی کے متعلق آپ ﷺ پوچھا گیا:

---

(۱) صحيح البخاري، بَابُ حَبْسِ نَفَقَةِ الرَّجُلِ، حدیث نمبر: ۵۳۵۷، ۶۳/۷

(۲) جوامع السيرة ،أبو محمد علي بن أحمد بن سعيد بن حزم القرطبي ، تحقيق: إحسان عباس، ط/۱، دار المعارف، مصر، ۱۹۰۰ء، ۳۸/۱

(۳) (علامہ البانی نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے)، سنن أبي داود ، بَابٌ فِي الْقَسْمِ بَيْنَ النِّسَاءِ، حدیث نمبر: ۲۱۳۸، ۲۴۳/۲

(۴) (شیخ البانی کے نزدیک یہ حدیث حسن ہے)، سنن الترمذي، بَابُ مَا جَاءَ فِي حَقِّ المَرْأَةِ ، حدیث نمبر: ۱۱۶۳، ۴۶۹/۳

((قَالَ: الَّتِي تَسُرُّهُ إِذَا نَظَرَ، وَتُطِيعُهُ إِذَا أَمَرَ)) (۱)

ترجمہ: آپ ﷺ نے فرمایا بہترین عورت وہ ہے جب وہ دیکھے تو اسے خوش کر دے، اور جب وہ حکم دے تو اطاعت کرے۔

بیوی شوہر کی اجازت کے بغیر بلا عذر شرعی گھر سے باہر نہ نکلے۔ اگر شوہر خلاف شرع کسی کام کرنے کا حکم کرے تو اس کا انکار کیا جا سکتا ہے، کیونکہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا خالق کی نافرمانی میں مخلوق کی کوئی اطاعت نہیں ہے۔

## بیوی کے حقوق:

شوہر بیوی کا مہر اداء کرے اپنی استطاعت کے مطابق، اس کے نان نفقے میں کمی نہ کرے، جس معیار کا کھانا خود کھائے اسے بھی کھلائے، اور جس معیار کے کپڑے خود پہنے اسے بھی پہنائے۔ اس کی عزت نفس کا خیال رکھے اس کے ساتھ حسن سلوک سے پیش آئے اور اسے زلیل ورسوانہ کرے۔ حضرت محمد ﷺ فرماتے ہیں:

((فَاتَّقُوا اللهَ فِي النِّسَاءِ، فَإِنَّكُمْ أَخَذْتُمُوهُنَّ بِأَمَانِ اللهِ، وَاسْتَحْلَلْتُمْ فُرُوجَهُنَّ بِكَلِمَةِ اللهِ وَلَكُمْ عَلَيْهِنَّ أَنْ لَا يُوطِئْنَ فُرُشَكُمْ أَحَدًا تَكْرَهُونَهُ، فَإِنْ فَعَلْنَ ذَلِكَ فَاضْرِبُوهُنَّ ضَرْبًا غَيْرَ مُبَرِّحٍ، وَلَهُنَّ عَلَيْكُمْ رِزْقُهُنَّ وَكِسْوَتُهُنَّ بِالْمَعْرُوفِ)) (۲)

ترجمہ: ان عورتوں کے بارے میں جو تمہارے نکاح میں ہیں، اللہ سے ڈرتے رہو۔ ان پر تمہارا حق یہ ہے کہ وہ جن لوگوں کو تم ناپسند کرو اپنے گھر میں گھسنے نہ دیں اگر وہ ایسا کریں تو ان کو ہلکی ہلکی مار مارو او تم پر ان کا حق یہ ہے کہ تم ان کی خوراک اور لباس کی ذمہ داری اٹھاؤ

## عائلی زندگی کے قوانین:

دین اسلام تجرد کی زندگی پسند نہیں کرتا بلکہ مل جل کر رہنا پسند کرتا ہے۔ اسلامی عائلی قوانین میں پہلا قانون نکاح کا ہے۔ جس طرح پنج وقتہ نمازیں اداء کرنے، رمضان المبارک کے روزے رکھنے، زکاۃ اور حج کی ادائیگی کے لیے بھی علم کی ضرورت ہے۔ اس طرح نکاح کرنے میاں بیوی کے درمیان تعلقات درست رکھنے، گھر کی فضاء کو اسلامی بنائے رکھنے، بچوں کی اسلامی تعلیم وتربیت کے لیے بھی علم کی ضرورت ہے۔ اور اگر صورت حال ایسی پیدا ہو جائے کہ میاں بیوی کے درمیان تعلقات بے حد خراب ہو جائیں اور وہ اللہ کی مقرر حدود پر قائم نہ رہ سکتے ہوں اور نکاح کے مقاصد فوت ہو رہے ہوں تو حسن وخوبی کے ساتھ ایک دوسرے سے علیحدہ ہونے کے لیے بھی علم کی ضرورت ہے۔

---

(۱) (علامہ شیخ البانی فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے)، السنن الصغرى للنسائي، أَيُّ النِّسَاءِ خَيْرٌ، حدیث نمبر: ۳۲۳۱، ۶۸/۶

(۲) صحيح مسلم، بَابُ حَجَّةِ النَّبِيِّ، حدیث نمبر: ۱۲۱۸، ۸۸۶/۲

## حق نکاح:

لغت میں نکاح کا معنیٰ جمع کرنا اور ملانا ہے اور شریعت اسلامیہ میں نکاح اس عقد کو کہتے ہیں جس کے ذریعے سے کسی عورت کے جسم سے فائدہ اٹھانے کا مالک بنایا جاتا ہے[۱]

اگر کسی شخص میں شہوت کا مادہ حد اعتدال میں ہو تو نکاح سنت ہے اور اگر شہوت کا غلبہ ہو تو اس پر نکاح واجب اور جب اس نفس پر ظلم کا خدشہ اور اندیشہ ہو تو پھر اس کا نکاح کرنا مکروہ ہے اگر وہ نامرد ہو تو پھر اس کا نکاح کرنا حرام ہے[۲]

خاندان، اجتماعی نظام کی بنیاد کی پہلی اینٹ ہے۔ لہذا اسلام اس بنیادی اینٹ کو مضبوط دیکھنا چاہتا ہے۔ اور اس کو مودت ورحمت اور پاکیزگی سے راسخ اور بنیان مرصوص بنانا چاہتا ہے۔ اس لیے وہ نکاح میں ایک پختہ میثاق کی حیثیت دیتا ہے، قرآن پاک میں ارشاد ہوتا ہے۔

﴿وَأَخَذْنَ مِنْكُمْ مِيثَاقًاغَلِيظًا﴾[۳]

ترجمہ: اور وہ عورتیں تم سے پختہ عہد لے چکی ہیں۔

## نکاح کی ترغیب:

اسلام یہ چاہتا ہے کہ نسل انسانی کو فروغ حاصل ہو، نکاح کی فضیلت کے متعلق ارشاد مصطفیٰ ﷺ ہے:

((مَنِ اسْتَطَاعَ البَاءَةَ فَلْيَتَزَوَّجْ، فَإِنَّهُ أَغَضُّ لِلْبَصَرِ، وَأَحْصَنُ لِلْفَرْجِ، وَمَنْ لَمْ يَسْتَطِعْ فَعَلَيْهِ بِالصَّوْمِ، فَإِنَّهُ لَهُ وِجَاءٌ))[۴]

ترجمہ: اے نوجوانو تم میں سے جو شخص گھر بسانے کی استطاعت رکھتا ہے وہ نکاح کرے کیونکہ نکاح نظر کو پست کرتا ہے اور شرم گاہ کی حفاظت ہے اور جو نکاح کرنے کی طاقت نہیں رکھتا وہ روزے رکھے کیونکہ روزے شہوت کو کم کرتے ہیں۔

اسلام کی نگاہ میں ایک نیک بیوی، مرد کے لیے دنیا و آخرت کی بہت بڑی نعمت ہے، کیونکہ نیک بیوی شوہر کی خیر خواہ اور راحت و سکون کا سامان ہوتی ہے، نبی پاک علیہ السلام کا ارشاد پاک ہے:

((الدُّنْيَا مَتَاعٌ، وَخَيْرُ مَتَاعِ الدُّنْيَا الْمَرْأَةُ الصَّالِحَةُ))[۵]

---

(۱) پیغمبر اسلام اور بنیادی انسانی حقوق، ص: ۲۵۴

(۲) عمدة القاري شرح صحيح البخاري، بابُ الصَّوْمِ، **حدیث نمبر**:۵۰۹۱، دار إحياء التراث العربي، بيروت، ۲۷۹/۱۰

(۳) سورة النساء: ۲۱/۴

(۴) (علامہ البانی نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے)، سنن أبي داود، بَابُ التَّحْرِيضِ عَلَى النِّكَاحِ، **حدیث نمبر**:۲۰۴۶، ۲۱۹/۲

(۵) صحيح مسلم، بَابُ خَيْرُ مَتَاعِ الدُّنْيَا، **حدیث نمبر**:۱۴۶۷، ۱۰۹۰/۲

ترجمہ: دنیا سامان زینت ہے اور اس کا بہترین سامان صالح عورت ہے۔

## نکاح باعث سکون:

اسلام میں شادی کا مقصد نفس کی تسکین ،دل کی راحت ، مرد وعورت کے درمیان محبت، باہمی تعاون ، باہمی شفقت ومہربانی ہے،اسلام چاہتا ہے کہ مرد وعورت باہم خیر خواہی کی زندگی بسر کریں،اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

﴿وَمِنْ آيَاتِهِ أَنْ خَلَقَ لَكُمْ مِنْ أَنْفُسِكُمْ أَزْوَاجًا لِتَسْكُنُوا إِلَيْهَا وَجَعَلَ بَيْنَكُمْ مَوَدَّةً وَرَحْمَةً إِنَّ فِي ذَلِكَ لَآيَاتٍ لِقَوْمٍ يَتَفَكَّرُونَ﴾[۱]

ترجمہ: یہ بھی اس کی نشانی ہے اس نے تمہارے لیے بیویاں تمہاری جنس سے پیدا کیں تاکہ تمہیں ان سے سکون حاصل ہو اور تمہارے درمیان الفت اور رحمت پیدا کردی۔

## نکاح کا مقصد:

نکاح کا مقصد صرف شہوانی خواہشات کی تکمیل نہیں ہے بلکہ نکاح کا ایک عظیم مقصد ہے۔ حضور ﷺ ارشاد فرماتے ہیں:

((تناكحوا تَوَالَدُوا تكثروا، فَإِنِّي أباهي بكم الْأُمَم يَوْم الْقِيَامَة))[۲]

ترجمہ: نکاح کرو اور کثرت سے اولاد پیدا کرو تاکہ میں قیامت کے روز دوسری امتوں پر فخر کرسکوں۔

نکاح کا مقصد نسل انسانی کی افزائش ہے ایسی عورت کو حضور ﷺ نے پسند کیا جو زیادہ اولاد پیدا کرنے والی ہو۔ حضرت معقل بن یسار روایت فرماتے ہیں:

((جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ ﷺ فَقَالَ: إِنِّي أَصَبْتُ امْرَأَةً ذَاتَ حَسَبٍ وَجَمَالٍ، وَإِنَّهَا لَا تَلِدُ، أَفَأَتَزَوَّجُهَا، قَالَ: لَا ثُمَّ أَتَاهُ الثَّانِيَةَ فَنَهَاهُ، ثُمَّ أَتَاهُ الثَّالِثَةَ، فَقَالَ:تَزَوَّجُوا الْوَدُودَ الْوَلُودَ فَإِنِّي مُكَاثِرٌ بِكُمُ الْأُمَمَ))[۳]

ترجمہ: ایک شخص بارگاہ نبوت میں عرض گزار ہوا یا رسول مجھے ایک عزت والی، مال دار اور منصب والی عورت مل رہی ہے لیکن وہ بانجھ ہے۔ کیا میں اس سے شادی کرلوں۔ آپ ﷺ نے اس سے نکاح کرنے سے منع فرمایا حتی کہ اس نے تین بار پوچھا تو آپ نے فرمایا: محبت کرنے والی اور بچے دینے والی

---

(۱) سورۃ الروم ۳۰: ۲۱

(۲) عمدة القاري شرح صحيح البخاري،بابُ الصَّوْم ،حدیث نمبر:۵۰۹۱، ۲۷۹/۱۰

(۳) (علامہ البانی نے اس حدیث کو حسن صحیح قرار دیا ہے)، سنن أبي داود ، بَابُ النَّهْيِ عَنْ تَزْوِيجِ، حدیث نمبر: ۲۰۵۰، ۲۲۰/۲

عورت سے نکاح کیا کرو کیونکہ میں تمہاری کثرت کی وجہ سے دوسری امتوں پر فخر کروں گا۔

## نکاح عصمت واخلاق کا محافظ ہے:

نکاح کا پہلا مقصد عفت وعصمت اور اخلاق کی حفاظت ہے۔اس لیے کلام مجید میں نکاح کو حصن کہا گیا ہے۔ لغت عرب میں حصن قلعے کو کہا جاتا ہے،احصان قلعہ بندی کو، نکاح کے ذریعے شوہر بیوی کے لیے قلعہ بن جاتا ہے۔اور بیوی شوہر کے لیے دونوں ایک دوسرے کے اخلاق کی پاکیزگی کے محافظ بن جاتے ہیں۔اگر خدانخواستہ یہ بات حاصل نہ ہو رہی ہو تو نکاح کا مقصد پورا نہ ہو گا۔میاں اور بیوی کو قرآن پاک میں ایک دوسرے کا لباس ہونے سے تعبیر کیا گیا ہے:

﴿هُنَّ لِبَاسٌ لَكُمْ وَأَنْتُمْ لِبَاسٌ لَهُنَّ﴾[۱]

ترجمہ: عورتیں تمھارے لیے لباس ہیں اور تم ان کے لیے لباس ہو

## حق مہر:

مہر اس رقم یا مال کو کہتے ہیں جو شوہر کی طرف سے بیوی کو حق زوجیت کے معاوضہ کے طور پر دیا جاتا ہے[۲]

مہر عورت کا حق ہے مرد جب کسی عورت سے نکاح کرے تو حق مہر ادا کرے،اللہ تعالی کا ارشاد پاک ہے:

﴿وَآتُوا النِّسَاءَ صَدُقَاتِهِنَّ نِحْلَةً﴾[۳]

ترجمہ: اور اپنی عورتوں کو ان کے حق مہر خوشی خوشی دیا کرو پھر اگر وہ خوش دلی سے تمہیں کچھ بخش دیں تو اسے لذت حاصل کرتے ہوئے کھاؤ۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنھا سے حق مہر کے متعلق سوال کیا گیا تو آپؓ نے فرمایا:

((كَانَ صَدَاقُهُ لِأَزْوَاجِهِ ثِنْتَيْ عَشْرَةَ أُوقِيَّةً وَنَشًّا))[۴]

ترجمہ: آپ ﷺ کی بیویوں کے لیے بارہ اوقیہ اور ایک نش تھا۔کیا آپ جانتے ہو کہ نش کیا ہوتا ہے۔ فرمایا کہ یہ آدھے سے تھوڑا ہے۔یہ آپ ﷺ کی بیویوں کا مہر تھا۔

## طلاق:

قرآن وسنت میں طلاق کے متعلق واضح ہدایات موجود ہیں۔شریعت نے مرد کو جو اختیارات دیے ہیں ان میں ایک

---

(۱) سورۃ البقرۃ۲: ۱۸۷

(۲) اسلامی قانون معاشرت،خواجہ معین الدین اکرمی ندوی،،ط/۱،کتب خانہ مکتبہ رحیمیہ دیوبند،یوپی،۲۰۰۴ء،ص:۴۳

(۳) سورۃ النساء۴: ۴

(۴) صحيح مسلم، مسلم بن الحجاج أبو الحسن القشيري النيسابوري ،حدیث نمبر:۱۴۲۶،۲/۱۰۴۲

اختیار بیوی کو طلاق دینا بھی ہے۔ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

﴿الطَّلَاقُ مَرَّتَانِ فَإِمْسَاكٌ بِمَعْرُوفٍ أَوْ تَسْرِيحٌ بِإِحْسَانٍ﴾(۱)

ترجمہ: طلاق دو بار ہے پھر اچھے طریقے سے رکھے یا چھوڑ دے۔

طلاق سوچ سمجھ کر دینی چاہیے، آپ ﷺ ارشاد فرماتے ہیں:

((أَبْغَضُ الْحَلَالِ إِلَى اللَّهِ تَعَالَى الطَّلَاقُ))(۲)

ترجمہ: جو چیزیں مباح ہیں ان میں اللہ کے نزدیک سب سے ناپسندیدہ چیز طلاق ہے۔

بالکل ناگزیز حالات میں اس اختیار کو استعمال کرنا چاہیے اگر نقصان کا ازالہ طلاق کے بغیر نہیں ہو رہا تو طلاق لازم ہے۔ کسی عورت سے نکاح دراصل اس سے عمر بھر نباہ کرنے کا ایک معاہدہ ہے۔ یہی وجہ ہے کہ وقتی اور عارضی نکاح جائز نہیں ہے۔ جب تک نباہ کی گنجائش موجود ہو تو طلاق ہر گز نہ دینی چاہیے۔ اگر شوہر اور بیوی کے درمیان کوئی جھگڑا ہو اور وہ دونوں اسے طئے کرنے میں ناکام ہو جائیں۔ تو پھر شوہر کے خاندان کے ایک شخص اور بیوی کے خاندان کے ایک شخص کو مل کر اس جھگڑے کو طے کرنا چاہیے۔ اور اگر صورت حال ایسی ہو گئی ہو کہ شوہر بیوی کسی طرح اللہ کی مقررہ کردہ حدود قائم نہیں رکھ سکتے ہوں تو پھر شوہر کو سوچ سمجھ کر اسلامی شریعت کے مطابق طلاق دینی چاہیے۔

## سنت کے مطابق طلاق کا طریقہ:

طلاق سنت، اس طہر میں طلاق دینا جس میں جماع نہیں ہوا طلاق سنی کہلاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان :

﴿يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ إِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ فَطَلِّقُوهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ﴾(۳)

ترجمہ: اے نبی ﷺ جب تم عورتوں کو طلاق دو تو ان کی عدت کے شروع میں طلاق دو۔

ایسی مدخول بہا عورتیں جو حیض سے عدت گزارنے والیاں ہوں ان کو ایسے طہر میں طلاق دی جائے جس میں ان سے جماع نہ کیا گیا ہو۔ پھر ان کو چھوڑ دیا جائے۔ یہاں تک کہ ان کی عدت گزر جائے۔ یہ سب سے بہتر طلاق ہے(۴)

اگر بیوی کو کسی سبب سے طلاق ہو گئی تو اس سے کچھ بھی واپس نہ لو، اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

﴿وَإِنْ أَرَدْتُمُ اسْتِبْدَالَ زَوْجٍ مَكَانَ زَوْجٍ وَآتَيْتُمْ إِحْدَاهُنَّ قِنْطَارًا فَلَا تَأْخُذُوا مِنْهُ شَيْئًا أَتَأْخُذُونَهُ

---

(۱) سورة البقرة ۲: ۲۲۹

(۲) (علامہ البانی نے اس حدیث کو ضعیف قرار دیا ہے)، سنن أبي داود ، بَابٌ فِي كَرَاهِيَةِ الطَّلَاقِ، حدیث نمبر: ۲۱۷۸، ۲/۲۵۵

(۳) سورة الطلاق ۶۵: ۱

(۴) تفسیر مدارک، عبداللہ بن احمد بن محمود النسفی، مترجم: مولانا شمس الدین، مکتبۃ العلم، لاہور، ۳/۸۸۶

بُهْتَانًا وَإِثْمًا مُبِينًا وَكَيْفَ تَأْخُذُونَهُ وَقَدْ أَفْضَى بَعْضُكُمْ إِلَى بَعْضٍ وَأَخَذْنَ مِنْكُمْ مِيثَاقًا غَلِيظًا﴾[۱]

ترجمہ: اور اگر تم ایک بیوی کی جگہ دوسری لانے کا ارادہ کر لو تو خواہ تم نے اسے ڈھیر سارا مال ہی کیوں نہ دیا ہو اس میں سے کچھ بھی واپس نہ لو۔ کیا تم اسے بہتان لگا کر اور صریح ظلم کر کے واپس لو گے جبکہ تم ایک دوسرے کے ساتھ صحبت کر چکے ہو اور وہ تم سے عہد واثق بھی لے چکی ہے۔

سورۃ البقرۃ میں بھی اسی حوالے سے ارشاد ربانی ہے:

﴿وَلَا يَحِلُّ لَكُمْ أَنْ تَأْخُذُوا مِمَّا آتَيْتُمُوهُنَّ شَيْئًا﴾[۲]

ترجمہ: تمہارے لیے ایسا کرنا جائز نہیں کہ رخصت کرتے ہوئے جو کچھ تم انہیں دے چکے ہو اس میں سے کچھ واپس لو۔

## خلع:

شریعت اسلامی نے جس طرح مرد کو یہ حق دیا ہے کہ بیوی سے نباہ نہ ہونے کی صورت میں وہ طلاق دے کر نکاح کو ختم کر سکتا ہے۔ اسی طرح عورت کو بھی یہ حق دیا ہے کہ اگر معاملات درست نہیں ہو رہے تو وہ پورا مہر یا اس کا کچھ حصہ دے کر خلع حاصل کر لے۔ اگر شوہر خلع کے لیے راضی نہ ہو تو قاضی کے فیصلے سے خلع حاصل کر لے۔ قرآن پاک میں ارشاد ہے

﴿فَإِنْ خِفْتُمْ أَلَّا يُقِيمَا حُدُودَ اللَّهِ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا فِيمَا افْتَدَتْ بِهِ﴾[۳]

ترجمہ: پھر اگر تمہیں خوف ہو کہ وہ دونوں قائم نہ رکھ سکیں گے اللہ کی حدود کو تو کوئی حرج نہیں ان پر کہ عورت کچھ فدیہ دے کر جان چھڑا لے۔

## بلا سبب خلع کی ممانعت:

اور اگر عورت بلاوجہ طلاق کا مطالبہ کرے تو فرمان مصطفی ﷺ ہے:

(( أَيُّمَا امْرَأَةٍ سَأَلَتْ زَوْجَهَا الطَّلَاقَ فِي غَيْرِ مَا بَأْسٍ، فَحَرَامٌ عَلَيْهَا رَائِحَةُ الْجَنَّةِ))[۴]

ترجمہ: جو عورت اپنے خاوند سے بلاوجہ طلاق کا مطالبہ کرتی ہے تو اس پر جنت کی خوشبو حرام ہے۔

---

(۱) سورۃ النساء۴: ۲۰-۲۱

(۲) سورۃ البقرۃ۲: ۲۲۹

(۳) سورۃ البقرۃ۲: ۲۲۹

(۴) (علامہ البانی نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے)، سنن ابن ماجہ، ابَابُ كَرَاهِيَةِ الْخُلْعِ لِلْمَرْأَةِ، حدیث نمبر: ۲۰۵۵، ۶۶۲/۱

## ظہار:

### ظہار کے متعلق اسلامی نقطہ نظر:

إذا قال الزوج لامرأته أنت علي كظهر أمي فقد حرمت عليه لا يحل له وطؤها[1]

ترجمہ: جب شوہر نے اپنی بیوی سے کہا کہ تو مجھ پر میری ماں کی مثل ہے اس صورت میں بیوی اس پر حرام ہو گئی اس سے وطی کرنا حلال نہیں ہے۔

ظہار کی صورت میں عورت مرد پر حرام ہو گئی نہ اس سے وطی کر سکتا ہے اور نہ اسے چھو سکتا ہے اور نہ اس کا بوسہ لے سکتا ہے جب تک کہ کفارہ ظہار ادا نہیں کرتا۔

## لعان:

اگر کوئی شخص بیوی پر صاف اور واضح الفاظ سے زنا کا الزام لگائے یا اولاد کے متعلق کہے وہ اس کی اولاد نہیں ہے۔ اور قاضی کے سامنے یہ مقدمہ پیش ہو تو اس کو لعان کہتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

اور جو لوگ اپنی عورتوں پر بدکاری کی تہمت لگائیں اور خود ان کے سوا ان کے گواہ نہ ہوں تو ہر ایک کی شہادت یہ ہے کہ پہلے تو چار بار خدا کی قسم کھائے کہ بیشک وہ سچا ہے۔ اور پانچویں بار یہ (کہے) کہ اگر وہ جھوٹا ہو تو اس پر خدا کی لعنت ۔ اور عورت سے سزا کو یہ بات ٹال سکتی ہے کہ وہ پہلے چار بار خدا کی قسم کھائے کہ بیشک یہ جھوٹا ہے -اور پانچویں دفعہ یوں (کہے) کہ اگر یہ سچا ہو تو مجھ پر خدا کا غضب نازل ہو[2]

لہذا قاضی ان دونوں کو موقعہ دے گا ان میں سے کوئی ایک اپنی غلطی و قصور کا اعتراف کرے۔ یا تو مرد اپنا الزام واپس لے یا پھر عورت اپنی خطاء کا اعتراف کرے۔ اگر دونوں اپنی باتوں پر مصر ہوں تب لعان کرایا جائے گا[3]

## ایلا:

اگر کوئی شخص چار ماہ یا اس سے زیادہ عرصہ تک صحبت نہ کرنے کی قسم کھالے تو اسے ایلا کہتے ہیں، اس تعریف سے ظاہر ہے۔

هُوَ الْحَلِفُ عَلَى تَرْكِ قُرْبَانِهَا أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ أَوْ أَكْثَرَ[4]

---

(۱) المختصر القدوری، ابو الحسن احمد بن محمد بن احمد القدوری، المکتبۃ الرشیدیۃ، کوئٹہ، ۱۳۱۴ھ، ص: ۱۵۳

(۲) سورۃ النور ۲۴: ۶-۹

(۳) اسلامی قانون معاشرت، ص: ۱۸۰

(۴) کنز الدقائق، مکتبہ رحمانیہ، لاہور، ص: ۱۵۸

ایلاء کے حوالے سے آپ ﷺ کا طرز عمل درج ذیل ہے:

نبی آخر الزماں ﷺ نے ایک مرتبہ اپنی بیویوں سے ایلا فرمایا جب انتیس دن مکمل ہوئے تو آپ ﷺ صبح یا شام کو تشریف لائے آپ سے کہا گیا کہ آپ نے ایک مہینے تک کی قسم اٹھائی تھی۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

((إِنَّ الشَّهْرَ يَكُونُ تِسْعَةً وَعِشْرِينَ يَوْمًا)) (۱)

ترجمہ: مہینہ انتیس دن کا بھی ہوتا ہے۔

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنھا نے اسے روایت کیا ہے۔ آپ ﷺ نے اصلاح کی غرض سے ایلاء فرمایا۔

## عصر حاضر کے عائلی مسائل اور نبوی اصلاحات:

قرون اولیٰ میں زندگی سادہ تھی اور اس لیے مسائل کم تھے۔ تہذیب و تمدن کے ساتھ ساتھ مسائل میں بھی اضافہ ہوتا چلا گیا۔ انسان اور مسائل لازم و ملزوم ہیں۔ ان مسائل کے حل کے لیے اگر کوئی امید کی کرن ہے تو وہ آنحضور ﷺ کی ذات ہے۔ رسول ﷺ کا اسوہ اور سیرت نہ صرف مرض کے سبب کی نشاندہی کرتا ہے۔ بلکہ علاج کے فطری طریقے بھی تجویز کرتا ہے۔ عصر حاضر میں خاندانی نظام کے بگاڑ میں جو اسباب پیش پیش ہیں ذیل میں اختصار کے ساتھ ان کو بیان کیا جاتا ہے۔ اور سیرت طیبہ کی روشنی میں ان مسائل کا حل پیش کیا جاتا ہے۔

## حسن سلوک کا فقدان:

ہمارے خاندانی نظام میں حسن سلوک کا فقدان ہے۔ میاں بیوی میں حسن سلوک عائلی زندگی کو سکون عطا کرتا ہے۔ حسن سلوک سے مراد اچھا سلوک کرنے کے ساتھ ساتھ غلطیوں سے قطع نظر کرنا۔ معمولی غلطی پر ہاتھ جلا دینا، کسی اعضاء کا کاٹ دینا، تیزاب سے زندہ جلا دینا یہ سب کچھ امت مسلمہ کے لیے پریشان کن ہیں۔ نبی اکرم ﷺ ارشاد فرماتے ہیں: کوئی مومن مرد کسی مومن عورت (بیوی) سے بغض و عناد نہ رکھے۔ کیونکہ اگر اس کی کوئی عادت ناپسند ہو گی تو کوئی عادت اس کو پسند بھی ہو گی۔

((مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ، فَإِذَا شَهِدَ أَمْرًا فَلْيَتَكَلَّمْ بِخَيْرٍ أَوْ لِيَسْكُتْ، وَاسْتَوْصُوا بِالنِّسَاءِ، فَإِنَّ الْمَرْأَةَ خُلِقَتْ مِنْ ضِلَعٍ، وَإِنَّ أَعْوَجَ شَيْءٍ فِي الضِّلَعِ أَعْلَاهُ، إِنْ ذَهَبْتَ تُقِيمُهُ كَسَرْتَهُ)) (۲)

---

(۱) صحيح مسلم، بَابُ الشَّهْرِ يَكُونُ ، حدیث نمبر: ۱۰۸۵، ۲/۷۶۴

(۲) صحيح مسلم ،كتاب الرضاع، باب الوصية بالنساء, حدیث نمبر: ۱۴۶۸، ۲/۱۰۹۱

ترجمہ: جو شخص اللہ اور یوم آخرت پر ایمان رکھتا ہے۔ جب وہ اپنی بیوی میں کوئی ناپسندیدہ معاملہ دیکھے تو اچھے طریقے سے کہے یا خاموش رہے۔ عورتوں کے ساتھ اچھا سلوک کرو کیونکہ عورت پسلی سے پیدا کی گئی ہے۔ تم اسے سیدھا کرنے لگو گے تو توڑ بیٹھو گے۔

ایک اور حدیث میں ہے کہ :

(( أَكْمَلُ المؤْمِنِينَ إِيمَانًا أَحْسَنُهُمْ خُلُقًا، وَخَيْرُكُمْ خَيْرُكُمْ لِنِسَائِهِمْ)) (۱)

ترجمہ مومنوں میں کامل ایمان والا وہ ہے جس کے اخلاق اچھے ہیں۔ اور مومنوں میں بھلا وہ شخص ہے جو اپنی بیویوں کے لیے بھلا ہو۔

سیرت طیبہ کے ان واقعات اور احادیث میں حسن سلوک کو بہت زیادہ اہمیت دی گئی ہے لہذا آج کے خاندانی نظام کو بہتر بنانے کے لیے اسی نبوی طریقے پر عمل کرنا ہوگا۔

## جہیز کا مسئلہ:

موجودہ خاندانی مسائل میں ایک مسئلہ جہیز کا بھی ہے۔ کچھ لوگوں نے جہیز کو شادی کا بنیادی حصہ قرار دے رکھا ہے۔ حلال و حرام کی تمیز کیے بغیر بہت زیادہ سامان دیتے ہیں۔ بعض والدین زیادہ جہیز دینے کے بعد بیٹی کو حق جائیداد سے محروم کر دیتے ہیں۔ کچھ لوگوں نے اس کی خرابیوں کی وجہ سے اس کو حرام قرار دیا ہے۔ یہ دونوں چیزیں افراط و تفریط پر مبنی ہیں۔ اگر جہیز کی شرط سسرال کی طرف سے ہے تو بہت ہی بری ہے۔ کیونکہ حدیث و سنت میں اس کا کوئی ثبوت نہیں ملتا۔ اگر لڑکی کو وراثت سے محروم کر کے دیا جائے تو یہ حدود اللہ میں تجاوز ہے۔ اگر نئی زندگی کے آغاز پر تحفہ کی غرض سے بغیر کسی دباؤ، لالچ یا وراثت سے محروم کیے بغیر اپنی استطاعت کے مطابق دیا جائے تو کوئی قباحت نہیں ہے۔

عَنْ عَلِيٍّ، رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ: جَهَّزَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ فَاطِمَةَ فِي خَمِيلٍ وَقِرْبَةٍ وَوِسَادَةٍ حَشْوُهَا إِذْخِرٌ (۲)

ترجمہ: حضرت علی روایت کرتے ہیں کہ رسول پاک ﷺ نے حضرت فاطمہ کو ایک چادر اور مشکیزہ عطا فرمایا ایک سرہانہ دیا جس میں کھجور کے پتے بھرے ہوئے تھے۔

امہات المومنین کی سیرت اور بنات رسول کے نکاح کے موقع پر دیے جانے والے سامان کی تفصیل سے معلوم ہوتا ہے کہ ہمارے ہاں جہیز کے مسئلے میں افراط و تفریط پائی جاتی ہے۔ لہذا موجودہ دور میں اس معاملے میں اعتدال کا معاملہ کرنا چاہیے۔

---

(۱) (شیخ البانی کے نزدیک یہ حدیث حسن ہے)، سنن الترمذی، کتاب الرضاع، باب ما جاء فی حق المراۃ ،حدیث نمبر: ۱۱۶۲، ۴۵۸/۳

(۲) سنن نسائی، باب جِهَازُ الرَّجُلِ ابْنَتَهُ، حدیث نمبر: ۳۳۸۴، ۱۳۵/۶

## غیر اسلامی رسوم ورواج:

شادی کے موقع پر غیر اسلامی رسوم ورواج عام ہیں۔ لڑکے والوں کا بہت سی رقم خرچ کر کے وری بنانا۔اور بہت بڑی بارات لڑکی والوں کے گھر پر لے کر جانااسلام میں معیوب ہے۔ حضرت عائشہ کی رخصتی انتہائی سادگی، بلا تکلف اور بغیر کسی نمود و نمائش کے ہوئی۔

جاءَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ عَلَيْهِ أَثَرُ صُفْرَةٍ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ تَزَوَّجْتَ؟ ، قَالَ: نَعَمْ، قَالَ:وَمَنْ؟، قَالَ: امْرَأَةً مِنَ الأَنْصَارِ، قَالَ: كَمْ سُقْتَ؟ ، قَالَ: زِنَةَ نَوَاةٍ مِنْ ذَهَبٍ أَوْ نَوَاةً مِنْ ذَهَبٍ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ ﷺ:أَوْلِمْ وَلَوْ بِشَاةٍ (۱)

ایک دفعہ رسول ﷺ نے حضرت عبدالرحمٰن بن عوف کے کپڑوں کو زرد رنگ لگادیکھاتو پوچھا کہ کیا معاملہ ہے؟انھوں نے کہا کہ میں نے شادی کی ہے۔آپ ﷺ نے پوچھا کس سے،انھوں نے عرض کیاانصار کی ایک عورت سے،آپ ﷺ نے دریافت کیا مہر کتنا ادا کیا ہے،انھوں نے عرض کی گٹھلی برابر سونادیا ہے یا سونے کی ایک گٹھلی دی ہے آپ نے فرمایاولیمہ کروا گرچہ وہ ایک بکری ہی کیوں نہ ہو۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ آپ ﷺ کے صحابہ باوجود نبی ﷺ کے ساتھ محبت کے بارات میں نبی ﷺ کو ساتھ لے کر نہیں گئے ۔رسول پاک ﷺ کی بیٹی کا نکاح سادگی کی اعلیٰ ترین مثال ہے۔ ہمارے معاشرے میں یہ سلسلہ بھی دیکھنے میں آیا ہے کہ منگنی کو نکاح کے حیثیت دی جاتی ہے۔ منگنی کے بعد فون پر باتیں کرنا، باہر اکیلے گھومنا پھرنا، شرعاناجائز ہے۔ منگنی نکاح نہیں ہے۔ محض وعدہ نکاح ہے۔اس پر نکاح کے احکام مرتب نہیں ہوتے۔ نبی ﷺ نے اس چیز سے منع کیا ہے۔

((لاَ يَخْلُوَنَّ رَجُلٌ بِامْرَأَةٍ إِلَّا مَعَ ذِي مَحْرَمٍ)) (۲)

ترجمہ: دو محرم رشتے داروں کے علاوہ کوئی شخص کسی عورت کے پاس تنہائی میں نہ بیٹھے۔

شادی کے موقع پر لڑکے لڑکیوں کا اکھٹے ڈانس کرنااور مہندی کی رسم میں بہت زیادہ خرچ کرنے والی رسومات کی اسلام میں کوئی گنجائش نہیں ہے۔

## مہر کے تعین میں افراط و تفریط :

موجودہ خاندانی مسائل میں ایک مسئلہ یہ بھی ہے کہ بعض لوگوں کا خیال ہے کہ زیادہ مہر ازدواجی زندگی کو مضبوطی

(۱) صحیح البخاری، حدیث نمبر:۲۰۴۸، ۵۲/۳

(۲) صحيح البخاري، حدیث نمبر:۵۲۳۳، ۳۷/۷

عطا کرتا ہے۔اس لیے لاکھوں روپے مہر لکھواتے ہیں۔ اکثر لڑکی والوں کا رجحان یہ ہوتا ہے کہ بڑی سے بڑی رقم کا مہر باندھیں۔اس بات پر ضد کی جاتی ہے کبھی تو اس پر رشتے ٹوٹ جاتے ہیں۔اگر اس مسئلہ کا حل ہم سیرت طیبہ کی روشنی میں دیکھیں تو جب نبی اکرم ﷺ نے ام حبیبہ کے ساتھ شادی کی وہ حبشہ کی تھیں۔

فَزَوَّجَهَا النَّجَاشِيُّ النَّبِيَّ ﷺ وَأَمْهَرَهَا عَنْهُ أَرْبَعَةَ آلَافٍ وَبَعَثَ بِهَا إِلَى رَسُولِ اللَّهِ ﷺ مَعَ شُرَحْبِيلَ ابْنِ حَسَنَةَ (۱)

ترجمہ: حبشہ کے بادشاہ نجاشی نے ان کا نکاح نبی کریم ﷺ کے ساتھ کر دیا اور نجاشی نے آنحضرت ﷺ کی طرف سے ام حبیبہ کا مہر چار ہزار مقرر کیا اور نجاشی نے نکاح کے بعد ام حبیبہ کو شرحبیل ابن حسنہ کے ہمراہ آنحضرت ﷺ کے پاس بھیج دیا۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ کی مرویات میں ہے:

((أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ ﷺ أَعْتَقَ صَفِيَّةَ، وَجَعَلَ عِتْقَهَا صَدَاقَهَا)) (۲)

ترجمہ: کہ بے شک آپ ﷺ نے حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کو آزاد کیا اور ان سے نکاح کیا اور ان کی آزادی کو ہی مہر قرار دیا۔

نبی ﷺ نے جب ایک تنگ دست آدمی کا نکاح ایک خاتون سے کیا تو فرمایا: حق مہر دو گرچہ وہ لوہے کی انگوٹھی ہی کیوں نہ ہو:

فَقَالَ: لَيْسَ مَعِي، قَالَ: قَدْ زَوَّجْتُكَهَا عَلَى مَا مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ (۳)

ترجمہ: اس شخص نے عرض کیا میرے پاس دینے کے لیے کچھ بھی نہیں تو آپ ﷺ نے فرمایا میں نے اس عورت کا نکاح تیرے ساتھ قرآن کے بدلے میں کیا جو تجھے یاد ہے۔

مہر کی کوئی خاص مقدار معین نہیں فرمائی کیونکہ نکاح کرنے والوں کے حالات اور ان کی وسعت واستطاعت مختلف ہو سکتی ہے۔آج کل حب مال کی بدولت یہ فرسودہ رسم بھی رواج پا گئی ہے کہ لوگ زیادہ حق مہر مقرر کرنے کو فخر سمجھتے ہیں جبکہ یہ جاہلیت کا فخر ہے۔بعض اوقات حق مہر ادا کرنے کی نیت نہیں ہوتی اور صرف دکھاوے کے لیے زیادہ لکھوا دیا جاتا ہے جبکہ اسلامی تعلیمات کے مطابق شوہر کو اس کی استطاعت کے مطابق اسے ادا کرنا چاہیے۔

---

(۱) (شیخ البانی نے اس حدیث کو صحیح کہا ہے)،سنن أبي داود،حدیث نمبر:۲۱۰۷،۲/۲۳۵

(۲) (علامہ البانی نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے)،سنن الترمذي، بَابُ مَا جَاءَ فِي الرَّجُلِ يَعْتِقُ الأَمَةَ،حدیث نمبر:۱۱۱۵،۳/۴۱۵

(۳) (شیخ البانی نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے)،سنن ابن ماجه،حدیث نمبر:۱۸۸۹،۱/۶۰۸

## گھر کے کاموں میں تعاون:

خاندانی مسائل میں ایک مسئلہ فرائض کو صحیح طریقے سے ادا نہ کرنے کا ہے۔ خاندانی زندگی کی بنیاد میاں بیوی رکھتے ہیں اگر وہ اپنے دائرہ کار میں رہتے ہوئے اپنے فرائض اچھے طریقے سے ادا کرتے رہتے ہیں تو گھر کا ماحول بھی اچھا رہتا ہے اور بچے بہتر ماحول میں پرورش پاتے ہیں۔ خصوصا عورت پر گھریلو امور کی ذمہ داری ہے بچوں کی پیدائش، پرورش، تربیت اور شوہر کو سکون مہیا کرنا۔ لیکن اگر عورت ملازمت اختیار کر لے اور بنیادی فرائض نظر انداز ہو رہے ہوں تو گھر کے ماحول کو خوشگوار بنانے میں مرد اپنی بیوی کی مدد کر سکتا ہے۔ حضرت اسود بن یزید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے:

((سَأَلْتُ عَائِشَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا، مَا كَانَ النَّبِيُّ ﷺ، يَصْنَعُ فِي البَيْتِ؟ قَالَتْ: كَانَ يَكُونُ فِي مِهْنَةِ أَهْلِهِ، فَإِذَا سَمِعَ الأَذَانَ خَرَجَ)) (۱)

ترجمہ: میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے سوال کیا۔ نبی کریم ﷺ گھر میں کیا کام کرتے تھے۔ تو آپ نے فرمایا: نبی ﷺ گھر کے کام کیا کرتے تھے جب آذان ہوتی تو آپ ﷺ تشریف لے جاتے۔

گھریلو کاموں میں ازواج کا ہاتھ بٹانا بھی سنت مصطفی ہے، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا گیا کہ:

((مَاذا كَان رسولُ اللَّهِ ﷺ يَعمَلُ فِي بَيته؟ قَالت: كَان بَشَرًا مِن البَشرِ يَفلي ثَوبَهُ ويَحلِبُ شَاتَهُ)) (۲)

ترجمہ: نبی اکرم کے گھر میں کیا معمولات تھے؟ انھوں نے فرمایا انسانوں میں ایک انسان تھے اپنے کپڑے خود سی لیتے تھے اور بکری کا دودھ دوہتے تھے۔

اگر مرد اور خواتین اپنے دائرہ کار میں اپنے فرائض ادا کرتے رہیں تو خاندانی نظام کے مسائل اور جھگڑے ختم ہو سکتے ہیں۔ آج کے دور میں ازواجِ مطہرات کے طرزِ عمل کو سامنے رکھ کر عصر حاضر کے ان مسائل کو احسن طریقے سے حل کیا جا سکتا ہے۔

## تربیت اولاد اور نگہداشت کا فقدان:

خاندان میں مرد اور عورت کے تعلق کی سب سے اہم چیز بچوں کی تربیت ہے۔ اسلام نے بچے اور بچیوں کی تربیت کو احسن عبادت سے تعبیر کیا ہے۔ بچوں کی تربیت بہتر انداز میں تب ہی ہو سکتی ہے جب والدین پر بھرپور توجہ دیں، نبی ﷺ فرماتے ہیں:

---

(۱) صحیح البخاری، بَابُ خِدْمَةِ الرَّجُلِ، حدیث نمبر: ۵۳۶۳، ۶۵/۷

(۲) الأدب المفرد بالتعليقات، محمد بن إسماعيل البخاري، وتعليقات العلامة: محمد ناصر الدين الألباني، حدیث نمبر: ۵۴۱، ۲۷۹/۱

((لَأَنْ يُؤَدِّبَ الرَّجُلُ وَلَدَهُ خَيْرٌ لَهُ مِنْ أَنْ يَتَصَدَّقَ بِصَاعٍ)) (۱)

ترجمہ: اگر تم میں سے کوئی اپنے بچے کو ادب سکھاتا ہے تو اس کے لیے اس کام سے بڑھ کر ہے کہ وہ ہر روز ایک صاع خیرات کرے۔

## نان و نفقہ کے مسائل :

عصر حاضر میں یہ رجحان فروغ پا رہا ہے کہ نان و نفقہ کی ذمہ داری شوہر فرض سمجھ کر ادا نہیں کرتے بلکہ عورت پر بوجھ اور احسان سمجھ کر خرچ کرتے ہیں۔ بعض مرد شادی کے بعد اس فکر سے بے نیاز ہو جاتے ہیں۔ مجبوراً عورت کو معاش کی تگ و دو کرنی پڑتی ہے۔ بعض مرد، عورت کی بنیادی ضروریات بھی پوری نہیں کرتے۔ جب کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کھانا، لباس یہ شوہر کے ذمہ ہیں:

((أَنْ تُطْعِمَهَا إِذَا طَعِمْتَ، وَتَكْسُوَهَا إِذَا اكْتَسَيْتَ)) (۲)

ترجمہ: یہ کہ اسے کھانا کھلاو جب تم کھاو اور اسے لباس پہناو جب تم پہنو۔

اسلام نے یہ ذمہ داری مرد کے سپرد کی ہے اسی وجہ سے اسے قوام کا درجہ دیا گیا ہے۔ اگر وہ اسے ارادتاً نہیں کرتا تو اسے اللہ کے ہاں جوابدہ ہونا پڑے گا۔ بعض اوقات حالات ساتھ نہیں دیتے تو ایسی صورت میں اگر بیوی پڑھی لکھی ہے۔ خاوند کی معاشی لحاظ سے معاونت کرے گی، تو ایسی صورت میں مرد کو اسکا ممنون ہونا چاہیے اور ایسے حالات میں لڑائی جھگڑے بھی نہیں ہوں گے۔

## کثرت زواج کے سبب خاندانی مسائل:

مسیحی پادری اپنے تصور رہبانیت اور اسلام دشمنی کی وجہ سے اور مغربی ملحدین متعدد نکاح و زواج کی ذمہ داریوں سے بچ کر آزاد بدکاری کرنے کی وجہ سے اسلام کے تعدد ازواج کے قانون پر اعتراض کرتے ہیں۔ حالانکہ ارشاد خداوندی اس میں واضح رہنمائی کر رہا ہے:

﴿وَآتُوا الْيَتَامَى أَمْوَالَهُمْ وَلَا تَتَبَدَّلُوا الْخَبِيثَ بِالطَّيِّبِ وَلَا تَأْكُلُوا أَمْوَالَهُمْ إِلَى أَمْوَالِكُمْ إِنَّهُ كَانَ حُوبًا كَبِيرًا-وَإِنْ خِفْتُمْ أَلَّا تُقْسِطُوا فِي الْيَتَامَى فَانْكِحُوا مَا طَابَ لَكُمْ مِنَ النِّسَاءِ مَثْنَى وَثُلَاثَ وَرُبَاعَ فَإِنْ خِفْتُمْ أَلَّا تَعْدِلُوا فَوَاحِدَةً أَوْ مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ﴾ (۳)

---

(۱) (علامہ البانی کے نزدیک یہ حدیث ضعیف ہے) سنن الترمذی ، باب ماجافی ادب الولد، حدیث نمبر: ۱۹۵۱، ۳۳۷/۴

(۲) (علامہ البانی کے نزدیک یہ حدیث حسن صحیح ہے) سنن أبي داود ،باب فی حق المراة، حدیث نمبر : ۲۱۴۲، ۲۴۴/۲

(۳) سورۃ النساء۴: ۳

ترجمہ: اگر تم یتیموں کے ساتھ ناانصافی کرنے سے ڈرتے ہو تو جو عورتیں تم کو پسند آئیں ان میں سے دو دو، تین تین، چار چار سے نکاح کر لو لیکن اگر تم ڈر محسوس کرو کہ ان کے ساتھ عدل نہ کر سکو گے تو پھر ایک ہی بیوی (کافی ہے) یا ان عورتوں کو زوجیت میں لاؤ جو تمہارے قبضے میں آئی ہیں اس سے تم ناانصافی سے بچ جاؤ گے۔

جاہلیت میں ایک مرد دس دس عورتوں یا اس سے بھی زیادہ سے نکاح کرتا تھا۔ اور پھر وہ دوسروں پر فخر کرتا تھا کثرت زواج سے۔ جب اپنا مال خرچ ہو جاتا تو اپنے زیر نگرانی یتیموں کے مال پر ہاتھ صاف کیا کرتا تھا۔ اللہ تعالیٰ نے نکاح کے لیے چار کی حد مقرر کر دی۔ چونکہ کثرت ازواج سے مصارف بڑھ جاتے ہیں اور پھر یتیموں پر ظلم کرتے ہیں۔ لہذا حکم فرمادیا ایک سے چار تک نکاح کرو اگر ڈر ہو کہ تم اموال یتامیٰ میں عدل نہیں کر سکو گے تو ایک ہی عورت سے نکاح کرو یا لونڈیوں پر اکتفا کرو[۱]

قرآن پاک نے تعدد ازواج کے سلسلے میں عدل کی جو شرط لگائی ہے وہ معمولی شرط نہیں ہے۔ اس لیے کہ متعدد بیویوں سے یکساں برتاؤ، حسن سلوک، باری کی تقسیم میں مساوات اور ان کے اخراجات میں مساوات برتنا کوئی آسان کام نہیں ہے۔ اور پھر اس صورت میں اور ہی زیادہ مشکل ہے جب کسی ایک بیوی کی طرف قلبی میلان زیادہ ہو انصاف کے تقاضے پورے کرنا بہت مشکل ہے۔ اس میں صرف وہی لوگ پورا اتر سکتے ہیں جو شریعت کے حکم پر اپنی خواہشات اور ارادوں کو قربان کر سکتے ہوں۔ ارشاد نبوی ﷺ ہے:

((مَنْ كَانَتْ لَهُ امْرَأَتَانِ فَمَالَ إِلَى إِحْدَاهُمَا، جَاءَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَشِقُّهُ مَائِلٌ)) [۲]

ترجمہ: جس کی دو بیویاں ہوں وہ ان میں ایک کی طرف مائل ہو گیا وہ قیامت کے دن اس حال میں آئے گا کہ اس کا نصف جسم مفلوج ہو گا۔

عصر حاضر میں اگر ایک شخص کی ایک سے زائد بیویاں ہیں اور وہ ان کے درمیان عدل وانصاف کا مظاہرہ نہیں کرتا ایسی صورتحال ازدواجی زندگی کو سکون جیسی دولت سے محروم کر دیتی ہے۔ تاہم وقت اور حالات کا تقاضا یہ ہے کہ اسوہ رسول ﷺ کو سامنے رکھ کر اپنی ازدواجی زندگیوں کو خوشگوار بنایا جائے۔

---

(۱) احسن البیان فی تفسیر القرآن، سید فضل الرحمٰن، ط/۱، زوار اکیڈمی پبلی کیشنز، ۱۹۹۳ء، کراچی، ۲/۲۲۷

(۲) (علامہ البانی کے نزدیک یہ حدیث صحیح ہے) سنن أبي داود، كتاب النكاح، باب فی القسم بين النساء، حدیث نمبر: ۲۱۳۳، ۲/۲۴۲

## حاصل کلام:

۱-عائلی زندگی ایک مرد اور عورت کی باہمی رفاقت سے وجود میں آتی ہے۔

۲-نکاح کے ذریعے ایک مرد اور ایک عورت ایک معاہدے کے تحت ایک دوسرے کو قبول کرتے ہیں اس سے ایک چھوٹا سا خاندان وجود میں آتا ہے۔

۳-عائلی زندگی اس وقت خوشگوار ہو جاتی ہے جب شوہر اور بیوی کے تعلقات خوشگوار ہوں۔

۴-عائلی زندگی کو بہتر بنانے کے لیے نبی اکرم ﷺ کی ہدایت: بہترین عورت وہ ہے جب تو اسے دیکھے تو تیرا دل خوش ہو جائے، اور جب تو اسے حکم دے تو وہ تیری اطاعت کرے، اور جب تو اس کے پاس موجود نہ ہو تو وہ تیرے مال اور نفس میں تیرے حق کی حفاظت کرے۔

۵-کامیاب عائلی زندگی کے لیے اسوہ مصطفی ﷺ ہمارے سامنے ہے۔آپ ﷺ دن اور رات میں گیارہ بیویوں کے پاس تشریف لے جاتے، مسلمانوں کے مسائل بھی حل فرماتے، تبلیغ دین کا سلسلہ بھی چلتا رہتا حتیٰ کہ عبادات میں بھی تعطل نہ آتا۔ایک خاندان کا مستحکم ہونا معاشرتی زندگی کے لیے ضروری ہے۔

# فصل پنجم:

## معاشرتی افکار اصلاحات نبوی ﷺ کی روشنی میں

انسان اپنی طبیعت، اپنے ماحول اپنی خواہشات اور دیگر ضروریات کی وجہ سے معاشرتی تشکیل کے لیے مجبور ہے۔ اسلامی نقطہ نظر سے مشیت ایزدی کے منصوبہ کے مطابق اس نے اجتماعیت اختیار کی۔ علماء معاشرت جسے طبیعت کہتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی عطاء کردہ فطرت ہے، جس کے بارے میں ارشاد ہوا:

﴿فِطْرَتَ اللَّهِ الَّتِي فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا لَا تَبْدِيلَ لِخَلْقِ اللَّهِ﴾[1]

ترجمہ: اللہ کی بنائی ہوئی اس فطرت پر چلو جس پر اس نے تمام لوگوں کو پیدا کیا ہے اللہ کی تخلیق میں کوئی تبدیلی نہیں لائی جاسکتی۔

اسی تشکیل کو ہم معاشرتی تنظیم کہتے ہیں۔ اس سے مراد انسانی ضروریات کی تکمیل کے لیے مربوط کوششیں کرنا ہے۔ معاشرہ قائم کرنے کے چند عناصر ہیں جن میں جنس، ذاتی تحفظ اور اظہار شخصیت اور خلافت کا قیام وغیرہ ہیں۔ اسلام جس وقت رہنمائی کا دعویٰ لے کر آیا اس وقت کئی معاشرے منظم تھے لیکن اجتماعی خیر کا تناسب کم تھا۔ وہ اصول جس پر اجتماعیت قائم ہو سکتی تھی عملاً موجود نہ تھے۔

فرد اور معاشرے کا تعلق ایسے ہی ہے جیسے انسان کا ہوا سے اور مچھلی کا پانی سے، فرد معاشرے کی اکائی ہے۔ اگر فرد نہ ہو تو معاشرہ تشکیل نہیں پا سکتا۔ آمد مصطفی ﷺ سے قبل عرب کا معاشرہ ناگفتہ بہ مسائل کا شکار تھا۔ سید الانبیاء نے انتہائی بصیرت کے ساتھ معاشرے کو منظم کیا۔ آپ ﷺ کا حسن خلق لوگوں سے خیر خواہی، دوسروں کے متعلق حسن ظن، حلم و بردباری، عفو و درگزر، عہد کی پابندی، صدق مقال، امانت و دیانت، عدل و انصاف، ایثار و ہمدردی، شرم و حیاء، اور خدمت خلق کے جذبے نے معاشرے کے افراد کو اس قدر متاثر کیا کہ وہ ان اخلاق کو اپنانے لگے، اس طرح ایک مستحکم معاشرے کی تشکیل نو ہوئی۔

یہ فصل ان معاشرتی افکار پر مشتمل ہے جو اصلاح معاشرہ کا سبب بنیں۔

---

(۱) سورۃ الروم ۳۰: ۳۰

## معاشرہ:

معاشرۃ(عاشر-یعاشر) باب مفاعلہ سے مصدر ہے،اس کے معنی مل جل کر رہنے کے ہیں:

عاشَرَہ مُعَاشَرَۃً، وتَعَاشَرُوا واعْتَشَرُوا: تَخالَطُوا [(۱)]

چونکہ معاشرہ کے معنٰی مل جل کر رہنے کے ہیں،اس لیے معاشرے سے مراد افراد کا وہ مجموعہ جو مل جل کر رہے۔ یہ انسانی رابطوں کا مجموعہ ہے،اور رابطے انسان کے عمل سے وجود میں آتے ہیں اس طرح ذرائع اور مقاصد کے درمیان رشتوں کا توسط قائم رہتا ہے [(۲)]

ابن خلدون وہ شخص ہے جس نے "علم العمران" کی اصطلاح استعمال کی جو بعد میں (Sociology) کے طور پر مشہور ہوئی۔ابن خلدون نے مقدمہ میں دو قسم کے معاشروں کا ذکر کیا ہے،بدوی معاشرہ اور حضری معاشرہ۔بدوی معاشرے سے حضری معاشرے کی طرف تحول ایک سادگی سے پیچیدگی کا تغیر ہے یہ تبدیلی تمام پہلوؤں میں ہوتی ہے۔

علامہ خلدون نے بھی عصبیت کا ذکر کیا ہے۔جو جدید عمرانیات میں (Solidarity) کے طور پر اختیار کی گئی۔ابن خلدون کے نزدیک عصبیت کو معاشرتی تحریک میں بنیادی حیثیت حاصل ہے [(۳)]

معاشرہ کی بنیاد عام طور سے مادیت بتلائی جاتی ہے۔یعنی انسانی جدوجہد کا مقصد یہ ہے کہ انسان کو تین بنیادی ضروریات (غذا، مکان اور لباس) حاصل ہو جائیں۔جب کہ حضور اکرم ﷺ نے سوسائٹی کی بنیاد مادیت کے بجائے روحانیت پر رکھی۔اور یہ امر واضح کیا کہ اگرچہ مادیت زندگی کے قیام وبقا کے لیے ناگزیر ہے اور اسے حاصل کرنا چاہیے لیکن انسانی جدوجہد کا اصل ہدف فلاح آخرت ہے [(۴)]

## معاشرہ کی اہمیت:

انسان تن تنہا اپنی ضروریات پوری نہیں کر سکتا،وہ ہمیشہ دوسروں کے تعاون کا محتاج رہتا ہے۔جیسے جیسے انسان کی ضروریات بڑھتی ہیں ویسے ہی علوم وفنون میں ترقی کی رفتار بڑھتی جاتی ہے۔اور معاشرے میں ترقی اور خوشحالی پیدا ہوتی ہے۔اس طرح کنبہ سے قبائل،گاؤں اور قصبات کی صورت میں زندگی منظم ہو جاتی ہے۔قصبوں اور شہروں کے باہمی اتحاد اور ارتباط سے ریاست تشکیل پاتی ہے [(۵)]

---

(۱) تاج العروس،۵۳/۱۳

(۲) اسلامی معاشرہ کی تاسیس وتشکیل،ساجد الرحمان،ط/۱،ادارہ تحقیقات اسلامی،اسلام آباد،۱۹۹۷ء،ص:۱۴۹

(۳) اسلام کا معاشرتی نظام،ص:۱۶-۱۷

(۴) عہد نبوی میں ریاست کا نشوو ارتقا،ص:۱۰۵

(۵) اسلام اور جدید افکار،محمد حبیب عباسی،مکتبہ دانیال،لاہور،ص:۴۳۵

## اسلام کی آمد سے پہلے عرب کا معاشرہ:

عرب ایک جزیرہ نما ہے جو ایشیا کے جنوب مغرب میں واقع ہے۔ کسی بھی ملک کی آب وہوا اس کے معاشی اور معاشرتی نظام پر اثر ڈالتی ہے۔ عرب کے باشندے فطرتی طور پر خانہ بدوش زندگی گزارتے تھے۔ خیموں میں رہنا بھیڑ، بکریاں چرانا، بارانی مقامات اور سبزہ زاروں کی تلاش میں پھرتے رہنا ان کا محبوب مشغلہ تھا۔

خانہ بدوش زندگی سے لگاؤ سفروں سے محبت اور جنگ وجدائی کی وجہ سے ان کی طبیعتیں کسی قسم کی پابندی قبول کرنے کی عادی نہیں تھیں۔ ان پر حریت، عصبیت اور وحشت کا غلبہ تھا۔ ان کا نہ تو کوئی اجتماعی تمدن تھا، نہ سیاسی حکومت تھی، نہ فوجی نظام تھا اور نہ ہی کوئی دینی فلسفہ تھا(۱)

جزیرہ عرب کی معاشرت کے دو حصے تھے: بدوی، حضری

بدوی: وہ لوگ جو دیہات میں رہتے تھے۔ اپنے وضع کردہ اصولوں کے مطابق زندگی گزارتے تھے۔

حضری: یہ لوگ شہر میں آباد تھے۔ مشہور شہر مکہ، مدینہ اور طائف ہیں۔ مختلف علاقوں کا مال یہاں آتا اور یہاں سے دوسرے علاقوں میں جاتا تھا۔ ان شہروں میں اجتماعی نظام موجود تھا جو شہری معاشروں میں ہوتا ہے۔ لیکن بایں ہمہ ان پر خصوصی رنگ غالب تھا(۲)

## عرب معاشرت کی خصوصیات:

عرب معاشرے میں عورت کو معزز مقام حاصل نہ تھا۔ صرف چند بڑے خاندانوں میں بعض عورتوں کو اچھا مرتبہ حاصل تھا۔ جیسے حضرت خدیجہ بنت خویلد اور ہند زوجہ ابی سفیان۔ عورت کو میراث نہیں ملتی تھی بلکہ میراث مردوں کے لیے تھی۔ خاندان کی بنیاد اکثر اوقات شادی بیاہ ہی ہوتی۔ لیکن نسب کے لیے صرف نکاح ہی شرط نہیں تھا سفاح سے بھی نسب ثابت ہو جاتا تھا۔ اس لیے کبھی کبھی ایک مرد کی اولاد مختلف تعلقات کی وجہ سے زیادہ ہو جاتی تھی۔ نکاح کی کوئی حد نہ تھی کوئی آدمی جتنی عورتوں سے چاہتا شادی کر لیتا۔ بعض لوگ ایسے بھی تھے جن کے پاس دس سے زیادہ بیویاں تھیں۔ باپ گھرانے کا مطلق العنان سربراہ ہوتا تھا۔ وہ اپنی اولاد کے مارنے، زندہ رکھنے، بیچنے یا عاق کرنے کا مالک ہوتا تھا(۳)

## ایران کی معاشرتی حالت:

یہ زرتشتی مجوسی سلطنت تھی، بعثت مصطفیﷺ سے پہلے یہ معاشرہ طبقات میں بٹا ہوا تھا۔ اس معاشرے میں

---

(۱) تاریخ ادب عربی، احمد حسن زیات، مترجم محمد نعیم صدیقی، مکتبہ دانیال، غزنی سٹریٹ اردو بازار، لاہور، ص: ۲۰

(۲) اسلام کا معاشرتی نظام، ڈاکٹر خالد علوی، الفیصل ناشران وتاجران کتب، لاہور، ۲۰۰۹ء، ص: ۴۵

(۳) تاریخ ادب عربی، ص: ۲۱

مذہبی رجحانات نے خصوصی کردار ادا کیا۔ مختلف مذہبی اثرات کے تحت اجتماعیت انتشار کا شکار ہوتی چلی گئی۔ ان کے یہاں کثرت زواج عام تھی۔ لڑکوں کو لڑکیوں پر ترجیح دیتے، ماں، بہن، بیٹی سے نکاح جائز تھا۔ شوہر کو اپنی بیوی کسی دوست کو سپرد کرنے میں کوئی عار نہ تھی۔ اولاد پہلے شوہر کی ہی تصور ہوتی تھی۔ کسی زرتشی کے بیمار ہونے کی صورت میں یہ تصور کیا جاتا تھا کہ اس پر کسی بری روح نے قبضہ کر لیا ہے۔ مرنے والے کو گہرے کنویں میں لٹکا دیتے تھے جہاں سے گوشت خور جانور اس کا گوشت نوچ لیتے (۱)

## روم کی معاشرتی حالت:

عرب کے ساتھ سلطنت روما ملحق تھی۔ یہ سلطنت عروج و زوال کی عبرت ناک مثال تھی۔ رومی معاشرہ بہت مہذب اور متمدن تھا۔ لیکن طلوع اسلام کے وقت یہ شکست وریخت کا شکار تھا۔ اس معاشرے میں بھی خاندانی نظام درہم برہم ہو گیا تھا۔ اور یہی رومی تہذیب کے زوال کا سبب بنا۔ خاندان میں باپ مکمل اختیارات رکھتا تھا، عورت کی حیثیت ایک غلام کی تھی وہ باپ کی غلامی سے نکل کر شوہر کی غلامی میں آ جاتی۔ غیر رومی اقوام کے لیے رومی معاشرت میں کوئی عزت کی جگہ نہ تھی (۲)

رومی اس بات پر یقین رکھتے تھے کہ ہر گناہ کی جڑ عورت ہی ہے۔ اس سے گناہ کے علاوہ کسی بات کی توقع نہیں کی جا سکتی (۳)

حکومت اور قانون پر صرف چند افراد کا قبضہ تھا باقی لوگ ان کے رحم و کرم پر ہوتے۔ دینی اور اخلاقی اعتبار سے بھی رومی معاشرہ انتشار کا شکار رہا۔ یہودی اور مسیحی افکار نے اس معاشرے کے استحکام کو اور بھی شدید نقصان پہنچایا۔ کوئی مشترک نظریہ حیات نہ تھا (۴)

سلطنت رومہ کا اصل الاصول بادشاہت تھا۔ بادشاہ کے اختیار غیر محدود تھے۔ وہ تمام سیاسی اور مذہبی عہدوں کا سرچشمہ تھا (۵)

آپ ﷺ کی بعثت کے وقت معاشرہ بہت سی قبیح رسموں کے علاوہ معاشرتی برائیوں کا بھی شکار تھا۔ صرف عرب ہی نہیں پوری دنیا اخلاقی اقدار سے تقریباً تہی دست ہو چکی تھی۔ عرب اپنی بہت سی اخلاقی اور طبعی خوبیوں کے باوجود متعدد معاشرتی برائیوں میں گرفتار تھے۔ جیسے ہی ہادی برحق نے اپنے مقدس مشن کا آغاز کیا تو تھوڑے ہی عرصے میں وہ

---

(۱) سیرۃ الرسول، ڈاکٹر محمد طاہر القادری، منہاج القرآن پبلی کیشنز، لاہور، ۲۰۰۴ء، ۴/ ۴۹۱ – ۴۹۳

(۲) اسلام کا معاشرتی نظام، خالد علوی، ط/۱، المکتبہ العلمیہ، لاہور، ۱۹۶۸ء، ص: ۱۸

(۳) سیرۃ الرسول، ۴/ ۵۴۴

(۴) اسلام کا معاشرتی نظام، ص: ۱۹

(۵) عہد نبوی میں ریاست کا نشو و ارتقاء، ڈاکٹر نثار احمد، نشریات، لاہور، ۲۰۰۸ء، ص: ۳۱

معاشرہ جو ظلمتوں کے گھٹاٹوپ اندھیروں میں ڈوبا ہوا تھا وہاں رشد وہدایت کا آفتاب نصف النہار پر جگمانے لگا۔

## اسلامی معاشرہ:

خاندان، اسلامی نظام معاشرت کی بنیادی اکائی ہے۔ یہ نظام نسل انسانی کی بقاء کا ضامن ہے۔ اور انسانی تعلقات کو استحکام عطاء کرتا ہے۔ خاندان اگر انتشار کا شکار ہو جائے تو اس کا اثر پورے معاشرے پر پڑتا ہے۔ قرآن بھی خاندانی نظام کا ذکر کر رہا ہے۔

﴿وَهُوَ الَّذِي خَلَقَ مِنَ الْمَاءِ بَشَرًا فَجَعَلَهُ نَسَبًا وَصِهْرًا وَكَانَ رَبُّكَ قَدِيراً﴾(۱)

ترجمہ: اور وہی ہے جس نے پانی سے آدمی بنایا پھر اس کے لیے جد اور سسرال ٹھہرائے، اور تیرا رب سب کچھ کر سکتا ہے۔

## معاشرتی ادارے:

ان معاشرتی ادارات کے آغاز کا صحیح پتہ چلانا تو ممکن نہیں کیونکہ ہم ایک عرصے سے منظم صورت میں دیکھ رہے ہیں۔ دوسرے ان کی ابتدائی کیفیات بھی یقینی طور پر معلوم نہیں ہیں۔ ماہرین عمرانیات کی رائے ہے کہ افراد معاشرہ کی متعین ضروریات نے ان ادارات کو جنم دیا ہے(۲)

### ازدواجی ادارہ:

اسلام میں ادارہ ازدواج بھی بڑی اہمیت کا حامل ہے یہ ایک مکمل نظام ہے جس میں، نکاح، طلاق، خلع، ایلا، لعان اور ظہار کے متعلق مکمل ہدایات موجود ہیں ازدواجی ادارہ انسانی اجتماعیت کی مستقل بنیاد ہے۔ اگر اس کی تنظیم صحیح انداز سے ہو تو معاشرہ میں کوئی فساد رونما نہیں ہو سکتا۔

## مسجد:

اسلامی معاشرے کا مرکزی اور متحرک ادارہ ہے۔ جس میں عبادت کی تکمیل، درس وتدریس، انتظامی امور، عائلی امور کی تکمیل، اشاعت علوم دینیہ کے کام سرانجام دیے جاتے ہیں۔ اسی طرح نبوی دور میں مسجد دیگر ثقافتی سرگرمیوں کا بھی مرکز ہوتی تھی۔

---

(۱) سورۃ الفرقان ۲۵: ۵۴

(۲) اسلام کا معاشرتی نظام، خالد علوی، ط/۱، المکتبہ العلمیہ، لاہور، ۱۹۶۸ء، ص: ۶۴

## مکتب:

معاشرے کا ایک اہم ادارہ اور ثقافتی ورثے کو آنے والی نسلوں میں منتقل کرنے کا بڑا ذریعہ ہیں۔ کسی بھی معاشرے کے اجتماعی شعور اور انفرادی تشخص کے ارتقاء کا دارو مدار زیادہ تر مکتب و مدرسہ پر ہے۔ جو ماحول مکاتب اور مدارس کا ہو گا وہی ماحول کسی نہ کسی انداز میں پورا معاشرہ اپنائے گا[۱]

## خاندان:

خاندان ایک قدیم ترین معاشرتی ادارہ ہے۔ علمائے معاشرے نے اسے پوری انسانی زندگی کی بنیاد قرار دیا ہے۔ اگر خاندان مستحکم ہے تو معاشرہ مستحکم ہے لیکن عصر حاضر کی انفرادیت پسندی نے اسے ناقابل تلافی نقصان پہنچایا ہے۔ امریکی مصنّفین کا خیال ہے کہ موجودہ دور کا معاشرہ زوال پذیر ہے کیوں کہ اس کا خاندانی نظام منتشر ہو رہا ہے[۲] اسلام نے خاندان کے ادارے کو باقی رکھا ہے اور اسے مستحکم رکھنے کے لیے قوانین وضع کیے ہیں اور اخلاقی تعلیمات بھی دی ہیں۔ اس نے مرد اور عورت کے جائز اور صحت مند تعلق کے لیے نکاح کو لازم قرار دیا ہے۔ وہ نہ تو رہبانیت کی ہمت افزائی کرتا ہے اور نہ جنسی تسکین کی کھلی چھوٹ دیتا ہے۔ اس کے نزدیک نکاح کے ذریعے ایک مضبوط خاندان وجود میں آتا ہے، جس کے تمام افراد میں ذمہ داری کا احساس پایا جاتا ہے اور وہ اپنے فرائض اور دوسروں کے حقوق میں غفلت نہیں برتتے۔ اسلام خاندان کو ایک سماجی ضرورت ہی نہیں قرار دیتا، بلکہ وہ دینی حیثیت سے بھی اس کا تذکرہ کرتا ہے۔ خاندان کی ابتدائی صورت مرد و عورت کے مستحکم تعلق سے بنتی ہے اور وسیع تناظر میں دیکھا جائے تو اس میں وہ تمام عناصر شامل ہوتے ہیں جو مرد عورت سے کسی نہ کسی طرح وابستہ ہوتے ہیں۔

ابن خلدون کا نظریہ:

> ابن خلدون کا خیال ہے کہ ابتدا میں لوگ خاندان کی شکل میں زندگی بسر کرتے تھے مختلف خاندان کے اجتماع سے ایک معاشرہ وجود میں آیا۔ اس معاشرہ کو ابن خلدون نے اجتماعی معاشرہ کا نام دیا ہے[۳]

## اسلام کا خاندانی نظام:

انسانی معاشرت کا اولین اور بنیادی ادارہ خاندان ہے۔ خاندان کی نبیاد ایک مرد اور ایک عورت کے ملنے سے پڑتی

---

(۱) ایضاً، ص: ۲۷۳

(۲) انسان کامل، خالد علوی، ط/۱، یونیورسٹی بک ایجنسی لاہور، ۱۹۷۴ء، ص: ۵۶۴

(۳) اسلام اور جدید افکار، محمد حبیب عباسی، مکتبہ دانیال، لاہور، ص: ۵۰۲

ہے۔اس ملاپ سے ایک نئی نسل وجود میں آتی ہے۔ پھر اس سے رشتے، کنبے اور برادری کے دوسرے تعلقات پیدا ہوتے ہیں۔ بلآخر یہی چیز پھیلتے پھیلتے ایک وسیع معاشرے تک جا پہنچتی ہے۔ قرآن پاک میں ارشاد ہے:

﴿يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّا خَلَقْنَاكُمْ مِنْ ذَكَرٍ وَأُنْثَى وَجَعَلْنَاكُمْ شُعُوبًا وَقَبَائِلَ لِتَعَارَفُوا إِنَّ أَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللَّهِ أَتْقَاكُمْ إِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ خَبِيرٌ﴾ (۱)

ترجمہ: اے لوگو بے شک ہم نے تمہیں ایک مرد اور ایک عورت سے پیدا کیا ہے۔اور ہم نے تمہیں مختلف گروہوں اور قبیلوں میں تقسیم کیا ہے تاکہ تم ایک دوسرے کی پہچان کر سکو، بے شک تم میں سب سے زیادہ عزت والا وہی ہے جو تم میں زیادہ پرہیز گار ہے، بے شک اللہ جاننے والا خبر دار ہے۔

دوسرے مقام پر اللہ پاک نے فرمایا:

﴿يَا أَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوا رَبَّكُمُ الَّذِي خَلَقَكُمْ مِنْ نَفْسٍ وَاحِدَةٍ وَخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِيرًا وَنِسَاءً وَاتَّقُوا اللَّهَ الَّذِي تَسَاءَلُونَ بِهِ وَالْأَرْحَامَ إِنَّ اللَّهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيبًا﴾ (۲)

ترجمہ: اے لوگو اپنے اس رب سے ڈرو جس نے تمہیں ایک جان سے پیدا کیا اور اس سے اس کا جوڑا پیدا کیا اور ان دونوں سے بہت سارے مرد اور عورتیں پھیلا دیں، اور ڈرو اپنے اس رب سے جس کے نام سے تم ایک دوسرے سے سوال کرتے ہو اور ڈرو رشتوں کے معاملے میں، بے شک اللہ تم پر نگہبان ہے۔

نبی اکرم ﷺ ارشاد فرماتے ہیں:

((إِنَّمَا الدُّنْيَا مَتَاعٌ، وَلَيْسَ مِنْ مَتَاعِ الدُّنْيَا شَيْءٌ أَفْضَلَ مِنَ الْمَرْأَةِ الصَّالِحَةِ " مَا اسْتَفَادَ الْمُؤْمِنُ بَعْدَ تَقْوَى اللَّهِ خَيْرًا لَهُ مِنْ زَوْجَةٍ صَالِحَةٍ، إِنْ أَمَرَهَا أَطَاعَتْهُ، وَإِنْ نَظَرَ إِلَيْهَا سَرَّتْهُ، وَإِنْ أَقْسَمَ عَلَيْهَا أَبَرَّتْهُ، وَإِنْ غَابَ عَنْهَا نَصَحَتْهُ فِي نَفْسِهَا وَمَالِهِ)) (۳)

ترجمہ: بے شک دنیا متاع ہے اور دنیا کی متاع میں کوئی چیز نیک عورت سے زیادہ افضل نہیں اللہ تعالیٰ کے تقویٰ کے بعد جو چیز مومن کو فائدہ دیتی ہے وہ نیک بیوی ہے کہ جب وہ اسے حکم دے اسے بجا لائے جب اس کے طرف نظر کرے تو وہ اسے خوش کر دے اور جب اسے قسم دے تو اس کو پورا کرے اس کی غیر موجودگی میں اپنے نفس اور اس کے مال کی حفاظت کرے۔

(۱) سورۃ الحجرات ۴۹: ۱۳

(۲) سورۃ النساء ۴: ۱

(۳) (شیخ البانی کے نزدیک یہ حدیث صحیح ہے)، ابن ماجہ، باب افضل النساء، حدیث نمبر: ۱۸۵۷، ۱۸۵۵، ۵۹۶/۱

اسلام کی نظر میں خاندانی نظام کی اہمیت یہ ہے کہ اسلام کے اندر مرد و عورت کے اس تعلق کو صرف اسی صورت جائز کہا گیا ہے جس کے نتیجے میں ایک خاندان کی بنیاد پڑے اور معاشرتی ذمہ داریاں قبول کی جائیں، غیر ذمہ دارانہ تعلق کو اسلام کوئی تفریح، جنسی تسکین یا معمولی بے راہ روی سمجھ کر نظرانداز نہیں کرتا بلکہ اس طرح کے تعلق کو وہ شرعاً حرام اور قانوناً جرم قرار دیتا ہے اور اس کے لیے سخت سزا تجویز کرتا ہے۔تاکہ انسانی تمدن اور معاشرت کی جڑیں کاٹ دینے والا کوئی بھی فعل اور اسباب و تعلقات رائج نہ ہونے پائیں۔اسلام معاشرے کو ان تمام اسباب سے پاک کر دینا چاہتا ہے جو جائز نہیں ہیں۔پردے کے احکام، مردوں اور عورتوں کے آزادانہ میل جول کی ممانعت، موسیقی پر پابندی، اور فواحش کی اشاعت کی سخت مذمت سب اسی کی روک تھام کے لیے ہیں، ان پابندیوں کا اصل مقصد خاندان کے ادارے کو مظبوط اور محفوظ کرنا ہے۔دوسری طرف ذمہ دارانہ تعلق پیدا کرنے کے لیے اسلام نکاح جیسے مضوط بندھن کا حکم دیتا ہے۔نہ صرف حکم بلکہ اسے نیکی، ثواب اور کار عبادت قرار دیتا ہے۔قرآن پاک میں ارشاد ربانی ہے:

﴿وَأَنْكِحُوا الْأَيَامَى مِنْكُمْ وَالصَّالِحِينَ مِنْ عِبَادِكُمْ وَإِمَائِكُمْ إِنْ يَكُونُوا فُقَرَاءَ يُغْنِهِمُ اللَّهُ مِنْ فَضْلِهِ وَاللَّهُ وَاسِعٌ عَلِيمٌ﴾(۱)

ترجمہ: تم میں سے جو لوگ مجرد ہوں، اور تمہارے لونڈی غلاموں میں سے جو صالح ہوں، ان کے نکاح کر دو اگر وہ غریب ہوں تو اللہ اپنے فضل سے اُن کو غنی کر دے گا، اللہ بڑی وسعت والا اور علیم ہے۔

اسلامی تعلیمات خاندانی نظام کو تباہ و برباد کرنے والے سبب زناء کو مشکل ترین بناتا ہے۔ارشاد ربانی ہے:

﴿الزَّانِيَةُ وَالزَّانِي فَاجْلِدُوا كُلَّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا مِائَةَ جَلْدَةٍ وَلَا تَأْخُذْكُمْ بِهِمَا رَأْفَةٌ فِي دِينِ اللَّهِ إِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ﴾(۲)

ترجمہ: زناء کرنے والی عورت اور زناء کرنے والے مرد دونوں کو سو سو کوڑے لگاؤ، اور اللہ کے دین کے معاملے میں ان دونوں پر کوئی نرمی روا نہ رکھو اگر تم اللہ اور یوم آخرت پر ایمان رکھتے ہو۔

## اسلام میں خاندان کی اہمیت:

اسلام کی خصوصیات میں سے ایک اس کا خاندانی نظام ہے جس کی مثال کسی اور مذہب و ملت میں نہیں ملتی۔ایک مستحکم خاندان کی ابتداء مرد و عورت سے ہوتی ہے۔پھر ماں باپ بچے کا سہارا بنتے ہیں۔جب وہ بڑا ہوتا ہے تو آزاد ہو جاتا ہے لیکن اس کے ساتھ ساتھ وہ دوسروں کا سہارا ضرور بنتا ہے۔انسان نے بالکل آغاز میں محسوس کر لیا تھا کہ اس کی زندگی کا انحصار خاندان پر ہے تمدن کے ابتدائی درجے سے لے کر آج تک خاندان کی بنیادی حیثیت نہیں بدلی۔علمائے معاشرت کا کہنا

(۱) سورۃ النور۲۴: ۳۲

(۲) سورۃ النور۲۴: ۲

ہے کہ اچھے معاشرے کادار ومدار مستحکم خاندان پر ہے [۱]

اسلامی تعلیمات کے مطابق اگرچہ ایک مرد اور عورت کے درمیان نکاح کے عقد اور بندھن اور پھر ان کے بچوں سے بھی وجود میں آتا ہے۔ لیکن اس میں شوہر کے والدین اور خونی رشتے کے غیر شادی شدہ عزیز بھی شامل ہو کر ایک وسیع خاندان کو تشکیل دیتے ہیں۔ اسلامی شریعت کے خصائص میں سے ہے۔ اسلام نسب ونسل کی حفاظت کو شریعت اسلامی کے عمومی مقاصد میں سے شمار کرتا ہے [۲]

## خاندان بسانے کے مقاصد:

اسلام میں ایک معاشرے کي اصل اکائی گھرانہ ہے یہی وجہ ہے کہ اسلام گھرانے اور خاندان کے استحکام کو بہت زیادہ اہمیت دیتا ہے۔ اس لیے کہ گھرانہ، آرام وسکون و آسائش، امن، تربیت وایمان اور معنویت کی پرورش کا اور روحی اور نفسیاتی مشکلات کے حل کی جگہ ہے۔ یہ خاندان ہی ہے جہاں ثقافت، اعتقادات، خاندانی روایات اور آداب و رسوم اگلی نسلوں تک منتقل ہوتے ہیں۔ یہی وہ مقام ہے کہ جہاں کھوئی ہوئی طاقت کو بحال کیا جاتا ہے، ارادوں کو مضبوط بنایا جاتا ہے اور خوش بختی اور بہشت بریں کا راستہ اسی گھرانے سے ہو کر گزرتا ہے۔ اسلام نے گھر کے ماحول میں شادابی ونشاط اور معنویت ومحبت پر بہت زیادہ تاکید کي ہے۔

اچھے گھرانوں سے محروم معاشرہ ایک پریشان، غیر مطمئن اور زبوں حالي کا شکار معاشرہ ہے اور ایک ایسا معاشرہ ہے کہ جس میں ثقافتي، فکري اور عقائدی ورثہ آنے والي نسلوں تک باآساني منتقل نہیں ہو سکتا ایسے معاشرے میں انساني تربیت کے بلند مقاصد حاصل نہیں ہو پاتے یا اُس میں صحیح وسالم گھرانوں کا فقدان ہوتا ہے یا پھر اُن کي بنیادیں متزلزل ہوتي ہیں۔ ایسے معاشروں میں انسان اچھے تربیتي مراکز اور پرورش گاہوں میں بھی اچھی پرورش نہیں پا سکتے۔

اگر موجودہ نسل اس بات کي خواہشمند ہو کہ وہ اپنی ذہنی اور فکري ارتقا، تجربات اور نتائج کو آنے والي نسلوں تک منتقل کرے اور ایک معاشرہ اپنے ماضي اور تاریخ سے صحیح معنی میں فائدہ حاصل کرے تو یہ صرف اچھے خاندانی نظام کے ذریعے ہی ممکن ہے۔ اپنے گھر کو آباد کرنے اور اس کي حفاظت کیلئے اسلامی احکام کا خیال رکھنا ضروري ہے۔

## خاندانی نظام اور معاشرہ کی فلاح وبہبود:

مختلف کنبے قبیلے اور خاندان سے ایک معاشرہ تشکیل پاتا ہے۔ جو مختلف قوموں اور افرد کو اپنے اندر شامل کیے ہوتا

---

(۱) اسلام کا معاشرتی نظام، ص: ۸۱

(۲) جامع الاصول، احمد حسن، ط/۱، مطبع مجتبائی لاہور، ۱۹۸۶ء، ص: ۶۲۱

ہے۔ معاشرے کی فلاح وبہبود اسی میں ہے کہ خاندانی نظام کو تحفظ دیا جائے۔

اسلام میں کسی قسم کے غیر قانونی اور خفیہ جنسی تعلقات سے منع کیا گیا ہے۔ نئی نسل کی تربیت اور عورتوں کے حقوق کا تحفظ ایسے دو پہلو ہیں جن پر اسلام کے معاشرتی نظام میں بہت زور دیا گیا ہے۔ خاندان سے باہر غلط طریقے سے تکمیل خواہشات کے تمام رابطوں پر پابندی لگانے کے لیے اسلام پاکدامنی، حجاب، نگاہوں کو نیچا رکھنے اور روزہ رکھنے پر زور دیتا ہے۔ علمائے معاشرت نے خاندانی نظام میں اقارب کو بھی بیان کیا ہے۔ خاندان کی ابتداء مرد وعورت کے تعلق سے ہوتی ہے اولاد اس کے ارتقاء کا باعث بنتی ہے اور قرابت دار اسے وسعت دیتے ہیں۔ معاشرتی نقطہ نظر سے خاندان کے عناصر ترکیبی میں والدین، زوجین، اولاد اور اقرباء نہایت قریبی تعلق رکھتے ہیں[۱]

## مغربی ثقافت اور ہمارا خاندان:

یورپ امریکہ اور دوسرے مغربی ممالک میں خاندانی نظام زوال پذیر ہے۔ مغربی ماہرین عمرانیات کا کہنا ہے کہ مستقبل میں رفتہ رفتہ خاندان جیسے ادارے بالکل ناپید ہو جائیں گے۔ مغربی معاشرے میں ہر فرد خود کفیل ہے۔ بچوں کے لیے نرسریاں قائم ہیں۔ بوڑھوں کے لیے اولڈ ہاؤس قائم ہیں۔ شریک حیات کے انتخاب میں کوئی پابندی نہیں ہے۔ شادی سے پہلے ناجائز تعلقات اور ہم جنس پرستی نے انہیں حیوان بنا دیا ہے۔ بعض ایسے بھی بچے پیدا ہوتے ہیں جن کے والد نامعلوم ہوتے ہیں۔ جب کہ دین اسلام نے نکاح کے ذریعے جس خاندانی نظام کی بنیاد رکھی ہے اس سے ایک مستحکم اور پائیدار خاندانی نظام بنتا ہے[۲]

## اصلاح معاشرہ کی بنیادیں

## عقائد و نظریات:

آپ ﷺ کی تبلیغ کا آغاز عقائد و نظریات کی تعلیم سے تھا۔ اس لیے کہ عقیدہ وہ بنیادی عنصر ہے جس پر دین اور معاشرہ کی عمارت قائم ہوتی ہے[۳]

مغرب کی فکر اس سے جدا ہے، ان کے نزدیک پہلے معاشرہ اور ریاست کا قیام عمل میں آتا ہے پھر ان کے زیر اثر نظریات جنم لیتے ہیں۔ اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ معاشرے کے بدلنے سے نظریات بدلتے ہیں۔ مگر اس کے برعکس آپ

---

(۱) اسلام کا معاشرتی نظام، ص: ۲۳۵

(۲) نظام الاسرۃ، ص: ۳۰

(۳) عہد رسالت میں معاشرہ اور مملکت کی تشکیل، محمد یوسف فاروقی، ط/۱، اظہار القرآن، لاہور، ۲۰۰۶ء، ص: ۱۳

ﷺ نے معاشرہ اور ریاست دونوں کا ظہور تمام تر عقائد و نظریات کا مرہون منت قرار دیا ہے[۱]

معاشرہ کے افراد میں اتحاد پیدا کرنے کے لیے آپ ﷺ نے دین کو بنیاد بنایا۔ حالانکہ اس سے پہلے دنیا نے معاشرہ کے اتحاد کے لیے زبان، رنگ، نسل، وطن اور قومیت کو اہمیت دی۔ نبی ﷺ نے ان تمام معیارات کو باطل قرار دیا۔ کیونکہ یہ امتیازات وحدت انسانی کی راہ میں رکاوٹ بنتے ہیں اور انسانیت کو مختلف طبقوں میں بانٹ دیتے ہیں۔

ذہنی تربیت اور فکری اصلاح کے بغیر ایک صالح معاشرہ کا قیام ممکن نہیں۔ آپ نے فکر کی اصلاح کے لیے عقائد کی تعلیم کو بنیاد بنایا۔ رسول اکرم ﷺ نے صحابہ رضی اللہ عنہم کے عقائد کی اس طرح درستگی فرمائی کہ ان کے عقیدے اور عمل میں مکمل ہم آہنگی پیدا ہوئی۔

اسلام ہر فرد کی جداگانہ شخصیت کا قائل ہے۔ وہ اسے معاشرے کا انتہائی اہم جزو اور اصل تاریخ ساز قرار دیتا ہے۔ اسلام ہر نفس کو یہ باور کراتا ہے[۲]

اسلام انفرادی اصلاح کے ساتھ ساتھ اجتماعی زندگی کی تعمیر و تشکیل کے لیے واضح ہدایت اور سوچا سمجھا منصوبہ دیتا ہے۔ اس کے نزدیک معاشرے کی اصلاح اتنی ہی ضروری ہے جتنی خود بخود فرد کی اصلاح۔ اس کے برعکس مغربی تحریکات محض خارج میں تبدیلی کر کے نظام زندگی میں انقلاب لانا چاہتی ہیں۔ انھوں نے فرد کو نظر انداز کیا ان کا اصلاحی پروگرام ہی کامیاب نہ ہوسکا۔ دوسری طرف مشرق کے مذہبی نظاموں نے صرف فرد کی اصلاح کی لیکن اجتماعی نظام کی درستگی سے صرف نظر کیا۔ نتائج کے اعتبار سے یہ نظام بھی ناکام رہا۔ اسلام دونوں کو یکساں اہمیت دیتا[۳]

جس طرح زندگی میں کسی بھی رویے، تبدیلی یا ردعمل کا کوئی سبب ہوتا ہے۔ اسی طرح سے ہماری زندگی کے بگاڑ کے بھی کچھ اسباب ہیں۔ یہ بگاڑ کوئی ایک دو دن کی پیداوار نہیں بلکہ یہ ایک طویل عرصہ کی غفلت کا نتیجہ ہیں۔ اس طویل عرصہ میں بگاڑ نے پورے معاشرے کو ہر طرف سے گھیر لیا ہے[۴]

نبی اکرم ﷺ کی معاشرتی اصلاحات کے باوجود اب تک ہمارے اذہان و قلوب فرنگی شکنجوں سے آزاد نہیں ہو سکے۔ کہنے کو تو آزادی مل گئی مگر وہ صرف غیر قانونی حرکات اور بد فعلی کی، چوری اور ڈکیتی کی، والدین کے ساتھ بے ادبی کی، بداعمالیوں کی، اگر آزادی نہیں ملی تو وہ صرف ذہنی غلامی سے آزادی نہیں ملی، نفس کی غلامی سے آزادی نہیں ملی، دنیاوی حکمرانوں کی غلامی سے آزادی نہیں ملی، بری عادتوں کی غلامی سے آزادی نہیں ملی۔ اس بگاڑ کا ذمہ دار کوئی ایک شخص نہیں بلکہ

---

(۱) عہد نبوی میں ریاست کا نشوو ارتقاء، ص: ۱۰۴

(۲) ﴿مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِهِ وَمَنْ أَسَاءَ فَعَلَيْهَا وَمَا رَبُّكَ بِظَلَّامٍ لِلْعَبِيدِ﴾، سورۃ فصلت ۴۱: ۴۶
ترجمہ: جو نیک عمل کرتا ہے اپنے بھلے کے لیے اور جو برائی کرتا ہے اس کا وبال اس پر ہے آپ کا رب بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں۔

(۳) اسلامی نظریہ حیات، خورشید احمد، ط/۱، شعبہ تصنیف وتالیف وترجمہ کراچی یونیورسٹی، کراچی، ۱۹۶۳ء، ص: ۴۱۱

(۴) سیرت النبی اور ہماری زندگی، گوہر ممتاز علی قاضی، ط/۱، پرنٹ لنک کمپیوٹر بیوور، کراچی، ۱۹۸۹ء، ص: ۳۵۴

پورا معاشرہ ہے۔

## شدت احساس:

آنحضور کی سیرت ہمیں جو اصلاح معاشرہ کی قوی اور مستحکم بنیاد فراہم کرتی ہے، اس میں ایک چیز شدت احساس اور اخلاص وللٰہیت ہے۔ آپ ﷺ نے معاشرے کو جب برائیوں میں ڈوبا دیکھا تو شدت احساس نے آپ ﷺ کو بے چین کر دیا۔ اسی احساس کا نتیجہ تھا کہ آپ ﷺ رات دن ان کی اصلاح میں مگن ہوگئے۔ آپ ﷺ نے اصلاح معاشرہ کے نام پر کوئی اپنے مفادات نہیں حاصل کیے۔ بلکہ آپ کا مطمع نظر صرف اور صرف انہیں برائیوں اور شر سے بچا کر ایک اچھا انسان بنانا تھا۔ معاشرتی اصلاح کے لیے معاشرہ میں پھیلی ہوئی برائیوں کے خلاف حساسیت ضروری ہے، آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

((مَنْ رَأَى مُنْكَرًا فَاسْتَطَاعَ أَنْ يُغَيِّرَهُ بِيَدِهِ فَلْيُغَيِّرْهُ بِيَدِهِ، فَإِنْ لَمْ يَسْتَطِعْ فَبِلِسَانِهِ، فَإِنْ لَمْ يَسْتَطِعْ فَبِقَلْبِهِ، وَذَلِكَ أَضْعَفُ الْإِيمَانِ))(۱)

ترجمہ: جب کوئی برائی دیکھو تو اسے اپنے ہاتھ سے بدل دو، اگر استطاعت نہ ہو تو اسے زبان سے روکو اگر اس کی بھی طاقت نہ ہو تو اسے دل سے برا جانو اور یہ کمزور ترین ایمان کی علامت ہے۔

اور اگر معاشرتی برائیوں کو برا سمجھنے کا احساس ہی ختم ہو جائے تو وہ معاشرہ کبھی بھی اصلاح یافتہ نہیں ہو سکتا۔

## خوف خدا:

جب نبی اکرم ﷺ نے لوگوں کو برائیوں کی دلدل سے نکال کر انہیں خیر کا پیکر بنانے کی تحریک شروع کی تو آپ ﷺ نے اپنے منشور کی بنیاد کسی لسانی، جغرافیائی، علاقائی یا رنگ ونسل پر نہیں رکھی۔ بلکہ آپ ﷺ نے اللہ کے حضور حاضری اور مسئولیت کا احساس دلایا۔ خشیت کے متعلق ارشاد ربانی ہے(۲)

اس کی وجہ یہ ہے کہ جو انسان خشیت الٰہی سے محروم ہو اور اللہ کے سامنے پیش ہونے سے نہ ڈرے کسی نہ کسی طریقے سے قانون شکنی ضرور کر لیتا ہے۔ اور خشیت الٰہی کے بغیر معاشرتی اصلاح نہیں ہوگی۔

((عَيْنَانِ لَا تَمَسُّهُمَا النَّارُ: عَيْنٌ بَكَتْ مِنْ خَشْيَةِ اللَّهِ، وَعَيْنٌ بَاتَتْ تَحْرُسُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ))(۳)

---

(۱) (علامہ البانی نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے)، سنن أبي داود، حدیث نمبر: ۱۱۴۰، ۱/۲۹۶

(۲) ﴿مَنْ خَشِيَ الرَّحْمَنَ بِالْغَيْبِ وَجَاءَ بِقَلْبٍ مُنِيبٍ﴾، سورۃ ق ۵۰: ۳۳

ترجمہ: جو خدا سے بن دیکھے ڈرتا رہا اور رجوع لانے والا دل لے کر آیا۔

(۳) (علامہ البانی نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے)، سنن الترمذي، حدیث نمبر: ۱۶۳۹، ۴/۱۷۵

ترجمہ: دو آنکھیں ایسی ہیں کہ انہیں آگ نہیں چھو سکتی۔ ایک وہ جو اللہ کے خوف سے روئی اور دوسری وہ جس نے اللہ کی راہ میں پہرہ دیتے ہوئے رات گزار دی۔

جب دلوں میں خوف خدا پیدا ہو گیا تو اگر کسی سے کوئی جرم ہو گیا اور جرم کو ثابت کرنے کے لیے کوئی گواہ بھی نہیں لیکن غلطی کرنے والے کو پوری طرح یہ احساس تھا کہ مجھے اللہ تعالیٰ تو دیکھ رہا تھا۔ خشیت الٰہی کی یہ دولت غلطی کرنے والے کو خود حضور ﷺ کی بارگاہ میں لے آتی تھی اور وہ کہتا تھا کہ مجھ سے غلطی ہوئی ہے۔ موجودہ دور میں بھی اصلاح معاشرہ کے لیے خشیت الٰہی کو لوگوں میں اجاگر کرنا ضروری ہے۔

## عدل وانصاف:

عدل و انصاف جس معاشرے کے اندر مفقود ہوگا وہ معاشرہ بدامنی اور افراتفری کا شکار ہوگا۔ عدل وانصاف معاشرے میں قیام امن کی دلیل ہے۔ جب لوگوں کو انصاف نہیں ملتا تو لوگوں میں اضطراب اور بے چینی پیدا ہوتی ہے۔ اپنی بے چینی کی تسکین کے لیے وہ قانون کو ہاتھ میں لے لیتے ہیں۔ جس کی مثالیں معاشرے میں واضح ہیں۔ عدل وانصاف کے متعلق ارشاد خداوندی ہے: [۱] ایک موقعہ پر آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

(( إِنَّمَا هَلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ، أَنَّهُمْ كَانُوا يُقِيمُونَ الحَدَّ عَلَى الوَضِيعِ وَيَتْرُكُونَ الشَّرِيفَ)) [۲]

ترجمہ: تم سے پہلے جو امتیں گزری ہیں وہ اس لیے تباہ ہوئیں کہ وہ لوگ کم تر درجہ کے مجرموں کو قانون کے مطابق سزا دیتے اور اونچے درجے والوں کو چھوڑ دیتے تھے۔

## تحمل و برداشت:

معاشرتی زندگی کو پر سکون بنانے کے لیے تحمل و برداشت نسخہ اکسیر ہیں، ارشاد نبی ﷺ ہے:

((مَنْ يُحْرَمُ الرِّفْقَ يُحْرَمُ الْخَيْرَ كُلَّهُ)) [۳]

ترجمہ: جو شخص نرمی سے محروم ہو وہ ہر طرح کی بھلائی سے محروم رہا۔

ایک اور حدیث میں ہے:

---

(۱) ﴿يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا كُونُوا قَوَّامِينَ بِالْقِسْطِ شُهَدَاءَ لِلَّهِ وَلَوْ عَلَى أَنْفُسِكُمْ أَوِ الْوَالِدَيْنِ وَالْأَقْرَبِينَ﴾. سورة النساء ۴: ۱۳۵

ترجمہ: اے ایمان والو انصاف قائم کرنے والے بنو، اللہ کی خاطر گواہی دینے والے چاہے وہ گواہی تمھارے اپنے خلاف یا والدین اور قریبی رشتہ داروں کے خلاف پڑتی ہو۔

(۲) صحيح البخاری، حدیث نمبر: ۶۷۸۷، ۸/۱۶۰

(۳) (علامہ البانی نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے)، سنن أبي داود، حدیث نمبر: ۴۸۰۹، ۴/۲۵۵

((لَيْسَ الشَّدِيدُ بِالصُّرَعَةِ، إِنَّمَا الشَّدِيدُ الَّذِي يَمْلِكُ نَفْسَهُ عِنْدَ الغَضَبِ)) [۱]

ترجمہ: طاقتور وہ نہیں جو کسی کو پچھاڑ دے بلکہ طاقتور وہ ہے جو غصہ کے وقت خود پر قابو رکھے۔

در گزر کرنا اور معاف کر دینا بہت اچھی خصلت ہے آپ ﷺ ارشاد فرماتے ہیں:

(( تَعَافُوا تَسْقُطُ الضَّغَائِنُ بَيْنَكُمْ)) [۲]

ترجمہ: باہم در گزر سے کام لیا کرو، اس طرح باہمی کینے دور ہو جائیں گے۔

یہ اللہ تعالیٰ کا احسان عظیم ہے کہ اس نے پیغمبر نعمت کو مبعوث فرمایا۔ آپ ﷺ کے متوازن اور عادلانہ اقدامات کی وجہ سے صدیوں کے جانی دشمن باہم شیر و شکر ہو گئے۔ سالہا سال سے لڑی جانے والی جنگیں بند ہو گئیں۔ عربی و عجمی اور گورے و کالے کا فرق مٹ گیا اور ایک مثالی معاشرہ وجود میں آیا۔ اسلام انسان میں قوت برداشت پیدا کرتا ہے تاکہ معاشرہ میں تعصب کی فضا جنم نہ لے۔ اگرچہ کسی واقعے سے فوری طور پر متاثر ہونا اور غصے میں آ جانا اور بدلہ لینا، یہ انسان کی فطرت ہے۔ مگر اسلام نے بے موقع غصہ کی ممانعت کی ہے، اعتدال اور میانہ روی کو پسند کیا۔ انصاف کا حکم دیا، ظلم و زیادتی کو ناپسند کیا، حد سے تجاوز کر جانے اور بات بات پر اشتعال میں آنے کو بری عادت قرار دیا [۳]

## اخوت:

آپ ﷺ نے معاشرے کے تمام افراد کے درمیان اخوت اور بھائی چارہ کی فضا قائم کی۔ اس اخوت کا مطلب یہ تھا کہ جاہلیت کے تمام تعصبات زائل ہو جائیں اور صرف اسلام کے لیے حمیت باقی رہے [۴]

سچی اخوت اخلاق سے گرے ہوئے معاشروں میں پیدا نہیں ہوتی۔ جہاں جہالت، بزدلی، بخل، لالچ اور خود غرضی کا دور دورہ ہو۔ وہاں سچی اخوت و محبت پروان نہیں چڑھ سکتی۔ آج بھی اگر انسانی برادری کی بنیاد اخوت پر قائم ہو جائے تو بہت سے مسائل حل ہو جائیں گے اور مختلف برائیوں اور ناانصافیوں کا دروازہ بند ہو جائے گا۔

## اسلامی تہذیب کا احیاء:

آج ہمارے معاشرے پر مغربیت غالب ہے ان حالات میں مسلمانوں کو پوری سنجیدگی کے ساتھ اسلامی تہذیب

---

(۱) صحیح البخاری، حدیث نمبر: ۶۱۱۴، ۲۸/۸

(۲) مسند البزار، حدیث نمبر: ۵۴۰۳، ۳۰/۱۲

(۳) پیغام سیرت، سید فضل الرحمٰن، ط/۱، زوار اکیڈمی پبلی کیشنز، ۲۰۰۸ء، ص: ۱۴۹

(۴) ﴿إِنَّمَا الْمُؤْمِنُونَ إِخْوَةٌ فَأَصْلِحُوا بَيْنَ أَخَوَيْكُمْ﴾، سورۃ الحجرات ۴۹: ۱۰
ترجمہ: تمام اہل ایمان آپس میں بھائی بھائی ہیں اگر کسی وقت ان میں اختلاف ہو جائے تو ان میں صلح کرا دیا کرو۔

کے احیاء اور فروغ کی کوشش کرنی چاہیے۔ اگر آج بھی مسلمان اپنے تمام معاملات اسلامی تعلیمات کے مطابق سرانجام دیں تو دوبارہ عظمت و رفعت حاصل کر سکتے ہیں، اللہ تعالیٰ کا ارشاد پاک ہے:

﴿وَلَا تَهِنُوا وَلَا تَحْزَنُوا وَأَنْتُمُ الْأَعْلَوْنَ إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِينَ﴾[۱]

ترجمہ: اور (دیکھو) بے دل نہ ہونا اور نہ کسی طرح غم کرنا اگر تم مومن (صادق) ہو تو تم ہی غالب رہو گے۔

## معاشرتی بگاڑ کے اسباب اور نبوی اصلاحات:

معاشرتی بگاڑ کا جو پہلا سبب ہے وہ یہ ہے کہ ہم اپنی نسلوں کو پے در پے ایمان کی بالیدگی و تازگی اور شریعت کی معلومات فراہم کرنے کی طرف سے غافل ہو گئے ہیں۔ اسی وجہ سے ہمیں اللہ اور رسول کے پیغام کا احساس نہیں ہے۔ کیونکہ اہل ایمان جانتے ہیں جیسے اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ویسے آپ ﷺ نے عمل کیا، اور جیسے آپ ﷺ نے ہمیں حکم دیا ہم نے ویسے نہیں کیا۔ اس سے معاشرے میں لادینیت اور بے راہ روی کا آغاز ہوا۔ اب اس پر قابو پانے کے لیے بھی غیر اسلامی طریقوں پر عمل کیا جا رہا ہے۔ آپ ﷺ ارشاد فرماتے ہیں:

((إِنَّ الْمُؤْمِنَ إِذَا أَذْنَبَ كَانَتْ نُكْتَةٌ سَوْدَاءُ فِي قَلْبِهِ فَإِنْ تَابَ وَنَزَعَ وَاسْتَغْفَرَ، صُقِلَ قَلْبُهُ، فَإِنْ زَادَ، زَادَتْ))[۲]

ترجمہ: صاحب ایمان سے جب گناہ سرزد ہوتا ہے تو ایک سیاہ دھبہ اس کے دل پر لگ جاتا ہے اگر وہ توبہ کرے اور اس گناہ سے باز آ جائے تو اللہ تعالیٰ وہ داغ مٹا دیتا ہے اور دل صاف ہو جاتا ہے لیکن اگر گناہوں میں اضافہ ہوتا رہے تو دل مکمل طور پر سیاہ ہو جاتا ہے۔

توحید کی لازوال قوت کے ساتھ ساتھ جب تک محبت رسول کی بنیاد پر اتباع رسول کا مکمل اہتمام نہ ہو گا اس وقت تک معاشرتی اقدار کی تکمیل ناممکن ہو گی۔ اس لیے توحید باری تعالیٰ کے ساتھ ساتھ شریعت محمدی کا احترام معاشرے کے افراد کے لیے ضروری ہے۔ فرمان مصطفیٰ ﷺ ہے:

((لا يُؤْمِنُ أَحَدُكُمْ حَتَّى يَكُونَ هَوَاهُ تَبَعًا لِمَا جِئْتُ بِهِ))[۳]

ترجمہ: تم میں سے کوئی شخص اس وقت تک صاحب ایمان نہیں ہو سکتا جب تک وہ اپنی خواہشات کو

---

(۱) سورۃ آل عمران ۳: ۱۳۹

(۲) (علامہ شیخ البانی نے اس حدیث کو حسن قرار دیا ہے)، سنن ابن ماجه، حدیث نمبر: ۴۲۴۴، ۱۴۱۸/۲

(۳) (اس کی سند ضعیف ہے)، كتاب السنة (ومعه ظلال الجنة في تخريج السنة بقلم: محمد ناصر الدين الألباني)، أبو بكر بن أبي عاصم وهو أحمد بن عمرو بن الضحاك بن مخلد الشيباني، ط/۱، المكتب الإسلامي، ۱۹۸۰ء، ۱۲/۱

میری لائی ہوئی شریعت کے تابع نہ کردے۔

جب تک اہل ایمان قرآن وسنت کے مطابق عمل کرتے رہے تب تک معاشرہ فلاح اور کامیابی کی طرف گامزن رہا اور جیسے ہی قرآن وسنت سے منہ موڑا ویسے ہی ذلت وپستی ہمارا مقدر بن گئی۔ کون سی اخلاقی برائی ہے جو ہمارے اندر نہیں۔ ہمیں جن اخلاقی رزائل سے روکا گیا تھا اور جن سے کنارہ کش ہو کر ہم کامیابی کی بلندیوں تک پہنچ گئے تھے۔ آج ہم انہیں برائیوں کا شکار ہیں۔ آپ ﷺ نے اصلاح معاشرہ کی طرف قدم اٹھایا تو درج ذیل باتوں سے منع فرمایا:

## بے پردگی:

معاشرتی بگاڑ کا ایک سبب بے پردگی ہے۔ حضرت عبداللہ بن مسعود سے مروی ہے، نبی ﷺ فرماتے ہیں:

((المرْأَةُ عوْرَةٌ، فَإِذَا خَرَجَتْ اسْتَشْرَفَهَا الشَّيْطَانُ))(۱)

ترجمہ: عورت مستور رہنے کے لائق ہے جب وہ نکلتی ہے تو شیطان اس کو تاکتا ہے۔

((وَأَقْرَبُ مَا تَكُونُ مِنْ رَبِّهَا، إِذَا كَانَتْ فِي قَعْرِ بَيْتِهَا))(۲)

ترجمہ: اور وہ اللہ کی رحمت سے اس وقت قریب ہوتی ہے جب کہ وہ اپنے گھر میں ہو۔

حدیث پاک سے واضح ہوا کہ عورت کا مطلب چھپی ہوئی چیز اگر وہ ظاہر ہو گی تو شیطان جن اور شیطان انس کی نظروں میں آئے گی۔ جس کی وجہ سے گناہ اور فساد پھیلنے کا اندیشہ ہے۔ اسلام نے عورت کو معاشرے میں عظیم مقام دیا ہے۔ زمانہ جاہلیت میں عورت کو کوئی حق حاصل نہ تھا بلکہ وہ محض ایک کھلونا تھی جس کا مقصد مردوں کی خواہشات کی تکمیل کرنا تھا۔ مگر اسلام نے اسے ماں، بہن، بیٹی اور بیوی کے نام سے سرفراز کیا ہے۔

ام المؤمنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت ہے:

((أَنَّ أَسْمَاءَ بِنْتَ أَبِي بَكْرٍ، دَخَلَتْ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ ﷺ وَعَلَيْهَا ثِيَابٌ رِقَاقٌ، فَأَعْرَضَ عَنْهَا رَسُولُ اللَّهِ ﷺ، وَقَال ِيَا أَسْمَاءُ، إِنَّ الْمَرْأَةَ إِذَا بَلَغَتِ الْمَحِيضَ لَمْ تَصْلُحْ أَنْ يُرَى مِنْهَا إِلَّا هَذَا وَهَذَا))(۳)

ترجمہ: حضرت ابو بکر کی صاحبزادی، آپ ﷺ کے سامنے آئیں اور انھوں نے باریک کپڑے پہنے ہوئے تھے۔ آپ ﷺ نے منہ پھیر لیا اور فرمایا: اے اسماء جب عورت بالغ ہو جائے تو جائز نہیں کہ منہ اور ہاتھ کے سوا اس کے جسم کا کوئی حصہ نظر آئے۔

---

(۱) (علامہ البانی نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے)، سنن الترمذي، حدیث نمبر: ۱۱۷۳، ۴۶۸/۳

(۲) الكتاب المصنف ، أبو بكر بن أبي شيبة،، حدیث نمبر: ۷۶۱۶، ط/۱، مكتبة الرشد، الرياض، ۱۴۰۹ھ، ۱۵۷/۲

(۳) (علامہ البانی نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے)، سنن أبي داود، حدیث نمبر: ۴۱۰۴، ۶۲/۴

اور اسی طرح ایک حدیث پاک میں ہے کہ قرب قیامت میں ایسی عورتیں ہوں گی۔ انہوں نے بظاہر کپڑے پہنے ہوئے ہوں گے مگر وہ برہنہ ہوں گی۔ ایسے کپڑے پہننا جن سے جسم جھلکتا ہو ناجائز ہے۔ ایسے کپڑے جو جسم سے ملے ہوئے ہوتے ہیں وہ بھی ناجائز ہیں۔ نبی ﷺ فرماتے ہیں:

((وَنِسَاءٌ كَاسِيَاتٌ عَارِيَاتٌ مُمِيلَاتٌ مَائِلَاتٌ رُءُوسُهُنَّ كَأَسْنِمَةِ الْبُخْتِ الْمَائِلَةِ، لَا يَدْخُلْنَ الْجَنَّةَ، وَلَا يَجِدْنَ رِيحَهَا، وَإِنَّ رِيحَهَا لَيُوجَدُ مِنْ مَسِيرَةِ كَذَا وَكَذَا))(۱)

ترجمہ: وہ عورتیں جو لباس پہنے ہوئے ہوں گی لیکن درحقیقت برہنہ ہوں گی، مائل کریں گی، ان کے سر بختی اونٹ کی کوہان جیسے ہوں گے یہ عورتیں نہ تو جنت میں داخل ہوں گی نہ جنت کی خوشبو ہی ان کو نصیب ہو گی حالانکہ جنت کی خوشبو دور دور سے آرہی ہو گی۔

عصر حاضر میں تو بے پردگی کا سیلاب ہی آگیا ہے، معاشرے کے امن و سکون کے لیے اس پر کنٹرول کرنا بہت ضروری ہے۔

## دلکش انداز گفتگو کی ممانعت:

غیر محرم سے نرمی سے بات کرنے میں بھی فتنے کا اندیشہ ہے۔ جس سے منع کیا گیا ہے، ارشاد رب ذوالجلال ہے:

﴿فَلَا تَخْضَعْنَ بِالْقَوْلِ فَيَطْمَعَ الَّذِي فِي قَلْبِهِ مَرَضٌ وَقُلْنَ قَوْلًا مَعْرُوفًا﴾(۲)

ترجمہ: نرمی سے بات نہ کرو تاکہ وہ شخص جس کے دل میں کسی طرح کا مرض ہے کوئی امید (نہ) پیدا کرے اور دستور کے مطابق بات کیا کرو۔

## نامحرم سے تنہائی میں ملنے کی ممانعت:

اللہ تعالیٰ نے معاشرے کی پاکیزگی کے لیے نکاح سے قبل مرد و عورت کے ملنے پر کچھ پابندیاں عائد کی ہیں:

((إِيَّاكُمْ وَالدُّخُولَ عَلَى النِّسَا))(۳)

ترجمہ: تم عورتوں کے پاس جانے سے بچو۔

کیونکہ شیطان ازل سے انسان کا دشمن ہے وہ انسان کے دل میں برائی کے خیالات پیدا کرتا رہتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے عورت کو بڑا پرکشش بنایا ہے۔ لہٰذا کسی بھی غیر محرم عورت سے تنہائی میں ملنے سے منع فرمایا۔

---

(۱) صحيح مسلم، بَابُ النِّسَاءِ الْكَاسِيَاتِ، حدیث نمبر:۲۱۲۸، ۱۶۸۰/۳

(۲) سورة الاحزاب ۳۳: ۳۲

(۳) صحيح البخاري، بَابُ لاَ يَخْلُوَنَّ، حدیث نمبر ۵۲۳۲، ۳۷/۷

## نامحرم کی طرف غور سے دیکھنے کی ممانعت:

آپ ﷺ نے معاشرہ کی اصلاح کے لیے عورت کی تربیت فرمائی کیوں کہ اسی سے ہی ایک مہذب معاشرہ وجود میں آئے گا۔اور اگر عورت ہی کھلونا بن گئی تو پھر ترقی یافتہ معاشرے کا خواب ادھورا ہے۔دور حاضر میں ہمارے معاشرے کا حال بدتر ہے۔مغربیت پسندی میں ہمارے معاشرے کی خواتین بہت آگے نکل گئی ہیں۔بے پردگی عام ہے،اختلاط مردوزن عام ہے۔عورتیں گھروں سے بن سنور کر خوشبوؤں میں معطر ہو کر اپنے حسن کی نمائش کراتی ہیں۔حالانکہ دین اسلام نے ان تمام باتوں سے منع فرمادیا ہے۔اسلامی معاشرے سے بدی، بے حیائی اور ظلم وزیادتی کو دور کرنے کا حکم معاشرے کے ہر ہر فرد کو علیحدہ علیحدہ اور بحیثیت مجموعی پورے معاشرے اور اسکی ہیئت حاکمہ کو دیا ہے۔جس معاشرے میں بدیوں، بدکاریوں، فحاشیوں، عیاشیوں اور نمائش حسن وجمال کے متعلق مظاہروں کو روکنے پر افراد معاشرہ، پورا معاشرہ اور ان کی حکومت لگی ہوئی ہو وہ معاشرہ کیسے نہیں پاکیزہ اور خوشگوار بنے گا[۱]

## معاشرہ کی ترقی کے لیے درج ذیل قبائح کا خاتمہ:

### فرقہ بندی:

فرقہ واریت نے اسلامی معاشرے کو بہت نقصان پہنچایا ہے۔اس سے معاشرے میں تنگ نظری پیدا ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے بھی فرقہ واریت سے منع کیا ہے۔ارشاد ہوتا ہے: اور فرقوں میں نہ بٹو[۲]

موجودہ دور کے چیلنجز کا مقابلہ کرنے اور اسلامی معاشرے میں ترقی لانے کے لیے ملت کی صفوں میں اتحاد پیدا کرنا ضروری ہے۔اس طرح اجتماعیت پیدا ہوگی اور افتراق دور ہوگا۔

### طبقاتی تقسیم:

طبقاتی تقسیم نے بھی معاشرے کو تباہ و برباد کر رہا ہے۔معاشرہ کا سارا حسن اسی وجہ سے پامال ہو گیا ہے۔باہمی محبت جو مسلم معاشروں کا لازمی حصہ ہے آج ہر جگہ مفقود ہو گئی ہے۔آج ہم انسان کو انسانیت کے اعتبار سے نہیں جانچتے بلکہ رنگ ونسل کی بنیاد پر اہمیت دیتے ہیں۔حالانکہ ہم جانتے ہیں کہ فضیلت کا معیار تو صرف تقویٰ ہے۔نبی ﷺ فرماتے ہیں:

((مَنْ أَحَبَّ أَنْ يَكُونَ أَكْرَمَ النَّاسِ فَلْيَتَّقِ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ))[۳]

ترجمہ: جو شخص اس بات کو پسند کرتا ہے کہ وہ لوگوں میں سب سے زیادہ باعزت بن جائے تو اسے چاہیے

---

(۱) رسول اکرم کی حکمت انقلاب، سید اسعد گیلانی، ط/۱، ادارہ ترجمان القرآن لاہور، ۱۹۸۱ء، ص: ۳۱۰

(۲) سورۃ آل عمران ۳: ۱۰۳

(۳) المستدرك على الصحيحين، حدیث نمبر: ۷۷۰۷، ۳۰۰/۴

کہ تقویٰ اختیار کرے۔

اسلام نے عربی و عجمی، گورے اور کالے کا فرق مٹادیا ہے۔امیر اور غریب کا فرق مٹادیا۔ سب انسان اولاد آدم ہیں۔ مسلم معاشرہ اس وقت تک دوبارہ اپنے قدموں پر کھڑا نہیں ہو سکتا۔جب تک اپنے اندر سے طبقاتی تقسیم کو ختم نہیں کرتا۔

## غیر مسلمین کے ساتھ تعلق کی نوعیت:

معاشرے کو کامیابی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے ہمیں اسوہ مصطفیٰ اپنانا چاہیے۔ابتدا میں مدینہ منورہ میں یہودی اور مشرک دونوں آباد تھے۔ آپ ﷺ نے دونوں کو پیش کش کی کہ وہ برابری کی سطح پر آپ ﷺ کے ساتھ معاہدہ کرلیں[۱] لیکن جب اہل ایمان کی کثرت ہوگئی تو اسلام نے تاکید کی کہ وہ کافروں سے دوستی نہ رکھیں ارشاد خداوندی ہے:

﴿يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَتَّخِذُوا الْيَهُودَ وَالنَّصَارَى أَوْلِيَاءَ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاءُ بَعْضٍ﴾[۲]

ترجمہ: اے ایمان والو یہود اور نصاریٰ کو دوست نہ بناؤ یہ ایک دوسرے کے دوست ہیں اور جو شخص تم میں سے ان کو دوست بنائے گا وہ بھی انہیں میں سے ہو گا بے شک اللہ ظالموں کو ہدایت نہیں دیتا۔

یہود و نصاریٰ کی اندھی تقلید کی وجہ سے مسلم معاشرہ بگاڑ کا شکار ہے۔جب کہ ہمارا معاشرہ ایک اسلامی معاشرہ ہے جو مغربی معاشروں سے بے حد مختلف ہے۔ مگر آج کل ہمارے شہری معاشروں میں مغرب کی تقلید کرتے ہوئے کافی تبدیلی آچکی ہے۔ نوجوان اسلامی اقدار کو دور جدید کی اقدار سے بدلنا چاہ رہے ہیں۔ جس کی وجہ سے ہمارا خاندانی نظام بھی ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے۔

## حاصل کلام:

۱-فرد معاشرے کی اکائی ہے۔اگر فرد نہ ہو تو معاشرہ تشکیل نہیں پا سکتا۔

۲-انسانی معاشرہ کی ابتدا خاندان کی تشکیل سے ہوتی ہے اور خاندان مرد اور عورت کے باہمی تعلق سے وجود میں آتا ہے۔

۳-اسلامی معاشرے سے بدی، بے حیائی اور ظلم و زیادتی کو دور کرنے کا حکم معاشرے کے ہر ہر فرد کو علیحدہ علیحدہ اور بحیثیت مجموعی پورے معاشرے اور اسکی ہیئت حاکمہ کو دیا ہے۔

۴-فرقہ واریت نے اسلامی معاشرے کو بہت نقصان پہنچایا ہے۔اس سے معاشرے میں تنگ نظری پیدا ہوتی ہے۔

۵- آج ہمارے معاشرے پر مغربیت غالب ہے ان حالات میں مسلمانوں کو پوری سنجیدگی کے ساتھ اسلامی تہذیب کے احیاء اور فروغ کی کوشش کرنی چاہیے۔

---

(۱) سیرت پیغمبر اسلام، ترجمہ فقہ السیرۃ امام محمد غزالی، مترجم: ابو مسعود اظہر ندوی، ط/۱، نشریات اردو بازار، لاہور، ۲۰۱۰ء، ص: ۱۶۴

(۲) سورۃ المائدۃ ۵: ۵۱

# باب چہارم: معاشی اصلاحات

فصل اوّل: کسب حلال کی حدود و فضیلت

فصل دوم: مسئلہ ارتکاز دولت کا حل

فصل سوم: دین و دنیا کا حسین امتزاج

فصل چہارم: زرعی اصلاحات

فصل پنجم: معاشی نظام کی بہتری تعلیمات نبوی کی روشنی میں

# فصل اوّل:

## کسب حلال کی حدود و فضیلت

کسب حلال دو الفاظ سے مرکب ہے جس کے معنی ہیں ''حلال کمانا''۔ اسلامی اصطلاح میں اس سے مراد مسلمان کا حلال اور جائز ذرائع اور معروف طریقے سے محنت و مشقت یا تجارت کے ذریعے روزی کمانا کسب حلال کہلاتا ہے۔ اس ذمہ داری کو پورا کرنے کے لیے ہر ذی شعور مسلسل کوشش کرتا رہتا ہے۔ ہم میں سے اکثر عقل و شعور کی عمر تک پہنچتے ہی اس کے لیے فکر مند بھی ہو جاتے ہیں اور کوشش بھی شروع کرتے ہیں۔ جب ہم اس حوالے سے سوچتے ہیں تو ایک اہم مسئلہ یہ آتا ہے کہ کمانے کے مختلف طریقوں میں سے کون سا طریقہ اختیار کیا جائے۔ اگر مال و دولت ناجائز ذرائع مثلاً سود، رشوت، چوری وڈکیتی، بلیک مارکیٹنگ اور اسمگلنگ اور دیگر غلط ذرائع (جنہیں اسلام نے ناجائز قرار دیا ہے) سے حاصل کیا گیا ہے تو وہ اسلام کی نظر میں پاکیزہ نہیں ہے بلکہ وہ مال ناجائز اور حرام ہے۔ یہ فیصلہ ہماری زندگی کے اہم فیصلوں میں سے ایک ہے۔ اس مرحلے کی ذرا سی کوتاہی دنیا و آخرت کے وبال کا ذریعہ بن سکتی ہے۔ اس حوالے سے فیصلہ کرتے وقت عموماً تعلیم و تربیت، ماحول اور دستیاب مواقع اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ تاہم بنیادی معلومات کا ہونا ہمارے لیے بہر حال ضروری ہے۔ کمانے کے کیا کیا طریقے اختیار کیے جا سکتے ہیں؟ پھر ان طریقوں میں سے کون سے شریعت کی نگاہ میں بہتر ہیں؟ کون سے طریقے منع ہیں؟ یہ معلومات ایک مسلمان کے لیے ضروری ہیں کیونکہ شریعت کے احکام کی پاسداری کرنا ہماری پوری معاشی سرگرمی کو عبادت بنادے گا، جب کہ معاشی سرگرمیوں میں شرعی احکامات کا لحاظ نہ کرنا ہمارے سارے نیک اعمال کو ضائع کر دے گا۔ اس فصل میں کسب حلال کی فضیلت پر گفتگو کی گئی ہے۔

### کسب حلال کی حدود:

اسلام نے روزی کمانے کے لیے جن ذرائع کو حلال قرار دیا ہے ان ذرائع کو اختیار کرتے ہوئے روزی کمانا ہر مسلمان کے لیے ضروری ہے۔ اور ان ذرائع اور اسباب سے بچتے رہنا چاہیے جن کو شریعت نے حرام اور ناجائز قرار دیا ہے۔ بعض امور ایسے بھی ہوتے ہیں جن کا حلال اور حرام ہونا مشتبہ ہوتا ہے ایسے امور سے بچنے میں انسان کے دین کی حفاظت ہے نبی پاک علیہ السلام کا فرمان ہے:

((وَمَنْ وَقَعَ فِي الشُّبُهَاتِ وَقَعَ فِي الْحَرَامِ))[1]

ترجمہ: اور جو شخص شک والی چیزوں میں پڑ گیا تو اس بات کا خطرہ ہے وہ حرام میں پڑ جائے گا۔

---

(۱) صحيح البخاري ، بَابُ فَضْلِ مَنِ اسْتَبْرَأَ لِدِينِهِ، حدیث نمبر: ۵۲، ۱/۲۰

کسب حلال کے بہترین ذرائع زراعت، تجارت، صنعت، ملازمت اور اس کے علاوہ وہ ذرائع جن پر قرآن و سنت سے حرمت کی کوئی دلیل نہیں ہے وہ سب حلال ہیں۔

حلال اور طیب مال اللہ کی عظیم نعمت ہے، طاعات اور نیکیوں کے جذبہ کو مہمیز کرنے کا ذریعہ ہے۔گناہ اور اللہ کی نافرمانی سے بچنے کا نسخہ اکسیر ہے۔ حلال اور پاکیزہ مال کھانے سے دل میں نورانیت پیدا ہوتی ہے۔رزق اور عمر میں برکت نصیب ہوتی ہے۔اللہ کی محبت و معرفت پیدا ہوتی ہے۔اسی وجہ سے حلال اور طیب مال کمانا اور اس کے لئے دوڑ دھوپ کرنا اسلام میں مطلوب اور مستحسن ہے۔

## رزق کا مفہوم:

لغوی اعتبار سے رزق کا معنٰی ہے۔

الرِزْقُ: ما يُنْتَفَعُ به، والجمع الارزاق. والرزق العطاء، وهو مصدر قولك: رَزَقَهُ الله[۱]

ہر وہ چیز جس سے نفع اٹھایا جائے جمع ارزاق ہے۔اور رزق کا مطلب "دینا" ہے۔اور وہ مصدر ہے، جیسے تو کہے: اللہ تعالٰی نے اسے دیا۔

رزق صرف مال و دولت اور کھانے پینے کے سامان کی حد تک محدود نہیں ہے، بلکہ اللہ تعالٰی کی طرف سے جو کچھ بھی انسان کو ملے وہ سب رزق ہے۔ کائنات کی ہر شئے مثلاً مٹی، پانی، آگ، ہوا، روشنی، حرارت، دن و رات کا الٹ پھیر، موسموں کا تبدیل ہونا، صحت و سلامتی، کام کرنے کی طاقت و صلاحیت، علم و عرفاں، عقل و دماغ، عزم و ہمت، وسائل کار وغیرہ یہ سب ہمارے لئے سامانِ رزق ہیں، جیسا کہ درج ذیل ارشاد ربانی سے واضح ہے:

﴿وَجَعَلْنَا النَّهَارَ مَعَاشًا﴾[۲]

ترجمہ: اور دن کو ہم نے وقت روزگار بنایا۔

مطلب یہ ہے کہ دن کو روشن بنایا تاکہ لوگ کسب معاش کے لیے جدوجہد کر سکیں۔

## حصول رزق حلال عین عبادت ہے:

ارشادِ باری تعالٰی ہے:

﴿يَا أَيُّهَا النَّاسُ كُلُوا مِمَّا فِي الْأَرْضِ حَلَالًا طَيِّبًا وَلَا تَتَّبِعُوا خُطُوَاتِ الشَّيْطَانِ إِنَّهُ لَكُمْ عَدُوٌّ

---

(۱) الصحاح تاج اللغة وصحاح العربية،۱۴۸۱/۴

(۲) سورۃ النبا۷۸: ۱۱

مُبِينٌ﴾[1]

ترجمہ: اے لوگو زمین کی ان چیزوں میں سے کھاؤ جو حلال اور طیب ہیں اور شیطان کے قدموں پر نہ چلو، بیشک وہ تمہارے کھلا دشمن ہے۔

﴿فَإِذَا قُضِيَتِ الصَّلَاةُ فَانْتَشِرُوا فِي الْأَرْضِ وَابْتَغُوا مِنْ فَضْلِ اللَّهِ وَاذْكُرُوا اللَّهَ كَثِيرًا لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ﴾[2]

ترجمہ: پس جب نماز ہو چکے تو زمین میں پھیل جاؤ اور اللہ کا فضل تلاش کرو اور اللہ کا ذکر کرو تاکہ تم فلاح پالو۔

اس میں پہلا حکم عبادت ہے پھر عبادت کے بعد رزق حلال کی تلاش کا حکم ہے۔ آج جب کہ مسلم سماج میں مادیت پرستی اور دنیا طلبی کا رجحان زور افزوں ہے۔ سیم وزر اور عیش وراحت کے وسائل اکھٹا کرنے میں غیر معمولی مسابقت نے حلال وحرام میں تمیز کو یکسر ختم کر دیا ہے۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ مسلم سماج کو حلال اور طیب غذا کے فوائد سے روشناس کرایا جائے۔ حرام آمدنی اور اس پر مرتب ہونے والے نقصانات سے نسل نو کو واقف کرایا جائے۔ اگر اس پہلو کی اصلاح ہو جائے تو ان شاء اللہ مسلم معاشرہ میں صالح اور خوش گوار انقلاب آئے گا۔

## انبیاء کو کسب حلال کا حکم:

اس آیہ میں اللہ تبارک وتعالیٰ نے رسولوں کے توسط سے پوری نوع انسانیت کو حلال اور پاکیزہ مال کھانے کا حکم دیا ہے۔

﴿يَا أَيُّهَا الرُّسُلُ كُلُوا مِنَ الطَّيِّبَاتِ وَاعْمَلُوا صَالِحًا﴾[3]

ترجمہ: اے رسل حلال چیزیں کھاؤ اور نیک عمل کرو۔

اللہ تعالیٰ نے تمام انبیاء علیہم السلام کو حکم فرمایا کہ وہ حلال لقمہ کھائیں اور نیک اعمال بجالائیں۔ لقمہ حلال عمل صالح میں مددگار ہے، صحیح حدیث میں ہے:

((مَا بَعَثَ اللَّهُ نَبِيًّا إِلَّا رَعَى الغَنَمَ فَقَالَ أَصْحَابُهُ: وَأَنْتَ؟ فَقَالَ: نَعَمْ، كُنْتُ أَرْعَاهَا عَلَى قَرَارِيطَ لِأَهْلِ مَكَّةَ))[4]

---

(۱) سورۃ البقرۃ ۲: ۱۶۸

(۲) سورۃ الجمعۃ ۶۲: ۱۰

(۳) سورۃ المؤمنون ۲۳: ۵۱

(۴) صحيح البخاري ، بَابُ رَعْيِ الغَنَمِ عَلَى قَرَارِيطَ، حدیث نمبر: ۲۲۶۲، ۸۸/۳

ترجمہ: اللہ نے کسی نبی کو نہیں بھیجا جو بکریاں نہ چراتا رہا ہو صحابہ رضی اللہ عنہم نے پوچھا آپ ﷺ سمیت؟ فرمایا ہاں میں بھی چند قیراط پر اہل مکہ کی بکریاں چرایا کرتا تھا۔

نبی ﷺ فرماتے ہیں:

((كَانَ دَاوُدُ لَا يَأْكُلُ إِلَّا مِنْ عَمَلِ يَدِهِ)) (۱)

ترجمہ: حضرت داؤد علیہ السلام اپنے ہاتھ کی محنت کا کھایا کرتے تھے۔

رزق حلال کے لئے کسب کرنا سنتِ انبیاء کرام ہے۔ حضرات انبیاء کرام علیہم السلام نے حلال روزی کمانے کیلئے کوئی نہ کوئی کسب ضرور اختیار فرمایا ہے۔

((أُحَدِّثُكَ عَنْ آدَمَ إِنَّهُ كَانَ عَبْدًا حَرَّاثًا، وَأُحَدِّثُكَ عَنْ نُوحٍ إِنَّهُ كَانَ عَبْدًا نَجَّارًا، وَأُحَدِّثُكَ عَنْ إِدْرِيسَ إِنَّهُ كَانَ عَبْدًا خَيَّاطًا، وَأُحَدِّثُكَ عَنْ دَاوُدَ أَنَّهُ كَانَ عَبْدًا زَرَّادًا، وَأُحَدِّثُكَ عَنْ مُوسَى أَنَّهُ كَانَ عَبْدًا رَاعِيًا، وَأُحَدِّثُكَ عَنْ إِبْرَاهِيمَ أَنَّهُ كَانَ عَبْدًا زَرَّاعًا، وَأُحَدِّثُكَ عَنْ صَالِحٍ أَنَّهُ كَانَ عَبْدًا تَاجِرًا)) (۲)

ترجمہ: میں تمہیں بتاتا ہوں حضرت آدم کھیتی باڑی کرتے تھے، حضرت نوح نجار یعنی بڑھئی کا کام کرتے تھے ، حضرت ادریس علیہ السلام کپڑے سی کر گزارا کرتے تھے، حضرت داؤد زرہیں وغیرہ بنا کر گزر اوقات کرتے تھے، حضرت موسیٰ بکریاں چراتے تھے، حضرت ابراہیم علیہ السلام کھیتی باڑی کرتے تھے، حضرت صالح علیہ السلام تجارت کرتے تھے۔

قرآن مجید کی متعدد آیات میں رزق حلال اور کسب حلال کا تذکرہ ملتا ہے۔ کہ سب لوگ حلال اور طیب زرائع سے رزق تلاش کریں۔ اور احادیث میں بھی صراحت کے ساتھ کسب حلال اپنانے کا حکم ملتا ہے۔ اور ایسے زرائع سے رزق تلاش کرنے کا حکم ہے جو حلال وطیب ہوں۔ آپ ﷺ کا ارشاد پاک ہے:

((طلب كَسْبِ الْحَلَالِ فَرِيضَةٌ بَعْدَ الْفَرِيضَةِ)) (۳)

ترجمہ: حلال مال طلب کرنا فرض کے بعد ایک فرض ہے۔

---

(۱) (یہ حدیث صحیح ہے)، صحيح ابن حبان،محمد بن حبان الدارمي ، وعلق عليه: شعيب الأرنؤوط،حدیث نمبر:۶۲۲۷،ط/۱، مؤسسة الرسالة، بيروت،۱۹۸۸ء،۱۱۹/۱۴

(۲) المستدرک ،حدیث نمبر:۴۱۶۵، دار الكتب العلمية ، بيروت،۶۵۲/۲

(۳) كنز العمال ،علاء الدين علي بن حسام الدين تحقيق: بكري حياني ، حدیث نمبر:۹۲۳۱،ط/۵، مؤسسة الرسالة،۱۹۸۱ء،۹/۴

نبی اکرم ﷺ ارشاد فرماتے ہیں:

((طُوبَى لِمَنْ طَابَ كَسْبُهُ وصَلَحَتْ سَرِيرَتُهُ ))[۱]

ترجمہ: ایسے شخص کے لیے خوش خبری ہے جس کی کمائی حلال اور پاکیزہ ہے۔

اللہ تعالی کو بھی پاک مال پسند ہے۔

((أَنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ إِنَّمَا يَقْبَلُ مِنَ الصَّدَقَاتِ مَا طَابَ كَسْبُهُ))[۲]

ترجمہ: بے شک اللہ تعالی پاک کمائی کا صدقہ قبول فرماتا ہے۔

آپ ﷺ کا ارشاد گرامی ہے:

((مَا أَكَلَ أَحَدٌ طَعَامًا قَطُّ، خَيْرًا مِنْ أَنْ يَأْكُلَ مِن عَمَلِ يَدِهِ، وَإِنَّ نَبِيَّ اللَّهِ دَاوُدَعَلَيْهِ السَّلاَمُ، كَانَ يَأْكُلُ مِنْ عَمَلِ يَدِهِ))[۳]

ترجمہ: کسی کے لیے بھی اس کے ہاتھ کی کمائی کے کھانے سے بہتر کوئی کھانا نہیں ہے۔ اور یہ کہ اللہ کے نبی داؤد علیہ السلام اپنے ہاتھ کی کمائی کھاتے تھے۔

یہ اور اس طرح کی بہت سی روایتیں ہیں جن میں حلال اور پاکیزہ مال کمانے اور اس کے لئے دوڑ دھوپ کرنے کی فضیلت بیان کی گئی ہے۔ حلال اور پاکیزہ رزق کی تلاش میں مشقت برداشت کرنا اللہ تبارک وتعالی کو بہت پسند ہے۔ حلال اور پاکیزہ غذا کھانے اور اس کے حصول کے لئے تگ ودو کرنے کی جہاں قرآن وسنت میں ترغیب آئی ہے وہیں حلال اور پاکیزہ مال کھانے کے بہت سے دینی اور روحانی فوائد ہیں۔ رزق حلال کے حصول کے لیے جائز طریقے اختیار کرنے چاہیئں۔ اس کی بدولت عبادات واعمال میں مقبولیت پیدا ہوتی ہے اور دعائیں قبول ہوتی ہیں۔ حقیقت یہ ہے بڑے ہی خوش نصیب ہیں، وہ افراد جنہیں رزقِ حلال کی ایسی عظیم نعمت میسر ہے۔ حلال اور پاکیزہ رزق کھانے کو اعمال صالحہ سے پہلے ذکر کیا ہے۔ اس سے شریعت میں اکل حلال کی اہمیت معلوم ہوتی ہے، نیز اکل حلال کا حکم دینے کے بعد اعمال صالحہ کا ذکر کیا گیا ہے۔ اس سے دراصل اس بات کی طرف اشارہ کرنا مقصود ہے کہ حلال مال کی خاصیت ہے کہ وہ انسان کو طاعات اور نیکیوں پر آمادہ کرتا ہے اور انسان کے دل میں اطاعت شعاری اور تسلیم رضا کی شمع فروزاں کرتا ہے۔ گناہ اور اس کے دواعی سے انسان کو دور

---

(۱) المعجم الكبير، حدیث نمبر:۴۶۱۶، ط/۱، مكتبة ابن تيمية، القاهرة، ۵/۷۱

(۲) التمهيد لما في الموطأ، أبو عمر يوسف بن عبد الله القرطبي، وزارة عموم الأوقاف، المغرب، ۱۳۸۷ھ، ۲۳/۱۷۳

(۳) صحيح البخاري، بَابُ كَسْبِ الرَّجُلِ وَعَمَلِهِ بِيَدِهِ، حدیث نمبر:۲۰۷۲، ۳/۵۷

رکھنے میں مدد و معاون ثابت ہوتا ہے۔

## اہل ایمان کو رزق حلال کا حکم اور حرام سے بچنے کی تاکید:

طیبات کے استعمال سے شکر گزاری کے جزبات جنم لیتے ہیں۔ تب تو باری تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

﴿يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا كُلُوا مِنْ طَيِّبَاتِ مَا رَزَقْنَاكُمْ وَاشْكُرُوا لِلَّهِ إِنْ كُنتُمْ إِيَّاهُ تَعْبُدُونَ﴾[۱]

ترجمہ: اے ایمان والو! جو پاکیزہ چیزیں ہم نے تمہیں دے رکھی ہیں انہیں کھاؤ، اور اللہ تعالیٰ کا شکر کرو، اگر تم خاص اسی کی عبادت کرتے ہو۔

اور دوسری جگہ ارشاد فرمایا:

﴿يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تُحَرِّمُوا طَيِّبَاتِ مَا أَحَلَّ اللَّهُ لَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوا إِنَّ اللَّهَ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِينَ﴾[۲]

ترجمہ: اے ایمان والو! اللہ تعالیٰ نے جو پاکیزہ چیزیں تمہارے واسطے حلال کی ہیں ان کو حرام مت کرو اور حد سے آگے مت نکلو، بے شک اللہ تعالیٰ حد سے نکلنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔

قرآن مجید میں جہاں متعدد آیات میں اللہ تعالیٰ نے ہمیں رزقِ حلال کمانے اور کھانے کی تاکید فرمائی ہے، وہاں متعدد آیات میں حرام مال اور باطل طریقے سے مال کھانے کی بھی بڑی سختی سے ممانعت فرمائی ہے، جس طرح حلال روزی حاصل کرنا فرض ہے، اسی طرح مالِ حرام سے بچنا بھی نہایت ضروری ہے۔

## رزق حلال دعاء کی قبولیت کا ذریعہ:

اللہ تعالیٰ رزق حلال کھانے والوں کی دعاؤں کو شرف قبولیت عطاء فرماتا ہے۔[۳] اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے کہ اللہ تعالیٰ تقویٰ والوں کی، خیرات قبول فرماتا ہے۔ ایک روایت میں ہے کہ ہابیل نے اپنے جانوروں میں سے بہترین اور مرغوب جانور اللہ کے نام قربان کیا، برخلاف اس کے قابیل نے اپنی کھیتی میں سے نہایت ردی چیز اور وہ بھی بے دلی سے اللہ کے نام نکالی۔ اللہ تعالیٰ نے اسے قبول نہ کیا[۴]

---

(۱) سورۃ البقرۃ۲: ۱۷۲

(۲) سورۃ المائدۃ۵: ۸۷

(۳) ﴿إِنَّمَا يَتَقَبَّلُ اللَّهُ مِنَ الْمُتَّقِينَ﴾، سورۃ المائدۃ۵: ۲۷
ترجمہ: اللہ تعالیٰ پرہیزگاروں ہی کی (نیاز) قبول فرمایا کرتا ہے۔

(۴) تفسیر ابن کثیر، علامہ عماد الدین ابن کثیر، مترجم: مولانا محمد صاحب جوناگڑھی، شمع بک ایجنسی، لاہور، ۷۲۲/۱

حلال اور طیب غذا استعمال کرنے سے ایک فائدہ یہ ہوتا ہے کہ دعائیں قبول ہوتی ہیں۔اس حدیث پاک میں آپ ﷺ نے رزق حلال کی حقیقت کو خوب واضح فرمایا ،آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

بہت سے بندے جو بد حال اور پراگندہ بال ہوتے ہیں،اللہ سے مانگنے کے لئے اپنے ہاتھ آسمان کی طرف بلند کرتے ہیں،اور کہتے ہیں:اے میرے رب!اے میرے رب!

((وَمَطْعَمُهُ حَرَامٌ، وَمَشْرَبُهُ حَرَامٌ، وَمَلْبَسُهُ حَرَامٌ، وَغُذِّيَ بِالحَرَامِ، فَأَنَّى يُسْتَجَابُ لِذَلِكَ)) (۱)

ترجمہ:جب کہ اس کی غذا حرام ہے،اس کا کپڑا حرام آمدنی سے تیار ہوا ہے،اس کے جسم کی پرورش اور اس کی نشوونما حرام مال سے ہوئی ہے، تو کیسے اس کی دعاء قبول کی جائے گی۔

معلوم ہوا دعا کی قبولیت کے لیے لقمہ حلال ضروری ہے۔لقمہ حلال کے معاملے میں ہر شخص اس حدیث پر غور کرے۔

فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، ادْعُ اللَّهَ أَنْ يَجْعَلَنِي مُسْتَجَابَ الدَّعْوَةِ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ ﷺ:يَا سَعْدُ أَطِبْ مَطْعَمَكَ تَكُنْ مُسْتَجَابَ الدَّعْوَةِ(۲)

ترجمہ:ایک موقعہ پر حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے عرض کی یا نبی اللہ میرے لئے دعاء کیجئے اللہ تعالیٰ مجھے مستجاب الدعوات بنادے تو آپ ﷺ نے فرمایا:اپنی غذا پاک اور حلال کر تیری دعاء قبول ہو گی۔

ایک اور موقعہ پر آپ ﷺ نے فرمایا:

((إِذَا خَرَجَ الرَّجُلُ حَاجًّا بِنَفَقَةٍ طَيِّبَةٍ، وَوَضَعَ رِجْلَهُ فِي الْغَرْزِفَنَادَى لَبَّيْكَ اللَّهُمَّ لَبَّيْكَ،نَادَاهُ مُنَادٍ مِنَ السَّمَاءِلَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ))

ترجمہ:جب آدمی حلال نفقے سے حج کے ارادے سے نکلتا ہے اور پاؤں رکاب میں رکھتا ہے اور" لبیک اللہم لبیک" کی صدا لگاتا ہے تو آسمان سے ایک منادی اس کو آواز دیتا ہے:"لبیک وسعدیک" ( تیرا آنا مبارک اور قبول ہے) تیرا زادِ راہ حلال ہے، تیری سواری حلال ہے اور تیرا حج مقبول ہے جس میں کوئی گناہ نہیں اور جب کوئی حرام نفقہ ساتھ لے کر نکلتا ہے اور پاؤں رکاب میں رکھ کر" لبیک" کی صدا لگاتا ہے تو آسمان سے ایک منادی اس کو آواز دیتا ہے

((لَا لَبَّيْكَ وَلَا سَعْدَيْكَ، زَادُكَ حَرَامٌ وَنَفَقَتُكَ حَرَامٌ، وَحَجُّكَ غَيْرُ مَبْرُورٍ))(۳)

---

(۱) (علامہ البانی نے اس حدیث کو حسن قرار دیا ہے)،سنن الترمذي ، بَابٌ: وَمِنْ سُورَةِ ،حدیث نمبر:۲۹۸۹،۲۲۰/۵

(۲) المعجم الأوسط،حدیث نمبر:۶۴۹۵،۳۱۰/۶

(۳) المعجم الأوسطم، حدیث نمبر:۵۲۲۸، ۲۵۱/۵

ترجمہ: (تیرا آنا مبارک ہے نہ قبول) تیرا زادِراہ حرام ہے، تیرا خرچہ حرام ہے اور تیرا حج غیر مقبول ہے۔

معلوم ہوا کہ حلال مال قبولیت اُعمال کے لیے ضروری ہے۔اور اگر مال حرام ہے اور انسان اس مال سے حج جیسا عظیم سفر اختیار کرتا ہے، تکلیف اٹھاتا ہے وہ بھی رائیگاں چلا جاتا ہے۔اگر ہم چاہتے ہیں کہ ہماری دنیا آباد ہو جائے اور ہماری اولاد نیک اور فرمانبردار ہو جائے تو تواس کا واحد طریقہ یہ ہے کہ ہم خود بھی رزق حلال کما کر کھائیں اور اپنے اہل وعیال کی پرورش بھی حلال اور پاکیزہ مال سے کریں۔

## خشیت الٰہی کا ذریعہ:

حلال اور پاکیزہ غذا کا ایک فائدہ یہ بھی ہوتا ہے کہ اس سے دلوں میں اللہ کی خشیت پیدا ہوتی ہے۔جو انسان کو طاعت ونیکی کی راہ پر گامزن رکھتی ہے ۔ جیسے اولیاء اللہ اور بزرگان دین کو انوار و تجلیات حاصل ہوتے ہیں، اور عبادتوں کی حلاوتوں اور برکتوں سے لطف اندوز ہوتے ہیں۔اسی طرح صالح اور ایمان ویقین کی کیفیت سے حلال رزق اور طیب غذا استعمال کرنے والا شخص بھی مستفید ہوتا ہے۔جو شخص لگاتار حلال کی روزی کھاتا ہے اور حرام کے لقمہ کی آمیزش نہیں ہونے دیتا تو اللہ تبارک وتعالیٰ اس کے دل کو اپنے نور سے روشن کر دیتا ہے اور علم وحکمت کے چشمے اس کے دل سے جاری ہو جاتے ہیں[۱]

((كُلُّ جَسَدٍ نَبَتَ مِنْ سُحْتٍ فَالنَّارُ أَوْلَى بِهِ))[۲]

ترجمہ: جو گوشت پوست حرام سے پلا ہو تو آگ ہی اس کی زیادہ حق دار ہے۔

## رزق حلال گناہوں کی معافی کا ذریعہ:

حلال اور طیب غذا استعمال کرنے سے انسان کے گناہ معاف ہوتے ہیں، اور اللہ تعالی بندے کی بخشش فرماتے ہیں۔ رسول اُکرم ﷺ کا ارشاد ہے: کچھ گناہ ایسے ہوتے ہیں جن کا کفارہ نماز، روزہ بھی نہیں اور نہ ہی حج وعمرہ ان کا کفارہ ہے۔صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے دریافت کیا پھر وہ گناہ کیسے معاف ہوں گے۔آپ ﷺ نے جواب دیا:

((الْهُمُومُ فِي طَلَبِ الْمَعِيشَةِ))[۳]

ترجمہ: روزی کمانے کے غم میں جو پریشانیاں لاحق ہوتی ہیں وہ ان کا کفارہ ہیں۔

اس حدیث پاک سے معلوم ہوا، بعض گناہ ایسے ہیں جن کو اہل وعیال کی روزی کمانے کی جدوجہد ہی پاک کر سکتی

---

(۱) انطاق المفهوم احیاء العلوم، مترجم: مولانا فیض احمد اویسی، ط/۱، شبیر برادرز لاہور ۱۹۹۷ء، ص: ۱۶۶/۲

(۲) شعب الإيمان، حدیث نمبر: ۵۳۷۵، ۷/ ۵۰۴

(۳) المعجم الأوسط، حدیث نمبر: ۱۰۲، ۱/ ۳۸

ہے۔یعنی ان کا کفارہ اہل وعیال کی روزی کمانے کی کوشش اور محنت ہے۔حلال روزی سے دل کو راحت ملتی ہے، عبادات، میں کیف وسرور آتاہے، دنیااور آخرت میں راحت وسکون ملتاہے۔حضور سیدِ عالم کی رضااور خوشنودی حاصل ہوتی ہے، جو کہ دین ودنیامیں باعث برکت وسعادت اور آخرت میں ذریعہ نجات ہے۔ مسلسل حلال اور پاکیزہ رزق استعمال کرنے سے طاعات اور نیکیوں میں خاص قسم کی لذت محسوس ہوتی ہے، ذکرواذکار میں قلبی اطمینان وسکون نصیب ہوتاہے۔ حلال رزق اور طیب غذا کی برکت سے اللہ تبارک وتعالی انسان کے قلب میں حکمت کے سرچشمے جاری فرماتے ہیں، جس کی وجہ سے انسان کو حق وباطل میں تمیز کرنے کی غیر معمولی قوت حاصل ہوتی ہے، دین ودنیا کے شعبے میں اللہ تبارک وتعالی ایسے انسان کو غیر معمولی بصیرت عطا کرتے ہیں۔

## اعمال واخلاق کی درستگی:

حلال اور پاکیزہ رزق کھانے سے انسان کے اعمال میں صلاح اور درستگی آتی ہے۔اخلاق ورجحانات میں لطافت وپاکیزگی آتی ہے۔ انسان حلال اور طیب غذا استعمال کرتاہے اس کو خیر اور اچھے کاموں کی توفیق ملتی ہے، عبادات میں حلاوت اور غیر معمولی لطف حاصل ہوتاہے۔حضرت سہل تستری رحمۃاللہ علیہ فرماتے ہیں: جس شخص کی غذا حلال اور پاکیزہ نہ ہو اس کے اعضاء وجوارح خواہ مخواہ نافرمان ہو جاتے ہیں۔ جس شخص کی غذا حلال اور پاکیزہ ہو اس کے اعضاء وجوارح سے نیک اعمال صادر ہوتے ہیں۔اور خیر کے کاموں کی اسے من جانب اللہ توفیق ملتی ہے[1] لیکن جو شخص حرام غذا استعمال کرتاہے اور مشتبہ مال سے پرہیز نہیں کرتا اس سے نہ چاہتے ہوئے بھی گناہ صادر ہوتے ہیں، اور اعمال صالحہ پر استقامت اور اس پر مداومت کرنا اس کے لئے دشوار ہو جاتاہے۔

## حاصل کلام:

۱-اس فصل کی روشنی میں یہ معلوم ہواکہ حلال کمانااور لقمہ حلال کھانااہل ایمان کے لیے از حد ضروری ہے۔
۲- اللہ تعالیٰ نے تمام انبیاء کو حلال کمانے کا حکم دیا۔
۳-اکل حلال دنیاوی زندگی میں اطاعت الٰہی کا سبب بنتاہے اور آخرت میں جنت میں لے جائے گا۔
۴-جو جسم حرام سے پلا ہو وہ جہنم کا مستحق ہے۔
۵-ہاتھ سے کمانا اچھی خصلت اور خوبی ہے قرآن وسنت میں اس کی ترغیب دلائی گئی ہے۔
۶-ایک خوشحال معاشرے کی تشکیل کے لیے محنت، مشقت بہت ضروری ہے

(۱) انطاق المفہوم احیاء العلوم، مترجم: مولانا فیض احمد اویسی، ط/۱، شبیر برادرز لاہور، ۱۹۹۷ء، ص: ۲/۱۶۶-۱۶۸

# فصل دوم:

## مسئلہ ارتکاز دولت کا حل

قریش مکہ کا ذریعہ معاش تجارت اور زراعت تھا۔ تجارت اور لین دین میں سونے چاندی کے ٹکڑوں سے معاملات کرتے تھے یا پھر اشیاء کا تبادلہ اشیاء سے ہوتا تھا۔ تجارت ان کی ضرورت تو تھی لیکن تجارتی نظام کوئی نہ تھا، بازار تھے لیکن خرید وفروخت کے اصول نہ تھے، قمار بازی، سودی لین دین، ذخیرہ اندوزی کی مکروہ صورتیں موجود تھیں۔

سرور کونین ﷺ نے جو معاشی نظام عطا فرمایا اس کی جامعیت کا اندازہ اس سے لگایئے کہ اس وقت صنعت وحرفت کے میدان میں نہ کارخانے تھے اور نہ بڑے بڑے صنعتی اور حرفتی ادارے نہ مالیات کے شعبے تھے نہ بینک، نہ انشورنس کمپنیاں تھیں نہ بازار حصص نہ تمسکات حصص، نہ منڈیاں تھیں جو اشیاء صرف کا بھاؤ مقرر کرتیں کہ ان شعبہ ہائے معایش ومالیات پر مشتمل کوئی نظام معیشت قوم کو عطا فرماتے لیکن سرور دوجہاں کے عطا کردہ نظام معیشت کی جامعیت تو دیکھئے کہ سرمایہ دارانہ نظام اور اشتراکیت پر مبنی نظام پر ایک ایسی کاری ضرب لگائی کہ جب اسلامی نظام معاشیات کے زریں اصولوں کو عملی دنیا میں آزمایا جاتا ہے تو معاشرہ کی اصلاح پر مبنی اس کے بہترین نتائج اس طرح سامنے آتے ہیں کہ اس سے بہتر، نافع اور معاشرہ کے لیے مفید کوئی اور نظام ہو ہی نہیں سکتا۔

اس فصل میں مسئلہ ارتکاز دولت کا حل پیش کیا جائے گا۔

### ارتکاز دولت:

ارتکاز: "ر ک ز" ثلاثی مزید فیہ کے باب افتعال سے مصدر اور اردو میں بطور حاصل مصدر مستعمل ہے۔

لغوی معنٰی : ارْتَكَزَ، إذا ثبتَ فِي مَحَلِّه (۱)

کسی چیز کا اپنی جگہ میں قرار پکڑنا۔

الرِّكَاز: مَا ركزه الله تَعَالَى فِي الأَرْض من الْمَعَادِن فِي حالتها الطبيعية (۲)

ترجمہ: اللہ تعالیٰ کا زمین میں پیدا کیا ہوا اصلی حالت میں ذخیرہ۔

ارتکاز دولت سرمایہ دارانہ نظام کی بدترین خرابی ہے۔ حرمت سود کے ذریعے اس کی موثر روک تھام ہو جاتی ہے۔ سرمایہ دار سود کے ذریعے اپنی اجارہ داریاں قائم کر لیتے ہیں۔ چنانچہ رسد اشیاء اور قیمتوں کا نظام قدرتی رہنے کی بجائے مصنوعی ہو جاتا ہے۔ معیشت واخلاق سے لے کر ملکی سیاست تک ان کے اثرات سے محفوظ نہیں رہتیں ۔اسلام نے ارتکاز دولت کے

---

(۱) تاج العروس من جواهر القاموس، ۱۶۰/۱۵

(۲) المعجم الوسيط، مجمع اللغة العربية بالقاهرة، باب الراء، دار الدعوة، ۳۶۹/۱

مسئلہ میں سود کو حرام قرار دے کر بے شمار معاشی بیماریوں کی بنیاد کو منہدم کر دیا[۱]

ہر شخص اور ہر چیز کو اس کی استعداد، طلب، مہارت اور محنت کی بنیاد پر معاوضہ ملے۔اجیر و مستاجر کا صحت مند رشتہ قائم ہو۔اسی بات کی طرف قرآن پاک میں آتا ہے:

﴿نَحْنُ قَسَمْنَا بَيْنَهُمْ مَعِيشَتَهُمْ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَرَفَعْنَا بَعْضَهُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجَاتٍ لِيَتَّخِذَ بَعْضُهُمْ بَعْضًا سُخْرِيًّا﴾[۲]

ترجمہ: ہم نے خود تقسیم کیا ہے ان کے درمیان سامان زیست کو اس دنیاوی زندگی میں اور ہم نے ہی بلند کیا ہے بعض کو بعض پر مراتب میں تاکہ بعض بعض سے کام لے سکیں۔

ان کے مالوں میں ایک متعین حق سائل اور محروم لوگوں کا ہے۔قرآن کریم نے اسی طرف اشارہ فرمایا:

﴿وَالَّذِينَ فِي أَمْوَالِهِمْ حَقٌّ مَعْلُومٌ ، لِلسَّائِلِ وَالْمَحْرُومِ﴾[۳]

ترجمہ: اور جن کے مال میں حصہ مقرر ہے، (یعنی) مانگنے والے کا اور نہ مانگنے والے کا۔

اسلامی تعلیمات نے دولت کو چند ہاتھوں میں مرتکز ہونے کی نفی کی ہے ۔کلام مبین کی درج ذیل آیت سے یہی بات ثابت ہو رہی ہے۔

﴿كَيْ لَا يَكُونَ دُولَةً بَيْنَ الْأَغْنِيَاءِ مِنْكُمْ﴾[۴]

ترجمہ: تاکہ تمہاری دولت صرف تمہارے مالداروں کے ہاتھوں میں مرتکز نہ ہو جائے۔

اسلام دولت کے اولین ماخذ مثلاً دریا، سمندر، جنگل، کانیں، غیر مملوک زمین وغیرہ پر کسی کو پہرہ لگانے کی اجازت نہیں دیتا۔اور ہر ایک کو ان سے استفادے کا اختیار دیتا ہے۔وہ تجارتیں جو دولت کے ارتکاز کا سبب بن سکتی تھیں ان کی ممانعت کر دی مثلاً: ذخیرہ اندوزی، سٹہ بازی، قمار، سود خوری وغیرہ۔قرآن حکیم دولت کے ان طریقوں کو ممنوع قرار دیتا ہے، دوسروں کا مال اس کی رضا کے بغیر بلا عوض لینا، رضامندی، دھوکے، یا دباؤ کے تحت بھی ہو سکتی ہے، لہذا یہ رضامندی شمار نہیں ہو گی۔ رشوت، امانت میں خیانت، کسی کے مال کو غضب کر لینا، یتیم کے مال میں خورد برد، ناپ تول میں کمی بیشی کرنا، فحاشی پھیلانے والے کاروبار سے نفع یا کمائی حاصل کرنا، گانے بجانے کے پیشے سے کمائی حاصل کرنا، جوئے کی آمدن ،بت گری یا بت فروشی سے آمدن یا بت خانوں کی خدمت سے آمدن کا حصول، فال گیری کا کاروبار، سودی کاروبار وغیرہ سے منع کر دیا۔

---

(۱) اسلام کا نظام حیات، ڈاکٹر لیاقت علی خان نیازی، سنگ میل پبلی کیشنز لاہور، ۲۰۰۷ء، ص:۲۱۳

(۲) سورۃ الزخرف۴۳: ۳۲

(۳) سورۃ المعارج۷۰: ۲۴-۲۵

(۴) سورۃ الحشر۵۹: ۷

## ارتکاز دولت کی ممانعت:

اسلام نے یہ تصور پیش کیا ہے کہ دولت جمع نہ ہونے پائے۔جب دولت جمع ہو جاتی ہے تو اس سے کئی معاشی اور معاشرتی بیماریاں جنم لیتی ہیں۔اسلام کا معاشی نظام اعتدال کا علم بردار ہے نہ اس میں افراط ہے نہ تفریط۔اس نے انفرادی حقوق معاش اوران سے جلب منفعت کو جائز رکھا ہے۔مگر چند قیود و شرائط کے ساتھ،ان ہی کو انفرادی معاش کے ضوابط سے تعبیر کیا جاتا ہے۔اور اجتماعی نظام معاش کو بھی اس نے مستحسن قرار دیا ہے۔لیکن اس کے فوائد سے فرد کو جبراً محروم نہیں کیا بلکہ اس کے فوائد تو قوم کے نادار، مفلس اور معذور افراد کے لیے وقف ہیں محرومی کا سوال ہی نہیں ہے (۱)

## قمار اور سٹہ بازی:

قمار اور سٹہ بازی میں ساری قوم کا تھوڑا تھوڑا روپیہ ایک جگہ جمع ہوتا ہے۔پھر ایک عام آدمی کا ایک روپیہ یا تو اس جیسے ہزاروں غریب آدمیوں کی جیب سے ایک ایک روپیہ کھینچ کر اس کے پاس جمع کر دیتا ہے۔یا خود بھی کسی سرمایہ دار کی جیب میں جا گرتا ہے۔غرض دونوں ہی صورتوں میں روپیہ سمٹتا ہے اور اس کی فطری گردش رک جاتی ہے ۔اسلام نے اس پر اور کاروبار کے ایسے طریقوں پر پابندی لگا دی۔جس میں ایک فریق کا فائدہ ہو اور دوسرے کا نقصان ہو یا جس سے پورے معاشرے کی دولت ایک جگہ سمٹنے لگے (۲)

## احتکار(۳) اور اکتناز(۴) :

احتکار کا مطلب یہ ہے کہ دولت سمٹ کر کسی ایک ہی طبقہ میں محدود و محصور ہو کر رہ جائے۔اسلام نے احتکار کی سخت مذمت کی ہے۔احتکار اور اکتناز تقریباً ہم معنی ہے سود کے بعد سب سے زیادہ غرباء کو بدحالی اور پریشان کرنے والی چیز احتکار اور اکتناز ہے (۵)

---

(۱) نظام مصطفی، ص: ۳۴۰

(۲) ہمارا معاشی نظام، محمد تقی عثمانی، مکتبہ دار العلوم کراچی، طبع جدید، ۱۴۲۳ھ، ص: ۱۵

(۳) (احتکار الطعام: کسی شخص کا کھانے کی چیز کو جمع کرنا اور اسے اس لیے روک کے رکھنا کہ وہ چیز مارکیٹ میں مہنگی ہو جائے،احتکار کہلاتا ہے۔الصحاح تاج اللغة وصحاح العربية، أبو نصر إسماعيل بن حماد الجوهري الفارابي تحقيق: أحمد عبد الغفور عطار، ط/۴،دار العلم للملايين، بيروت،۱۴۰۷ھ، ۶۳۵/۲)

(۴) (مال جمع کرنا اور ذخیرہ کرنا۔القاموس المحیط، ۵۲۳/۱)

(۵) ﴿وَالَّذِينَ يَكْنِزُونَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ وَلَا يُنْفِقُونَهَا فِي سَبِيلِ اللَّهِ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ أَلِيمٍ﴾، سورة التوبة۹ : ۳۴-۳۵
ترجمہ: اور جو لوگ جوڑ کر رکھتے ہیں سونا اور چاندی اور نہیں خرچ کرتے اسے اللہ کی راہ میں تو انہیں خبر سنا دیجیے دردناک عذاب کی جس دن تپایا جائے گا جہنم کی آگ میں پھر ان کی پیشانیاں، پہلو اور ان کی پشتیں داغی جائیں گی یہ ہے جو تم نے جمع کر رکھا تھا اپنے لیے اب چکھو سزا اس کی جو تم اپنے لیے جمع کرتے تھے۔

سرمایہ داری کے اس کافرانہ نظام میں دولت چند ہاتھوں میں سمٹ کر رہ جاتی ہے۔اور غرباء کی جیب میں روپیہ تک نہیں پہنچتا۔اسلام ہی وہ دین ہے جس نے سرمایہ داروں کو احتکار سے روکا،ارشاد نبی کریم ﷺ ہے:

((لَا يَحْتَكِرُ إِلَّا خَاطِئٌ))(۱)

ترجمہ: احتکار کرنے والا گناہ گار اور خطاکار ہے۔

ایک اور حدیث پاک میں ارشاد مصطفی ﷺ ہے:

((الْمُحْتَكِرُ مَلْعُونٌ))(۲)

ترجمہ:احتکار کرنے والے پر خدا کی پھٹکار۔

## دنیامیں مروج معاشی نظام:

### سرمایہ دارنہ نظام:

عصر حاضر میں جو نظام معیشت چل رہے ہیں ان میں ایک سرمایہ دارنہ نظام ہے۔سرمایہ دارانہ نظام کے قیام میں اصل محرک یا فساد کا بنیادی نقطہ خود غرضی کا حد سے بڑھ جانا ہے۔جلب منفعت اور نفع اندوزی کا یہ جزبہ کسی نقطہ پر منتہی نہیں ہوتا۔یہ نظام معیشت سرمایہ دارانہ نظام کہلاتا ہے۔اس نظام سے تنگ نظری، خود غرضی ،بداندیشی، بخل وبددیانتی ،نفس پرستی، عیش کوشی اور ظلم جیسے رزائل اخلاق پیدا ہوتے ہیں۔

### اشتراکیت:

مفکرین عصر حاضر نے مذہب کی قیود سے آزادرہ کربقول ان کے نظام سرمایہ داری کی تباہ کاریوں سے بنی نوع انسان کو بچانے کے لیے ایک اور نظام پیش کیا جس کا نام اشتراکیت رکھا۔ یعنی دولت سے نفع اندوزی یا متمتع ہونے میں تمام افراد کی مساوی شرکت۔اشتراکیت نے سرمایہ دارانہ نظام کی ان خرابیوں کو تو دیکھا لیکن مرض کے اسباب کی تشخیص نہ کرسکی ۔سرمایہ داری نے کہا تھا انسان بحیثیت فرد ذرائع پیداوار کا "مالک" ہے،اشتراکیت نے کہا کہ کوئی فرد کسی ذریعہ پیداوار کا مالک نہیں۔لیکن دولت کی غیر مساویانہ تقسیم ،یہ نظام اشتراکیت بھی نہ ختم کرسکا۔اور اس میں بھی طبقاتی مساوات پیدا نہ ہوسکی تمام معیشت حکومت کے قبضے میں آگئی اور ہر شخص سرکاری ملازم بن گیا۔فرد کی فطری آزادی سلب ہوگئی(۳)

---

(۱) (علامہ البانی نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے)،سنن أبي داود، بَاب فِي النَّهْيِ عَنْ الْحُكْرَةِ،حدیث نمبر:۳۴۴۷،۳/۲۷۱

(۲) المصنف،أبو بكر عبد الرزاق بن همام،حدیث نمبر:۱۴۸۹۳،ط/۲،المکتب الإسلامی،بیروت،۱۴۰۳ھ،۸/۲۰۴

(۳) ہمارا معاشی نظام، محمد تقی عثمانی، مکتبہ دار العلوم، کراچی، ۱۴۲۳ھ، ص:۱۰-۱۳

## اسلام کے معاشی نظام کی خصوصیات:

آج سے چودہ سو سال پہلے رسول اللہ ﷺ نے جو نظام معیشت نہ صرف مسلمانوں کے لیے بلکہ تمام عالم کی فلاح کے لیے تمدن کو عطاء فرمایا وہ اس وقت سے رہتی دنیا تک کے لیے معیشت کی تمام خامیوں اور خرابیوں کا مداوا ہے۔اسلام کے عدل عمرانی کی شاہراہ سرمایہ داری اور اور اشتراکیت دونوں کے بیچ سے گزرتی ہے۔اسلام کا کہنا یہ ہے کہ اس کائنات کی ہر چیز اصل میں اللہ تعالیٰ کی ملکیت ہے،اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

﴿لِلَّهِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ﴾[۱]

ترجمہ:آسمانوں اور زمینوں میں جو کچھ ہے اللہ ہی کا ہے۔

وہ اپنی یہ ملکیت بندوں کو نفع اٹھانے کے لیے دے دیتا ہے۔اسلام کے معاشی نظام کی خصوصیات ملاحظہ فرمایئے، معاش اور دین کا تصور اسلام میں الگ نہیں ہے۔اسلام حلال اور حرام کا تصور دیتا ہے۔اسلام کسب حلال کا حکم دیتا ہے۔ اسلام تجارتی ضابطہ اخلاق مہیا کرتا ہے۔اسلامی نظام میں سود حرام ہے۔ اسلام ارتکاز دولت کے خلاف ہے۔اسلام عفو اور انفاق فی سبیل اللہ کا حکم دیتا ہے۔اس نظام میں اسراف اور تبذیر کی ممانعت ہے۔اس نظام میں اجتماعی عدل کا تصور ہے۔ اسلام انفرادی ملکیت اور تصرف کا قائل ہے اس نظام میں غربت کے لیے کاوشیں کی جاتی ہیں[۲]

## ارتکاز دولت کے متبادل ذرائع:

مضاربت، شراکت، قرض حسنہ، بیع معجل، مؤجل، مرابحہ، اجارہ، سروس چارجز، بارٹر سسٹم۔

## مضاربت:

بینکاری کے کاروبار میں بچت کنندہ اپنے سرمایہ کو مضاربت کے مطابق بینک کے حوالے کرے، سرمایہ کار اپنے کاروبار میں منافع کو بینک اور اپنے سرمایہ کے تناسب سے تقسیم کریں اور نقصان کی صورت میں فریقین اپنے سرمایہ کا نقصان خود برداشت کریں یہ نظام نبی پاک علیہ السلام سے ثابت ہے:

((وَخَرَجَ إِلَى الشَّامِ فِي تِجَارَةٍ لِخَدِيجَةَ مُضَارَبَةً)) [۳]

حضور اکرم ﷺ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کا مال تجارت مضاربت پر شام لے کر گئے۔

---

(۱) سورة البقرة۲: ۲۸۴

(۲) اسلام کا نظام حیات، ص:۲۰۷

(۳) معجزات النبي ،أبو الفداء إسماعيل بن عمر بن كثير الدمشقي ،تحقيق:السيد إبراهيم أمين محمد، المكتبة التوفيقية،۴۴۶/۱

## قرض حسنہ:

قرض حسنہ میں سود کا عنصر شامل نہیں ہے۔ حکومت یا دیگر مالیاتی ادارے جو قرض حسنہ دے سکتے ہیں بلا سود قرضے جاری کریں جو خالصتاً قرض حسنہ کی بنیاد پر ہوں، اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں ایمان والوں کو قرض حسنہ کی ترغیب دلائی ہے[1] آپ ﷺ ارشاد فرماتے ہیں:

((مَنْ نَفَّسَ عَنْ أَخِيهِ كُرْبَةً مِنْ كُرَبِ الدُّنْيَا نَفَّسَ اللَّهُ عَنْهُ كُرْبَةً مِنْ كُرَبِ يَوْمِ القِيَامَةِ))[2]

ترجمہ: جو شخص اپنے بھائی سے دنیا کا غم و تکلیف دور کرتا ہے، اللہ تعالیٰ قیامت کے روز اس کے غم و تکلیف کو دور کرے گا۔

## شراکت:

کاروبار کی ایسی تنظیم ہے جس میں دو یا زیادہ اشخاص بحیثیت مجموعی کاروبار کرتے ہیں، شراکت دار مقررہ شرائط اور معاہدے کے مطابق ایک خاص نسبت سے زمین، محنت اور سرمایہ فراہم کرتے ہیں اور باہمی طور پر کاروبار کے انتظامی امور سنبھالتے ہیں نفع یا نقصان حصص کے مطابق تقسیم ہوتا ہے۔ اسلام کے ابتدائی دور میں تجارت کی مختلف قسمیں رائج تھیں ان میں شراکت اور مضاربت کے اصولوں پر بھی تجارت کی جاتی تھی۔ نبی آخر الزماں نے شراکت کو پسند بھی فرمایا اور دوسروں کے ساتھ شراکت کی بنیاد پر کاروبار بھی کیا(۳)

## مرابحہ:

هُوَ البيع بِرَأْس المَال مَعَ زِيَادَة مَعْلُومَة وَيُقَال أعطَاهُ مَالا مُرَابحَة على الرِّبْح بَينهمَا[4]

مال اصلی پر مقررہ اضافہ کے ساتھ بیع کرنا۔ اور کہا جاتا ہے کسی کو نفع کی باہمی تقسیم پر مال دینا۔

ایسا معاہدہ جس کے ذریعے کوئی چیز خریدی جائے خریدنے والا اپنا نفع اور اخراجات کما کر کسی اور کو دے دے، مثلاً کوئی بینک مشینری باہر سے منگوا کر کسی کو دے اور اپنا نفع کمائے۔

---

(۱) ﴿مَنْ ذَا الَّذِي يُقْرِضُ اللَّهَ قَرْضًا حَسَنًا فَيُضَاعِفَهُ لَهُ أَضْعَافًا كَثِيرَةً﴾، سورۃ البقرۃ ۲: ۲۴۵

ترجمہ: کون ہے جو اللہ تعالیٰ کو قرض حسنہ دے کہ وہ اس کے بدلے اس کو کئی حصے زیادہ دے گا اور اللہ تنگ کرتا ہے رزق کو اور فراخ کرتا ہے اور اسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے۔

(۲) (علامہ البانی نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے)، جامع ترمذی، حدیث نمبر: ۲۹۴۵، ۱۹۵/۵

(۳) پیغمبر اسلام اور تجارت، حکیم محمود احمد ظفر، بیت العلوم انار کلی، لاہور، ص: ۲۸۹

(۴) المعجم الوسیط، مجمع اللغة العربية بالقاهرة، ۳۲۲/۱

## بارٹر سسٹم:

بین الاقوامی تجارت میں مال کے بدلے مال بھی سود کے عنصر سے پاک ہے۔ اگر ہم بیرونی ملک سے گندم کے بدلے میں کھادیں یا کوئی اور چیز لیں تو مال کے بدلے مال کا نظام سود سے پاک ہے۔

## اجارہ:

عبارة عن العقد على المنافع بعوض هو مالٌ[۱]

ایسا عہد وپیمان جو کسی مال کے کے عوض میں منافع پر ہوا ہو۔

یہ بھی بیع کی ایک قسم ہے جو سود سے پاک ہے مثلاً کسی چیز کا کرایہ وصول کرنا یا مزدوری لینا ایک مثال زرعی رقبے کو پٹے پر دینے کی ہے[۲]

اجارہ سے مراد ایسا لین دین یا معاہدہ ہے جس میں کسی جائز چیز کی ملکیت اپنے پاس رکھتے ہوئے اس کا استعمال اور حق انتفاع دوسرے کو ایک مقرر مدت کے لیے فروخت کر دیا جائے[۳]

## سروس چارج یا حق الخدمۃ:

سروس چارج یا حق الخدمۃ جیسے جیسے وقت گزرتا جا رہا ہے بنکوں کے دائرہ کار اور فرائض میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔ آج بنکوں کی اتنی قسمیں ہوگئی ہیں اور ان کے متنوع اور کثیر المقاصد فرائض ہوگئے ہیں کہ ان فرائض ومقاصد میں بہت سے وہ ہیں جو بینک خالصتاً دوسروں کے ایجنٹ اور وکیل کی حیثیت سے انجام دیتا ہے۔ مثال کے طور ایک جگہ سے دوسری جگہ رقم کی ترسیل میں مدد دینا، کسی کاروبار یا تجارت کے سلسلے میں مشورہ دینا، غیر ملکی زرمبادلہ کی فراہمی اور تجارتی حصص کی انڈر رائٹنگ اور اس نوعیت کے متعدد دوسرے فرائض وہ ہیں جن کی مناسب اُجرت یا حق الخدمت بینک وصول کر سکتا ہے۔ اور اس میں شرعاً کوئی چیز مانع نہیں ہے۔ البتہ بینکوں کی طرف سے جو رقوم قرض دی جاتی ہیں ان پر سروس چارج یا حق الخدمت وصول کرنا محل نظر ہے[۴]

---

(۱) كتاب التعريفات، علي بن محمد بن علي الزين الشريف الجرجاني، ط/۱، دارالكتب العلمية بيروت، لبنان، ۱۹۸۳ء، ص:۱۰

(۲) اسلام کا نظام حیات، ڈ۔ ح۔ فیوض الرحمٰن جدون، نعمانی کتب خانہ لاہور، ۱۹۸۸ء، ص:۲۲۱

(۳) حرمت ربا اور غیر سودی مالیاتی نظام، ڈاکٹر محمود احمد غازی، انسی ٹیوٹ آف پالیسی اسٹڈیز اسلام آباد، ط/اشرکت پرنٹنگ پریس لاہور، ۱۹۹۳ء، ص:۶۴

(۴) ایضاً، ص:۶۰

## مسئلہ ارتکاز دولت کا حل:

اسلام نے ارتکاز دولت کو روکنے کے لیے درج ذیل طریقے دیئے ہیں۔ نظام زکاۃ، صدقات کا نظام، انفاق فی سبیل اللہ، وراثت کا قانون، حق سویٰ الزکاۃ، عفو کا تصور، ہبہ کا قانون، وصیت کا قانون، وقف وغیرہ۔

## صدقات کا نظام:

ارتکاز دولت کا بہت ہی اُحسن حل، جس سے دولت منجمد بھی نہیں ہوگی اور معاشرتی اور معاشی نظام بھی ترقی کی راہ پر گامزن رہے گا، وہ صدقات کا نظام ہے۔ شریعت اسلامی نے مختلف عنوانات سے موقت اور غیر موقت صدقات اور کفارات کثرت سے مسلمانوں کے ذمے عائد کیے ہیں۔ ان کے ذریعے سے بھی حاجتمند لوگوں کی کافی حد تک معاشی اعانت ہوسکتی ہے[۱]

## موقت صدقات واجبہ:

موقت صدقات واجبہ میں ایک زکاۃ ہے اور دوسرا صدقہ فطر ہے۔

زکاۃ کے متعلق ارشاد ربانی ہے:

﴿وَآتُوا الزَّكَاةَ﴾[۲]

ترجمہ: اور زکاۃ ادا کرو۔

## زکاۃ کی فرضیت:

﴿خُذْ مِنْ أَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيهِمْ بِهَا﴾[۳]

ترجمہ: ان کے اموال میں زکاۃ وصول کرکے انہیں پاک بنایئے اور ان کا تزکیہ کیجئے۔

فرمان مصطفی ﷺ ہے:

((بُنِيَ الإِسْلاَمُ عَلَى خَمْسٍ: شَهَادَةِ أَنْ لاَ إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللَّهِ، وَإِقَامِ الصَّلاَةِ، وَإِيتَاءِ الزَّكَاةِ، وَالحَجِّ،وَصَوْمِ رَمَضَانَ))[۴]

---

(۱) اسلامی معاشیات بنیادی خاکہ، مولانا محمد ادریس میرٹھی، مکتبہ بینات جامعۃ العلوم الاسلامیۃ، کراچی، ۲۰۱۱، ص: ۶۰

(۲) سورۃ البقرۃ۲: ۴۳

(۳) سورۃ التوبۃ۹: ۱۰۳

(۴) سنن الترمذي، باب ماجاءبني الإسلامُ على خمس، حديث نمبر: ۲۶۰۹، ۵/۵ (علامہ البانی نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے)

ترجمہ: بنیاد اسلام پانچ چیزوں پر قائم ہے۔ گواہی دینا کہ اللہ کے سوا عبادت کے لائق کوئی نہیں یقیناً محمد اللہ کے رسول ہیں، نماز قائم کرنا، زکاۃ ادا کرنا، بیت اللہ کا حج کرنا اور رمضان کے روزے رکھنا۔

زکاۃ کی فرضیت کی حکمت بخل اور کنجوسی سے انسانی مزاج کا صاف وپاک ہونا، فقراء کے ساتھ ہمدردی، تنگ دستوں اور فقراء کی حاجات کا پورا کرنا، دولت مندوں کی دولت وثروت میں حدبندی تاکہ دولت کسی ایک طبقے میں بند ہو کر نہ رہ جائے، مصالح عامہ جن پر امت کی زندگی اور سعادت موقوف ہے کا پورا کرنا۔

## زکاۃ کے مصارف:

زکاۃ کے آٹھ مصارف ہیں جس کا ذکر اللہ جل شانہ نے کلام مجید میں فرمایا ہے۔

﴿إِنَّمَا الصَّدَقَاتُ لِلْفُقَرَاءِ وَالْمَسَاكِينِ وَالْعَامِلِينَ عَلَيْهَا وَالْمُؤَلَّفَةِ قُلُوبُهُمْ وَفِي الرِّقَابِ وَالْغَارِمِينَ وَفِي سَبِيلِ اللَّهِ وَابْنِ السَّبِيلِ فَرِيضَةً مِنَ اللَّهِ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ﴾[۱]

ترجمہ: زکاۃ فقراء، مساکین اس پر کام کرنے والے، جن کے دلوں کی تالیف مطلوب ہو قیدی آزاد کرانے میں، مقروض لوگوں کے لیے، اللہ کے راستہ میں مسافروں کیلئے ہے یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے فرض ہے اور وہ جاننے والا حکمت والا ہے۔

## زکاۃ کا نصاب:

إذا كَانَ الذَّهَب يبلغ عشْرين مِثْقَالا وَالْفِضَّة تبلغ مِائَتي دِرْهَم وَحَال عَلَيْهِ الْحول مُنْذُ يَوْم ملكه[۲]

ترجمہ: جب سونے کی مقدار ۲۰ مثقال کو پہنچ جائے اور چاندی ۲۰۰ درہم تک پہنچ جائے جس دن سے اس کا مالک ہوا ہے اس دن سے پورا سال گزر جائے تو اس پر زکاۃ ہے۔

## اونٹ:

پانچ اونٹوں پر زکاۃ فرض ہے پانچ سے کم میں نہیں ہے۔

((ليس فيما دون خمسة ذود من الإبل صدقة))[۳]

---

(۱) سورۃ التوبۃ۹: ۶۰

(۲) الأصل المعروف بالمبسوط، أبو عبد الله محمد بن الحسن بن فرقد الشيباني، إدارة القرآن والعلوم الإسلامية ، كراتشي، ۸۷/۲

(۳) البناية شرح الهداية، أبو محمد محمود بن أحمد بن موسى الحنفى ،ط/۱، دار الكتب العلمية ، بيروت، لبنان، ۲۰۰۰ء، ۲۹۲/۳

ترجمہ: پانچ اونٹوں سے کم میں زکاۃ نہیں ہے۔

## گائے:

اگر گائیں تیس ہوں اور ان پر سال گزرے تو پھر ان پر زکاۃ ہوگی۔

((فِي كُلِّ ثَلَاثِينَ تَبِيعٌ وَفِي كُلِّ أَرْبَعِينَ مُسِنَّةٌ))[۱]

ترجمہ: ہر تیس گایوں میں ایک سالہ اور ہر چالیس میں دو سالہ بچھڑا ہے۔

## بکری:

واما زَكَاة الشَّاة فَلَيْسَ فِيمَا دون أَرْبَعِينَ شَاة صَدَقَةفاذا بلغت اربعين فَفِيهَا شَاة الى مائَة وَعشْرين[۲]

بہر حال چالیس سے کم بکریوں میں زکاۃ نہیں ہے چالیس بکریوں سے ۱۲۰ تک ایک بکری ہے۔

## صدقہ فطر:

صدقہ فطر کے متعلق نبی پاک علیہ السلام ارشاد فرماتے ہیں:

((فَرَضَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺزَكَاةَ الْفِطْرِ صَاعًا))[۳]

ترجمہ: اللہ کے رسول ﷺ نے ایک صاع صدقہ فطر لازم کیا ہے۔

((فَرَضَ رَسُولُ اللهِ ﷺزَكَاةَ الْفِطْرِ طُهْرَةً لِلصِيَامِ مِنَ اللَّغْوِ وَالرَّفَثِ، وَطُعْمَةً لِلْمَسَاكِينِ))[۴]

ترجمہ: صدقہ فطر اس لئے لازم کیا گیا ہے تاکہ روزہ فضول گوئی سے پاک ہو جائے اور مساکین کے لئے کھانے کا بھی انتظام ہو جائے۔

صدقہ فطر تمام مسلمان نکالتے ہیں اگر پیشہ ور بھکاریوں کی بجائے اپنی ذاتی واقفیت کی بناء پر عید کی نماز سے پہلے ضرورت مند لوگوں تک سامان عید کی صورت میں صدقہ فطر پہنچادیں تو وہ بھی عید کی خوشیوں میں برابر کے شریک ہوں گے اور یہی صدقہ فطر کو واجب کرنے کا مقصد ہے۔

---

(۱) المبسوط، محمد بن أحمد بن أبي سهل شمس الأئمة السرخسي ،باب ذكاة البقر ،ط/۱، دار المعرفة بيروت،۱۹۹۳ء،۲/۱۸۷

(۲) النتف في الفتاوى،أبو الحسن علي بن الحسين ،محقق: صلاح الدين الناهي،ط/۲،دار مؤسسة الرسالة / بيروت لبنان،۱۹۸۴ء،۱/۱۷۶

(۳) (علامہ البانی نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے)،سنن أبي داود، بَابُ كم يؤَدى في صدقةالفطر؟ حدیث نمبر:۱۶۱۲،۲/۱۱۲

(۴) (امام بخاری کی شرط پر یہ حدیث صحیح ہے)،السنن الكبرى، حدیث نمبر:۷۶۹۲،،ط/۱، دار الكتب العلمية، بيروت،لبنان،۱۴۲۴ھ ،۴/۲۷۴

## جاہلی دفینے:

اگر کسی کو زمین یا گھر میں مدفون خزانہ مل جائے تو اس کا پانچواں حصہ فقراء و مساکین اور خیراتی مہمات میں خرچ کرے، فرمان مصطفی ﷺ ہے:

((فِي الرِّكَازِ الخُمُسَ))[۱]

ترجمہ: جاہلی دفینے میں پانچواں حصہ زکاۃ ہے۔

## عشر کا نظام:

عشر، زکاۃ کی طرح ایک ایسا مقرر کردہ حصہ ہے جو زرعی پیداوار پر دیناواجب ہے۔ اگر عشری زمین کسی چشمے یا بارشوں سے سیراب کی جائے تو اس صورت میں زمین کی پیداوار کا دسواں حصہ لیا جائے گا۔ اور اگر زمین مصنوعی ذرائع آبپاشی ٹیوب ویل یا کنوؤں کے ذریعے سیراب کی جائے تو ایسی زمین کا پیداوار کا بیسواں حصہ لیا جائے گا[۲] اس مقررہ حق کی وضاحت ایک حدیث میں بھی کی گئی ہے:

((فِيمَا سَقَتِ السَّمَاءُ وَالعُيُونُ أَوْ كَانَ عَثَرِيًّا العُشْرُ، وَمَا سُقِيَ بِالنَّضْحِ نِصْفُ العُشْرِ))[۳]

ترجمہ: وہ اراضی جو بارش یا قدرتی چشموں سے سیراب ہوتی ہے اس پر دسواں حصہ (عشر) لاگو ہوتا ہے اور جو مصنوعی آلات سے سیراب ہوتی ہے اس پر بیسواں حصہ لاگو ہوتا ہے۔

اس سے نہ صرف معیشت میں بہتری آئے گی بلکہ مال میں برکت آئے گی اور معیشت مستحکم ہو گی۔

## غیر موقت صدقات واجبہ:

اسلامی تعلیمات میں خدا کی نافرمانی اور ارتکاب گناہ کی دنیوی واخروی سزا سے بچنے اور معصیت وگناہ کے ازالہ کا ذریعہ پروردگار عالم نے سچے دل سے توبہ اور مغفرت کا طلب کرنا تجویز فرمایا ہے۔ لیکن اس کے ساتھ ساتھ خالق لم یزل نے اپنے حاجت مند بندوں کی حاجت روائی کی حکمت کے تحت بعض معصیات کے کفارات بھی واجب فرمائے ہیں۔ جیسے روزے کا کفارہ، قسم کا کفارہ، حج کے کفارات اور کفارہ ظہار وغیرہ۔

---

(۱) صحيح البخاري، بَابٌ: فِي الرِّكَازِ الخُمُسُ ،حدیث نمبر:۱۴۹۹، ۱۳۰/۲

(۲) ﴿وَآتُوا حَقَّهُ يَوْمَ حَصَادِهِ وَلَا تُسْرِفُوا﴾، سورۃ الانعام ۶: ۱۴۱

ترجمہ: کھیتی اور پھل کٹنے کے دن مقرر کردہ حق بھی ادا کر دیا کرو اور فضول خرچی نہ کرو۔

(۳) صحیح البخاری ،کتاب الزکاۃ ،باب العشر فیما سقی من ماء السماء وبالماء الجاری ،حدیث نمبر:۱۴۸۳، ۱۲۶/۲

## کفارات :

اگر کوئی شخص کسی کام کے نہ کرنے کی قسم اٹھاتا ہے لیکن وہ شخص اپنی قسم پر قائم نہیں رہتا اور وہ کام دوبارہ کر بیٹھتا ہے تو اب وہ قسم کا کفارہ ادا کرے گا، ارشاد ربانی ہے:

﴿لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللَّهُ بِاللَّغْوِ فِي أَيْمَانِكُمْ وَلَكِنْ يُؤَاخِذُكُمْ بِمَا عَقَّدْتُمُ الْأَيْمَانَ فَكَفَّارَتُهُ إِطْعَامُ عَشَرَةِ مَسَاكِينَ﴾(۱)

ترجمہ: اللہ تعالیٰ تم سے تمہاری فضول قسموں پر باز پرس نہیں کرے گا لیکن باز پرس کرے گا تم سے ان قسموں پر جن کو تم پختہ کر چکے ہو تو اس کا کفارہ یہ ہے کہ دس مسکینوں کو درمیانی قسم کا کھانا کھلایا جائے جو تم اپنے گھر والوں کو کھلاتے ہو یا انہیں کپڑے پہنائے جائیں یا غلام آزاد کیا جائے اور جو نہ پائے تو تین دن روزے رکھے یہ تمہاری قسموں کا کفارہ ہے۔

کفارہ ظہار: لفظ ظہار "ظہر" سے مشتق ہے چونکہ اہل جاہلیت اپنی بیوی سے ظہار کرتے وقت یوں کہتے تھے۔ کہ "انت علی کظھر امی" یعنی تو مجھ پر ایسی ہے جیسے میری ماں کی پیٹھ، شریعت میں حکم یہ ہے کہ اس طرح خواہ کسی عضو کا نام لے ظہار ہو جائے گا، ظہار جاہلیت کے زمانے میں طلاق سمجھا جاتا تھا۔ اللہ تعالیٰ نے امت کیلئے اسے طلاق شمار نہیں کیا، چنانچہ ارشاد ربانی ہے:

﴿ وَالَّذِينَ يُظَاهِرُونَ مِنْ نِسَائِهِمْ ثُمَّ يَعُودُونَ لِمَا قَالُوا فَتَحْرِيرُ رَقَبَةٍ مِنْ قَبْلِ أَنْ يَتَمَاسَّا ذَلِكُمْ تُوعَظُونَ بِهِ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ-فَمَنْ لَمْ يَجِدْ فَصِيَامُ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ مِنْ قَبْلِ أَنْ يَتَمَاسَّا فَمَنْ لَمْ يَسْتَطِعْ فَإِطْعَامُ سِتِّينَ مِسْكِينًا ذَلِكَ لِتُؤْمِنُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ وَتِلْكَ حُدُودُ اللَّهِ وَلِلْكَافِرِينَ عَذَابٌ أَلِيمٌ﴾(۲)

ترجمہ: جو لوگ ظہار کر بیٹھیں اپنی عورتوں سے پھر وہ پلٹنا چاہیں اس بات سے جو انہوں نے کہی تو خاوند (غلام) آزاد کرے اس سے قبل کہ وہ ایک دوسرے کو ہاتھ لگائیں یہ ہے جس کا تمہیں حکم دیا جاتا ہے اور اللہ جو تم کر رہے ہو اس سے آگاہ ہے پس جو شخص غلام نہ پائے وہ مسلسل دو ماہ روزے رکھے اس سے قبل کہ وہ ایک دوسرے کو ہاتھ لگائیں اور جو اس پر بھی قادر نہ ہو تو وہ کھانا کھلائے ساٹھ مسکینوں کو یہ (حکم) اس لیے (ہے) کہ تم اللہ اور رسول کے فرمانبردار ہو جاؤ یہ اللہ کی حدیں ہیں اور نہ ماننے والوں کے لیے درد دینے والا عذاب ہے۔

---

(۱) سورۃ المائدۃ۵: ۸۹

(۲) سورۃ المجادلۃ۵۸: ۳-۴

ایسے ہی حج کے کفارات بھی بعض کوتاہیوں کے معاملے میں تجویز کئے گئے ہیں، سورۃ المائدہ میں ارشاد رب العالمین ہے:

﴿يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَقْتُلُوا الصَّيْدَ وَأَنْتُمْ حُرُمٌ وَمَنْ قَتَلَهُ مِنْكُمْ مُتَعَمِّدًا فَجَزَاءٌ مِثْلُ مَا قَتَلَ مِنَ النَّعَمِ يَحْكُمُ بِهِ ذَوَا عَدْلٍ مِنْكُمْ هَدْيًا بَالِغَ الْكَعْبَةِ أَوْ كَفَّارَةٌ طَعَامُ مَسَاكِينَ أَوْ عَدْلُ ذَلِكَ صِيَامًا لِيَذُوقَ وَبَالَ أَمْرِهِ عَفَا اللَّهُ عَمَّا سَلَفَ وَمَنْ عَادَ فَيَنْتَقِمُ اللَّهُ مِنْهُ وَاللَّهُ عَزِيزٌ ذُو انْتِقَامٍ﴾(۱)

ترجمہ: اے ایمان والو شکار کو نہ مارو جب کہ تم احرام باندھے ہوئے ہو اور جو تم میں سے جان بوجھ کر شکار کو قتل کرے تو اس کی جزا یہ ہے کہ اسی قسم کا جانور دے جیسا اس نے مارا ہے تم میں سے دو معتبر آدمی اس کا فیصلہ کریں دراں حالیکہ قربانی کعبہ میں پہنچنے والی ہو یا کفارہ ادا کرے چند مسکینوں کو کھانا کھلا دے یا روزے رکھے تاکہ اپنے کام کی سزا چکھے۔

اور ایسے ہی روزوں کے معاملہ میں فدیہ مقرر کیا گیا ہے:

﴿أَيَّامًا مَعْدُودَاتٍ فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَرِيضًا أَوْ عَلَى سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِنْ أَيَّامٍ أُخَرَ وَعَلَى الَّذِينَ يُطِيقُونَهُ فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِينٍ فَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا فَهُوَ خَيْرٌ لَهُ وَأَنْ تَصُومُوا خَيْرٌ لَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُونَ﴾(۲)

(روزوں کے دن) گنتی کے چند روز ہیں۔ تو جو شخص تم میں سے بیمار ہو یا سفر میں ہو تو دوسرے دنوں میں روزوں کا شمار کرلے۔ اور جو لوگ روزہ رکھنے کی طاقت رکھیں (لیکن رکھیں نہیں) وہ روزے کے بدلے محتاج کو کھانا کھلا دیں۔ اور جو کوئی نیکی کرے تو اس کے حق میں اچھا ہے۔ اور اگر سمجھو تو روزہ رکھنا ہی تمہارے لیے بہتر ہے۔

## صدقات نافلہ:

آپ ﷺ بعض اوقات ہنگامی صورت حال کے پیش نظر محتاج اور مسافروں کی کفالت اور مصلحت عامہ کے لیے صدقہ طلب کیا کرتے تھے۔ ریاض الصالحین میں ایک حدیث پاک ہے: ایک مرتبہ ایک قافلہ کاشانہ مصطفی ﷺ پر آیا، ان کی کیفیت یہ تھی کہ انہوں نے اپنی شرمگاہوں کو چھپانے کے لیے کپڑے اپنے گلوں میں لٹکا رکھے تھے ان کی اس حالت کو دیکھ کر آپ ﷺ بڑے غمناک ہوئے۔ صحابہ رضی اللہ عنہم کو ترغیب دلائی گئی تو صحابہ رضی اللہ عنہم اپنے گھروں سے صدقات لانے لگے۔ آپ کے سامنے مال کے دو ڈھیر لگ گئے۔ ایک صحابیؓ اتنی زیادہ مقدار میں کھجور لائے صحابہؓ فرماتے ہیں ہمیں یوں لگا کہ وہ تھک جائیں گے، حتی کہ وہ صحابی تھک گئے۔ اس صورت حال کو دیکھ کر آپ ﷺ کا غم دور ہوا

(۱) سورۃ المائدۃ۵: ۹۵

(۲) سورۃ البقرۃ ۲: ۱۸۴

اور چہرہ انور کھل اٹھا

((حَتَّى رَأَيْتُ وَجْهَ رَسُولِ اللهِ ﷺ يَتَهَلَّلُ، كَأَنَّهُ مُذْهَبَةٌ))(۱)

ترجمہ: میں نے چہرہ انور کو دیکھا گویا کہ وہ سونا سے ڈھلا ہوا ہو۔

مدینہ منورہ کی طرف کثیر تعداد میں مسلمانوں نے ہجرت کی تو وہاں پینے کے پانی کا مسئلہ در پیش ہوا۔ مخیر حضرات کو اس کام کی ترغیب دلائی گئی سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے یہودی سے میٹھے پانی کا کنواں خرید کر مسلمانوں کے لیے ہمیشہ ہمیشہ کے لیے وقف کر دیا(۲)

## ضرائب:

وہ مالی امداد جو امیروں سے غریبوں کے لیے وصول کی جاتی ہے۔ امداد باہمی کا یہ ٹیکس اس وقت لیا جاتا ہے جب سوسائٹی اپنی مرضی سے معاشی قوانین پر عمل نہیں کرتی۔ اور سرمایہ دار طبقہ دولت جمع کر کے عوام کی غربت کا سبب بن جاتا ہے۔ اگر کھاتے پیتے لوگ معاشی توازن برقرار رکھنے میں معاون نہ بنیں تو یہ ٹیکس جبراً وصول کیا جاتا ہے(۳) ضرورت کی صورت میں حکومت کو یہ اختیار ہے کہ وہ لوگوں سے مزید مال بطور ٹیکس وصول کرے، یہ ٹیکس ضرائب کہلاتے ہیں۔ اس کا مقصد یہ ہے کہ ریاست مستحکم ہو انصاف قائم ہو اور فلاح ہو۔ آپ ﷺ کا ارشاد پاک ہے:

((فِي مَالِكَ حَقٌّ سِوَى الزَّكَاةِ))(۴)

ترجمہ: بے شک مال میں زکاۃ کے سوا اور بھی حق ہے۔

اگر بیت المال اور مال فئے فقراء اور اہل حاجت کی معاشی حاجتوں اور اقتصادی ضروریات کو پورا نہ کر سکیں تو رئیس مملکت اہل ثروت اور اغنیاء پر مزید ٹیکس عائد کر کے ان کی ضروریات کو پورا کر سکتا ہے۔ اور اگر اہل ثروت اور اہل دولت ان کے مانع ہوں تو ان سے بالجبر بھی وصول کیا جا سکتا ہے۔

((وَيُجْبِرُهُمْ السُّلْطَانُ عَلَى ذَلِكَ))(۵)

ترجمہ: حاکم وقت ان سے جبراً بھی وصول کر سکتا ہے۔

---

(۱) (علامہ شیخ البانی نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے)، السنن الصغرى للنسائي، ،بَابُ التَّحْرِيضِ عَلَى الصَّدَقَةِ، حدیث نمبر: ۲۵۵۴، ۷۵/۵

(۲) (علامہ شیخ البانی نے اس حدیث کو حسن قرار دیا ہے)، سنن الترمذي، حدیث نمبر: ۳۷۰۳، ۶۲۷/۵

(۳) اسلام کا نظام حکومت، مولانا حامد الانصاری غازی، مکتبۃ الحسن، لاہور، ص: ۴۰۶

(۴) الكتاب المصنف ، أبو بكر بن أبي شيبة، باب تدفع ،ط/۱، حدیث نمبر: ۱۰۱۹۱، مكتبة الرشد ، الرياض ۱۴۰۹ھ، ۳۸۴/۲

(۵) المحلى بالآثار، أبو محمد علي بن أحمد بن سعيد بن حزم الأندلسي القرطبي الظاهري ، دار الفكر، بيروت، ۲۸۱/۴

## وصیت:

الْوَصِيَّةُ تَمْلِيكٌ مُضَافٌ إِلَى مَا بَعْدَ الْمَوْتِ يَعْنِي بِطَرِيقِ التَّبَرُّعِ سَوَاءٌ كَانَ عَيْنًا أَوْ مَنْفَعَةً(۱)

ترجمہ: کسی شخص کا اپنی وفات کے بعد کے زمانہ کے لیے علی الدوام یا معین وقت کے لیے اپنی شرعی مملوکہ عین شئے یا اس کی منفعت کا کسی شخص یا ادارہ کے حق میں بلا عوض و بطریق ملک منتقل کرنے کا قطعی اظہار وصیت کہلاتا ہے۔

وصیت کرنے والے کو موصی کہتے ہیں۔ جس شئے کے بارے میں وصیت کی جائے وہ موصی بہ کہلاتی ہے، جس کے حق میں وصیت کی جائے اس کو موصی لہ کہتے ہیں(۲)

## وصیت کا قاعدہ:

قرآن مجید وارثت کا قانون مقرر کرنے کے ساتھ آدمی کو یہ ہدایت دیتا ہے کہ وہ مرنے سے پہلے اپنے ترکہ کے بارے میں وصیت کر دے، ارشاد ربانی ہے:

﴿كُتِبَ عَلَيْكُمْ إِذَا حَضَرَ أَحَدَكُمُ الْمَوْتُ إِنْ تَرَكَ خَيْرًا الْوَصِيَّةُ لِلْوَالِدَيْنِ وَالْأَقْرَبِينَ بِالْمَعْرُوفِ حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِينَ﴾(۳)

ترجمہ: تم پر لازم کیا گیا جب تم میں سے کسی کے موت قریب آجائے بشرطیکہ چھوڑے کچھ مال کہ وصیت کرے اپنے ماں باپ کے لیے اور قریبی رشتہ داروں کے لیے انصاف کے ساتھ ایسا کرنا پرہیزگاروں پر ضروری ہے۔

اللہ کے اس حکم کا تقاضا یہ ہے کہ فوت ہونے والا خاص طور پر اپنے والدین کے حق میں اپنی اولاد کو حسن سلوک کی وصیت کر جائے کیونکہ ان سے بوڑھے دادا، دادی کی خدمت کی توقع کم ہی کی جاسکتی ہے۔ دوسرے اس کے خاندان میں جو افراد ایسے ہوں جنہیں قانون کے مطابق میراث میں سے حصہ نہیں پہنچتا مگر مرنے والا انہیں مدد کا مستحق سمجھتا ہو تو انہیں اپنے ترکہ میں سے حصہ دینے کی وصیت کر دے(۴) وصیت کے متعلق آپ ﷺ فرماتے ہیں:

((مَا حَقُّ امْرِئٍ مُسْلِمٍ لَهُ شَيْءٌ يُوصِي فِيهِ، يَبِيتُ لَيْلَتَيْنِ إِلَّا وَوَصِيَّتُهُ مَكْتُوبَةٌ عِنْدَهُ))

ترجمہ: جس مسلمان کے پاس قابل وصیت چیز ہے تو وہ دو راتیں بھی نہ گزارے سوائے اس کے اس

---

(۱) تبيين الحقائق ،عثمان بن علي بن محجن البارعي، ط/۱، المطبعة الكبرى الأميرية ، القاهرة،۱۳۱۳ ھ،۱۵۸/۶

(۲) مجموعہ قوانین اسلام، ص:۱۲۰۷

(۳) سورة البقرة ۲: ۱۸۰

(۴) قرآن کی معاشی تعلیمات، سید ابوالاعلیٰ مودودی، اسلام پبلی کیشنز لاہور، ۱۹۶۹ء، ص:۶۰

کے پاس وصیت لکھی ہوئی ہو[1]

فوت ہونے والا اپنی زندگی میں ۱/۳مال کی وصیت کرنے کا حق رکھتا ہے ۔تاکہ اس کے جانے کے بعد دولت گردش میں رہے ، حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہمانے وصیت کے متعلق پوچھاتوآپ ﷺ نے فرمایا:

((الثُّلُثُ، وَالثُّلُثُ كَثِيرٌ إِنَّكَ أَنْ تَذَرَ وَرَثَتَكَ أَغْنِيَاءَ، خَيْرٌ مِنْ أَنْ تَذَرَهُمْ عَالَةً يَتَكَفَّفُونَ النَّاسَ وَلَسْتَ تُنْفِقُ نَفَقَةً تَبْتَغِي بِهَا وَجْهَ اللهِ، إِلَّا أُجِرْتَ بِهَا، حَتَّى اللُّقْمَةُ تَجْعَلُهَا فِي فِي امْرَأَتِكَ))[2]

ترجمہ: تہائی مال تک وصیت کرواور یہ بھی بہت ہے تم اپنے ورثاء کو غنی چھوڑو، یہ بہتر ہے اس سے کہ وہ تنگ دست ہوں اور لوگوں کے آگے ہاتھ پھیلاتے پھریں۔آپ جو کچھ بھی اللہ کی رضا کے لیے خرچ کرتے ہو اس پر اجر دیا جائے گا یہاں تک کہ اس لقمہ پر بھی اجر دیا جائے گا جو تم اپنی بیوی کے منہ میں ڈالتے ہو۔

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کو ایک (Stable) سوسائٹی مطلوب ہے۔

## وراثت:

وراثت کی تقسیم وصیت کے نفاذ اور قرض کی ادائیگی کرنے کے بعد ہوگی ۔ معاشی نظام میں بہتری لانے کے لیے وراثت کے نظام سے بھی بڑی مدد حاصل ہوتی ہے۔ اگر مال، دولت زمین اور جائیدادیں ورثاء میں تقسیم ہوتی رہیں تو یہ دولت چند ہاتھوں میں مرتکز رہنے کی بجائے بے شمار لوگوں کے درمیان تقسیم ہوتی رہے گی اور بہت سے لوگ نفع حاصل کریں گے۔ فوت شدہ شخص کا ترکہ قرآن وسنت کے بتائے ہوئے اصولوں کے مطابق تقسیم کیا جائے۔ یہ نظام سرمایہ دارانہ نظام پر ایک کاری ضرب ہے۔اسلامی نظام وراثت کے خلاف سرمایہ دارانہ معیشت رکھنے والی قوموں نے یہ نعرہ بلند کیا کہ اگر تقسیم وراثت کا یہ نظام جاری کردیا گیا تو اس سے دولت کا خاتمہ ہو جائے گا اور تھوڑے ہی عرصے میں بڑی بڑی جائیدادیں تقسیم ہو کر چند کھیتوں کی صورت میں باقی رہ جائیں گی۔ لیکن یہ بات حقیقت سے خالی نہیں ہے کہ مال کی مساویانہ گردش میں اللہ تعالیٰ نے برکت رکھی ہے۔اور اسے روک کر رکھنے اور حرص وہوس کے ساتھ جمع کرنے میں بھلائی نہیں ہے۔وراثت کے متعلق ارشاد خداوندی ہے:

> مردوں کے لیے اس مال میں سے حصہ ہے جو ماں باپ اور قریبی رشتہ داروں نے چھوڑا ہو۔اور عورتوں کے لیے بھی ماں باپ اور قریبی رشتہ داروں کے ترکہ میں حصہ ہے۔وہ ترکہ تھوڑا یا زیادہ ہو (اللہ کا)

---

(۱) صحیح البخاری ،باب الوصایا ،حدیث نمبر:۲۷۳۸،۲/۴

(۲) صحیح مسلم ،كتاب الوصية، باب الوصية بالثلث، حدیث نمبر :۱۶۲۸، ۱۲۵۰/۳

مقرر کردہ حصہ ہے[1]

## وارث کے لیے وصیت نہیں:

اسلام ایک ایسا دین ہے جس نے متوازن زندگی بسر کرنے کے اُحکامات صادر فرمائے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ میت کے اوپر میراث کا مسئلہ نہیں چھوڑا، بلکہ وارثوں کے حصے متعین کر دیے ہیں۔ یہ اس لیے کہ ممکن تھا کہ وارثوں میں سے کسی کو محروم کر دیا جاتا، لہذا حکم ہوا کہ وصیت میں کسی کا حق نہ مارا جائے:

((إِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ وَالمرْأَةُ بِطَاعَةِ اللَّهِ سِتِّينَ سَنَةً ثُمَّ يَحْضُرُهُمَا الموْتُ فَيُضَارَّانِ فِي الوَصِيَّةِ فَتَجِبُ لَهُمَا النَّارُ))[2]

ترجمہ: مرد یا عورت ساٹھ سال اللہ تعالیٰ کی فرمانبرداری کے موافق عمل کرتے ہیں پھر جب ان کو موت آتی ہے تو وہ وصیت کرنے میں اپنے آپ کو نقصان پہنچاتے ہیں۔ یعنی ایسی وصیت کرتے ہیں کہ وارثوں کا نقصان ہو پس ان پر دوزخ لازم ہو گئی۔

آپ ﷺ کا فرمان راحت نشان ہے:

((إِنَّ اللَّهَ تَبَارَكَ وَتَعَالَى قَدْ أَعْطَى لِكُلِّ ذِي حَقٍّ حَقَّهُ، فَلَا وَصِيَّةَ لِوَارِثٍ))[3]

ترجمہ: یقیناً اللہ تبارک وتعالیٰ نے حق والے کو حق دے دیا ہے لہذا وارث کے لیے وصیت نہیں۔

## وراثت کا قانون:

وراثت ایک غیر اختیاری انتقال ملکیت ہے۔ جس کے ذریعے ایک متوفی کا ترکہ اس کے ورثاء کے حق میں بطریق خلافت منتقل ہو جاتا ہے[4] دین اسلام نے ارتکاز دولت کے مسئلہ کا حل پیش کرنے کے لیے اپنے ماننے والوں کو وراثت کا حق دیا۔ ارشاد خداوند تعالیٰ ہے:

﴿يُوصِيكُمُ اللَّهُ فِي أَوْلَادِكُمْ لِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْأُنْثَيَيْنِ﴾[5]

ترجمہ: اللہ تعالیٰ تمہیں اولاد کے بارے میں وصیت کرتا ہے کہ ایک مرد کا حصہ دو عورتوں کے حصے کے برابر ہے۔

---

(۱) سورۃ النساء۴: ۷

(۲) (یہ حدیث حسن غریب ہے)، جامع ترمذی، بَابُ مَا جَاءَ فِي الضِّرَارِ، حدیث نمبر: ۲۱۱۷، ۵۰۲/۳

(۳) (علامہ البانی نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے)، ایضًا، باب ماجاء لاوصیة لوارث، حدیث نمبر: ۲۱۲۰، ۴۳۳/۴

(۴) مجموعہ قوانین اسلام، ڈاکٹر تنزیل الرحمن، ادارہ تحقیقات اسلامی، حکومت پاکستان اسلام آباد، ۱۹۷۸ء، ۱۵۸۵/۵

(۵) سورۃ النساء۴: ۱۱

آپ ﷺ کاارشاد پاک ہے:

((أَلْحِقُوا الْفَرَائِضَ بِأَهْلِهَا، فَمَا بَقِيَ فَهُوَ لِأَوْلَى رَجُلٍ ذَكَرٍ))[۱]

ترجمہ: مقررہ حصے ان کے مستحقوں کو دو اور جو باقی بچے وہ قریب ترین مرد رشتہ داروں کا حصہ ہے۔

## اسباب وراثت:

کوئی انسان کسی کا وارث اس وقت بنے گا جب ان تین اسباب (نسبی قرابت، نکاح اور ولاء) میں سے کوئی ایک سبب موجود ہو۔ نسبی قرابت، وارث میت کے اصول یعنی باپ دادا میں سے ہو یا فروع یعنی اولاد میں سے ہو یا حواشی یعنی بھائی اور ان کی اولاد چچا اور اس اولاد میں سے ہو۔ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

﴿وَلِكُلٍّ جَعَلْنَا مَوَالِيَ مِمَّا تَرَكَ الْوَالِدَانِ وَالْأَقْرَبُونَ﴾[۲]

ترجمہ: اور ہر ایک مال میں جو والدین اور قریبی رشتہ دار چھوڑ جائیں، ہم نے حقدار مقرر کیے ہیں۔

## نکاح:

نکاح عورت کے ساتھ صحیح عقد کا نام ہے چاہے رخصتی یا خلوت نہ بھی ہو۔ (میاں بیوی ایک دوسرے کے وراث ہوں گے)

﴿وَلَكُمْ نِصْفُ مَا تَرَكَ أَزْوَاجُكُمْ إِنْ لَمْ يَكُنْ لَهُنَّ وَلَدٌ فَإِنْ كَانَ لَهُنَّ وَلَدٌ فَلَكُمُ الرُّبُعُ مِمَّا تَرَكْنَ﴾[۳]

ترجمہ: اور تمہارے لیے نصف ہے جو چھوڑ جائیں تمہاری بیویاں بشرطیکہ نہ ہو ان کی اولاد اور اگر ہو ان کی اولاد تو تمہارے لیے چوتھائی ہے اس سے جو وہ چھوڑ جائیں۔

## ولاء:

ولاء ایک شخص نے کسی غلام یا لونڈی کو آزاد کیا تو اس آزادی کے سبب آزاد کرنے والا اپنے آزاد کردہ غلام اور لونڈی کا وارث ہوگا۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

((فَإِنَّ الْوَلَاءَ لِمَنْ أَعْتَقَ))[۴]

---

(۱) صحيح مسلم ، بَابُ أَلْحِقُوا الْفَرَائِضَ بِأَهْلِهَا، حدیث نمبر:۱۶۱۵، ۱۲۳۳/۳

(۲) سورۃ النساء۴: ۳۳

(۳) سورۃ النساء۴: ۱۲

(۴) (علامہ البانی نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے)، سنن أبي داود، ، بَابٌ فِي الْوَلَاءِ، حدیث نمبر:۲۹۱۵، ۱۲۶/۳

ترجمہ: آزاد کردہ کی ولاء(حق وراثت)اس شخص کے لیے ہے جس نے اسے آزاد کیا۔

## عفو:

العفو کا مطلب ہے وہ دولت جو اپنی ضرورت سے زائد ہو۔ ہمارا مذہب اسلام ہم سے یہ تقاضا کرتا ہے کہ ہم جو حلال مال کمائیں اس میں سے زکاۃ اداء کریں۔ اپنا اور اپنے بال بچوں کا پیٹ پالیں، اپنی بنیادی اور اہم ضروریات پر خرچ کریں۔ اس کے بعد جو بچ جائے تو اسے اللہ تعالیٰ کی راہ میں، اللہ کی رضا حاصل کرنے کے لیے پورے معاشرے کے غرباء، مساکین اور ضرورت مند افراد میں تقسیم کریں تاکہ وہ اپنی ضروریات پوری کر سکیں[۱]

اسلام انسانوں کے معاشی مسئلہ کو جس طرح حل کرنا چاہتا ہے اس میں "العفو" ایک بہترین عمل ہے۔ اگر معاشرہ کا ہر فرد اپنی ضرورت سے زائد مال حاجت مندوں کے سپرد کر دے تو ایسا ممکن نہیں کہ معاشرہ میں ایک فرد بھی زندگی کی بنیادی ضروریات سے محروم رہ جائے، آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا :

((يَا ابْنَ آدَمَ إِنَّكَ أَنْ تَبْذُلَ الْفَضْلَ خَيْرٌ لَكَ، وَأَنْ تُمْسِكَهُ شَرٌّ لَكَ، وَلَا تُلَامُ عَلَى كَفَافٍ، وَابْدَأْ بِمَنْ تَعُولُ، وَالْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِنَ الْيَدِ السُّفْلَى))[۲]

ترجمہ: اے آدم کے بیٹے تیرے لیے فاضل مال کا خرچ کر دینا بہتر ہے۔ اور اسے روک لینا برا ہے۔ اپنی ضرویات کی تکمیل کی حد تک تجھ پر کوئی ملامت نہیں۔ خرچ کرنے کی ابتداء ان لوگوں سے کرو جن کی پرورش تمہارے ذمہ ہے۔ دینے والا ہاتھ لینے والے ہاتھ سے بہتر ہے۔

## ہبہ:

اسلام نے ارتکاز دولت کے مسئلہ کا ایک اور حل "ہبہ" بھی بتایا ہے۔ ہبہ: اپنے لفظی معنی میں کسی ایسی شئے کا دے دینا ہے، جس سے وہ شخص جس کے نام ہبہ کیا جائے فائدہ حاصل کر سکے، ہبہ کی تعریف کنزالدقائق میں یوں ہے:

هِيَ تَمْلِيكُ الْعَيْنِ بِلَا عِوَضٍ[۳]

ترجمہ: یعنی بلا معاوضے کے دوسرے شخص کو مالک بنانا ہے۔

ایک شخص کا دوسرے شخص کی طرف کسی جائیداد منقولہ یا غیر منقولہ کا فوری اور بلا معاوضہ منتقل کرنا۔ اور اس

---

(۱) ﴿وَيَسْأَلُونَكَ مَاذَا يُنْفِقُونَ قُلِ الْعَفْوَ كَذَلِكَ يُبَيِّنُ اللَّهُ لَكُمُ الْآيَاتِ لَعَلَّكُمْ تَتَفَكَّرُونَ﴾

ترجمہ: اور آپ سے سوال کرتے ہیں کیا خرچ کریں فرمایئے جو ضرورت سے زیادہ ہو۔ اللہ تعالیٰ تمہارے لیے اپنے احکام اسی طرح کھول کر بیان کرتا ہے تاکہ تم غور و فکر کرو۔

(۲) (علامہ البانی نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے)، سنن الترمذي، بَابُ مَا جَاءَ فِي الزَّهَادَةِ، حدیث نمبر:۲۳۴۳، ۵۷۳/۴

(۳) کنزالدقائق، امام عبداللہ بن احمد محمود النسفی، ط/۱، مکتبۃ البشریٰ، کراچی، ۲۰۱۰ء، ص:۱۲۷

دوسرے شخص کا خود یا اس کی طرف سے کسی اور صاحب مجاز کا اس شئے "موہوبہ" کو قبول کر لینا ہبہ کہلاتا ہے۔ مگر شرط یہ ہے کہ واہب، موہوبہ جائیداد کے حق ملکیت اور اس پر اختیارات سے کلیتاً دستبردار ہو جائے[1]

ہبہ کے اصول کی بنیاد آپ ﷺ کا یہ فرمان ہے:

((تَهَادُوا تَحَابُّوا))[2]

ترجمہ: ایک دوسرے کو ہدیہ دو تاکہ محبت بڑھے۔

ہبہ کے لیے یہ امر لازمی ہے کہ ہبہ کرنے والا، ہبہ کی ہوئی جائیداد کے حق ملکیت اور اس سے متعلق اختیارات سے کلیتاً دستبردار ہو جائے۔ ہبہ رضاکارانہ ہونا چاہیے جبراً ہبہ ناجائز ہے ہبہ ایجاب و قبول اور قبضے سے صحیح ہوگا[3] حضرت عائشہ تحفہ تحائف کے متعلق ارشاد فرماتی ہیں:

((كَانَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ يَقْبَلُ الهَدِيَّةَ وَيُثِيبُ عَلَيْهَا))[4]

آپ ﷺ ہدیہ قبول کرتے تھے اور اس پر بدلہ بھی دیتے تھے۔

حضرت زاہر گاؤں کے رہنے والے تھے:

((وَكَانَ يُهْدِي لِلنَّبِيِّ ﷺ الْهَدِيَّةَ مِنَ الْبَادِيَةِ فَيُجَهِّزُهُ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ إِذَا أَرَادَ أَنْ يَخْرُجَ فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ: إِنَّ زَاهِرًا بَادِيَتُنَا وَنَحْنُ حَاضِرَتُهُ وَكَانَ النَّبِيُّ ﷺ يُحِبُّهُ))[5]

ترجمہ: وہ بارگاہ مصطفی میں گاؤں کے تحفے لاتے، آپ ﷺ قبول فرماتے اور اسے تحفہ سے نوازتے اور فرماتے زاہر ہمارا گاؤں ہے اور ہم اس کے لیے شہر کی طرح ہیں، آپ ﷺ ان سے بہت محبت فرماتے تھے۔

کسی کو تحفہ دے کر واپس لینا بہت معیوب ہے، آنحضور ﷺ کا فرمان ہے:

((الْعَائِدُ فِي هِبَتِهِ، كَالْكَلْبِ يَقِيءُ، ثُمَّ يَعُودُ فِي قَيْئِهِ))[6]

ترجمہ: ہبہ دے کر واپس لینے والا، اس کتے کی مانند ہے جو اپنی قئے چاٹ لیتا ہے۔

---

(۱) مجموعہ قوانین اسلام، ڈاکٹر تنزیل الرحمٰن، ادارہ تحقیقات اسلامی پاکستان، اسلام آباد، ۱۹۶۹ء، ۹۲۳/۳

(۲) الأدب المفرد، بَابُ قَبُولِ الْهَدِيَّةِ، حدیث نمبر: ۵۹۴، ۲۰۸/۱

(۳) التسهيل الضروري للمسائل القدوري، مكتبة البشرىٰ، ۲۰۱۱ء، ص:۲۸۶

(۴) صحيح البخاری، باب المكافاة، حدیث نمبر: ۲۵۸۵، ۱۵۷/۳

(۵) (علامہ حسین سلیم أسد نے اس حدیث کی سند کو صحیح قرار دیا ہے)، مسند أبي يعلى، أبو يعلى أحمد بن علي الموصلي، محقق: حسين سليم أسد، حدیث نمبر: ۳۴۵۶، ط/۱، دار المأمون للتراث، دمشق، ۱۹۸۴ء، ۱۷۳/۶

(۶) صحيح مسلم، باب تحريم الرجوع فى الصدقة، حدیث نمبر: ۱۶۲۲، ۱۲۴۱/۳

## وقف:

اسلام نے مال کی محبت سے انسان کا پیچھا چھڑانے کے لیے وقف، کا قانون دیا اور یہ ارتکاز دولت کا حل بھی ہے۔ امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کی رائے کے مطابق کسی مخصوص شئے کی ملکیت کو واقف کے حق ملک میں روک رکھنا اور اس کے منافع یا استفادہ کو محتاجوں پر خیرات میں یا دوسرے حسنات میں صرف کیے جانے کے واسطے مخصوص کر دینا شرعی وقف کہلاتا ہے۔ اور صاحبین کی رائے میں وقف کے معنی شئے موقوفہ سے واقف کی ملکیت کا زائل ہو کر معنوی طور پر خدا کی ملکیت میں اس طرح آجانا کہ اس کا منافع مخلوق کی طرف رجوع کرے اور اس کے کام آئے، وقف کہلاتا ہے [۱]

کسی قیمتی شئے کو خدا کی ملکیت میں مقید کر دینا اور اس کی منفعت کو دوسرں پر باغراض مذہبی وخیراتی نیک نیتی کے ساتھ دائماً صدقہ کر دینے کا صاف اور صریح اظہار وقف کہلاتا ہے۔ وقف کرنے والے شخص کو واقف یا بانی وقف کہتے ہی۔ وقف جس فرد یا جماعت کو فائدہ پہنچانے کی غرض سے کیا جائے اس فرد یا جماعت کو موقوف علیہ یا موقوف علیھم کہا جاتا ہے [۲] وقف کی ترغیب میں آپ ﷺ کا درج ذیل ارشاد گرامی بڑی اہمیت کا حامل ہے:

((إِذَا مَاتَ الْإِنْسَانُ انْقَطَعَ عَنْهُ عَمَلُهُ إِلَّا مِنْ ثَلَاثَةٍ: إِلَّا مِنْ صَدَقَةٍ جَارِيَةٍ، أَوْ عِلْمٍ يُنْتَفَعُ بِهِ، أَوْ وَلَدٍ صَالِحٍ يَدْعُو لَهُ)) [۳]

ترجمہ: جب انسان مر جاتا ہے تو اس کے تمام عمل منقطع ہو جاتے ہیں مگر تین اعمال اس سے مستثنیٰ ہیں ایک صدقہ جاریہ، دوسرا علم نافع اور تیسرا نیک اولاد جو اس کے لیے ہر وقت دعا گو رہے۔

## حضرت ابو طلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا باغ وقف کرنا:

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت ابو طلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ایک کھجوروں کا باغ تھا جس میں ٹھنڈا اور میٹھا پانی تھا، مسجد نبوی شریف کے بالکل قریب تھا۔ آپ ﷺ اس باغ میں جاتے اور ٹھنڈا پانی پیتے جب قرآن کی آیت: ﴿لَنْ تَنَالُوا البِرَّ حَتَّى تُنْفِقُوا مِمَّا تُحِبُّونَ﴾ [۴]

(تم اس وقت تک نیکی اور بھلائی کو ہر گز نہیں پہنچ سکتے جب تک تم اپنی وہ چیز خرچ نہ کرو جو تمہیں سب سے زیادہ عزیز ہو)

نازل ہوئی، تو حضرت ابو طلحہ رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور عرض کیا: اے اللہ کے رسول ﷺ مجھے

---

(۱) الهداية مع الدراية، برهان الدين ابی الحسن علی بن ابی بكر الفرغينانی ،حاشيه عبدالحيی ،مكتبه رحمانيه، لاهور، ۶۱۵/۲

(۲) مجموعہ قوانین اسلام، ڈاکٹر تنزیل الرحمن، ادارہ تحقیقات اسلامی پاکستان اسلام آباد، ۱۹۶۹ء، ص: ۱۰۴۴

(۳) صحيح مسلم، باب ما يلحق الإنسان من الثواب بعد وفاته، حدیث نمبر: ۱۶۳۱، ۱۲۵۵/۳

(۴) سورة آل عمران۳: ۹۲

سب سے زیادہ عزیز اپنا باغ "بیر حاء" ہے وہ آج سے اللہ کریم کے لیے وقف ہے ۔اور آپ مختار ہیں ،جہاں اور جیسے چاہیں آپ خرچ فرمائیں۔آپ ﷺ نے اس باغ کی آمدنی انہیں کے اعزہ واقارب کے لیے وقف کردی[1]

## مال غنیمت کی تقسیم:

غنیمت اس مال کو کہا جاتا ہے جو مال مسلمانوں کو دشمنوں کے ساتھ جنگ کرنے کے بعد حاصل ہوتا ہے۔مال غنیمت کی تقسیم کا طریقہ کار:

﴿وَاعْلَمُوا أَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِنْ شَيْءٍ فَأَنَّ لِلَّهِ خُمُسَهُ وَلِلرَّسُولِ وَلِذِي الْقُرْبَى وَالْيَتَامَى وَالْمَسَاكِينِ وَابْنِ السَّبِيلِ﴾[2]

ترجمہ: اور جان لو کہ جو مال غنیمت تم نے پایا ہو تو اس کا پانچواں حصہ اللہ کا اور رسول کا اور آپ ﷺ کے قرابت داروں کا ہے اور یتیموں اور محتاجوں اور مسافروں کا ہے۔

## مال فئے:

مال فئے کفار کا وہ مال جو مسلمانوں کو لڑائی کیے بغیر حاصل ہو۔اس مال میں غریبوں کا بھی حق ہے،ارشاد ہے:

﴿مَا أَفَاءَ اللَّهُ عَلَى رَسُولِهِ مِنْ أَهْلِ الْقُرَى فَلِلَّهِ وَلِلرَّسُولِ وَلِذِي الْقُرْبَى وَالْيَتَامَى وَالْمَسَاكِينِ وَابْنِ السَّبِيلِ كَيْ لَا يَكُونَ دُولَةً بَيْنَ الْأَغْنِيَاءِ مِنْكُمْ﴾[3]

ترجمہ: بستی والوں کا وہ مال جو اللہ تعالیٰ بغیر لڑے اپنے رسول کو عطا کردے ،وہ اللہ ،رسول ﷺ اور آپ کے قرابت داروں ،یتیموں ،مساکین اور مسافروں کے لیے ہے تاکہ یہ محض تمہارے اغنیاء میں دولت بن کر نہ رہے ۔

اگر کوئی مسلمان کسی مجبوری کے سبب جہاد میں شامل نہیں ہوسکا تو ایسا نہیں ہے کہ جو مال غنیمت یا مال فئے ہے وہ صرف انہی کا حق ہے جو شریک ہوئے۔ بلکہ اس میں وہ لوگ بھی شریک ہیں جو غریب مسکین اور یتامیٰ ہیں۔ یہ اسلام میں معاشی ترقی کا عمدہ انداز ہے۔جو صرف اسلام کی خصوصیت ہے۔ایسی خوبصورت تعلیمات اور ہدایات کے نفاذ سے ضروری ہے کہ ایک اسلامی ریاست فائدہ اٹھائے اور اپنے معاشرے میں پائیداری لائے۔

---

(۱) صحيح البخاري، ،بَابُ الزَّكَاةِ عَلَى الأَقَارِبِ،حدیث نمبر:۱۴۶۱،۲/۱۱۹

(۲) سورة الانفال ۸: ۴۱

(۳) سورة الحشر ۵۹: ۷

## خراج:

معاشی نظام کو طاقتور بنانے کے لیے خراج کا اصول بھی ہے۔ جن زمینوں پر مسلمانوں نے جنگ کرکے زبردستی قبضہ کیا ہو اور ان پر سالانہ ٹیکس لاگو کر دیا ہو، اسے خراج کہتے ہیں۔ایسی زمینوں کے بارے میں امام کو اختیار ہے لڑائی کرنے والوں میں تقسیم کردے، یا مسلمانوں کے لیے وقف کردے، یا مسلمان یا ذمی کے قبضہ میں زمین ہو، اور اس پر ہمیشہ کے لیے سالانہ ٹیکس لاگو کردے اور مسلمانوں کے مصالح عامہ میں خرچ کرے[۱]

## جزیہ:

جزیہ اس رقم کا نام ہے جو اسلامی ریاست کے غیر مسلم شہری اسلامی ریاست کی طرف سے ان کے جان ومال اور عزت وآبرو کی حفاظت کے معاوضے کے طور پر دیا کرتے ہیں[۲]

خراج الأَرْض وَمَا يُؤْخَذ من أهل الذِّمَّة[۳]

زمین کا وہ ٹیکس جو اسلامی ریاست کے غیر مسلم شہریوں سے وصول کیا جاتا ہے۔

جزیہ یہ ایک مالی ٹیکس ہے۔ جن شہروں کی زمینوں پر مسلمانوں نے بالجبر قبضہ کیا ہو، ان سے سالانہ جزیہ چار دینار سونا یا چالیس درہم چاندی فی بالغ مرد کے حساب سے وصول کیا جاتا ہے۔بچے عورتیں تنگ دست فقیر بوڑھے بیمار جزیہ سے مستثنیٰ ہیں۔اسلام قبول کرنے کی صورت میں جزیہ ان سے ساقط ہو جائے گا جزیہ بھی مصالح عامہ کے کاموں میں خرچ کیا جائے گا[۴] حیات طیبہ میں آپ ﷺ نے کفار کی طرف سے بڑی تکلیفیں برداشت کیں، مگر ہجرت کے بعد جہاد کی اجازت ملنے پر بالجبر اسلام قبول کرانے کی بجائے تین راستے کھول دیے۔اسلام قبول کرکے مسلمانوں کے بھائی بن جائیں اور یوں دنیا وآخرت میں عزت والے بن جائیں یا اسلامی ریاست کے مطیع وفرمانبردار شہری بن کر رہیں اور جزیہ ادا کریں، یا پھر جنگ کے لیے تیار رہیں۔

---

(۱) منہاج المسلم، ص:۵۱۶

(۲) نبی کریم ﷺ کی معاشی زندگی، پروفیسر ڈاکٹر نور محمد غفاری، دیال سنگھ ٹرسٹ لائبریری، لاہور، ۱۹۹۹ء، ص:۲۵۷

(۳) المعجم الوسیط، ۱۲۲/۱

(۴) منہاج المسلم، ص:۵۱۷

## حاصل کلام:

۱-اسلامی نظام معیشت سب کے لیے رحمت ہے اور اس کے علاوہ معیشت کے جتنے بھی نظام ہیں وہ زحمت ہیں۔

۲-اسلام نے مسئلہ ارتکاز دولت کا جو حل پیش کیا ہے وہ سرمایہ دارانہ اور اشتراکی نظام پر ایک کاری ضرب ہے۔

۳-معاش اور دین کا تصور اسلام میں الگ نہیں ہے۔اس لیے اسلام نے معیشت کے نظام کو مضبوط کرنے کے لیے نظام زکاۃ، صدقات، انفاق فی سبیل اللہ، قانون وراثت، ہبہ، عفو، وصیت اور وقف وغیرہ کے احکامات دیے ہیں۔

۴-اسلام نے زکاۃ، صدقات، انفاق فی سبیل اللہ، وراثت، حق سوی الزکاۃ، عفو، ہبہ اور وصیت کے ذریعے ارتکاز دولت کے مسئلے کا حل دیا ہے۔

۵-اسلام نے مضاربت، شراکت، قرض حسنہ، اجارہ اور مرابحہ وغیرہ کا نظام رائج کیا۔

۶-اسلامی ریاست میں جتنے بھی غیر مسلم رہتے ہیں ان کے لیے دین اسلام نے اسلامی ریاست میں باحفاظت رہنے کے لیے جزیہ کا قانون دیا ہے۔

# فصل سوم:

## دین و دنیا کا حسین امتزاج

((الدُّنْیَا مزرعة الْآخِرَة))[1] دنیا آخرت کی کھیتی ہے، مذکورہ حدیث پاک سے معلوم ہوا کہ دنیا آخرت کے لیے تیاری کی جگہ ہے یہ کوئی بے معنٰی یا بے وقعت چیز نہیں ہے۔ بلکہ یہ آخرت کے حوالے سے خاص اہمیت کی حامل ہے۔ دنیا محض سیر گاہ نہیں، تماشہ گاہ نہیں، آرام گاہ نہیں اور نہ ہی یہ دنیا مال و دولت کمانے کے لیے ہے اور نہ محض دنیا سے کٹ کر راہبانہ زندگی گزارنے کا نام ہے۔ بلکہ کامیاب شخص وہ ہے جو دین اور دنیا دونوں کو ساتھ لے کر چلا۔ محض مال و دولت کا نام ہی دنیا نہیں ہے بلکہ ہر وہ چیز جو اللہ رب العزت سے غافل کردے اس کا نام دنیا ہے ۔ انسان دنیا میں اس طرح زندگی گزارے کہ دنیا کی رنگینیوں میں نہ پڑے اور دل میں حب دنیا نہ آنے دے انسان اللہ کا ہی طلب گار رہے۔

یہ فصل دین و دنیا میں توازن رکھنے اور ان کو ایک ساتھ لے کر چلنے کے متعلق ہے۔

### انسانی زندگی کی تقسیم قبل از اسلام:

قدیم مذاہب، خاص طور پر مسیحیت نے انسانی زندگی کو دو حصوں میں تقسیم کر دیا تھا۔ وہ یہ خیال کرتے تھے کہ اگر کوئی شخص دنیا سے تعلق رکھتا ہے تو دین دار نہیں بن سکتا اور اگر دین دار ہے تو وہ دنیا سے تعلق نہیں رکھ سکتا۔ آپ ﷺ اس دنیا میں تشریف لائے تو آپ ﷺ نے دین اور دنیا کا حسین امتزاج پیش کیا۔ اور راہبانہ زندگی کی صرف نفی ہی نہیں کی بلکہ عملی زندگی کے لیے اسوہ کامل دنیا کو دے گئے۔

### دین کے ساتھ ساتھ دنیا کمانے کی رغبت:

قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ حکم فرماتا ہے:

﴿وَلَا تَنْسَ نَصِيبَكَ مِنَ الدُّنْيَا﴾(۲)

ترجمہ: اور دنیا سے اپنا حصہ نہ بھلایئے۔

دنیا سے اپنا حصہ لینے کا اللہ جل جلالہ نے حکم فرمایا اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کو ایک کامیاب زندگی گزارنے کے لیے مکمل ہدایات عطاء فرمائی ہے۔ تاکہ دین اور دنیا کا حقیقی حسن برقرار رہے۔ اگر کسی نے دنیا کو چھوڑا اور فقط دین کو اختیار کیا آہستہ آہستہ رہبانیت کا چنگل میں پھنس گئے۔ اور جن لوگوں نے دین کو چھوڑا اور دنیا کے پیچھے لگے دنیا کا لالچ ہی انہیں لے

---

(۱) فتح الباري ، أحمد بن علي بن حجرالعسقلاني الشافعي، حديث نمبر: ٦٤١٢،دار المعرفة،بيروت،١٣٧٩ھ،١١/٢٣٠

(۲) سورۃ القصص۲۸: ۷۷

ڈوبا۔ وہ مقصد زندگی سے غافل ہوگئے۔اور اپنے منعم حقیقی کو بھی بھلا بیٹھے لہذا خالق کریم نے فرمایا جو مال اللہ نے تجھے دیا اس کے ذریعے سے آخرت کے گھر کی بہتری کے لئے کوشش کر اور اپنا دنیا کا حصہ فراموش نہ کر اور خلق خدا کے ساتھ احسان کر جس طرح اللہ تعالیٰ نے تیرے ساتھ احسان کیا ہے اور اپنی دولت کے ذریعہ سے زمین میں فساد پھیلانے کی کوشش نہ کر۔ارشاد ربانی ہے:

﴿وَابْتَغُوا مِنْ فَضْلِ اللَّهِ وَاذْكُرُوا اللَّهَ كَثِيرًا لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ﴾(۱)

ترجمہ: اور اللہ کا فضل (رزق) تلاش کرو اور اللہ تعالیٰ کو کثرت سے یاد کرو تاکہ تم فلاح پاؤ۔

اس آیۃ کی روشنی میں درج ذیل نکات سامنے آتے ہیں، ترک دنیا کی بجائے رزق کے لیے مقدور بھر کوشش کی جائے۔ امکانی حد تک اپنی تمام قوتوں اور صلاحیتوں کو بروئے کار لایا جائے۔دوسرا نکتہ جو سمجھ میں آتا ہے تلاش رزق کے لیے صرف حلال اور پاکیزہ ذرائع استعمال کئے جائیں۔ اللہ تعالیٰ نے دین و دنیا کی خیر مانگنے کے متعلق خوبصورت دعاء عطاء فرمائی:

﴿رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ﴾(۲)

ترجمہ: اے ہمارے رب ہمیں دنیا اور آخرت میں خوبی عطا فرما اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچا۔

حسنہ قبیح کا مقابل ہے۔حسنہ سے مراد ہے بھلائی اور خوبی، اس کے اطلاق میں دنیا کی ساری خوبیاں آگئیں۔اس آیہ میں دنیا اور آخرت دونوں کی بات کی گئی۔ محض آخرت کی اچھائی کا سوال نہیں کیا گیا بلکہ دنیا کی اچھائی اور بہتری کا بھی سوال کیا گیا۔ اس سے معلوم ہوا کہ دین و دنیا میں توازن ہو تو یہ اتباع قرآن بھی ہے اور اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کا ذریعہ بھی۔آخرت سے اس زندگی کے علاوہ ساری ہی حالتیں مراد ہیں مدت قبر، حشر، پل سے گزرنا، جنت اور وہاں کی نعمتیں وغیرہ اور ہر جگہ کی بھلائی(۳)

اس آیۃ میں اللہ تعالیٰ نے دنیا اور آخرت دونوں کے لیے بھلائی اور خیر مانگنے کا حکم دیا ہے۔اور یہی دین اسلام کا طرہ امتیاز ہے کہ دین اور دنیا دونوں ساتھ ساتھ ہیں۔ایمان والوں کے لیے دنیا بھی بہتر ہے کیونکہ وہ اسے بھی دین ہی کے لیے مانگتا ہے اس لیے دنیوی بھلائیاں مانگنے کی تعلیم دی گئی۔ایک حدیث پاک بڑی وضاحت سے دین اور دنیا کے باہمی تعلق کی وضاحت فرما رہی ہے۔

نبی پاک علیہ السلام نے حضرت سلمان اور حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہما کے درمیان بھائی چارہ قائم کیا۔حضرت

---

(۱) سورۃ الجمعۃ ۶۲: ۱۰

(۲) سورۃ البقرۃ ۲: ۲۰۱

(۳) تفسیر نعیمی، حکیم الامت مفتی احمد یار خان نعیمی، مکتبہ اسلامیہ لاہور، پارہ نمبر ۲، ص: ۲۹۳

سلمانؓ نے حضرت ابو درداء سے ملاقات کی۔ حضرت سلمانؓ نے حضرت ام درداء رضی اللہ عنہا کو کام کاج والے کپڑوں میں دیکھا تو ان سے عرض کی آپ کی یہ کیا حالت ہے۔ انھوں نے جواب دیا تیرے بھائی ابو درداء کو دنیا کی کوئی حاجت نہیں۔ اتنی دیر میں حضرت ابو درداءؓ تشریف لائے اور حضرت سلمانؓ کے لیے کھانے کا بندوبست کیا۔ حضرت ابو درداءؓ نے حضرت سلمان کو کھانا پیش کیا اور کہا کہ آپ کھانا کھاؤ میں روزے سے ہوں۔ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے کہا میں بھی اس وقت تک نہیں کھاؤں گا جب تک آپ نہیں کھائیں گے۔ پھر انھوں نے بھی کھایا۔ جب رات شروع ہوئی تو حضرت ابو درداء اٹھے تاکہ نماز ادا کریں۔ حضرت سلمان نے فرمایا سو جاؤ پس وہ سو گئے تھوڑی دیر بعد پھر وہ اٹھے۔ حضرت سلمانؓ نے فرمایا ابھی سو جاؤ پس وہ سو گئے۔ پھر جب رات کا آخری حصہ آیا تو فرمایا اب اٹھو دونوں نے نماز ادا کی پھر سلمان رضی اللہ عنہ نے ان سے فرمایا:

((إِنَّ لِرَبِّكَ عَلَيْكَ حَقًّا، وَلِنَفْسِكَ عَلَيْكَ حَقًّا، وَلِأَهْلِكَ عَلَيْكَ حَقًّا وَلِضَيْفِكَ عَلَيْكَ حَقًّا، فَأَعْطِ كُلَّ ذِي حَقٍّ حَقَّهُ، فَأَمَّا النَّبِيُّ ﷺ فَذَكَرَ ذَلِكَ لَهُ، فَقَالَ: صَدَقَ سَلْمَانُ الْفَارِسِيُّ))[۱]

ترجمہ: تیرے رب کا تجھ پر حق ہے، اور تیری جان کا بھی تجھ پر حق ہے، اور تیرے گھر والوں کا تجھ پر حق ہے، تیرے مہمان کا بھی تجھ پر حق ہے، پس تو حق دار کو حق دے۔ پھر آپ ﷺ کے سامنے اس واقعہ کا ذکر کیا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: حضرت سلمان نے سچ کہا ہے۔

اس حدیث پاک سے دین اور دنیا کا تعلق خوب کھل کر ہمارے سامنے آگیا۔ کھانا، پینا، گھر والوں کے ساتھ خوش مزاجی اور مہمان کی خاطر تواضع یہ سب کام کار ثواب ہیں۔ اور بیوی کا جو حق شوہر پر لاگو ہوتا ہے قرآن و سنت کا اتباع کرتے ہوئے عمل کرنا اجر کا باعث ہے۔ دنیا کے ان معمولات کو چھوڑ کر فقیرانہ زندگی بسر کرنا اسلام کے نزدیک قابل تحسین نہیں۔

## دینی و دنیاوی اعتبار سے اسوہ مصطفی ﷺ:

اگر ہم نبی اکرم ﷺ کی پاکیزہ زندگی پر غور فرمائیں تو آپ ﷺ بچپن میں چچا جان کی معیت میں تجارت کے لیے تشریف لے گئے۔ جیسے ہی آپ ﷺ نے جوانی کی دہلیز پر قدم رکھا تو آپ ﷺ حضرت خدیجہ الکبری رضی اللہ عنہا کا مال بھی تجارت کی غرض سے لے کر گئے اور خوب نفع لے کر واپس تشریف لائے۔

﴿رِجَالٌ لَا تُلْهِيهِمْ تِجَارَةٌ وَلَا بَيْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللَّهِ﴾ [۲]

ترجمہ: وہ اللہ کے بندے ایسے ہیں جنھیں خرید و فروخت اور تجارت خدا کی یاد سے غافل نہیں کرتی۔

---

(۱) صحيح البخاري، بَابُ مَنْ أَقْسَمَ عَلَى أَخِيهِ، حدیث نمبر: ۱۹۶۸، ۳/۳۸

(۲) سورۃ النور ۲۴: ۳۷

اسلام نے ساری زمین کو انسان کے لیے میدان عمل کہا ہے۔انسان کو شوق بھی دلایا کہ وہ معاش اور خلق خدا کی خوشحالی کے حصول کے لیے زیادہ سے زیادہ جدوجہد کرے۔

## دین و دنیا کی بہتری کے لئے جامع دعاء:

رحمت دو جہاں کی دعا:

((اللهُمَّ أَصْلِحْ لِي دِينِي الَّذِي هُوَ عِصْمَةُ أَمْرِي، وَأَصْلِحْ لِي دُنْيَايَ الَّتِي فِيهَا مَعَاشِي، وَأَصْلِحْ لِي آخِرَتِي الَّتِي فِيهَا مَعَادِي، وَاجْعَلِ الْحَيَاةَ زِيَادَةً لِي فِي كُلِّ خَيْرٍ، وَاجْعَلِ الْمَوْتَ رَاحَةً لِي مِنْ كُلِّ شَرٍّ))(۱)

ترجمہ: اے اللہ میرے دین کی اصلاح فرمادے۔جو میرے ہر کام کی سدھار کا ذریعہ اور ہر بہتر کام کی حفاظت کرنے والی چیز ہے۔اور میری دنیا کی اصلاح فرمادے جس میں میری موجودہ زندگی ہے۔اور میری آخرت کو ٹھیک کردے جہاں میرا ہمیشہ کا ٹھکانہ ہے۔اور میری زندگی کو تمام نیکیوں میں اضافہ کا ذریعہ بنادے۔اور میری موت کو ہر شر سے محفوظ ہو جانے کا ذریعہ بنادے۔

حدیث پاک کی روشنی میں عظیم سوچ اس شخص کی ہے جسے اپنی دنیا اور آخرت دونوں کی فکر ہے۔اسے اپنے دین اور دنیا دونوں کے لیے توشہ اکٹھا کرنا ہے۔جس طرح وہ اس دنیا میں آسائش و آرام کے لیے ضرورت کے مطابق کام کرتا ہے ،اسی طرح وہ دین کے احکامات پر عمل کر کے اپنی آخرت کو سنوارنے کی بھی پوری کوشش کرتا ہے۔کسی معاملے میں حد سے نہیں گزرتا بلکہ احکام شریعت کے مطابق زندگی بسر کرنے کی سعی کرتا ہے۔

## آپ ﷺ کی شادیاں:

حضور نے گیارہ نکاح کیے لیکن آپ ﷺ نے یہ سب نکاح کسی نفسانی خواہش کی بناء پر نہیں کیے۔بلکہ مشیت الٰہی سے کیے اور آپ ﷺ کا شادی کرنا ہی دین و دنیا کے حسین امتزاج کی مثال پیش کر رہا ہے، آقا ﷺ فرماتے ہیں:

((مَا لِي فِي النِّسَاءِ مِنْ حَاجَةٍ))(۲)

ترجمہ: مجھے عورتوں سے کیا ضرورت۔

آپ معلم انسانیت ہیں اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کے ذریعے انسانوں کو زندگی گزارنے کا طریق دینا تھا۔لوگوں کے ذہنوں میں یہ تصور رہا کہ عورت ایک خوبصورت سانپ ہے۔انسان اس کی خوبصورتی کے زہر سے بچے، جبکہ نبی ﷺ

---

(۱) صحیح مسلم ، بَابُ التَّعَوُّذِ ،حدیث نمبر:۲۷۲۰، ۲۰۸۷/۴

(۲) صحيح البخاري، باب خيركم مَن تَعلّم القرآن وعلمه،حدیث نمبر:۵۰۲۹، ۱۹۲/۶

فرماتے ہیں:

((خَيْرُكُمْ خَيْرُكُمْ لِأَهْلِهِ وَأَنَا خَيْرُكُمْ لِأَهْلِي))(۱)

ترجمہ: اچھاوہ ہے جو اپنی بیوی کے ساتھ اچھا ہو اور میں اپنی بیوی کے ساتھ اچھا سلوک کرنے والا ہوں۔

ایک تصور یہ بھی تھا کہ اگر خدا کا مقرب بننا ہے تو اہلی تعلقات چھوڑ دو، جبکہ آپ ﷺ نے تعلیم دی کہ تم اپنے اہل و عیال کے ساتھ تعلق کے ذریعے اللہ کے مقرب بنو گے۔

((الْخَلْقُ كُلُّهُمْ عِيَالُ اللَّهِ وَأَحَبُّهُمْ إِلَى اللَّهِ أَنْفَعُهُمْ لِعِيَالِهِ))(۲)

ترجمہ: تمام مخلوق اللہ کا کنبہ ہے اللہ کو سب سے زیادہ محبوب وہ بندہ ہے جو خالق کے اس کنبے کے لیے نفع مند ہو۔

## آپ ﷺ کی عبادات:

آپ ﷺ سارا دن اپنے اصحاب عائشہ رضی اللہ عنہم کے معاملات میں مصروف رہتے۔ لیکن جب آپ ﷺ دن یا رات میں عبادت کے لیے کھڑے ہوتے تو ایسا معلوم ہوتا کہ بجز عبادت کے آپ کا کوئی بھی کام نہیں ہے۔

حضرت ابو عبداللہ حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ آپ ﷺ کی ایک رات کی عبادت کا ذکر کرتے ہیں۔ ایک رات میں نے نبی ﷺ کے ساتھ نماز پڑھی آپ ﷺ نے پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے ساتھ سورۃ بقرۃ شروع کی۔ میں نے خیال کیا سو آیۃ پر رکوع کریں گے، مگر آپ پڑھتے گئے سورۃ بقرہ ختم کر کے سورۃ نساء شروع کر دی پھر میں نے خیال کیا کہ سورۃ ختم کر کے رکوع کریں گے لیکن آپ ﷺ نے سورۃ آل عمران شروع کر دی

((يَقْرَأُ مُتَرَسِّلًا، إِذَا مَرَّ بِآيَةٍ فِيهَا تَسْبِيحٌ سَبَّحَ، وَإِذَا مَرَّ بِسُؤَالٍ سَأَلَ، وَإِذَا مَرَّ بِتَعَوُّذٍ تَعَوَّذَ، ثُمَّ رَكَعَ)) (۳)

ترجمہ: آپ ﷺ نے ٹھہر ٹھہر کر بڑی ترتیل سے تلاوت کی۔ جس آیت میں تسبیح کا ذکر ہوتا تسبیح کہتے۔ جہاں دعا یا سوال کا موقعہ ہوتا تو اس کے حسب حال اظہار فرماتے۔ پھر آپ ﷺ نے رکوع کیا۔ اس طرح آپ ﷺ نے ایک رات عبادت کی۔

آپ ﷺ نے دین اور دنیا کی علیحدگی کے نظریے کو حرف غلط بنا کر پوری زندگی کو عبادت، ساری روئے زمین کو

---

(۱) (علامہ البانی نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے)، سنن الترمذي، باب فی فضل أزواج النبی، حدیث نمبر: ۳۸۹۵، ۷۰۹/۵

(۲) شعب الإيمان، حدیث نمبر: ۷۰۴۵، ۵۲۱/۹

(۳) صحيح مسلم، صلاة المسافرين، باب استحباب، تطويل القراءة، حدیث نمبر: ۷۷۲، ۵۳۶/۱

سجدہ گاہ بنادیا۔ اور انسان کو متحارب اور متصادم چھاونیوں سے نکال کر عمل صالح، خدمت انسانیت اور اللہ تعالیٰ کی رضا طلبی کے وسیع اور متحدہ محاذ پر لا کھڑا کیا۔ جہاں کے بادشاہ آپ کو فقیروں کی گدڑی میں، عابد وزاہد نظر آئیں گے۔ جو حلم وبرداشت کے پہاڑ، علم وحکمت کے سرچشمے، رات کے عبادت گزار اور دن کے شہسوار ہوں گے۔ اور ان کی شخصیت میں کوئی تضاد اور بے اعتدالی نظر نہ آئے گی۔

آپ ﷺ کے اسوہ حسنہ کا جو کامل نمونہ ہمارے سامنے آتا ہے وہ یہ کہ آپ نے دنیاوی نعمتوں سے استفادہ کیا اور دین کے لیے بھی پوری محنت فرمائی۔ نہ ہی ترک دنیا کیا اور نہ ہی آپ نے محض دنیا کے ساتھ دل لگایا۔ اور دین کو چھوڑ دیا بلکہ دین اور دنیا کا حسین امتزاج پیش فرمایا۔

## آپ ﷺ کا مثالی زھد:

تاجدار بطحا فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ نے پیشکش کی وہ میرے لیے مکہ کے پہاڑوں کو سونے کا بنادے لیکن میں نے عرض کی نہیں اے میرے اللہ میں چاہتا ہوں کہ ایک دن کھانے کو ملے، اور ایک دن بھوکا رہوں:

((فَإِذَا جُعْتُ تَضَرَّعْتُ إِلَيْكَ وَذَكَرْتُكَ، وَإِذَا شَبِعْتُ شَكَرْتُكَ وَحَمِدْتُكَ))(۱)

ترجمہ: پس جب میں بھوکا ہوں تو تیرے سامنے تضرع کروں اور تجھے یاد کیا کروں، اور جب میں سیر اب ہوں تو تیرا شکر کروں اور تیری حمد وثناء کیا کروں۔

دین کی حدود کا خیال رکھتے ہوئے، دنیا کی جائز طیبات سے فائدہ اٹھانا بھی مطلوب ہے، باری تعالیٰ نے فرمایا:

﴿قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِينَةَ اللَّهِ الَّتِي أَخْرَجَ لِعِبَادِهِ وَالطَّيِّبَاتِ مِنَ الرِّزْقِ﴾

ترجمہ: اے محمد ﷺ، ان سے کہو کس نے اللہ کی اُس زینت کو حرام کر دیا جسے اللہ نے اپنے بندوں کے لیے نکالا تھا اور کس نے خدا کی بخشی ہوئی پاک چیزیں ممنوع کر دیں؟

﴿قُلْ هِيَ لِلَّذِينَ آمَنُوا فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا خَالِصَةً يَوْمَ الْقِيَامَةِ كَذَلِكَ نُفَصِّلُ الْآيَاتِ لِقَوْمٍ يَعْلَمُونَ﴾(۲)

ترجمہ: کہو، یہ ساری چیزیں دنیا کی زندگی میں بھی ایمان لانے والوں کے لیے ہیں، اور قیامت کے روز تو خالصتاً انہی کے لیے ہوں گی۔ اِس طرح ہم اپنی باتیں صاف صاف بیان کرتے ہیں اُن لوگوں کے لیے جو علم رکھنے والے ہیں۔

---

(۱) (شیخ البانی کے نزدیک یہ حدیث ضعیف ہے)، سنن ترمذی، باب ماجاء، حدیث نمبر: ۲۳۴۷، ۵۷۵/۴

(۲) سورۃ الاعراف ۷: ۳۲-۳۳

عالم کی تمام چیزیں اسی لیے پیدا کی گئی ہیں کہ آدمی ان سے مناسب طریقہ سے منتفع ہو کر خالق جلّ وعلیٰ کی عبادت، وفاداری اور شکر گزاری میں مشغول ہو۔اس اعتبار سے دنیا کی تمام نعمتیں اصل میں مومنین اور فرمانبر دار لوگوں کے لئے پیدا ہوئی ہیں۔البتہ کافروں کو بھی ان چیزوں سے روکا نہیں گیا وہ بھی اپنے اعمال وتدابیر سے دنیاوی مفاد حاصل کر لیتے ہیں۔

## گذر بسر کے لیے روزی کمانا:

یعنی جو شخص حلال مال جمع نہ کرے ایسا مال جس سے اپنی عزت نہ بچا سکے اپنا قرضہ ادا نہ کر سکے اور رشتہ داروں کے حقوق ادا نہ کر سکے اس میں کوئی بھلائی نہیں ہے۔

آنحضور ﷺ اصحاب کے ساتھ تشریف فرما تھے ایک نوجوان کو دیکھا جو تیزی کے ساتھ چلا جا رہا تھا۔ صحابہ نے فرمایا کاش اس کی جوانی اور طاقت اللہ کی راہ میں خرچ ہوتی۔ تو رسول اکرم ﷺ نے سن کر فرمایا یہ بات نہ کہو:

((إِنْ كَانَ نَشَاطُهُ وَقُوَّتُهُ رَدًّا عَلَى أَبَوَيْهِ لِيُعِفَّهُمَا وَيَكُفَّهُمَا فَهُوَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ، وَإِنْ كَانَ رَدًّا عَلَى أَهْلِهِ وَوَلَدِهِ فَهُوَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ، وَإِنْ كَانَ تَفَاخُرًا وَتَكَاثُرًا فَهُوَ فِي سَبِيلِ الطَّاغُوتِ)) (۱)

ترجمہ: اگر اس کی دوڑ دھوپ اس لیے ہے کہ وہ اپنے والدین کو کسی کے سامنے سوال کرنے سے بچا لے اور وہ لوگوں سے بے نیاز ہو جائیں تو اس کا یہ عمل اللہ کے راستے میں ہے۔ اور اگر وہ اپنے اہل وعیال کے لیے کوشش کر رہا ہے، کہ وہ کسی کے آگے ہاتھ نہ پھیلائیں تو اس کا یہ عمل بھی اللہ کے راستے میں ہے۔ اور اگر وہ نام ونمود اور دکھاوے کے لیے محنت کر رہا ہے تو اس کی یہ کوشش شیطان کے راستے میں ہے۔

اس حدیث پاک کے مفہوم نے بھی دین ودنیا کی امتزاجی حیثیت کو نکھار بخشا ہے۔ دنیا کمانا بھی اس وقت کار ثواب بن جاتا ہے جب وہ قرآن وسنت کے احکام کے مطابق ہو۔ دولت کمانے کی کوشش اگر نام نمود ہے تو وہ وبال ہے اور اگر یہی کوشش غیروں کے سامنے ہاتھ پھیلانے سے بچنے کے لیے ہے تو پھر ثواب ہے۔

## ترک دنیا سے منع فرمایا:

((لا رهبانية فى شريعتنا)) (۲)

ترجمہ: ہماری شریعت میں ترک دنیا نہیں۔

---

(۱) مسند إسحاق بن راهويه، أبو يعقوب إسحاق بن إبراهيم المعروف ب ابن راهويه ،المحقق: د. عبد الغفور بن عبد الحق البلوشي،ط/۱، مكتبة الإيمان،المدينة المنورة،۱۹۹۱ء،۳۵۰/۱

(۲) شرح صحيح البخارى لابن بطال، باب التَّرْغِيبِ فِي النِّكَاحِ،۱۶۰/۷

## فریب دنیا:

صرف دنیا کو مطمع نظر بنانا ایک فریب ہے۔اس کی نیرنگی سے مومن دھوکا میں نہ رہے۔بلکہ اس عارضی مطاع کو دائمی زندگی کی کامیابی کے لیے بروئے کار لائے،ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿اعْلَمُوا أَنَّمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَلَهْوٌ وَزِينَةٌ وَتَفَاخُرٌ بَيْنَكُمْ وَتَكَاثُرٌ فِي الْأَمْوَالِ وَالْأَوْلَادِ﴾(۱)

ترجمہ:خوب جان لو کہ دنیوی زندگی محض کھیل تماشا اور(سامان)آرائش ہے اور آپس میں اترانا اور ایک دوسرے سے زیادہ مال اور اولاد حاصل کرنا ہے اس کی مثال یوں سمجھو جیسے بادل برسے اور کسانوں کو اس کی شاداب سرسبز کھیتی نہال کردے پھر وہ سوکھنے لگے تو اسے دیکھے کہ اس کا رنگ زرد پڑ گیا ہے پھر وہ ریزہ ریزہ ہو جائے اور دنیا پرستوں کے لیے آخرت میں سخت عذاب ہوگا اور(خدا پرستوں کے لیے اللہ کی بخشش)اور اس کی خوشنودی ہوگی اور نہیں ہے دنیاوی زندگی مگر دھوکا۔

دنیوی زندگی کی حقیقت کو ایک مثال کے ذریعے واضح کیا جا رہا ہے۔بارش برستی ہے تو فصلیں لہلہانے لگتی ہیں۔ان کی سرسبزی اور شادابی کو دیکھ کر ان کا مالک خوشی سے پھولے نہیں سماتا۔پھر دیکھتے ہی دیکھتے ان کی تازگی ماند پڑنے لگتی ہے۔وہ خشک ہونے لگتی ہے۔پھر اس کا رنگ زرد پڑ جاتا ہے۔پھر وہ ریزہ ریزہ ہو کر گر پڑتی ہے۔یہی حال انسان کی دنیوی زندگی کا ہے۔جوانی کے بعد جب انسان آہستہ آہستہ بڑھاپے میں قدم رکھتا ہے تو رنگ زرد پڑ جاتا ہے اور خوشیاں ماند پڑ جاتی ہیں(۲)

قرآن حکیم نے دنیا کے ساتھ دل لگانے اور دین کو مذاق سمجھنے کی حقیقت کو ان الفاظ میں فرمایا ہے:

﴿وَنَادَى أَصْحَابُ النَّارِ أَصْحَابَ الْجَنَّةِ أَنْ أَفِيضُوا عَلَيْنَا مِنَ الْمَاءِ أَوْ مِمَّا رَزَقَكُمُ اللَّهُ قَالُوا إِنَّ اللَّهَ حَرَّمَهُمَا عَلَى الْكَافِرِينَ﴾(۳)

ترجمہ:حساب وکتاب کے بعد دوزخی جنت والوں کو پکاریں گے ہم پر کچھ پانی ڈال دو یا اس میں سے کچھ دو جو اللہ تعالیٰ نے تمھیں دے رکھا ہے۔تو جواب دیں گے آج ان چیزوں کو اللہ تعالیٰ نے تم پر حرام کر دیا ہے۔اور وہ لوگ جنھوں نے دین کو کھیل تماشہ بنا رکھا تھا اور دنیا کی زندگی نے انہیں فریب میں مبتلا کر رکھا تھا ، دنیا میں انھوں نے اللہ کو بھلا دیا تھا۔اور وہ چیخ پکار کریں گے لیکن انھوں نے جس طرح دنیا میں تکذیب کی اور بے رخی کی اسی طرح اس دن اللہ تعالیٰ ان سے اعراض فرمائے گا۔ان کی طرف نظر رحمت بھی نہیں فرمائے گا ان کے لیے دردناک عذاب ہے۔

---

(۱) سورۃ الحدید ۵۷: ۲۰

(۲) تفسیر ضیاء القرآن،۱۲۲/۵

(۳) سورۃ الاعراف ۷: ۵۰-۵۱

## تجارت:

آپ ﷺ نے خود بھی تجارت کی اور صحابہ کرام کو اس کی ترغیب بھی دلائی، جو اس بات کی دلیل ہے کہ نبی ﷺ نے زندگی گزارنے کے لیے کاروبار کرنے کو توکل اور تقویٰ کے منافی نہیں قرار دیا آپ ﷺ کا فرمان ذیشان ہے:

((التَّاجِرُ الْأَمِينُ الصَّدُوقُ الْمُسْلِمُ مَعَ الشُّهَدَاءِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ))(1)

ترجمہ: امانتدار سچ بولنے والا مسلمان تاجر (قیامت کے دن) شہداء کے ساتھ ہوگا۔

غور و فکر کا مقام ہے انسان دنیا میں اتنا زیادہ مگن نہ ہو کہ اسے فکر آخرت نہ رہے۔ دین سے تعلق پیدا کرے ہر لمحہ اپنے اعمال سنوارنے کی کوشش کرے۔ اور ساتھ ساتھ دنیا سے بھی اپنا حصہ لینا نہ بھولے۔ اس میں ہی دونوں جہانوں کی کامیابی ہے۔ دنیا و آخرت کے اس پیچیدہ سفر میں ہمارے لیے اسوہ رسول ﷺ ایک کامل نمونہ ہے۔ جس میں دنیا اور آخرت کا حسین امتزاج پایا جاتا ہے۔ معلم انسانیت نے تجارت بھی کی، اور شادیاں بھی کیں، ان کے ساتھ ساتھ اللہ کی عبادت میں بھی کمی نہیں آنے دی، دین اور دنیا میں کوئی فرق نہیں رکھا۔

## حاصل کلام:

۱- دین اسلام کا طرہ امتیاز ہے کہ وہ دین اور دنیا کو ایک ساتھ لے کے چلنے کی بات کرتا ہے۔

۲- قدیم مذاہب خاص طور پر مسیحیت نے انسانی زندگی کو دو حصوں میں تقسیم کر دیا تھا۔ جو دین دار ہے وہ دنیادار نہیں بن سکتا اور جو دنیادار ہے وہ دین دار نہیں بن سکتا جبکہ اسلام نے اس فرق کو مٹا دیا۔

۳- جہاں اسلام ہر لمحہ اپنی آخرت کو سنوارنے کی بات کرتا ہے وہاں دنیا سے بھی حصہ لینے سے منع نہیں کرتا۔

۴- اسلام اس بات کی دعوت دیتا ہے کہ ترک دنیا کی بجائے رزق کے لیے مقدور بھر کوشش کی جائے۔ اپنی صلاحیتوں کو استعمال میں لاتے ہوئے نئی جہتیں نکالی جائیں۔

۵- رحمۃ اللعالمین کا شادیاں کرنا اور تجارت کرنا دین اور دنیا میں حسین امتزاج کی عمدہ دلیل ہے۔

۶- آپ ﷺ نے دنیا میں رہ کر دنیا کے مال و اسباب سے فائدہ اٹھاتے ہوئے آخرت کی تیاری کرنے کی تعلیم دی ہے۔

۷- آپ ﷺ کے اسوہ حسنہ سے یہ پیغام ملا کہ دنیا کوئی بری نہیں بلکہ محض طالب دنیا ہونا برا ہے، دنیا میں مگن ہو کر آخرت کو بھلا دینا برا ہے۔

---

(1) (شیخ البانی کے نزدیک یہ حدیث ضعیف ہے)، سنن ابن ماجه ، بَابُ الْحَثِّ عَلَى الْمَكَاسِبِ، حدیث نمبر: ۲۱۳۹، ۲/۷۲۴

# فصل چہارم:

## زرعی اصلاحات

انسانی زندگی کے بے شمار شعبہ جات میں سے ایک شعبہ زراعت بھی ہے۔ جس کا آغاز ہی سے انسان کے ساتھ ایک گہرا تعلق رہا ہے۔ زراعت کی تاریخ اتنی ہی قدیم ہے جس قدر اس روئے زمین پر خود انسان کی تاریخ۔ قرآن وسنت میں کوئی نہ کوئی پیشہ اپنانے کو بڑی قدر ومنزلت سے دیکھا گیا ہے۔

اللہ جل شانہ نے قرآن کریم میں زرعی پیداوار کو انسانی دنیا پر عظیم الشان احسان جتلا کر اس کی حقیقت کی طرف توجہ دلائی ہے۔ معیشت کے جتنے بھی ذرائع ہیں ان میں زراعت کو خاص اہمیت حاصل ہے۔ پاکستان ایک زرعی ملک ہے، اس کی معیشت کا انحصار زراعت پر ہے ۔ یہ باغ وبہار اور کھیت وکھلیان انسانی زندگی کے ساتھ لازم ملزوم ہیں، ارشاد خداوندی ہے:

﴿وَنَزَّلْنَا مِنَ السَّمَاءِ مَاءً مُبَارَكًا فَأَنْبَتْنَا بِهِ جَنَّاتٍ وَحَبَّ الْحَصِيدِ﴾(۱)

ترجمہ: اور ہم نے آسمان سے بابرکت پانی برسایا پھر ہم نے اس سے باغات اگائے اور کھیتوں کا غلہ بھی۔ اور لمبی لمبی کھجوریں جن کے خوشے تہہ باتہہ ہوتے ہیں۔ یہ سب کچھ اپنے بندوں کی روزی کے لئے (کیا) اور ہم نے اس پانی سے مردہ زمین کو زندہ کیا۔

مذکورہ بالا آیۃ میں خالق کریم نے زراعت کا ذکر فرمایا ہے۔ انبیاء کرام علیہم السلام نے کھیتی باڑی کا پیشہ اختیار فرمایا: حیات انسانی میں سب سے پہلے انسان حضرت آدم علیہ السلام تھے ان کے بارے میں حدیث نبوی ﷺ ہے۔

((أُحَدِّثُكَ عَنْ آدَمَ إِنَّهُ كَانَ عَبْدًا حَرَّاثًا))(۲)

ترجمہ: میں تمہیں آدم علیہ السلام کے بارے میں بتاتا ہوں کہ وہ کھیتی باڑی کیا کرتے تھے۔

سیدنا ابراہیم علیہ السلام بھی زراعت کے پیشے سے وابستہ تھے، ارشاد مصطفی ﷺ ہے:

((وَأُحَدِّثُكَ عَنْ إِبْرَاهِيمَ أَنَّهُ كَانَ عَبْدًا زَرَّاعًا))(۳)

ترجمہ: اور میں تمہیں بتاتا ہوں کہ ابراہیم علیہ السلام کاشتکاری کیا کرتے تھے۔

اور خود ہمارے پیارے نبی ﷺ بھی کاشتکاری کرتے رہے:

---

(۱) سورۃ ق ۵۰: ۹-۱۱

(۲) المستدرک علی الصحیحین ،للحاکم ،حدیث نمبر:۴۱۶۵،۲/۶۵۲

(۳) ایضاً،حدیث نمبر:۴۱۶۵،۲/۶۵۲

((وازدرع رَسُول الله ﷺ بالجرف))(۱)

ترجمہ: اور رسول اللہ ﷺ نے مقام جرف میں کاشتکاری کی ہے۔

زراعت کی اہمیت کو اجاگر فرمانے کے لیے نبی اکرم ﷺ نے زراعت کے فضائل میں گراں قدر ارشادات فرمائے ہیں:

(( اطلبوا الرزق فی خبایاالارض))(۲)

ترجمہ: رزق کو زمین کی پنہائیوں میں تلاش کرو۔

امام سرخسی ارشاد فرماتے ہیں آپ ﷺ کے ارشاد "عمل الزراعۃ" سے کاشتکاری مراد ہے(۳)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

((مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَغْرِسُ غَرْسًا، أَوْ يَزْرَعُ زَرْعًا، فَيَأْكُلُ مِنْهُ طَيْرٌ أَوْ إِنْسَانٌ أَوْ بَهِيمَةٌ، إِلَّا كَانَ لَهُ بِهِ صَدَقَةٌ))(۴)

ترجمہ: جو مسلمان درخت بوتا ہے یا کھیتی کرتا ہے اور اس سے پرند انسان اور جانور کھاتے ہیں تو یہ عمل اس کے حق میں صدقہ بنتا ہے (اجر و ثواب کا باعث بنتا ہے)۔

زراعت ایسا عمل ہے کہ عامل کی نیت کے بغیر بھی اس سے مخلوق خدا کو فائدہ پہنچتا ہے۔ کاشت کار وہ خوش قسمت انسان ہے کہ اس کے کھیت و کھلیان سے بے شمار پرندے اور جانور مستفید ہوتے ہیں۔ اور یوں ہر وقت گزرنے والے انسان بھی اس کے باغ سے کھاتے رہتے ہیں جو اس کی طرف سے بہترین صدقہ ہے۔ یہی نہیں بلکہ جو درخت بھی وہ لگاتا ہے اجر وثواب کا باعث ہے۔ اس فصل میں زرعی اصلاحات پر بات ہو گی۔

## زرعی اصلاحات

## ملکیت زمین:

ملکیت میں حروف اصلی "م ل ک" ہیں ۔ جو اپنے اندر مالک ہونے کے معنیٰ لیے ہوئے ہے، دوسرے لفظوں میں کسی شخص کے لیے شئے کا حق قبضہ اور حق تصرف ہو جانا ملکیت کہلاتا ہے۔ ارشاد ربانی ہے:

---

(۱) الكسب، لأبی عبد الله محمد بن الحسن بن فرقد ،تحقيق: د. سهيل زكار، ط/۱ ، عبد الهادي حرصوني دمشق،۱۴۰۰ھ، ۳۶/۱

(۲) فضائل الصحابة، أحمد بن محمد بن حنبل ،حدیث نمبر:۴۳۱، ۳۱۳/۱

(۳) المبسوط ، شمس الائمہ امام سرخسی ، کتاب المزارعۃ،مطبع السعادة قاهرة ،ص:۲۳

(۴) صحيح مسلم،باب فضل الغرس والزرع، حدیث نمبر:۱۵۵۲، ۱۱۸/۳

﴿لَهُ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ﴾[1]

ترجمہ: آسمانوں اور زمینوں کی بادشاہی اللہ کے لیے ہے۔

شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمہ اللہ بھی ملکیت اموال کا یہی معنی بیان کرتے ہیں:

وَمعنى الْملك فِي حق الْآدَمِيّ كَونه أَحَق بِالِانْتِفَاعِ من غَيره[2]

ترجمہ: آدمی کے حق میں ملکیت کا معنٰی یہ ہے کہ وہ دوسرے شخص کے مقابلے میں فائدہ اٹھانے کے اعتبار سے زیادہ حق رکھتا ہے۔

مال زندگی کی بقاء کا ضامن ہے اسے ضائع کرنے سے شریعت نے روکا ہے، ارشاد ربانی ہے:

﴿وَلَا تُؤْتُوا السُّفَهَاءَ أَمْوَالَكُمُ الَّتِي جَعَلَ اللَّهُ لَكُمْ قِيَامًا﴾[3]

اور تم بے سمجھوں کو اپنے (یا ان کے) مال سپرد نہ کرو جنہیں اللہ نے تمہاری معیشت کا سبب بنایا ہے۔

اس آیہ کریمہ سے اس نکتہ کا استنباط ہوتا ہے کہ مال میں زندگی کی بقا اور استحکام ہے۔ گویا فی الحقیقت مال وہی ہے جس کے اندر طبعاً انسانوں کے لیے نفع کا سامان موجود ہو۔ اللہ جل شانہ نے انسانوں کو مختلف اموال پر ملکیت کا حق اس لیے عطاء فرمایا ہے کہ اسے بروئے کار لا کر وہ ان پر محنت صرف کریں اور ان کے اندر تخلیق کی گئی خوابیدہ منفعتوں کو بروئے کار لا سکیں۔ کیونکہ مال کو جب تک کسی کے قبضہ و تصرف میں نہ دیا جائے اس کی بالقوہ افادیت کو بالفعل افادیت میں نہیں بدلا جا سکتا[4]

## غیر آباد زمینوں کی ملکیت:

ایسی غیر آباد زمینیں اور علاقے جن کا کوئی مالک نہ ہو خواہ وہ کبھی آباد نہ ہوئی ہوں یا آباد ہونے کے بعد ویران ہو گئی ہوں تو ایسی زمینیں، موات، یا مردہ بنجر زمینیں کہلاتی ہیں۔ بظاہر یہ خیال ہے کہ اس قسم کی زمینوں کی مالک حکومت ہوتی ہے۔ دنیا میں یہی دستور مروج ہے کہ حکومت کی اجازت کے بغیر ایسی زمینوں پہاڑوں، جنگلات وغیرہ پر کوئی تصرف نہیں کر سکتا۔ اور نہ کوئی ان کو اپنی ملک بنا سکتا ہے۔ لیکن اسلام کا نقطہ نظر اس میں بالکل مختلف رہا ہے وہ اس قسم کی تمام زمینوں کو بھی ملک کے عام باشندوں کا مشترک سرمایہ قرار دیتا ہے۔ اس ضمن میں آپ ﷺ کا فرمان ابدی وثیقہ کی حیثیت رکھتا ہے:

---

(۱) سورۃ البقرۃ ۲: ۱۰۷

(۲) حجة الله البالغة، أحمد بن عبد الرحيم شاه ولي الله، تحقيق: السيد سابق، ط/۱، دار الجيل، بيروت، لبنان، ۲۰۰۵ء، ۱۶۱/۲

(۳) سورۃ النساء ۴: ۵

(۴) اسلامی نظام معیشت کے بنیادی اصول، ڈاکٹر محمد طاہر القادری، ط/۱، منہاج القرآن پبلی کیشنز، ۲۰۰۸ء، ص: ۲۳

((مَنْ أَحْيَا أَرْضًا مَيِّتَةً فَهِيَ لَهُ ))(۱)

ترجمہ: جو شخص کسی مردہ غیر آباد زمین کو آباد کرے گا یہ زمین اسی کی ہو گی۔

ایسی اراضی جس میں کسی قدیم جاہلی ملک کی علامتیں پائی جاتی ہوں مثلاً روم کے آثار اور قوم ثمود کے مسکن ایسے مقامات کو آباد کرنے سے بھی آدمی ان کا مالک ہو جاتا ہے۔اس قسم کی زمین اسلامی عہد سے قبل ہی سہی لیکن آدمی کی مملوکہ چیزوں میں سے ہو چکی تھی۔اس لیے شبہ ہو سکتا تھا دوسروں کی مملوکہ چیز پر قبضہ کرنے یا اس کو ملک بنانے کا کسی دوسرے کو کیا حق ہے اس شبہ کے ازالہ کے لیے حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا:

((إِنَّ عَادِيَّ الْأَرْضِ لِلَّهِ وَلِرَسُولِهِ وَلَكُمْ مِنْ بَعْدُ))(۲)

ترجمہ: یعنی اقوام قدیمہ کے کھنڈرات یا ان کے آباد کیے ہوئے بنجر علاقے یہ اللہ اور اس کے رسول کی ملک ہیں پھر ان کے بعد اے مسلمانوں تمہاری ملکیت ہے۔

یعنی اس قسم کی زمین کو جب اس کے مالک چھوڑ کر لاپتہ ہو چکے ہوں اور وہ زمین اسلامی ملک کی زیر نگرانی آ گئیں تو وہ اب پرانے مالکوں کی ملک سے نکل کر اللہ اور رسول کی ملک میں داخل ہو گئیں۔اب آنحضور ﷺ نے انہیں تمام مسلمانوں کے حوالے فرمادیا۔

(۱) اقطاع کی ایک صورت یہ ہے کہ جس کو زمین دی جائے اس کو مالک بنادیا جائے۔اس صورت میں اس کو بیع وشراء وغیرہ کے تمام مالکانہ تصرفات جائز ہوں گے۔اس کے بعد یہ زمین اس کے وراثوں میں بحصص شرعیہ منتقل ہو گی۔

(۲) دوسری صورت یہ ہے کہ جس کو زمین دی جائے اس کو زمین کا مالک نہ بنایا جائے بلکہ اس کے منافع اور آمدنی حاصل کرنے کا اختیار نسلاً بعد نسل دیا جائے۔

(۳) تیسری صورت اقطاع کی یہ ہے کہ نہ جاگیر دار کو زمین کا مالک بنائیں اور نہ نسلاً بعد نسل منافع دیں ۔بلکہ تاحیات جاگیر دار کو منافع لینے دیا جائے۔اس صورت میں جاگیر دار کے انتقال کے بعد یہ زمین اس سے واپس لے لی جائے گی۔

(۴) جاگیر دار کو پیداوار سے منافع حاصل کرنے کی اجازت بغیر کسی تحدید مدت کے دی جائے۔حاکم وقت جب چاہے واپس بھی لے سکتا ہے(۳)

## زائد زمین پر حکومتی تصرف:

سیدنا عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت بلال بن حارث مزنی سے غیر مزروعہ زمین واپس لے لی تھی۔جو انہیں دی گئی

---

(۱) صحيح البخاري ، بَابُ مَنْ أَحْيَا أَرْضًا،۱۰۶/۳

(۲) السنن الكبرى، أحمد بن الحسين، حدیث نمبر:۱۱۷۸۵،۶/۲۳۷

(۳) اسلام کا نظام اراضی، مولانا محمد شفیع، دارالاشاعت کراچی، ص:۲۶

تھی۔ حالانکہ وہ اس پر رضامند نہ تھے، تو اس وقت سیدنا عمر فاروقؓ نے فرمایا :

((إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ ﷺ لَمْ يُقْطِعْكَ لِتَحْجُرَهُ عَنِ النَّاسِ ، إِنَّمَا أَقْطَعَكَ لِتَعْمَلَ،فَخُذْ مِنْهَا مَا قَدَرْتَ عَلَى عِمَارَتِهِ، وَرَدَّ الْبَاقِي))(۱)

ترجمہ: بے شک رسول اللہ نے تمہیں علاقہ اس لیے نہیں بخشا تھا کہ تم اسے لوگوں سے روک کر بیٹھ جاؤ بلکہ یہ علاقہ اس لیے عطاء فرمایا تھا کہ تم اسے آباد کرو، لہذا جس حصے کی تم آباد کاری کر سکتے ہو وہ تم لے لو اور بقیہ واپس کر دو۔

## زمین جب کسی شخص کی مملوک ہو اور وہ کسی کو کاشت کے لیے دے تو اس کی کئی صورتیں ہیں:

ایک شخص اپنی زمین دوسرے کو کرائے پر دے اور اس سے ماہانہ یا ششماہی یا سالانہ کرایہ روپے پیسے کی شکل میں وصول کرے۔ اس میں اس سے بحث نہیں ہے کہ وہ شخص اس زمین کو کسی کام میں استعمال کرتا ہے۔ کاشتکاری کرتا ہے یا کسی اور مقصد میں استعمال کرتا ہے۔ اسے "اجارۃ الارض" یا "کراء الارض" کہا جاتا ہے۔ یعنی زمین کو روپے، پیسے کے عوض کرایہ پر دینا اور اسے مقاطعہ بھی کہتے ہیں(۲)

## شخصی ملکیت کا ثبوت:

حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

((مَنْ أَخَذَ شِبْرًا مِنَ الأَرْضِ ظُلْمًا، فَإِنَّهُ يُطَوَّقُهُ يَوْمَ القِيَامَةِ مِنْ سَبْعِ أَرَضِينَ))(۳)

ترجمہ: جس نے دوسرے کی بالشت بھر زمین بھی ناحق لی، قیامت کے دن اس زمین کے ساتوں طبقے اس کے گلے میں طوق کی طرح ڈال دیے جائیں گے۔

اس روایت سے زمین کی انفرادی اور شخصی ملکیت کا جواز ثابت ہو رہا ہے۔

## مزارعت:

حضرت رافع بن خدیج روایت کرتے ہیں:

---

(۱) الأموال ، حميد بن مخلد المعروف بابن زنجويه ،تحقيق: د-شاكر ذيب فياض ،باب احياء الارض، حدیث نمبر:۱۰۶۹،ط/۱، بجامعة الملك سعودمركز الملك فيصل للبحوث والدراسات الإسلامية، السعودية، ۱۹۸۶ء،۲/۶۴۷

(۲) اسلام اور جدید معاشی مسائل، مولانا محمد تقی عثمانی،ط/۱، ادارہ اسلامیات، لاہور ۲۰۰۸ء، ۲/۲۲۶-۲۲۷

(۳) صحيح البخاري،بَاب ما جاءفي سبع أرضين، حدیث نمبر:۳۱۹۸،۴/۱۹۷

((أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ نَهَى عَنْ كِرَاءِ الْأَرْضِ))(۱)

ترجمہ: رسول اللہ نے زمین کا لگان لینے سے منع فرمایا۔

عہد رسالت میں بعض لوگ زمیں کے معین حصہ کی پیداوار کے عوض زمین کرائے پر دیتے تھے۔اور باقی حصہ کی پیداوار کاشتکار کے لیے ہوتی تھی۔نبی اکرم نے دھوکے کی بنا پر اس سے منع فرمادیا۔کیونکہ ہو سکتا ہے مالک زمین کے حصہ والی زمین میں پیداوار ہو اور دوسرے حصے میں پیداوار نہ ہو یا اس کے برعکس ہو۔درہم،دینار اور طعام معروف کے عوض کرائے سے منع نہیں کیا(۲)

## زمین بٹائی پر دینا:

حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی مرویات میں ہے کہ:

((كَانُوا يَزْرَعُونَهَا بِالثُّلُثِ وَالرُّبُعِ وَالنِّصْفِ، فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ:مَنْ كَانَتْ لَهُ أَرْضٌ، فَلْيَزْرَعْهَا أَوْ لِيَمْنَحْهَا، فَإِنْ لَمْ يَفْعَلْ، فَلْيُمْسِكْ أَرْضَهُ))(۳)

ترجمہ:وہ زمین کو تہائی،چوتھائی،اور نصف کی بٹائی پر دیدیا کرتے تھے سو نبی ﷺ نے فرمایا جس کے پاس زمین ہو وہ یا تو خود جوتے یا دوسرے کو دیدے۔

## مزارعت کی مختلف صورتیں اوران کا حکم:

پہلی صورت زمین مزارعت پر دی اور پیداوار کا کچھ حصہ مقرر کیا،جو پیداوار ہوگی اس میں سے ۳۰ من میرے ہوں گے اور باقی تمہارے۔اگر کل پیداوار ہو ہی بیس من اور ساری پیداوار زمیندار لے جائے تو کاشتکار کو کچھ نہ ملے گا۔یہ صورت بالاجماع حرام ہے۔دوسری صورت وہ جو اس زمانے میں رائج تھی،زمیندار نے زمین کا خطہ مخصوص کر لیا کہ اس خطے میں جو پیداوار ہوگی وہ میری باقی آپ کی۔عموماً زمیندار وہ خطہ اپنے لیے مخصوص کرتا تھا جہاں پانی کی گزرگاہ قریب ہوتی تھی۔رافع بن خدیج کہتے ہیں:

كُنَّا نُكْرِي الْأَرْضَ عَلَى أَنَّ لَنَا هَذِهِ، وَلَهُمْ هَذِهِ، فَرُبَّمَا أَخْرَجَتْ هَذِهِ، وَلَمْ تُخْرِجْ هَذِهِ، فَنَهَانَا عَنْ ذَلِكَ(۴)

---

(۱) صحيح مسلم،باب كراء الارض،حدیث نمبر:۱۵۳۶، الناشر: دار إحياء التراث العربي، بيروت،۱۱۷۶/۳

(۲) شرح صحیح مسلم،علامہ غلام رسول سعیدی،ط/۸،فرید بک سٹال اردو بازار،۲۰۰۰،لاہور،۲۳۵/۴

(۳) صحيح بخاري،باب ما كان من اصحاب النبي يواسي بعضهم بعضا ،حدیث نمبر:۲۳۴۰،۱۰۷/۳

(۴) صحيح مسلم، مسلم بن الحجاج ، بَابُ كِرَاءِ الْأَرْضِ ،حدیث نمبر:۱۵۴۷، دار إحياء التراث العربي،بيروت،۱۱۸۳/۳

ترجمہ: ہم زمین کرائے پر دیتے تھے اس شرط پر کہ یہ حصہ ہمارا اور یہ ان کا، کبھی پیداوار ادھر سے ہوتی تھی ادھر سے نہیں ہوتی تھی تو آپ ﷺ نے اس سے بھی منع فرمادیا۔

یہ صورت بھی بالاجماع حرام ہے اس لیے اس نے جو حصہ اپنے لیے متعین کیا ہے ہو سکتا ہے وہیں پیداوار ہو اور دوسری جگہ نہ ہو۔ تیسری صورت یہ ہے پیداوار میں چوتھا حصہ یا چھٹا حصہ یا نصف مقرر کیا کہ میرا ہوگا باقی تمہارا اس صورت کے جواز پر فقہائے کرام کے درمیان اختلاف ہے[(۱)]

امام ابویوسف، امام محمد اور امام احمد بن حنبل رحمھم اللہ اس صورت کو بغیر کسی شرط کے جائز کہتے ہیں۔ امام اعظم ابو حنیفہ اس کو مطلقاً ناجائز کہتے ہیں۔ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں اگر یہ مزارعت مساقات کے ضمن میں ہو تو جائز ہے مثلاً زمین ہے اور اس میں باغ ہے، درختوں کے درمیان کچھ زمین خالی ہے، جس پر کھیتی لگائی جاسکتی ہے۔ تو درختوں پر مساقات کا اصل عقد ہوگا اور اس کے ضمن میں اگر مزارعت بھی ہو جائے تو جائز ہے اگر مساقات کے بغیر ہے تو ناجائز ہے امام مالک رحمۃ اللہ علیہ مساقات کے ضمن میں جائز قرار دیتے ہیں اس شرط کے ساتھ درخت زیادہ ہوں زمین کم ہو تو جائز ہے صاحبین اور امام احمد بن حنبل جو مزارعت کے علی الاطلاق جواز کے قائل ہیں وہ خیبر کے واقعہ کو دلیل بناتے ہیں خیبر میں نبی علیہ السلام نے یہودیوں کو زمین دی اور ان سے مزارعت کا معاملہ فرمایا اور یہ طے کر دیا آدھی پیداوار ان کی ہوگی اور آدھی مسلمانوں کی۔

امام اعظم ابو حنیفہ، امام مالک، اور امام شافعی کا اس مسئلے میں اتفاق ہے۔ الگ سے مزارعت جائز نہیں ان کا استدلال حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ کی روایت ہے۔ اس حدیث میں مزارعت کی ممانعت منقول ہے اور ایک روایت میں یوں ہے:

((من لم يدع المخابرة فليؤذن بِحَرب من الله عز وَجل))[(۲)]

ترجمہ: یعنی جو شخص مخابرہ نہ چھوڑے تو اللہ اور رسول کا اس کے ساتھ اعلان جنگ ہے۔

یعنی وہ احکام اس میں جاری کیے جو سود کے ہوتے ہیں۔ ایک شخص کسی کو غیر آباد زمین دے وہ اس میں خرچ کرے جب پیداوار ہو تو وہ اس میں سے اپنا حصہ لے لے۔

## نبی علیہ السلام کے زراعت میں اصلاحی اقدام:

کسی بھی ملک میں ترقی کی رفتار کو بڑھانے کے لیے ٹیکس میں چھوٹ اور بلا سود زرعی قرضے جاری کیے جاتے ہیں۔ اس وقت بھی زراعت میں ترقی کے پیش نظر کئی مراعات دیں۔ سبزیوں پر زکاۃ معاف کر دی، زیتون، تل اور شہد پر زکاۃ ادا

(۱) صحیح بخاری، مترجم: علامہ داؤد راز، ۴۷۹-۴۷۸/۳

(۲) عمدة القاري ، باب المزارعة، حدیث نمبر: ۸۲۳۲، ۱۶۷/۱۲

کرنے کی ترغیب دی مگر حکم نہیں دیا۔ کھیتی باڑی کے جانوروں پر بھی کسی قسم کا کوئی ٹیکس نہیں لگایا۔ قحط سالی اور آسمانی آفت کی صورت میں زکاۃ میں معافی دے دی۔ درختوں کو کاٹنے سے منع فرمایا۔ شہد کی مکھی، ممولہ اور دوسرے چرند پرند جو کہ زراعت کے لیے مفید ہوتے ہیں ان کو مارنے سے منع کر دیا۔

## آب پاشی کے نظام میں اصلاحی اقدامات:

زراعت اور آب پاشی لازم و ملزوم ہیں۔ آبپاشی کے نظام کے بغیر زراعت کا تصور بھی نہیں کیا جاسکتا۔ یثرب میں قبل از ہجرت پانی فروخت کرنے کا رواج عام تھا۔ کنوؤں کا پانی بھی فروخت کیا جاتا تھا، اور آب رواں بھی فروخت ہوتا تھا۔ وہاں قبیح دستور یہ بھی تھا کہ جس کی زمین نہر یا ندی کے بالائی حصہ میں ہوتی وہ عموماً نچلے حصے والے کو پانی سے محروم رکھنے کے لیے پانی روک لیتا تھا۔ حضرت ابوہریرہ کی ایک روایت ہے:

((لَا يمْنَعُ فَضْلُ الْمَاءِ لِيمْنَعَ بِهِ الْكَلَأُ))(۱)

ترجمہ: مت روکو اس پانی کو جو تمہاری ضرورت سے زیادہ ہو گھاس کو روکنے کے لیے۔

اور بالائی کھیت کا مالک اپنی اراضی سے نہر یا نالہ بھی نہ گزارنے دیتا تھا۔ آپ نے اس نظام میں اصلاح فرمائی، ضرورت سے زائد پانی بیچنے سے سختی سے منع فرمایا۔ آپ ﷺ کا فرمان ذیشان ہے:

((لَا يُبَاعُ فَضْلُ الْمَاءِ لِيُبَاعَ بِهِ الْكَلَأُ))(۲)

ترجمہ: زائد پانی کو فروخت نہ کیا جائے اس کے ذریعے سے آس پاس کی گھاس فروخت کی جائے۔

جن لوگوں کے کھیت نالے کے اوپر تھے انہیں فالتو پانی نہ روکنے کا حکم دیا۔ جن لوگوں نے لیت و لعل سے کام لیا انہیں اپنا کھیت ٹخنوں تک یا دو بالشت تک بھر لینے کے بعد فالتو پانی نیچے والے کے لیے چھوڑ دینے کا حکم دیا(۳) جاہلی قانون کی تنسیخ سے نظام آبپاشی کی ترقی کی راہ ہموار ہوئی کئی راجباہے نکالے گئے۔ حضرت زبیر بن عوام نے اپنی حرہ والی زمین کو سینچنے کے لیے وادی محضور سے ایک راجباہ نکالا جس پر ان کا ایک انصاری کے ساتھ تنازعہ ہوا(۴)

## جاگیرداری اور ساہوکاری نظام کا خاتمہ:

یثرب میں ہجرت سے پہلے ساہوکاری اور جاگیرداری نظام تھا، آمد نبی سے اس نظام کا خاتمہ ہوا، یہود کے ایک قبیلہ

---

(۱) ایضاً، باب تحریم بیع فضل الماء الذی یکون بالصلاۃ، **حدیث نمبر**:۱۵۶۶، ۱۱۹۸/۳

(۲) صحیح مسلم ،کتاب المساقاۃ، باب تحریم بیع فضل الماء الذی یکون بالصلاۃ، **حدیث نمبر** :۴۰۰۸، ۱۱۹۸/۳

(۳) موطاالامام مالک حاشیۃ المغطاعن وجہ المؤطاء، علامہ اشفاق الرحمن کاندھلوی ،ص:۶۴۳

(۴) رسول اللہ ﷺ کی زرعی منصوبہ بندی، محمد اسلم ملک ط/۱، ص:۱۰۶-۱۱۱

بنو نضیر نے ہاتھ سے کھیتی باڑی کرنے کے بجائے غلاموں کو رکھ لیا جو یہ کام کرتے تھے۔ یہودی چونکہ وسیع اراضی اور نخلستان کے مالک تھے انھوں نے یثربی کسانوں کو اس کام میں لگا دیا اور ان سے سود وصول کرتے تھے۔

مسلمانوں کی اکثریت یہودیوں کی مقروض تھی جس کا ثبوت یہ ہے کہ بنو نضیر کے مدینے سے اخراج کے وقت شرط یہ رکھی گئی کہ یہودی ساہوکار اپنے واجب الاداء سودی قرضوں کی رقم اصل سے گھٹا کر لے لیں۔ آپ نے سن ۳ ہجری میں سود کو حرام قرار دیا۔ اور یہودی ساہوکاروں کے مقابلے میں غریب کسانوں کے حقوق کا دفاع کیا ۔ حرمت ربا سے سودی لین دین خاصا کم ہو گیا[۱] آپ ﷺ قرض لیتے تھے حضرت عائشہ کی روایت ہے:

((أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ اشْتَرَى طَعَامًا مِنْ يَهُودِيٍّ إِلَى أَجَلٍ، وَرَهَنَهُ دِرْعًا مِنْ حَدِيدٍ))[۲]

ترجمہ: آپ ﷺ نے ایک یہودی سے ایک مدت کے لیے غلہ خریدا اور اپنے لوہے کی زرہ اس کے پاس رہن رکھی۔

## جنگلات کے متعلق پالیسی:

زمانہ جاہلیت میں جنگلات میں چرنے والے جانوروں پر ایک ٹیکس ہوتا تھا جسے قبیلہ کا سردار وصول کرتا تھا۔ اس وقت جنگلات قبیلہ کی ملکیت ہوتے تھے۔ جیسے ہی اسلامی ریاست قائم ہوئی تو اب یہ اختیار اسلامی ریاست کو مل گیا۔ اس ٹیکس میں بڑی سہولت دی۔ اور دور جاہلیت میں ہر بڑے اور چھوٹے ریوڑ پر ٹیکس تھا۔ مگر اس کا نصاب مقرر فرما دیا تاکہ لوگوں کے لیے سہولت ہو جائے :

((وَفِي الْغَنَمِ فِي أَرْبَعِينَ شَاة شَاةٌ، فَإِنْ لَمْ يَكُنْ إِلَّا تِسْعٌ وَثَلَاثُونَ، فَلَيْسَ عَلَيْكَ فِيهَا شَيْءٌ))[۳]

ترجمہ: چالیس بکریوں میں ایک بکری زکاۃ ہے، پس اگر وہ انتالیس ہوں تو پھر زکاۃ نہیں ہے۔

جنگلات سے عام آدمی کو فائدہ اٹھانے کی اجازت تھی۔ کسی پر کوئی روک ٹوک نہ تھی البتہ ان سرکاری جنگلوں میں چرنے والے جانوروں پر زکاۃ ادا کرنا فرض تھا۔

## آڑھیتوں کی چالاکی کا سد باب:

آپ ﷺ نے کسانوں کو آڑھیتوں کی چالاکیوں سے نجات دلانے کے لیے بھی مؤثر اقدام کیے۔ مدینہ منورہ میں غلہ کے آڑھیتوں کا وطیرہ تھا کہ مال کے منڈی میں پہنچنے سے پہلے شہر کے باہر کسانوں سے اونے پونے خرید لیتے تھے۔

---

(۱) نقوش، رسول نمبر، محمد طفیل، ادارہ فروغ اردو، لاہور، ۱۹۸۳ء، ۲۷۷/۵

(۲) صحیح بخاری ، کتاب الاستقراض ، با ب من الشتر ی بالدین ولیس عنده ثمن ، حدیث نمبر:۲۳۸۶، ۱۱۵/۳

(۳) (علامہ البانی نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے)، سنن أبي داود، بَابٌ فِي زَكَاةِ السَّائِمَةِ، حدیث نمبر: ۱۵۷۲، ۱۰۰/۲

مارکیٹ کا ریٹ معلوم نہ ہونے کی وجہ سے کسان خسارے میں رہتے۔آپ نے آڑھیتوں کو اس طرح مال خرید کرنے سے سختی سے منع کر دیا[(۱)]

مدینہ منورہ میں یہ بھی دستور تھا کہ آڑھتی نخلستانوں کو یک مشت کئی سال کے لیے خرید لیتے یا پھل کی پختگی ظاہر ہونے سے پہلے سودا کر لیتے تھے۔اس میں فائدہ آڑھیتوں کا تھا،اس طرح انہیں باغ سستے مل جاتے۔تو آپ نے یکمشت کئی سالوں کے لیے خریداری کو ممنوع قرار دیا[(۲)] حکم دیا کہ آئندہ سے کوئی باغ اس وقت تک بیچا اور خریدا نہ جائے جب تک اس کی پختگی ظاہر نہ ہو[(۳)]

## اراضی کی اقسام:

فقہ کی کتب میں زمین کی مختلف اقسام اور ان کے احکام بیان کیے گئے ہیں۔ بعض کتب میں اراضی کی چھ قسمیں اور ان کی تفصیل درج ہے۔

## اراضی مملوکہ:

اراضی مملوکہ وہ اراضی ہے جو اسباب ملکیت میں سے کسی سبب کی بناء پر کسی فرد یا جماعت کی ملکیت قرار پائی ہو۔ غیر آباد سے آباد کرنے کی بنا پر یا کسی ایسے طریقہ انتقال کی بناء پر جس میں پہلے مالک کی حقیقی رضامندی ہوا کرتی ہے۔ایسی اراضی کا حکم یہ ہے کہ اس کا مالک اس زمین میں ہر وہ تصرف کر سکتا ہے جو اس کے لیے فائدہ مند ہونے کے ساتھ دوسروں کے لیے ضرر کا باعث نہ ہو۔

## اراضی موقوفہ:

اراضی موقوفہ ،وہ اراضی جن کو ان کے مالکوں نے رفاہ عام کے لیے وقف کر دیا ہو ایسی اراضی کا حکم یہ ہے کہ وہ کسی کی ملکیت نہیں ہوتی اسے بیچا، خریدا اور ہبہ نہیں کیا جا سکتا۔

## اراضی مملکت:

اراضی مملکت، وہ اراضی ہے جو حکومت کی نگرانی میں ہو۔اس میں دو قسم کی اراضی شامل ہے۔ایک وہ جس کے

(۱) صحیح البخاری، مترجم: مولانا داؤد راز، ۳۳۹/۳

(۲) سنن ابن ماجہ، مترجم: حافظ محمد قاسم امین، مکتبۃ العلم لاہور، ۱۵۱/۲

(۳) صحیح البخاری، مترجم: مولانا محمد داؤد راز، ۲۵۷/۳

مالک اراضی وسماوی آفات میں فوت ہوگئے ہوں یا ملک چھوڑ گئے ہوں۔ اوران کا کوئی وارث نہ ہو۔ دوسری وہ جو مال غنیمت کے طور پر ملی ہو اور فاتحین میں تقسیم کے بعد بچ گئی ہو۔ ایسی اراضی کا حکم یہ ہے کہ اس میں تصرف کا حق حکومت کو حاصل ہے۔

## اراضی موات:

وہ اراضی جو غیر آباد ہو اس قسم کی اراضی کا شرعی حکم یہ ہے کہ جو شخص سب سے پہلے اسے آباد کرے وہ اس کا مالک قرار پائے گا۔

## اراضی الحوز:

فقہاء کے قول کے مطابق اس قسم میں وہ خراجی اراضی داخل ہیں جن کے مالک کسی وجہ سے ان کو کاشت کرنے اور خراج ادا کرنے سے قاصر و عاجز ہو گئے ہوں۔ انھوں نے عارضی طور پر وہ اراضی حکومت کے حوالے کر دی ہوں تاوقتیکہ وہ ان کو کاشت کرنے کے قابل نہ ہو جائیں۔ حکومت جس طرح چاہیے ان سے فائدہ اٹھا سکتی ہے [۱]

## اراضی متروکہ:

اراضی متروکہ، وہ اراضی جو شہر یا گاؤں کے اندر یا متصل قرب وجوار میں غیر زرعی مقاصد کے لیے چھوڑ دی جاتی ہے۔ جیسے کھیل کود کے میدان، چراگاہیں، قبرستان وغیرہ ان کی حیثیت اجتماعی ملکیت کی ہوتی ہے۔ اس کا حکم یہ ہے کہ اس سے آبادی کا ہر فرد فائدہ اٹھا سکتا ہے اور کسی کو اس سے روکا اور منع نہیں کیا جا سکتا [۲]

## جانور پالنے کی ترغیب:

آپ ﷺ نے زراعت کے تمام شعبوں میں ترقی کے ساتھ ساتھ جانور پالنے کی بھی ترغیب دلائی۔ فرمایا بکریاں رکھوان میں برکت ہے۔ اونٹ پالنے سے یہ کہہ کر منع کر دیا کہ ان سے تکبر پیدا ہوتا ہے، اونٹ خوراک بھی زیادہ کھاتا ہے۔ جانوروں کی خوراک کا بھی مسئلہ تھا۔ بکریاں پالنے کی ترغیب اس لیے دلائی کہ ان کی نشوونما تیزی سے ہوتی ہے ان کے لیے زیادہ خوراک بھی ضرورت نہیں ہوتی آپ نے لوگوں کو سہولت دینے کی غرض سے ایک حکم یہ بھی فرمایا کہ چالیس سے کم بکریوں میں زکاۃ نہیں ہے۔ اسی طرح وہ جانور جو کھیتی باڑی میں کام آتے ہیں ان پر بھی زکاۃ نہیں ہے ناداروں کو مرغیاں

---

(۱) البحر الرائق شرح کنز الدقائق، کِتَابُ الْوَقْفِ، شَرَائِطُ الْوَقْف ،۵/۲۰۳

(۲) مروجہ نظام زمینداری اور اسلام، مولانا محمد یاسین، مکتبہ مرکزی انجمن خدام القرآن، لاہور، ص: ۴۱-۵۰

پالنے کا حکم دیا[1] ان احکامات کا مقصد یہ تھا کہ تمام لوگ کام کاج کے ساتھ جڑ جائیں معیشت مضبوط ہو تاکہ سب لوگ خوشحالی اور آسودگی سے زندگی گزاریں۔

## حاصل کلام:

۱- ہمارا ملک ایک زرعی ملک ہے، اس کی معیشت کا انحصار زراعت پر ہے۔

۲- قرآن پاک نے زراعت کا پیشہ اختیار کرنے کی ترغیب دلائی ہے۔

۳- رزق کے حاصل کرنے کا بہترین زریعہ زراعت کو قرار دیا ہے۔

۴-زراعت وہ پیشہ ہے جو حضرت آدم علیہ السلام کی سنت ہے۔

۵-فخر رسولاں ﷺ نے زراعت کے شعبے میں رہنماء اصول عطاء فرمائے۔ غیر آباد زمینوں کی آبادکاری کو ممکن بنانے کے لیے یہ اصول دیا کہ جو غیر آباد زمین کو آباد کرے وہ اس کا مالک ہے۔

٦-بغیر پانی کے کھیتی باڑی کا تصور نہیں کیا جا سکتا۔ پانی بیچنے کا تصور ختم کیا اور بالائی زمین والے کو اس بات کا پابند کیا کہ وہ دو بالشت زمین بھرنے کے بعد زیریں زمین والے کے لیے پانی چھوڑ دے۔

۷-ساہوکاری اور جاگیرداری نظام کا بھی قلع قمع کیا۔

(۱) سنن ابن ماجہ، مترجم: حافظ محمد قاسم امین، ۲/۱۷۷-۱۷۸

# فصل پنجم:

## معاشی نظام کی بہتری تعلیمات نبوی ﷺ کی روشنی میں

کوئی بھی نظریہ چاہے وہ جس قدر اعلیٰ وارفع ہو جب تک اسے عملاً نافذ نہ کیا جائے اس کی کچھ اہمیت نہیں ہوتی۔ اسلام نے جو ہمیں معاشی نظام عطا فرمایا وہ ہر حوالے سے کامل واکمل ہے۔ضرورت اس امر کی ہے کہ اس کی عملی تنفیذ کی جائے۔ دور رسالت مآب اور خلفاء میں اس کی عملی تنفیذ کا یہ عالم تھا کہ جب اہل فضل صدقہ وخیرات کی تقسیم کے لیے معاشرے میں مستحق افراد تلاش کرتے تو انہیں کوئی ایسا شخص نہ ملتا جسے وہ صدقات وخیرات دے سکیں۔ اگر بیت المال کی آمدنی ان غرباء کی معاشی کفالت کے لیے پوری نہ ہوتی ہو تو حاکم وقت ارباب دولت کو ان کی کفالت کے لیے مجبور کر سکتا ہے۔ان کی ضروری حاجت کے مطابق روٹی کا انتظام ہو، موسم کے لحاظ سے لباس کا انتظام ہو،اور رہائش کے لیے ایسا انتظام ہو جو انہیں بارش، سردی، دھوپ اور سیلاب جیسے امور سے محفوظ رکھے۔

اللہ کے راستے میں خرچ کرنا رزق میں اضافے کا سبب بنتا ہے۔اللہ جل جلالہ کی رضا حاصل کرنے کے لیے خرچ کرنا انفاق فی سبیل اللہ کہلاتا ہے۔ نبی علیہ السلام نے بھی راہ خداوندی میں خرچ کرنے کی بڑی ترغیب دلائی ہے۔ فرمان مصطفی ﷺ ہے :

((لَوْ كَانَ عِنْدِي أُحُدٌ ذَهَبًا، لَأَحْبَبْتُ أَنْ لاَ يَأْتِيَ عَلَيَّ ثَلاَثٌ وَعِنْدِي مِنْهُ دِينَارٌ لَيْسَ شَيْءٌ أَرْصُدُهُ فِي دَيْنٍ عَلَيَّ أَجِدُ مَنْ يَقْبَلُهُ)) (۱)

ترجمہ: اگر میرے پاس احد پہاڑ کے برابر سونا ہو تو مجھے اس بات سے خوشی ہو گی کہ تین شب روز گزرنے سے پہلے ہی وہ سب تقسیم ہو جائے اور میرے پاس اتنی رقم کے علاوہ جس سے قرض ادا ہو چکا باقی نہ رہے۔

انفاق فی الخیرات برکت کا باعث ہے۔آپ ﷺ نے انفاق فی سبیل اللہ کی فضیلت بیان فرمائی، حدیث قدسی ہے:

((إِنَّ اللهَ قَالَ لِي: أَنْفِقْ أُنْفِقْ عَلَيْكَ وَقَالَ: يَدُ اللَّهِ مَلْأَى لاَ تَغِيضُهَا نَفَقَةٌ سَحَّاءُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ)) (۲)

ترجمہ: اللہ تعالی مجھے ارشاد فرماتا ہے آپ خرچ کیجئے آپ پر بھی خرچ کیا جائے گا۔اللہ رب العزت کا دایاں ہاتھ دن رات فیاضی سے بھرا ہوا ہے۔اس میں کمی واقع نہیں ہوتی کیا تم نہیں دیکھتے اس نے آسمان اور مین

---

(۱) صحيح البخاري، بَابُ تَمَنِّي الخَيْرِ ، حدیث نمبر:۷۲۲۸،۸۳/۹

(۲) صحيح البخاري، بَابُ قَوْلِهِ:وَكَانَ عَرْشُهُ،حدیث نمبر:۴۶۸۴،۷۳/۶

پیدا کرنے میں کتنی فیاضی کی ہے لیکن اس کے دائیں ہاتھ میں کوئی کمی واقع نہیں ہوئی۔

پاکیزہ رزق کے استعمال سے پاکیزہ جزبات اور خیالات واحساسات جنم لیتے ہیں۔اور دوسروں پر خرچ کرنے کا بھی جزبہ پیدا ہوتا ہے، جو اللہ کو محبوب ہے۔رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

((اليَدُ العُلْيَا خَيْرٌ مِنَ اليَدِ السُّفْلَى))(۱)

ترجمہ: اوپر والا ہاتھ نیچے والے ہاتھ سے بہتر ہے۔

یعنی دینے والا ہاتھ، لینے والے ہاتھ سے بہتر ہے۔اس حدیثِ پاک سے مقصود گداگری اور دوسروں کے آگے ہاتھ پھیلانے سے روکنا ہے۔اور یہ تعلیم بھی کہ آدمی کو اپنے روزی خود کمانی چاہیئے، کسی دوسرے شخص پر بار اور بوجھ بن کر زندگی نہیں گزارنی چاہیئے۔بلکہ لوگوں پر خرچ کرنے کا جذبہ ہونا چاہیئے۔معاشی نظام کو بہتر بنانے کے لیے ہم نبوی تعلیمات پر عمل کریں جو ہمارے لیے مینارہ نور ہیں۔اس فصل میں معاشی نظام کو بہتر بنانے کے لیے تعلیمات نبوی کا ذکر ہے، تاکہ تعلیمات مصطفی کی روشنی میں ہم معاشی نظام کو بہتر بنانے میں کامیاب ہو سکیں۔

## معاشی نظام کی بہتری کے اصول:

نبی اکرم ﷺ نے معاشی نظام کو بہتر کیا اور بیع کے غلط طریقوں سے منع فرمایا آج بھی بیع کے غلط طریقوں کو روک کر معاشی نظام میں بہتری لائی جاسکتی ہے۔تجارت رزق حاصل کرنے کے اہم اسباب میں سے ایک ہے اور یہ وہ سبب ہے جس کی اہمیت اور افادیت ہر دور میں یکساں طور پر تسلیم کی گئی ہے۔لیکن دور حاضر میں عالمی معیشت میں اس کی حیثیت ریڑھ کی ہڈی کی طرح ہے۔آج جس قوم نے بھی تجارت کو اپنایا ہوا ہے، اس کی نہ صرف معاشی حالت بہتر ہے بلکہ سیاسی اعتبار سے بھی وہ ملکی اور عالمی سطح پر غالب ہے۔ایک وقت تھا جب کہ مسلمان تجارت کے میدان میں ساری قوموں سے آگے تھے، جس کے بہت سے دینی و دنیوی فوائد حاصل تھے۔البتہ تجارتی اسفار میں دعوت دین ہمیشہ ان کے پیش نظر رہتا تھا۔لیکن دھیرے دھیرے مسلمانوں نے تجارت میں دعوتِ دین کو ترک کیا اور محض حصول رزق کے دوسرے ذرائع اختیار کر لئے جو قوم کے زوال کا ایک سبب بنا۔قوم کی کسبی روش میں یہ تبدیلی شاید اس وجہ سے واقع ہوئی کہ اس کی نگاہوں کے سامنے رسول پاک ﷺ کا یہ فرمان نہ رہا:

((قِيلَ: يَا رَسُولَ اللهِ، أَيُّ الْكَسْبِ أَطْيَبُ؟ قَالَ:عَمَلُ الرَّجُلِ بِيَدِهِ وَكُلُّ بَيْعٍ مَبْرُورٍ))(۲)

---

(۱) صحيح البخاري، ، بَابُ لاَ صَدَقَةَ إِلَّا عَنْ ظَهْرِ غِنًى، حدیث نمبر: ۱۴۲۷، ۱۱۲/۲

(۲) (یہ حدیث حسن لغیرہ ہے)، مسند الإمام أحمد بن حنبل، ۱۷۲۶۵، ۵۰۲/۲۸

ترجمہ: جب آپ ﷺ سے یہ دریافت کیا گیا کہ کون سی کمائی سب سے زیادہ پاکیزہ ہے تو آپ ﷺ نے فرمایا: آدمی کا اپنے ہاتھ سے کوئی کام کرنا اور ہر وہ تجارت جو پاکبازی کے ساتھ ہو۔

یعنی شریعت اسلامیہ کی عائد کردہ پابندیوں کو ملحوظ رکھ کر کی جائے۔ افسوس اس بات پر ہے کہ مسلمان شرعی اور اخلاقی ضابطوں سے بے نیاز ہو کر تجارت کر رہے ہیں۔ حالانکہ اگر وہ نبی کریم ﷺ کی سنتوں کو اپنی تجارت میں داخل کرلیں تو ان کی تجارت اللہ تعالیٰ کے قرب کے حصول کا ذریعہ بن جائے گی، اس دنیا میں بھی اس کی برکتیں اپنی آنکھوں سے دیکھیں گے اور آخرت میں بھی اللہ سبحانہ و تعالیٰ کے انعامات سے مالامال ہوں گے۔ اسی مقصد کے پیش نظر آئندہ سطور میں تجارت کے اہم اسلامی اصول کو منظر عام پر لانے کی کوشش کی ہے۔

## علی الصباح تجارتی اور دیگر معاملات کے لیے نکلنا:

تجارت کے لئے صبح سویرے نکلنا اور اپنی دکان علی الصباح کھولنا باعث برکت ہے کیونکہ اس وقت کے لیے نبی کریم ﷺ نے دعا فرمائی ہے۔ نبی ﷺ کی اس دعا کا تعلق صرف تجارت اور کاروبار سے ہی نہیں بلکہ زندگی کے دیگر امور سرانجام دینے کے لیے اگر علی الصباح ہی آغاز کیا جاے تو بہت فوائد حاصل ہوں گے، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

(( عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: اللَّهُمَّ بَارِكْ لِأُمَّتِي فِي بُكُورِهَا وَكَانَ إِذَا بَعَثَ سَرِيَّةً أَوْ جَيْشًا بَعَثَهُمْ مِنْ أَوَّلِ النَّهَارِوَكَانَ صَخْرٌ رَجُلًا تَاجِرًا، وَكَانَ يَبْعَثُ تِجَارَتَهُ مِنْ أَوَّلِ النَّهَارِ فَأَثْرَى وَكَثُرَ مَالُهُ ))(۱)

یعنی اے اللہ میری امت کے لئے دن کے ابتدائی حصے میں برکت ڈال دے اور آپ ﷺ کو جب بھی کوئی سریہ روانہ کرنا ہوتا تو اسے دن کے ابتدائی حصے میں روانہ فرمایا کرتے تھے۔ صخرؓ ایک تاجر آدمی تھے، وہ اپنی تجارتی کارندوں کو دن کے اول حصے میں روانہ کیا کرتے تھے چنانچہ وہ مالدار ہو گئے تھے اور ان کی دولت بہت بڑھ گئی تھی۔

افسوس ہے کہ آج ہم اسلامی تعلیم سے بے بہرہ ہو کر رات کو دیر تک لہو ولعب میں مشغول رہتے ہیں۔ صبح کو نماز اور ذکر و تلاوت سے غافل ہو کر سوتے رہتے ہیں۔ ہمیں چاہیے کہ صبح سویرے ہی اپنے کاروبار کی طرف نکلیں، گو اس وقت کاروبار نہ ہو جب بھی اس برکت کو حاصل کرنے کی نیت سے اپنے کام پر ضرور جانا چاہیے۔

## خرید و فروخت میں حرام اشیاء سے اجتناب:

اللہ تعالیٰ نے اکتساب معیشت کے لا محدود ذرائع بنائے ہیں۔ انسان ان ذرائع کے استعمال کے معاملے میں نہ تو مکمل

---

(۱) سنن أبي داود، حدیث نمبر:۲۶۰۶، ۳۵/۳ (علامہ البانی کے نزدیک یہ حدیث صحیح ہے)۔

آزاد ہے اور نہ ہی اپنی مرضی سے حلال و حرام اور جائز و ناجائز کی حد وضع کر لینے کا اختیار رکھتا ہے۔ ان حدود کو مقرر کرنا اور ان کا خیال رکھنا اللہ تعالیٰ کا حق ہے۔ اپنی مرضی سے حلال و حرام مقرر کرنے سے اللہ تعالیٰ نے منع فرمایا:

اور اپنی زبان سے جھوٹے احکام نہ لگاؤ کہ یہ حلال ہے اور یہ حرام [(۱)]

علامہ آلوسی رحمہ اللہ اس آیۃ کی تشریح کرتے ہوئے ارشاد فرماتے ہیں:

جس چیز کے حلال یا حرام ہونے کا حکم تمہیں نہ پہنچے اسے حلال یا حرام نہ کہو ورنہ تم اللہ پر جھوٹ باندھنے والے ہو گے کیونکہ حلت و حرمت کا اختیار اللہ کے سوا کسی اور کے لیے روا نہیں ہے [(۲)]

اگر کوئی شخص حلال کو حرام اور حرام کو حلال اپنی منشاء سے بنا دے تو اس طرح معاشی نظام میں زبردست بگاڑ پیدا ہو جائے گا جس کے کچھ آثار ابھی بھی اہل علم کے سامنے ہیں۔ لہذا پائدار معیشت کے لیے ضروری ہے کہ ان حدود اور ضابطوں کا مکمل خیال رکھا جائے جو اللہ اور اس کے رسول ﷺ نے مقرر فرمائے ہیں۔ کسی مسلمان کے لیے جائز نہیں ہے کہ حرام اور ناپاک چیز فروخت کرے۔

ایک مسلمان تاجر کو چاہیے کہ وہ خود کو حلال اشیاء کی تجارت تک ہی محدود رکھے، حرام کی طرف قدم نہ بڑھائے گو مالی منفعت اس میں زیادہ نظر آئے کیوں کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ نے ایسی تجارت کو حرام قرار دیا ہے۔

حضرت جابر بن عبد اللہؓ سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو فتح مکہ کے سال یہ فرماتے ہوئے سنا:

(( إِنَّ اللَّهَ وَرَسُولَهُ حَرَّمَ بَيْعَ الخَمْرِ، وَالمَيْتَةِ وَالخِنْزِيرِ وَالأَصْنَامِ فَقِيلَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَرَأَيْتَ شُحُومَ المَيْتَةِ، فَإِنَّهَا يُطْلَى بِهَا السُّفُنُ، وَيُدْهَنُ بِهَا الجُلُودُ، وَيَسْتَصْبِحُ بِهَا النَّاسُ فَقَالَ: لاَ، هُوَ حَرَامٌ، ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ عِنْدَ ذَلِكَ: قَاتَلَ اللَّهُ اليَهُودَ إِنَّ اللَّهَ لَمَّا حَرَّمَ شُحُومَهَا جَمَلُوهُ، ثُمَّ بَاعُوهُ، فَأَكَلُوا ثَمَنَهُ)) [(۳)]

ترجمہ: بے شک اللہ اور اس کے رسول ﷺ نے شراب، مردار، خنزیر اور بتوں کی تجارت کو حرام قرار دیا ہے۔ جب آپ ﷺ سے یہ عرض کیا گیا کہ اے اللہ کے رسول ﷺ مردار جانور کی چربی کے بارے میں آپ ﷺ کی کیا رائے ہے کیوں کہ اس سے کشتیوں (کے تختوں) کو روغن کیا جاتا ہے، چمڑوں کو نرم (چکنا) کیا جاتا ہے اور لوگ اس سے روشنی کرتے (یعنی چراغ جلاتے) ہیں تو آپ ﷺ نے فرمایا: نہیں، وہ حرام ہے۔ پھر اسی وقت رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ یہودیوں کو ہلاک کرے جب اللہ تعالیٰ نے ان پر جانوروں کی چربی حرام کر دی تو انہوں نے اسے پگھلایا، پھر اسے فروخت کر کے

---

(۱) سورۃ النحل ۱۶: ۱۱۶

(۲) تفسیر روح المعانی ،شیخ شہاب الدین الالوسی البغدادی ،ادارۃ الطباعۃ المیزیہ مصر ،۱۳۴۵ھ،۲۲۶/۱۴

(۳) صحیح البخاري، بَابُ بَيْعِ المَيْتَةِ ،حدیث نمبر:۲۲۳۶، ۸۴/۳

اس کی قیمت کھائی۔

حضرت ابی جحیفہؓ سے روایت ہے:

((نَهَى النَّبِيُّ ﷺ عَنْ ثَمَنِ الكَلْبِ وَثَمَنِ الدَّمِ))(۱)

ترجمہ: نبی کریم ﷺ نے کتے کی قیمت اور خون کی قیمت لینے سے منع فرمایا ہے۔

جن اشیاء کی تجارت کو یہاں حرام قرار دیا گیا ہے وہ سب اسلام میں حرام ہیں، لہٰذا اس کا اطلاق ان اشیاء کی تجارت پر بھی ہوگا جن کا نام یہاں تو نہیں لیا گیا لیکن جن کی حرمت نصوص سے ثابت ہے اور جن کے حرام ہونے پر علماء امت کا اتفاق ہے، مثلاً تمام نشہ آور اشیاء، آلات غنا و مزامیر، حرام و معصیت کے کھیلوں میں استعمال ہونے والے سامان، جھوٹے قصے کہانیاں، عشقیہ شاعری، رومانی ناول وافسانے، فحش لٹریچر اور باطل نظریات پر مبنی کتابیں، عریانیت و فحاشی کو فروغ دینے والی فلمیں اور ویڈیوز، فحش گانوں اور موسیقی کے البم وغیرہ۔

## تجارت کے ذریعہ گناہ اور ظلم و زیادتی کے کاموں میں معاون بننے سے پرہیز کرنا:

اس اصول کا اطلاق تجارت کے میدان میں بھی ہوتا ہے۔ ایک تاجر کو یہ غور و فکر کرنا چاہیے کہ اس کی تجارت بلاواسطہ یا بالواسطہ گناہ کے فروغ میں مددگار تو نہیں ہو رہی ہے۔ اور اگر اسے یہ یقین ہو خریدار مجھ سے خریدی ہوئی چیز کا استعمال حرام مقاصد کے لئے کرے گا تو اس کا اس خریدار کے ساتھ معاملہ کرنا جائز نہیں ہوگا گرچہ حلال اشیاء کا ہی ہو۔ مثلاً انگور بیچنے والے کو اگر یہ یقین ہو جائے کہ خریدار اس کا استعمال شراب بنانے کے لیے کرے گا تو اس کے ساتھ اس کا تجارتی معاملہ کرنا درست نہیں ہوگا۔ حضرت بریدہؓ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

((مَنْ حَبَسَ الْعِنَبَ أَيَّامَ قِطَافِهِ حَتَّى يَبِيعَهُ مِنْ يَهُودِيٍّ أَوْ نَصْرَانِيٍّ، لِيَتَّخِذَ خَمْرًا، فَقَدْ تَقَحَّمَ النَّارَ عِيَانًا)) (۲)

ترجمہ: جس نے انگور کو اس کے توڑنے کے زمانے میں روک لیا کہ وہ کسی یہودی یا عیسائی کو بیچے تاکہ وہ اس سے شراب کشید کرے تو وہ جانتے بوجھتے آتش دوزخ میں جا گھسا۔

## جو چیز اپنی ملکیت اور قبضہ میں نہ ہو اس کی بیع سے پرہیز کرنا:

جو اشیاء حلال ہیں ان کی تجارت میں بھی یہ اصول پیش نظر رہنا چاہیے کہ جو چیز اپنے قبضہ میں نہ ہو اس کی بیع سے پرہیز کرے کیوں کہ رسول اللہ ﷺ نے اس طرح کی بیع سے منع فرمایا ہے، حضرت حکیم بن حزامؓ سے روایت ہے:

---

(۱) صحیح البخاری، کتاب البیوع، بابُ مُوکِلِ الرِّبا، حدیث نمبر: ۲۰۸۶، ۵۹/۳

(۲) المعجم الأوسط، حدیث نمبر: ۵۳۶۵، ۲۹۴/۵

((قَالَ: نَهَانِي رَسُولُ اللَّهِ ﷺ أَنْ أَبِيعَ مَا لَيْسَ عِنْدِي)) (۱)

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ نے منع کیا ہے مجھ کو اس سے کہ بیچوں میں وہ چیز جو میرے پاس نہ ہو۔

ایک روایت میں یوں ہے:

((عَنْ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ قَالَ: أَتَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ ﷺ فَقُلْتُ: يَأْتِينِي الرَّجُلُ يَسْأَلُنِي مِنَ الْبَيْعِ مَا لَيْسَ عِنْدِي، أَبْتَاعُ لَهُ مِنَ السُّوقِ، ثُمَّ أَبِيعُهُ قَالَ: لَا تَبِعْ مَا لَيْسَ عِنْدَكَ)) (۲)

ترجمہ: حضرت حکیم بن حزامؓ سے روایت ہے میں نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا میں نے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ ایک شخص میرے پاس آتا ہے اور مجھ سے ایسی چیز خریدنے کا ارادہ کرتا ہے جو میرے پاس موجود نہیں ہوتی تو میں اس سے اس کا معاملہ کرلیتا ہوں پھر اس چیز کو اس کے لئے بازار سے خرید لاتا ہوں آپ ﷺ نے فرمایا تم کسی ایسی چیز کی بیع نہ کرو جو تمہارے پاس نہیں ہے۔

حضرت عبداللہ بن عمروؓ سے ایک روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

((قَالَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ: لَا يَحِلُّ بَيْعُ مَا لَيْسَ عِنْدَكَ)) (۳)

ترجمہ: جو چیز تمہارے پاس نہ ہو اس کا فروخت کرنا تیرے لئے حلال (جائز) نہیں ہے۔

اس حکم کے پیچھے حکمت یہ ہے کہ اس بات کا امکان ہے کہ وہ سامان بازار میں نہ ملے جس کی قیمت پہلے ہی لے لی گئی ہے یا اگر مل جائے تو اس کا بھی امکان ہے کہ گاہک سے لی گئی قیمت سے کم یا بہت زیادہ قیمت میں ملے اور یہ بھی کہ بازار سے خرید لانے کے بعد وہ گاہک کو پسند آئے یا نہ آئے، ان سب صورتوں میں تاجر اور گاہک کے مابین اختلاف اور جھگڑے کا قوی امکان ہے اس لئے نبی ﷺ نے اس طرح کی بیع سے منع فرمادیا۔ بلکہ تاجر اگر کوئی سامان خرید بھی چکا ہو مگر وہ اس کے قبضے میں ابھی تک نہ آیا ہو تو بھی اس کا اس کو بیچنا درست نہیں، اس سلسلے میں بھی رسول اللہ ﷺ کی واضح ہدایات موجود ہیں۔

حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

((مَنِ ابْتَاعَ طَعَامًا فَلاَ يَبِعْهُ حَتَّى يَسْتَوْفِيَهُ)) (۴)

ترجمہ: جو شخص غلہ خریدے تو اس کو اس وقت تک فروخت نہ کرے جب تک کہ اسے پوری طرح قبضہ میں نہ لے لے۔

اس روایت میں قبضے سے قبل فروخت کرنے کی ممانعت کا حکم ہے۔ اس لئے احتیاط کا تقاضہ یہی ہے کہ ایک

---

(۱) (شیخ البانی نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے)، سنن الترمذي، بَابُ مَا جَاءَ ، حدیث نمبر: ۱۲۳۳، ۵۲۶/۳

(۲) (شیخ البانی نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے)، سنن الترمذي، بَابُ مَا جَاءَ ، حدیث نمبر: ۱۲۳۲، ۵۲۶/۳

(۳) (شیخ البانی کے نزدیک یہ حدیث حسن صحیح ہے)، سنن ابن ماجه، بَابُ النَّهْيِ عَنْ بَيْعِ، حدیث نمبر: ۲۱۸۸، ۷۳۷/۲

(۴) صحيح البخاري، كتاب البيوع، بَابُ بَيْعِ الطَّعَامِ ، حدیث نمبر: ۲۱۳۶، ۶۸/۳

مسلمان تاجر کوئی بھی چیز اپنے قبضے میں آنے سے قبل کسی کو فروخت نہ کرے۔

## تجارتی معاملات میں باہمی رضامندی:

بیع و شراء کے انعقاد کے بنیادی شرائط میں سے ایک یہ ہے کہ معاملہ بائع اور مشتری کے باہمی رضامندی سے طے کیا جائے۔ بیچنے والا اپنے اختیار سے اپنی چیز بیچے اور خریدنے والا بھی اپنے اختیار اور خوشنودی سے اسے خرید۔ اگر کسی جانب سے بھی دوسرے فریق کو مجبور کر کے معاملہ کرایا گیا ہو، جب کہ وہ دل سے اس پر راضی نہ تھا تو یہ بیع درست نہیں ہو گی بلکہ منعقد ہی نہیں ہو گی[1] نبی کریم ﷺ کا بھی ارشاد ہے:

((إِنَّمَا الْبَيْعُ عَنْ تَرَاضٍ))[2]

ترجمہ: بیع (فریقین کی) باہمی رضامندی سے ہی ہوتی ہے۔

آپ ﷺ کا یہ بھی فرمان ہے:

((لَا يَحِلُّ لِامْرِئٍ أَنْ يَأْخُذَ عَصَا أَخِيهِ بِغَيْرِ طِيبِ نَفْسٍ مِنْهُ ))[3]

ترجمہ: کسی شخص کے لئے یہ حلال نہیں کہ وہ اپنے بھائی کا عصا بھی اس کی رضامندی کے بغیر لے۔

یہ حدیث بغیر رضامندی کے کسی بھائی کی کوئی چیز لینے کی حرمت کو واضح کر رہی ہے۔ جسے سمجھنا کوئی مشکل امر نہیں کہ لاٹھی جیسی معمولی چیز بھی جب کسی سے بغیر اس کی رضامندی کے لینا حلال نہیں تو دوسری اہم چیزیں کیسے حلال ہو سکتی ہیں؟ اس لئے ایک مسلمان کو چاہیے کہ وہ خرید و فروخت کے ہر معاملے میں اس بنیادی اصول کا لحاظ رکھے۔ بصورت دیگر وہ دوسرے کا مال باطل طریقے سے ہڑپ کرنے والوں میں شمار کیا جائے گا۔ یہاں یہ واضح کر دینا بھی مناسب ہے کہ یہ رضامندی حقیقی ہونی چاہیے، رسمی اور مصنوعی نہیں۔ نہ اس میں جبر کا پہلو شامل ہو اور نہ ہی دھوکہ اور فریب۔ اگر ان حربوں سے رضامندی حاصل کی گئی تو شریعت میں اس کا کوئی اعتبار نہیں اور متاثرہ فریق کو بیع منسوخ کرنے کا اختیار ہو گا۔

## قیمت متعین کرنا اور اسے مجہول نہ رکھنا:

بیع کے منعقد ہونے کی بنیادی شرائط میں سے یہ ہے کہ فروخت ہونے والی چیز اور قیمت دونوں معلوم اور معین ہوں نیز فریقین باہمی رضامندی سے ان کے تبادلے پر راضی ہوں۔ مجہول اور غیر معین ثمن کے ساتھ بیع صحیح نہیں ہوتی۔

---

(۱) يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَأْكُلُوا أَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ إِلَّا أَنْ تَكُونَ تِجَارَةً عَنْ تَرَاضٍ مِنْكُمْ (سورۃ النّساء ۴: ۲۹)

ترجمہ: ایمان والو آپس میں ایک دوسرے کا مال ناحق طریقے سے نہ کھاؤ، الا یہ کہ کوئی تجارت باہمی رضامندی سے وجود میں آئی ہو (تو وہ جائز ہے)۔

(۲) (علامہ البانی نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے)، سنن ابن ماجه، کتاب التجارات، بَابُ بَيْعِ الْخِيَارِ، حدیث نمبر: ۲۱۸۵، ۲/ ۷۳۷

(۳) الإحسان في تقريب صحيح ابن حبان، حدیث نمبر: ۵۹۷۸، ۱۳/ ۳۷۳

کیوں کہ فقہاء نے بیع کی تعریف ہی یہی کی ہے کہ یہ باہمی رضامندی کے ساتھ مال کے عوض مال کا تبادلہ ہے یا ملکیت کی منتقلی ہے۔حافظ ابن حجر عسقلانیؒ نے بیع کی تعریف یوں کی ہے:

وَالْبَيْعُ نَقْلُ مِلْكٍ إِلَى الْغَيْرِ بِثَمَنٍ(۱)

ترجمہ:اور بیع قیمت کے عوض کسی چیز کی ملکیت دوسرے کی طرف منتقل کرنا ہے۔

اس لیے یہ ضروری ہے کہ فروخت ہونے والی چیز کی قیمت متعین کی جائے جو فریقین کے علم میں آجائے خواہ وہ معاملہ نقد ہو یا ادھار کا اور سامان کی قیمت متعین کیے بغیر کوئی بھی تجارتی معاملہ نہ کیا جائے۔ کبھی کبھی ایسا ہوتا ہے کہ تعلقات کی وجہ سے سامان فروخت کرنے والا خریدنے والے سے یہ کہتا ہے کہ آپ یہ سامان لے جائیں اور بازار میں جو قیمت رائج ہے یا جس قیمت پر لوگ اسے فروخت کر رہے ہیں، وہ مجھے آپ ادا کر دیں۔جب کہ بازار میں رائج قیمت کا فریقین کو علم نہیں ہوتا۔ اس صورت میں قیمت کے مجہول رہنے کی وجہ سے بیع درست نہیں ہوتی۔

## ادھار معاملات کو ضبط تحریر میں لانا:

یہ بھی تجارتی اصول میں سے ہے کہ خرید و فروخت کا معاملہ اگر ادھار پر مبنی ہو تو اسے لکھ لینا چاہیے۔ایسی صورت میں قیمت کے ساتھ ادائیگی کی مدت اور یہ کہ ادائیگی یکمشت ہو گی یا قسطوں میں اور اگر قسطوں میں ہو گی تو کتنی قسطوں میں ہو گی۔ان سب باتوں کو تحریر کر لینا چاہیے، تاکہ آگے چل کر کسی بھی فریق کی بھول چوک جس کا وقت گزرنے کے ساتھ امکان رہتا ہے سے کسی قسم کی غلط فہمی اور اختلاف کی راہ ہموار نہ ہو۔ یہ معاملہ اتنا اہم ہے کہ اللہ رب العزت نے اپنے کلام میں اس کی تاکید فرمائی ہے، ارشاد ربانی ہے:

﴿يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا تَدَايَنْتُمْ بِدَيْنٍ إِلَى أَجَلٍ مُسَمًّى فَاكْتُبُوهُ﴾(۲)

ترجمہ:اے ایمان والو جب تم معین میعاد کے لئے ادھار کا کوئی معاملہ کرو تو اسے لکھ لیا کرو۔

اس کا ایک فائدہ یہ ہے کہ فریقین میں سے اگر کسی کا انتقال ہو جائے تو ان کے ورثا کے لئے حق کی ادائیگی یا وصولی دونوں ہی میں یہ تحریر معاون ثابت ہو گی۔

## کم منافع پر اکتفا کر کے مخلوق خدا کو نفع پہنچانا:

مسلمان تاجروں کو چاہیے کہ وہ کم منافع پر اکتفا کریں اور اپنی تجارت میں جذبہ احسان کو پیش نظر رکھیں کیوں کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

---

(۱) فتح الباري شرح صحيح البخاري،۴/۲۸۷

(۲) سورۃالبقرۃ۲: ۲۸۲

﴿ إِنَّ رَحْمَتَ اللَّهِ قَرِيبٌ مِنَ الْمُحْسِنِينَ ﴾ (۱)

ترجمہ: بے شک اللہ کی رحمت احسان کرنے والوں کے قریب ہے۔

ضرورت مند خریدار اگر اپنی مجبوری کی وجہ سے زیادہ نفع دینے پر بھی تیار ہو تو بھی احسان کا تقاضا یہ ہے کہ زیادہ نفع نہ لیا جائے۔ کم نفع لے کر زیادہ مال فروخت کرنا ایک ایسی پالیسی ہے جس سے تجارت میں کافی فائدہ ہوتا ہے۔

## دھوکا دہی سے پرہیز کرنا:

تاجر کو چاہیے کہ خریدار کو دھوکا نہ دے اگر اس کے سامان میں کسی قسم کا عیب ہو تو اس کو نہ چھپائے بلکہ سچائی کے ساتھ بیان کردے۔ اگر چھپائے گا تو خیانت کا مرتکب ہوگا اور ایسی صورت میں خریدار کو یہ اختیار ہوگا کہ وہ تاجر کو عیب دار مال واپس کردے اور اپنی رقم لے لے۔ عقبہ بن عامرؓ سے روایت ہے کہ رسول ﷺ نے فرمایا:

((لَا يَحِلُّ لِمُسْلِمٍ بَاعَ مِنْ أَخِيهِ بَيْعًا فِيهِ عَيْبٌ إِلَّا بَيَّنَهُ لَهُ )) (۲)

ترجمہ: کسی مسلمان کے لئے یہ جائز نہیں کہ اپنے بھائی کے ہاتھ کوئی ایسی چیز فروخت کرے جس میں کوئی عیب ہو، الا یہ کہ اس کے سامنے اس (عیب) کو ظاہر کردے۔

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے:

((أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ مَرَّ عَلَى صُبْرَةِ طَعَامٍ فَأَدْخَلَ يَدَهُ فِيهَا، فَنَالَتْ أَصَابِعُهُ بَلَلًا فَقَالَ: مَا هَذَا يَا صَاحِبَ الطَّعَامِ قَالَ أَصَابَتْهُ السَّمَاءُ يَا رَسُولَ اللهِ، قَالَ: أَفَلَا جَعَلْتَهُ فَوْقَ الطَّعَامِ كَيْ يَرَاهُ النَّاسُ، مَنْ غَشَّ فَلَيْسَ مِنِّي)) (۳)

ترجمہ: کہ رسول اللہ ﷺ (بازار میں) غلے کی ایک ڈھیر کے پاس سے گزرے، آپ ﷺ نے اپنا ہاتھ اس کے اندر داخل کردیا تو آپ ﷺ کی انگلیوں نے گیلا پن محسوس کیا۔ پس آپ ﷺ نے فرمایا: اے غلے کے مالک یہ کیا ہے۔ اس نے عرض کیا: یا رسول اللہ ﷺ! اس پر بارش کی بوندیں پڑ گئی تھیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تو تم نے اس (بھیگے ہوئے غلے) کو ڈھیری کے اوپر کیوں نہیں کردیا تاکہ لوگ اسے دیکھ سکتے۔ یاد رکھو جو شخص دھوکا بازی کرے وہ مجھ سے نہیں۔

نبی اکرم ﷺ نے ایک غلام یا لونڈی کو فروخت کیا اور خریدار عداء بن خالدؓ کو یہ تحریر لکھ دی:

هَذَا مَا اشْتَرَى العَدَّاءُ بْنُ خَالِدِ بْنِ هَوْذَةَ مِنْ مُحَمَّدٍ رَسُولِ اللَّهِ ﷺ، اشْتَرَى مِنْهُ عَبْدًا أَوْ أَمَةً،

---

(۱) سورۃ الاعراف ۷: ۵۶

(۲) (علامہ البانی کے نزدیک یہ حدیث صحیح ہے)، سنن ابن ماجه، بَابُ مَنْ بَاعَ عَيْبًا، حدیث نمبر: ۲۲۴۶، ۷۵۵/۲

(۳) صحیح مسلم، حدیث نمبر: ۱۰۲، ۹۹/۱

لَا دَاءَ وَلَا غَائِلَةَ وَلَا خِبْثَةَ، بَيْعَ الْمُسْلِمِ الْمُسْلِمَ [۱]

ترجمہ: یہ بیع نامہ ہے ایک ایسی چیز کا جو عداء بن خالد بن ھوذہ نے اللہ کے رسول محمد ﷺ سے خریدی ہے، اس نے آپ ﷺ سے ایک ایسا غلام یا لونڈی خریدی ہے جس میں نہ تو کوئی بیماری ہے، نہ بھگوڑا پن اور نہ ہی کوئی (اور) خباثت (یعنی اخلاقی برائی)، یہ ایک مسلمان کی مسلمان کے ساتھ بیع ہے۔

آج کے دور میں رسید اور وارنٹی کے کاغذات کا دیا جانا تعلیم نبوی ﷺ کی رو سے ایک مستحسن عمل ہے جس میں اس بات کی گنجائش موجود رہتی ہے کہ بعد میں سامان میں کوئی نقص ہو تو خریدار ثبوت کے ساتھ فروخت کنندہ سے رجوع کر سکتا ہے۔

تجارت کی بعض شکلیں ایسی ہیں جن میں فی نفسہ دھوکا موجود ہوتا ہے۔ جیسے پانی میں موجود مچھلی کی بیع کہ اس میں بیچنے والے اور خریدنے والے دونوں میں سے کسی فریق کو حتمی طور پر یہ پتا نہیں ہوتا کہ اس میں مچھلی کی مقدار کتنی ہے۔ لہٰذا ہر فریق کے دھوکے کا امکان ہے۔ اس کی دوسری مثالیں غائب جانور یا فضا میں اڑتے ہوئے پرندے کی بیع، دودھ کی بیع جو جانور کے تھن میں ہی ہو وغیرہ۔ سیدنا عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں:

((نَهَى رَسُولُ اللَّهِ ﷺ أَنْ تُبَاعَ ثَمَرَةٌ حَتَّى تُطْعَمَ، وَلَا صُوفٌ عَلَى ظَهْرٍ، وَلَا لَبَنٌ فِي ضَرْعٍ)) [۲]

ترجمہ: آپ ﷺ نے کھانے کے قابل ہونے سے پہلے پھل بیچنے، اسی طرح پیٹھ پر اون، تھن میں دودھ کی بیع سے منع فرمایا۔

اس طرح کی بیع جس میں بیچی جانے والی چیز اپنی جنس، ذات، مقدار اور اوصاف کے لحاظ سے مبہم اور مجہول ہو، متعین اور واضح نہ ہو یا بیچنے والے کے قبضہ وقدرت سے باہر ہو اور اس کی سپردگی ممکن نہ ہو، اس کو شریعت کی اصطلاح میں بیع غرر کہا جاتا ہے۔ اسی طرح بیع حصاۃ سے بھی منع کیا گیا ہے۔ حصاۃ کنکری کو کہتے ہیں، اس بیع کی صورت یہ ہے کہ خرید وفروخت کے وقت بائع مشتری سے کہے کہ بات چیت کے درمیان میں تجھ پر کنکری پھینک دوں تو بیع لازم ہو جائے گی۔ یہ بھی ممنوع بیوعات میں سے ہے۔ حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے:

(( نَهَى رَسُولُ اللهِ ﷺ عَنْ بَيْعِ الْحَصَاةِ، وَعَنْ بَيْعِ الْغَرَرِ)) [۳]

رسول اللہ ﷺ نے بیع حصات اور بیع غرر سے منع فرمایا ہے۔

آپ ﷺ نے ایک شخص کو فرمایا جسے خرید وفروخت میں اکثر دھوکا ہو جاتا تھا۔

---

(۱) (علامہ البانی کے نزدیک یہ حدیث حسن ہے)، سنن الترمذي، بَابُ مَا جَاءَ فِي كِتَابَةِ الشُّرُوطِ، حدیث نمبر: ۱۲۱۶، ۵۱۲/۳

(۲) المعجم الاوسط، حدیث نمبر: ۳۷۰۸، ۱۰۱/۴

(۳) صحیح مسلم، کتاب البیوع، باب بُطْلَانِ بَيْعِ الْحَصَاةِ، حدیث نمبر: ۱۵۱۳، ۱۱۵۳/۳

((مَنْ بَايَعْتَ فَقُلْ: لَا خِلَابَةَ ، يَعْنِي لَا غَدْرَ))(۱)

ترجمہ: جس سے تو خرید وفروخت کرے تو یہ شرط لگا کہ دھوکا نہیں ہوگا۔

اس سے یہ فائدہ ہوگا کہ جب چیز خریدی جائے اور بعد میں پتہ چلے کہ اس نے دھوکا کیا ہے تو بیع ٹوٹ جائے گی اور رقم واپس ہوگی۔ خرید وفروخت میں جھوٹ سے بھی برکت اٹھ جاتی ہے، حضرت حکیم بن حزامؓ سے روایت ہے:

((الْبَيِّعَانِ بِالْخِيَارِ مَا لَمْ يَتَفَرَّقَا، فَإِنْ صَدَقَا وَبَيَّنَا بُورِكَ لَهُمَا فِي بَيْعِهِمَا، وَإِنْ كَذَبَا وَكَتَمَا مُحِقَ بَرَكَةُ بَيْعِهِمَا))(۲)

ترجمہ: بیع وشرا کرنے والے فریقین (بائع اور مشتری) کو اختیار ہے (فسخ بیع کا) جب تک جدا نہ ہوں پھر اگر وہ دونوں سچ بولیں اور واضح کر دیں حقیقت کو (یعنی جو کچھ عیب ہے سامان میں یا قیمت میں) تو ان کی بیع میں برکت ڈال دی جاتی ہے اور اگر وہ جھوٹ بولیں اور چھپائیں (عیوب کو) تو ان کی بیع سے برکت ختم کر دی جاتی ہے۔

اس طرح جھوٹ کا نتیجہ تجارت میں بے برکتی کی صورت میں ظاہر ہوتا ہے ان کی تجارت کو کبھی فروغ نہ ہوگا جو جھوٹ کی لعنت سے اپنی تجارت کو پاک نہیں کرتے۔ اس سلسلے میں ایک اور بات بھی ضروری ہے کہ کسی چیز کی اصل نوعیت سے زیادہ تعریف بھی جھوٹ میں شامل ہے لہٰذا اس سے بھی پرہیز لازم ہے۔

## بیع ملامسہ ومنابذہ:

آپ ﷺ نے بیع ملامسہ اور منابذہ سے منع فرمایا:

((نَهَى النَّبِيُّ ﷺ عَنِ الملاَمَسَةِ وَالمنَابَذَةِ))(۳)

ملامسہ ایک شخص کپڑے کو ہاتھ لگائے لیکن اس الٹ پلٹ کر نہ دیکھے، اور منابذۃ ایک شخص اپنا کپڑا دوسرے کی طرف پھینکتا ہے اور دوسرا اس کی طرف، یہی ان کے مابین بیع قرار پائے اس سے آپ ﷺ نے منع فرمایا ہے۔

## بیع مزابنۃ:

پکی اور ٹوٹی ہوئی کھجوروں کو درختوں پر لگی ہوئی کھجوروں کے عوض فروخت کرنا۔ اس میں نقصان اور جھگڑے کا امکان ہے۔ نبی ﷺ نے اس سے منع فرمایا:

---

(۱) ایضاً ،باب مایکرہ من الخداع فی البیع ،حدیث نمبر :۲۱۱۷، ۶۵/۳

(۲) صحیح مسلم، بَابُ الصِّدْقِ فِي الْبَيْعِ حدیث نمبر:۱۵۳۲،۱۱۶۴/۳

(۳) صحیح مسلم، کتا ب البیوع ،باب ابطال بیع الملامسة والمنابذة،حدیث نمبر:۱۵۱۱،۱۱۵۱/۳

((نَهَى عَنِ المحَاقَلَةِ، وَالمزَابَنَةِ، وَالمخَابَرَةِ، وَالثُّنْيَا، إِلَّا أَنْ تُعْلَمَ))(۱)

ترجمہ: محاقلہ، مزابنہ، مخابرہ(۲) اور استثناء سے روک دیا الا یہ کہ معلوم ہو۔

## قسم کھانے سے اجتناب کرنا:

کچھ تاجروں کی یہ عادت ہوتی ہے کہ وہ گاہکوں کو مطمئن کرنے کے لئے بات بات پر قسمیں کھاتے ہیں، رسول اکرم ﷺ نے اس سے منع فرمایا:

((إِيَّاكُمْ وَكَثْرَةَ الْحَلِفِ فِي الْبَيْعِ، فَإِنَّهُ يُنَفِّقُ، ثُمَّ يَمْحَقُ))(۳)

ترجمہ: تم بیع میں بہت قسمیں کھانے سے اجتناب کرو اس لئے کہ وہ مال کو تو فروخت کروا دیتی ہے پھر اس کی برکت کو مٹا دیتی ہے۔

ایک روایت میں ہے کہ آپ ﷺ فرماتے تھے:

((الْحَلِفُ مَنْفَقَةٌ لِلسِّلْعَةِ، مَمْحَقَةٌ لِلرِّبْحِ))(۴)

ترجمہ: قسم مال کو نکالنے والی ہے اور (بعد ازاں) نفع کو مٹانے والی ہے۔

قسم کھانے سے خریدار بھروسہ کر لیتا ہے اور مال نکل جاتا ہے لیکن آئندہ نفع مٹ کر نقصان لاحق ہوتا ہے اور دکان برباد ہو جاتی ہے۔ کیوں کہ دھیرے دھیرے لوگ اس کی اس عادت سے واقف ہو جاتے ہیں اور اس کی قسموں پر یقین کرنا بھی چھوڑ دیتے ہیں۔ دوسری برائی اس میں یہ ہے کہ معمولی نفع کی خاطر اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے بابرکت نام کو بیچا جاتا ہے۔ یہ سب نقصانات تو تب ہیں جب کہ قسم سچی ہو، اگر جھوٹی قسم کھائی تو اور بھی برا ہے۔ علماء نے اسے گناہ کبیرہ بتایا ہے۔

## لین دین میں ماپ تول کا خیال رکھنا اور کمی نہ کرنا:

تاجروں کو نبی کریم ﷺ نے یہ تعلیم دی کہ وہ خرید و فروخت میں چیزوں کا تبادلہ ماپ تول کر ہی کریں۔ حضرت عثمانؓ سے روایت ہے:

((أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ لَهُ: إِذَا بِعْتَ فَكِلْ، وَإِذَا ابْتَعْتَ فَاكْتَلْ))(۵)

ترجمہ: کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ جب تو کوئی چیز بیچا کرے تو ماپ کے دیا کر اور جب تو کوئی چیز

---

(۱) (علامہ البانی نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے)، جامع الترمذی، باب ماجاء، حدیث نمبر: ۱۲۲۹، ۳/۵۷۷

(۲) (مالک کسان کو کاشت کے لیے کوئی زمین دے اور کسان کے لیے پیداوار کا کچھ حصہ مقرر کر دے۔ القاموس الوحید، ص: ۴۰۵)

(۳) صحیح مسلم، بَابُ النَّهْيِ عَنِ الْحَلِفِ، حدیث نمبر: ۱۶۰۷، ۳/۱۲۲۸

(۴) صحیح مسلم، بَابُ النَّهْيِ عَنِ الْحَلِفِ، حدیث نمبر: ۱۶۰۶، ۳/۱۲۲۸

(۵) صحیح مسلم، بَابُ النَّهْيِ عَنِ الْحَلِفِ، حدیث نمبر: ۱۶۰۶، ۳/۱۲۲۸

خریدے تو اسے بھی ماپ کر لیا کر۔

رسول اکرم ﷺ کے اس ارشاد میں دو حکمتیں پوشیدہ ہیں۔ ایک تو اس سے دھوکے کا دروازہ بند ہو جاتا ہے اور دوسرا اس میں مستقبل میں رونما ہونے والے آپس کے اختلافات سے حفاظت ہے۔ ساتھ ہی ایسے لین دین میں برکت کی بشارت بھی ہے۔ حضرت مقدام بن معدیکربؓ رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا:

((كِيلُوا طَعَامَكُمْ يُبَارَكْ لَكُمْ))(۱)

ترجمہ: اپنے اناج کو ماپ لیا کرو، اس میں تم کو برکت ہو گی۔

اس لیے تاجروں کو چاہیے کہ اپنی تجارت میں اس اصول کا پورا لحاظ رکھیں۔ ہاں جو چیزیں ہمارے علاقوں میں تول کر نہیں بلکہ گنتی سے فروخت ہوتی ہیں ان میں اس حکم کا اطلاق گنتی پر ہی ہو گا۔ اسی سے یہ اصول بھی اخذ ہوتا ہے کہ آپس میں پیسے کا لین دین بھی گن کر ہی کرنا چاہیے۔ ماپ تول میں کمی کرنا بھی ایک بدترین اخلاقی بیماری ہے جو آج کے بازاری نظام میں ایک وبا کی شکل اختیار کر چکی ہے۔ یہ بدترین خیانت ہے پیسے تو پورے لیے جائیں اور چیز کم دی جائے، اسی لیے رسول اکرم ﷺ نے اپنی امت کو متنبہ فرمایا کہ:

((وَلَمْ يَنْقُصُوا الْمِكْيَالَ وَالْمِيزَانَ، إِلَّا أُخِذُوا بِالسِّنِينَ، وَشِدَّةِ الْمَئُونَةِ، وَجَوْرِ السُّلْطَانِ عَلَيْهِمْ))(۲)

ترجمہ: جب کوئی قوم ماپ اور تول میں کمی کرتی ہے تو وہ قحط سالی، روزگار کی تنگی اور بادشاہ (حکمران وقت) کے ظلم وستم میں مبتلا کر دی جاتی ہے۔

ایک مومن تاجر کو چاہیے کہ وہ اس سلسلے میں احتیاط برتے، دیانت داری کا رویہ اپنائے اور چند سکوں کی خاطر اللہ واحد القہار کے عذاب کا خود کو مستحق نہ بنائے۔

## ذخیرہ اندوزی سے پرہیز کرنا:

تجارت میں زیادہ نفع خوری کے لئے ایک حربہ یہ اختیار کیا جاتا ہے کہ ضروری اشیاء کی ذخیرہ اندوزی کر کے بازار میں مصنوعی قلت پیدا کر دی جاتی ہے جس سے مہنگائی بڑھ جاتی ہے۔ فقہی اصطلاح میں اس عمل کو احتکار کہتے ہیں۔ جو شرعی نقطہ نظر سے حرام اور انتہائی ناپسندیدہ عمل ہے، رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

(( مَنِ احْتَكَرَ فَهُوَ خَاطِئٌ ))(۳)

---

(۱) صحیح البخاری، بَابُ الكَيْلِ عَلَى البَائِعِ، حدیث نمبر: ۲۱۲۸، ۶۷/۳

(۲) (علامہ البانی کے نزدیک یہ حدیث حسن ہے)، سنن ابن ماجه، بَابُ الْعُقُوبَاتِ، حدیث نمبر: ۴۰۱۹، ۱۳۳۲/۲

(۳) صحیح مسلم ، بَابُ تَحْرِيمِ الِاحْتِكَارِ، حدیث نمبر: ۱۶۰۵، ۱۲۲۷/۳

ترجمہ: جس نے ذخیرہ اندوزی کی وہ گناہ گار ہے۔

آپ ﷺ کا یہ بھی ارشاد ہے:

((الْجَالِبُ مَرْزُوقٌ، وَالْمُحْتَكِرُ مَلْعُونٌ))(۱)

جالب (یعنی دوسرے شہروں سے غلہ وغیرہ لاکر بازار میں بیچنے والا تاجر) مرزوق ہے (یعنی اللہ تعالیٰ کی طرف سے اسے رزق دیا جاتا ہے) اور ذخیرہ اندوزی کرنے والا ملعون ہے (یعنی اللہ تعالیٰ کی لعنت کا مستحق اور اس کی رحمت سے دور ہے)۔

احتیاط کا تقاضا یہ ہے کہ ہر قسم کی ذخیرہ اندوزی سے بچا جائے۔ موجودہ دور میں سوئی گیس ،ڈیزل، پٹرول، دوا وغیرہ کی ذخیرہ اندوزی بھی قابل ملامت ہے اس سے حتی الامکان پرہیز کرنا چاہیے۔

## خرید و فروخت میں نرمی کا رویّہ اختیار کرنا:

رسول اکرم ﷺ نے ایسے تاجر کے لیے جو خرید و فروخت میں نرمی کا رویہ اختیار کرتا ہے، دعا فرمائی ہے۔

آپ ﷺ نے فرمایا:

((رَحِمَ اللَّهُ رَجُلًا سَمْحًا إِذَا بَاعَ، وَإِذَا اشْتَرَى، وَإِذَا اقْتَضَى))(۲)

ترجمہ: اللہ تعالیٰ اس شخص پر رحم فرمائے جو بیچتے وقت، خریدتے وقت اور تقاضا کرتے وقت فیاضی اور نرمی سے کام لیتا ہے۔

ایک روایت میں ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

((أَدْخَلَ اللَّهُ الْجَنَّةَ رَجُلًا كَانَ سَهْلًا بَائِعًا وَمُشْتَرِيًا))(۳)

ترجمہ: اللہ تعالیٰ نے جنت میں داخل کر دیا اس شخص کو جو بیچنے اور خریدنے میں نرمی کا معاملہ کیا کرتا تھا۔

یوں تو اسلام میں نرمی اور خوش خلقی کا رویہ اختیار کرنے کی عمومی تعلیم دی گئی ہے لیکن تجارت کے شعبے میں اسے خصوصاً پسند کیا گیا ہے۔ ایک مسلمان تاجر کو خرید و فروخت میں نرمی کا رویہ اختیار کرنا چاہیے۔ اس طرح تجارت میں اس سنت کو اپنانے سے دنیوی اور اخروی دونوں فوائد حاصل ہوں گے۔

---

(۱) (علامہ البانی کے نزدیک یہ حدیث ضعیف ہے)، سنن ابن ماجه، بَابُ الْحُكْرَةِ وَالْجَلْبِ، حدیث نمبر: ۲۱۵۳، ۲/۷۲۸

(۲) صحيح البخارى ، بَابُ السُّهُولَةِ وَالسَّمَاحَةِ ، حدیث نمبر: ۲۰۷۶، ۳/۵۷

(۳) (علامہ البانی کے نزدیک یہ حدیث حسن ہے)، سنن ابن ماجه، بَابُ السَّمَاحَةِ فِي الْبَيْعِ، حدیث نمبر: ۲۲۰۲، ۲/۷۴۲

تجارت میں کبھی کبھی ایسی صورت بھی پیش آتی ہے کہ بیع کا معاملہ ہونے کے بعد خریدار سامان یا قیمت سے مطمئن نہ ہونے کی وجہ سے یا کسی اور مصلحت کی وجہ سے اضطراب میں مبتلا ہو جاتا ہے اور خریدی ہوئی چیز کو واپس کرنا چاہتا ہے اسے شریعت کی اصطلاح میں اقالہ کہتے ہیں۔ اگرچہ ایسا کرنا فریقین پر واجب نہیں ہے لیکن اس کا ثواب بہت زیادہ ہے کیوں کہ ایسا کرنا احسان میں داخل ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

((مَنْ أَقَالَ مُسْلِمًا، أَقَالَهُ اللَّهُ عَثْرَتَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ))(۱)

ترجمہ: یعنی جو شخص اپنے کسی مسلمان بھائی کے ساتھ اقالہ کا معاملہ کرے (یعنی اس کی بیچی ہوئی یا خریدی ہوئی چیز کی واپسی پر راضی ہو جائے) تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کے گناہ بخش دے گا۔

اس لیے مسلمان تاجروں کو چاہیے کہ ان فضیلتوں کے پیش نظر اس طرح کے معاملات میں احسان کی روش ہی اختیار کریں۔ بعض اپنی دکان میں "بکا ہوا سامان واپس نہیں ہوگا" کا بورڈ لگا دیتے ہیں گویا وہ علی الاعلان یہ کہہ رہے ہیں کہ اس سنت کی ان کے یہاں کوئی جگہ نہیں یہ نہایت افسوس کی بات ہے۔ انہیں مذکورہ روایات پر غور کرنا چاہیے اور ایسے کسی موقع کو ہاتھ سے نہیں جانے دینا چاہیے کیوں کہ ہر شخص گناہوں کی بخشش کا محتاج ہے۔

## کسی دو کے تجارتی معاملہ میں دخل اندازی سے احتراز کرنا:

یہ بھی اسلامی تعلیمات کا حصہ ہے کہ کسی دو شخص کے جائز تجارتی معاملے میں تیسرے کو مداخلت نہیں کرنی چاہیے۔ مداخلت کی ایک صورت یہ ہے کہ قیمت بڑھا کر اس چیز کو خریدنے کا اظہار کرے جس کا معاملہ زیر غور ہے، اس میں خریدار کے نقصان کا امکان ہے۔ دوسری صورت یہ ہے کہ خریدار سے یہ کہے کہ بالکل یہی چیز یا اس سے بہتر میں آپ کو اس سے کم قیمت پر فراہم کر سکتا ہوں اگر آپ اس معاملہ کو فسخ کر دیں، اس صورت میں بیچنے والے کے نقصان کا امکان ہے۔ یہ دونوں ہی صورتیں درست نہیں اور اگر مقصد خود خریدنا یا بیچنا نہ ہو صرف معاملہ کو بگاڑنا ہو تو یہ اور بھی برا فعل ہے۔ حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

(( لَا يَسُمِ الْمُسْلِمُ عَلَى سَوْمِ أَخِيهِ))(۲)

ترجمہ: کوئی مسلمان اپنے بھائی کے سودے پر سودا بازی نہ کرے۔

بیع نجش ایک شخص کا سامان خریدنے کا ارادہ نہیں ہوتا لیکن وہ اپنے آپ کو خریدار ظاہر کرتا ہے اور بولی بڑھاتا ہے

---

(۱) (علامہ البانی کے نزدیک یہ حدیث صحیح ہے)، سنن ابن ماجه، بَابُ الْإِقَالَةِ، : حدیث نمبر: ۲۱۹۹، ۲/ ۷۴۱

(۲) صحيح مسلم، كتاب البيوع، بابُ تَحْرِيمِ بَيْعِ الرَّجُلِ ، حدیث نمبر: ۱۴۱۳، ۲/ ۱۰۳۳

تاکہ دوسرے لوگ اصل قیمت سے زیادہ قیمت دیں، ایسا کرنے والے کو عرف عام میں دلال کہتے ہیں۔ جو اصل میں تاجر کے لیے ہی کام کر رہے ہوتے ہیں۔ اس طرح کی دلالی کیسے درست ہو سکتی ہے جب کہ اس میں خریدار کو فریب دینے کی سازش کی جاتی ہے۔ نبی اکرم ﷺ ارشاد فرماتے ہیں:

((لاَ يَبْتَاعُ المرْءُ عَلَى بَيْعِ أَخِيهِ، وَلاَ تَنَاجَشُوا))(۱)

ترجمہ: کوئی شخص اپنے کسی (مسلمان) بھائی کے مول پر مول نہ کرے اور نہ ہی نجش کرے۔

اس لئے مذکورہ بالا احادیث کی بنیاد پر علماء نے کسی دو شخص کے مابین جائز تجارتی معاملے میں مداخلت کی ذکر کردہ ہر صورت کو ناجائز اور حرام قرار دیا ہے۔ ہاں اگر کسی معاملے میں کوئی شرعی قباحت ہو مثلاً کوئی شخص کسی کو غبن یا چوری کا مال بیچ رہا ہو یا کسی اور قسم کا دھوکا دے رہا ہو تو اس صورت میں مداخلت کر کے معاملے کو فسخ کرا دینا اور ایک مسلمان کو نقصان سے بچانا جائز ہے۔

## رشوت کی بندش :

بے جا مال خرچ کرنا یا ناجائز طریقوں سے کمانا کئی طرح کی بے اعتدالیوں اور فضول خرچی کو جنم دیتے ہیں۔ اس قسم کے تمام دروازے اسلام نے بند کر دیے ہیں۔ ارشاد ربانی ہے:

﴿وَلَا تَأْكُلُوا أَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ وَتُدْلُوا بِهَا إِلَى الْحُكَّامِ لِتَأْكُلُوا فَرِيقًا مِنْ أَمْوَالِ النَّاسِ بِالْإِثْمِ وَأَنْتُمْ تَعْلَمُونَ﴾(۲)

ترجمہ: اور نہ کھاو ایک دوسرے کا مال آپس میں ناجائز طریقے سے اور نہ رسائی حاصل کرو اس مال سے حاکموں تک تاکہ یوں کھاو کچھ حصہ لوگوں کے مال کا ظلم سے حالانکہ تم جانتے ہو۔

((لَعَنَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ الرَّاشِي وَالْمُرْتَشِي))(۳)

ترجمہ: رسول اکرم ﷺ نے رشوت لینے والے اور دینے والے پر لعنت فرمائی ہے۔

## سود کی ممانعت:

قرآن پاک میں سود کے لیے ربا کا لفظ استعمال ہوا ہے۔ ربا کے لغوی معنی زیادتی کے ہیں، اس کا اصطلاحی مطلب سود ہے۔ اللہ تعالیٰ نے سود کھانے والوں کو دردناک عذاب کی وعید سنائی ہے، ارشاد ربانی ہے:

---

(۱) صحيح البخارى، كتاب البيوع، بابٌ لَا يَبِيْعُ حَاضِرٌ لِبَادٍ ،حدیث نمبر:۲۱۶۰،۳/۷۲

(۲) سورة البقرة ۲: ۱۸۸

(۳) سنن أبي داود، حدیث نمبر:۳۵۸۰،۳/۳۰۰

﴿الَّذِينَ يَأْكُلُونَ الرِّبَا لَا يَقُومُونَ إِلَّا كَمَا يَقُومُ الَّذِي يَتَخَبَّطُهُ الشَّيْطَانُ مِنَ الْمَسِّ ذَلِكَ بِأَنَّهُمْ قَالُوا إِنَّمَا الْبَيْعُ مِثْلُ الرِّبَا وَأَحَلَّ اللَّهُ الْبَيْعَ وَحَرَّمَ الرِّبَا﴾[۱]

ترجمہ: جو لوگ سود کھاتے ہیں وہ نہیں کھڑے ہوں گے مگر جس طرح کھڑا ہوتا ہے وہ جسے پاگل بنادیا ہو شیطان نے چھو کر یہ حالت اس لیے ہو گی کہ وہ کہا کرتے تھے کہ سوداگری بھی سود کی مانند ہے حالانکہ حلال فرمایا اللہ نے تجارت کو اور حرام کیا سود کو پس جس کے پاس رب کی نصیحت آئی وہ سود سے رک گیا تو جائز ہے اس کے لیا جو گزر چکا اور اس کا معاملہ اللہ کے سپرد ہے جو شخص پھر سود کھانے لگے ایسے لوگ دوزخی ہیں۔ درج ذیل آیت میں بھی سود کی ممانعت موجود ہے۔

﴿وَمَا آتَيْتُمْ مِنْ رِبًا لِيَرْبُوَ فِي أَمْوَالِ النَّاسِ فَلَا يَرْبُو عِنْدَ اللَّهِ وَمَا آتَيْتُمْ مِنْ زَكَاةٍ تُرِيدُونَ وَجْهَ اللَّهِ فَأُولَئِكَ هُمُ الْمُضْعِفُونَ﴾[۲]

ترجمہ: اور جو تم سود دیتے ہو کہ لوگوں کے مال میں افزائش ہو تو خدا کے نزدیک اس میں افزائش نہیں ہوتی اور جو تم زکوۃ دیتے ہو اور اس سے خدا کی رضامندی طلب کرتے ہو تو (وہ موجب برکت ہے اور) ایسے ہی لوگ (اپنے مال کو) دوچند سہ چند کرنے والے ہیں۔

((لَعَنَ رَسُولُ اللهِ ﷺ آكِلَ الرِّبَا)) [۳]

ترجمہ: اللہ کے رسول ﷺ نے سود کھانے والے پر لعنت کی ہے۔

ربا کی اقسام درج ذیل ہیں۔

## رباء القرآن:

قرض کے سود کو رباء القرآن کہتے ہیں۔ قرآن پاک نے اسے ممنوع قرار دیا ہے۔ قرض کا وہ معاملہ جس میں ایک مخصوص مدت ادائیگی اور قرض دار پر مال کی کوئی زیادتی کرلی گئی ہو سود ہے[۴]

قرض کے بدلے میں ہر اضافہ یا زائد رقم جو باقاعدہ طئے کر کے لی اور دی جائے سود میں داخل ہے خواہ اس کی شرح کم ہو یا زیادہ، اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

---

(۱) سورۃ البقرۃ۲: ۲۷۵

(۲) سورۃ الروم۳۰: ۳۹

(۳) صحیح مسلم، حدیث نمبر: ۱۵۹۷، ۱۲۱۸/۳

(۴) احکام القرآن ،امام ابو بکر جصاص رازی ،مطبوعۃ مصر ،۱۳۴۷، ص: ۵۵۷

﴿يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَأْكُلُوا الرِّبَا أَضْعَافًا مُضَاعَفَةً وَاتَّقُوا اللَّهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ﴾[۱]

ترجمہ: اے ایمان والو دگنا چوگنا سود نہ کھاؤ اور خدا سے ڈرو تاکہ نجات حاصل کرو۔

## رباء الفضل:

یہ ربا کی دوسری قسم ہے اور سنت سے ثابت ہے۔ رباء الفضل اس اضافے کو کہتے ہیں جو کچھ مخصوص اجناس کے ہم جنس تبادلے پر لی جائے، حدیث پاک میں آتا ہے:

سونے کو سونے کے بدلے میں برابر بیچو، چاندی کو چاندی کے بدلے میں برابر بیچو، کھجور کو کھجور کے بدلے میں برابر بیچو، گندم کو گندم کے بدلے میں برابر بیچو اور جو کو جو کے بدلے میں برابر بیچو، لیکن جو شخص اضافے کا لین دین کرے وہ ربا کا معاملہ کرے گا ہاں سونے کو چاندی کے بدلے میں جس طرح چاہو فروخت کرو بشرطیکہ سودا دست بدست ہو اور جو کو کھجور کے بدلے میں جس طرح چاہو بیچو بشرطیکہ دست بدست ہو[۲]

تاجدار انبیاء ﷺ نے آخری خطبہ میں ارشاد فرمایا:

((أَلَا إِنَّ كُلَّ رِبًا مِنْ رِبَا الْجَاهِلِيَّةِ مَوْضُوعٌ))[۳]

ترجمہ:، خبردار جاہلیت کے زمانے کا سود ملیامیٹ کر دیا گیا۔

## رباء النسیئہ:

دو ہم جنس اشیاء تبادلہ میں ایک چیز کی سپردگی میں تاخیر کرنا، اگرچہ دونوں اشیاء مقدار میں برابر ہوں رباء النسیئہ کہلاتا ہے۔ اگر کوئی شخص ایک مدت کے لیے دیے جانے والے قرض میں سو روپے کے بدلے ۱۱۰ روپے وصول کرتا ہے تو یہ ربا الفضل ہے اور ۱۰۰ ہی واپس لیتا ہے تو یہ ربا النسیئہ ہے[۴]

## خرچ کی درجہ بندی:

آہستہ آہستہ جیسے جیسے زمانہ خیر القرون سے دور ہوتا جارہا ہے ویسے ویسے تغیرات بڑھتے جارہے ہیں۔ کامیابی فقط ان لوگوں کے لیے ہے جو دین کے ساتھ وابستہ ہیں اور دین کے احکامات کے مطابق زندگی بسر کر رہے ہیں۔ دوسروں تک

---

(۱) سورۃ آل عمران۳: ۱۳۰

(۲) (شیخ البانی کے نزدیک یہ حدیث صحیح ہے)،سنن أبي داود، بَابٌ فِي وَضْعِ الرِّبَا ،حدیث نمبر:۳۳۳۴،۳/۲۴۴

(۳) السيرة الحلبية، علي بن إبراهيم بن أحمد الحلبي، نور الدين ابن برهان الدين ،ط/۲، دار الكتب العلمية ، بيروت،۳/۳۷۲

(۴) ربا پر بعض ماہر نقطہ ہائے نظر کا علمی تبصرہ، طاہر منصوری، ص:۲۱

بھی حق بات کی تبلیغ کرتے رہتے ہیں۔فی زمانہ انسان کی ضروریات بہت بڑھ گئی ہیں کچھ ایسی ہیں جنہیں بلاضرورت لوگوں نے اپنے سرڈال لیاہے۔لہذاایسی صورت حال میں لوگوں کو باخبر کیاجائے کہ کون سی ضروریات ہیں جو فرض ہیں کون سی واجب ہیں اور کن ضروریات کو پورا کرنا پسندیدہ ہے۔اور کون سی ضروریات جائز ہیں اور کب انسان حد سے بڑھی ہوئی ضروریات کو پورا کرنے میں مکروہ اور پھر حرام میں داخل ہو جاتاہے۔جس سے معاشرہ ناخوشگوار حالات سے دوچار ہو جاتا ہے۔بعض اوقات ناجائز ضروریات بھی انسان کی معاشی مسائل میں اضافہ کردیتی ہیں ان کے احکام کا جائزہ لیتے ہیں [۱]

## حاصل کلام:

۱-معاشی نظام کو بہتر بنانے کے لیے قرآن وسنت کی تعلیمات پر عمل کرناضروری ہے۔

۲-اسلام میں معاشی معاملات میں ایک قاعدہ یہ ہے تمام معاشی معاملات میں رسول خدا کی پیروی کی جائے،اور کوئی معاملہ ایسانہ کیاجائے جواسلام کے قانون کے خلاف ہو۔

۳-یہ ہمہ گیر اصول معاشیات کو وہ اعتدال اور توازن بخشتاہے جو دنیا کے کسی نظام معیشت کو حاصل نہیں ہے۔

۴-اسلام معیشت کی بہتری کے لیے حلال کمانے کے ساتھ ساتھ حصول رزق کے حرام بلکہ تمام مشتبہ ذرائع سے بچنے کی تعلیم دیتاہے۔

۵-سود،سٹہ،جوا،چوری،عصمت فروشی،اور بلااجازت کسی کی املاک میں تصرف کرنامعیشت کی تباہی کا سبب بنتے ہیں۔

۶-اسلامی نظام معیشت بیع کی تمام ناجائز قسموں کاسدباب کرتاہے۔

۷-خرچ میں اعتدال پسندی بھی معیشت کی ترقی کاایک سبب ہے۔

۸-اسلامی تعلیمات کے مطابق اللہ تعالیٰ کے راستے میں خرچ کرنامعیشت میں نشوونما کاسبب بنتاہے۔

---

(۱) اقتصادیات اسلام،داکٹر محمد طاہر القادری،ط/۱،منہاج القرآن پبلیکیشنز لاہور،۲۰۰۷ء،ص:۲۴۳

# باب پنجم: سیاسی اصلاحات

فصل اوّل: نظام شورائیت کا اجراء

فصل دوم: سربراہ مملکت کی اطاعت کا تعین

فصل سوم: معاہدات کی پابندی و پاسداری کی ترویج

فصل چہارم: سلاطین عالم سے روابط کی حدود و قیود کا تعین

فصل پنجم: موجودہ سیاسی نظام اصلاحات نبوی ﷺ کی روشنی میں

# فصل اوّل:

## نظام شورائیت کا اجراء

قرآن وسنت میں انسانی زندگی سے متعلق بہت سے اُحکام واضح طور پر بیان کر دیئے گئے ہیں۔ حقوق اللہ کے متعلق تفصیلات بھی مہیا کر دی گئی ہیں۔ حقوق العباد سے متعلق بھی جامع ہدایات دی گئی ہیں۔ لیکن امت مسلمہ کی اجتماعی زندگی سے متعلق اصولی ہدایات دے کر آزاد چھوڑ دیا گیا ہے تاکہ ان حدود میں رہتے ہوئے ہر دور اور ہر علاقہ میں اپنی ضروریات اور حالات کو پیش نظر رکھتے ہوئے تفصیلات طے کر لی جائیں۔ خاص طور پر نظام مملکت اور سیاسی نظام سے متعلق تفصیلات اور فروعی احکام شریعت نے طے نہیں کیے بلکہ اس قسم کے تمام معاملات کے لیے معاشرے کو شورائی نظم کا پابند کر دیا ہے۔ امت مسلمہ کے اجتماعی اور انتظامی امور میں آپ ﷺ نے صحابہؓ کو مشورہ کے سلسلے میں اس قدر جری کر دیا تھا کہ وہ اپنی رائے کا بلا جھجک اظہار کر دیا کرتے تھے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے کتنے مشوروں کی تائید میں قرآن پاک نازل ہوا۔ اس فصل میں اسلامی شورائی نظام کا تذکرہ کیا گیا ہے۔

### اسلام سے پہلے سیاسی نظام:

زمانہ جاہلیت میں خالص آمرانہ حکومت کا دور دورہ تھا۔ اس زمانے کی سیاست مطلق العنان بادشاہت تھی۔ کبھی بادشاہت مخصوص خاندان کی عظمت پر قائم ہوتی تھی، جیسا کہ ایران میں تھا۔ کبھی بادشاہت کسی خاص گروہ یا کسی مخصوص وطن کا حق سمجھی جاتی تھی جیسا کہ مملکت روما میں اعتقاد تھا۔ وہاں رومی وطن اور رومی قوم کی تعظیم کرنا بنیادی قانون تھا۔ دوسری قومیں اور ملک اس کے غلام تھے۔ اور کبھی محض سلاطین کی عظمت پر قائم ہوتی تھی۔ اہل چین اپنے بادشاہ کو "شہنشاہ فرزند آسمان" کہتے تھے[1]

### ایران کے سیاسی حالات:

پارتھیا کے عہد حکومت میں ایران کے سات خاندانوں کو سیاسی اور معاشی لحاظ سے دیگر ایرانی قبائل پر برتری حاصل تھی۔ رعایا اور کسان جن کے ذمے فوجی خدمت ہوتی تھی وہ طاقتور سرداروں کے قبضے میں ہوتے تھے اور غلامانہ زندگی گزارتے تھے۔ عہدہ شاہی اشکانی خاندان کے ساتھ مخصوص تھا۔ صوبوں کی گورنری شاہی خاندان اور باقی چھ ممتاز خاندانوں کے ممبروں کے لیے مخصوص تھی۔ ان کے ہاں بادشاہ کے اختیار کسی قانون کے ماتحت نہ تھے۔ وہ مکمل خود مختار اور لوگوں کے لیے ناقابل رسائی ہوتا تھا۔ اونچا تاج پہنتا، زریں پلنگ پر سوتا، سلطنت کا خزانہ اور باشاہ کا خزانہ ایک ہی چیز تھی۔

---

(۱) انسانی دنیا پر مسلمانوں کے عروج وزوال کا اثر، مولانا سید ابوالحسن علی ندوی، مجلس نشریات اسلام، ناظم آباد کراچی، ص: ٦٦

آمرانہ ملوکیت کا دور تھا[۱]

## روم اور یونان:

روم اور یونان بھی ایران کی طرح ذلت و پستی میں ڈوبے ہوئے تھے۔لوگ غلامانہ زندگی بسر کر رہے تھے۔اور غلاموں کو دوسرے ملکوں میں جا کر ایسے بیچا جاتا تھا جس طرح بھیڑ بکری اور اونٹ بیچے جاتے ہیں۔آقا اپنے غلام کو اس طرح قتل کرنے کا حق رکھتا تھا جس طرح کوئی شخص اپنے مویشی کو زبح کرنے کا حق رکھتا ہے[۲]

## مصر:

قدیم مصر میں بادشاہ کو الٰہ یعنی دیوتا سمجھا جاتا تھا۔بادشاہ کے مذہبی پیشواؤں کے ساتھ تعلق دوستانہ ہوتے تھے۔ ایرانیوں کی طرح قدیم مصر میں بھی بادشاہت کے متعلق یہ عقیدہ تھا کہ یہ خدائی خاندان کا ایک فرد ہے۔اس طرح رعایا پر اس کا رعب قائم رہتا،اور بغاوت کرنے کا کوئی سوچ بھی نہیں سکتا تھا۔بادشاہ کے خلاف بغاوت خود خدا کے خلاف بغاوت سمجھی جاتی تھی۔جس نے اسے اس عہدے پر متمکن کیا ہے۔بادشاہ علماء سے مشورہ تو کرتا تھا لیکن ان کے مشوروں کا پابند نہیں ہوتا تھا[۳]

## عرب کا سیاسی منظر نامہ:

عرب عہد جاہلیت میں سیاسی اعتبار سے کسی خاص طاقت کے فرمانبردار نہ تھے۔وہ صرف اپنے ہی قبیلے کی طاقت کے بارے میں سوچتے تھے۔دوسروں کے ساتھ ان کا وہی سلوک تھا جو شدت پسند نسل پرست روا رکھتے ہیں۔جغرافیائی اور سیاسی اعتبار سے جزیرہ نما عرب ایسی جگہ واقع ہے کہ جنوبی خطے کے علاوہ اس کا باقی حصہ اس قابل نہ تھا کہ ایرانی یا رومی جیسے فاتحین اس کی جانب رخ کرتے۔ چنانچہ اس زمانے میں ان فاتحین نے اس کی طرف کم ہی توجہ دی،کیونکہ اس کے خشک و بے آب اور تپتے ریگستان ان کے لیے قطعی بے مصرف تھے۔اس کے علاوہ عہد جاہلیت کے عربوں کو قابو میں لانا اور ان کی زندگی کو کسی نظام کے تحت منظم کرنا انتہائی سخت اور دشوار کام تھا۔نبی اکرم ﷺ کی ہجرت سے قبل یثرب کے علاقہ میں ریاست کا ماحول بن چکا تھا۔اس خطہ میں قبائلی معاشرہ کو ایک باقاعدہ ریاست و حکومت کی شکل دینے کی تیاریاں مکمل تھیں۔ قبیلہ بنو خزرج کے سردار حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ نے بتایا کہ آپ ﷺ کی تشریف آوری سے پہلے بحیرہ کے

---

(۱) ایران بعہد ساسانیاں،پروفیسر آرتھر کرسٹن سین،مترجم:ڈاکٹر محمد اقبال،انجمن ترقی اردو دہلی،۱۹۴۱ء،ص:۲۲

(۲) تاریخ اسلام،۱/۶۶

(۳) تاریخ اسلام،۱/۶۷

لوگوں نے باقاعدہ حکومت کے قیام کا فیصلہ کر کے عبداللہ بن اُبی کو اس کا سربراہ منتخب کر لیا تھا۔اور تاج پوشی کا مرحلہ باقی رہ گیا تھا کہ آپ آ گئے۔ جس سے عبداللہ بن اُبی کی بادشاہی کا خواب بکھر گیا[۱]

البتہ وہ ریاست تشکیل پا گئی اور اس کے لیے جناب رسول اللہ ﷺ نے اس خطہ کے قبائل کے درمیان ''میثاق مدینہ'' کے عنوان سے معاہدہ کرادیا جس میں حضور علیہ السلام کو حاکم تسلیم کر لیا گیا۔ یہ "ریاست مدینہ "کا نقطۂ آغاز تھا۔ آپ ﷺ نے جس سیاسی نظام کی بنیاد رکھی اس کا ایک پہلو مجلس شوریٰ ہے۔

یہ ایسا وقت تھا جب ہر طرف ملوکیت اور شخصی آمریت کا بول بالا تھا۔ بادشاہ ساری رعایا کے لیے قانون بنانے کے مجاز تھے۔ لیکن جن کے لیے قانون بنایا جاتا ان کی پسند وناپسند سے انہیں کوئی سروکار نہ ہوتا تھا۔ جو مطلق العنان حکمران کی مرضی میں آتا وہی ملک کا قانون قرار پاتا۔ اسلام نے جہاں مختلف شعبہ ہائے زندگی میں ترقی کی وہاں سیاسی زندگی کو بھی نئے اصولوں سے آشناء کیا۔ ان میں ایک شورائی نظام ہے۔ ہر وہ کام جس کا تعلق عوام سے ہو اس کے متعلق لوگوں سے مشورہ کیا جائے اس سے نہ صرف رعایا کی دلجوئی ہوتی ہے بلکہ انہیں اپنی اہمیت کا احساس ہوتا ہے۔اور جس کام کے متعلق مشورہ کیا جارہا ہے مختلف آراء سے اس میں بھی آسانی پیدا ہو جاتی ہے اس طرح سب مشورہ کی برکات سے مستفیض ہوتے ہیں[۲]

## شوریٰ کے لغوی اور اصطلاحی معنیٰ:

(الشورى) التشاور ،وَفِي التَّنْزِيل الْعَزِيز ﴿وَأمرهمْ شُورَى بَينهم﴾ وَالْأَمر الَّذِي يتشاور فِيهِ[۳]

شوریٰ: مشورہ کرنا، وہ کام جس کے بارے میں باہم مشورہ کیا جائے۔

شاوره في الامر مشاورة، وشوارا: طلب رأيه فيه. الشورى: التشاور .وفي الكتاب العزيز:

﴿والذين استجابوا لربهم وأقاموا الصلاة وأمرهم شورى بينهم ومما رزقناهم ينفقون﴾[۴]

الامر الذي يتشاور فيه[۵]

کسی کام میں مشورہ کرنا یعنی اس کام کے بارے میں رائے لینا۔

ڈاکٹر محمود احمد غازی رحمہ اللہ شوریٰ کی وضاحت فرماتے ہیں:

---

(۱) صحیح البخاری، بَابُ وَلَتَسْمَعُنَّ مِنَ الَّذِينَ ،حدیث نمبر:۴۵۶۶، ۳۹/۶

(۲) تفسیر ضیاءالقرآن، پیر محمد کرم شاہ الازہری، ط/۱، ضیاء القرآن پبلیکیشنز لاہور، ۱۳۹۹ء، ۳۸۴/۴

(۳) المعجم الوسيط، مجمع اللغة العربية، (إبراهيم مصطفى / أحمد الزيات / حامد عبد القادر / محمد النجار)، دار الدعوة، ۴۹۹/۱

(۴) سورۃ الشوریٰ ۴۲: ۳۸

(۵) القاموس الفقهي لغة واصطلاحا، الدكتور سعدي أبو حبيب، ط/۲، دار الفكر. دمشق، سورية ۱۹۸۸ء ، ۲۰۵/۱

شوریٰ کے لفظی معنی بڑے دلچسپ ہیں، شہد کی مکھی کے چھتے سے شہد نکالنے کو شوریٰ کہتے ہیں۔جب شہد کی ہزاروں مکھیاں مختلف اقسام کے پھولوں سے رس چوس کے آتی ہیں ہر پھول کی خوشبو جدا، اس کی تاثیر جدا، اس کے فوائد جدا ،اور پھر ہر پھول کے طبّی فوائد جدا، جب یہ مکھیاں ملکر شہد بنالیتی ہیں تواب کوئی یہ نہیں کہہ سکتا کہ یہ قطرہ شہداس مکھی کا ہے یہ اس مکھی کا ہے۔فلاں پھول کارس ہے یہ فلاں پھول کا بلکہ یہ سب مل کراب ایسااجتماعی رزق بن گیا ہے جس میں اللہ تعالیٰ نے شفاءرکھی ہے۔گویااس لفظ کے استعمال سے جوپیغام ملتاہے وہ یہ ہے کہ جب شوریٰ کا عمل اپناؤتواس طرح کی تدبیراور طریقہ اختیار کروکہ ہر فرد کے پاس حکمت کے پھولوں کا جورس ہے وہ نچوڑلواور پھران سب کو ملاکے ایسی ملی شفابنادوکہ اس میں پوری امت کے لیے رہنمائی کا سامان ہو[۱] اس اقتباس سے نہ صرف لفظ شوریٰ کے دلچسپ ہونے کااندازہ لگایاجاسکتاہے بلکہ بلیغ انداز میں شوریٰ کی اہمیت بھی واضح ہوگئی ہے۔

## قرآن پاک میں شوریٰ کاجوازاوراہمیت:

اسلامی نظام میں سماجی بہتری کے لیے نظام شوریٰ پر عمل پیراہونے کاحکم دیاگیاہے۔

﴿وَشَاوِرْهُمْ فِي الْأَمْرِ﴾[۲]

ترجمہ:اور صلاح مشورہ کیجئیے ان سے کام میں۔

اور کاموں کامشورہ ان سے لیا کرو،اسی لیے حضورﷺ لوگوں کو خوش کرنے کے لیے مختلف کاموں میں ان سے مشورہ کیا کرتے تھے۔اسی طرح آپﷺ نے حدیبیہ میں مشورہ کیاکہ آیا مشرکین کے گھروں پر دھاوا بول دیں؟ تو حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے عرض کیا۔ہم کسی سے لڑنے نہیں آئے ہماراارادہ صرف عمرے کاہے چنانچہ اسے بھی آپﷺ نے منظور فرمالیا[۳]

غرض لڑائی کے کاموں میں اور دیگرامور میں بھی حضور مشورہ کیا کرتے تھے۔ایمان والوں کی یہ صفت ہے کہ وہ اپنےاور دینی کاموں کی انجام دہی کے سلسلہ میں باہم مشورہ کرتے ہیں،چنانچہ اللہ جل شانہ ارشاد فرماتاہے:

﴿وَأَمْرُهُمْ شُورَى بَيْنَهُمْ﴾[۴]

ترجمہ:اوران کے سارے کام باہمی مشورے سے طئے ہوتے ہیں۔

أبوالسعود العمادي رحمۃاللہ علیہ فرماتے ہیں:

---

(۱) محاضرات فقہ،ڈاکٹر محموداحمد غازی،ص:۳۸۰

(۲) سورة آل عمران۳: ۱۵۹

(۳) تفسیرابن کثیر،علامہ عمادالدین ابن کثیر،مترجم مولانامحمد صاحب جوناگڑھی، شمع بک ایجنسی،لاہور:۴۵۶/۱

(۴) سورة الشوری۴۲: ۳۸

{وَأَمْرُهُمْ} شورى بَيْنَهُمْ أي ذُو شُورى لا ينفردونَ برأيٍ حتى يتشاوروا ويجتمعوا عليها وكانُوا قبل الهجرةِ وبعدَهَاإذاحزبَهُم أمرٌ اجتمعُوا وتشاورُوا[1]

ترجمہ: مسلمانوں کا یہ دستور تھا کہ کسی ایک کی رائے نہیں بلکہ ہجرت سے پہلے اور بعد میں جب بھی کوئی مشکل یا پیچیدہ مسئلہ پیش آتا تو سب اکٹھے ہو کر اس کے ہر پہلو پر گفتگو کرتے اور آخر کار ایک نتیجے پر پہنچتے۔

آپ ﷺ کا بھی یہی معمول تھا کہ جب کوئی خاص مسئلہ پیش آتا تو صحابہ رضی اللہ عنہم سے مشورہ کیا کرتے تھے۔

## شوریٰ کی ترغیب میں احادیث مبارکہ:

نبی پاک علیہ السلام ارشاد فرماتے ہیں ایمان کے بعد سب سے بڑی عقل مندی لوگوں سے محبت ہے اور

((وَمَا يَسْتَغْنِي رَجُلٌ عَنْ مَشُورَةٍ))[2]

ترجمہ: آدمی مشورہ سے بے نیاز نہیں ہو سکتا۔

## مشورہ عادت کریمہ کا جزو:

مشورہ کرنا سنت ہے اور عادت مصطفیٰ ﷺ کا ایک حصہ تھا۔ آپ ﷺ کی اس عادت کریمہ کا ذکر حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے یوں کیا ہے:

(مَا رَأَيْتُ أَحَدًا أَكْثَرَ مَشورَةً لِأَصْحَابِهِ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ))[3]

ترجمہ: مشورہ کرنے میں نبی رحمت سے زیادہ میں نے کسی کو نہیں دیکھا۔

## مشورہ لینے کا حکم:

آپ ﷺ کا صحابہؓ سے مشورہ کرنا اس لیے تھا کہ آپ ﷺ کی اس سنت پر ہمیشہ عمل کیا جائے۔

((ليتبعه المؤمنون من بعده فيما حزبهم من أمر دينهم، ويستنُّوا بسنَّته في ذلك))[4]

ترجمہ: تاکہ مشورہ لینے میں اہل ایمان آپ کی پیروی کریں۔ ان دینی معاملات میں جو ان کے درمیان

---

(۱) إرشاد العقل السليم إلى مزايا الكتاب الكريم،أبو السعود العمادي محمد بن محمد،دار إحياء التراث العربي ، بيروت،۳۴/۸

(۲) السنن الكبرى، أحمد بن الحسين البيهقي، ، بَابُ مُشَاوَرَةِ الْوَالِي،حدیث نمبر:۲۰۳۰۶،۱۸۷/۱۰

(۳) (علامہ البانی نے متن میں اضافے کی وجہ سے اس حدیث کو ضعیف قرار دیا ہے)،سنن الترمذي،بَابُ مَا جَاءَ فِي،حدیث نمبر:۱۷۱۴،۲۱۳/۴

(۴) جامع البيان في تأويل القرآن،محمد بن جرير بن يزيد بن كثير بن غالب الآملي، أبو جعفر الطبري،تحقيق : أحمد محمد شاكر، ط/۱، موقع مجمع الملك فهد لطباعة المصحف الشريف، مؤسسة الرسالة،۱۴۲۰ھ،۳۴۵/۷

پیش آئیں۔ اور اس بارے میں آپ ﷺ کی سنت کو نمونہ عمل بنائیں اور اس نمونے پر چلیں جو انھوں نے حضور ﷺ کے اسوہ حسنہ میں دیکھا تھا۔

((قد علم الله أنه ما به إليهم حاجة ، ولكنه أراد أن يستنّ به من بعده))[۱]

ترجمہ: تحقیق اللہ تعالیٰ جانتا ہے کہ آپ کو مشورہ کی حاجت نہیں، حکم دینے کا مقصد یہ تھا کہ مشاورت کی سنت میں امت آپ کی پیروی کرے۔

آپ ﷺ ارشاد فرماتے ہیں، مشورہ شرمندگی سے بچاتا ہے۔

(( مَا خَابَ مَنِ اسْتَخَارَ، وَلَا نَدِمَ مَنِ اسْتَشَارَ))[۲]

ترجمہ: وہ آدمی نادم نہیں ہوا جس نے استخارہ کیا اور اس شخص کو شرمندگی نہیں اٹھانی پڑی جس نے مشورہ سے کام لیا۔

## اچھے اور برے مشیر:

((مَا بَعَثَ اللَّهُ مِنْ نَبِيٍّ، وَلاَ اسْتَخْلَفَ مِنْ خَلِيفَةٍ، إِلَّا كَانَتْ لَهُ بِطَانَتَانِ: بِطَانَةٌ تَأْمُرُهُ بِالْمَعْرُوفِ وَتَحُضُّهُ عَلَيْهِ، وَبِطَانَةٌ تَأْمُرُهُ بِالشَّرِّ وَتَحُضُّهُ عَلَيْهِ))[۳]

ترجمہ: اللہ تعالیٰ جب کوئی نبی بھیجتا ہے یا کسی کو خلیفہ بناتا ہے تو اس کے دو قسم کے رازدار ہوتے ہیں۔ کچھ خیر کا حکم دینے والے اور اس پر آمادہ کرنے والے اور کچھ برائی کا حکم دینے والے اور اس پر اکسانے والے ہوتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ جس کو ان برے مشیروں سے محفوظ کر لے اسے محفوظ سمجھنا چاہیے۔

## شوریٰ ایک محفوظ قلعہ:

آپ ﷺ بھی اپنے ماننے والوں کو مشورہ کی ترغیب دلاتے ہیں۔

((استعينوا على أموركم بالمشاورة))[۴]

ترجمہ: اپنے کاموں میں باہمی مشورے سے مدد حاصل کرو۔

---

(۱) غرائب القرآن ورغائب الفرقان،نظام الدين الحسن بن محمد بن حسين القمي النيسابوري، تحقيق : الشيخ زكريا عميرات،ط/١ ، دار الكتب العلمية ، بيروت ،لبنان١٤١٦ھ،٢٩٤/٢

(۲) المعجم الأوسط، حدیث نمبر:٦٦٢٧،٣٦٥/٦

(۳) صحيح البخاري، بَابُ بِطَانَةِ الإِمَامِ وَأَهْلِ مَشُورَتِهِ، حدیث نمبر:٧١٩٨،٧٧/٩

(۴) ایضاً، ٤٤٢/٥

سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے سرکار دوعالم سے دریافت کیا: اگر میرے روبرو کوئی ایسا معاملہ پیش آجائے جس کے بارے میں نہ تو کوئی فیصلہ نازل ہوا ہو اور نہ ہی کوئی سنت، ایسی صورت میں آپ ﷺ مجھے کیا حکم دیتے ہیں۔

((قَالَ: تَجْعَلُونَهُ شُورَى بَيْنَ أَهْلِ الْفِقْهِ وَالْعَابِدِينَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ وَلَا تَقْضِ فِيهِ بِرَأْيِكَ خَاصَّةً))[۱]

ترجمہ: فرمایا تم لوگ اس معاملہ کو دین کی سمجھ رکھنے والے اور خداترس مومنوں کی شوریٰ کے حوالے کر دو اور تم اپنی تنہا رائے سے فیصلہ نہ کرو۔

## غلط مشورہ دینے کی ممانعت:

آپ ﷺ فرماتے ہیں:

((وَمَنْ أَشَارَ عَلَى أَخِيهِ بِأَمْرٍ يَعْلَمُ أَنَّ الرُّشْدَ فِي غَيْرِهِ فَقَدْ خَانَهُ))[۲]

ترجمہ: جس شخص نے اپنے بھائی کو کسی بات کا مشورہ دیا اور وہ جانتا ہو کہ بھلائی دوسرے مشورہ میں ہے تو اس نے اپنی بھائی کے ساتھ خیانت کی۔

## صالح مشیروں کے انتخاب کی ترغیب:

آپ ﷺ نے نیک مشورہ دینے کی ترغیب دلائی:

((إِذَا أَرَادَ اللَّهُ بِالْأَمِيرِ خَيْرًا جَعَلَ لَهُ وَزِيرَ صِدْقٍ، إِنْ نَسِيَ ذَكَّرَهُ، وَإِنْ ذَكَرَ أَعَانَهُ، وَإِذَا أَرَادَ اللَّهُ بِهِ غَيْرَذَلِكَ جَعَلَ لَهُ وَزِيرَ سُوءٍ، إِنْ نَسِيَ لَمْ يُذَكِّرْهُ، وَإِنْ ذَكَرَ لَمْ يُعِنْهُ))[۳]

ترجمہ: جب خالق کائنات کسی امیر کے ساتھ بھلائی کا ارادہ کرتا ہے تو اسے ایک سچا وزیر عطا کرتا ہے۔ جو اس کی غفلت پر یاددہانی کراتا ہے۔ اور اگر وہ یاد کرلیتا ہے تو اس کی مدد کرتا ہے۔ اور جب اللہ تعالیٰ کسی امیر کے ساتھ بھلائی نہیں چاہتا تو اس کے لیے ایک برا وزیر مقرر کردیتا ہے۔ جو اس کے بھولنے پر یاد نہیں دلاتا اور اگر وہ یاد بھی کرلے تو اس کی معاونت نہیں کرتا۔

جنگ احد کے موقع پر حضور علیہ السلام کی رائے مدینہ ہی میں رہ کر دشمن سے مقابلہ کرنے کی تھی۔ لیکن جمہور صحابہ نے مدینہ سے باہر جاکر دشمن سے بنرد آزما ہونے کا مشورہ دیا۔ تو قرآنی حکم کے مطابق جمہور کی رائے پر عمل کیا جب جنگ شروع ہوئی بعض جاں نثاروں کی غلط فہمی سے جنگ کا رخ بدل گیا۔ جیتا ہوا میدان ہاتھ سے نکل گیا۔ یہ ایسا موقع تھا کہ

---

(۱) تفسير القرآن الحكيم،(تفسير المنار)محمد رشيد بن علي رضا ، الهيئة المصرية العامة للكتاب،۱۹۹۰ء،۱۵۹/۵

(۲) (علامہ البانی نے اس حدیث کو حسن قرار دیا ہے)،المستدرك على الصحيحين، حدیث نمبر:۳۵۰،ط/۱ ،۱۴۱۱ھ ،۱۸۴/۱

(۳) (علامہ البانی نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے)،سنن أبي داود، ، بَابٌ فِي الْمَشُورَةِ، حدیث نمبر:۲۹۳۲،۱۳۱/۳

جمہور کی رائے کی وقعت کم ہو جاتی مگر فوری طور پر اللہ تعالیٰ نے وحی نازل فرمائی:

﴿فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمْ وَشَاوِرْهُمْ فِي الْأَمْرِ﴾ (۱)

ترجمہ: اے نبی ﷺ پس آپ انہیں معاف کر دیجئے اور ان کے بارے میں اللہ سے مغفرت کا سوال کیجئے اور ان سے معاملات میں مشورہ طلب کرتے رہیں جب آپ کسی کام کا ارادہ کر لیں تو خدا پر توکل کریں۔

شوریٰ ایک متحدہ شیرازہ بند نظام ہے۔ جس میں افراد آزادی ضمیر کے ساتھ شریک ہو سکتے ہیں۔ شوریٰ کے ایوان میں پارٹی سسٹم نہیں ہے۔ نہ برسر اقتدار اکثریت ہے اور نہ اقتدار سے محروم اقلیت، نہ مزدور، کسان اور غریب ہیں، نہ اونچے طبقے ہیں، بلکہ وہ ایک متحدہ ایوان ہے۔ جس کے ارکان تمام ذمہ داریوں میں یکساں شریک ہیں۔ اور مساوی اقتدار کے مالک ہیں۔ ایوان کا عنصر فرد ہے اور ایوان مجموعہ افراد کا نام۔ فرد کو رائے کی پوری آزادی حاصل ہے (۲)

## نبوی دور میں شوریٰ:

نبی پاک علیہ السلام ساری امت میں سب سے زیادہ علم والے اور گہری بصیرت رکھنے والے ہیں۔ لیکن اس کے باوجود اللہ تعالیٰ نے انہیں صحابہ کرام رضی اللہ عنھم سے مشورہ کرنے کا حکم دیا۔ اس لیے کہ اس کے بہت سے فوائد ہیں۔ مثلاً صحابہ رضی اللہ عنھم سے مشورہ کرنے سے صحابہ کرام کی عظمت واخلاص اور بلندی مرتبت کا اظہار ہوتا ہے۔ دوسرا یہ کہ مشورہ کر کے سب کی مختلف آراء سے استفادہ کیا جا سکتا ہے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے:

((مَا رَأَيْتُ أَحَدًا أَكْثَرَ مَشُورَةً لِأَصْحَابِهِ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ ﷺ)) (۳)

ترجمہ: میں نے آپ ﷺ سے زیادہ لوگوں سے رائے اور مشورہ کرنے والا انسان نہیں دیکھا۔

## شوریٰ آذان:

ہجرت کے بعد جیسے ہی مسجد نبوی کی تعمیر مکمل ہوئی تو مشورہ کیا جا رہا ہے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو کس طرح با خبر کیا جائے کہ نماز کا وقت ہو گیا ہے، حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ راوی ہیں:

((لَمَّا كَثُرَ النَّاسُ قَالَ: ذَكَرُوا أَنْ يَعْلَمُوا وَقْتَ الصَّلَاةِ بِشَيْءٍ يَعْرِفُونَهُ، فَذَكَرُوا أَنْ يُورُوا نَارًا، أَوْ

(۱) سورۃ آل عمران ۳: ۱۵۹

(۲) اسلام اور جدید سیاسی و عمرانی افکار، ایس ایم شاہد، ایورنیو بک پیلس لاہور، ص: ۲۷۴

(۳) (شیخ البانی فرماتے ہیں یہ حدیث متن میں اضافے کی وجہ سے ضعیف ہے)، سنن الترمذي، حدیث نمبر: ۱۷۱۴، ۲۱۳/۴

يَضْرِبُوا نَاقُوسًا فَأُمِرَ بِلاَلٌ أَنْ يَشْفَعَ الأَذَانَ، وَأَنْ يُوتِرَ الإِقَامَةَ))[۱]

ترجمہ: جب مسلمان زیادہ ہوگئے تو مشورہ ہوا کہ کسی ایسی چیز کے ذریعے نماز کے وقت کا اعلان ہو کہ جسے سب لوگ سمجھ جائیں۔ کچھ نے مشورہ دیا آگ روشن کی جائے یا نرسنگا کے ذریعے اعلان کیا جائے۔ لیکن آخر میں سیدنا بلال رضی اللہ عنہ کو آذان کے کلمات دو دو بار اور تکبیر کے ایک بار کہنے کا حکم دیا گیا۔

## شورائے بدر:

بدر کے میدان میں اترنے سے پہلے انصار کی نیت معلوم کرنے کے لیے رحمت دو عالم ﷺ نے مشورہ طلب کیا کیونکہ اس موقع پر سب سے زیادہ وہی آپ ﷺ کے ساتھ تھے۔

((فَقَامَ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ، فَقَالَ: إِيَّانَا تُرِيدُ يَا رَسُولَ اللهِ؟ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَوْ أَمَرْتَنَا أَنْ نُخِيضَهَا الْبَحْرَ لَأَخَضْنَاهَا، وَلَوْ أَمَرْتَنَا أَنْ نَضْرِبَ أَكْبَادَهَا إِلَى بَرْكِ الْغِمَادِ لَفَعَلْنَا))[۲]

ترجمہ: حضرت سعد رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور عرض کی حضور والا منشاء ہماری رائے معلوم کرنا ہے، آپ ﷺ نے فرمایا ہاں۔ قسم ہے اس ذات کی جس نے آپ ﷺ کو نبی برحق مبعوث فرمایا ہے۔ اگر آپ سمندر کے کنارے پر کھڑا کر کے ہمیں فرمائیں گے کہ اس میں کود پڑو اور اس سے پار نکلو تو ہم سرتابی نہ کریں گے اور اگر ہمیں برک الغماد تک لے جانا چاہیں تو بھی ہم آپ کے ساتھ ہیں۔

## اسیران بدر کے بارے میں مشورہ:

رسول اکرم ﷺ نے صحابہ کرام سے اسیران بدر کے متعلق مشورہ طلب کیا۔

((فَقَامَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللهِ، اضْرِبْ أَعْنَاقَهُمْ، قَالَ: فَأَعْرَضَ عَنْهُ النَّبِيُّ ﷺ))

ترجمہ: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور عرض کی یا رسول اللہ ان کے سر قلم کر دیں۔ رحمت کونین ﷺ نے اس مشورہ کو پسند نہ کیا۔

ثُمَّ عَادَ النَّبِيُّ ﷺ فَقَالَ لِلنَّاسِ مِثْلَ ذَلِكَ، فَقَامَ أَبُو بَكْرٍ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللهِ، نَرَى أَنْ تَعْفُوَ عَنْهُمْ، وَتَقْبَلَ مِنْهُمُ الْفِدَاءَ[۳]

ترجمہ: پھر دوبارہ پوچھا تو لوگوں نے اس کی مثل جواب دیا۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے

(۱) صحيح البخاری ،باب الأذان، حدیث نمبر:۶۰۶،۱/۱۲۵

(۲) صحيح مسلم، بَابُ غَزْوَةِ بَدْرٍ ،حدیث نمبر:۱۷۷۹،۳/۱۴۰۳

(۳) (شعیب الارنؤوط اور عادل مرشد کی تحقیق کے مطابق یہ حدیث حسن لغیرہ ہے)،مسند الإمام أحمد بن حنبل،حدیث نمبر:۱۳۵۵۵، ۱۸۱/۲۱

عرض کیامیرا خیال ہے آپ در گزر کریں اور فدیہ وصول فرمالیں،اس پر آیۃ نازل ہوئی:

﴿لَوْلَا كِتَابٌ مِنَ اللَّهِ سَبَقَ لَمَسَّكُمْ فِيمَا أَخَذْتُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ﴾ (۱)

ترجمہ: اگر پہلے سے حکم الٰہی نہ ہوتا تو بوجہ اس کے جو تم نے لیا ہے تمہیں بڑی سزا ضرور پہنچتی۔

## شورائے خندق:

جب نبی ﷺ کو اطلاع ملی کہ کفار متحد ہو کر مدینہ منورہ پر حملہ کرنا چاہتے ہیں تو مسلمانوں نے سنجیدگی سے اس کا نوٹس لیا۔اس موقع پر حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ نے مدینہ منورہ کے باہر خندق کھودنے کا مشورہ دیا۔یہ ایران کی معروف جنگی حکمت عملی تھی۔

فقال: يا رسول الله إنا كنا بأرض فارس إذا تخوفنا الخيل خندقنا علينا(۲)

ترجمہ: حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یارسول اللہ ایران میں جب ہمیں گھوڑ سوار لشکر کے حملے کا خطرہ ہوتا تھا تو ہم لوگ اس کے مقابلے کے لیے خندقیں کھودتے تھے۔

ان کی رائے کو پسند کیا گیا اور مدینہ کے شمال مغرب میں واقع میدان میں خندق کھودنے کا حکم فرمایا۔

## شورائے افک:

اسی طرح جب منافقین نے آپ ﷺ کی بیوی ام المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا پر تہمت لگائی تو آپ ﷺ نے فرمایا: اے مسلمانو مجھے مشورہ دو کہ ان لوگوں کا میں کیا کروں جو میرے گھر والوں کو بدنام کر رہے ہیں۔اللہ کی قسم میرے گھر والوں میں کوئی برائی نہیں اور جس شخص کے ساتھ تہمت لگا رہے ہیں میرے نزدیک تو وہ بھی بھلا آدمی ہے۔

((فَدَعَا رَسُولُ اللَّهِ ﷺ عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ، وَأُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ حِينَ اسْتَلْبَثَ الوَحْيُ، يَسْتَشِيرُهُمَا فِي فِرَاقِ أَهْلِهِ))(۳)

ترجمہ: جب وحی میں تاخیر ہوئی تو آپ ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ کو طلب فرمایا اور آپ ﷺ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی جدائی کے بارے میں مشورہ کیا۔

انھوں نے حضور کے اہل خانہ کی پاکدامنی اور الزام تراشی کرنے والوں کے متعلق جو باتیں تھیں وہ عرض کیں اور کہنے لگے آپ ﷺ کے اہل خانہ کے متعلق ہمیں خیر کے علاوہ کچھ علم نہیں۔حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کہا اللہ کی طرف

---

(۱) سورۃ الانفال۸: ۶۸

(۲) السیرۃ الحلبیۃ، ۴۱۸/۲

(۳) صحیح البخاری، بَابُ تَعْدِيلِ النِّسَاءِ ،حدیث نمبر:۲۶۶۱، ۱۷۳/۳

سے آپ ﷺ پر کوئی تنگی یا حد بندی نہیں۔ ان کے علاوہ بھی بہت سی ازواج مطہرات ہیں آپ ﷺ اپنی خادمہ بریرہ رضی اللہ عنہ [1] سے پوچھ لیں وہ سچ کہے گی۔ آپ ﷺ نے حضرت بریرہ رضی اللہ عنہا کو طلب فرمایا اور پوچھا کیا تم نے کوئی شک والی بات دیکھی ہے۔ حضرت بریرہ رضی اللہ عنہا عرض کرتی ہیں میں نے ان میں کبھی ایسی بات نہیں دیکھی جس پر انگلی اٹھائی جا سکے۔ البتہ وہ کمسن ہیں اپنے گھر کا آٹا گوندھ کے رکھتی ہیں اور بے فکر ہو کر سو جاتی ہیں جسے بکری کھا جاتی ہے [2]

## حدیبیہ میں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا مشورہ:

آپ ﷺ حضرت عمر فاروقؓ کو قریش کے پاس مذکرات کے لیے بھیجنا چاہتے تھے لیکن انھوں نے مشورہ دیا کہ:

وَلَكِنْ أَدُلُّكَ عَلَى رَجُلٍ هُوَ أَعَزُّ مِنِّي عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ [3]

ترجمہ: میں آپ ﷺ کو ایسا آدمی بتاتا ہوں جو مکہ والوں کے نزدیک مجھ سے زیادہ معزز ہے یعنی حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے مشورہ سے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو کفار کے ساتھ بات کرنے کے لیے بھیجا گیا۔

## حدیبیہ میں حضرت ام سلمہ کا مشورہ:

جب آپ ﷺ کفار مکہ سے معاہدہ کر چکے تو صحابہ کو سر منڈانے اور ذبیحہ کرنے کا حکم دیا۔ لیکن صحابہ رضی اللہ عنہم خاموش رہے اور پس و پیش کیا۔ نبی ﷺ سخت غصے میں حضرت ام سلمہؓ کے خیمہ میں آئے اور بیٹھ گئے۔ آپ ﷺ کے شدید اصرار پر بتلایا کہ میں نے مسلمانوں کو سر منڈانیں اور جانور ذبح کرنے کا حکم دیا لیکن انہوں نے تعمیل نہیں کی۔ تو حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے مشورہ دیا کہ آپ ﷺ باہر جا کر کسی سے کچھ نہ کہیں بلکہ قربانی کا اپنا جانور ذبح کریں، اور سر منڈالیں۔ آپ ﷺ نے ام المومنین کا مشورہ مان لیا، چھری اٹھائی اور ہدی کی طرف چلے۔ بلند آواز سے تکبیر کہی، پھر سرخ اونی قبہ میں حضرت فراش رضی اللہ عنہ سے سر منڈایا۔ غرض جب لوگوں نے آپ ﷺ کو قربانی کرتے اور سر منڈاتے دیکھا تو سب نے جلدی جلدی قربانی کی اور سر منڈائے۔ اس طرح ام المومنین رضی اللہ عنہ کے مشورے سے یہ عارضی تکلیف دور ہو گئی [4]

---

(۱) (حضرت بریرۃ: صحابیہ رسول، حضرت عائشہؓ کی آزاد کردہ لونڈی تھیں۔ ان کا نکاح ایک حبشی غلام مغیث سے ہوا۔ چند احادیث بھی آپؓ سے مروی ہیں۔ ان کا انتقال یزید اول کے دور میں ہوا۔ اسلامی انسائیکلوپیڈیا، مدیر سید قاسم محمود، بشیر سنز پرنٹرز کراچی، ص: ۳۳۰)

(۲) الخصائص الکبریٰ، جلال الدین عبدالرحمن ابی بکر السیوطی، مترجم: مقبول احمد، ضیاالقرآن پبلی کیشنز، لاہور، ۲۰۰۱، ۱/۵۷۴

(۳) مسند الإمام أحمد بن حنبل، حدیث نمبر: ۱۸۹۱۰، ۲۱۶/۳۱

(۴) سیرت حلبیہ، ۹۳/۵

## غزوہ طائف:

شوال ۸ ہجری کو اسلامی فوج نے قبیلہ ثقیف [۱] کا محاصرہ کیا۔ لیکن انھوں نے قلعہ بند ہو کر مقابلہ کیا۔ اس طرح مسلمانوں کی کامیابی دشوار ہو گئی۔ اس کیفیت میں آپ ﷺ نے بعض لوگوں کے مشورہ سے محاصرہ ختم کر دینا چاہا، اور اپنی رائے صحابہ کے سامنے پیش کی۔ لیکن صحابہ اس پر آمادہ نہ ہوئے، اکثریت کی رائے معلوم ہو جانے کے بعد دوبارہ حملے کی اجازت دے دی۔ چنانچہ دوسرے دن حملہ ہوا لیکن پہلے دن سے بھی خراب نتیجہ سامنے آیا۔ یہ دیکھ کر آپ ﷺ نے پھر اپنی رائے کا اعادہ فرمایا۔ کیونکہ اب صحابہ رضی اللہ عنہم نے بھی آپ ﷺ کی رائے کے واضح نتائج دیکھ لیے تھے صحابہ نے آقا ﷺ کی راے سے اتفاق کر لیا اور اسلامی فوج واپس آئی [۲]

## خلفائے راشدین کے دور میں مجلس شوریٰ:

وكانت الأئمة بعد النبي ﷺ يستشيرون الأمناء من أهل العلم في الأمور المباحة ليأخذوا بأسهلها [۳]

ترجمہ: وصال مصطفیٰ ﷺ کے بعد مسلمان حکمران ان لوگوں سے مشورہ لیا کرتے تھے جو اپنی دیانت وامانت کے اعتبار سے قابل اعتماد ہوتے تھے۔ اور جو دین کا علم رکھتے تھے یہ مشاورت مباحات میں ہوتی تھی تاکہ آسان حل نکل آے۔ ان کا یہ طرز عمل سید الانبیاء ﷺ کی اطاعت میں تھا۔ خلفائے راشدین کے دور میں بھی فیصلے شوریٰ کے ذریعے کیے جاتے تھے۔ جب نبی رحمت کا وصال ہوا تو حضرت ابو بکر صدیقؓ کی خلافت کا فیصلہ شوریٰ کے ذریعے ہوا۔

تاجدار انبیاء کا وصال ہوا تو انصار سقیفہ بنی ساعدہ [۴] میں سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کے ہاتھ پر بیعت کرنے جمع ہوئے۔ اس دوران انصار اور مہاجرین میں بحث ومباحثہ ہوا۔ خبر حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ تک پہنچی تو آپ حضرت عمرؓ اور حضرت ابو عبیدہ بن الجراح کو لے کر سقیفہ بنی ساعدہ پہنچے۔ جہاں سب اکٹھے تھے، بحث ومباحثہ نے طوالت اختیار کی تو حضرت بشیر بن سعد رضی اللہ عنہ نے کہا کہ بے شک حضور قبیلہ قریش سے تھے۔ آپ ﷺ کی قوم خلافت کی زیادہ مستحق

---

(۱) (بنو ثقیف: طائف کے مشہور قبیلوں میں سے ایک قبیلہ ہے۔ ثقیف کا اصل نام قسی ہے۔ جمل من انساب الاشراف، ۲۵/۱)

(۲) اسلام کا شورائی نظام، مولانا جلال الدین انصر عمری، مکتبہ تعمیر انسانیت، لاہور، ص: ۹۸

(۳) الجامع لاحکام القرآن، محمد بن أحمد، تحقيق: هشام سمير البخاري، دار عالم الكتب، الرياض، ۲۰۰۳ء، ۲۵۱/۴

(۴) (سقیفہ بن ساعدہ: بنو خزرج کے سردار، حضرت سعد بن عبادۃ کے گھر کے پاس ایک سائبان بنا ہوا تھا۔ اس سائبان کو سقیفہ بنو ساعدۃ کہا جاتا ہے۔ وصال مصطفیٰ ﷺ کے بعد انصار اس سائبان کے نیچے جمع ہوئے تاکہ خلیفہ مقرر کیا جائے۔ اسلامی انسائیکلوپیڈیا، مدیر سید قاسم محمود، بشیر سنز پرنٹرز کراچی، ص: ۹۴۷)

ہے۔ اگرچہ ہم انصار لوگ پہلے اسلام لانے والے ہیں، لیکن اس اسلام سے ہمارا مقصود اللہ کو راضی رکھنا اور نبی کی اطاعت کرنا تھا، ((الْأَئِمَّةُ مِنْ قُرَيْشٍ))(۱)

ترجمہ: امام قریش میں سے ہوگا۔

اس حدیث پاک کی تصدیق انصار اور مہاجرین نے کی۔ جس سے شور وغل اور بحث ومباحثہ ختم ہوا۔ حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر اور حضرت ابو عبیدۃ رضی اللہ عنہما کی طرف اشارہ کیا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا میں ہر گز بیعت نہ لوں گا، جب تک حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ موجود ہیں۔

فَقَالَ عُمَرُ: بَلْ نُبَايِعُكَ أَنْتَ، فَأَنْتَ سَيِّدُنَا، وَخَيْرُنَا، وَأَحَبُّنَا إِلَى رَسُولِ اللَّهِ ﷺ(۲)

ترجمہ: حضرت عمر نے فرمایا ہم آپ کی بیعت کریں گے۔ آپ ہمارے سردار ہیں اور بہتر ہیں اور رسول اکرم ﷺ کو ہم سب سے زیادہ پیارے ہیں۔

حضرت ابو عبیدہ رضی اللہ عنہ نے بھی اس رائے سے اتفاق کیا۔ اس طرح اتفاق رائے سے حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ خلیفہ منتخب ہوئے۔

سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ کے دور خلافت میں جب کوئی فریق مقدمہ لے کر آتا تو پہلے کتاب وسنت پر نظر ڈالتے پھر تمام مسلمانوں سے مشورہ لیتے(۳)

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے زمانے میں فتوحات کی کثرت اور ملک کی وسعت کی بناء پر اس قدر کثرت سے بحث طلب مسائل پیدا ہوئے کہ ان کے لیے ایک دوسری مجلس کی ضرورت پیش آئی۔

كَانَ لِلْمُهَاجِرِينَ مَجْلِسٌ فِي الْمَسْجِدِ يَجْلِسُونَ فِيهِ، فَكَانَ عُمَرُ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ يَجْلِسُ مَعَهُمْ فَيُحَدِّثُهُمْ عَمَّا يَنْتَهِي إِلَيْهِ مِنْ أَمْرِ الْآفَاقِ(۴)

ترجمہ: مسجد نبوی میں مہاجرین کی ایک مجلس قائم تھی جس میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ ان معاملات کے متعلق گفتگو کرتے تھے جو ان کی خدمت میں اطراف ملک سے پیش ہوتے تھے۔

حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کے سامنے کوئی ایسا اہم معاملہ پیش آتا جس میں اہل الرائے اور ارباب فقہ وبصیرت سے مشورہ کرنے کی ضرورت پڑتی تو مہاجرین وانصار کے منتخب لوگوں کو مدعو کرتے۔ سر فہرست حضرت عمر، حضرت عثمان ، حضرت علی، عبد الرحمن بن عوف، معاذ بن جبل، ابی بن کعب اور زید بن ثابت رضی اللہ عنہم جیسے لوگ شامل ہوتے، اور

---

(۱) (علامہ حسین سلیم نے اس حدیث کی سند کو صحیح قرار دیا ہے)، مسند الإمام أحمد بن حنبل، حدیث نمبر: ۱۲۳۰۷، ۳۱/۱۹

(۲) صحیح البخاری، بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ ، حدیث نمبر: ۳۶۶۸، ۶/۵

(۳) مسند الدارمی ،أبو محمد عبد الله بن عبد الرحمن، تحقيق: حسين سليم اسد الداراني ،۲۶۲/۱

(۴) تاريخ المدينة عمر بن شبة (واسمه زيد) بن عبيدة، تحقيق: فهيم محمد شلتوت، السيد حبيب محمود أحمد،جدة،۱۳۹۹ ھ،۳/۸۵۳

یہی طریقہ حضرت عمر کا بھی تھا[۱]

## مجلس شوریٰ کے ارکان کے اوصاف:

مجلس شوریٰ کے متعلق عمومی ہدایات بیان فرمائی ہیں، جن لوگوں سے شوریٰ کے لیے مشورہ لیا جائے وہ درج ذیل صفات کے حامل ہوں: وہ علم اور دانائی رکھتے ہوں، وہ اللہ کے نیک اور عبادت گزار بندے ہوں، امت کے مخلص ہوں، امت ان پر اعتماد رکھتی ہو، امت ان کو پسند کرتی ہو، امت، ان کے لیے دعا گو ہو اور وہ امت کے لیے دعا گو ہوں[۲]

خدا ترس اور آخرت کی بازپرس رکھنے والا ہو خوف خدا رکھے والا ہو[۳]

وہ توحید، رسالت، ختم نبوت، قرآن و سنت کے قطعی احکام پر غیر متزلزل اعتقاد رکھتا ہو۔ کتاب و سنت کا علم رکھتا ہو، عادل دیانت دار اور متقی ہو، تمام احکام شرعیہ کا پابند ہو، عرف عام سے واقف ہو، مسلمانوں کی اکثریت کا معتمد ہو، معاملہ فہم اور دانشمند ہو، صائب الرائے ہو، انتظامی امور میں تجربہ رکھتا ہو[۴]

مولانا گوہر رحمان نے "اسلامی سیاست" میں مجلس شوریٰ کے ارکان کی درج ذیل صفات کا ذکر کیا ہے۔ ایمان، فقاہت، عدالت و دیانت، عاقل و بالغ ہونا، عرف عام سے باخبر ہونا، امت مسلمہ کا معتمد ہونا[۵]

## شوریٰ کی مختلف صورتیں:

اسلام ایسا طرز زندگی چاہتا ہے کہ مشاورت کا اصول ہر چھوٹے بڑے اجتماعی معاملے میں برتا جائے۔ گھر کے معاملات میں میاں بیوی مشورہ کریں، خاندانی معاملات ہوں تو کنبہ کے عاقل و بالغ افراد کی رائے لی جائے۔ ایک پوری قوم کے معاملات ہوں تو ان کے چلانے کے لیے قوم کا سربراہ سب کی مرضی سے مقرر کیا جائے، اور وہ قومی معاملات کو ایسے صائب الرائے لوگوں کے مشورے سے چلائے جنہیں قوم قابل اعتماد سمجھتی ہو۔ اور وہ اس وقت تک سربراہ رہے جب تک قوم خود اسے اپنا سربراہ بنائے رکھے۔ کوئی ایمان دار آدمی زبردستی قوم کا سربراہ بننے اور بنے رہنے کی خواہش یا کوشش نہیں کر سکتا نہ فریب کاری کر سکتا ہے کہ پہلے طاقت سے قوم پر مسلط ہو جائے اور پھر جبر کے تحت لوگوں کی رضامندی طلب کرے۔ اور نہ اس طرح کی چالیں چل سکتا ہے کہ اس کے مشورہ دینے کے لیے لوگ اپنی پسند کے نمائندے نہیں بلکہ وہ

---

(۱) کنز العمال: ۱۳۴/۳

(۲) محاضرات فقہ، ص: ۳۸۱

(۳) اسلامی ریاست، ص: ۶۲۲

(۴) اسلام اور جدید افکار، ص: ۳۵۳

(۵) اسلامی سیاست، مولانا گوہر رحمن، دار العلوم تفہیم القرآن مردان، ط/۱، المنار بک سنٹر لاہور، ۱۹۸۱ء، ص: ۲۹۹-۳۰۲

نمائندے منتخب کریں جو اس کی مرضی کے مطابق رائے دینے والے ہوں [۱]

## مشورہ فرد:

بعض امور میں کسی ایک ماہر فن سے بھی مشورہ لیا جاسکتا ہے۔ مثلاً معاملات حرب، سائنسی علوم، صنعت و حرفت وغیرہ سے متعلقہ معاملات میں کسی ایک ماہر فن کی رائے بھی کافی ہے، جیسا کہ غزوہ بدر میں آنحضرت ﷺ نے صرف ایک فرد کی رائے کو قبول فرمالیا تھا۔ حضور کا خیمہ نصب کر دیا گیا تھا لیکن حضرت خباب بن مندر نے مشورہ دیا کہ خیمہ یہاں نہیں بلکہ فلاں جگہ نصب ہونا چاہیے۔ چنانچہ آپ ﷺ کا خیمہ حضرت خباب کی بتائی ہوئی جگہ پر نصب کرنے کا حکم دیا [۲]

## مشورہ اہل حل وعقد:

اہل حل وعقد کی متفقہ رائے اگر قرآن وسنت سے متصادم نہ ہو تو قبول کی جاسکتی ہے۔ وہ لوگ جو کسی خاص فن یا علم میں ماہر ہوں ان کی متفقہ رائے، قانون کے سلسلے میں فقہا کی متفقہ رائے، جنگ کے سلسلے میں فوجی ماہرین کی رائے۔ امام حکومت کے مشیروں اور مدبروں کی محدود مجلس مقرر کرتا ہے۔ اس کے نامزد ارکان مقررہ مقصد کا مشورہ شوریٰ سے کرتے ہیں۔ اور اس کا نفاذ رائے عامہ کی منظوری سے ہوتا ہے [۳]

## مجلس شوریٰ کی ذمہ داری:

مجلس شوریٰ درج ذیل فرائض سرانجام دے سکتی ہے۔

۱۔ خلیفہ کا انتخاب

۲۔ سیاسی امور میں مشاورت

۳۔ فروعی قوانین اور اصول وضوابط کی تدوین

۴۔ حکومت کے غلط کاموں پر تنقید اور ریاست کو اسلامی خطوط پر چلانے کے لیے مشورہ

۵۔ امر بالمعروف ونھی عن المنکر

۶۔ اندورنی اور خارجی امور میں مشاورت [۴]

---

(۱) اسلامی ریاست، ص: ۶۶۳

(۲) سیرت ابن ہشام، ص: ۴۳۹

(۳) اسلام کا نظام حکومت، ص: ۳۱۰

(۴) اسلام اور جدید افکار، ص: ۳۵۶

## حاصل کلام:

۱-اسلام کا سیاسی نظام موروثی شہنشاہیت اور آمریت دونوں کو قبول نہیں کرتا۔

۲-اسلام سیاست میں شورائی نظام کو پسند کرتا ہے۔

۳-یہ ایسا نظام ہے جس کی بنیاد انسانی مساوات اور احترام آدمیت پر ہے۔

۴-شورائی نظام میں شریعت کے مطابق قانون سازی ہوتی ہے۔یہ مغربی جمہوری نظام سے مختلف ہے جہاں اکثریت جو چاہے قانون بنالے۔

۵-نبی ﷺ صحابہ کرام سے مشورہ کیا کرتے تھے۔خلفائے راشدین کے دور میں بھی فیصلے شوریٰ کے ذریعے کیے جاتے تھے۔

۶-شورائی نظام میں افراد آزادی ضمیر کے ساتھ شریک ہو سکتے ہیں۔ہر فرد کو رائے کی پوری آزادی حاصل ہوتی ہے۔

۷-شوریٰ کے ایوان میں پارٹی سسٹم نہیں ہے۔

۸-شورائی نظام میں اہل حل وعقد اور صاحب فہم وبصیرت مسلمانوں سے مشورہ لیا جاتا ہے۔

# فصل دوم:

## سربراہ مملکت کی اطاعت کا تعین

اسلامی تعلیمات کا خلاصہ یہ ہے جو شخص اللہ کی اطاعت کرنا چاہتا ہے اس کے لیے رسول اکرم ﷺ کی اطاعت ضروری ہے۔ اطاعت رسول کے حق سے سبکدوش ہونے کے لیے ضروری ہے کہ آپ ﷺ کے خلفاء اور نائبین کی اطاعت کی جائے۔ کیونکہ رسول ﷺ کے بعد درحقیقت وہی ہیں جن پر اللہ تعالیٰ کے احکام و قوانین کے اجراء، نفاذ اور شرع اسلامی کے قیام واستحکام کی ذمہ داری منتقل ہوتی ہے۔ لہٰذا رسول ﷺ کی اطاعت کا حق اداء نہیں ہو سکتا جب تک آپ کے نائبین یا بالفاظ دیگر امام اور اولوالامر کی اطاعت نہ کی جائے۔ اس فصل میں سربراہ مملکت کی اطاعت وفرمانبرداری کا ذکر کیا گیا ہے۔

### سربراہ مملکت:

مسلمانوں میں خلیفہ سربراہ مملکت کو کہتے ہیں، خلیفہ کا معنٰی بیان کرتے ہوئے امام راغب اصفہانی فرماتے ہیں:
فلاں بندہ فلاں کا خلیفہ مقرر ہوا یعنی اس کی جانب سے کسی کام کا مسؤل بن گیا۔ خواہ مسؤل اس کے ساتھ ہو یا اس کے بعد اور خلافت کے معنٰی ہے کسی کا نائب ہونا[۱] علامہ سعد الدین تفتازانی فرماتے ہیں:

الامامۃ: رياسة عَامَّة فِي أَمر الدّين وَالدُّنْيَا خلَافَة عَن النَّبِي عَلَيْهِ الصَّلَاة وَالسَّلَام[۲]

ترجمہ: دین اور دنیا میں اعتدال پیدا کر کے نیابت مصطفیٰ میں عمومی حکومت کرنا۔

### اولوالامر کی اطاعت کی حدود:

اللہ رب العزت نے اپنی اطاعت اور رسول ﷺ کی اطاعت کے ساتھ ساتھ اولوالامر کی اطاعت کا بھی حکم دیا ہے۔ سورۃ النساء میں ارشاد ربانی ہے:

﴿يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ وَأُولِي الْأَمْرِ﴾[۳]

ترجمہ: اے ایمان والو اللہ اور اس کے رسول کی فرمانبرداری کرو اور ان کی بھی جو تم میں سے صاحب حکومت ہیں اور اگر کسی بات میں تم میں اختلاف واقع ہوا گر اللہ اور روز آخرت پر ایمان رکھتے ہو تو اس

---

(۱) مفرادت القرآن، ص: ۱۵۵

(۲) شرح المقاصد، سعد الدين مسعود بن عمر التفتازاني الشافعي، ط/۱ ، دار المعارف النعمانية، باكستان، ۱۹۸۱ء، ۲/۲۷۲

(۳) سورۃ النساء ۴: ۵۹

میں اللہ اور اس کے رسول کی طرف رجوع کرو۔

مندرجہ بالا آیۃ میں اللہ اور رسول کی اطاعت کے علاوہ مسلمان امراء اور حکام کی اطاعت کا بھی حکم دیا گیا ہے اس کی وجہ ظاہر ہے کیونکہ حضور ﷺ نے اس دار فانی میں زیادہ دیر اقامت گزیں نہیں ہونا تھا۔ اور آپ ﷺ کے بعد امور مملکت کی ذمہ داری خلفاء اور امراء نے سنبھالنی تھی اس لیے ان کی اطاعت کرنے کے متعلق بھی تاکید فرمائی۔

أولي الأمر من يقوم بشأن المسلمين في أمر دينهم وجميع ما أدى إليه صلاحهم[۱]

ترجمہ: اولوالامر وہ لوگ جو اہل ایمان کے دینی امور اور ان کے تمام بھلائی و بہبود کے کاموں کے لیے کمر بستہ رہتے ہیں۔

مولانا اشرف علی تھانوی رحمہ اللہ "اولوالامر" کی وضاحت فرماتے ہیں:

بعض اس حکم سے سلاطین مراد لیتے ہیں۔ جن کے ہاتھ میں نظام حکومت ہے اور جو شریعت اسلامیہ کے مطابق اسے چلاتے ہیں اور وہ از خود کتاب اور سنت رسول پر عمل پیرا ہیں اور دوسروں کو بھی عامل بناتے ہیں۔ بعض کے نزدیک علمائے دین فقہا، مفتی، اور قاضی مراد ہیں۔ جو خود بھی عادل ہوں اور شریعت کے مطابق حکم دیتے ہوں کہ وہ رسول کریم کے نائب ہیں۔ بعض کا کہنا ہے یہ لفظ دونوں طبقوں کو شامل ہے یعنی علما و فقہا کو بھی اور امراء حکام کو بھی کیونکہ احکام امر و نہی دونوں کے ساتھ وابستہ ہیں تو ایسے علمائے دین یا عادل سلاطین کے احکام کی تعمیل بھی لازم ہے[۲]

لیکن اطاعت رسول ﷺ اور اطاعت امیر میں ایک واضح فرق ہے نبی معصوم ہوتا ہے اس لیے جہاں اس کی اطاعت کا حکم دیا غیر مشروط دیا:

﴿ مَا آتَاكُمُ الرَّسُولُ فَخُذُوهُ وَمَا نَهَاكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوا﴾[۳]

ترجمہ: سو جو چیز تم کو پیغمبر دیں وہ لے لو اور جس سے منع کریں اس سے باز رہو۔

## مقصد حکومت:

اسلامی ریاست کا کام صرف یہی نہیں کہ اندرونی امن اور خارجی سرحدوں کی حفاظت کی جائے اور مملکت کی مادی خوشحالی کی کوشش کی جائے۔ بلکہ اس کا اولین فرض یہ ہے کہ نماز، روزہ اور زکاۃ کا نظام قائم کرے۔ اور ان بھلائیوں کو فروغ دے جنہیں اللہ اور رسول نے بھلائی قرار دیا۔ حکام کی ان خوبیوں کو قرآن پاک بیان کرتا ہے:

(۱) تفسير الخازن ،علاء الدين علي بن محمد بن إبراهيم البغدادي الشهير بالخازن،دارالفكر، بيروت،لبنان،۱۹۷۹ء،۵۵۱/۱

(۲) تعلیمی درس قرآن، مولانا محمد اشرف علی تھانوی، ادارہ تالیفات اشرفیہ، ص: ۵۷۷

(۳) سورۃ الحشر ۵۹: ۷

﴿الَّذِينَ إِنْ مَكَّنَّاهُمْ فِي الْأَرْضِ أَقَامُوا الصَّلَاةَ وَآتَوُا الزَّكَاةَ وَأَمَرُوا بِالْمَعْرُوفِ وَنَهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ وَلِلَّهِ عَاقِبَةُ الْأُمُورِ﴾[۱]

ترجمہ: یہ وہ لوگ ہیں کہ اگر ہم ان کو ملک میں دسترس دیں تو نماز پڑھیں اور زکاۃ ادا کریں نیک کام کرنے کا حکم دیں اور برے کاموں سے منع کریں سب کاموں کا انجام اللہ کے اختیار میں ہے۔

اسلام نے مسلمانوں کو جو اجتماعی احکام دیئے ہیں۔ وہ اس لیے کہ مسلمانوں کی ریاست ہو اور اس میں وہ احکام نافذ کیے جائیں۔ مثلاً باجماعت نماز کا اہتمام، جمعہ، عیدین، امراء سے زکاۃ وصول کرنا، مستحقین پر صرف کرنا، عدل وانصاف کی فراہمی کے لیے حکام اور قاضیوں کا تقرر، حدود قصاص اور تعزیرات کا نظام قائم کرنا، مسلمانوں کے ملک کی سرحدوں کی حفاظت، اور بوقت ضرورت جہاد، اس لیے ضروری ہے کہ مسلمان دنیا کے جس خطے میں آباد ہوں ان کا ایک امیر ہو اور اس خطے کے تمام مسلمان اجتماعی احکام اس امیر کی امارت میں اداء کریں۔

## حاکم کی اطاعت اور تعین کے حوالے سے اصلاحات نبوی:

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

((مَنْ أَطَاعَنِي فَقَدْ أَطَاعَ اللَّهَ، وَمَنْ عَصَانِي فَقَدْ عَصَى اللَّهَ، وَمَنْ يُطِعِ الأَمِيرَ فَقَدْ أَطَاعَنِي، وَمَنْ يَعْصِ الأَمِيرَ فَقَدْ عَصَانِي))[۲]

ترجمہ: جس بندے نے میری فرمانبرداری کی اس نے اللہ کی فرمانبرداری کی اور جس نے میری نافرمانی کی اس نے اللہ کی نافرمانی کی اور جس نے میرے امیر کی اطاعت کی اس نے میری اطاعت کی اور جس نے میرے امیر کی نافرمانی کی اس نے میری نافرمانی کی۔

یحیٰ بن حصین رضی اللہ عنہ نے کہا میں نے اپنی دادی سے سنا وہ بیان کرتی ہیں کہ میں نے حجۃ الوداع کے خطبہ میں نبی علیہ السلام کو یہ فرماتے ہوئے سنا:

(( وَلَوِ اسْتُعْمِلَ عَلَيْكُمْ عَبْدٌ يَقُودُكُمْ بِكِتَابِ اللَّهِ فَاسْمَعُوا لَهُ وَأَطِيعُوا))[۳]

ترجمہ: اگر تمہارے اوپر ایک غلام حاکم بنادیا جائے جو کتاب اللہ کے مطابق حکم دے تو اس کی اطاعت لازم ہے۔

---

(۱) سورۃ الحج ۲۲: ۴۱

(۲) صحیح البخاری، بَابُ يُقَاتَلُ مِنْ وَرَاءِ الإِمَامِ ،حدیث نمبر: ۲۹۵۷، ۵۰/۴

(۳) صحیح مسلم ، حدیث نمبر: ۴۸۶۴، ۱۴/۶

## خلیفہ کی مشروط اطاعت:

خلیفہ معصوم نہیں اس سے غلطی ہو سکتی ہے اس لیے اس کی مشروط اطاعت کا حکم دیا۔اس کے حکم کو اللہ اور رسول کے فرمان کے مطابق پرکھو اگر اس کے مطابق ہے تو اس پر عمل کرو ورنہ وہ عمل قابل قبول نہیں۔ارشاد مصطفی ﷺ ہے:

((لَا طَاعَةَ لِمَخْلُوقٍ فِي مَعْصِيَةِ اللَّهِ))(۱)

ترجمہ:اللہ کی نافرمانی میں مخلوق کی اطاعت نہیں ہے۔

اولوالامر کی اطاعت صرف اسی صورت میں ہے جب تک وہ اللہ کی کتاب کو قائم رکھیں۔آپ ﷺ نے فرمایا:

((يَا أَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوا اللَّهَ، وَإِنْ أُمِّرَ عَلَيْكُمْ عَبْدٌ حَبَشِيٌّ مُجَدَّعٌ فَاسْمَعُوا لَهُ، وَأَطِيعُوا مَا أَقَامَ لَكُمْ كِتَابَ اللَّهِ)) (۲)

ترجمہ:اے لوگو اللہ تعالیٰ سے ڈرو اگرچہ تمہارے اوپر ایک چھوٹے سر والے حبشی غلام کو امیر مقرر کر دیا جائے،سنو اور اطاعت کرو،جب تک وہ تمہارے اندر اللہ کی کتاب قائم کرے۔

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

((إِنَّهُ يُسْتَعْمَلُ عَلَيْكُمْ أُمَرَاءُ، فَتَعْرِفُونَ وَتُنْكِرُونَ،فَمَنْ كَرِهَ فَقَدْ بَرِئَ وَمَنْ أَنْكَرَ فَقَدْ سَلِمَ، وَلَكِنْ مَنْ رَضِيَ وَتَابَعَ قَالُوا: يَا رَسُولَ اللهِ، أَلَا نُقَاتِلُهُمْ قَالَ:لَا،مَا صَلَّوْا))(۳)

ترجمہ:عنقریب تمہارے اندر ایسے امراء ظاہر ہوں گے جن کی طرف سے تم معروف و منکر دونوں طرح کی باتیں دیکھو گے سو جس نے منکر کو منکر سمجھا وہ تو بری ہوا اور جس نے اس کی مخالفت کی وہ سلامت رہا۔لیکن جو اس پر راضی ہوا اور جس نے پیروی کی (اس کی بدبختی ہے)۔لوگوں نے پوچھا کیا ایسے امراء سے ہم جنگ نہ کریں حضور نے حکم دیا جب تک وہ نماز پڑھیں (اس وقت تک جنگ نہ کرو)۔

ارشاد نبی اکرم ﷺ ہے:

((سيكون عليكم أمراء يأمرونكم بما لا تعرفون ويفعلون ما تنكرون فليس لأولئك عليكم طاعة))(۴)

---

(۱) (شیخین کی شرط پر اس حدیث کی سند صحیح ہے)، الكتاب المصنف في الأحاديث والآثار،أبو بكر بن أبي شيبة،المحقق: كمال يوسف، فِي إِمَامِ السَّرِيَّةِ ،حدیث نمبر:۳۳۷۱۷،ط/۱،مكتبة الرشد، الرياض،۱۴۰۹ھ، ۵۴۵/۶

(۲) (علامہ البانی نے اس حدیث کو صحیح قرار دیاہے)،سنن الترمذي ، بَابُ مَا جَاءَ فِي طَاعَةِ ،حدیث نمبر:۱۷۰۶،۲۰۹/۴

(۳) صحيح مسلم، بَابُ وُجُوبِ الْإِنْكَارِ،حدیث نمبر:۱۸۵۴،۱۴۸۱/۳

(۴) فتح الباري ،أحمد بن علي بن حجر العسقلاني ، قوله باب قول النبي ﷺ سترون بعدي أمورا ،حدیث نمبر:۶۶۴۶،۸/۱۲

ترجمہ: عنقریب تم پر ایسے حکام ہوں گے جو تمہیں ایسی باتوں کا حکم دیں گے جو تمہارے نزدیک معروف نہیں ہوں گی اور ایسی باتیں کریں گے جن کو تم منکر قرار دو گے تو ایسے امراء کی اطاعت تم پر نہیں۔

آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

((سَيَكُونُ بَعْدِي أُمَرَاءُ، فَلَا تُصَدِّقُوهُمْ بِكَذِبِهِمْ، وَلَا تُعِينُوهُمْ عَلَى ظُلْمِهِمْ))[۱]

ترجمہ: قریب ہے کہ میرے بعد تم پر امراء مقرر ہوں گے تو آپ ان کی جھوٹ میں تصدیق نہ کریں اور اگر یہ ظلم کرتے ہیں تو ظلم میں ان کے ساتھ تعاون نہ کریں۔

خلفاء اسلام یا دیگر ائمہ اسلام کی اطاعت، کتاب و سنت کی حد تک ہے۔ اگر کسی جگہ اس کی اطاعت میں کتاب و سنت سے تصادم ہوتا ہو تو وہاں بہر حال ان کی فرمانبرداری کو چھوڑنا اور کتاب و سنت کو لازم پکڑنا ضروری ہو گا۔

عوف بن مالک اشجعی رضی اللہ عنہ نے آپ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا تمہارے بہترین حکمران وہ ہیں جن سے تم محبت کرو اور جو تم سے محبت کریں اور تمہارے لیے دعا کریں اور تم ان کے لے دعا کرو اور تمہارے بدترین حکمران وہ ہیں جن سے تم بغض رکھو اور وہ تم سے بغض رکھیں جن پر تم لعنت بھیجو اور جو تم پر لعنت بھیجیں راوی کہتے ہیں کہ: (( قُلْنَا: يَا رَسُولَ اللَّهِ أَفَلَا نُنَابِذُهُمْ عِنْدَ ذَلِكَ)) جب ایسی صورت حال پیدا ہو جائے تو کیا اس وقت ہم ان کے خلاف کھلم کھلا جنگ کا اعلان نہ کریں آپ ﷺ نے حکم دیا اگر وہ تمہارے اندر نماز کی پابندی کریں اس وقت تک جنگ نہ کرو۔ اگر کوئی شخص ایسے حکمران کی ماتحتی میں آجائے جو اللہ کی نافرمانی کا مرتکب ہو تو اسے چاہیے کہ اس کی برائیوں سے نفرت کرے لیکن اطاعت سے ہاتھ نہ کھینچے[۲]

حضرت عبادہ بن صامت سے روایت ہے رسول اللہ بیعت لیتے تھے کہ ہم رنج و راحت اور تنگی و آسانی اور ہم پر ترجیح دیئے جانے کے باوجود اپنے امراء کی بات سنیں اور مانیں۔

(( وَأَنْ لَا نُنَازِعَ الْأَمْرَ أَهْلَهُ قَالَ إِلَّا أَنْ تَرَوْا كُفْرًا بَوَاحًا عِنْدَكُمْ مِنَ اللَّهِ فِيهِ بُرْهَان))[۳]

ترجمہ: اور جو صاحب امر ہو اس کی مخالفت نہ کریں الا یہ کہ اس سے کوئی کفر صریح صادر ہو جس کے کفر ہونے پر کوئی واضح دلیل موجود ہو۔

((قَالَ لَنَا رَسُولُ اللَّهِ ﷺ إِنَّكُمْ سَتَرَوْنَ بَعْدِي أَثَرَةً وَأُمُورًا تُنْكِرُونَهَا قَالُوا: فَمَا تَأْمُرُنَا يَا رَسُولَ

---

(۱) (علامہ البانی نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے)، السنة، أبو بكر بن أبي عاصم وهو أحمد بن عمرو بن الضحاك بن مخلد الشيباني ،تحقيق: محمد ناصر الدين الألباني، بَابُ مَا ذُكِرَ ،حدیث نمبر:۷۵۷، ط/۱، المكتب الإسلامي، بيروت، ۱۴۰۰ھ ،۳۵۲/۲

(۲) ایضاً، بَابُ وُجُوبِ الْإِنْكَارِ، حدیث نمبر:۱۸۵۵، ۱۴۸۲/۳

(۳) صحيح البخاري ، بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ سَتَرَوْنَ، حدیث نمبر:۷۰۵۶، ۴۷/۹

اللَّهِ؟ قَالَ:أَدُّوا إِلَيْهِمْ حَقَّهُمْ وَسَلُوا اللَّهَ الَّذِي لَكُمْ))(۱)

ترجمہ: ہمیں رسول اللہ نے فرمایا: میرے بعد تمہارا واسطہ ایسے امراء سے ہوگا جو اپنے آپ کو دوسروں پر ترجیح دیں گے۔ اور ان کی طرف سے تم ایسی باتیں دیکھو گے جو شریعت کے خلاف ہوں گی۔ لوگوں نے پوچھا ایسی حالت کے لیے آپ ﷺ ہمیں کیا حکم دیتے ہیں فرمایا تم ان لوگوں کا حق ادا کرنا اور اپنا حق خدا سے مانگنا۔

اس حدیث میں امراء کی ناانصافیوں اور خلاف شرع حرکات کی طرف اشارہ ہے۔ اور لوگوں کے سوال کا مطلب بھی یہی تھا کہ جن امراء سے یہ خلاف شرع باتیں صادر ہوں کیا ان کے خلاف تلوار اٹھانا جائز ہے۔ تو سرور انبیاء فرمانے لگے ان کے خلاف تلوار اٹھانے کا حق نہیں بلکہ تم پر اطاعت کی ذمہ داری ڈالی گئی ہے تم پوری کرتے رہو اور تمہارے وہ حقوق جو وہ ادا نہیں کر رہے ان کے لیے اللہ سے دعا کرو۔

علامہ ابن حجر عسقلانی وضاحت فرماتے ہیں امام کے خلاف خروج یا جنگ کرنا جائز نہیں جب تک کہ اس کے خلاف صریح قرآن سے یا کسی ایسی حدیث صحیح سے دلیل نہ ہو جس کی تاویل نہ کی جاسکتی ہو۔ علامہ نوویؒ نے کہا ہے کہ اس حدیث میں کفر سے مراد معصیت ہے اور اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ امام کے خلاف اس وقت تک اعراض نہ کرو جب کہ اس میں ایسی برائی نہ ہو جو قواعد اسلام کے خلاف ہو۔ اور اس حدیث میں کفر بواح کا جو لفظ آیا ہے اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں ہے کہ وہ خدا اور رسول، اسلام اور قرآن یا شریعت کا کھلم کھلا انکار کرنے لگیں۔ کیونکہ اس کی جرأت تو ایک مسلمان عملاً اور اعتقاداً دہریہ ہو جانے کے بعد بھی کم ہی کرتا ہے۔ کفر بواح کا مطلب یہ کہ وہ خدا کی کتاب کو چھوڑ کر کہیں اور سے رہنمائی حاصل کرے۔ خدا اور رسول کے مقرر کردہ منکر و معروف سے بے نیاز ہو کر کام کرنے لگے۔ نماز جو کافر و مومن میں امتیاز ہے اس کی ادائیگی اور اقامت کے التزام کو چھوڑ بیٹھے کیونکہ یہی چیزیں تو ایک اسلامی حکومت کے قیام کا واحد مقصد ہیں(۲)

## حاکم وقت کو تنہائی میں نصیحت کرنا:

اگر حاکم وقت کو نصیحت کرنا مطلوب ہو تو اس کا طریقہ یہ ہے، عیاض بن غنمؓ فرماتے ہیں رسول ﷺ نے فرمایا:

((مَنْ أَرَادَ أَنْ يَنْصَحَ لِذِي سُلْطَانٍ فَلَا يُبْدِهِ عَلَانِيَةً، وَلَكِنْ يَأْخُذُ بِيَدِهِ فَيَخْلُوا بِهِ، فَإِنْ قَبِلَ مِنْهُ فَذَاكَ، وَإِلَّا كَانَ قَدْ أَدَّى الَّذِي عَلَيْهِ))(۳)

(۱) (علامہ البانی نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے)، سنن الترمذي ، بَابٌ فِي الْأَثَرَةِ حدیث نمبر:۲۱۹۰، ۴۸۲/۴

(۲) اسلامی ریاست، امین احسن اصلاحی، دار التذکیر، لاہور، ۲۰۰۲ء، ص:۲۳۶

(۳) (علامہ البانی نے اس حدیث کو صحیح کہا ہے) السنة،أبو بكر بن أبي عاصم وهو أحمد بن عمرو بن الضحاك بن مخلد الشيباني،محقق: محمد ناصر الدين الألباني،حدیث نمبر:۱۰۹۶،ط/۱،ناشر: المكتب الإسلامي،بيروت،۱۴۰۰، ۵۲۱/۲

ترجمہ: جو کوئی کسی صاحب منصب کو نصیحت کا ارادہ کرے تو اسے علانیہ ظاہر نہ کرے بلکہ اس کا ہاتھ تھامے اور اسے اکیلے میں لے جائے اگر وہ اس کی بات سن لے تو ٹھیک ورنہ اس نے اپنی ذمہ داری ادا کر دی۔

## امیر اوّل کی اطاعت اور وفاداری:

شریعت ہمیں مسلمان حاکم کی اطاعت کا درس دیتی ہے، بھلے وہ حاکم ظالم جابر اور عیاش ہی کیوں نا ہو، وہ جمہوری ہو یا غیر جمہوری، ہمارے لیے ہر حال میں ان کی ہر معروف کام میں اطاعت ضروری اور واجب ہے اور اگر وہ خلاف شریعت کام کا حکم دے تو اطاعت نہیں کریں گے، بلکہ شریعت کی رو سے انہیں سمجھائیں گے، اور اگر پھر بھی وہ غلطی پر قائم رہیں تو ہم دل میں برا جانیں گے، حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے آپ ﷺ نے فرمایا:

((قَالَ: فُوا بِبَيْعَةِ الأَوَّلِ فَالأَوَّلِ، أَعْطُوهُمْ حَقَّهُمْ، فَإِنَّ اللَّهَ سَائِلُهُمْ عَمَّا اسْتَرْعَاهُمْ))[۱]

ترجمہ: آپ ﷺ نے فرمایا: جو پہلے امیر بنے اس کی بیعت نبھاؤ اور وفا کرو، ان کو ان کا حق دو کیونکہ اللہ نے ان کے سپرد جو کیا ہے اللہ ان سے اس (رعایا) کے بارے میں پوچھے گا۔

نہ ہی اس سے بغاوت کی جائے گی اور نا ہی کفر کے فتوے لگائیں جائیں گے، اور نا ہی منبر و محراب میں بیٹھ کر ان کی غلطیوں کے اعلان کیے جائیں گے، بلکہ تنہائی میں ان کو نصیحت کی جائے گی، اور یہ اطاعت تب تک رہے گی جب تک کہ وہ واضح کفر کا ارتکاب نہیں کرتے اور جب تک وہ نماز کو قائم کرنے والے ہیں ۔

## امراء کو گالی نہ دی جائے:

حضرت انسؓ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

((قَالَ: لَا تَسُبُّوا أُمَرَاءَكُمْ، وَلَا تَغِشُّوهُمْ، وَلَا تَبْغَضُوهُمْ، وَاتَّقُوا اللَّهَ وَاصْبِرُوا فَإِنَّ الْأَمْرَ قَرِيبٌ))[۲]

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: نہ تو اپنے امراء کو گالی دو اور نہ ان کے پاس زیادہ جاؤ اور نہ ان سے بغض رکھو اور اللہ سے ڈرتے رہو اور صبر کرو کیونکہ وقت بہت قریب ہے۔

---

(۱) صحيح البخارى، بَابُ مَا ذُكِرَ عَنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ، حدیث نمبر: ۳۴۵۵، ۱۶۹/۴

(۲) السنة، حدیث نمبر: ۱۰۱۵، ۴۸۸/۲

## منکر میں اطاعت ضروری نہیں:

اچھائی اور برائی کو جانچنے کے لیے معیار قرآن وسنت ہے۔اسلام نے قرآن وسنت کے سوا کوئی اور معیار تسلیم نہیں کیاہے۔ حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے:

((على المرء المسلم الطاعة فيما أحب أو كره إلا أن يؤمر بمعصيةفإذا أمر بمعصية فلا سمع ولاطاعة))(۱)

ترجمہ:امیر کی اطاعت وفرمانبرداری مسلمانوں پر ہر حال میں ضروری ہے سوائے اس کے کہ اسے کسی ایسی بات کا حکم دیا جائے جس میں خدا کی نافرمانی ہو تو پھر نہ سننا ہے اور نہ ماننا ہے۔

حضرت علی المرتضی رضی اللہ عنہ کی ایک روایت ہے:

نبی کریم ﷺ نے دستہ بھیجا انصاری شخص کو اس کا امیر بنایا اور امیر کی اطاعت کی تاکید کی۔ پھر امیر فوج کے لوگوں پر غصے ہوا،اور کہنے لگا کیا امیر کی اطاعت کو حضور نے لازم نہیں کیا۔ لوگوں نے کہا ضرور کیا ہے اس پر وہ فرمانے لگے لکڑیاں جمع کرو اس سے آگ جلاؤ اور اس میں کود پڑو۔لوگوں نے لکڑیاں جمع کیں اور آگ جلائی جب کودنا چاہا تو ایک دوسرے کو دیکھنے لگے۔ان میں سے کچھ کہنے لگے ہم نے حضور کی فرمانبرداری آگ سے بچنے کے لیے کی تھی۔ کیا پھر ہم اس میں خود ہی داخل ہو جائیں۔اسی دوران میں آگ ٹھنڈی ہو گی اور امیر کا غصہ بھی جاتا رہا

((فَذَكَرُواذَلِكَ لَهُ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ: لَوْ دَخَلُوهَا لَمْ يَزَالُوا فِيهَا إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ لاَ طَاعَةَ فِي مَعْصِيَةِ اللَّهِ إِنَّمَا الطَّاعَةُ فِي الْمَعْرُوفِ))(۲)

ترجمہ: پھر اس بات کا ذکر آپ ﷺ سے کیا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ اگر یہ لوگ اس میں کود پڑتے تو پھر اس میں سے نہ نکل سکتے۔اطاعت صرف اچھی باتوں میں ہے۔

حکام کی اطاعت دو شرائط سے مشروط ہے۔ پہلی شرط یہ کہ شریعت کے مطابق ہو اور دوسری یہ کہ اس میں مسلمانوں کی مصلحت ہو۔ رعیت میں حاکم کے وہ تمام دینی اور دنیوی تصرفات اور احکامات نافذ العمل ہوں کہ اس میں مصلحت ہو۔اور اگر مصلحت کے ساتھ نہ ہوں تو پھر یہ حکم نافذ نہیں ہو گا(۳)

---

(۱) (علامہ البانی کے نزدیک اس حدیث کی سند صحیح ہے)،سنن ابن ماجه ،والأحاديث مذيلة بأحكام الألباني عليها، حدیث نمبر:۲۸۶۴، دار الفکر،بیروت،۹۵۶/۲

(۲) صحيح البخاري ، بَابُ مَا جَاءَ فِي إِجَازَةِ ،حدیث نمبر:۷۲۵۷،۸۸/۹

(۳) تفسير طبرى ،سورة النساء، ۴۷/۵

## اولوالامر کی اطاعت نجات کا ذریعہ:

اولوالامر کی اطاعت صرف حکومت کے اندر شہری اور اجتماعی حقوق حاصل کرنے کے لیے ضروری نہیں ہے بلکہ آخرت میں نجات حاصل کرنے کے لیے بھی ضروری ہے۔ اگر کوئی شخص اسلامی ریاست کے صاحب امر کی اطاعت سے منحرف ہو اور اسی حالت میں اس کی موت واقع ہو جائے تو اس کے تمام دینی اعمال اکارت جائیں گے اور اس کی موت جاہلیت کی موت ہو گی۔ ارشاد مصطفی ﷺ ہے: جس شخص کو اپنے امیر کی کوئی بات ناگوار گزرے تو اس کو چاہیے کہ صبر کرے:

((مَنْ خَرَجَ مِنَ السُّلْطَانِ شِبْرًا مَاتَ مِيتَةً جَاهِلِيَّةً))(۱)

ترجمہ: کیونکہ جو شخص سلطان کی اطاعت سے بالشت بھر بھی باہر ہوا اسے جاہلیت کی موت آئی۔

ایک حدیث پاک میں نماز، روزہ، زکاۃ کے ساتھ حاکم وقت کی فرمانبرداری کو بھی ضروری قرار دیا ہے: پانچ وقت نماز ادا کرو روزہ رکھو اور زکاۃ دیتے رہو:

(( وأطيعوا ذا أمركم تدخلون جنة ربكم))(۲)

ترجمہ: حکام کی فرمانبرداری کرتے رہو تو تم جنت میں پہنچ جاوگے۔

## جماعت سے علیحدگی باعث عتاب:

جماعت کے ساتھ وابستگی خود اسلام کے ساتھ وفاداری کے لیے لازم شرط قرار دی گئی ہے۔ اور اس کی موجودگی میں کسی شخص کے لیے ممکن نہیں کہ وہ اس جماعت سے علیحدہ رہ کر اسلام کے ساتھ اپنی وابستگی قائم رکھ سکے۔ آپ ﷺ نے فرمایا:

((مَنْ فَارَقَ الْجَمَاعَةَ شِبْرًا فَقَدْ خَلَعَ رِبْقَةَ الإِسْلاَمِ مِنْ عُنُقِهِ))(۳)

ترجمہ: جو شخص جماعت سے بالشت بھر بھی دور رہوا، اس نے در حقیقت اپنی گردن سے اسلام کا حلقہ اطاعت نکال پھینکا۔

حضرت عرفجہ اشجعیؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

((فَمَنْ أَرَادَ أَنْ يُفَرِّقَ أَمْرَ هَذِهِ الأُمَّةِ وَهِيَ جَمِيعٌ، فَاضْرِبُوهُ بِالسَّيْفِ))(۴)

ترجمہ: تو جو شخص اس امت کے معاملے کو ٹکڑے ٹکڑے کرنا چاہے جب کہ وہ متحد ہوں تو اسے تلوار کا

---

(۱) صحيح البخاري ، بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ ﷺ سَتَرَوْنَ بَعْدِي ،حدیث نمبر:۷۰۵۳، ۴۷/۹

(۲) (شیخ ناصر الدین البانی نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے) ،سنن الترمذي، حدیث نمبر:۶۱۶، ۵۱۶/۲

(۳) (شیخ ناصر الدین البانی نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے)،سنن أبي داود، بَابٌ فِي قَتْلِ، حدیث نمبر:۴۷۵۸، ۲۴۱/۴

(۴) صحيح مسلم، بَابُ حُكْمِ مَنْ فَرَّقَ أَمْرَ الْمُسْلِمِينَ، حدیث نمبر:۱۸۵۲، ۱۴۷۹/۳

نشانہ بنادو ۔

حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے آپ ﷺ نے فرمایا:

مَنْ نَزَعَ يَدَهُ مِنْ طَاعَةٍ لَمْ يَكُنْ لَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ حُجَّةٌ، وَمَنْ مَاتَ مُفَارِقًا لِلْجَمَاعَةِ فَإِنَّهُ يَمُوتُ مِيتَةً جَاهِلِيَّةً))(۱)

ترجمہ: جس نے امیر کی اطاعت سے ہاتھ کھینچا اس کے لئے قیامت کے دن کوئی حجت نہیں ہو گی، اور جو اس حال میں مرا کہ وہ جماعت سے الگ تھا تو وہ جاہلیت کی موت مرا۔

## وفاداری کا عہد نبھانا:

اولوالامر کی اطاعت صرف ظاہری حد تک مطلوب نہیں ہوتی بلکہ اس میں دل کا اخلاص اور نیت کی پاکیزگی بھی مطلوب ہوتی ہے۔ایک حدیث پاک میں ان لوگوں کے ساتھ جن سے اللہ تعالیٰ قیامت کے دن بات نہیں کرے گا اس شخص کو بھی شریک کیا گیا ہے جو امام کے ہاتھ پر محض اپنی کسی ذاتی غرض کے لیے بیعت کرتا ہے، حضرت ابو ھریرہؓ سے روایت ہے رسول اکرم ﷺ نے فرمایا:

((رَجُلٌ بَايَعَ إِمَامًا فَإِنْ أَعْطَاهُ وَفَى لَهُ، وَإِنْ لَمْ يُعْطِهِ لَمْ يَفِ لَهُ))(۲)

ترجمہ: جس شخص نے سربراہ مملکت کے ہاتھ پر محض کسی دنیوی غرض کے لیے بیعت کی۔اگر اس کی وہ غرض پوری کی جاے تو وفادار ہے اور اگر وہ غرض پوری نہیں کی جاتی تو وہ وفاداری نہیں کرتا۔

چنانچہ اکثر احادیث میں اسلام کے ضروری اجزاء کے ضمن میں امام کی خیر خواہی کو بھی ایک ضروری شرط کی حیثیت دی گئی ہے۔

## سربراہ مملکت، شرائط وصفات:

اولوالامر کے لیے ضروری ہے وہ اللہ کی وحدانیت اور رسول کی رسالت پر ایمان رکھتا ہو، کتاب اللہ اور سنت رسول ﷺ کو آخری دینی و قانونی سند مانتا ہو، اسلام کے احکام و شرائع کا پابند ہو، تہذیب و معاشرت میں اسلامی اصولوں پر عمل پیرا ہو، حلال و حرام کے بارے میں وہ اسلام کے مقرر کیے ہوئے حدود کا پابند ہو۔اس کے علاوہ بھی علماء نے اولوالامر کے اوصاف کا تذکرہ کیا ہے جو درج ذیل ہیں۔قرآن پاک کی روشنی میں سربراہ مملکت درج ذیل اوصاف کا حامل ہونا چاہیے۔

## مرد ہو:

---

(۱) (علامہ البانی نے اس حدیث کو صحیح کہا ہے) ، السنة، حدیث نمبر:۱۰۷۵، ۵۱۲/۲

(۲) (شیخ ناصر الدین البانی نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے)، سنن الترمذي، بَابُ مَا جَاءَ فِي نَكْثِ ،حدیث نمبر:۱۵۹۵، ۱۵۰/۴

سورۃ النساء میں ارشاد ربانی ہے:

﴿ الرِّجَالُ قَوَّامُونَ عَلَى النِّسَاءِ ﴾[1]

ترجمہ: مرد عورتوں پر قوام ہیں۔

عورتوں کی حاکمیت کے متعلق نبی اکرم ﷺ ارشاد فرماتے ہیں:

((إِذَا كَانَتْ أُمَرَاؤُكُمْ خِيَارَكُمْ وَكَانَتْ أَغْنِيَاؤُكُمْ سُمَحَاءَكُمْ وَكَانَ أُمُورُكُمْ شُورَى بَيْنَكُمْ فَظَهْرُ الْأَرْضِ خَيْرٌ لَكُمْ مِنْ بَطْنِهَا، وَإِذَا كَانَتْ أُمَرَاؤُكُمْ شِرَارَكُمْ وَكَانَتْ أَغْنِيَاؤُكُمْ بُخَلَاءَكُمْ وَكَانَتْ أُمُورُكُمْ إِلَى نِسَائِكُمْ فَبَطْنُ الْأَرْضِ خَيْرٌ لَكُمْ مِنْ ظَهْرِهَا))[2]

ترجمہ: جب تمہارے حکام تم میں بہترین ہوں اور تمہارے مالدار تم میں سے سخی ہوں اور تمہارے کام آپس کے مشورہ سے ہوں تمہارے لیے زمین کی پشت اس کے پیٹ سے بہتر ہے جب تمہارے امراء تمہارے بد ترین لوگ ہوں اور تمہارے دولت مند بخیل ہوں اور جب تمہارے معاملات تمہاری عورتوں کے ہاتھ میں ہوں تو زمین کا پیٹ تمہارے لیے اس کی پیٹھ سے بہتر ہے۔

## عاقل و بالغ:

خلیفہ کے لیے ضروری ہے کہ وہ عاقل و بالغ معاملہ فہم اور صاحب بصیرت ہو۔

## مسلمان:

اسلامی مملکت کا سربراہ صرف مسلمان ہی ہو سکتا ہے، قرآن پاک میں ارشاد ہوتا ہے:

﴿يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ وَأُولِي الْأَمْرِ مِنْكُمْ﴾[3]

ترجمہ: اے ایمان والو اطاعت کرو اللہ کی اور اطاعت کرو رسول کی اور ان کی جو تم میں اولوالامر ہیں۔

### دار الاسلام کا باشندہ ہو:

سربراہ مملکت ریاست اسلامی کا رہائشی ہو اس بات کو اس آیت سے اَخذ کیا گیا ہے:

﴿وَالَّذِينَ آمَنُوا وَلَمْ يُهَاجِرُوا مَا لَكُمْ مِنْ وَلَايَتِهِمْ مِنْ شَيْءٍ حَتَّى يُهَاجِرُوا﴾[1]

---

(۱) سورۃ النساء۴: ۳۴

(۲) (شیخ ناصر الدین البانی نے اس حدیث کو ضعیف قرار دیا ہے)، سنن الترمذي ، حدیث نمبر:۲۲۶۶، ۵۲۹/۴

(۳) سورۃ النساء۴: ۵۹

(۱) سورۃ الانفال۸: ۷۲

ترجمہ: اور جو لوگ ایمان تو لائے لیکن ہجرت نہیں کی، تمہارے لیے ان کی وراثت سے کوئی چیز نہیں یہاں تک کہ وہ ہجرت کریں۔

## سربراہ مملکت امانتدار ہو:

سورہ النساء میں ارشاد ربانی ہے:

﴿إِنَّ اللَّهَ يَأْمُرُكُمْ أَنْ تُؤَدُّوا الْأَمَانَاتِ إِلَى أَهْلِهَا﴾[۲]

ترجمہ: بے شک اللہ تمہیں حکم دیتا ہے کہ امانتیں اہل امانت کے سپرد کردو۔

## متقی ہو:

اسلام میں عظمت کا معیار تقویٰ ہے، فرمان ربانی:

اللہ کے نزدیک تم میں زیادہ عزت والا وہ ہے جو بہت پرہیزگار ہے[۳]

## نفس پرست نہ ہو:

اللہ تعالیٰ کی مقررہ کردہ حدود کا پابند ہو اور نفس پرست نہ ہو۔ سورۃ الکھف میں ارشاد ربانی ہے:

﴿وَلَا تُطِعْ مَنْ أَغْفَلْنَا قَلْبَهُ عَنْ ذِكْرِنَا وَاتَّبَعَ هَوَاهُ وَكَانَ أَمْرُهُ فُرُطًا﴾[۴]

ترجمہ: کسی ایسے شخص کی اطاعت نہ کرو جس کو ہم نے اپنی یاد سے غافل کر دیا ہے اور جس نے اپنی خواہش نفس کی پیروی اختیار کر لی ہے اور جس کا کام حدود آشنا نہیں ہے۔

## عالم ہو:

جب حضرت طالوتؑ کو اللہ تعالیٰ نے بادشاہت سے نوازا تو ان کے علم کے وصف کا ذکر کیا ارشاد ربانی ہے:

﴿قَالَ إِنَّ اللَّهَ اصْطَفَاهُ عَلَيْكُمْ وَزَادَهُ بَسْطَةً فِي الْعِلْمِ وَالْجِسْمِ وَاللَّهُ يُؤْتِي مُلْكَهُ مَنْ يَشَاءُ﴾[۵]

ترجمہ: پیغمبر نے فرمایا بیشک اللہ نے اسے تم پر پسند فرمایا اسے علم اور جسم میں زیادہ فراخی دی اور اللہ جسے چاہتا ہے بادشاہی عطاء فرماتا ہے۔

---

(۲) سورۃ النساء۴: ۵۸

(۳) سورۃ الحجرات۴۹: ۱۳

(۴) سورۃ الکھف۱۸: ۲۸

(۵) سورۃ البقرۃ۲: ۲۴۷

## بدعتی نہ ہو:

سربراہ مملکت قرآن وسنت کی پیروی کرنے والا ہو اور دین میں نئی باتیں داخل کرنے والا نہ ہو،اسلامی نظام حکومت چھوڑ کر ملوکیت اور پاپائیت کا راستہ اختیار کرنے والا نہ ہو کیونکہ یہ غیر اسلامی سیاسی نظریات ہیں۔ان نظریات کا مزاج اور دستور اساسی لوگوں میں بے سکونی پیدا کرنا انہیں بادشاہوں کا خادم بنانا،اس لیے بادشاہ اس قسم کی بدعات کا ارتکاب کرنے والا نہ ہو۔حدیث پاک میں آتا ہے:

((مَنْ وَقَّرَ صَاحِبَ بِدْعَةٍ فَقَدْ أَعَانَ عَلَى هَدْمِ الْإِسْلَامِ))(۱)

ترجمہ: جس نے کسی صاحب بدعت کی توقیر کی اس نے اسلام کو منہدم کرنے میں مدد دی۔

## منصب خلافت کا طالب نہ ہو:

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں میں نے عرض کیا:

((يَا رَسُولَ اللهِ، أَلَا تَسْتَعْمِلُنِي قَالَ: فَضَرَبَ بِيَدِهِ عَلَى مَنْكِبِي، ثُمَّ قَالَ:يَا أَبَا ذَرٍّ، إِنَّكَ ضَعِيفٌ، وَإِنَّهَا أَمَانَةٌ، وَإِنَّهَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ خِزْيٌ وَنَدَامَةٌ، إِلَّا مَنْ أَخَذَهَا بِحَقِّهَا، وَأَدَّى الَّذِي عَلَيْهِ فِيهِ))(۲)

ترجمہ: اے اللہ کے رسول آپ ﷺ مجھے عامل بنا دیں۔آپ ﷺ نے میرے کندھے پر ہاتھ مارا۔آپ ﷺ نے فرمایا اے ابوذر تم کمزور ہو اور یہ امارت امانت ہے اور یہ قیامت کے دن رسوائی اور شرمندگی کا باعث ہوگی البتہ جو امارت کے حقوق ادا کرے اور اس کی ذمہ داریاں پوری کرے۔

## سربراہ مملکت ریاکار نہ ہو:

دین اسلام میں اولوالامر کو بلند منصب عطا کیا ہے۔اس وجہ سے کہ یہ خدا کی تشریعی حاکمیت کے زمین میں نفاذ کا ذریعہ بنتے ہیں۔وہ خود اللہ کے قانون کی اطاعت کریں اور بندوں کے اندر بھی اللہ کے قانون کو جاری کریں۔جس طرح حضور چاہتے تھے کہ لوگ خدا کے قانون کی اطاعت کریں اسی طرح اولوالامر کو بھی یہ بات محبوب ہو کہ لوگ اللہ اور رسول کے احکام کی اطاعت کریں۔اس کے ساتھ ساتھ ان کے منصب کا یہ تقاضا بھی ہے کہ وہ نہ تو خود اللہ تعالیٰ کے قانون کی نافرمانی کریں اور نہ ایسی بات کا حکم دیں جو اللہ کے حکم کے خلاف ہو۔

---

(۱) المعجم الأوسط،حدیث نمبر:۶۷۷۲، دار الحرمين، القاهرة،۳۵/۷، (اس حدیث کی سند صحیح ہے،الطيوريات،صدر الدين، أبو طاهر السِّلَفي أحمد بن محمد بن أحمد الأصبهاني ،ط/۱،مكتبة أضواء السلف، الرياض،۲۰۰۴ء،۳۱۶/۲

(۲) صحیح مسلم،بَابُ كَرَاهَةِ الْإِمَارَةِ،حدیث نمبر:۱۸۲۵،۱۴۵۷/۳

حضرت جندب رضی اللہ عنہ (۱) نے نبی پاک علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا: اور فرمایا کہ:

((مَنْ سَمَّعَ سَمَّعَ اللَّهُ بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ قَالَ وَمَنْ يُشَاقِقْ يَشْقُقْ اللَّهُ عَلَيْهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ)) (۲)

ترجمہ: جو ریاکاری کرتے ہوئے دکھاوا کرے اللہ قیامت کے روز اس کی ریاکاری لوگوں پر ظاہر فرمادے گا جو لوگوں کو تکلیف میں مبتلا کرے گا اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اسے تکلیف میں مبتلا کرے گا۔

ابوالحسن علی بن محمد حبیب الماوردی کے نزدیک سربراہ مملکت میں درج ذیل خصوصیات ہوں:

الْعَدَالَةُ ،الْعِلْمُ الْمُؤَدِّي إِلَى الِاجْتِهَادِ، سَلَامَةُ الْحَوَاسِّ مِنْ السَّمْعِ وَالْبَصَرِ وَاللِّسَانِ، سَلَامَةُ الْأَعْضَاءِ مِنْ نَقْصٍ، الرَّأْيُ الْمُفْضِي إِلَى سِيَاسَةِ الرَّعِيَّةِ وَتَدْبِيرِ الْمَصَالِحِ، الشَّجَاعَةُ، النَّسَبُ، وَهُوَ أَنْ يَكُونَ مِنْ قُرَيْشٍ (۳)

ترجمہ: عادل ہو، علم دین سے بہرہ ور ہو اور مجتہدانہ صفات کا حامل ہو، حواس سلامت ہوں، جسم کے تمام اعضاء میں کوئی عیب نہ ہو، صائب الرائے ہو، بہادر و دلیر ہو، قرشی النسب ہو۔

امام غزالی (۴) سربراہ مملکت کی اکثر صفات میں علامہ ماوردی کی موافقت کرتے ہیں۔

علامہ ابن خلدون نے سربراہ مملکت کی چار شرطیں بیان کرتے ہیں:

وأمّا شروط هذا المنصب فهي أربعة: العلم والعدالة والكفاية وسلامة الحواسّ والأعضاء ممّا يؤثّر في الرّأي والعمل واختلف في شرط خامس وهو النّسب القرشيّ (۵)

ترجمہ: علم، عدالت، کفایت، ان حواس اور اعضاء کا سلامت ہونا جن کو رائے اور عمل سے تعلق ہے۔ پانچویں شرط میں اختلاف ہے اور وہ امام کا قریشی النسب ہونا ہے۔

---

(۱) (حضرت جندب بن عمرو بن جمحہ دوسی: بنی عبد شمس کے حلیف ہیں۔ عمرو بن زبیر نے اور ابن شہاب نے کہا کہ وہ مقام اجنادین میں شہید ہوئے۔ اُسد الغابہ: ۴-۱/۳۹۵)

(۲) صحیح البخاری، بَابُ الرِّيَاءِ وَالسُّمْعَةِ ،حدیث نمبر: ۶۴۹۹، ۹/۶۴

(۳) الأحكام السلطانية، أبو الحسن علي بن محمد بن محمد بن حبيب البصري ، الشهير بالماوردي ، دار الحديث،القاهرة ،۱/۳۳

(۴) (غزالی: نام محمد، لقب مجدد الاسلام، عرفیت غزالی ۴۴۵ھ کو خراسان اضلاع طاہران میں پیدا ہوئے۔ ان کے باپ محمد روئی فروش تھے ۔ اسی نسبت سے ان کا خاندان غزالی کہلایا۔ ۲۰ برس کی عمر میں تصنیف و تالیف کا شعبہ اختیار کیا۔ مقاصد الفلاسفہ، احیاء العلوم، مشکاۃ الانوار، منہاج العابدین ،امام صاحب کی کچھ کتابیں صرف یورپ میں ہیں اور کچھ کا ترجمہ عالم اسلام کی زبانوں میں ہو چکا ہے، ان کا وصال ۵۰۵ھ میں طوس میں ہوا۔ اسلامی انسائیکلوپیڈیا، مدیر سید قاسم محمود، بشیر سنز پرنٹرز کراچی، ص: ۱۱۱۲)

(۵) ديوان المبتدأ والخبر في تاريخ العرب والبربر ومن عاصرهم من ذوي الشأن الأكبر،عبد الرحمن بن محمد ابن خلدون ، ولي الدين الحضرمي الإشبيلي ، تحقيق: خليل شحادة ،ط/۱، دار الفكر، بيروت،۱۴۰۸ھ،۱/۲۴۳

## حکام کی ذمہ داریاں:

اسلامی نظام میں سربراہ مملکت کی اطاعت کو جتنی اہمیت دی ہے اسی اعتبار سے اس اطاعت کو نہایت سخت شرائط کے ساتھ مشروط بھی کر دیا گیا ہے۔ اگر ایک طرف اطاعت امیر کا یہ رتبہ ہے کہ جس نے صاحب امر کی اطاعت سے سر مو انحراف کیا تو اس کے دین اور دنیا دونوں خطرے میں ہیں۔ تو دوسری طرف امیر بھی ایسا ہو جو اللہ کی کتاب کے مطابق عمل کرنے والا ہو، اور سنت پر چلنے والا ہو، نماز اور دوسرے ارکان و شعائر اسلامی کو نافذ کرنے والا ہو، رعایا کی تمام ضروریات زندگی کا پورا کرنے والا ہو۔ اور اگر امیر ان اوصاف سے خالی ہو تو اس کے لیے سمع وطاعت کے وہ احکام نہیں ہوں گے بلکہ احکام بدل جائیں گے۔ سربراہ مملکت پر ریاست کی تمام تر ذمہ داریاں پوری کرنا بھی فرض ہے۔ اگر وہ اپنی ذمہ داریاں بطریق احسن ادا نہ کرے تو وہ گنہگار ہو گا۔ نبی پاک علیہ السلام نے ارشاد فرمایا:

((مَا مِنْ أَمِيرٍ يَلِي أَمْرَ الْمُسْلِمِينَ ثُمَّ لاَ يَجْهَدُ لَهُمْ وَيَنْصَحُ إِلاَّ لَمْ يَدْخُلْ مَعَهُمُ الْجَنَّةَ))(۱)

ترجمہ: کوئی حاکم جو مسلمانوں کی حکومت کا کوئی منصب سنبھالے پھر ان کی ذمہ داریاں ادا کرنے کے لیے اپنی پوری کوشش نہ کرے اور خلوص کے ساتھ کام نہ کرے وہ مسلمانوں کے ساتھ جنت میں قطعاً داخل نہ ہو گا۔

آپ ﷺ کا ارشاد پاک ہے، جب کوئی بندہ کسی رعیت کا حاکم بنتا ہے:

((فَلَمْ يَحُطْهَا بِنَصِيحَةٍ إِلاَّ لَمْ يَجِدْ رَائِحَةَ الْجَنَّةِ))(۲)

ترجمہ: پس وہ خیر خواہی کے ساتھ اس کی حفاظت نہیں کرتا تو وہ جنت کی خوشبو بھی نہیں پائے گا۔

نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

((إِنَّمَا الإِمَامُ جُنَّةٌ يُقَاتَلُ مِنْ وَرَائِهِ وَيُتَّقَى بِهِ فَإِنْ أَمَرَ بِتَقْوَى عَزَّ وَجَلَّ وَعَدَلَ كَانَ لَهُ بِذَلِكَ أَجْرٌ وَإِنْ يَأْمُرْ بِغَيْرِهِ كَانَ عَلَيْهِ مِنْهُ))(۳)

ترجمہ: امام ڈھال ہے اس کی پشت پناہی میں جنگ کی جاتی ہے اور وہ ذریعہ امان ہے۔ اگر امام اللہ عزوجل سے ڈرنے کا حکم دے اور عدل وانصاف سے کام لے تو اسے اس کا اجر ملے گا اور اگر اس نے اس کے خلاف کچھ کیا تو اس کا اس پر وبال ہو گا۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ ایک مرتبہ لوگوں سے فرمانے لگے:

---

(۱) صحيح مسلم ، باب فَضِيلَةِ الإِمَامِ الْعَادِلِ، حدیث نمبر:۴۸۳۶، ۹/۶

(۲) صحيح البخاري ، بابُ مَنِ اسْتُرْعِيَ رَعِيَّةً ، حدیث نمبر:۷۱۵۰، ۶۴/۹

(۳) صحيح مسلم، باب فِي الإِمَامِ إِذَا أَمَرَ بِتَقْوَى اللَّهِ، حدیث نمبر:۴۸۷۸، دار الأفاق الجديدة . بيروت، ۱۷/۶

((وَأَعِينُونِي عَلَى نَفْسِي بِالْأَمْرِ بِالْمَعْرُوفِ وَالنَّهْيِ عَنِ الْمُنْكَرِ))(۱)

ترجمہ: میرے نفس کی کمزوریوں کے مقابلے میں امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے ذریعے میری مدد کرو اور اس ذمہ داری کے سلسلے میں میری خیر خواہی کر کے کرو جو خدا نے تمہارے معاملات کے انتظام کی میرے اوپر ڈال دی ہے۔

حاکم وقت کی ذمہ داریاں (علامہ بدرالدین ابن جماعۃ(۲) کی نظر میں)

اوّل: حریم اسلام کی ذمہ داری اور اس کا دفاع ہے۔ اگر خلیفہ ہو تو پورے ملک کی حفاظت کا مسئول ہے اور اگر کسی علاقے کا امیر ہو تو اس کا مسئول ہے۔

دوم: مقرر اصول و قواعد پر دین کی حفاظت ہے۔ شرعی علوم کو پھیلانا، علم اور اہل علم کا احترام کرنا۔

سوم: شعائر اسلام قائم کرنا۔

چہارم: والیوں اور حکام کے مقرر کرنے کے ساتھ قضایا اور احکام کے فیصلے کرنا تاکہ لوگوں میں جھگڑا نہ ہو۔

پنجم: فرض جہاد کو قائم کرنا ہے۔

ششم: حدود کا قائم کرنا، ان تمام شرائط کے ساتھ جو ان کے لیے مقرر ہیں۔

ہفتم: اہل لوگوں سے زکاۃ اور جزیہ کا جمع کرنا، غنیمت اور خراج کو ان کے محل سے جمع کرنا، پھر ان اموال کو شرعی اور پسندیدہ جگہوں میں خرچ کرنا ہے۔

ہشتم: ان نیک اشیاء میں غور و فکر کرنا جو اللہ کی رضا اور اللہ کا قرب حاصل کرنے کے لیے وقف کیے گئے ہوں۔ پھر ان کو اپنی اپنی جہات میں خرچ کرنا ہے۔

نہم: اپنی بادشاہی میں عدل کرنا ہے(۳)

## سربراہ ریاست کی معزولی کی حدود:

علامہ ماوردی رحمہ اللہ نے اس موضوع پر تفصیلی بحث کی ہے حسب ذیل اسباب میں سے کوئی ایک وجہ سے وہ اپنا

---

(۱) سير السلف الصالحين ،إسماعيل بن محمد بن الفضل بن علي القرشي الأصبهاني، أبو القاسم، الملقب بقوام السنة تحقيق: د. كرم بن حلمي بن فرحات بن أحمد،دار الراية للنشر والتوزيع، الرياض،۱۲۸/۱

(۲) (ابن جماعہ: علماء کے ایک خاندان کا نام (بدرالدین ابو عبداللہ محمد بن ابراہیم ۱۲۴۱ء- ۱۳۳۳ء) عرب فقیہ، امام شافعی کے مزار کے پاس دفن ہوئے۔ دمشق میں مدرس اور قاضی القضاۃ رہے۔ آئینی قانون پر ان کی اہم تصنیف "تحریر الاحکام فی تدبیر اہل الاسلام" ہے۔ اسلامی انسائیکلوپیڈیا، مدیر سید قاسم محمود، بشیر سنز پرنٹرز کراچی، ص:۵۸)

(۳) تحرير الأحكام ، محمد بن إبراهيم بن سعد الله ، بدر الدين ، تحقيق ودراسة وتعليق: د. فؤاد عبد المنعم أحمد،ط/۳، دار الثقافة بتفويض من رئاسة المحاكم الشرعية قطر/الدوحة ،۱۴۰۸ھ،۶۵/۱

منصب اور اختیار کھو بیٹھتا ہے۔

اگر اس کی اخلاقی حیثیت میں کوئی تبدیلی ہو جائے۔

ایک تو اس کے جسم سے متعلق ہے کہ وہ شہوانی خواہشات کی بناپر شرعی پابندیوں کی خلاف ورزی کرے ایسی صورت میں کوئی شخص نہ تو امام منتخب ہو سکتا ہے اور نہ بطور امام اپنے عہدے پر قائم رہ سکتا ہے۔

دوسری اس کے عقیدے سے متعلق ہے یعنی اگر کوئی شخص مذہب کے مسلمہ اصولوں کے خلاف رائے رکھتا ہو۔
اگر امام کی ذات میں کوئی تبدیلی رونما ہو اس کی تین قسمیں ہیں۔

حواس طبعی کا ضیاع، اعضائے جسمانی کا ضیاع، نگرانی و ہدایت کی صلاحیت کا ضیاع۔
دماغی صلاحیت کا ختم ہو جانا اور بصارت کا ضائع ہو جانا ایسی صورت میں وہ شخص امامت کے انتخاب کے قابل نہیں رہتا۔ اگر نقص معمولی ہو جو فرائض کی انجام دہی میں حائل نہ ہو تو اس میں کوئی حرج نہیں اور اگر کوئی شخص معزور ہو جائے اور کام کے لائق نہ رہے تو اس منصب پر فائز نہیں رہ سکتا۔ نگرانی اور ہدایت کی صلاحیت کے ضیاع کی دو قسمیں ہیں:

اگر امام اپنے مشیروں یا مددگاروں سے مغلوب ہو جائے۔ اگر امام دشمن کے ہاتھ مقید ہو جائے تو تمام مسلمانوں کا فرض ہے کہ اس کی رہائی کی کوشش کریں جب تک اس کی رہائی کی امید ہو تو وہ امام رہے گا۔ مگر اس کی عدم موجودگی میں دوسرا شخص نائب کے طور پر کام کرے گا اگر تمام امیدیں ختم ہو جائیں تو نیا انتخاب عمل میں لایا جائے گا[1]

## حاصل کلام:

۱-اللہ رب العزت کی اطاعت کی عملی شکل حقیقت میں نبی آخر الزماں کی اطاعت ہے۔

۲-اولوالامر کی اطاعت واجب ہے۔

۳-اولوالامر کی اطاعت صرف دکھاوے کے لیے نہ ہو بلکہ اس میں دل کا اخلاص بھی شامل ہو۔

۴-اولوالامر کی اطاعت مشروط ہے، نیک کاموں میں پیروی لازم ہے، غیر معروف کاموں میں کوئی اطاعت نہیں ہے۔

(۱) الاحکام السلطانیۃ، ۵۸/۱، قرون وسطی کے مسلمانوں کے سیاسی نظریے، بزم اقبال، نرسنگھ داس گارڈن، لاہور، ۱۹۸۵ء، ص: ۱۵۷-۱۶۶

# فصل سوم:

## معاہدات کی پابندی

اسلام سے قبل دنیامیں خود سری کا راج تھا۔ عقیدہ وفکر ہو یا اجتماعی تعلقات یا نظام حکومت ہر جگہ زور آور کا سکہ چلتا تھا۔ سفلی جزبات اور بہیمانہ جوش وجنوں ہی دراصل عالم انسانی کے کرتا دھرتا تھے۔ انہی کی اساس پر تعلقات اور روابط طے پاتے تھے۔ ہر سو جنگل کا قانون رائج تھا۔ کسی کی زندگی محفوظ نہ تھی۔ جس طرح سمندر میں بڑی مچھلیاں چھوٹی مچھلیوں کو ہڑپ کر جاتی ہیں۔ یہی انسانی زندگی کا خاصہ تھا۔ الغرض قوت وقہر، جبروت وکبریائی، اور سلب ونہب کی ہر طرف فرمانروائی تھی۔ ان حالات میں اسلام کا ظہور ہوا۔ اس نے انسانیت کا احترام سکھایا، نافرمانی اور جارحیت کی بجائے وحدت انسانی کی دعوت دی۔ اس کی بنیاد ہی عصبیت، رنگ و نسل کی تفریق سے بالاتر رکھی۔ اس کے ساتھ عدل وانصاف اور قانون وقاعدے کے مطابق زندگی بسر کرنے کا پرچار کیا تاکہ سماج میں امن وسکون تخلیق کیا جاسکے جس کے نتیجے میں انسان زندگی سے لطف اندوز ہوسکے۔ آپ ﷺ نے معاہدات کے ذریعے مختلف قبائل اور قوموں کو اصول وضوابط کا پابند بنایا۔ اسلامی تعلیمات معاہدات کی پابندی کا حکم دیتی ہیں۔

یہ فصل فروغ امن کے لیے نبی علیہ السلام کے معاہدات اوران کی پابندی کرنے پر مشتمل ہے۔

### معاہدات کی اہمیت:

معاشرے میں امن وسکون کی فضاء قائم کرنے کے لیے معاہدات ضروری ہیں۔ معاہدات کے ذریعے معاشرے سے وابستہ تمام طبقات کے حقوق کی ادائیگی آسان ہو جاتی ہے۔ اور مختلف شعبوں میں بین الاقوامی معاہدات سے ملکی ترقی کی رفتار میں اضافہ ہوتا ہے، معیشت مضبوط ہوتی ہے۔ اور ملک میں خوشحالی آتی ہے۔ اگر معاہدات پر غور وفکر کیا جائے تو جو صورتحال سامنے آتی ہے وہ یہ کہ معاہدات میں بظاہر کتنی کمزور صوررت حال کو قبول کیا جاتا ہے مگر اثرات اور نتائج کتنے عظیم سامنے آتے ہیں[۱]

### معاہدات کا مقصد:

معاہدات کا مقصد بنی نوع انسان کی بہتری، امن کا قیام، ظلم کا خاتمہ، اور اسلام کی رہنمائی میں لوگوں کی معاشی، سیاسی اور اجتماعی حقوق کی مساوات ہے۔ اسلامی حکومت عالمگیر حکومت ہوتی ہے اور وہ اس حیثیت سے بین الاقوامی تعلقات کو بروئے کار لاتی ہے۔ لیکن معاہدات کی وجہ سے اصل مقصد سے دست بردار نہیں ہوتی۔ نبی ﷺ کے معاہدات کا مقصد

(۱) مخزن انقلاب، ڈاکٹر شمس الحق، ط/۱، شرکت پرنٹنگ پریس، لاہور، ۱۹۹۷ء، ص: ۴۱۳-۴۱۴

یہ بھی تھا کہ مدینہ اوراس کے نواح کے یہودیوں کو بھی متأثر کیا جاسکے۔جو میثاق مدینہ کے فریق ہونے کے باوجود کئی بار نقض عہد کے مرتکب ہو چکے تھے۔وہ ہر لمحہ اوس و خزرج کی دشمنی کی بجھی ہوئی چنگاریوں کو ہوا دینے میں مصروف رہتے تھے۔ ان کو یہ باور کرانا ضروری تھا کہ اب مدینہ میں مرکزی حکومت قائم ہو چکی ہے اس لیے ان کی بھی سرکوبی کی جاسکتی ہے،ارشاد ربانی ہے:

﴿يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَتَّخِذُوا آبَاءَكُمْ وَإِخْوَانَكُمْ أَوْلِيَاءَ إِنِ اسْتَحَبُّوا الْكُفْرَ عَلَى الْإِيمَانِ وَمَنْ يَتَوَلَّهُمْ مِنْكُمْ فَأُولَئِكَ هُمُ الظَّالِمُونَ﴾(۱)

ترجمہ:اے ایمان والو اپنے باپوں اور اپنے بھائیوں کو دلی دوست نہ بناؤ اگر وہ ایمان پر کفر کو پسند کریں اور جو تم میں سے انہیں دوست بناتا ہے تو وہی لوگ ظلم کرنے والے ہیں۔

## معاہدات کے مختلف پہلو اور عناصر:

معاہدہ کے نافذ العمل ہونے کی تاریخ اور میعاد کا واضح طور پر ذکر ہوتا ہے۔ بعض معاہدات میں معاہدے کی تکمیل اور نافذ کیے جانے کے پختہ وعدے شامل ہوتے ہیں۔ بااختیار افراد کے دستخط ہوتے ہیں۔

یہ معاہدات امن و آزادی کا واضح اعلان ہیں۔یہ غیر مسلم شہریوں کے حقوق کا بنیادی ماخذ اور سیاسی اصول کی حیثیت رکھتے ہیں۔ بعد میں خلفاء اسلام نے غیر مسلم شہریوں کے لیے جو قانون بنائے ان کی اصل بنیاد یہی معاہدات ہیں۔ان معاہدات کا مقصد غیر مسلموں کو اسلام کے عالم گیر نظریات سے روشناس کرانا ہے۔جو اسلام کے خلاف غلط فہمیاں ہیں وہ دور کرنا اور انہیں یہ باور کرانا کہ اسلام ان کے لیے کتنی عظیم رحمت ہے۔ کیونکہ اسلام کا سب سے بڑا مقصد انسان کو انسان کی غلامی سے نجات دلا کر پوری انسانیت کو ایک ایسی برادری میں تبدیل کرنا ہے جو خداوند قدوس کے فرمانبردار بندوں پر مشتمل ہو(۲)

## توثیق معاہدہ:

عام طور پر معاہدات ریاستوں کے نمائندوں کے درمیان عارضی طور پر طئے پاتے ہیں جو معاملات اختیار سے باہر ہوں مرکزی حکومت کو پیش کیے جاتے ہیں۔

اسلام کسی قوم یا گروہ سے کوئی ایسا معاہدہ کرنے کی اجازت نہیں دیتا جو اسلام کے مبادیات پر اثر انداز ہوتا ہو۔اسلام کی نگاہ میں وہی معاہدہ صحیح اور قابل ایفاء ہے جس کے طئے کرنے میں فریقین کی آزادانہ خود مختاری اور سکون قلب شامل ہو۔

---

(۱) سورۃ التوبۃ۹: ۲۳

(۲) رسول اللہ کا سفارتی نظام،ڈاکٹر حافظ محمد یونس،دار الفرقان،راولپنڈی،۱۹۹۶ء،ص:۲۸۷

یہ بھی ضروری ہے کہ جو معاہدہ بھی طئے پائے اسے ایک واضح دستاویز کی شکل دی جائے۔ جس میں فریقین کے حقوق وفرائض اور شرائط والتزامات کا واضح طور پر تعین کر دیا گیا ہو، تاکہ کسی فریق کے لیے غلط تاویل کی گنجائش باقی نہ رہے۔ اسلامی کسی بھی ایسے معاہدے کو قبول نہیں کرتا جس سے کسی بھی طرح اسلام کی بے حرمتی کا پہلو نکلتا ہو جیسے احکام الٰہی کے خلاف فیصلوں کو جائز قرار دینا یا غیر مسلموں کے ایسے حقوق دینا جو مسلمانوں کے اختیارات حکومت کے منافی ہوں[۱]
اسلام کسی ایسے معاہدے کو تسلیم نہیں کرتا جو الفاظ کی حد تک ہوں رسول اکرم ﷺ کی سیاست خارجہ آپ ﷺ نے قواعد وضوابط کے متعلق حکیمانہ قول ارشاد فرمایا:

((كُلُّ شَرْطٍ لَيْسَ فِي كِتَابِ اللَّهِ فَهُوَ بَاطِلٌ ))[۲]

ترجمہ: وہ شرط جو کتاب اللہ میں نہیں وہ باطل ہے۔

اس سلسلے میں قرآن پاک میں ارشاد ربانی ہے:

﴿وَلَا تَتَّخِذُوا أَيْمَانَكُمْ دَخَلًا بَيْنَكُمْ فَتَزِلَّ قَدَمٌ بَعْدَ ثُبُوتِهَا﴾[۳]

ترجمہ: اور اپنی قسموں کو آپس میں فریب کا ذریعہ نہ بناؤ ورنہ قدم جم جانے کے بعد پھسل جائے گا۔

اس آیہ میں قسم سے مراد وہ حلف ہیں جو توثیق معاہدہ کے وقت اٹھائے جاتے ہیں۔ یا وہ قول واقرار ہیں جن کی اطاعت کا عہد ایک دوسرے سے کیا جاتا ہے۔ اسلام معاہدات کے معاملے میں کسی قسم کی فریب کاری، دھوکا بازی اور منافقت کو سخت ناپسند کرتا ہے۔

## معاہدات کی پابندی کی تاکید اور اسلامی تعلیمات:

متمدن اقوام ہی نہیں، وحشی باشندوں میں بھی حکمرانی اور عدل گستری کے لیے معینہ قاعدے ہوتے ہیں اور خود رائے سے خود رائے سردار بھی اپنے آپ کو ان کا پابند پاتا ہے[۴] اسلامی تعلیمات مکمل طور پر معاہدات کی پابندی کا درس دیتی ہیں۔ اور ایمان والوں کو اپنے وعدے اور کیے ہوئے عہد پورا کرنے کی تاکید فرماتی ہیں، ارشاد ربانی ہے:

﴿يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَوْفُوا بِالْعُقُودِ﴾[۵]

ترجمہ: اے ایمان والو! اپنے عہدوں کو پورا کرو۔

---

(۱) رسول اکرم کی سیاست خارجہ، ص: ۱۳۴-۱۳۵

(۲) (علامہ شیخ ناصر الدین البانی نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے)، سنن ابن ماجه، بَابُ الْمُكَاتَبِ، حدیث نمبر: ۲۵۲۱، ۸۴۲/۲

(۳) سورۃ النحل ۱۶: ۹۴

(۴) عہد نبوی میں نظام حکمرانی، ڈاکٹر حمید اللہ، آر۔ آر پرنٹرز، لاہور، ۲۰۱۶، ص: ۶۷

(۵) سورۃ المائدۃ ۵: ۱

عہد پیمان پورا کرنے کی اہمیت اس آیہ سے بھی واضح ہو رہی ہے:

﴿الَّذِينَ عَاهَدْتَ مِنْهُمْ ثُمَّ يَنْقُضُونَ عَهْدَهُمْ فِي كُلِّ مَرَّةٍ وَهُمْ لَا يَتَّقُونَ﴾ (۱)

ترجمہ: جن لوگوں سے تم نے صلح کا معاہدہ کیا ہے پھر وہ ہر بار اپنے عہد کو توڑ ڈالتے ہیں اور اللہ سے نہیں ڈرتے۔

اسی طرح سورۃ توبہ میں اللہ جل جلالہ ارشاد فرماتا ہے:

﴿إِلَّا الَّذِينَ عَاهَدْتُمْ مِنَ الْمُشْرِكِينَ ثُمَّ لَمْ يَنْقُصُوكُمْ شَيْئًا وَلَمْ يُظَاهِرُوا عَلَيْكُمْ أَحَدًا فَأَتِمُّوا إِلَيْهِمْ عَهْدَهُمْ إِلَى مُدَّتِهِمْ إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِينَ﴾ (۲)

ترجمہ: بجز ان مشرکوں کے جن سے تم نے معاہدہ کیا پھر انہوں نے نہ کمی کی ذرہ بھر اور نہ انہوں نے مدد کی تمہارے خلاف کسی کی تو پورا کرو ان سے ان کا معاہدہ ان کی مدت تک بے شک اللہ دوست رکھتا ہے پرہیز گاروں کو۔

اسلام ناپسند کرتا ہے کہ معاہدہ جب ہو جائے تو اس کی خلاف ورزی کی جائے۔ اسلام مکڑی کے جالے جیسے معاہدے کرنا ناپسندیدہ سمجھتا ہے۔ جس میں دوسروں کو پھنسایا جائے۔ ان مشرکین کے متعلق جنہوں نے عہد توڑا تھا حکم دیا کہ:

﴿فَإِذَا انْسَلَخَ الْأَشْهُرُ الْحُرُمُ فَاقْتُلُوا الْمُشْرِكِينَ حَيْثُ وَجَدْتُمُوهُمْ وَخُذُوهُمْ وَاحْصُرُوهُمْ وَاقْعُدُوا لَهُمْ كُلَّ مَرْصَدٍ فَإِنْ تَابُوا وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ وَآتَوُا الزَّكَاةَ فَخَلُّوا سَبِيلَهُمْ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَحِيمٌ﴾ (۳)

ترجمہ: جب عزت کے مہینے گزر جائیں تو مشرکوں کو جہاں پاؤ قتل کر دو، پکڑ لو اور گھیر لو اور ہر گھات کی جگہ ان کی تاک میں بیٹھے رہو پھر اگر وہ توبہ کر لیں نماز پڑھنے اور زکاۃ دینے لگیں تو ان کی راہ چھوڑ دو بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

نبی علیہ السلام نے دھوکا دینے، وعدہ توڑنے اور معاہدین کے ساتھ بد عہدی کرنے کی سختی سے ممانعت فرمائی ہے۔ آپ ﷺ نے وعدہ پورا نہ کرنا اور عہد کو توڑنا منافقت سے تعبیر فرمایا ہے، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے:

چار عادات جس میں پائی جائیں گی وہ پکا منافق ہوگا۔ ایک جب بولے تو کذب بیانی کرے، دوسرا وعدہ خلافی کرے، تیسرا معاہدہ کرے تو اس کو توڑ دے، اور چوتھا جب جھگڑا کرے تو گالیاں دے (۴)

حضرت ابو رافع روایت کرتے ہیں کہ مجھے قریش نے نبی ﷺ کے پاس بھیجا۔ نبی پاک علیہ السلام کو دیکھتے ہی اسلام میرے

---

(۱) سورۃ الانفال ۸: ۵۶

(۲) سورۃ التوبۃ ۹: ۴

(۳) سورۃ التوبۃ ۹: ۵

(۴) صحيح البخاري ، بَابُ عَلَامَةِ المنَافِقِ، حدیث نمبر: ۳۴، ۱/۱۶

دل میں اتر گیا۔ تو میں نے نبی علیہ السلام کی خدمت میں عرض کی:

((یا رسول الله والله لا أرجع إلیهم أبدا، فقال: إني لا أخیس بالعهد ولا أخیس البرد، ولکن ارجع إلیهم کان الذي في قلبك الذي فیه الآن فارجع، فذهبت إلیهم،ثم أتیت رسول اللهﷺ فأسلمت))[1]

ترجمہ: اے اللہ کے رسول میں تو اب کبھی بھی ان کے پاس نہ جاؤں گا۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: میں معاہدے میں خیانت نہیں کرتا اور نہ سفیروں کو قید کر سکتا ہوں۔ تم اب واپس چلے جاؤ پھر اگر تمہارے دل میں یہی جزبہ باقی ہے تو واپس آجانا، اس وقت میں واپس ہو گیا اس کے بعد دوبارہ آکر اسلام قبول کیا۔

## غیر مسلم سے معاہدہ کی اجازت:

اسلام غیر مسلم سے معاہدہ کی اجازت دیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

﴿وَإِنْ جَنَحُوا لِلسَّلْمِ فَاجْنَحْ لَهَا وَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ﴾[2]

ترجمہ: اے نبی اگر دشمن صلح کی طرف جھکے تو تم بھی اس کے لیے آمادہ ہو جاؤ اور اللہ پر توکل رکھو۔

اگر حالات جنگ کے بجائے صلح کے متقاضی ہوں اور دشمن بھی مائل بہ صلح ہو تو صلح کر لینے میں کوئی حرج نہیں۔ اگر صلح سے دشمن کا مقصد دھوکا اور فریب ہو تب بھی گھبرانے کی ضرورت نہیں اللہ پر بھروسہ رکھیں، یقیناً اللہ دشمن کے فریب سے بھی محفوظ رکھے گا، اور وہ آپ کو کافی ہے۔ لیکن صلح کی یہ اجازت ایسے حالات میں ہے جب مسلمان کمزور ہوں اور صلح میں اسلام اور مسلمان کا مفاد ہو لیکن جب حالات اس کے برعکس ہوں، مسلمان قوت و وسائل میں ممتاز ہوں اور کافر کمزور تو اس صورت میں صلح کے بجائے کافروں کی قوت کو توڑنا ضروری ہے۔

مدینہ کی زندگی میں توجہ طلب مسئلہ یہ ہے کہ کہاں تک یہ معاہدات اسلام کے نظریات کے مطابق تھے۔ دیکھنا یہ ہے کہ مسلمانوں نے اپنے مقاصد ہجرت سے ہٹ کر کوئی نقصان اٹھا کر معاہدہ تو نہیں کیا۔ جب ہم ان معاہدات کی شقوں پر غور کرتے ہیں تو قرآن پاک کے دو اصول سامنے آتے ہیں۔

﴿وَتَعَاوَنُوا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوَى وَلَا تَعَاوَنُوا عَلَى الْإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ﴾[3]

ترجمہ: نیکی اور تقویٰ کے کاموں میں ایک دوسرے کی مدد کرو گناہ اور زیادتی پر ایک دوسرے کی مدد نہ کرو۔

---

(۱) سبل الهدی ،محمد بن یوسف الصالحي ،تحقیق : الشیخ عادل أحمد ، ط/۱، دار الکتب العلمیة بیروت، لبنان ،۱۹۹۳ء،۱۲۶/۹

(۲) سورۃ الانفال ۸: ۶۱

(۳) سورۃ المائدۃ ۵: ۲

## فسخ معاہدہ:

حالات کی تبدیلی کے ساتھ ساتھ بعض اوقات معاہدہ ناقابل عمل ہو جاتا ہے اور بدلتے ہوئے حالات میں اس پر نظر ثانی ضروری ہوتی ہے۔

((مَنْ كَانَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ قَوْمٍ عَهْدٌ فَلَا يَشُدُّ عُقْدَةً وَلَا يَحُلُّهَا حَتَّى يَنْقَضِيَ أَمَدُهَا أَوْ يَنْبِذَ إِلَيْهِمْ عَلَى سَوَاءٍ))[۱]

جس کا کسی قوم سے معاہدہ ہو اسے چاہیے کہ معاہدہ کی مدت ختم ہونے سے پہلے عہد کا بند نہ کھولے۔ یا نہیں تو ان کا عہد برابری کو ملحوظ رکھتے ہوئے ان کی طرف پھینک دے۔

فتح مکہ کے بعد کئی قبائل اپنے معاہدہ پر قائم رہے۔ ان میں کچھ معاہدات میعادی تھے اور کچھ غیر میعادی۔ بہت سے قبائل ایسے بھی تھے جن سے کسی قسم کا کوئی معاہدہ نہیں ہوا تھا۔ جن مشرکین کے ساتھ معاہدہ میعادی نہ تھا ان کو اطلاع دی گئی کہ ہم آئندہ معاہدہ نہیں رکھنا چاہتے۔ ان کو چار ماہ کی مہلت دی گئی اس مدت کے اندر اندر اسلامی برادری میں شامل ہو جائیں یا وطن چھوڑ کر مرکز ایمان و توحید کو اپنے وجود سے خالی کر دیں یا پھر لڑائی کے لیے تیار ہو جائیں[۲]

## شریعت اسلامی میں فسخ معاہدہ کی وجوہ اور صورتیں:

اگرچہ اسلام نے عہد شکنی کو جرم عظیم قرار دیا ہے۔ قرآن پاک میں ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿أَوْفُوا بِالْعَهْدِ إِنَّ الْعَهْدَ كَانَ مَسْئُولًا﴾[۳]

ترجمہ: وعدہ پورا کرو بے شک وعدے کے بارے میں پوچھا جائے گا۔

اور نبی اکرم ﷺ کا فرمان ہے:

((لِكُلِّ غَادِرٍ لِوَاءٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يُعْرَفُ بِهِ))[۴]

ترجمہ: قیامت کے دن ہر دھوکہ باز کا جھنڈا ہو گا جس سے وہ پہچانا جائے گا۔

لیکن بدلتے ہوئے حالات کے تقاضے کے تناظر میں شریعت اسلامیہ کے اندر فسخ معاہدہ کی مثالیں بھی موجود ہیں۔ جیسا کہ سورۃ توبہ میں ارشاد ربانی ہے:

﴿كَيْفَ يَكُونُ لِلْمُشْرِكِينَ عَهْدٌ عِنْدَ اللَّهِ وَعِنْدَ رَسُولِهِ إِلَّا الَّذِينَ عَاهَدْتُمْ عِنْدَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ

---

(۱) (علامہ شیخ البانی کے نزدیک یہ حدیث صحیح ہے)، سنن أبي داود، بَابٌ فِي الْإِمَامِ، حدیث نمبر:۲۷۵۹،۳/۸۳

(۲) رسول اکرم ﷺ کی سیاست خارجہ، پروفیسر محمد صدیق قریشی، ص:۱۳۲

(۳) سورۃ بنی اسرائیل۱۷: ۳۴

(۴) صحیح البخاری، بَابُ إِذَا غَصَبَ جَارِيَةً، حدیث نمبر:۶۹۶۶،۹/۲۵

فَمَا اسْتَقَامُوا لَكُمْ فَاسْتَقِيمُوا لَهُمْ إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِينَ﴾[۱]

ترجمہ: ان مشرکین کا اللہ اور اس کے رسول کے ساتھ کوئی معاہدہ کیسے باقی رہ سکتا ہے سوائے ان لوگوں کے جنہوں نے آپ سے مسجد حرام کے قریب معاہدہ کیا۔ پس جب تک وہ تمہارے ساتھ سیدھے رہیں تم بھی ان کے ساتھ سیدھے رہو۔ بے شک اللہ متقین کو پسند فرماتا ہے۔

اس آیت سے یہ مفہوم واضح ہوتا ہے کہ شریعت اسلامیہ میں معاہدہ کی پاسداری اس وقت تک ضروری ہے جب تک فریقین میں طرف آخر معاہدہ کی پاسداری کرے۔ اگر طرف آخر عہد شکنی کا مرتکب ہو تو شریعت اسلامیہ بھی اس معاہدے کو فسخ تصور کر کے برابر کا اقدام کرنے کا حکم دیتی ہے۔

ایک اور مقام پر اللہ تعالیٰ کا ارشاد پاک ہے:

﴿كَيْفَ وَإِنْ يَظْهَرُوا عَلَيْكُمْ لَا يَرْقُبُوا فِيكُمْ إِلًّا وَلَا ذِمَّةً يُرْضُونَكُمْ بِأَفْوَاهِهِمْ وَتَأْبَى قُلُوبُهُمْ وَأَكْثَرُهُمْ فَاسِقُونَ﴾[۲]

ترجمہ: کیونکر (ان کے معاہدے کا لحاظ رکھا جائے) حالانکہ اگر وہ تم پر غالب آجائیں تو تمہارے بارے میں نہ کسی رشتہ داری کا نہ کسی عہد کا لحاظ کریں۔ وہ تمہیں اپنے منہ کی باتوں سے راضی کرنا چاہتے ہیں۔ ان کے دل انکار کر رہے ہیں اور اکثر ان میں فاسق ہیں۔

فسخ معاہدہ کی ایک اور صورت شریعت اسلامیہ میں سیاسی بھی نظر آتی ہے۔ اگر سیاسی طور پر حالات بدل جائیں اعلائے کلمۃ اللہ کے پیش نظر سابقہ معاہدے کو فسخ کیا جا سکتا ہے۔ جیسا کہ ابتدائے اسلام میں مشرکین کے لیے مسجد حرام میں آنا جائز تھا۔ لیکن جب اسلام کو غلبہ نصیب ہوا اور مکۃ المکرمۃ پر مسلمانوں کا غلبہ ہو گیا تو ۹ھ میں اللہ تعالیٰ نے مشرکین کو مسجد حرام آنے سے منع فرمادیا، ارشاد ربانی ہے:

﴿يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِنَّمَا الْمُشْرِكُونَ نَجَسٌ فَلَا يَقْرَبُوا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ بَعْدَ عَامِهِمْ هَذَا﴾[۳]

ترجمہ: اے ایمان والو مشرکین سراپا نجس ہیں لہذا اس سال کے بعد وہ مسجد حرام کے قریب بھی آنے نہ پائیں۔

اس آیت کی رو سے ہمارے لیے یہ کسی طرح جائز نہیں ہے کہ اگر کسی شخص یا گروہ یا ملک سے ہمارا معاہدہ ہو اور ہمیں اس کے طرزِ عمل سے یہ شکایت لاحق ہو جائے کہ وہ عہد کی پابندی میں کوتاہی برت رہا ہے، یا یہ اندیشہ پیدا ہو جائے کہ

---

(۱) سورۃ التوبۃ۹: ۷

(۲) سورۃ التوبۃ۹: ۸

(۳) سورۃ التوبۃ۹: ۲۸

وہ موقع پاتے ہی ہمارے ساتھ غداری کر بیٹھے گا، تو ہم اپنی جگہ خود فیصلہ کرلیں کہ ہمارے اور اس کے درمیان معاہدہ نہیں رہا اور یکایک اس کے ساتھ وہ طرز عمل اختیار کرنا شروع کردیں جو معاہدہ نہ ہونے کہ صورت ہی میں کیا جاسکتا ہو۔ اس کے برعکس ہمیں اس بات کا پابند کیا گیا ہے کہ جب ایسی صورت پیش آئے تو ہم کوئی مخالفانہ کاروائی کرنے سے پہلے فریق ثانی کو صاف صاف بتادیں کہ ہمارے اور تمہارے درمیان اب معاہدہ باقی نہیں رہا، تاکہ فسخ معاہدہ کا جیسا علم ہم کو حاصل ہے ویسا ہی اس کو بھی ہو جائے اور وہ اس غلط فہمی میں نہ رہے کہ معاہدہ اب بھی باقی ہے۔ اسی فرمان الٰہی کے مطابق نبی ﷺ نے اسلام کی بین الاقوامی پالیسی کا یہ مستقل اصول قرار دیا تھا کہ۔ پھر اسی قاعدے کو آپ نے اور زیادہ پھیلا کر تمام معاملات میں عام اصول یہ قائم کیا تھا کہ:

((وَلَا تَخُنْ مَنْ خَانَكَ))(۱)

ترجمہ: جو تجھ سے خیانت کرے تو اس سے خیانت نہ کر۔

اور یہ اصول صرف وعظوں میں بیان کرنے اور کتابوں کی زینت بننے کے لیے نہ تھا بلکہ عملی زندگی میں بھی اس کی پابندی کی جاتی تھی۔ یک طرفہ فسخِ معاہدہ اور اعلان جنگ کے بغیر حملہ کردینے کا طریقہ قدیم جاہلیت میں بھی تھا اور زمانہ حال کی مہذب جاہلیت میں بھی اس کا رواج موجود ہے۔ چنانچہ اس کی تازہ ترین مثالیں جنگ عظیم نمبر ۲ میں روس پر جرمنی کے حملے اور ایران کے خلاف روس اور برطانیہ کی فوجی کاروائی میں دیکھی گئی ہیں۔ عموماً اس کاروائی کے لیے یہ عذر پیش کیا جاتا ہے کہ حملہ سے پہلے مطلع کردینے سے دوسرا فریق ہوشیار ہو جاتا اور سخت مقابلہ کرتا، یا اگر ہم مداخلت نہ کرتے تو ہمارا دشمن فائدہ اٹھالیتا لیکن اس قسم کے بہانے اگر اخلاقی ذمہ داریوں کو ساقط کردینے کے لیے کافی ہوں تو پھر کوئی گناہ ایسا نہیں ہے جو کسی نہ کسی بہانے نہ کیا جاسکتا ہو۔ ہر چور، ہر ڈاکو، ہر زانی، ہر قاتل، ہر جعلساز اپنے جرائم کے لیے ایسی ہی کوئی مصلحت بیان کرسکتا ہے۔ لیکن یہ عجیب بات ہے کہ یہ لوگ بین الاقوامی سوسائٹی میں قوموں کے لیے اُن بہت سے افعال کو جائز سمجھتے ہیں جو خود ان کی نگاہ میں حرام ہیں جب کہ ان کا ارتکاب قومی سوسائٹی میں افراد کی جانب سے ہو۔ اس موقع پر یہ جان لینا بھی ضروری ہے کہ اسلامی قانون صرف ایک صورت میں بلا اطلاع حملہ کرنے کو جائز رکھتا ہے، اور وہ صورت یہ ہے کہ فریق ثانی علی الاعلان معاہدہ کو توڑ چکا ہو اور اس نے صریح طور پر ہمارے خلاف معاندانہ کارروائی کی ہو۔ ایسی صورت میں یہ ضروری نہیں رہتا کہ ہم اسے آیت مذکورہ بالا کے مطابق فسخ معاہدہ کا نوٹس دیں، بلکہ ہمیں اس کے خلاف بلا اطلاع جنگی کاروائی کرنے کا حق حاصل ہو جاتا ہے۔ فقہائے اسلام نے یہ استثنائی حکم نبی ﷺ کے اس فعل سے نکالا ہے کہ قریش نے جب بنی خُزاعہ کے معاملہ میں صلح حُدَیبیہ کو اعلانیہ توڑ دیا تو آپ نے پھر انہیں فسخ معاہدہ کا نوٹس دینے کی کوئی ضرورت نہ سمجھی، بلکہ بلا اطلاع مکہ پر چڑھائی کردی۔ لیکن اگر کسی موقع پر ہم اس قاعدہ استثناء سے فائدہ اٹھانا چاہیں تو لازم ہے کہ وہ تمام

(۱) (شیخ البانی نے اس حدیث کو صحیح کہا ہے)، سنن أبي داود، بَابٌ فِي الرَّجُلِ يَأْخُذُ، حدیث نمبر: ۳۵۳۴، ۳/۲۹۰

حالات ہمارے پیش نظر رہیں جن میں نبی ﷺ نے یہ کاروائی کی تھی، تاکہ پیروی ہو تو آپ کے پورے طرز عمل کی ہو نہ کہ اس کے کسی ایک مفید طلب جزء کی۔ حدیث اور سیرت کی کتابوں سے جو کچھ ثابت ہے وہ یہ ہے کہ: اولاً: قریش کی خلاف ورزی عہد ایسی صریح تھی کہ اس کے نقض عہد ہونے میں کسی کلام کا موقع نہ تھا۔ خود قریش کے لوگ بھی اس کے معترف تھے کہ واقعی معاہدہ ٹوٹ گیا ہے۔ انہوں نے خود ابو سفیان کو تجدید عہد کے لیے مدینہ بھیجا تھا جس کے صاف معنی یہی تھے کہ اُن کے نزدیک بھی عہد باقی نہیں رہا تھا۔ تاہم یہ ضروری نہیں ہے کہ ناقضِ عہد قوم کو خود بھی اپنے نقضِ عہد کا اعتراف ہو۔ البتہ یہ ضروری ہے کہ نقضِ عہد بالکل صریح اور غیر مشتبہ ہو۔ ثانیاً: نبی ﷺ نے ان کی طرف سے عہد ٹوٹ جانے کے بعد پھر اپنی طرف سے صراحتہً یا اشارۃً وکنایتہً ایسی کوئی بات نہیں کی کہ جس سے یہ اشارہ نکلتا ہو کہ اس بد عہدی کے باوجود آپ ابھی تک اُن کو ایک معاہد قوم سمجھتے ہیں اور ان کے ساتھ آپ کے معاہدانہ روابط اب بھی قائم ہیں۔ تمام روایات بالاتفاق یہ بتاتی ہیں کہ جب ابو سفیان نے مدینہ آکر تجدید معاہدہ کی درخواست پیش کی تو آپ ﷺ نے اسے قبول نہیں کیا۔ ثالثاً: قریش کے خلاف جنگی کاروائی آپ نے خود کی اور کھلم کھلا کی۔ کسی ایسی فریب کاری کا شائبہ تک آپ ﷺ کے طرز عمل میں نہیں پایا جاتا کہ آپ ﷺ نے بظاہر صلح اور بباطن جنگ کا کوئی طریقہ استعمال فرمایا ہو۔ یہ اس معاملہ میں نبی ﷺ کا اسوہ حسنہ ہے، لہٰذا آیت مذکورہ بالا کے حکم عام سے ہٹ کر اگر کوئی کاروائی کی جاسکتی ہے تو ایسے ہی مخصوص حالات میں کی جاسکتی ہے اور اسی سیدھے سیدھے شریفانہ طریقہ سے کی جاسکتی ہے جو حضور ﷺ نے اختیار فرمایا تھا۔ مزید براں اگر کسی معاہد قوم سے کسی معاملہ میں ہماری نزاع ہو جائے اور ہم دیکھیں کہ گفت وشنید یا بین الاقوامی ثالثی کے ذریعہ سے وہ نزاع طے نہیں ہوتی، یا یہ کہ فریق ثانی اس کو بزور طے کرنے پر تُلا ہوا ہے، تو ہمارے لیے یہ بالکل جائز ہے کہ طاقت کا اظہار صاف صاف اعلان کے بعد ہونا چاہیے اور کھلم کھلا ہونا چاہیے۔ چوری چھپے ایسی جنگی کاروائیاں کرنا جن کا علانیہ اقرار کرنے کے لیے ہم تیار نہ ہوں، ایک بداخلاقی ہے جس کی تعلیم اسلام نے ہمیں نہیں دی ہے (۱)

## میثاق مدینہ:

مکۃ المکرمۃ سے مدینۃ المنورہ ہجرت کرنے کے بعد، اہل کتاب، بنو قینقاع، بنو قریظہ اور بنو نضیر کے درمیان ایک معاہدہ کیا گیا جو میثاق مدینہ کہلایا۔

ایک نئی ریاست کی تاسیس و تشکیل کے سلسلے میں میثاق مدینہ کو بڑی اہمیت حاصل ہے۔ میثاق مدینہ کے ذریعے غیر مسلموں اور مختلف مذاہب کے ماننے والوں اور مسلمانوں کے درمیان حقوق و فرائض کا تعین کیا گیا۔ ریاست اور شہریوں کے حقوق و فرائض متعین فرمائے۔ انصاف، قانون کی حکمرانی کی داغ بیل ڈالی۔ انتظامیہ مقننہ اور عدلیہ کے اصول و ضوابط

---

(۱) تفہیم القرآن، سید ابوالاعلیٰ مودودی، ادارہ ترجمان القرآن، ۲/۱۵۳

مرتب کیے۔الغرض انسانی معاشرے کی تشکیل و تعمیر اور فلاح و اصلاح اور اسلامی فلاحی مملکت کے قیام کے لیے ممکنہ ضروری اقدامات کیے۔ یہ معاہدہ طرفین کی رفاہیت اور حقوق کی نگہبانی میں بہت جامع اور تاریخی اعتبار سے اہمیت کا حامل ہے[۱] اس معاہدہ کی ترپن دفعات ہیں[۲]

## معاہدات نبوی سے استفادہ:

## امن و سلامتی کا فروغ:

نبی ﷺ کے معاہدات سے یہ معلوم ہوا کہ آپ ﷺ ہمیشہ امن و سلامتی کو جنگ و جدال پر ترجیح دیتے تھے۔ جب بھی آپ ﷺ کو موقع ملا آپ ﷺ نے امن و سلامتی قائم کرنے کی بھرپور کوشش کی انسانی جانوں کے ضیاع کو ناپسند فرمایا۔ نبی اکرم ﷺ نے اپنی حیات طیبہ میں مختلف قبائل سے معاہدات فرمائے۔ان تمام معاہدات سے ہمیں امن و سلامتی کا درس ملتا ہے۔فتح مکہ کے موقعہ پر نبی ﷺ نے قیام امن کے لیے جو اعلان فرمایا:

مَنْ دَخَلَ دَارَهُ فَهُوَ آمِنٌ، مَنْ أَلْقَى سِلَاحَهُ فَهُوَ آمِنٌ، مَنْ دَخَلَ دَارَ أَبِي سُفْيَانَ فَهُوَ آمِنٌ، وَمَنْ أَغْلَقَ بَابَهُ فَهُوَ آمِنٌ[۳]

سرکار دو جہاں ﷺ نے اعلان فرمایا جو شخص اپنے گھر میں داخل ہوا تو اسے امان ہے۔اور جو ہتھیار ڈال دے وہ بھی امان والا ہے۔ جو شخص ابو سفیان کے گھر داخل ہوا اسے امان ہے۔جس نے گھر کا دروازہ بند کر لیا اسے بھی امان ہے۔

عصر حاضر میں ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم ان معاہدات سے روشنی حاصل کر کے دنیا میں اپنا کردار ادا کریں تاکہ دنیا میں امن و سلامتی کا قیام ممکن ہو سکے۔

## اندرونی معاملات میں مداخلت سے گریز:

اسلام اور بالخصوص آنحضور ﷺ اس بات کی تعلیم دیتے ہیں کسی کے اندرونی معاملات میں بلاوجہ مداخلت نہ کی جائے جیسا کہ ہجرت مدینہ کے بعد آپ ﷺ نے جہینہ[۴] کی جن مختلف شاخوں سے جنگ کی صورت میں حلیف رہنے کا معاہدہ فرمایا ان میں بنی زرعہ[۱] اور بنی ربعہ تھے۔اس معاہدہ میں دشمنوں سے ان قبیلوں کی حفاظت اور امداد کا وعدہ کیا گیا۔اور

---

(۱) حیات محمد ﷺ، محمد حسین ھیکل، ص: ۴۸۵

(۲) سیرت ابن ہشام: ۱/۵۱۷-۵۲۴

(۳) السنن الكبرى، بَابُ فَتْحِ مَكَّةَ، حدیث نمبر: ۱۸۲۷۴،۹/۱۹۷

(۴) (جُهَيْنَة: جہینہ قبیلہ قضاعہ سے ہے۔اور اس کا نام زید بن لَيْث بن سود بن أسلم بن الحاف بن قضاعة ہے۔وہ سب کوفہ اور بصرہ میں رہتے تھے۔اس قبیلے سے بہت سے صحابہ اور تابعین منسوب ہیں۔اللباب في تهذيب الأنساب، ۱/۳۱۷)

(۱) (زرعة: اصلاً ثابت سے ہیں، ثابت سنجارہ سے ہیں اور وہ شمر طائیہ سے۔یہ درج ذیل شاخوں میں بٹے ہوئے ہیں آل عكبة، آل نجم، آل عمار، اور

اسی کے ساتھ ان کے اندورنی معاملات میں مداخلت نہ کرنے کی یقین دہانی بھی کی گئی [۲] لہذا نبی اکرم ﷺ کی سیرت سے استفادہ کرتے ہوئے دیگر ممالک کے اندرونی معاملات میں مداخلت نہ کی جائے اگر کوئی دینی مسئلہ پیدا ہو جائے تو نبوی تعلیمات کے مطابق اس کا حل نکالنے کی کوشش کی جائے۔

## اقلیتوں کی مذہبی آزادی کا تحفظ:

حضور نبی اکرم ﷺ کے یہود و نصاریٰ سے کیے گئے معاہدات سے ہمیں یہ رہنمائی حاصل ہوتی ہے کہ مسلم ریاست میں غیر مسلم اقلیتوں کی مذہبی آزادی کے تحفظ کو کس قدر یقینی بنایا گیا ہے۔ اس کا اندازہ ہمیں آپ ﷺ کے اس فرمان عالی شان سے ہوتا ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے غیر مسلم اقلیتی، ذمی، معاہد پر ظلم وستم کرنے اور اس کو تکلیف دینے والے کے لیے سخت وعید سنائی ہے نیز فرمایا ہے کہ اگر کسی مسلمان نے کسی معاہد سے کوئی چیز اس کی مرضی کے خلاف لی تو بروزِ قیامت اس کی طرف سے مسلمان کے خلاف جھگڑوں گا۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

((أَلَا مَنْ ظَلَمَ مُعَاهِدًا، أَوِ انْتَقَصَهُ، أَوْ كَلَّفَهُ فَوْقَ طَاقَتِهِ، أَوْ أَخَذَ مِنْهُ شَيْئًا بِغَيْرِ طِيبِ نَفْسٍ، فَأَنَا حَجِيجُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ)) [۳]

ترجمہ: خبردار جس کسی نے کسی معاہد پر ظلم کیا یا اس کا حق غصب کیا یا اس کو اس کی استطاعت سے زیادہ تکلیف دی یا اس کی رضا کے بغیر اس سے کوئی چیز لی تو بروز قیامت میں اس کی طرف سے جھگڑوں گا۔

مذکورہ حدیث مبارکہ میں یہ صرف ایک تنبیہ ہی نہیں بلکہ ایک قانون ہے جو حضور نبی اکرم ﷺ کے دور مبارک میں اسلامی مملکت میں جاری تھا، جس پر بعد میں بھی عمل درآمد ہوتا رہا اور اب بھی یہ اسلامی دستور مملکت کا ایک حصہ ہے۔ جیسا کہ حضور نبی اکرم ﷺ کے دور مبارک میں اہل نجران سے معاہدہ کرتے وقت انہیں اس بات کی ضمانت دی گئی کہ نجران اور گردونواح کے لوگوں کی زندگی، ان کا مذہب، املاک، ان کے مویشی، ان کے موجود اور غیر موجود لوگوں اور ان کے قاصدوں کو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کی طرف سے امان حاصل ہوگی۔ ان کے معاملات میں مداخلت نہیں کی جائے گی اور نہ ان کے بتوں کو توڑا جائے گا۔ ان کے راہبوں کو ان کے عہدوں سے نہیں ہٹایا جائے گا۔ اسی طرح معاہدات میں غیر مسلم اقلیتوں کو مکمل مذہبی آزادی کی ضمانت دی گئی ہے۔

---

آل تومان۔ معجم قبائل العرب، ۴۶۹/۲)

(۲) رسول اللہ ﷺ کا سفارتی نظام، ص: ۲۹۶

(۳) (علامہ البانی نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے)، سنن أبي داود، حدیث نمبر: ۳۰۵۲، ۱۷۰/۳

## مقاصد کے حصول کے لیے مختلف طرق اختیار کرنا:

مقصد میں کامیابی کے لیے نبی ﷺ مختلف حکمت عملیاں اختیار کرتے تھے۔ بنو اشجع[۱] قبیلہ غطفان[۲] کی ایک شاخ تھے اور تجارتی شاہراہ کے متصل آباد تھے۔ جب آپ ﷺ نے قریش کی ناکہ بندی کی تو قریش کا سلسلہ تجارت رک گیا۔ ان کی معاش پر اثر پڑا کیونکہ یہ تجارتی قافلوں کی خدمت کرکے روزی کمایا کرتے تھے۔ معاشی بحران سے دوچار ہو کر ان کا وفد مدینہ منورہ آیا۔ انھوں نے مدد اور خیر خواہی پر تب تک کے لیے معاہدہ کیا جب تک کوہ احد اپنے مقام پر رہے اور سمندر کسی سیپ کو گیلا کرتا رہے۔ اس قبیلے نے غزوہ خندق ۵ھ سے قبل اسلام قبول کیا[۳]

## انسانی حقوق اور مذہبی آزادی کا خیال رکھنا:

سیرت طیبہ کے مطالعے سے پتہ چلتا ہے کہ نبی ﷺ نے لوگوں کو مذہبی آزادی دی۔ ہجرت کے چھٹے سال آپ ﷺ نے سینٹ کیتھرائن متصل کوہ سینا کے راہبوں اور تمام عیسائیوں کو ایک فرمان عطا فرمایا۔ جو قلیل و کثیر اشیاء ان کے گرجاؤں، نمازوں اور رہبانیت کی ان کے تحت ہیں وہ سب انہیں عیسائیوں کی رہیں گی۔ نہ کسی پادری کو اس کے منصب سے بدلا جائے گا، نہ ان کے حقوق میں کوئی تغیر کیا جائے گا۔ جب تک وہ خیر خواہی کریں گے اور جو حقوق ان پر واجب ہوں ان کی اصلاح کریں گے تو ان پر کسی ظلم کا بار پڑے گا اور نہ وہ خود ظلم کریں گے[۴]

عصر حاضر میں بھی اسی طرح کی حکمت عملی اپنائی جائے تاکہ دیگر مذاہب کے لوگ اسلام کی وسعت نظری کو دیکھ کر اس کی طرف مائل ہوں۔

## خفیہ تدبیر :

نبی پاک علیہ السلام نے ۶ھ میں ایک صبح صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو اپنا ایک خواب سنایا کہ ہم مکہ مکرمہ میں امن

---

(۱) (اُشجع: غطفان کا ایک قبیلہ ہے۔ جو قیس بن عیلان سے ہے اور وہ عدنان سے ہے۔ ان کا سلسلہ نسب یہ ہے۔ بنو اُشجع بن ریث بن غطفان بن سعد بن قیس بن عیلان بن مضر بن نزار بن معد ابن عدنان. ان کے ٹھکانے مدینہ منورہ کے نواح میں تھے۔ اور ان کا مغرب اقصیٰ میں بڑا قبیلہ ہے۔ معجم قبائل العرب، ۲۹/۱)

(۲) (غطفان: یہ قیس عیلان کے ایک بہت بڑے قبیلے کی طرف منسوب ہے۔ اور وہ غطفان بن سعد بن قیس عیلان۔ اس قبیلے سے بہت سے علماء بھی منسوب ہیں۔ ان میں سے ایک حضرت ربعي بن حِرَاش العَبْسِي الغَطَفَانِي ہیں۔ اللباب في تهذيب الأنساب، عزالدين ابن الأثير الجزري، دار صادر، بیروت، ۳۸۶/۲)

(۳) الطبقات الکبریٰ، لابن سعد، ۲۷۴/۱

(۴) طبقات ابن سعد، محمد ابن سعد، نفیس اکیڈمی اردو بازار، کراچی، ۴۳/۲

وامان کے ساتھ داخل ہونے کے بعد بیت اللہ کا طواف کر رہے ہیں۔ یہ سن کر مسلمانوں میں کعبہ کی زیارت کا شوق شدت سے بڑھ گیا۔ مدت کا تعین نہیں فرمایا گیا تھا لیکن پھر بھی صحابہؓ کا خیال تھا اسی سال زیارت ہو گی پھر ایک صبح صحابہؓ کو خانہ کعبہ کی زیارت کا مژدہ سنایا[۱]

قریش کو مسلمانوں کی آمد کی اطلاع ملی تو وہ حیران رہ گئے۔ کسی کو عمرے سے روکنا عرب کی روایت کے خلاف اور قریش کے لیے باعث بدنامی تھا۔ لیکن ایک بھاری جمعیت کے ساتھ بطرف مکہ بے خوف وخطر کوچ کرنا ان کے لیے بدر کی شکست اور جنگ احزاب کی ناکامی سے بھی زیادہ ذلت آمیز تھا[۲]

نبی ﷺ نے اپنی آمد کو صیغہ راز میں رکھا جب آپ ﷺ مکہ پہنچے تو کفار حیران رہ گئے آج ہم بھی اپنے ملکی راز محفوظ رکھ کے اپنے ملک کے دفاع کو مضبوط بنا سکتے ہیں۔

## بین المذاہب مکالمہ:

معاہدات سے قبل فریقین کو گفت وشنید کرنا پڑتی ہے۔ دونوں فریق مختلف مذاہب کے پیروکار بھی ہو سکتے ہیں۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے صلح حدیبیہ کے موقع پر کفار مکہ کے نمائندے سے مکالمہ فرمایا۔ میثاق مدینہ کے لیے یہودیوں اور دیگر فریقوں سے گفتگو کی۔ خیبر کے یہودیوں اور نجران کے عیسائیوں سے بات چیت کے ذریعے اتفاق رائے کے بعد مختلف معاہدات کیے گئے۔ چنانچہ ان معاہدات سے ایک یہ رہنمائی بھی ملتی ہے کہ کفار، یہود اور نصاریٰ سے اچھے انداز میں مذہبی معاملات پر بات چیت کی جاسکتی ہے۔

## معاہدہ کی پاسداری کرنا:

رسول اللہ ﷺ اور آپ کے صحابہ رضی اللہ عنہم کی نگاہ میں وعدہ پورا کرنے کی کس قدر اہمیت تھی۔ دوست ہو یا دشمن، اپنا ہو یا بےگانہ اور مسلمان ہو یا غیر مسلم، ہر ایک کے ساتھ عہد کی پابندی ضروری ہے۔ ابو بصیر رضی اللہ عنہ صلح حدیبیہ کے بعد اسلام لے آئے۔ اسلام لانے کے بعد وہ مکہ چھوڑ کر مدینہ آ گئے۔ صلح حدیبیہ کی ایک شرط کے مطابق ریاست مدینہ اس بات کی پابند تھی کہ مکہ کا کوئی شخص اگر مسلمان ہو کر مدینہ آئے گا تو نبی ﷺ اس کو واپس کر دیں گے۔

((فَأَرْسَلُوا فِي طَلَبِهِ رَجُلَيْنِ، فَقَالُوا: العَهْدَ الَّذِي جَعَلْتَ لَنَا، فَدَفَعَهُ إِلَى الرَّجُلَيْنِ))[۳]

ترجمہ: چنانچہ مشرکین مکہ کی طرف سے دو آدمی انھیں واپس لے جانے کے لیے مدینہ پہنچے۔ انہوں نے

---

(۱) سیرۃ حلبیہ، دارالاشاعت کراچی، ۵۱/۵

(۲) الرحیق المختوم، صفی الرحمن مبارکپوری مولانا، المکتبۃ السلفیۃ لاہور، ۲۰۰۰ء، ص: ۴۶۰

(۳) صحیح البخاری، بَابُ الشُّرُوطِ فِي الجِهَادِ، حدیث نمبر: ۲۷۳۱، ۱۹۳/۳

کہا آپ ﷺ کا ہمارے ساتھ معاہدہ ہو چکا ہے چنانچہ نبی ﷺ نے صلح حدیبیہ کے عہد نامے کے مطابق ابو بصیرؓ کو ان کے حوالے کر دیا ۔

لوگوں کے ذہنوں میں آج معاہدے کی کوئی اہمیت باقی نہیں رہی۔ عام طور پر لوگ سمجھتے ہیں قرض وغیرہ کے لین دین ہی سے معاہدے کا تعلق ہے۔، حالانکہ ہم زندگی کے تمام مراحل میں عہد و پیماں سے گزرتے ہیں ۔

## بد عہدی کے نتائج:

سیرت نبی ﷺ کا پیغام یہ ہے کہ دشمن سے بھی بد عہدی نہ کی جائے۔ جو بد عہدی کرتا ہے نقصان اٹھاتا ہے۔ جیسا کہ قریش مکہ نے معاہدہ حدیبیہ کی پاسداری نہ کی تو اس کا نتیجہ مسلمانوں کے حق میں فتح مکہ کی صورت میں سامنے آیا۔

بنو خزاعہ [۱] اور بنو بکر [۲] کے درمیان دشمنی تھی ۔ معاہدہ حدیبیہ کی ایک شق کے مطابق بنو خزاعہ مسلمانوں کے اور بنو بکر قریش کے حلیف بنے۔ بنو بکر کے کسی آدمی نے بنو خزاعہ پر شب خون مارا اور اس کا ایک آدمی قتل کر دیا۔ بنو خزاعہ کو وہ مقام چھوڑنا پڑا جب دونوں قبائل کے درمیان لڑائی ہوئی تو قریش نے نہ صرف بنو بکر کی مدد کی بلکہ بھیس بدل کے ساتھ شامل بھی ہوئے۔ عمرو بن سالم خزاعی قریش کی بد عہدی کی خبر لے کر نبی اکرم ﷺ کے پاس حاضر ہوئے۔ اس بات کی خبر قریش کو ہوئی تو انھوں نے معاہدہ حدیبیہ کی تجدید کے لیے ابو سفیان کو مدینہ بھیجا حتی کہ اس کی بات نہ سنی گئی۔ آپ ﷺ صحابہ کو تیاری کا حکم دے چکے تھے اس طرح ۱۰ رمضان المبارک سن ۸ ہجری کو ایک عظیم لشکر نے مکہ کی طرف پیش قدمی کی [۳]

## ملکی معیشت کے استحکام کو مد نظر رکھنا:

آپ ﷺ کی سیرت کے مطالعے سے معلوم ہوا کہ نبی ﷺ نے اہل خیبر کو ان کی زمینوں سے فارغ نہیں کیا بلکہ ان کے ساتھ آدھی پیداوار دینے کا معاہدہ کیا:

---

(۱) (بنو خزاعہ: قحطانی عربوں کا مشہور قبیلہ، جو قدیم زمانے میں یمن میں آباد تھا۔ نبی کریم ﷺ کی ولادت سے بہت پہلے ان لوگوں نے جنوبی حجاز اور مکہ پر قبضہ کر لیا تھا اور بنو جرہم کو حجاز سے نکال دیا تھا۔ لیکن قصی کے زمانے میں یہ قبیلہ مکہ سے نکل کر جدہ میں آباد ہو گیا۔ صلح حدیبیہ کی رو سے یہ مسلمانوں کے حلیف بن گئے۔ یہ قبیلہ ہی فتح مکہ کا سبب بنا۔ انسائیکلوپیڈیا سیرت النبی ﷺ، سید عرفان احمد زمزم پبلشرز، کراچی، ۲۰۰۵، ص: ۱۴۲)

(۲) (بنو بکر: قبل از اسلام کا ایک مشہور قبیلہ ہے۔ یہ قبیلہ حرب البسوس میں قبیلہ بنو تغلب کے ساتھ ۴۰ برس تک لڑتا رہا۔ اس جنگ کی ابتداء بنو بکر کی ایک ضعیفہ کی ناقہ سے ہوئی۔ اس ضعیفہ کا نام بسوس تھا اور اس کی ناقہ کو بنو تغلب کے سردار نے زخمی کر دیا تھا۔ انسائیکلوپیڈیا سیرت النبی ﷺ، سید عرفان احمد زمزم پبلشرز، کراچی، ۲۰۰۵، ص: ۱۴۰)

(۳) شرف المصطفى، عبد الملك بن محمد بن إبراهيم النيسابوري، ط/۱، دار البشائر الإسلامية، مكة، ۱۴۲۴ھ، ۳/۳۷۳

اھل خیبر نے نبی ﷺ سے التجا کی کہ مال کے نصف کا معاملہ ان سے طے کرلیں۔ انھوں نے کہا کہ زمین اور کاشت کاری کے معاملے کو ہم آپ سے بہتر جانتے ہیں اور بہتر آباد کرسکتے ہیں۔ لہذا آپ ﷺ نے نصف آمدنی لینے کی شرط طے کرلی۔ خیبر کا مال مسلمانوں میں مال فیٔ کے طور پر تقسیم کیا جاتا تھا (۱)

اس طرح نہ صرف آپ ﷺ نے دشمن کو کام میں مصروف کیا بلکہ دشمنوں کے ذریعے حکمت عملی سے اپنی معیشت کو بھی مضبوط کیا۔ موجودہ دور میں بھی دشمن پر فتح کی صورت میں نبی ﷺ کے اسوہ حسنہ سے فائدہ اٹھایا جاسکتا ہے۔

## مظلوم کی دستگیری :

طاقت ور کمزور پر ظلم کرتا ہے اور وہ یہ سوچتا ہے کہ اسے کوئی پکڑنے والا نہیں۔ لیکن معاملہ اس طرح نہیں بلکہ مظلوم کی فریاد اس تیر کی طرح ہے جس سے ظالم کبھی بچ نہیں سکتا۔ مظلوم کی دعا ہر صورت میں مقبول ہوتی ہے۔ آپ ﷺ اعلان نبوت سے قبل بھی ظلم و زیادتی کے خلاف تھے۔ آپ ﷺ نے کچھ لوگوں کو مشورہ کے لیے عبداللہ بن جدعان کے گھر جمع کیا اور فیصلہ کیا کہ ظلم و زیادتی کو ہر قیمت پر روکا جائے۔ چاہے اس کے لیے جو بھی قربانی دینی پڑے دی جائے گی لیکن مظلوم پر ظلم روکا جائے۔ اس معاہدہ کو معاہدۂ جدعان کہتے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا اس معاہدہ کے عوض مجھے سرخ اونٹ مل جائیں تو بھی پسند نہیں کروں گا (۲)

مدینہ کے اطراف و جوانب میں رہنے والے جن قبائل سے تعلقات قائم کیے ان میں جہینہ (۳) کا قبیلہ ہے جو مدینہ سے تین منزل کے فاصلے پر آباد تھا۔ آپ ﷺ کے سفر ینبوع میں قبیلہ جہینہ کا ایک وفد خدمت نبوی میں معاہدہ حلیفی کے لیے حاضر ہوا تو آپ ﷺ نے فرمایا: قبیلہ جہینہ کی جان و مال کو امن حاصل ہوگا۔ جو شخص ان پر زیادتی کرے یا حملہ آور ہو اس کے مقابلے میں ان کو مدد دی جائے گی (۴)

ابواء(۵) وہ مقام ہے جہاں حضور ﷺ کی امی جان آرام فرما ہیں۔ صفر ۲ ہجری میں آپ ﷺ غزوہ ابواء کے سلسلے

---

(۱) السيرة النبوية لابن هشام، ۲/۳۳۷

(۲) طبقات ابن سعد، ۱/۱۲۹

(۳) (جہینہ: مدینہ کے قریب ایک قبیلہ، یہ قبیلہ مدینہ سے ۳ منزل پر آباد تھا۔ ان کا کوہستان دور تک پھیلا ہوا تھا۔ نبی اکرم ﷺ نے قبیلہ جہینہ سے بھی امن معاہدہ کر رکھا تھا۔ انسائیکلوپیڈیا سیرت النبی ﷺ، سید عرفان احمد زمزم پبلشرز، کراچی، ۲۰۰۵، ص:۱۷۷)

(۴) الطبقات الکبریٰ، ابن سعد، ۱/۲۷۰

(۵) (ابوا: مکہ اور مدینہ کے درمیان حجازی گاوں ہے۔ یہ سعودی عرب کی مغربی سرحدوں پر واقع ہے۔ (گوگل میپ) اسلامی تاریخ کا سب سے پہلا غزوہ اسے غزوہ "ودان" بھی کہتے ہیں۔ ابوا کا صدر مقام فرع ہے جہاں قبیلہ مزینہ آباد ہے۔ اسی جگہ نبی اکرم ﷺ کی والدہ ماجدہ کا مزار بھی ہے۔ اس علاقے کے اطراف میں قبیلہ بنو ضمرہ آباد تھا۔ آپ ﷺ نے بنو ضمرہ کے سردار مخشی بن عمرو ضمری سے معاہدہ کیا۔ انسائیکلوپیڈیا سیرت النبی ﷺ، سید عرفان احمد زمزم پبلشرز، کراچی، ۲۰۰۵، ص:۵۹)

میں ودان نامی مقام پر پہنچے۔ لڑائی کی نوبت تو نہ آئی مگر آپ نے بنو ضمرہ[۱] سے تحریری معاہدہ کیا۔

فَإِنّهُمْ آمِنُونَ عَلَى أَمْوَالِهِمْ وَأَنْفُسِهِمْ، وَأَنّ لَهُمْ النّصْرَ عَلَى مَنْ رَامَهُمْ[۲]

ترجمہ: ان لوگوں کو جان ومال کا تحفظ حاصل ہو گا۔ جو شخص زیادتی کرتے ہوئے ان پر حملہ کرے گا اس کے مقابلے میں ان کی مدد کی جائے گی۔

نبی ﷺ نے قبیلہ اسلم سے فرمایا ان کے لیے اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی ذمہ داری ہے:

ترجمہ: ان کی ایسوں کے خلاف مدد کی جائے گی جو ظلم سے ان پر اچانک دھاوا بول دیں۔ ان پر سید الانبیا کی معاونت واجب ہو گی[۳]

نبی اکرم ﷺ کے معاہدات سے معلوم ہوا کہ آپ ﷺ ظلم کو کسی حالت میں برداشت نہیں کرتے تھے۔ دین اسلام بھی اپنے ماننے والوں کو جان، مال، مذہب، عقیدہ، وطن، مذہبی مقدسات، شعائر دین، مساجد وغیرہ کی حفاظت، ان کے دفاع اور کسی بھی طرح کی تعدی سے ان کے بچاؤ کی تدبیر کرنے کا ناگزیر حکم دیتا ہے۔

## حاصل کلام:

۱- ہمارا مذہب معاہدات کی پابندی اور وعدوں کو پورا کرنے کی تعلیم دیتا ہے۔

۲- ہمارے رب کا بھی یہی حکم ہے وعدوں کو پورا کرو، بے شک وعدوں کے متعلق تم سے سوال کیا جائے گا۔

۳- حتیٰ کہ نبی آخر الزماں نے بھی فرمادیا جو بندہ وعدہ کی پابندی نہیں کرتا اس کا دین سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

۴- سرور کونین ﷺ نے اپنی زندگی میں مختلف قبائل کے ساتھ بے شمار معاہدات کیے۔

۵- حضور ﷺ ان معاہدات پر کاربند رہے۔ صحابہ کو بھی اسی بات کی تعلیم دی۔

۶- اسلام کسی بھی ایسے معاہدے کو قبول نہیں کرتا جس سے اسلام کی بے حرمتی کا پہلو نکلتا ہو۔ احکام الٰہی کے خلاف فیصلوں کو جائز قرار دینا یا غیر مسلموں کو ایسے حقوق دینا جو مسلمانوں کے اختیارات حکومت کے منافی ہوں۔

---

(۱) (بنو ضمرہ: بنو ضمرہ حضرت عمرو بن امیہ ضمری کے قبیلے اور قوم سے ہیں۔ جو کہ نبی ﷺ کے صحابی تھے۔ اور ضمرہ سے قبیلہ غفار بھی ہے جو حضرت ابوذر غفاری کا قبیلہ ہے۔ الأنساب، عبد الكريم بن محمد المروزي، مجلس دائرة المعارف العثمانية، حیدر آباد، ۱۹۶۲ء، ۳۹۶/۸)

(۲) الروض الأنف في شرح السيرة النبوية ،۷۸/۵

(۳) المغازي، محمد بن عمر أبو عبد الله، الواقدي، تحقيق: مارسدن جونس، ط/۳، دار الأعلمي، بيروت، ۱۹۸۹ء، ۷۸۲/۲

# فصل چہارم:

## سلاطین عالم سے روابط کی حدود و قیود

محمد رسول اللہ ﷺ اللہ کے آخری نبی اور رسول ہیں۔ آپ کی نبوت میں ایسی خصوصیات بھی پائی جاتی ہیں جو دیگر انبیاء کی نبوت و رسالت میں موجود نہیں تھیں۔ ان خصائص میں ایک یہ کہ آپ کل عالم کے نبی بن کر آئے ہیں:

﴿وَمَا أَرْسَلْنَاكَ إِلَّا كَافَّةً لِلنَّاسِ بَشِيرًا وَنَذِيرًا﴾(۱)

ترجمہ: ہم نے آپ کو تمام انسانوں کے لیے بشارت پہنچانے والا ڈر سنانے والا بنا کر بھیجا ہے۔

اللہ جل شانہ کا فرمان ہے:

﴿قُلْ يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنِّي رَسُولُ اللَّهِ إِلَيْكُمْ جَمِيعًا﴾(۲)

ترجمہ: آپ فرمادیجیے اے لوگو میں تم سب کے لیے اللہ کا رسول ہوں۔

آپ ﷺ کا دین بھی عالمی ہے اور کل کائنات کے لیے ہے، جیسا کہ ارشاد ربانی ہے۔

﴿هُوَ الَّذِي أَرْسَلَ رَسُولَهُ بِالْهُدَى وَدِينِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهُ عَلَى الدِّينِ كُلِّهِ﴾(۳)

ترجمہ: اللہ پاک وہ ہے جس نے اپنے رسول کو روشن دلائل اور سچے دین کے ساتھ بھیجا تاکہ وہ سب ادیان پر غلبہ حاصل کرلے۔

اسی لیے نبوت کے ابتدائی زمانہ میں دیگر اقوام عالم اور دیگر ادیان کے لوگوں میں تبلیغ شروع کر دی تھی۔ حضرت بلال حبشی، حضرت صہیب رومی، حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہم وہ بزرگ صحابہ ہیں جو مختلف ممالک سے آکر اسلام میں داخل ہوئے۔

آپ ﷺ کا یہ سلسلہ چلتے چلتے سلاطین عالم تک جا پہنچا۔ آپ ﷺ نے مراسلات سلاطین عالم کو روانہ فرمائے۔ اور ان میں لکھا کہ اسلام سے انکار کا وبال نہ صرف تم پر پڑے گا بلکہ تمہاری قوم پر بھی پڑے گا۔ کیونکہ تمھارے انکار کی وجہ سے تمہاری قوم ہدایت سے محروم رہی۔ یہ فصل سلاطین عالم سے روابط کے متعلق ہے۔

### سلاطین عالم سے روابط کی اہمیت:

جیسے ہی تاجدار بطحاء حدیبیہ کی صلح سے فارغ ہو کر مدینہ منورہ تشریف لائے تو حسب معمول فداکاران اسلام شمع

---

(۱) سورۃ سباء ۳۴: ۲۸

(۲) سورۃ الاعراف ۷: ۱۵۸

(۳) سورۃ الصف ۶۱: ۹

رسالت کے گرد جمع ہیں۔رہبر امت نے پیغام حق سنایا چونکہ میں ساری مخلوق کے لیے پیغمبر بن کے آیا ہوں۔اس لیے میرا یہ ارادہ ہے کہ اللہ کا یہ پیغام سلاطین عالم تک بھی پہنچادوں،تاکہ اتمام حجت ہو جائے۔اور امراء و سلاطین اور عوام پیغام الٰہی اور دعوت ربانی سے محروم نہ رہیں (۱)

کیونکہ عوام اپنے بادشاہوں کے احکام کے تابع ہوتے ہیں۔اس لیے آپ ﷺ نے خطوط باشاہوں کے نام روانہ فرمائے ۔ تاکہ ان بادشاہوں کے ذریعے حق کا پیغام ان کی رعایاتک بھی پہنچ جائے۔اس لیے آپ ﷺ نے اپنے مکتوبات میں ارشاد فرمادیا کہ اگر وہ دائرہ اسلام میں داخل نہ ہوئے تو رعایا کی گمراہی کی تمام تر ذمہ داری ان پر بھی عائد ہو گی۔

## انسان اور ہدایت کی جستجو:

انسان ہدایت کا متلاشی ہے اور وہ حقیقت تک پہنچنا چاہتا ہے۔اطراف مکہ کا ایک رئیس طواف کی غرض سے اللہ کے گھر آتا ہے۔ابو جہل وابو لہب اسے بتاتے ہیں کہ یہاں ایک مدعی نبوت ہیں۔وہ شخص ان کی باتوں کو نہ سنے ورنہ سحر کی کشش اسے جذب کرلے گی۔وہ کانوں میں روئی رکھتا ہے،مگر سوچ میں ڈوب جاتا ہے کہ یہ کیسی بزدلی ہے ایک شخص کی بات سنے بغیر اس سے نفرت کی جائے۔کانوں سے روئی نکال پھینکتا ہے اور بات سننے کے لیے متوجہ ہوتا ہے:

فَعَرَضَ عَلَيّ رَسُولُ اللهِ ﷺ الْإِسْلَامَ وَتَلَا عَلَيّ الْقُرْآنَ فَلَا وَاللهِ مَا سَمِعْت قَوْلًا قَطّ أَحْسَنَ مِنْهُ وَلَا أَمْرًا أَعْدَلَ مِنْهُ قَالَ فَأَسْلَمْت وَشَهِدْت شَهَادَةَ الْحَقّ (۲)

ترجمہ: تو رسول ﷺ نے اسلام مجھ پر پیش کیا۔اور قرآن پاک کی تلاوت کی تو اللہ کی قسم میں نے اس سے بڑھ کر خوبصورت کلام نہیں سنا،اور اس سے بڑھ کر کوئی معتدل بات نہیں سنی تو میں نے اسلام قبول کرلیا اور حق بات کی گواہی دے دی۔

## سلاطین عالم کے ساتھ روابط سے قبل حضور کی مشاورت:

یکم محرم ۷ ہجری،۱۱ جولائی ۶۲۸ء کا عہد آفریں دن تھا۔جیسے ہی حدیبیہ کے سفر سے واپسی ہوئی آپ ﷺ نے صحابہ کرام رضی اللہ عنھم سے فرمایا:

اے لوگو مجھے عالمین کے لیے رحمت بنایا گیا ہے پس تم مجھ سے ایسا اختلاف نہ کرنا جیسا حواریوں نے حضرت عیسیٰ

---

(۱) سبل الهدى والرشاد،محمد بن يوسف الصالحي ،تحقيق : الشيخ عادل أحمد عبد الموجود، الشيخ علي محمد معوض،ط/۱،دار الكتب العلمية بيروت ، لبنان ، ۱۴۱۴ھ،۳۴۴/۱۱

(۲) الروض الأنف ،ط/۱،ناشر: دار إحياء التراث العربي، بيروت،۲۰۰۰ء،۲۲۷/۳

علیہ السلام سے کیا تھا۔ صحابہ رضی اللہ عنھم نے عرض کی حواریوں نے حضرت عیسی علیہ السلام سے کیا اختلاف کیا تھا۔ آپ ﷺ نے فرمایا حضرت عیسی علیہ السلام نے ان کو اسی بات کی طرف بلایا تھا جس کی طرف میں تمہیں بلانا چاہتا ہوں۔ یعنی بادشاہوں، والیوں اور سرداروں کے پاس تبلیغ اسلام کے واسطے ایلچی بنا کر بھیجنے کے لیے جن لوگوں کو حضرت عیسی علیہ السلام نے قریب کے ملکوں میں بھیجا تھا وہ سست ہو گئے۔اور وہاں جانا ان کو ناگوار گزرا پس تم اس کام میں ان کی پیروی نہ کرنا(۱)

صحابہ کرام رضی اللہ عنھم نے آپ ﷺ کو اسی تبلیغی مہم میں آپ ﷺ کے ارشادات پر عمل پیرا ہونے کی یقین دہانی کرائی اور یہ مشورہ بھی دیا کہ بیرونی ممالک میں بادشاہوں کا قاعدہ ہے کہ:

((فَقِيلَ لَهُ: إِنَّهُمْ لاَ يَقْرَءُونَ كِتَابًا إِلَّا مَخْتُومًا، فَاتَّخَذَ خَاتَمًا مِنْ فِضَّةٍ، نَقْشُهُ: مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللَّهِ))(۲)

ترجمہ: وہ کسی خط کو اس وقت نہیں پڑھتے جب تک اس پر مہر نہ لگی ہوئی ہو، چاندی کی ایک مہر بنوائی، اس پر محمد رسول اللہ نقش تھا۔

## مہر کی تیاری:

چاندی کی انگوٹھی پر مدینہ کے والی کا نام نامی اسم گرامی اس انداز سے کندہ تھا کہ نیچے محمد اس کے اوپر رسول اور اس کے اوپر اللہ کا نام تھا۔ یہ سادہ سی مہر آپ ﷺ کے اسم گرامی کے ساتھ آپ ﷺ کے منصب عظمیٰ کی نشاندہی کر رہی تھی۔ آپ نے دیکھا کہ یہی حقیقت حروف مقطعات بن کر کلام الٰہی کے شروع میں آئے ہیں(۳)

## مہر کا نمونہ:




---

(۱) السيرة النبوية لابن هشام،عبد الملك بن هشام ، جمال الدين ،تحقيق: مصطفى السقا وإبراهيم الأبياري وعبد الحفيظ الشلبي، ط/۲، شركة مكتبة ومطبعة مصطفى البابي الحلبي ، ۱۹۵۵ء،۲/۶۰۶

(۲) صحيح البخاري، ، بَابُ مَا يُذْكَرُ فِي المُنَاوَلَةِ، حدیث نمبر:۶۵،۱/۲۴

(۳) نور مبین، ص: ۳۶۶-۳۶۷

## سلاطین عالم سے روابط کی حدود:

### اللہ تعالیٰ کے نام سے مراسلے کا آغاز:

اسلام سے پہلے عربوں کی عادت تھی کہ وہ اپنے کام کو بتوں کے نام سے شروع کرتے تھے۔اہل عرب کی اس عادت بد کو مٹانے کے لیے قرآن پاک کی جو پہلی آیت اتری اس میں قرآن پاک کو اللہ کے نام سے شروع کرنے کی تلقین کی گئی ۔امام شعبی سے مروی ہے جب انیسویں پارہ سورۃ نمل کی آیہ ﴿ إِنَّهُ مِنْ سُلَيْمَانَ وَإِنَّهُ بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ ﴾(۱) کے نزول سے قبل بِاسْمِكَ اللّٰهُمَّ پڑھا کرتے یا لکھوایا کرتے تھے۔یہاں تک کہ قرآن پاک کی آیہ ﴿بِسْمِ اللَّهِ مَجْرَاهَا﴾(۲) نازل ہوئی تو بسم اللہ لکھوانا شروع کیا۔

پھر جب آیہ ﴿قُلِ ادْعُوا اللَّهَ أَوِ ادْعُوا الرَّحْمَنَ﴾(۳) نازل ہوئی تو رحمان کا اضافہ ہو گیا۔آپ ﴿بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَنِ﴾ لکھوانے لگے،اس کے بعد جب سورۃ نمل کی مذکورہ بالا آیہ نازل ہوئی تو آپ ﷺ نے پوری ﴿ بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ﴾ لکھنے اور پڑھنے کا حکم دیا۔

## تعظیم سلاطین:

زمانہ قدیم کے بادشاہوں نے اپنے ارد گرد مقدس ہونے کا دائرہ بنادیا تھا اور اپنے آپ کو خدا کا درجہ دے دیا تھا۔وہ اس لیے نہ تھا کہ وہ کوئی انسانوں سے بالا تر مخلوق ہیں۔بلکہ ان کا مقصد یہ تھا کہ عوام کی بغاوت سے محفوظ رہیں۔اور وہ یہ خیال کرتے تھے کہ ہمارا مقدس ہونا شورش اور انقلاب برپا کرنے والوں کے راستے میں بڑی رکاوٹ بن جائے گا۔حضرت ابراہیم کے زمانے میں نمرود کا یہی حال تھا،یونانی،رومی باشاہوں اور مصر کے فرعونوں کا بھی یہی حال تھا(۴)

شریعت اسلامیہ میں غیر اللہ کو سجدہ کرنا حرام ہے۔سجدہ صرف اللہ جل جلالہ کو کیا جائے گا۔تعظیم کی غرض سے لوگ سلاطین کو سجدہ کرتے۔جب کہ مذہب اسلام میں سجدہ تعظیمی حرام ہے۔

عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب حضرت معاذؓ شام سے آئے وہ نبی ﷺ کے سامنے سجدہ بجالائے،سرکار دوعالم نے پوچھا: معاذ رضی اللہ عنہ یہ کیا؟انہوں نے جواب دیا: میں شام گیا تو میں نے دیکھا کہ لوگ اپنے پادریوں اور رہنماؤں کو سجدہ کر رہے تھے۔مجھے یہ بات اچھی لگی کہ ہم لوگ آپ کے ساتھ یہ طریقہ اختیار کریں۔تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

---

(۱) سورۃ النمل ۲۷: ۳۰

(۲) سورۃ ھود ۱۱: ۴۱

(۳) سورۃ بنی اسرائیل ۱۷: ۱۱۰

(۴) قصص الانبیاء،عبد الوهاب نجار،ط/۱،مطبع قاهرة،۱۹۶۶ء،ص:۱۸۲

تم ایسامت کرنا، اگر میں کسی کو غیر اللہ کے لیے سجدہ کرنے کا حکم دیتا تو بیوی کو حکم دیتا کہ اپنے خاوند کو سجدہ کرے۔ قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں محمد ﷺ کی جان ہے عورت اپنے رب کا حق ادا نہیں کر سکتی جب تک اپنے خاوند کا حق ادا نہیں کرتی۔ اگر وہ اونٹ کے کجاوے پر بیٹھی ہوئی ہو اور خاوند اس سے خواہش کا اظہار کرے تو وہ انکار نہیں کر سکتی (۱)

قیس بن سعد رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں حیرہ (کوفہ کے قریب ایک جگہ کا نام) آیا تو دیکھا کہ لوگ اپنے عسکری کمانڈر کو سجدہ کر رہے ہیں، تو میں نے سوچا: سرور کونین ﷺ اس بات کے زیادہ حقدار ہیں کہ انہیں سجدہ کیا جائے۔ جب میں بارگاہ نبوی ﷺ میں حاضر ہوا تو عرض کیا: میں حیرہ شہر گیا میں نے وہاں لوگوں کو اپنے عسکری کمانڈر کے لیے سجدہ ریز ہوتے دیکھا۔ اے اللہ کے رسول کیا ہم آپ کے سامنے سجدہ ریز ہوں۔ حضور فرمانے لگے: تم ایسا نہ کرنا، اگر میں کسی کو کسی کے لیے سجدہ کرنے کا حکم دیتا تو عورتوں کو حکم دیتا کہ وہ اپنے شوہروں کو سجدہ کریں۔ اس وجہ سے کہ شوہروں کا حق اللہ تعالی نے بہت بڑا مقرر کیا ہے (۲)

نبی اکرم ﷺ کی لائی ہوئی شریعت میں سجدہ اللہ کے سوا کسی کے لیے جائز نہیں۔ اسی لیے جب حضرت دحیہ رضی اللہ عنہ شہنشاہ روم ہرقل کے پاس نامہ مبارک لے کر گئے تو سجدہ تعظیمی سے واضح انکار کر دیا۔

## سلامتی، متبعین ہدایت کے لیے:

آپ ﷺ نے جتنے خطوط بھی تحریر فرمائے ان سب میں جو مشترک بات ہے وہ یہ کہ سلامتی ان کے لیے ہے جو ہدایت کا اتباع کریں۔

فَكَأَنَّهُ سَلام مُعَلّق علی إسْلَامهمْ (۳)

ترجمہ: گویا ان کی سلامتی اسلام کے ساتھ وابستہ ہے۔

اگر ان بادشاہوں نے اسلام قبول کر لیا تو وہ سب بھی امن و سلامتی میں آ گئے اور ان کی رعایا بھی۔ وہ شخص جو اسلام قبول کر لے گا اللہ تعالیٰ کے عذاب سے نجات پا لے گا۔

## بین الاقوامی آداب:

ان سربراہان ریاست کو مکتوبات لکھتے وقت بین الاقوامی آداب کو ملحوظ خاطر رکھا گیا۔ ان آداب کو جدید سفارتی آداب

---

(۱) (علامہ البانی نے اس حدیث کو حسن صحیح کہا ہے)، سنن ابن ماجه، حدیث نمبر: ۱۸۵۳، ۵۹۵/۱

(۲) (علامہ البانی نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے)، سنن أبي داود، حدیث نمبر: ۲۱۴۰، ۲۴۴/۲

(۳) المتواري، أحمد بن محمد أبو العباس ناصر الدين الإسكندراني، تحقيق: صلاح الدين مقبول أحمد، المكتبة المعلا، الكويت، ۳۴۸/۱

میں شامل کیا گیا ہے۔ جو سفیر جس علاقے میں گیا وہ ان کی زبان جانتا تھا۔ تاکہ اسے کسی قسم کی دشواری نہ پیش آئے۔ اگر ضرورت ہو تو وہ اپنا موقف واضح طور پر پیش کر سکے۔

## سلاطین کے القاب:

جب والیان ریاست کو دعوت اسلام دی تو آپ نے خاص اسلوب اختیار فرمایا۔ وحدانیت کا بول بالا اور عالمگیر اخوت کے نظریے کا پرچار کرنے کے لیے ان سلاطین کو "الناس علی دین ملوکھم" کے مصداق دعوت اسلام دی۔ مختلف سربراہان مملکت کو "عظیم فارس" "عظیم الروم" اور "عظیم القبط" کہہ کے مخاطب فرمایا۔

## سلاطین عالم سے تخاطب کی مذہبی رعایت:

سلاطین عالم کے مذاہب اور اسلام کے درمیان مشترکہ باتوں کا ذکر خطوط میں کیا گیا۔ حبشہ کے بادشاہ نجاشی کو جب دعوت اسلام دی تو سرکار مدینہ نے اپنے کسی بھی مکتوب میں سیاسی اقتدار کا ذکر نہیں فرمایا بلکہ عیسیٰ علیہ السلام کی اس حیثیت کا ذکر کیا جو اسلام کے نزدیک درست ہے۔

اسی طرح جب نبی رحمت ﷺ نے قیصر روم "ہرقل" کو خط لکھا تو اس میں بھی اسلام اور اہل کتاب کے درمیان جو بات مشترک ہے اس کا ذکر کیا[1]: ﴿يَا أَهْلَ الكِتَابِ تَعَالَوْا إِلَى كَلِمَةٍ سَوَاءٍ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ﴾[2]

مقوقس والی مصر کو جب خط لکھا گیا تو انہیں بھی اسی مشترکہ بات کی دعوت دی جو ان میں اور اہل ایمان میں مشترک ہے۔

> "کہہ دو کہ اے اہل کتاب جو بات ہمارے اور تمہارے درمیان یکساں (تسلیم کی گئی ہے) اس کی طرف آؤ وہ یہ کہ اللہ کے سوا ہم کسی کی عبادت نہ کریں اور اس کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ کریں۔ اور ہم میں سے کوئی کسی کو خدا کے سوا کارساز نہ سمجھے۔ اگر یہ لوگ (اس بات کو) نہ مانیں تو (ان سے) کہہ دو کہ تم گواہ رہو کہ ہم خدا کے فرمانبردار ہیں"

## سفیروں کا انتخاب:

ایک اور خاص بات جس کی جھلک خطوط نبوی میں ہے وہ یہ کہ آپ ﷺ ہر حکمران کو مخاطب کرتے وقت اس کے مذہب اور اس کے مخصوص حالات کو پیش نظر رکھ کر دعوت نامے ارسال فرماتے۔ اور ہر حکمران کی طرف اس کی قومی

---

(۱) صحيح البخاري، حدیث نمبر: ۲۹۴۱، ۴۵/۴

(۲) سورة آل عمران ۳: ۶۴

زبان جاننے والا سفیر نامزد فرمایا[1]

سرور کونین ﷺ نے جب صحابہ کو مختلف سلاطین کے پاس دعوت اسلام کے لیے قاصد بنا کر بھیجنا چاہا تو قدرتاً ہر قاصد اس ملک کی زبان بولنے اور سمجھنے لگا۔ صحابہ کرام نے اس واقعہ کا ذکر آپ ﷺ کی خدمت میں کیا، آپ ﷺ نے فرمایا:

هَذَا أعظم مَا كَانَ من حق الله عَلَيْهِم فِي أَمر عباده[2]

ترجمہ: اپنے بندوں کو ہدایت دینے کے لیے اللہ تعالیٰ نے ان پر یہ عظیم فضل فرمایا ہے۔ خطوط کی ترسیل کے لیے ان صحابہ ؓ کا انتخاب فرمایا جو ان ملکوں میں جاتے رہتے تھے یا جا چکے تھے۔ جہاں کے سلاطین کو خطوط بھیجنا منظور تھا یہ صحابہ وہاں کے رسم و رواج سے آگاہ تھے۔ جن صحابہؓ کے ذریعے سلاطین عالم کو دعوت نامے بھیجے ان کے نام یہ ہیں:

حضرت دحیہ بن خلیفہ کلبی کو شہنشاہ روم ہرقل کی جانب۔

حضرت شجاع بن وہب اسدی رضی اللہ عنہ کو حارث بن ابی شمر غسانی کی جانب۔

حضرت عبداللہ بن حذافہ سہمی رضی اللہ عنہ کو کسریٰ شاہ فارس پرویز بن ہرمز۔

حضرت حاطب بن ابی بلتعہ رضی اللہ عنہ کو سلطان مقوقس فرمانروائے قبط کی جانب۔

حضرت عمرو بن امیہ ضمری رضی اللہ عنہ کو اصحمہ نجاشی کی جانب۔

حضرت سلیط بن عمر عامری رضی اللہ عنہ کو ہوذہ بن علی حنفی شاہ یمامہ کی جانب۔

حضرت علاء بن حضرمی رضی اللہ عنہ کو منذر بن ساوی تمیمی کی جانب۔

حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ کو عمان کے دو بادشاہوں کے پاس۔

حضرت حارث بن عمر رضی اللہ عنہ والی بصری کے پاس نامہ مبارک لے گئے۔

جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ، ذی الکلاع حمیری کے پاس گئے۔

عمرو بن امیہ ضمری رضی اللہ عنہ، مسیلمہ کذاب کے پاس گئے۔

حضرت دحیہ بن خلیفہ الکلبی رضی اللہ عنہ، ضغاطر اسقف کے پاس نامہ مبارک لے گئے[3]

## خطوط میں بادشاہوں کو خطاب کرنے کی وجوہات:

یہ توجہ طلب بات ہے کہ آپ ﷺ نے دوسرے ملکوں کے عوام تک اپنے سفارتی مشن کی تکمیل کے لیے شاہی

---

(۱) طبقات ابن سعد، محمد ابن سعد، نفیس اکیڈمی اردو بازار، کراچی: ۲۵۸/۱

(۲) سبل الهدى والرشاد، في سيرة خير العباد،۳۴۴/۱۱

(۳) جوامع السيرة النبوية،أبو محمد علي بن أحمد بن سعيد بن حزم الأندلسي ،دار الكتب العلمية بيروت،۲۴/۱

درباروں کو کیوں مخاطب فرمایا:

اس وقت عوام کو بادشاہوں کے مقابلے میں کوئی شہری حقوق حاصل نہ تھے اور نہ ہی انہیں کوئی آزادی رائے کا حق حاصل تھا کہ وہ اپنے بارے میں کوئی فیصلہ کر سکیں۔ اس دور کی بادشاہی قیادت خدا بن بیٹھی تھی ایک پتا بھی ان کی مرضی کے بغیر نہیں ہل سکتا تھا۔ بادشاہوں کے اقتدار مروجہ مذاہب کے بل بوتے پر چل رہے تھے اور وہ مذہبی پیشواؤں کا تعاون حاصل کر کے حکمرانی کر رہے تھے۔ یہ بادشاہتیں اس امر کا موقعہ دینے کے لیے تیار نہ تھیں کوئی اجنبی آکر ان کی رعایا سے میل جول رکھے اور ان کو موجودہ مذہب سے پھیر دے[۱]

اس بناء پر قائد الانبیا نے دعوت اسلام کا مخاطب ان بادشاہوں کو بنایا اور انہیں پوری قوم کا نمائندہ ٹھہرایا اور فرمایا کہ اب عوام کے بھلے اور برے کی ذمہ داری ان پر ہے، جیسا کہ ارشاد مصطفی ﷺ ہے:

فان توليت فانماعليک اثم القبط فان توليت فانما عليک اثم الاريسين[۲]

اے شاہان ایران وروم ومصر اگر تم نے خدا کی دعوت حق کا انکار کر دیا تو تمہاری رعایا کی گمراہی کا وبال بھی تمہاری گردن پر ہوگا۔

## نبی اکرم ﷺ کے خطوط سے استفادہ کی صورتیں:

## اللہ تعالیٰ کی کبریائی کا اظہار:

آپ ﷺ نے خط لکھنے کے متعلق خاص اسلوب اختیار فرمایا۔ بادشاہان وقت کو مخاطب کرنے کے لیے سادہ الفاظ کا چناؤ کیا اور ہمیشہ خط کا آغاز اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے نام سے کیا، جیسا کہ روم کے بادشاہ کو خط لکھا:

بسم الله الرحمن الرحيم: من محمد رسول الله إلى هرقل عظيم الروم[۳]

کیونکہ اللہ تعالیٰ کے نام کی بے شمار برکات ہیں، آج بھی خط وکتابت کے دوران آپ ﷺ کے اس اسلوب کو مدنظر رکھا جائے۔

## مکتوب الیہ کا نام:

---

(۱) رسول اللہ کا سفارتی نظام، ص: ۳۵۷-۳۶۵

(۲) السيرة الحلبية، علي بن إبراهيم بن أحمد الحلبي، أبو الفرج، ط/۲، دار الكتب العلمية، بيروت، ۱۴۲۷ ھ، ۳/۳۴۲-۳۴۹

(۳) شرف المصطفى، عبد الملك بن محمد بن إبراهيم النيسابوري، ط/۱، دار البشائر الإسلامية، مكة، ۱۴۲۴ ھ، ۴/۱۴

اپ ﷺ نے اپنا اسم مبارک پہلے اور مکتوب الیہ کا نام بعد میں لکھا۔ کیونکہ اس سے قبل مکتوب الیہ کا نام اس کے اعزار و مرتبہ کے مطابق پہلے لکھا جاتا تھا، ساتھ القابات اور خطابات لگے ہوتے تھے۔ آپ ﷺ نے بغیر خطابات کے سادگی

سے ان کے نام لکھے تو اس انداز نے لوگوں کو اس سوچ میں ڈال دیا کہ جس شخص نے اس جرأت سے شہنشاہ وقت کو مخاطب کیا ہے وہ واقعی عظیم طاقت کا مالک ہوگا۔ خسرو پرویز کو اصل اعتراض بھی اسی بات کا تھا جو اس نے نبی پاک علیہ السلام کے نامہ مبارک کو دیکھنے کے بعد کیا تھا۔ محمد رسول اللہ کی طرف سے کسریٰ شاہ فارس کے نام۔ اس کو سن کر کسریٰ بھڑک اٹھا اور اس نے نامہ مبارک کو چاک کر دیا۔ آپ نے اپنے خطوط میں انتہائی بچے تلے اور کم سے کم الفاظ میں مدعا بیان کیا[۱]

جب آپ ﷺ نے روم کے بادشاہ کو خط لکھا تو امیر بصریٰ حارث بن ابی شمر غسانی نے حضرت دحیہ کلبی کو عدی بن حاتم کے ساتھ ہرقل کے پاس بیت المقدس بھیج دیا۔ مگر ساتھ ہی یہ درخواست بھی کی کہ مکہ کا یہ شخص (معاذ اللہ) حد درجہ گستاخ اور بے ادب ہے۔ جو شہنشاہ معظم کو اتنی بے باکی سے خط لکھ رہا ہے۔ مجھے فوج کشی کر کے اس کی جرأت و بے باکی کی سزا دینے کی اجازت دی جائے[۲]

((ولما قرىء كتاب النبي ﷺ غضب ابن أخي قيصر غضبا شديدا وقال: أرني الكتاب، فقال له وما تصنع به؟: فقال: إنه بدأ بنفسه، وسماك صاحب الروم))[۳]

جب آپ ﷺ کا خط مبارک پڑھا گیا۔ تو قیصر روم کا بھتیجا سخت غضبناک ہوا اور کہنے لگا مجھے خط دکھاؤ۔ قیصر نے کہا تو اس کے ساتھ کیا کرے گا۔ اس نے جواب دیا: خط لکھنے والے نے خط کا آغاز اپنی ذات سے کیا ہے۔ اور تجھے صاحب روم کہا ہے۔

آپ ﷺ کے اس انداز سے بادشاہان وقت پر رعب پڑ گیا۔ آج بھی اسی اسلوب کو اپنانے کی ضرورت ہے۔

## دعوت اسلام:

آپ ﷺ کے خطوط کا اسلوب یہ بھی تھا کہ آپ ﷺ کسی سے مرعوب نہیں ہوئے۔ آپ ﷺ اپنے خطوط میں دعوت دین ضرور بالضرور پیش فرماتے تھے: ابن اسحاق کی روایت ہے نبی علیہ السلام نے شجاع بن وہب اسدی کو غسان کے سردار حارث بن شمر کی طرف روانہ کیا دین اسلام کی دعوت دی:

بسم اللہ الرحمن الرحیم: محمد رسول اللہ کی طرف سے حارث بن ابی شمر کے نام: سلام ہو اس پر جو ہدایت کا

---

(۱) طبقات ابن سعد، محمد ابن سعد، نفیس اکیڈمی اردو بازار، کراچی: ۲۵۸/۱

(۲) سیرت حلبیہ، ۲۳۰/۶

(۳) السيرة الحلبية،علي بن إبراهيم بن أحمد الحلبي،أبوالفرج،ط/۱،دار الكتب العلمية،بيروت،۱۴۲۷ھ،۳۴۴/۳

اتباع کرے اللہ پر ایمان اور اس کے احکام کی تصدیق کرے۔((فإني أدعوك إلى أن تؤمن بالله وحده لا شريك له))[۴]

پس میں تجھے دعوت دیتا ہوں اس بات کی کہ تم ایمان لاؤ اس ایک خدا پر جس کا کوئی شریک نہیں۔

اسی طرح آپ نے قبط کے بادشاہ کو اسلام کی دعوت دی:

میں تمہیں دعوت اسلام پیش کرتا ہوں اسلام قبول کر لو سلامتی پاؤ گے اللہ تعالیٰ تمیں دگنا اجر دے گا[۱]

نبی ﷺ کے مراسلات سے استفادہ کرتے ہوئے ہمارے حکمرانوں کے لیے آج بھی ضروری ہے کہ دین اسلام کی دعوت ضرور پیش کیا کریں۔

## سلامتی کو فروغ دینا :

نبی اکرم ﷺ جو دین لائے اس کا نام اسلام ہے، جس کے معنٰی امن اور سلامتی کے ہیں۔اس کا صاف مطلب یہ ہے کہ آپ ﷺ کا لایا ہوا دین امن اور سلامتی کا دین ہے، جس کے ہر امر اور نہی کے پیچھے امن اور سلامتی کا راز مضمر ہے۔ اسی طرح جب ہم آپ ﷺ کی سیرتِ طیبہ پر نظر ڈالتے ہیں تو ہمیں آپ کی تعلیمات اور پاکیزہ کردار سے امن اور سلامتی کا پیغام ملتا ہے۔ نبی علیہ السلام کا دعوت نامہ جو آپ ﷺ نے ہرقل[۲] کے نام لکھا اس میں بھی آپ ﷺ نے امن و سلامتی کی بات کی:

((أسلم تسلم، وأسلم يؤتك الله أجرك مرتين))[۳]

ترجمہ: اسلام قبول کر لو نجات پا جاؤ گے۔اللہ تمہیں دگنا اجر عطاء فرمائے گا۔

## عقیدے کو مقدم رکھنا:

نبی اکرم ﷺ نے اصحاب کی اتنی اچھی تربیت کی کہ وہ جہاں بھی گئے انھوں نے اپنے عقیدے کو مقدم رکھا۔ حضرت دحیہ بن خلیفہ کلبیؓ کو شہنشاہ روم ہرقل کی جانب روانہ کیا۔آپؓ جب وہاں پہنچے تو اس کی قوم نے دحیہؓ سے کہا: جیسے

---

(۴) شرح الزرقاني على المواهب اللدنية ،ط/۱، دار الكتب العلمية،۱۹۹۶ء،۴۶/۵

(۱) عيون الأثر ،محمد بن محمد ، ابن سيد الناس، اليعمري ،تعليق: إبراهيم محمد رمضان، ط/۱، دار القلم، بيروت،۱۹۹۳ء،۳۳۲/۲

(۲) (ہرقل: شاہان روم کا لقب تھا۔اس کے ایک بادشاہ کو آپ ﷺ نے ۷ھ میں خط لکھا تھا کہ اسلام لے آئے، یہ دل سے چاہتا تھا مگر عیسائی پادریوں نے ایسا کرنے سے باز رکھا۔معرکہ تبوک اور یرموک اسی سے لڑی گئیں۔یرموک میں یہ شکست کھا کر انطاکیہ چھوڑ گیا۔اسلامی انسائیکلوپیڈیا، مدیر سید قاسم محمود، بشیر سنز پرنٹرز کراچی، ص:۱۴۳۰)

(۳) شرف المصطفى،عبد الملك بن محمد بن إبراهيم النيسابوري ،ط/۱ ، دار البشائر الإسلامية، مكة،۱۴۲۴ھ،۱۴/۴

ہی تم بادشاہ کو دیکھو فوراً ہی اس کے سامنے سجدے میں گر جانا اور اس وقت تک سجدے سے سر نہ اٹھانا جب تک شہنشاہ تمہیں اجازت نہ دے۔ حضرت دحیہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا یہ تو میں کبھی بھی نہ کروں گا، میں پروردگار عالم کے سوا ہرگز کسی کے آگے سجدہ نہیں کروں گا تو اس پر ایک شخص نے کہا تب تو تمہارا خط ہرگز شرف قبولیت نہیں پائے گا(۴)

آج بھی ہمیں اس قسم کا انداز اختیار کرنے کی ضرورت ہے۔ ہم دوسرے ممالک کے حکمرانوں سے مرعوب ہو کر یا ان کی محبت میں ڈوب کر اپنے عقائد کو پس پشت نہ ڈالیں بلکہ اسلام کی تعلیمات کے مطابق ادب و آداب بجالائیں۔

## احساس ذمہ داری دلانا:

چونکہ لوگ اپنے حکام کے تابع ہوتے ہیں اس لیے نبی ﷺ نے جب بادشاہوں کو خطوط روانہ فرمائے تو انہیں احساس دلایا کہ اگر وہ دین اسلام سے انکار کریں گے تو ان کی رعایا کا گناہ بھی ان پر ہوگا۔ جیسا کہ نبی ﷺ نے قبطیوں کے سردار مقوقس کو خط لکھا تو اس میں ﷺ واضح فرمادیا:

((فَإِنْ تَوَلَّيْتَ فَإِنَّ عَلَيْكَ إِثْمَ القبط)) (۱)

ترجمہ: اگر تم نے انکار کر دیا تو قبطیوں کا گناہ بھی تمہارے ذمہ ہے۔

روم کے بادشاہ کو بھی آپ ﷺ نے مطلع فرمادیا:

((فإن توليت فإن عليك إثم الأريسيين))(۲)

ترجمہ: اگر اسلام سے روگردانی کروگے تو تمہاری رعایا کا گناہ بھی تم پر ہوگا۔

موجودہ دور میں بھی حکام وقت ایک دوسرے کے ساتھ مراسلت کرتے رہتے ہیں اگر اس اسلوب کو اپنایا جائے تو دین کی طرف بلانے کا فریضہ سرانجام ہوتا رہے گا۔

## تحفہ تحائف کا تبادلہ:

آپ ﷺ ہمیشہ سفیروں کا اکرام فرماتے اور تحائف دے کر واپس بھیجتے تھے۔ اگر کوئی بادشاہ آپ ﷺ کی خدمت میں تحفہ بھیجتا تو آپ ﷺ قبول فرماتے، جیسا کہ حضرت حاطب بن ابی بلتعہ رضی اللہ عنہ نامہ مبارک لے کر اسکندریہ مقوقس

---

(۴) سیرت حلبیہ، ۲۳۰/۶

(۱) عیون الأثر ،محمد بن محمد ، ابن سيد الناس، اليعمري ،تعليق: إبراهيم محمد رمضان، ط/۱، دار القلم، بيروت، ۱۹۹۳ء، ۳۳۲/۲

(۲) شرف المصطفى،عبد الملك بن محمد بن إبراهيم النيسابوري ،ط/۱ ، دار البشائر الإسلامية، مكة، ۱۴۲۴ ھ، ۱۴/۴

کے پاس حاضر ہوئے اس نے خط کو چوما اور حضرت حاطب رضی اللہ عنہ کی تعظیم کی اور خوب مہمان نوازی کی اور خوب تحائف حضور کی خدمت میں بھیجے (۳)

چونکہ ہمارا ملک بھی اسلام کے نام پر بنا ہے، لہٰذا ہمیں بھی اسلامی تعلیمات کی روشنی میں سفیروں کو عزت کی نگاہ سے دیکھنا چاہئے حتی الامکان ان کو تحفے تحائف دینے چاہئیں اسی سے ہمارے ملک کا تعلق اقوام عالم سے مضبوط ہوگا۔

## جبر واکراہ سے احتراز:

حضور ﷺ نے مکی زندگی میں کسی کو مذہب اسلام اختیار کرنے پر مجبور نہیں کیا،اس کے باوجود کفار آپ کی جان کے دشمن ہوگئے، ایمان اور کفر انسان کا ذاتی معاملہ ہے، کوئی کسی کو ایک مذہب چھوڑ کر دوسرا مذہب اختیار کرنے پر مجبور نہیں کر سکتا۔آپ ﷺ کے مراسلات بھی اس بات کی گواہی دے رہے ہیں۔

منذر ابن ساوی عبدی بحرین کا حاکم تھا آپ ﷺ کے خط کا جواب دیتا ہے:

يا رسول الله ﷺ فإني قد قرأت كتابك على أهل البحرين، فمنهم من أحب الإسلام وأعجبه ودخل فيه، ومنهم من كرهه، وبأرضي يهود ومجوس، فأحدث إلي في ذلك أمرك (۱)

**یارسول اللہ میں نے آپ کا نامۂ مبارک اہلِ بحرین کو سنایا۔ان میں سے بعض نے اسلام کو پسند کیا اور اسلام انہیں اچھا لگا اور وہ اس میں داخل ہوئے۔اور بعض نے اس کو پسند نہ کیا اور اس میں داخل نہیں ہوئے۔میری مملکت میں یہود و مجوس رہتے ہیں، وہ اپنے مذہب پر قائم ہیں۔ان کے بارے میں آپ اپنا حکم صادر فرمائیں۔**

اس کے جواب میں آپ ﷺ نے جو نامۂ مبارک منذر کو ارسال فرمایا:

فَإِنِّي أُذَكِّرُكَ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ، فَإِنَّهُ مَنْ يَنْصَحُ فَإِنَّمَا يَنْصَحُ لِنَفْسِهِ، فَإِنَّهُ مَنْ يُطِعْ رُسُلِي وَيَتَّبِعْ أَمْرَهُمْ فَقَدْ أَطَاعَنِي، وَمَنْ نَصَحَ لَهُمْ فَقَدْ نَصَحَ لِي، وَإِنَّ رُسُلِي قَدْ أَثْنَوْا عَلَيْكَ خَيْرًا، وَإِنِّي قَدْ شَفَعْتُكَ فِي قَوْمِكَ، فَاتْرُكْ لِلْمُسْلِمِينَ مَا أَسْلَمُوا عَلَيْهِ، وَعَفَوْتُ عَنْ أَهْلِ الذُّنُوبِ، فَاقْبَلْ مِنْهُمْ، وَإِنَّكَ مَهْمَا تُصْلِحُ فَلَنْ نَعْزِلَكَ عَنْ عَمَلِكَ، وَمَنْ أَقَامَ عَلَى يَهُودِيَّةٍ أَوْ مَجُوسِيَّةٍ فَعَلَيْهِ الْجِزْيَةُ(۲)

---

(۳) تاریخ ابن کثیر: ۶۸۰/۲

(۱) المواهب اللدنية ،۵۴۷/۱

(۲) عيون الأثر ،محمد بن محمد ، ابن سيد الناس، اليعمري ،تعليق: إبراهيم محمد رمضان، ط/۱، دار القلم، بيروت،۱۹۹۳ء،۳۳۲/۲

میں تجھے اللہ عزوجل کی یاد دلاتا ہوں۔جو نصیحت قبول کرتا ہے وہ اپنے فائدے کے لئے کرتا ہے اور جس نے میرے قاصدوں کی پیروی کی اور ان کی ہدایت پر عمل کیا تو اس نے بلاشبہ میری پیروی کی، اور جس نے ان کی خیر خواہی کی اس نے گویا میری خیر خواہی کی۔اور میرے قاصدوں نے آکر تمہاری تعریف و توصیف کی اور میں نے تمہاری قوم کے بارے میں تمہاری سفارش قبول کی۔پس وہ املاک مسلمانوں کے پاس چھوڑ دو جن پر وہ اسلام لانے کے وقت قابض تھے۔اور گنہگاروں سے در گزر کرتا ہوں۔لہٰذا تم بھی ان سے (توبہ) قبول کر لو۔اور جب تک تم اصلاحِ احوال کرتے رہو گے ہم تمہیں معزول نہیں کریں گے۔اور جو شخص اپنی یہودیت یا مجوسیت (آتش پرستی) پر قائم رہنا چاہے اس پر جزیہ ہے۔

اس سے ثابت ہوا نبی ﷺ نے ان پر جبر نہیں کیا بلکہ جن لوگوں نے اسلام قبول نہیں کی جزیہ کی صورت میں ان سے معاملہ طے فرمایا، اور سب کو امن وامان سے رہنے کی یقین دہانی کرائی۔

## سفیر کا احترام:

سفیر کی عزت کرنا آپ ﷺ کے اخلاق عالیہ کا حصہ تھا، نبی ﷺ کی نظر میں سفیر کی کتنی اہمیت تھی اس کا اندازہ اس روایت سے بخوبی لگایا جاسکتا ہے۔آپ ﷺ نے اپنی آخری وصیت میں فرمایا:

((أَجِيزُوا الوَفْدَ بِنَحْوِ مَا كُنْتُ أُجِيزُهُمْ)) (۱)

ترجمہ: وفود سے ایسا ہی سلوک کرتے رہنا جیسا میں کرتا رہا ہوں۔

حضور نبی کریم ﷺ کے مسلم و غیر مسلم سفراء سے حسن سلوک پر غور کریں تو یہ بات روزِ روشن کی طرح عیاں ہوتی ہے کہ آپ ﷺ نے سفیروں کی عزت، مہمان نوازی و اکرام میں کسی پس و پیش سے کام نہیں لیا۔عصر حاضر میں بھی آپ ﷺ کے اسوہ کو اپنانا چاہیے۔

## حاصل کلام:

۱-آپ ﷺ اللہ کی باتیں لوگوں کو صاف صاف بے جھجک پہنچادیں نہ کسی کی رورعایت کیجئے نہ کسی کا ڈر خوف کیجئے۔

۲- اس کے بعد آپ ﷺ اور آپ کے اصحاب رضی اللہ عنہم نے کھلے طور پر اشاعت دین شروع کر دی۔

۳- تبلیغ کا دائرہ مکہ و مدینہ سے دور دراز کے ممالک تک جا پہنچا۔

۴- مختلف اصحاب کو دوسرے ممالک کے بادشاہوں کی طرف خطوط دے کر روانہ کیا۔

۵-ان خطوط میں سب کو دین کی دعوت پیش کی گئی۔

---

(۱) صحیح البخاری، حدیث نمبر: ۳۰۵۳، ۶۹/۴

۶۔ جس نے دعوت اسلام کو قبول کیا اللہ نے اسے عظمتوں سے نوازا اور جس نے اللہ کے پیغام اور حضور کی اس دعوت کو پس پشت ڈالا اللہ تعالیٰ نے اسے رسوا کیا اور نشان عبرت بنا دیا۔

# فصل پنجم:

## موجودہ سیاسی نظام اصلاحات نبوی ﷺ کی روشنی میں

جب انسانوں نے مل جل کر رہنا شروع کیا تو ان کے مفاد ایک دوسرے سے ٹکرائے۔ اس ٹکراؤ سے باہمی تنازعات پیدا ہوئے۔ ضرورت محسوس ہوئی کہ کوئی ایسی تدبیر کی جائے جس سے ٹکراؤ پیدا نہ ہو اور اگر ٹکراؤ پیدا ہو جائے تو اس کا فیصلہ اس طرح خوش اسلوبی سے ہو کہ معاشرہ میں کوئی لڑائی جھگڑا نہ ہو۔ اس سے نظام سیاست کے تصور کی ابتدا ہوئی[۱]

جن وانس کی تخلیق کا مقصد کیا ہے: ہم نے جن وانس کو اپنی عبادت کے لیے پیدا کیا ہے۔ عبادت کی دو قسمیں ہیں: بلاواسطہ عبادت اور بالواسطہ عبادت۔

بلاواسطہ عبادت:

نماز، روزہ، حج، زکاۃ، صدقات وغیرہ بلاواسطہ عبادت ہیں۔

بالواسطہ عبادت:

وہ عبادت جس میں کوئی عمل دنیاوی فائدے کے لیے کیا جاتا ہے۔ لیکن جب وہ عمل اللہ تعالیٰ کے احکام کے مطابق کیا جائے اور ان احکام کی پابندی میں نیت اللہ تعالیٰ کی رضاجوئی کی ہوتی ہے تو وہ بالواسطہ عبادت بن جاتا ہے[۲]

اس طرح سیاست بھی بالواسطہ عبادت ہے۔ اور اگر موجودہ دور کی سیاست شریعت کے مطابق ہو اور اسلامی حکومت قائم ہو جائے تو نہ صرف بالواسطہ اور بلاواسطہ عبادتوں کی ادائیگی آسان ہو جائے گی بلکہ ان کا دائرہ اور وسیع ہو جائے گا۔ اس لیے سیاست کی بہت اہمیت ہے۔ اس فصل میں موجودہ سیاسی نظام پر بحث کی گئی ہے۔

---

(۱) اسلام اور جدید سیاسی و عمرانی افکار، ایس ایم شاہد، شعبہ تعلیم اساتذہ، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد، ایورنیو بک پیلس، لاہور، ص: ۹۵

(۲) اسلام اور سیاسی نظریات، مفتی محمد تقی عثمانی، ط/۱، مکتبہ معارف القرآن کراچی، ۲۰۱۰ء، ص: ۱۶

## سیاست کا لغوی معنی:

سیاست کے حروف اصلی "س وس" ہیں جس کا معنی تدبر امور، اور تنظیم مصالح انسانی ہیں۔ اس باب کا مصدر "سوس" بروزن قول ہے۔ اس کے اساسی معنی ہیں اصلاح کرنا، سنوارنا۔

لغت میں "السیاسۃ" کے معنی ہیں:

السياسة القيام على الشيء بما يصلحه(۳)

کسی کام کو درست کرنے کے لیے کھڑے ہو جانے کو کہتے ہیں ۔

سیاست کے اصطلاحی معنی ہیں:

السِّيَاسَةُ اسْتِصْلَاحُ الْخَلْقِ بِإِرْشَادِهِمْ إلَى الطَّرِيقِ الْمُنْجِي فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ(۱)

ترجمہ: لوگوں کے مصالح کی نگہداشت بذریعہ رہنمائی جو دونوں جہانوں میں نجات کا سبب ہو۔

سیاست ایسا طریقہ جو وسائل زندگی اور افراد کے درمیان تعاون پیدا کرے۔ بیسویں صدی کے ادب میں (تقریباً ہر اسلامی زبان میں خصوصاً اردو میں) سیاست کے معنی وہ سر گرمی ہیں جو ملک میں حکومت کے نظام کو ایک خاص نہج پر لانے، اس کی تدبیر و تنظیم کرنے اور اس کی حمایت یا مخالفت کی صورت میں ظہور میں آتی ہے۔ اعلیٰ سطح پر اس کے معنی ہیں حکومتی تنظیمات و ادارت کی تشکیل(۲)

سیاست سے مراد اصلاح معاش و معاد بندگان کے قوانین اور امامت و حکومت کے آئین ہیں۔ سیاست کا مقصود اپنی حکمرانی اور ان کے لیے معاش اور آخرت میں نفع رسانی سے لوگوں کی اصلاح ہے نہ کہ اپنے لیے ان کے خدام سے نفع حاصل کرنا(۳)

## اسلام کے مد مقابل دیگر سیاسی نظریات:

اسلام کے مد مقابل دیگر سیاسی نظریات درج ذیل ہیں:

(۱) بادشاہت

(۲) ملوکیت

(۳) سوشلزم

---

(۳) لسان العرب، محمد بن مكرم بن على بن منظور الإفريقى،۱۰۸/۶

(۱) رد المحتار ،ابن عابدين، محمد أمين بن عمر الدمشقي الحنفي ،ط/۲ ، دار الفكر، بيروت، ۱۹۹۲ء،۱۵/۴

(۲) اردو دائرہ معارف اسلامیہ، شعبہ اردو دائرہ معارف اسلامیہ، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، ط/۱، ۱۹۷۵ء، ۴۷۴/۱۱

(۳) منصب امامت، شاہ اسماعیل شہید، مترجم حکیم محمد حسین علوی، ط/۴، حاجی حنیف اینڈ سنز، لاہور، ۲۰۰۸ء، ص:۴۱

(۴) نیشنل ازم

(۵) مارکس ازم

(٦) فاشزم

ان کا مختصر تعارف ذیل میں پیش کیا جاتا ہے۔

## بادشاہت:

سب سے زیادہ نافذ رہنے والا بادشاہت کا نظام ہے۔ جو مختلف صورتوں میں تاریخ میں آج تک چلا آرہا ہے۔ بادشاہی نظام میں ایک مطلق العنان بادشاہت ہے۔ جو وہ کہے وہی قانون ہوتا ہے۔ نہ وہ کسی کے مشورے کا پابند اور نہ کوئی اس سے پوچھنے والا ہوتا ہے[۱]

## ملوکیت:

ملوکیت کے معنی ہیں شخصی حاکمیت، یعنی ایک ایسا نظام ہے جس میں ایک شخص طاقت کے زور پر اقتدار حاصل کرتا ہے۔ عوام اس کو اپنا حکمران تسلیم کرنے پر مجبور ہوتے ہیں۔ پاکستان میں آپ اسے مارشل لا یا جاگیرداروں اور سرمایہ داروں کی حکمرانی بھی کہہ سکتے ہیں۔ ملوکیت کی ایک اور قسم پاپائیت یعنی تھیاکریسی ہے، فرمان ربانی ہے "انہوں نے اپنے علماء اور راہبوں کو اللہ کے علاوہ اپنا رب بنا دیا تھا[۲]

اسی نظام میں پوپ یعنی مذہبی پیشوا کو خدائی تقدس اور اختیارات حاصل ہوتے ہیں۔ ملوکیت میں بادشاہ تاج پہن کر مظالم کرتا ہے اور پوپ درویشی میں گدڑی و قبا پہن کر لوگوں پر اپنی بادشاہی مسلط کرتا ہے۔ علامہ محمد اقبال رحمہ اللہ نے عوام کی اسی کیفیت کو مدنظر رکھتے ہوئے فرمایا تھا:

خداوندا یہ تیرے سادہ دل بندے کدھر جائیں     کہ درویشی بھی عیاری ہے سلطانی بھی عیاری[۳]

---

(۱) اسلام اور سیاسی نظریات، مفتی محمد تقی عثمانی، ط/۱ مکتبہ معارف القرآن، کراچی، ۲۰۱۰ء، ص: ۲٦

(۲) سورۃ التوبۃ۹: ۳۱

(۳) کلیات اقبال، ڈاکٹر علامہ محمد اقبال، ط/۱، ڈاکٹر وحید قریشی، ۱۹۹۰ء، ص: ۳۷۱

غیر اسلامی نظامہائے سیاست میں نظریہ ملوکیت ہے۔ ملوکیت کے شہنشاہی نظام میں پوری قوم اور سارا قومی خزانہ اس کی ذاتی ملکیت تصور ہوتا ہے۔ وہ تنقید سے بالاتر سمجھا جاتا ہے اور کسی کے سامنے جواب دہ نہیں ہوتا۔ پاپائیت بھی ملوکیت اور آمریت کی ایک شکل ہے [۴]

## سوشلزم:

اشتراکیت کو انگریزی زبان میں سوشلزم کہتے ہیں۔ جس کا مأخذ (Social) ہے اس کے معنیٰ معاشرتی یا سماجی کے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ اشتراکیت کے معنیٰ عام طور پر ایسے نظام کے لیے جاتے ہیں جس کا مقصد معاشرہ اور فرد کی فلاح و بہبود ہے۔ اشتراکیت کا مقصود ایسا نظام ہے جس میں فرد کے ذاتی مفاد کو معاشرے کے اعلیٰ مجموعی مفاد کے تابع کر دیا جاتا ہے [۱]

## نیشنلزم:

قوم انسانوں کے گروہ کا نام ہے۔ اس گروہ کے افراد میں مل جل کر رہنے کا جو احساس پایا جاتا ہے اسی کا نام قومیت ہے۔ عصر حاضر کی سیاسی اصطلاح میں اسے (Nationalism) کہتے ہیں [۲] مختلف سیاسی نظریات میں سے ایک نظریہ نیشنل ازم کا ہے۔ نیشنل ازم کا جو تصور ہے یہ سیکولر جمہوریت کی بنیاد پر قائم ہوا۔ جس کا دین سے کوئی تعلق نہیں۔ کیونکہ سیاسی وحدت کے لیے اس کے پاس کوئی اور بنیاد نہیں ہے۔ اس لیے اس نے وطن اور قوم کو بنیاد بنایا ہے۔ قومیت کا اطلاق اگرچہ ہم وطن، ہم نسب لوگوں پر ہوتا ہے لیکن اسلام نے اس کو سیاسی وحدت کی بنیاد بنانے سے انکار کر دیا ہے۔

ڈاکٹر علامہ اقبال نیشنلزم کی تردید کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

ان تازہ خداوں میں بڑا سب سے وطن ہے ۔۔۔ جو پیرہن اس کا ہے وہ ملت کا کفن ہے [۳]

نیشنل ازم ایک ایسی چیز ہے جس نے انسانیت کے ٹکڑے کرنے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ جب تک پاکستان نہیں بنا تھا جو لوگ نیشنل ازم کے حامی تھے وہ کہتے تھے پورا ہندوستان ایک قوم ہے۔ جب پاکستان بن گیا تو اب کہتے ہیں پاکستان میں چار قومیں آباد ہیں۔ جب ایک مرتبہ تسلیم کر لیا جائے کہ ریاستی اتحاد قوم، وطن اور زبان کی بنیاد پر قائم ہوتا ہے تو پھر اس کی کوئی حد نہیں رہتی پھر لوگ مختلف یونٹوں میں بٹتے چلے جاتے ہیں [۴]

---

(۴) اسلامی سیاست، ص: ۵۰

(۱) اسلام اور جدید سیاسی و عمرانی افکار، ص: ۳۵۰

(۲) اسلام اور جدید افکار، ص: ۳۹۸

(۳) کلیات اقبال، اقبال اکادمی، ط/۱، پاکستان، لاہور، ۱۹۹۰ء، ص: ۱۸۴

(۴) اسلامی اور سیاسی نظریات، ص: ۱۵۴

## مارکس ازم:

کارل مارکس نے انیسویں صدی میں سامراجی نظام کے خلاف آواز بلند کی۔اس نے سامراجی ظلم و تشدد اور لوٹ کھسوٹ کو ختم کرنے کے لیے اخوت اور مساوات کی بنیاد پر ایک نئے نظام کا نظریہ پیش کیا۔مارکسی فلسفہ سرمایہ داروں کے خلاف اور مزدوروں کے حق میں تھا(۵)

## فاشزم یافسطائیت اور نازی حکومت:

یہ ایک سیاسی نظام ہے اس کا موجد اٹلی کا ڈکٹیٹر مسولینی تھا۔فاشزم فاست سے نکلا ہے اور فاست :(ف اس) سے مأخوز ہے، فأس کا مطلب کلہاڑا ہے یعنی کلہاڑے کی بادشاہی۔فاشزم کا خلاصہ یہ ہے کہ تنہافرد کچھ نہیں ہے بلکہ قوم جس کی نمائندگی اسٹیٹ کرتی ہے۔فاشزم جمہوریت کے خلاف ہے۔مسولینی کے بعد جرمنی میں ہٹلر نے فاشزم کو اپنایا مگر اس میں کچھ اضافہ کیا۔اس کی سوچ یہ تھی کہ حکمرانی صرف آریائی قوموں کا حق ہے۔اس لیے اس نے طئے کر لیا کہ سامی نسلوں کو تہس نہس کرنا ہے۔اس کی فکر نے قوم پرستی کو عروج بخشا(۱)

## اسلام کا تصور سیاست:

ملکی نظام کو بطریق احسن چلانے کے لیے سیاست کا تصور قرآن پاک سے ملتا ہے۔اللہ اور نبی اکرم ﷺ کی اطاعت کے بعد ان کا حکم ماننا ہے جو اقتدار والے ہیں۔قرآن حکیم کے حکم'' اطیعوا اللہ ''کو طرز حکومت وضع کرتے وقت ہر آن پیش نظر رکھا جائے۔''اولی الامر'' کی وضاحت کے بغیر اسلامی طرز حکومت کا نقشہ واضح طور پر سامنے نہیں آسکتا۔ہر ایسا مسلمان جو،اللہ تعالیٰ کے احکامات بجالاتا ہو اتباع مصطفی کرتا ہوا سے ''اولی الامر'' کہا جاسکتا ہے۔ایک وقت میں مسلمانوں میں سے بے شمار''اولی الامر'' کے معیار پر پورا اتر سکتے ہیں۔کوئی ایسا شخص اولی الامر نہیں کہلا سکتا،جو جاگیر دار، سرمایہ دار، صنعتکار ،بہت بڑا تاجر تو ہو اور مغربی علوم کے معیار کے مطابق بہت اونچی ڈگری کا حامل ہو لیکن'' اطیعواللہ واطیعو الرسول ''کے ضمن میں بالکل کورا ہو(۲)

قرآن پاک اس بات کا تقاضا نہیں کرتا کہ ''اولی الامر'' بڑا دولت منداور زمیندار ہو بلکہ ہر وہ شخص جو دین اسلام کا اتباع کرنے والا ہے وہ''اولی الامر'' بن سکتا ہے۔اس کے لیے دینی اور دنیاوی علوم سے بہرہ ور ہونا لازم ہے۔
اسلامی ریاست کے اندر محکوم طبقہ صرف اس وقت تک حکمرانوں کے احکام کی تعمیل کا پابند ہے جب تک وہ خدااور رسول

(۵) اسلام اور جدید افکار، ص:۴۰۸

(۱) اسلامی اور سیاسی نظریات، ص:۷۲

(۲) اسلام کا سیاسی و معاشی نظام، محمد یونس چودھری، ط/۱، الجہاد پبلشرز، سمن آباد، لاہور، ۱۹۸۰ء، ص:۱۵۴

کے تابع رہیں۔

انسان نے اپنی اجتماعی زندگی کی ترتیب و تہذیب کے لیے جو ادارے قائم کیے ہیں ان میں ریاست کا ادارہ سب سے اہم اور بنیادی ہے۔ ریاست وہ ہیئت سیاسی ہے جس کے ذریعے سے ایک ملک کے باشندے ایک باقاعدہ حکومت کی شکل میں اپنا اجتماعی نظام قائم کرتے ہیں اور اسے قوت قاہرہ اور قوت نافذہ کا امین قرار دیتے ہیں [۳]

## اسلام سے پہلے اہل عرب کا سیاسی نظام:

موجودہ دور میں حکومت کی جتنی شکلیں پائی جاتی ہیں اس انداز کی عرب میں کوئی حکومت نہ تھی، نہ کوئی محکمہ عدلیہ تھا، نہ پولیس تھی نہ بیرونی خطرات کے دفاع کے لیے کوئی فوجی نظام تھا۔

قبیلہ کی حکومت جمہوری تھی۔ قبیلہ کا شیخ کنبوں کے سرداروں کو جمع کرتا۔ جن سے مجلس شیخ القبلہ کی قسم ایک چیز تشکیل پاتی تھی۔ اس میں مشاورت ہوتی، اعلان جنگ اور انعقاد صلح سے متعلق امور طے پاتے۔ یا خاص ان مسائل پر گفتگو ہوتی جس کا تعلق قبیلہ کے نظام سے ہوتا [۱]

عرب میں اگرچہ ریاستوں کا وجود قدیم ہے لیکن کسی زمانے میں بھی کوئی ایک ہمہ گیر اور متحدہ ریاست عرب میں قائم نہیں ہو سکی اور نہ کبھی پورا عرب ایک پرچم تلے جمع ہوا [۲]

اہل عرب ابتدائے عہد تاریخ سے تمدن و حضارت اور حکومت و سلطنت سے واقف رہے ہیں اور ان میں سیاست کا واضح تصور اور شعور موجود رہا ہے۔ اسی لیے مارگولیتھ کہتا ہے: ''کتابت سے یہی ظاہر ہوتا ہے کہ عرب میں منظم ریاستوں کا ایک سلسلہ نامعلوم زمانے سے چلا آرہا ہے [۳]

## جمہوریت کا تعارف:

موجودہ نظام، جمہوری سیاسی نظام ہے۔ جمہوریت، دراصل انگریزی لفظ ''ڈیموکریسی'' کا ترجمہ ہے جس کے معنی ہیں عوام کی حاکمیت۔ اس طرح یہ نظریہ وجود میں آیا کہ عوام خود حاکم ہے [۴]

پہلے ان ممالک کا مختصر تذکرہ جن میں یہ نظام جاری رہا۔

---

(۳) اسلامی نظریہ حیات، خورشید احمد، ص:۴۶۶

(۱) سیاست شرعیہ، مولانا رئیس احمد جعفری ندوی، ط/۱، ادارہ ثقافت اسلامیہ، لاہور، ۱۹۵۹ء، ص:۴۰

(۲) عہد نبوی میں ریاست کا نشوو ارتقاء، ڈاکٹر نثار احمد، نشریات لاہور، ۲۰۰۸ء، ص:۵۵

(۳) عہد نبوی میں ریاست کا نشوو ارتقاء، ڈاکٹر نثار احمد، نشریات لاہور، ۲۰۰۸ء، ص:۵۴

(۴) اسلام اور سیاسی نظریات، مفتی محمد تقی عثمانی، ط/۱، مکتبہ معارف القرآن کراچی، ۲۰۱۰ء، ص:۸۰

## برطانیہ:

برطانیہ کے جمہوری نظام کو پارلیمانی نظام کہتے ہیں۔ پارلیمانی نظام سے مراد یہ ہے کہ اس میں اصل قوت حاکمہ پارلیمنٹ ہوتی ہے۔ برطانوی پارلیمنٹ سسٹم میں مقننہ اور انتظامیہ یک جان ہیں کیونکہ ان دونوں کا مصدر پارلیمنٹ ہے۔ ریاست کا سربراہ بادشاہ یا صدر رہے اور انتظامیہ کا سربراہ وزیراعظم ہوتا ہے۔

## امریکہ:

امریکہ کا نظام حکومت صدارتی نظام کے تحت چل رہا ہے۔ امریکی نظام میں مقننہ، انتظامیہ اور عدلیہ یہ تینوں الگ ادارے ہیں اور تینوں خود مختار بھی ہیں۔ انتظامیہ کا سربراہ صدر ہوتا ہے۔ برطانیہ کے نظام میں یہ ہے کہ کابینہ اسی ایوان سے منتخب کی جاتی ہے اور وہی پارٹی حکومت بناتی ہے جسے اکثریت کی حمایت حاصل ہوتی ہے۔ وزیراعظم انہی ارکان میں سے کابینہ بناتا ہے لیکن صدارتی نظام میں کابینہ کے لیے کانگریس کا ممبر ہونا ضروری نہیں بلکہ صدر کابینہ کے ارکان کو منتخب کرتا ہے اور وہ اپنے اپنے محکمے کے سربراہ ہوتے ہیں۔ امریکی صدر پارلیمانی نظام کے برعکس ریاست کا بھی سربراہ ہوتا ہے اور انتظامیہ کا بھی۔

## فرانس:

فرانس کا نظام حکومت پارلیمانی ہے۔ فرانس سے ہی جمہوریت کی تحریک پروان چڑھی اسی طرح دوسرے ملکوں میں جمہوری نظام مستحکم ہوئے۔ لیکن فرانس بہت زیادہ کشمکش کا شکار رہا، اس میں وقفوں کے بعد دستور بدلتے رہے دستور بدلنے کی وجہ تصورات کا اختلاف تھا کہ کس قسم کا دستور ہو لیکن انھوں نے پارلیمانی نظام کی بنیاد پر دستور اختیار کیا جیسا برطانیہ میں تھا۔ موجودہ دور میں سیکولر جمہوریت کو مقبولیت حاصل ہے اور یہ خیال کیا جارہا ہے کہ سیکولر جمہوریت ہی سب سے بہترین نظام حکومت ہے[(۱)]

## جمہوری نظام کا مقصد:

عوام کی آراء کا احترام کیا جائے اور جو وہ تقاضا کریں اسے پورا کیا جائے۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ ہر کسی کا تقاضا مختلف ہو سکتا ہے۔ کسی کا تقاضا اچھائی کا ہے اور کسی کا برائی کا ہے۔ اگر سب کا تقاضا پورا کیا جائے تو نتیجتاً یہ معلوم ہوا کہ برائی بھی جمہوریت کے مقاصد میں شامل ہے۔ اور اگر برائی کا تقاضا نہ پورا کیا جائے تو یہ بات جمہوری قانون کے خلاف ہے اور یہ بات

---

(۱) اسلام اور سیاسی نظریات، مفتی محمد تقی عثمانی، مکتبہ معارف القرآن، کراچی، ۲۰۱۰ء، ص: ۱۲۳-۱۴۱

عوام کی حاکمیت کے بھی خلاف ہے۔ مغرب کی مثال ہمارے سامنے ہے۔ جب سے سیکولر جمہوریت کا رواج ہوا ہے تب سے جنسی بے راہ روی عام ہو گئی ہے۔ اور کوئی برے سے برا کام ایسا نہیں ہے کہ اس کے کرنے والے کے پاس جواز نہ ہو۔

چونکہ جمہوری نظام کا دارومدار عوام کی مرضی اور خواہش پر ہے۔ کسی اخلاقی قدر کی پابندی نہیں ہے۔ اس کا یہ نتیجہ نکلا کہ کچھ ممالک میں ہم جنس شادیوں کو جائز قرار دیا گیا۔ اور اسی طرح ہم جنس پرستی کی بھی قانوناً اجازت دی گئی۔
چونکہ حاکمیت عوام کی ہے عوام جب ایک چیز کو پسند کرتے ہیں تو اس کو برا کہنے کی دلیل کیا ہو گی، جس بنا پر اسے برا کہا جائے۔ یہ سارا نتیجہ عوام کی بے لگام حاکمیت کے اس تصور کا ہے جو سیکولر جمہوریت نے پیدا کیا۔

## جمہوری نظام کے فوائد :

یہ بات شک سے بالاتر ہے کہ جمہوریت کے تحت کچھ ایسے اصول بھی بنائے گئے جنہوں نے فرد کی آزادی کو فائدہ دیا۔ اس سے پہلے مطلق العنان حکومتیں تھیں اور بادشاہتیں تھیں کوئی ان سے پوچھنے والا نہیں ہوتا تھا۔ جمہوری نظام کے ذریعے جبر و تشدد کا خاتمہ ہوا۔ لوگ گھٹ گھٹ کر زندگی گزارتے تھے جمہوری نظام کے ذریعے لوگوں کو سکھ کا سانس لینا نصیب ہوا۔ لوگوں پر جو بے جا پابندیاں تھیں ختم ہوئیں۔ جمہوری نظام میں رائے کے اظہار کی آزادی بھی نصیب ہوئی۔

## جمہوری نظام کے نقصانات :

جمہوری نظام میں حاکم اعلیٰ عوام ہیں وہ کسی شخصیت یا ذات کے پابند نہیں ہیں۔ حاصل یہ ہوا کہ وہ حکومت کے معاملات میں کسی قانون الٰہی کے پابند نہیں ہیں۔ جب عوامی حاکمیت کی بات آئی تو اس حاکمیت کو سیکولرازم کے ساتھ جوڑ دیا گیا۔ جس کا مطلب یہ تھا کہ دین اور مذہب ہر انسان کی انفرادی زندگی سے تعلق رکھتے ہیں ریاست اور حکومت کے معاملات میں ان کی کوئی پابندی نہیں۔

## عوامی حاکمیت :

ساری عوام حاکم بن گئی تو پھر محکوم کون ہے۔ عوام کسی کی حاکم ہے اور جب یہ حاکم ہے تو پھر اچھے اور برے کا فیصلہ بھی خود کریں گے۔ کیونکہ یہ کسی کے محکوم تو ہیں نہیں کہ اس کا حکم مانیں تو پتہ چلا کہ عوام کی حاکمیت کا جو تصور ہے یہ بے بنیاد ہے۔ ان کے نزدیک عوام کی حاکمیت سے مراد اپنی مرضی سے نمائندگان کا چناؤ کرنا ہے ۔ آزادی سے اپنے پسندیدہ

نمائندگان کا چناؤ کرنا ہی عوام کی حاکمیت ہے۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ جب گنے چنے لوگ حاکم بن جاتے ہیں تو باقی سب عوام ان کی محکوم بن جاتی ہے جو ہم موجودہ سیاسی نظام میں بھی دیکھ رہے ہیں۔

ہمارے ملک میں پارلیمانی نظام ہے۔ پارلیمانی نظام کی اصل یہ ہے کہ منشور کی بنیاد پر پارٹیاں بنیں۔ لوگ ان پارٹیوں کے منشور کو مد نظر رکھتے ہوئے جس پارٹی کا منشور ملک کے حق میں بہتر ہے اس کو ووٹ دیں۔ پھر جس پارٹی کو اکثریت حاصل ہو وہ حکومت بنائے۔ ہم جانتے ہیں ہمارے ملک کی اکثر آبادی دیہاتوں میں رہتی ہے اور تعلیم یافتہ بھی نہیں ہے۔ تو ایسی صورتحال میں ان سے یہ توقع رکھنا کہ وہ پہلے پارٹیوں کا منشور پڑھیں اور پھر ووٹ دیں یہ کسی حماقت سے کم نہیں ہے[1]

## مجلس شوریٰ اور جمہوریت میں فرق:

شورائی نظام اسلام کی اساس ہے۔ تاہم نظام شورائیت اور جمہوریت میں فرق ہے۔ مثلاً شوریٰ کا نظام یہ ہے کہ کوئی بھی فیصلہ کرنے سے قبل باہمی مشاورت کرنا ہے اور ایسا کرنا واجب ہے۔ کیوں کہ قرآن کریم میں ارشاد ہے ''وشاورہم فی الامر'' لہٰذا شوریٰ کے '' مشورہ'' کے بغیر کوئی فیصلہ قابل عمل نہ ہوگا اور شوریٰ کے فیصلوں پر عمل بھی کرنا ہوگا۔ خلیفہ مجلس شوریٰ سے مشورہ کا پابند ہے تاہم حتمی فیصلہ خود اسے قرآن وسنت کے مطابق کرنا ہے اور قانون سازی کے اختیارات میں جہاں قرآن وسنت خاموش ہیں، وہ وقت اور مصلحت کے مطابق بروئے کار لا سکتا ہے۔ مجلس شوریٰ کے کسی ایک نتیجے پر پہنچنے کے بعد پھر کسی جانب سے عوام الناس کو اس فیصلے کے خلاف لب کشائی کی اجازت نہیں ہے۔ جب کہ جمہوریت ملک میں اکثریت اور پارلیمنٹ کی خدائی کی قائل ہے۔ جمہوری ممالک میں ''بحث'' سے گزر کر اکثریت کی رائے پر فیصلہ ہونے کے بعد بھی اقلیت کو اس فیصل شدہ رائے کے خلاف کہنے کا حق رہتا ہے۔ فیصلہ کو عمل میں لانے کے دوران بھی وہ اس کی قدر وقیمت اور صلاحیت کے بارے میں شکوک وشبہات پیدا کرتے ہیں بلکہ عمل میں لائے جانے کے بعد بھی اسے تنقید و تمسخر کا ہدف بناتے ہیں۔

اسلام شورائی جمہوریت کا قائل ہے۔ جو اصولاً فطری طریقہ سیاست ہے۔ جبکہ جمہوریت ہر کس وناکس کو منصب حکمرانی میں شامل کر لینے کا نام ہے۔ اور اس میں بہت ساری قباحتیں ہیں[1]

---

(۱) اسلام اور سیاسی نظریات، مفتی محمد تقی عثمانی، مکتبہ معارف القرآن، کراچی، ۲۰۱۰ء، ص: ۱۴۴-۱۵۴

(۱) اسلام کا سیاسی نظام، مفتی محمد سراج الدین قاسمی، ط/۱، ایفا پبلیکیشنز جامعہ نگر، دہلی، ۲۰۱۴ء، ص: ۴۵

## صدارتی طرز حکومت:

صدارتی طرز حکومت بھی اسلامی طرز حکومت کے خلاف ہے۔صدارتی نظام میں مجلس عاملہ اور مقننہ کے درمیان شدید قسم کی حدبندی اسلام کے مزاج کے خلاف ہے۔اسلام میں خلیفہ قانون سازی کے عمل میں براہ راست حصہ لے سکتا ہے۔اور شرعی حدود کی پاسداری کرتے ہوئے مفید قوانین شوریٰ کے سامنے پیش کر سکتا ہے۔

ثانیاً صدارتی نظام میں صدر کی غیر مسئولیت اور آزادی کو اسلام تسلیم نہیں کرتا۔صدارتی نظام میں صدر کو اس کے عہدے سے کسی بھی مسئلہ کی صورت میں ہلا نہیں سکتے۔جبکہ اسلام خلیفہ کے لیے اس قسم کی غیر مسئولیت کو ایک لمحہ کے لیے بھی جائز تسلیم نہیں کرتا(۲)

## پارلیمانی طرز حکومت:

پارلیمانی نظام کو بہت سے ملکوں نے اپنایا اور ہمارے ملک میں بھی سیاسی جماعتیں اسے ہی بہتر سمجھتی ہیں۔حالانکہ اس میں کچھ متضاد باتیں پائی جاتی ہیں۔اس نظام کے تحت حکومت وہ پارٹی بنائے گی جسے اکثریت کا اعتماد حاصل ہو۔اس کی دو صورتیں ہیں۔ایک یہ کہ ایوان کے کم از کم اکیاون فیصد ارکان اسی پارٹی کے ہوں ان کی حکومت بنے گی۔اب وہی پارلیمنٹ مقننہ بھی ہے اور انتظامیہ بھی۔جو ایوان ان کی پالیسیوں کا جائزہ لے رہا ہے وہ بھی تو اسی پارٹی کے لوگ ہیں جن کی حکومت ہے لہذا وہ ان کے کاموں کی تصدیق کریں گے۔اور جو پالیسی انہوں نے اختیار کی اس کو پارلیمنٹ کے ذریعے بدلنے کا کوئی راستہ نہیں کہ وہاں بھی ان کی اکثریت ہے۔دوسری صورت یہ ہے کہ ایوان میں کسی بھی پارٹی کو قطعی اکثریت حاصل نہیں ہوئی تو اس صورت میں کچھ پارٹیاں مل کر حکومت بناتی ہیں جسے مخلوط حکومت کہتے ہیں۔مخلوط حکومت بھی بے شمار مسائل میں الجھی رہتی ہے(۱)

پارلیمانی نظام میں تمام اختیارات وزیر اعظم اور اس کی کابینہ کو حاصل ہوتے ہیں۔اور ساتھ ایک نمائشی صدر حکومت ہوتا ہے۔اسلامی نظام پارلیمانی نظام کی اس غیر فطری ثنویت سے پاک ہے۔اسلامی نقطہ نظر سے جو خلیفہ ہوتا ہے اسی کو وہ تمام حقیقی اختیارات حاصل ہوتے ہیں جو حکومت چلانے کے لیے ضروری ہیں۔اسلامی نقطہ نظر سے اس میں دوسری خرابی یہ ہے کہ یہ ایک پارٹی سسٹم نظام ہے۔اگر پارٹی سسٹم نہ ہو تو نظام حکومت نہیں چل سکتا۔اسلام پارٹی سسٹم

---

(۲) اسلامی ریاست، ص:۴۷-۴۸

(۱) اسلامی ریاست، ص:۱۳۱-۱۳۲

کی حوصلہ افزائی نہیں کرتا[۲]

موجودہ پارلیمانی طرز حکومت میں جو بھی پارٹی برسر اقتدار آتی ہے۔ وہ انتخابات کے ذریعے اقتدار کے منصب تک پہنچتی ہے۔ لہذا ان کی دنیاوی اور اخروی ذمہ داری بڑی حد تک ان لوگوں پر عائد ہوتی ہے۔ جنہوں نے اپنے ووٹ سے ان لوگوں کا چناؤ کیا ہے۔ تو ووٹ ایک حساس معاملہ ہے۔ ہر ووٹ کاسٹر کو چاہیے کہ غور و فکر کرے وہ اپنے دینی اور دنیاوی امور کے انتظامات کی باگ ڈور کس کے ہاتھ میں دے رہا ہے۔

## اسلام اور سیاست:

اسلام اور سیاست کے متعلق دو نظریات اپنی انتہا کو پہنچ گئے ہیں۔

ایک نظریہ سیکولرزم کا ہے جس کے نزدیک اسلام دوسرے مذاہب کی طرح ذاتی نوعیت کا معاملہ ہے۔ سیاست و حکومت سے اس کا کوئی واسطہ نہیں ہے۔

یہ نظریے اس طبقے نے پروان چڑھایا جن کی ساری توجہ عقائد و عبادات اور اخلاق کی درستگی پر ہیں۔ اور اگر اس طبقے میں سے کسی نے سیاست میں حصہ لیا تو اس پر سخت تنقید کی گئی کہ ایک دین دار آدمی کا سیاست سے کیا تعلق ہے۔ دوسرا نظریہ سیکولرزم کی تردید میں ہے۔ انہوں نے سیکولرزم کی تردید اس شدت سے کی کہ اسلام کا اصل مقصد ہی عادلانہ سیاسی نظام قرار دیا۔ اور اسلام کے باقی سب احکام کو اس کا تابع قرار دیا۔ ان کے نزدیک اس شخص نے دین کا اصل مقصد پالیا جو سیاست کے میدان میں دین کی سربلندی کے لیے کام کر رہا ہے۔ اور جو لوگ سیاست سے ہٹ کر اصلاح نفس، تعلیم، تبلیغ، یا اصلاح معاشرہ کے کاموں میں لگے ہوئے ہیں اور سیاست سے ان کا کوئی تعلق نہیں وہ دین کے اصل مقصد سے غافل ہیں۔ یہ دونوں نظریات افراط و تفریط پر مبنی ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ اسلام کی تعلیمات اور احکام زندگی کے ہر شعبے سے متعلق ہیں، سیاست بھی اس کا ایک شعبہ ہے۔ مگر یہ بات یاد رہے کہ سیاست کو مقصود اصلی قرار دے کر باقی احکام کو اس کے تابع قرار دینا بھی درست نہیں۔ اللہ کی حاکمیت کے بعد رسول اللہ کی سنت ثابتہ کو بھی ماخذ قانون کی حیثیت حاصل ہے۔ اس طرح مقننہ کو خلاف قرآن و سنت کوئی قانون بنانے کا کوئی اختیار نہیں ہے[۱]

## نبوی سیاسی طریق کار:

بعثت سید الوریٰ جب ہوئی تو اس وقت سیاسی نظام بادشاہت کی بنیاد پر قائم تھے یا شخصی آمریت کی بنیاد پر، قدیم اور جدید ہر ملک میں ہر قوم پر آمریت کا عفریت مسلط تھا۔ پسماندہ طبقے استعماریت و استبداد کا شکار تھے۔ مفتوح قوموں کو کسی

---

(۲) اسلامی ریاست، محمد احسن تہامی، ط/۱، دار التذکیر، لاہور، ۲۰۰۲ء، ص: ۴۶-۴۷

(۱) اسلامی ریاست، سید ابوالاعلیٰ مودودی، ط/۱، اسلامک پبلیکیشنز لاہور، ۱۹۶۷، ص: ۳۹۲

طرح کے سیاسی حقوق حاصل نہیں تھے۔ لیکن بعثت نبوی کے بعد ہر انسان ہر قوم کو آزادی سے سانس لینے کا موقع ملا۔ اسلامی سیاسی نظام شخصی بنیاد پر نہ ہے بلکہ دستوری بنیاد پر ہے۔ اس میں نہ شہنشاہیت ہے نہ آمریت، اس پر نہ خاندان پرستی کا اثر ہے نہ شخصیت پرستی کا، بلکہ اس کائنات پر حاکم اعلیٰ اللہ کی ذات ہے (۲)

اور یہی اسلامی سیاست کے دستور کی بنیاد ہے۔ جبکہ سیکولر جمہوریت میں حاکمیت کا حق عوام کے لیے تسلیم کیا گیا ہے۔ اگرچہ تھیوکریسی کا مطلب بھی یہی ہے کہ حاکمیت اللہ تعالی کی ہے۔ لیکن عیسائیت، یہودیت، اور ہندو مذہب میں اس تصور کو نافذ کرنے کا کوئی راستہ نہ تھا۔ انہوں نے اسے بگاڑ کر مذہبی پیشواؤں کی حاکمیت میں تبدیل کر دیا۔ اسلامی سیاسی نظام حکومت کے بنیادی مقاصد میں یہ بات شامل ہے کہ وہ قرآن وسنت کا نظام قائم کرے۔ جب کہ سیکولر سیاست کو اس سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ سیکولر سیاست کے نظریات جن کی نگاہیں مادے کے اس پار دیکھنے سے قاصر ہیں کہیں گی کہ وضو، نماز، زکاۃ کا سیاست سے کیا تعلق ہے۔ لیکن اسلام میں سیاست ہو یا معیشت یا دنیاوی زندگی کا کوئی بھی معاملہ ہو اسے دینی تعلق اور لوگوں کی روحانی تربیت سے علیحدہ نہیں رکھا جا سکتا (۱)

## تصور خلافت:

اسلامی ریاست کا صحیح مقام خلافت ہے، نہ کہ بادشاہت وملوکیت۔ اسلام کے مطابق ہر وہ انسان جو احکام الٰہی پر کار بند ہے اور اللہ اور رسول پر ایمان رکھتا ہے عمومی طور پر اللہ کا خلیفہ ہے۔ خلافت ارضی کا وعدہ صرف ایمان والوں سے ہے۔

> جو لوگ تم میں سے ایمان لائے اور نیک کام کرتے رہے ان سے اللہ کا وعدہ ہے کہ ان کو ملک کا حاکم بنا دے گا جیسا ان سے پہلے لوگوں کو حاکم بنایا تھا اور ان کے دین کو جسے اس نے ان کے لیے پسند کیا ہے مستحکم اور پائیدار کرے گا اور خوف کے بعد ان کو امن بخشے گا وہ میری عبادت کریں گے اور میرے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ بنائیں گے جو اس کے بعد کفر کرے ایسے لوگ بدکردار ہیں (۲)

اس آیت سے دو اہم باتیں معلوم ہوئیں۔ ایک یہ کہ ریاست کا صحیح مقام خلافت ہے حاکمیت نہیں ہے اور دوسری یہ کہ ایک اسلامی ریاست میں خلافت کسی خاص خاندان کا حق نہیں ہے بلکہ پوری امت مسلمہ اس کی حامل ہے (۳)

یہ چیز اسلامی خلافت کو قیصریت، پاپائیت اور مغربی تصور والی مذہبی ریاست کے برعکس ایک جمہوریت بنا دیتی ہے۔ اس فرق کے ساتھ کہ اہل مغرب جس چیز کو لفظ جمہوریت سے تعبیر کرتے ہیں اس میں جمہور کو حاکمیت کا حامل قرار دیا جاتا ہے۔ اور ہم

---

(۲) اسلام اور رواداری، ص: ۹

(۱) اسلامی اور سیاسی نظریات، ص: ۱۸۳

(۲) سورۃ النور ۲۴: ۵۵

(۳) اسلامی ریاست، ص: ۳۹۳

مسلمان جسے جمہوریت کہتے ہیں اس میں جمہور صرف خلافت کے حامل ٹھہرائے جاتے ہیں (۴)

اسلام کے تصور خلافت میں خلیفہ مطلق العنان نہیں ہے۔ خلافت میں تمام مسلمان برابر کے حصہ دار ہیں۔ خلیفہ مسلمانوں کے مشورے سے منتخب کیا جاتا ہے۔ خلیفہ اگر لوگوں کو قرآن و سنت کے مطابق حکم دے تو اس کی اطاعت فرض ہے۔ بلاشبہ کسی خلیفہ کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ وہ اپنی سلطانی اور حکمرانی مسلمانوں پر اپنی طرف سے فرض کر دے تا آنکہ ان سے عہد نہ لے لے اور اس طرح مشترک معاہدے کی روشنی میں حکومت ہو۔ اسی لیے تو اقتدار اور بادشاہت نبی کریم ﷺ کی وراثت میں دخیل نہ ہو سکیں (۵)

## اسلامی دستور کی بنیاد:

اسلام کے مطابق اللہ تعالیٰ پوری کائنات کا خالق و مالک ہے۔ اور اس کائنات میں اللہ تعالیٰ کا اقتدار اعلیٰ قائم ہے۔ حاکمیت اللہ تعالیٰ کے سوا نہ کسی کی ہے اور نہ ہو سکتی ہے۔ اور نہ کسی کو اس کی حاکمیت میں حصے کا حق حاصل ہے۔ اللہ جل شانہ کا ارشاد ہے:

﴿أَلَمْ تَعْلَمْ أَنَّ اللَّهَ لَهُ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ﴾ (۱)

ترجمہ: کیا تمہیں علم نہیں اللہ کے لیے ہے بادشاہی آسمانوں اور زمین کی۔

## حاکمیت الٰہیہ اور شریعت کی بالادستی:

اللہ تعالیٰ کائنات کا خالق ہے اس لیے ہر ذی روح اور ہر شے کا حقیقی مالک وہی ہے۔ ملک بھی اسی کا ہے اور حکم بھی اسی کا ہے۔ حاکمیت الٰہی ازل سے قائم ہے اور ابد تک قائم رہے گی۔ اللہ پاک کا ارشاد ہے:

﴿إِنِ الْحُكْمُ إِلَّا لِلَّهِ﴾ (۲)

ترجمہ: حکم اللہ ہی کے اختیار میں ہے۔

﴿قُلْ إِنَّ الْأَمْرَ كُلَّهُ لِلَّهِ﴾ (۳)

ترجمہ: آپ فرمائیے اختیار تو سارا اللہ کا ہے۔

---

(۴) اسلامی ریاست، ص: ۳۴۲

(۵) حضرت عثمان تاریخ اور سیاست کی روشنی میں، ڈاکٹر طٰہٰ حسین، مترجم: عبدالحمید نعمانی، ط/۱، نفیس اکیڈمی اردو بازار کراچی، ۱۹۸۷ء، ص: ۳۲

(۱) سورۃ البقرۃ۲: ۱۰۷

(۲) سورۃ الانعام۶: ۵۷

(۳) سورۃ آل عمران۳: ۱۵۴

یہ آیت وضاحت کرتی ہے کہ فیصلہ کرنے کا اختیار اور فرمانروائی کا حق اللہ تعالیٰ کے لیے خاص ہے۔ یہاں کوئی لفظ یا قرینہ نہیں پایا جا رہا جس کی بنا پر حاکمیت کو محض کائناتی حاکمیت کے مفہوم میں مقید کر دیا جاے۔ اللہ کی یہ حاکمیت جس طرح کائناتی ہے اسی طرح سیاسی اور قانونی بھی ہے اور اخلاقی اور اعتقادی بھی[۴]

سورۃ بنی اسرائیل میں ارشاد ہوتا ہے:

اور کہو کہ سب تعریف اللہ ہی کو ہے جس نے نہ تو کسی کو بیٹا بنایا ہے اور نہ اس کی بادشاہی میں کوئی شریک ہے اور نہ اس وجہ سے کہ وہ عاجز و ناتواں ہے کوئی اس کا مددگار ہے اور اس کو بڑا جان کر اس کی بڑائی کرتے رہو[۵]

قرآن پاک میں یہ بات واضح طور پر موجود ہے کہ حکم کا حق صرف اللہ کو ہے۔ ارشاد ربانی ہے:

﴿أَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْأَمْرُ﴾[۱]

ترجمہ: اسی کے لیے خاص ہے پیدا کرنا اور حکم دینا۔

یہ محض کائناتی حاکمیت نہیں ہے بلکہ صریحاً سیاسی حاکمیت ہے۔ اللہ تعالیٰ کی سیاسی اور قانونی حاکمیت کا یہ تصور اسلام کے اولین بنیادی اصولوں میں سے ہے۔ اور تمام فقہا بھی اس بات پر متفق ہیں۔ علامہ آمدیؒ فرماتے ہیں:

((اعْلَمْ أَنَّهُ لَا حَاكِمَ سِوَى اللَّهِ تَعَالَى))[۲]

ترجمہ: جان لو کہ اللہ کے سوا کسی کی حکومت نہیں۔

پس اسلامی دستور ایسا نہیں بن سکتا جس میں اللہ کی سیاسی اور قانونی حاکمیت کا اقرار نہ کیا جاے۔ اور واضح طور پر یہ نہ لکھا جاے کہ یہ ریاست فرامین خداوندی کی تابعدار اور احکامات کو واجب العمل مانتی ہے۔

## مقام رسالت:

حاکمیت الٰہ کا لازمی تقاضا رسول اللہ کی اطاعت ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنا پیغام، رسل عظام کے ذریعے بندوں تک پہنچایا۔ قرآن پاک میں آپ ﷺ کی اطاعت کو اللہ کی اطاعت قرار دیا ہے، ارشاد ربانی ہے:

﴿مَنْ يُطِعِ الرَّسُولَ فَقَدْ أَطَاعَ اللَّهَ﴾[۳]

---

(۴) اسلامی ریاست، سید ابوالاعلیٰ مودودی، ط/۱، اسلامک پبلیکیشنز لاہور، ۱۹۶۷ء، ص: ۳۸۸

(۵) سورۃ بنی اسرائیل ۱۷: ۱۱۱

(۱) سورۃ الاعراف ۷: ۵۴

(۲) الإحكام في أصول الأحكام، سيد الدين علي الثعلبي ،تحقيق: عبد الرزاق عفيفي، المكتب الإسلامي، بيروت، دمشق، لبنان، ۷۹/۱

(۳) سورۃ النساء ۴: ۸۰

ترجمہ: جس نے رسول کی اطاعت کی تحقیق اس نے اللہ کی اطاعت کی۔

رسول چونکہ اللہ تعالیٰ کے احکام بندوں تک پہنچاتا ہے اس لیے کائنات میں انسانوں کی راہنمائی کے لیے اللہ کے اقتدار اعلیٰ کا نمائندہ ہوتا ہے۔اس طرح رسول کی اطاعت اقتدار اعلیٰ کی اطاعت کے مترادف ہوتی ہے (۴)

انبیاء کرام سب سے زیادہ وحی الٰہی کے منشاو مطلب کے سمجھنے والے ہوتے ہیں۔اس لیے ان کی اطاعت عین خدا کی اطاعت ہوتی۔اور انہیں کے نمونے کی پیروی سے دنیا میں دین حق قائم ہوتا ہے (۵)

## مجلس مشاورت:

انتظامی اور دنیوی معاملات میں اللہ تعالیٰ نے رسول اکرم کو مشورہ کرنے کا حکم دیا۔یہ دلیل ہے کہ آپ ﷺ تمام اہم کاموں میں صحابہ رضی اللہ عنہم سے مشورہ فرماتے تھے: اور اپنے کاموں میں ان سے مشاورت لیا کرو (۱)

عہد نبوی میں جو سلطنت عرب میں قائم ہوئی اس کی ضروریات کو مد نظر رکھتے ہوے اسی قسم کے ہنگامی احکام آپ ﷺ نے بھی نافذ فرمائے (۲)

سرکار دوجہاں کے ساتھ مقتدر صحابہ کرام جو اہل الرائے سمجھے جاتے تھے شریک ہوتے تھے۔ قانون سازی کے دو طریق ہو سکتے ہیں ایک مطلق العنان امیر ہو اور وہی قانون ساز ہو،اور دوسرا یہ کہ امیر مع مجلس شوریٰ۔ لیکن جس کو کتاب وسنت سے تعلق ہے وہ اس حقیقت سے بخوبی واقف ہے کہ ہمارے لیے قرآن پاک نے راہ متعین کردی ہے،ارشاد ربانی ہے: مسلمان اپنے معاملات مشورے سے طئے کرتے ہیں (۳)

## اصول انتخاب:

قرآن وسنت کی روشنی میں رئیس حکومت،وزرا،اہل شوری اور حکام کے انتخاب میں جو اصول مد نظر رکھنا چاہئے وہ تقوی اور پرہیز گاری ہے۔خدا کے نزدیک تم میں زیادہ عزت والا وہ ہے جو زیادہ پرہیز گار ہے (۴)

نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں:

---

(۴) اسلام اور جدید سیاسی وعمرانی افکار،ایس ایم شاہد،ایور نیو بک پیلس،لاہور،ص:۱۰۲

(۵) مقدمہ تاریخ ہند،نظام سلطنت،اکبر شاہ خان نجیب آبادی،ط/۱،مدینہ برقی پریس،بجنور،۱۹۳۵ء،ص:۲۶۹

(۱) سورۃ آل عمران۳: ۱۵۹

(۲) مقدمہ تاریخ ہند،ص:۲۷۲

(۳) اسلامی ریاست کے اساسی اصول وتصورات،سید محمود احمد غزنوی،مکتبہ نذیریہ،لاہور،ص:۲۲

(۴) سورۃ الحجرات۴۹: ۱۳

((خِيَارُ أَئِمَّتِكُمُ الَّذِينَ تُحِبُّونَهُمْ وَيُحِبُّونَكُمْ، وَيُصَلُّونَ عَلَيْكُمْ وَتُصَلُّونَ عَلَيْهِمْ))(۵)

ترجمہ: تمہارے بہترین سردار وہ ہیں جن سے تم محبت کرو اور وہ تم سے محبت کریں جن کو تم دعا دو اور وہ تمہیں دعا دیں۔اور تمہارے بدترین سردار وہ ہیں جن سے تم نفرت کرو اور وہ تم سے نفرت کریں،اور جن پر تم لعنت بھیجو اور وہ تم پر لعنت بھیجیں۔

## اولی الأمر کی اطاعت کا اصول:

ایک حدیث میں ہے اطاعت صرف نیک کاموں میں ہے برے کاموں میں کوئی اطاعت نہیں ہے۔اسلامی ریاست میں انتظامیہ کسی ایسے کام کا حکم نہیں دے سکتی جس سے اللہ اور اس کے محبوب کی مخالفت لازم آتی ہو۔اگر ایسی صورتحال پیدا ہو جائے اور لوگ ان کی بات تسلیم نہ کریں تو ایسی صورت میں حکومت وقت مجرم ہو گی اور یہ ان کی زیادتی ہو گی۔جب برے حاکموں کے خلاف بغاوت کی اجازت مانگی گئی تو نبی ﷺ فرمانے لگے:

((لَا، مَا أَقَامُوا فِيكُمُ الصَّلَاةَ))(۱)

ترجمہ: نہیں جب تک وہ تمہارے درمیان نماز قائم کرتے رہیں۔

اگر حکومت وقت قرآن وسنت کے خلاف بات کرتی ہے تو اس صورت میں عوام کو نزاع کا حق حاصل ہے۔اور ایسا ادارہ بھی ہو جو قران وسنت کے مطابق ہر بات کو پرکھنے کی صلاحیت رکھتا ہو۔

## اجتماعی عدل:

اسلامی سیاست کی بنیاد اجتماعی عدل پر مبنی ہے،بنیادی حقوق کا خیال رکھنا اور اجتماعی عدل قائم کرنا اسلامی سیاست کی بنیاد ہے،ارشاد خداوندی ہے:

﴿يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا كُونُوا قَوَّامِينَ لِلَّهِ شُهَدَاءَ بِالْقِسْطِ وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَآنُ قَوْمٍ عَلَى أَلَّا تَعْدِلُوا﴾(۲)

اے ایمان والو مضبوطی سے قائم رہنے والے،اللہ کے لیے انصاف کے ساتھ گواہی دینے والے ہو جاؤ اور کسی قوم کی عداوت ہر گز نہ اکسائے اس پر کہ تم عدل نہ کرو۔

---

(۵) صحیح مسلم، بَابُ خِيَارِ الْأَئِمَّةِ ،حدیث نمبر:۱۸۵۵،۱۴۸۱/۳

(۱) صحیح مسلم، بَابُ خِيَارِ الْأَئِمَّةِ ،حدیث نمبر:۱۸۵۵،۱۴۸۱/۳

(۲) سورۃ المائدۃ ۵: ۸

اس آیۃ کا مفہوم بہت وسیع ہے، جہاں یہ آیۃ انفرادی اور اجتماعی طور پر عدل کا تقاضا کر رہی ہے وہاں بدرجہ اولیٰ اسلامی ریاست کو بھی عدل اجتماعی کا پابند کر رہی ہے۔

## آزادی رائے:

اسلام مزاج کے اعتبار سے آزادی رائے کا دین ہے۔ لوگ حدود کے اندر رہتے ہوئے حکومت کی پالیسیوں پر رائے دے سکتے ہیں۔ مگر آزادی رائے کی آڑ میں دنگا فساد، اشتعال انگیزی، فحاشی و عریانی، بدنظمی پھیلانے کی اجازت نہیں دیتا۔

## دور فاروقی کی ایک نادر مثال:

آپ رضی اللہ عنہ نے ایک مرتبہ تقریر کرتے ہوئے عورتوں کا زیادہ مہر مقرر کرنے سے منع کیا تو ایک عورت حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے مخاطب ہوئی اور کہا: اے عمر رضی اللہ عنہ تمہیں یہ حق کس نے دیا ہے تم عورتوں کے اس حق کو غصب کرو جو اللہ تعالیٰ نے انہیں دیا ہے، یہ کہہ کر اس عورت نے قرآن کی آیہ تلاوت کی:

﴿وَإِنْ أَرَدْتُمُ اسْتِبْدَالَ زَوْجٍ مَكَانَ زَوْجٍ وَآتَيْتُمْ إِحْدَاهُنَّ قِنْطَارًا فَلَا تَأْخُذُوا مِنْهُ شَيْئًا﴾[۱]

عورت کی یہ دلیل سن کر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے غور کیا پھر مجمع عام میں فرمایا:

((أَصَابَتِ امْرَأَةٌ وَأَخْطَأَ عُمَرُ))[۲]

ترجمہ: عورت نے درست کہا ہے اور عمر رضی اللہ عنہ سے خطا ہوئی ہے۔

اسلامی تاریخ میں آزادی رائے کی اور بھی بے شمار مثالیں ہیں۔

## جواب دہی:

آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسلامی ریاست کے جو اصول وضع فرمائے ہیں، ایک اصول یہ ہے کہ حکومت، تمام اختیارات اور اموال اللہ اور مسلمانوں کی امانت ہیں اور وہ اس امانت کے جوابدہ ہیں۔ اس امانت میں من مانے طریقے سے یا نفسانی اغراض کے تحت تصرف کرنا کسی کے لیے درست نہیں ہے۔

﴿إِنَّ اللَّهَ يَأْمُرُكُمْ أَنْ تُؤَدُّوا الْأَمَانَاتِ إِلَى أَهْلِهَا﴾[۳]

ترجمہ: بے شک اللہ تمہیں حکم دیتا ہے کہ امانت والوں کی امانیتں ان کے حوالے کر دیا کرو۔

---

(۱) سورۃ النساء۴: ۲۰

(۲) تفسير القرطبي، محمد بن أحمد بن أبي بكر شمس الدين القرطبي، ط/۲، دار الكتب المصرية، القاهرة، ۱۹۶۴ء، ۹۹/۵

(۳) سورۃ النساء۴: ۵۸

سید نا معقل بن یسارؓ کہتے ہیں:

((سَمِعْتُ النَّبِيَّ ﷺ يَقُولُ: مَا مِنْ عَبْدٍ اسْتَرْعَاهُ اللَّهُ رَعِيَّةً، فَلَمْ يَحُطْهَا بِنَصِيحَةٍ، إِلَّا لَمْ يَجِدْ رَائِحَةَ الجَنَّةِ))(۴)

ترجمہ: میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا، فرماتے تھے کہ جس بندے کو اللہ نے رعیت کا حاکم بنایا پھر اس نے اپنی رعیت کی خیر خواہی کیساتھ نگہبانی نہ کی تو وہ جنت کی خوشبو تک نہ سونگھے گا۔

## حریص کو اقتدار دینے کی ممانعت:

جو لوگ اقتدار کا تقاضا کریں اور متمنی ہوں، یہ اقتدار اور عہدے ان کے لیے نہیں ہیں۔ نبی ﷺ کا فرمان ہے:

((إِنَّا وَاللهِ لَا نُوَلِّي عَلَى هَذَا الْعَمَلِ أَحَدًا سَأَلَهُ)) (۵)

ترجمہ: بخدا حکومت کا منصب ان لوگوں کو نہیں سونپیں گے جو اس کے طالب ہوں۔

## حاصل کلام:

۱- سیاست وہ تدبیر ہے جو زندگی کے وسائل اور ان کے دائرے میں افراد معاشرہ کے درمیان باہمی تعاون پیدا کرتی ہے۔

۲- بعثت نبوی کے وقت دنیا کے سیاسی نظام بادشاہی کی بنیاد پر یا شخصی آمریت کی بنیاد پر قائم تھے۔

۳- مفتوح قوموں کو کسی طرح کے سیاسی حقوق حاصل نہیں تھے۔

۴- آپ ﷺ نے جو نظام قائم کیا وہ شخصی بنیاد پر نہیں ہے بلکہ دستوری بنیاد پر ہے۔

۵- اس کائنات پر اصل حاکمیت اللہ تعالیٰ کی ہے ۔

٦- مختلف سیاسی نظریات میں سے ایک نظریہ نیشنل ازم کا ہے جس کا دین سے کوئی تعلق نہیں۔ ملوکیت کے شہنشاہی نظام میں پوری قوم اور سارا قومی خزانہ اس کی ذاتی ملکیت تصور ہوتا ہے۔ وہ تنقید سے بالاتر سمجھا جاتا ہے۔

۷- موجودہ نظام، جمہوری سیاسی نظام ہے۔ امریکہ کا نظام حکومت صدارتی نظام کے تحت چل رہا ہے۔

۸- فرانس کا نظام حکومت پارلیمانی ہے۔

۹- اسلامی ریاست کا صحیح مقام خلافت ہے، نہ کہ بادشاہت وملوکیت۔ اسلام کے مطابق انسان زمین پر اللہ کا خلیفہ ہے۔

۱۰- قرآن وسنت کی روشنی میں رئیس حکومت، وزرا، اہل شوریٰ اور حکام کے انتخاب میں جو اصول مد نظر رکھنا چاہئے وہ تقویٰ اور پرہیزگاری ہے۔

---

(۴) صحیح البخاری، بَابُ مَنِ اسْتُرْعِيَ رَعِيَّةً، حدیث نمبر: ۷۱۵۰، ۹/۶۴

(۵) صحیح مسلم، بَابُ النَّهْيِ عَنْ طَلَبِ الْإِمَارَةِ ، حدیث نمبر: ۱۷۳۳، ۳/۱۴۵٦

## خلاصہ

یہ مقالہ پانچ ابواب پر مشتمل ہے۔ باب اوّل دینی اصلاحات پر مبنی ہے۔اس باب میں دعوت وارشاد، عبادات کی اصلاح، مسلمانوں کا تصور جہاد اور جنگی طریق کار کی اصلاح اور عصر حاضر میں دینی جدوجہد اصلاحات نبوی کی روشنی میں، پر گفتگو کی گئی ہے۔ آپ ﷺ نے دعوت حق کا پیغام لوگوں تک پہنچانے کے لیے جو اسلوب اختیار کیا اس ذکر ہے۔ اور داعی کے اوصاف بیان کیے گئے ہیں۔ عبادت کی قسمیں بیان کی گئی ہیں۔ مشرکین کی شرکیہ عبادات کا ذکر کرنے کے ساتھ ساتھ اھل ایمان کو بھی عبادت میں غلو سے منع کیا گیا ہے۔ جہاد تخریب کاری کا نام نہیں بلکہ دین کے لیے منظم کوشش کا نام ہے۔ جہاد کبھی بالمال ہوتا ہے اور کبھی بالسیف ہوتا ہے۔ اور جہاد بالنفس کو جہاد اکبر کہا گیا ہے۔

باب دوم تعلیمی اصلاحات پر مشتمل ہے۔اس باب میں علم کی فضیلت، تربیت، رسول اللہ ﷺ کی تعلیمی حکمت عملی اور نظام تعلیم اصلاحات نبوی کی روشنی میں، جیسے عناوین زیر بحث لائے گئے ہیں۔ مدینہ منورہ ہجرت کے بعد آپ نے علم کی ترویج اور خواندگی کے حصول کے لیے جو لائحہ عمل اختیار کیا اس کا ذکر ہے۔ محض تعلیم کچھ نہیں اگر اس کے ساتھ تربیت کا پہلو شامل نہ ہو۔ اسلام تعلیم و تربیت کو یکساں اہمیت دیتا ہے۔

تیسرا باب معاشرتی اصلاحات سے متعلق ہے۔اس میں درج ذیل عناوین پر بحث کی گئی ہے۔ وحدت نسل انسانی ،دین قومیت کی بنیاد، تکریم انسانیت، عائلی زندگی کے قوانین اور معاشرتی افکار اصلاحات نبوی کی روشنی میں۔ اسلام تفرقہ

بازی سے بچنے اور گروہوں میں بٹنے سے منع کرتا ہے۔اسلامی قومیت کی بنیاد نسب اور مال ودولت پر نہیں بلکہ اسلام ملت اسلامیہ کو ایک قوم کہتا ہے۔اسلامی معاشرے کی بنیاد احترام انسانیت پر ہے۔انسان اللہ کی تخلیق کا شاہکار ہے اسی لیے عزت و تکریم کا حقدار ہے۔ایک مضبوط عائلی نظام ایک مستحکم معاشرے کے لیے ضروری ہے۔

باب چہارم: معاشی اصلاحات پر مشتمل ہے۔اس میں کسب حلال کی حدود وفضیلت، مسئلہ ارتکاز دولت کا حل، دین اور دنیا کا حسین امتزاج، زرعی اصلاحات، معاشی نظام کی بہتری تعلیمات نبوی کی روشنی میں، پر بحث کی گئی ہے۔پہلی فصل میں رزق حلال کمانے کی فضیلت بیان کی گئی ہے۔اسلام ارتکاز دولت کو پسند نہیں کرتا۔اسلام نے ارتکاز دولت کو روکنے کے لیے زکاۃ کا نظام، صدقات، وراثت، عفو، اور وصیت، کا حکم دیا ہے۔اسلام دین اور دنیا دونوں کو ساتھ لے کر چلتا ہے۔آپ ﷺ کی عملی زندگی دین اور دنیا کے علیحدگی کے تصور کی تردید کرتی ہے۔معاشی نظام میں زراعت کی اہمیت سے انکار نہیں کیا جاسکتا۔معاشی نظام کی ترقی کے لیے بخل، اکتناز، جھوٹ، اور دھوکا دہی سے اجتناب کیا جائے۔اور بیع کے ناجائز طریقوں کا سد باب کیا جائے۔

باب پنجم سیاسی اصلاحات پر مبنی ہے۔اسلامی سیاسی نظام میں شوریٰ کو بہت اہمیت حاصل ہے۔عہد نبوی ﷺ میں ہر اہم مسئلہ شوری سے طے پاتا تھا۔خلفائے راشدین کے دور میں بھی فیصلے شوری کے زریعے ہوتے تھے۔اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کے بعد سربراہ مملکت کی اطاعت بھی ضروری ہے۔یہ اطاعت صرف معروف میں ہوگی منکر میں نہیں ہوگی۔اسلام عہد کی پاسداری کی تعلیم دیتا ہے۔اسلام بین الاقوامی دنیا سے تعلقات استوار کرنے سے منع نہیں کرتا۔

## خاتمہ

- ♦ نتائج بحث
- ♦ سفارشات
- ♦ مصادر و مراجع

# نتائج بحث

۱-آپ ﷺ کی نافذ کردہ اصلاحات کا یہ نتیجہ نکلا کہ عرب میں بت پرستی، توہم پرستی، بدشگونی اور بدفالی کی حوصلہ شکنی ہوئی۔

۲-دور جاہلی کے مشرکانہ عقائد و تصورات میں تغیر و تبدل پیدا ہوا۔

۳-شرکیہ عبادات، قبروں کو سجدہ کرنا، برہنہ طواف کرنا، خود ساختہ رہبانیت سے نفرت پیدا ہوئی۔

۴-دور جاہلی میں جنگ کی جتنی بھی قبیح سورتیں (غفلت میں حملہ کرنا ، عورتوں اور بچوں کو قتل کرنا، آگ میں جلانا، قتل صبر ، فصلوں کو تباہ کرنا، لوٹ مار کرنا اور مثلہ وغیرہ) تھیں ان سب کی اصلاح ہوئی۔

۵-نبوی تعلیمی حکمت عملی کے یہ اثرات مرتب ہوئے کہ عرب میں علم کی طرف میلان ہوا۔ حتیٰ کے خواتین بھی تعلیم و تعلم سے وابستہ ہوئیں۔

۶-آنحضور ﷺ کی معاشرتی اصلاحات کا یہ نتیجہ نکلا کہ معاشرہ میں احترام آدمیت اور عدل وانصاف کا دور دورہ ہوا۔

۷- انسان بحیثیت انسان قابل تکریم ٹھرا، اور انسان ذلت کی گہرائیوں سے نکل کر اوج ثریا تک پہنچا۔

۸-عہد جاہلی کے عائلی نظام کے نقائص دور ہوئے اور اسلامی عائلی نظام (نکاح، طلاق، خلع، ظہار، لعان وغیرہ) کا اجراء ہوا۔

۹-آپ ﷺ کی اصلاحی کوششوں کی وجہ سے معاشرتی ادارے منظم ہوئے۔

۱۰-معاشی نظام کی بہتری کے لیے حصول رزق کے حلال ذرائع اختیار کرنے کو عبادت قرار دیا گیا جس کی بناء پر معاشی نظام میں ترقی ہوئی۔

۱۱- حصول رزق کے حرام ذرائع مثلاً سودی لین دین، جھوٹ پر مبنی بیع، دھوکا دہی، احتکار، اکتناز اور بیع نجش اور بیع کے دیگر ناجائز ذرائع پر سخت پابندی عائد ہوئی۔

۱۲- سیاسی نظام میں اصلاحی اقدام کی بدولت شورائی نظام کی برکات سے سب مستفید ہوئے۔

۱۳- سربراہ مملکت کی اطاعت کو متعین کیا اور خط و کتابت سے بین الاقوامی دنیا کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئی۔

۱۴- جزیرہ عرب میں امن و آمان کی صورت حال بہتر ہوئی۔

## سفارشات

**تحقیقی مقالے کی روشنی میں درج ذیل علمی و عملی اقدامات کی سفارش کی جاتی ہے۔**

**علماء دین کے لیے سفارشات:**

۱- علماء دین کی ذمہ داری ہے کہ تعصب سے بالاتر ہو کر عوام الناس کو اسلامی تعلیمات سے آگاہ کریں۔

۲- دین کے متعلق لوگوں کے اندر پیدا ہونے والی بے چینی اور شکوک و شبہات کو دلائل کے ذریعے ختم کیا جائے۔

۳- مروجہ علوم و فنون کو اسلامی فکر سے مربوط کیا جائے تاکہ متعلمین کی تربیت کا پہلو بھی تشنہ نہ رہے۔

۴- معاشی نظام کی بہتری کے لیے مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے لوگوں اور بالخصوص صنعت کاروں کو حلال و حرام کے احکامات سے آگاہ کیا جائے۔

**حکومت کے لیے سفارشات:**

۵- خواتین کی تعلیم کے لیے ہر سطح پر خصوصی اقدامات کیے جائیں۔

۶- سٹہ بازی، چور بازاری، سمگلنگ، اور ذخیرہ اندوزی ان سب ذرائع پر سخت پابندی عائد کی جائے۔

۷- پاکستان میں مروجہ نظام زکاۃ و عشر کو فکر اسلامی سے مکمل ہم آہنگ کرنے کے لیے اقدامات کیے جائیں خصوصاً علوم اسلامیہ سے آگاہ لوگوں کو متعلقہ محکمہ جات میں خدمات سرانجام دینے پر مامور کیا جائے۔

۸- معاشرے میں تعمیری سوچ پیدا کرنے کے لیے جدید طرز کی لائبریریاں بنائی جائیں۔

۹- موروثی سیاسی نظام کے خاتمے کی کوشش کی جائے۔

۱۰- مختلف محکمہ جات ایسے اقدامات کریں جن سے عام لوگوں میں عزت نفس کا احساس مستحکم ہو۔

۱۱- بین الاقوامی شخصیات سے تعلقات کی صورت میں ان کے مرتبہ اور مقام کا لحاظ رکھا جائے۔

**تعلیمی اداروں کے لیے سفارشات:**

۱۲- قدیم وجدید علوم کا حسین امتزاج پیدا کیا جائے۔

۱۳- مدارس میں فرقہ وارانہ فضاء قائم نہ کی جائے۔

۱۴- نظام تعلیم کو از سر نو ڈھالا جائے اور اس کو امت مسلمہ کے عقائد، زندگی کے نصب العین، اور ضروریات کے مطابق بنایا جائے۔

۱۵- دینی اور دنیوی علوم کی انفرادیت ختم کی جائے۔

۱۶- پیار اور مار کا اصول نافذ کیا جائے۔

**درج ذیل موضوعات پر مزید تحقیقی کام کرنے کی سفارش کی جاتی ہے:**

۱۷- مکی دور میں اصلاحات نبوی اور عصر حاضر میں ان سے استفادہ۔

۱۸- سیرت نبوی ﷺ کی مجموعی اصلاحات کو موضوع مقالہ بنایا جاسکتا ہے۔

۱۹- خلفاے راشدین کے ادوار میں جو اصلاحات ہوئیں ان کو بھی مقالے کا موضوع بنایا جاسکتا ہے۔

# فہرست مصادر ومراجع


- **القرآن الكريم**
- ابن بطال أبو الحسن علي بن خلف بن عبد الملك بن بطال البكري القرطبي شرح صحيح البخارى ، مكتبة الرشد ،ط/۲، السعودية / الرياض ،۲۰۰۳ء
- ابن عابدين، محمد أمين بن عمر بن عبد العزيز عابدين الدمشقي الحنفي (المتوفى: ۱۲۵۲ھ)، رد المحتار على الدر المختار،ط/۲، الناشر: دار الفكر،بيروت،۱۴۱۲ھ - ۱۹۹۲ء
- ابن ماجة أبو عبد الله محمد بن يزيد القزويني، وماجة اسم أبيه يزيد (المتوفى: ۲۷۳ھ)،سنن ابن ماجه، تحقيق: محمد فؤاد عبد الباقي ،الناشر:دار إحياء الكتب العربية،فيصل عيسى البابي الحلبي
- **ابوالاعلی مودودی سید، اسلامی ریاست (فلسفہ نظام کار اور اصول حکمرانی)، اسلامک پبلی کیشنز لاہور (ماخوذ ترجمان القرآن دسمبر ۱۹۳۳ء)**
- **ابوالاعلی مودودی سید، سیرت سرور دوعالم، ط/۵، ادارہ ترجمان القرآن لاہور**
- **ابوالاعلی مودودی سید، قرآن کی معاشی تعلیمات، اسلام پبلی کیشنز لاہور، ۱۹۶۹ ء**
- **ابوالبقاء قدر آفاقی، سیرت سید لولاک، ط/۱، اردو پنجابی علمی مرکز، لاہور، ۱۹۹۶ء**
- أبو بكر بن أبي عاصم وهو أحمد بن عمرو بن الضحاك بن مخلد الشيباني (المتوفى: ۲۸۷ھ)،السنة، المحقق: محمد ناصر الدين الألباني،ط/۲ ،الناشر: المكتب الإسلامي،بيروت، ۱۴۰۰ھ

❁ أبو بكر أحمد بن جعفر بن حمدان بن مالك بن شبيب البغدادي المعروف بالقطيعي (المتوفى٣٦٨ھ)،جزء الألف دينار وهو الخامس من الفوائد المنتقاة والأفراد الغرائب الحسان، المحقق: بدر بن عبد الله البدر،ط/١، ،الناشر: دار النفائس،الكويت،١٤١٤ھ،١٩٩٣ء

❁ أبو بكر أحمد بن عمرو بن عبد الخالق بن خلاد بن عبيد الله العتكي المعروف بالبزار (٢٩٢ھ)،مسند البزار ، المحقق: محفوظ الرحمن زين الله، (حقق الأجزاء من ١ إلى٩)وعادل بن سعد (حقق الأجزاء من١٠إلى ١٧) ،وصبري عبد الخالق الشافعي (حقق الجزء ١٨)،ط/١، الناشر: مكتبة العلوم والحكم المدينة المنورة(بدأت ١٩٨٨ء، وانتهت ٢٠٠٩ء)

❁ أبو بكر أحمد بن علي بن ثابت بن أحمد بن مهدي الخطيب البغدادي (المتوفى: ٤٦٣ھ)،الفقيه و المتفقه، المحقق: أبو عبدالرحمن عادل بن يوسف الغرازي،ط/٢ ،الناشر: دار ابن الجوزي ،السعودية،١٤٢١ھ

❁ أبو بكر بن أبي شيبة، عبد الله بن محمد بن إبراهيم بن عثمان بن خواستي العبسي (المتوفى٢٣٥ھ) ،الكتاب المصنف في الأحاديث والآثار، المحقق: كمال يوسف الحوت، ط/١، الناشر: مكتبةالرشد، الرياض،١٤٠٩ھ

❁ *ابو بکر جابر الجزائری، منہاج المسلم، مترجم: مولانا رفیق الاثری،ط/۱، دارالسلام ڈسٹری بیوٹرز، لاہور، ۱۹۹۷ء*

❁ ابو بکر جصاص رازی ،احکام القرآن ، ط/١،مطبوعہ مصر،١٣٤٧ھ

❁ أبو بكر عبد الرزاق بن همام بن نافع الحميري اليماني الصنعاني (المتوفى: ٢١١ھ)، تفسير عبد الرزاق، دراسة وتحقيق: د.محمود محمد عبده، ط/١، الناشر: دار الكتب العلمية ،بيروت، سنة ١٤١٩ھ

❁ أبو بكر عبد الرزاق بن همام بن نافع الحميري اليماني الصنعاني المتوفى٢١١ھ، المصنف،المحقق:حبيب الرحمن الأعظمي،ط/٢، المكتب الإسلامي بيروت حديث نمبر:١٤٤٤٠،الناشر: المكتب الإسلامي، بيروت

❁ أبو بكر عبد الله بن الزبير بن عيسى بن عبيد الله القرشي الأسدي الحميدي المكي (المتوفى: ٢١٩ھ)، مسند الحميدي، حقق نصوصه: حسن سليم أسدالدَّارَانيّ,ط/١،دارالسقا،دمشق ،سوريا١٩٩٦ء

❁ أبو بكر محمد بن إسحاق بن خزيمة بن المغيرة بن صالح بن بكر السلمي النيسابوري المتوفى: ٣١١ھ ،صحيح ابن خزيمة،، المحقق:محمد مصطفى الأعظمي ،باب ذكرِالدليل على،المكتب الإسلامي بيروت، الناشر: المكتب الإسلامي، بيروت

- أبو جعفر محمد بن جرير بن يزيد بن كثير بن غالب الآملى الطبري (٣١٠ھ)، جامع البيان عن تأويل آي القرآن، تحقيق: الدكتور عبد الله بن عبد المحسن التركي،بالتعاون مع مركز البحوث والدراسات الإسلامية ،الدكتور عبد السند حسن، ط/١ ،الناشر: دار هجر للطباعة والنشر والتوزيع ،٢٠٠١ ء
- **أبو جعفر محمد بن جریر بن یزید بن کثیر،تاریخ طبری،دارالاشاعت کراچی، حصہ اول**
- **ابو حامد محمد بن محمد الغزالی،انطاق المفھوم احیاء العلوم،مترجم مولانا فیض احمد اویسی،ط/١،شبیر برادرز لاہور ١٩٩٧ء**
- **أبو حامد محمد الغزالی، کیمیائے سعادت، مکتبہ رحمانیہ،لاہور**
- أبو الحسن علي بن أحمد الواحدي النيسابوري (٤٦٨)،اسباب النزول، دار الباز للنشر والتوزيع ،عباس احمد الباز، مكةالمكرمة،١٩٦٨ء
- **ابوالحسن علی ندوی مولانا، نبی رحمت،ط/٣، مجلس نشریات اسلام کراچی،١٩٨٧ء**
- **ابوالحسن علی بن محمد المعروف ابن الاثیر،اسد الغابہ،ط/١،داراحیاء التراث العربی،بیروت،١٩٩٦ء**
- أبو الحسن نور الدين علي بن أبي بكر بن سليمان الهيثمي (المتوفى: ٨٠٧ھ)،مجمع الزوائد ومنبع الفوائد، المحقق:حسام الدين القدسي،الناشر: مكتبة القدسي، القاهرة، عام النشر: ١٤١٤ ھ
- ابوالحسين امام احمد بن محمد قدورى ،المختصر القدورى ،المكتبةالرشيدية، كؤيتة ،١٣١٤ھ
- أبو داود سليمان بن الأشعث بن إسحاق بن بشير بن شداد بن عمرو السِّجِسْتاني ،المتوفى: ٢٧٥ھ ،سنن أبي داود،الناشر: المكتبة العصرية، صيدا بيروت
- أبو داود سليمان بن داود بن الجارود الطيالسي البصرى (المتوفى: ٢٠٤ھ)،مسند أبي داود الطيالسي، المحقق: الدكتور محمد بن عبد المحسن التركي، ط/١، الناشر: دار هجر،مصر،، ١٤١٩ ء- ١٩٩٩ ء
- أبو زيد عمر بن شبة (واسمه زيد) بن عبيدة بن ريطة النميري البصري، (٢٦٢ھ)،تاريخ المدينة لابن شبة، حققه: فهيم محمد شلتوت، طبع على نفقة: السيد حبيب محمود أحمد،جدة، عام: ١٣٩٩ ھ
- أبو السعود العمادي محمد بن محمد بن مصطفى (٩٨٢ھ)،إرشاد العقل السليم إلى مزايا الكتاب الكريم، الناشر: دار إحياء التراث العربي ، بيروت
- أبوالعباس شهاب الدين،أحمد بن محمد بن أبى بكر بن عبد الملك القسطلاني المصري،( ٩٢٣ھ) ،المواهب اللدنية بالمنح المحمدية، الناشر: المكتبة التوفيقية، القاهرة- مصر
- أبو عبد الرحمن أحمد بن شعيب النسايئ،السنن الكبرى ، تحقيق دكتور عبد الغفار سليمان البنداري وسيد كسروي حسن،ط/١، دار الكتب العلمية بيروت ، لبنان،١٩٩١ء

- أبو عبد الله أحمد بن محمد بن حنبل بن هلال بن أسد الشيباني (المتوفى: ٢٤١هـ)،فضائل الصحابة، المحقق: د. وصي الله محمد عباس ،ط/١ ،الناشر: مؤسسة الرسالة ، بيروت،١٤٠٣هـ
- أبو عبد الله أحمد بن محمد بن حنبل بن هلال بن أسد الشيباني (المتوفى: ٢٤١هـ)،مسند الإمام أحمد بن حنبل، المحقق: شعيب الأرنؤوط،عادل مرشد وآخرون ، ط/١ ، ١٤٢١هـ
- أبو عبد الله عبيد الله بن محمد بن محمد بن حمدان العُكْبَري المعروف بابن بَطَّة العكبري ،الإبانة الكبرى لابن بطة، المحقق: رضا معطي، وعثمان الأثيوبي، ويوسف الوابل، الناشر: دار الراية ، الرياض
- أبو عبد الله محمد بن أحمد بن أبي بكر بن فرح الأنصاري شمس الدين القرطبي (المتوفى: ٦٧١هـ)،الجامع لأحكام القرآن، تفسير القرطبي، تحقيق : أحمد البردوني وإبراهيم ، ط/٢ ، ،الناشر:دارالكتب المصرية ، القاهرة،١٣٨٤هـ ،١٩٦٤ ء
- أبو عبد الله محمد بن أحمد بن أبي بكر بن فرح الأنصاري شمس الدين القرطبي تفسيرالقرطبي،تحقيق: أحمدالبردوني وإبراهيم أطفيش،ط/٢،الناشر:دارالكتب المصرية، القاهرة،١٣٨٤هـ١٩٦٤ء
- أبو عبد الله محمد بن إدريس بن العباس بن عثمان بن شافع بن عبد المطلب بن عبد مناف المطلبي القرشي المكي الشافعي المتوفى: ٢٠٤هـ، المسند، دار الكتب العلمية، بيروت ،لبنان،١٤٠٠ء
- أبو عبدالله محمد بن إسماعيل البخاري الجعفي،الأدب المفرد، ط/٣، تحقيق : محمد فؤاد عبدالباقي،دار البشائر الإسلامية، بيروت ،١٩٨٩ء
- أبو عبدالله محمد بن إسماعيل البخاري الجعفي،صحيح البخاري، المحقق: محمد زهير بن ناصرالناصر، ط/١،الناشر:دار طوق النجاة(مصورة عن السلطانية بإضافة ترقيم محمد فؤاد عبد الباقي)، ١٤٢٢هـ
- **ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل، مترجم مولاناداؤدراز، شرح صحیح بخاری، مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند، ۲۰۰۴ء**
- أبو عبد الله محمد بن الحسن بن فرقد الشيباني (المتوفى: ١٨٩هـ) ،الكسب، المحقق: د. سهيل زكار، ط/١ الناشر: عبد الهادي حرصوني دمشق١٤٠٠ء
- أبو عبد الله محمد بن عبد الباقي الزرقاني المالكي (المتوفى: ١١٢٢هـ)، شرح الزرقاني على المواهب اللدنية بالمنح المحمدية، ط/١، الناشر: دار الكتب العلمية،١٤١٧هـ-١٩٩٦ء
- أبو عبد الله، ولي الدين، التبريزي (المتوفى: ٧٤١هـ)،مشكاة المصابيح،محمد بن عبد الله الخطيب العمري، المحقق: محمد ناصر الدين الألباني، ط/٣ ،الناشر: المكتب الإسلامي ،بيروت،١٩٨٥ء
- أبو عمر يوسف بن عبد الله بن عبد البر النمري ،الاستذكار ،ط/١، تحقيق : سالم محمد عطا ، محمد علي معوض، دار الكتب العلمية ، بيروت،٢٠٠٠ء

- أبو عمر يوسف بن عبد الله بن محمد بن عبد البر بن عاصم النمري القرطبي (المتوفى: ٤٦٣هـ) ،الاستيعاب،المحقق: علي محمد البجاوي ط/١، الناشر: دار الجيل، بيروت،١٤١٢ هـ
- أبو عمر يوسف بن عبد الله بن محمد بن عبد البر بن عاصم القرطبي (٤٦٣هـ ) ،التمهيد لما في الموطأ من المعاني والأسانيد،تحقيق: مصطفى بن أحمدالعلوي,محمد عبد الكبيرالبكري،الناشر: وزارةعموم الأوقاف والشؤون الإسلامية،المغرب،١٣٨٧هـ
- أبو عيسى محمد بن عيسى الترمذي السلمي الجامع الصحيح سنن الترمذي ،تحقيق : أحمد محمد شاكر وآخرون ، دار إحياء التراث العربي ، بيروت
- أبو الفضل أحمد بن علي بن محمد بن أحمد بن حجر العسقلاني (٨٥٢هـ) ،إطراف المسْنِد المعتَلِي بأطراف المسنَد الحنبلي، دار ابن كثير ، دار الكلم الطيب،دمشق ، بيروت ،موقع جامع الحديث النبوي
- أبو الفضل، جمال الدين ابن منظور الأنصاري الرويفعى الإفريقى (المتوفى: ٧١١هـ)، لسان العرب،محمد بن مكرم بن على، ط/٣ ،الناشر: دار صادر ، بيروت،١٤١٤ هـ
- أبو الفضل عياض بن موسى بن عياض بن عمرون اليحصبي السبتي، (المتوفى: ٥٤٤هـ) ،مشارق الأنوار على صحاح الآثار، دار النشر: المكتبة العتيقة ودار التراث
- أبو الفداء إسماعيل بن عمر بن كثير القرشي الدمشقي (٧٧٤هـ) ،السيرة النبوية تحقيق: مصطفى عبد الواحد ، ،الناشر: دار المعرفةللطباعةوالنشربيروت،لبنان، عام النشر: ١٣٩٥ هـ ،١٩٧٦ء
- *ابوالفداحافظ عمادالدین اسماعیل ابن کثیر ،تاریخ ابن کثیر ،اردوترجمہ البدایۃ والنہایۃ، دارالاشاعت کراچی،٢٠٠٨ء*
- أبو الفضل محمد بن طاهر بن علي الشيباني، المعروف بابن القيسراني(المتوفى: ٥٠٧هـ)،ذخيرة الحفاظ (من الكامل لابن عدي)، المحقق: عبد الرحمن الفريوائي، ط/١،الناشر: دارالسلف،الرياض،١٩٩٦ ء
- ابو الفضل، ا لمسند الجامع،الناشر: دار الجيل للطباعة والنشر والتوزيع، بيروت
- أبو الفيض محمّد بن محمّد بن عبد الرزّاق الحسيني، الملقّب بمرتضى، الزَّبيدي (١٢٠٥هـ)تاج العروس من جواهر القاموس،المحقق: مجموعة من المحققين،الناشر: دار الهداية
- أبو القاسم تمام بن محمد بن عبد الله بن جعفر بن عبد الله بن الجنيد البجلي الرازي ثم الدمشقي (٤١٤هـ)،الفوائدالمحقق: حمدي عبد المجيد السلفي ،ط/١،الناشر: مكتبة الرشد، الرياض،١٤١٢هـ
- أبو القاسم سليمان بن أحمد بن أيوب بن مطير اللخمي الشامي، الطبراني (المتوفى: ٣٦٠هـ)،المعجم الكبير، المحقق: حمدي بن عبد المجيد السلفي،ويشمل القطعة التي نشرها لاحقا المحقق الشيخ حمدي السلفي من المجلد ١٣،(دار الصميعي-الرياض،ط/١، الناشر:مكتبة ابن تيمية،القاهرة،١٤١٥هـ

- أبو القاسم سليمان بن أحمد بن أيوب بن مطيرالطبراني (المتوفى: ٣٦٠هـ)،المعجم الأوسط، المحقق: طارق بن عوض الله بن محمد , عبد المحسن بن إبراهيم الحسيني،،الناشر: دار الحرمين، القاهرة
- أبو القاسم سليمان بن أحمد بن أيوب الطبراني، المعجم الكبير، تحقيق : حمدي بن عبدالمجيد السلفي ،ط/٢، مكتبة العلوم والحكم ، الموصل،١٩٨٣، موقع شبكة مشكاة الإسلامية
- أبو القاسم عبد الرحمن بن عبد الله بن أحمد السهيلي ،المتوفى ، ٥٨١، الروض الأنف في شرح السيرة النبوية لابن هشام،المحقق : عمر عبد السلام السلامي ،ط/١،دار إحياء التراث العربي، بيروت، ٢٠٠٠ء
- أبو محمد الحسين بن مسعود بن محمد بن الفراء البغوي الشافعي (٥١٠هـ)،معالم التنزيل في تفسير القرآن، تفسير البغوي،محيي السنة ، المحقق : عبد الرزاق المهدي،الناشر : دار إحياء التراث العربي،بيروت
- أبو محمد الحسين بن مسعود بن محمد بن الفراء البغوي الشافعي (المتوفى: ٥١٦هـ)،شرح السنة،محيي السنة، تحقيق: شعيب الأرنؤوط-محمد زهير الشاويش،بَابُ فَضْلِ الْقُعُودِ فِي الْمَسْجِدِ ، ط/٢ ، الناشر: المكتب الإسلامي ،دمشق، بيروت،١٤٠٣هـ- ١٩٨٣ء
- *ابو محمد عبد الحق حقانی، تفسیر حقانی، الفیصل ناشران وتاجران کتب لاہور، ٢٠٠٩ء*
- أبو محمد عبد الله بن عبد الرحمن بن الفضل بن بَهرام بن عبد الصمد الدارمي، التميمي السمرقندي (المتوفى: ٢٥٥هـ)،مسندالدارمي المعروف بـ (سنن الدارمي)، تحقيق: حسين سليم أسد الداراني ،ط/١ ،الناشر: دار المغني للنشر والتوزيع، المملكة العربية السعودية،١٤١٢هـ، ٢٠٠٠ ء
- أبو محمد عبد الله بن محمد بن جعفر بن حيان الأنصاري المعروف بأبِي الشيخ الأصبهاني (٣٦٩هـ)، كتاب الأمثال في الحديث،المحقق:الدكتورعبدالعلي ،عبدالحميدحامد،ط/٢، الناشر:الدارالسلفية، بومباي،الهند،١٩٨٧ء
- أبو محمد عبد الله بن مسلم بن قتيبة الدينوري المتوفى٢٧٦،تأويل مختلف الحديث، ط/٢، المكتب الاسلامي مؤسسة الإشراق،١٩٩٩ء
- أبو محمد عبد الله بن مسلم بن قتيبة الدينوري (المتوفى: ٢٧٦هـ) ،عيون الأخبار، الناشر: دار الكتب العلمية،بيروت، تاريخ النشر: ١٤١٨هـ
- أبو محمد علي بن أحمد بن سعيد بن حزم الأندلسي القرطبي (المتوفى: ٤٥٦هـ)،المحلى بالآثار، الناشر: دار الفكر، بيروت
- أبو محمد علي بن أحمد بن حزم الأندلسي ،الإحكام في أصول الأحكام، ط/١، دار الحديث ،القاهرة
- أبو محمد علي بن أحمد بن سعيد بن حزم الأندلسي القرطبي الظاهري (٤٥٦هـ)،جوامع السيرة وخمس رسائل أخرى لابن حزم، المحقق: إحسان عباس، ط/١ ،الناشر: دار المعارف ،مصر،١٩٠٠ ء

- أبو محمد محمود بن أحمد بن موسى بن أحمد بن حسين الغيتابى الحنفى بدر الدين العينى ،عمدة القاري شرح صحيح البخاري، الناشر: دار إحياء التراث العربي ،بيروت
- أبو محمد محمود بن أحمد بن موسى بن أحمد بن حسين الغيتابى الحنفى بدر الدين العينى (المتوفى:٨٥٥هـ)، البناية شرح الهداية،ط/١ ،الناشر: دار الكتب العلمية ، بيروت، لبنان،١٤٢٠ هـ - ٢٠٠٠ ء
- أبو المظفر، منصور بن محمد بن عبد الجبار ابن أحمد المروزى السمعاني التميمي الحنفي ثم الشافعي ،المتوفى: ٤٨٩هـ ،تفسير القرآن،المحقق: ياسر بن إبراهيم وغنيم بن عباس بن غنيم ،ط/١ ،الناشر: دار الوطن، الرياض،السعودية، ١٩٩٧هـء
- أبو نصر إسماعيل بن حماد الجوهري الفارابي (المتوفى: ٣٩٣هـ)،الصحاح تاج اللغة وصحاح العربية، تحقيق: أحمد عبد الغفور عطارط/٤ ،الناشر: دار العلم للملايين ، بيروت،١٤٠٧ هـ
- أبو نعيم أحمد بن عبد الله بن أحمد بن إسحاق بن موسى بن مهران الأصبهاني (المتوفى:٤٣٠هـ) حلية الأولياء وطبقات الأصفياء ،الناشر: السعادة،بجوار محافظة مصر١٣٩٤ء
- أبو نعيم أحمد بن عبد الله بن أحمد بن إسحاق بن موسى بن مهران الهراني الأصبهاني، المسند المستخرج على صحيح الإمام مسلم، تحقيق : محمد حسن محمد حسن إسماعيل الشافعي، دار الكتب العلمية بيروت،لبنان
- أبو يعقوب إسحاق بن إبراهيم بن مخلد بن إبراهيم الحنظلي المروزي المعروف بـ ابن راهويه (المتوفى: ٢٣٨هـ)مسند إسحاق بن راهويه، المحقق: د. عبد الغفور بن عبد الحق البلوشي، ط/١، الناشر: مكتبة الإيمان -المدينة المنورة،١٤١٢هـ
- أبو يعلى أحمد بن علي بن المثُنى بن يحيى بن عيسى بن هلال التميمي، الموصلي (المتوفى: ٣٠٧هـ)،مسند أبي يعلى، المحقق: حسين سليم أسد، ط/١، الناشر: دار المأمون للتراث،دمشق،١٤٠٤هـ
- أبو يوسف يعقوب بن إبراهيم بن حبيب بن سعد بن حبتة الأنصاري (المتوفى : ١٨٢هـ)، الخراج، تحقيق : طه عبد الرءوف سعد ، سعد حسن محمد، طبعة جديدة مضبوطة - محققة ومفهرسة ، أصح الطبعات وأكثرها شمولا،الناشر : المكتبة الأزهرية للتراث
- أحمد بن الحسين بن علي بن موسى أبو بكر البيهقي،سنن البيهقى ،ط/١،دائرة المعارف النظاميه حيدر آباد ،١٣٤٤هـ
- أحمد بن الحسين بن علي بن موسى أبو بكر البيهقي،سنن البيهقي الكبرى ، تحقيق : محمد عبد القادر عطا، مكتبة دار الباز، مكة المكرمة،١٩٩٤ء

- أحمد بن الحسين بن علي بن موسى الخُسْرَوْجِردي الخراساني، أبو بكر البيهقي (المتوفى: ۴۵۸هـ)،شعب الإيمان، حققه وراجع نصوصه وخرج أحاديثه: الدكتور عبد العلي عبد الحميد حامد،أشرف على تحقيقه وتخريج أحاديثه: مختار أحمد الندوي،صاحب الدار السلفية ببومباي،الهند، ط/۱ ،الناشر: مكتبة الرشد للنشر والتوزيع بالرياض بالتعاون مع الدارالسلفية ببومباي بالهند،۱۴۲۳ هـ، ۲۰۰۳ ء
- أحمد بن الحسين بن علي بن موسى الخُسْرَوْجِردي الخراساني، أبو بكر البيهقي (المتوفى: ۴۵۸هـ)،المدخل إلى السنن الكبرى،المحقق: د. محمد ضياء الرحمن الأعظمي،الناشر:دار الخلفاء للكتاب الإسلامي،الكويت
- أحمد بن الحسين بن علي بن موسى الخُسْرَوْجِردي الخراساني، أبو بكر البيهقي (المتوفى: ۴۵۸هـ)، دلائل النبوة ومعرفة أحوال صاحب الشريعة،ط/۱ ،الناشر: دار الكتب العلمية،بيروت، ۱۴۰۵ هـ
- أحمد بن الحسين بن علي بن موسى ، أبو بكر البيهقي،السنن الصغير ،المحقق: عبد المعطي أمين ، ط/۱ ،دار النشر: جامعة الدراسات الإسلامية،كراتشي، باكستان، ۱۴۱۰هـ، ۱۹۸۹ء
- أحمد بن الحسين بن علي بن موسى الخُسْرَوْجِردي الخراساني، أبو بكر البيهقي (المتوفى: ۴۵۸هـ)،السنن الكبرى،المحقق:محمدعبد القادر عطا، ط/۲،الناشر: دار الكتب العلمية، بيروت ،۱۴۲۴هـ
- أحمد بن شعيب أبو عبد الرحمن النسائي ،المجتبى من السنن ،تحقيق:عبدالفتاح أبو غدة، ط/۲، مكتب المطبوعات الإسلامية حلب، موقع شبكة مشكاة الإسلامية،۱۹۸۶ء
- أحمد بن عبد الرحيم بن الشهيد وجيه الدين بن معظم بن منصور المعروف بـ:الشاه ولي الله الدهلوي (المتوفى: ۱۱۷۶هـ)،حجةالله البالغة،المحقق:السيدسابق،ط/۱،الناشر:دارالجيل،بيروت ،لبنان،۱۴۲۶هـ - ۲۰۰۵ء
- أحمد بن علي بن حجر أبو الفضل العسقلاني الشافعي، فتح الباري شرح صحيح البخاري، تحقيق : أحمد بن علي بن حجر أبو الفضل العسقلاني الشافعي ،الناشر : دار المعرفة، بيروت ،۱۳۷۹ء
- أحمد بن عمرو بن الضحاك أبو بكر الشيباني ،الآحاد والمثاني،، تحقيق:د.باسم فيصل أحمد الجوابرة،ط/۱، دار الراية الرياض، موقع شبكة مشكاة الإسلامية،۱۹۹۱ء
- *احمد حسن زیات،تاریخ ادب عربی،ترجمہ،محمد نعیم صدیقی مکتبہ دانیال،غزنی سٹریٹ اردو بازار،لاہور*
- أحمد حميد بن مخلد بن قتيبة بن عبد الله الخرساني المعروف بابن زنجويه (المتوفى: ۲۵۱هـ) الأموال لابن زنجويه،ط/۱، تحقيق د-شاكر ذيب فياض الأستاذ المساعد ،بجامعة الملك سعودمركز الملك فيصل للبحوث والدراسات الإسلامية، السعودية، ۱۹۸۶ء
- *احمد شبلی ڈاکٹر،تاریخ تعلیم وتربیت اسلامیہ،مترجم محمد حسین خان زبیری،ادارہ ثقافت اسلامیہ لاہور،۱۹۶۳ء*

- احمد عروض قادری،اسلام کے عائلی قوانین،، مرکزی مکتبہ اسلامی، نئی دہلی، ۲۰۱۵ء
- احمد یار خان نعیمی مفتی، تفسیر نعیمی، مکتبہ اسلامیہ لاہور
- اردو دائرہ معارف اسلامیہ دانش گاہ پنجاب، ط/ا، پنجاب یونیورسٹی لاہور، ۱۹۸۹ء
- اسلام اور جدید معاشی مسائل،، ط/ا، ادارہ اسلامیات، لاہور
- إسماعيل بن محمد بن الفضل بن علي القرشي الطليحي التيمي الأصبهاني، أبوالقاسم، الملقب بقوام السنة (۵۳۵ھ)، سير السلف الصالحين تحقيق: د. كرم بن حلمي بن فرحات بن أحمد، الناشر: دار الراية للنشر والتوزيع، الرياض
- اشرف علی تھانوی علامہ، تفسیر بیان القرآن، مکتبہ رحمانیہ، لاہور
- اشرف علی تھانوی علامہ، تعلیمی درس قرآن،، ادارہ تالیفات اشرفیہ
- اشفاق الرحمن کاندھلوی علامہ، موطا الامام مالک حاشیہ المغطا عن وجہ المؤطاء
- افضل الرحمٰن، محمد ﷺ بحیثیت عسکری قائد، اسلامک پبلی کیشنز، لاہور، ۱۹۹۵ء
- اکبر شاہ نجیب آبادی، تاریخ اسلام، مکتبہ خلیل یوسف مارکیٹ، لاہور
- اکبر شاہ خان نجیب آبادی، مقدمہ تاریخ ہند، نظام سلطنت، ط/ا، مدینہ برقی پریس، بجنور، ۱۹۳۵ء
- امین احسن اصلاحی، اسلامی ریاست، دار التذکیر،، لاہور، ۲۰۰۲ء
- ایس ایم شاہد، اسلام اور جدید سیاسی و عمرانی افکار، ایورنیو بک پبلشرز لاہور
- بزم اقبال، قرون وسطی کے مسلمانوں کے سیاسی نظریے، نرسنگھ داس گارڈن، لاہور، ۱۹۸۵ء
- برھان الدین ابی الحسن علی بن ابی بکر الفرغینانی، الھدایۃ مع الدرایہ، حاشیۃ عبد الحیی لکھنوی، مکتبہ رحمانیہ لاہور
- تقي الدين أبو الفتح محمد بن علي بن وهب بن مطيع القشيري ، (المتوفى : ۷۰۲ھ)، الإلمام بأحاديث الأحكام، المحقق : حقق نصوصة وخرح أحاديثه حسين إسماعيل الجمل، (بَاب الْجِزْيَة والمهادنة، حديث نمبر: ۱۵۴۱، ط/۲، الناشر: دار المعراج الدولية، دار ابن حزم، الرياض، لبنان، بيروت، ۱۴۲۳ھ - ۲۰۰۲ء
- تنزیل الرحمن ڈاکٹر، مجموعہ قوانین اسلام، ادارہ تحقیقات اسلامی، حکومت پاکستان اسلام آباد، ۱۹۷۸ء
- تنویر بخاری سید، اسلام اور جدید افکار، پروفیسر حمید اللہ جمیل، ایورنیو بک پیلس اردو بازار، لاہور
- توکلی علامہ نور بخش، سیرت رسول عربی، علی کامران پبلشرز، ۱۹۸۴ء

- ثمان بن علي بن محجن البارعي، فخر الدين الزيلعي الحنفي (المتوفى:۷۴۳ھ)،تبيين الحقائق شرح كنز الدقائق وحاشية الشِّلْبِيِّ،الحاشية: شهاب الدين أحمد بن محمد بن أحمد بن يونس بن إسماعيل بن يونس الشِّلْبِيُّ (۱۰۲۱ھ) ط/۱،الناشر:المطبعة الكبرى الأميرية – بولاق، القاهرة،۱۳۱۳ھ
- جلال الدين عبد الرحمن بن أبي بكر السيوطي، الفتح الكبير في ضم الزيادة إلى الجامع الصغير، تحقيق : يوسف النبهاني ، ط/۱، دار الفكربيروت لبنان، موقع شبكة مشكاة الإسلامية۲۰۰۳ء
- جلال الدين عبد الرحمن بن أبي بكر السيوطى، تحقيق كتاب ،اللمع فى اسباب الحديث رسالةلنيل درجةالتخصص"الماجستير" عبد العزيز سعد،۱۹۷۹ء
- جلال الدين عبد الرحمن بن ابى بكر السيوطى ،۹۱۱ھ ،الجامع الصغير، موقع يعسوب ،دار الفكربيروت
- *جلال الدین عبد الرحمن ابی بکر السیوطی ،الخصائص الکبری، مترجم، مقبول احمد، ضیاالقرآن لاہور، ۲۰۰۱ء*
- جلال الدين عبد الرحمن بن أبي بكر السيوطي (المتوفى: ۹۱۱ھ)،معجم مقاليد العلوم في الحدود والرسوم، المحقق: أ. د محمد إبراهيم عبادة، ط/۱،الناشر: مكتبة الآداب ، القاهرة ، مصر،۱۴۲۴ھ
- *جمال عبد الرحمن فضیلہ الشیخ، نبی ﷺ نے مسلمانوں کی تربیت کیسے فرمائی، دار الکتب السلفیہ، لاہور*
- جواد على دكتور،المفصل فى تاريخ العرب قبل الاسلام ، ط/۱، جامعه بغداد على ، ۱۹۷۰
- *حافظ ابن قیم علامہ، زاد المعاد، ترجمہ سید رئیس احمد جعفری، نفیس اکیڈمی اردو بازار کراچی، ۱۹۹۰ء*
- حافظ عبد الله بن محمد بن أبي شيبة ابراهيم بن عثمان ابن أبي بسكر بن أبي شيبة الكوفي العبسي المتوفي سنة ۲۳۵ ھ ،مصنف ابن أبي شيبة في الاحاديث والاثار ،ضبطه وعلق عليه الاستاذ سعيد اللحام الاشراف الفني والمراجعة والتصحيح، مكتب الدراسات والبحوث في دار الفكر
- *مفتی محمد شفیع مولانا، معارف القرآن، طبع جدید، مکتبہ معارف القران کراچی، ۲۰۰۸ء*
- *حامد حسن بلگرامی ڈاکٹر، نور مبین، حسن اختر ایسویسی ایٹس، کراچی، ۱۹۹۲ء*
- *حمید اللہ ڈاکٹر، پیغمبر امن، حضرت محمد رسول اللہ، مکتبہ دانیال لاہور، ۲۰۱۰ء*
- *حمید الدین ڈاکٹر، تاریخ اسلام، فیروز سنٹر راولپنڈی*
- *حمید اللہ ڈاکٹر، رسول اکرم ﷺ کی سیاسی زندگی، دار الاشاعت، کراچی*
- *حمید اللہ ڈاکٹر، عہد نبوی کا نظام حکمرانی، ط/۲، مکتبہ ابراہیمیہ حیدر آباد کن۔ ۱۹۴۹ء*
- *خالد علوی ڈاکٹر، اسلام کا معاشرتی نظام، الفیصل ناشران وتاجران کتب، لاہور، ۲۰۰۹ء*

- خالد علوی، انسان کامل، ط/۱، یونیورسٹی بک ایجنسی لاہور، ۱۹۷۴ء
- خالد یار خان ایم اے، تاریخ تعلیم، بی ٹی علیگڑھ ط/۳، اردو مرکز، لاہور، ۱۹۶۳ء
- خواجہ معین الدین اکرمی ندوی، اسلامی قانون معاشرت، کتب خانہ، ط/۱، مکتبہ رحیمیہ دیوبند، یوپی، ۲۰۰۴ء
- خورشید احمد پروفیسر، اسلامی نظام حیات، جامعہ کراچی، ۱۹۹۳ء
- خورشید احمد، اسلامی نظریہ حیات، ط:۱، شعبہ تصنیف وتالیف وترجمہ کراچی یونیورسٹی، کراچی، ۱۹۶۳ء
- الدکتور سعدي أبو حبیب، القاموس الفقھي لغة واصطلاحا، ط/۲ ،الناشر: دار الفکر. دمشق، سوریة، ۱۴۰۸ ھ
- ذوالفقار احمد نقشبندی، خطبات فقیر، ط/۱، مکتبة الفقیر، فیصل آباد
- رئیس احمد جعفری ندوی، سیاست شرعیہ، ط/۱، ادارہ ثقافت اسلامیہ، لاہور، ۱۹۵۹ء
- رزق اللہ بن یوسف بن عبد المسیح بن یعقوب شیخو (المتوفی: ۱۳۴۶ھ)، مجاني الأدب في حدائق العرب، مطبعة الآباء الیسوعیین، بیروت، ۱۹۱۳ء
- زين الدين أبو عبد الله محمد بن أبي بكر بن عبد القادر الحنفي الرازي (المتوفى: ٦٦٦هـ)، مختار الصحاح، المحقق: يوسف الشيخ محمد، الطبعة: الخامسة، الناشر: المكتبة العصرية الدار النموذجية، بيروت ،١٩٩٩ء
- زين الدين محمد المدعو بعبد الرؤوف بن تاج العارفين الحدادي ثم المناوي القاهري (١٠٣١هـ) ،فيض القدير شرح الجامع الصغير، ط/١ ،الناشر: المكتبة التجارية مصر، ۱۳۵۶ھ
- سر سید احمد خان، خطبات سیرت النبی ﷺ ،دوست ایسوسی ایٹس، لاہور، ۱۹۹۷ء
- سعد الدين مسعود بن عمر بن عبد الله التفتازاني الشافعي (المتوفى: ٧٩٣هـ)شرح المقاصد في علم الكلام، ط/١، الناشر: دار المعارف النعمانية، باكستان، ۱۴۰۱ھ-۱۹۸۱ء
- سعید احمد رفیق پروفیسر، مسلمان کا نظام تعلیم، اکیڈمی آف ایجوکیشنل ریسرچ
- سید ابوالاعلی مودودی، اسلام کے معاشرتی آداب سورۃ الحجرات کی روشنی میں، اسلامک سروسز سوسائٹی، لاہور
- سید ابوالحسن علی ندوی، ط/۱، سید احمد شہید اکیڈمی رائے بریلی، ۲۰۱۲ء
- سید اسعد گیلانی، رسول اکرم کی حکمت انقلاب، ط/۱، ادارہ ترجمان القرآن لاہور، ۱۹۸۱ء
- الندوي السيد سليمان (١٣٧٣هـ)، الرسالة المحمدية، ط/١، الناشر: دار ابن كثير ،دمشق، ۱۴۲۳ھ
- سید محمد سلیم پروفیسر، اسلام کا نظام تعلیم، ادارہ تعلیمی تحقیق، لاہور ۱۹۹۶ء
- سید محمد سلیم پروفیسر، مغربی تعلیم کی مخالفت کیوں، ادارہ تعلیمی تحقیق، لاہور، ۱۹۹۱ء

۞ سید محمود احمد غزنوی، اسلامی ریاست کے اساسی اصول و تصورات، مکتبہ نذیریہ، لاہور

۞ سید فضل الرحمان، ہادی اعظم، ط/۱، زوار اکیڈمی پبلی کیشنز کراچی، ۱۹۹۱

۞ شاہ اسماعیل شہید، منصب امامت، مترجم حکیم محمد حسین علوی، ط/۴، حاجی حنیف اینڈ سنز، لاہور، ۲۰۰۸ء

۞ شاہ معین الدین احمد ندوی، تاریخ اسلام عہد رسالت، بنی امیہ، مکتبہ اسلامیہ لاہور، ۲۰۱۲ء

۞ شبلی نعمانی شمس العلماء، الفاروق، مکتبہ صدیقیہ ملتان، ۱۹۵۲ء

۞ شبلی نعمانی، الفاروق،، نامی پریس کانپور، ۱۸۹۹ء

۞ ششماہی السیرہ عالمی، شمارہ نمبر ۹، زوار اکیڈمی پبلی کیشنز لاہور، ۲۰۰۳ء

۞ شمس بریلوی علامہ، نظام مصطفی، ط/۱، مدینہ پبلشنگ کمپنی، کراچی، ۱۹۸۷ء

۞ شمس بریلوی علامہ، سرور کونین کی فصاحت، مدینہ پبلشنگ کمپنی، کراچی، ۱۹۸۵ء

۞ شمس الحق ڈاکٹر، مخزن انقلاب، ط/۱، شرکت پرنٹنگ پریس، لاہور، ۱۹۹۷ء

۞ شهاب الدين الالوسى البغدادى ،تفسير روح المعانى ، ادارة الطباعة الميزية مصر ،۱۳۴۵ھ

۞ شهاب الدين محمود بن عبد الله الحسيني الألوسي (۱۲۷۰هـ)، روح المعاني في تفسير القرآن العظيم والسبع المثاني، المحقق: علي عبد الباري عطية، ط/۱،الناشر: دار الكتب العلمية ،بيروت،۱۴۱۵ھ

۞ صابر نظامی، انقلاب رسول، ادارہ تحریک اسلامی، لاہور

۞ صفی الرحمٰن مبارکپوری مولانا، الرحیق المختوم، المکتبۃ السلفیۃ لاہور، ۲۰۰۰ء

۞ صلاح الدين خليل بن أيبك بن عبد الله الصفدي (المتوفى: ۷۶۴ھ)،الوافي بالوفيات، المحقق: أحمد الأرناؤوط وتركي مصطفى، الناشر: دار إحياء التراث ، بيروت، عام النشر:۱۴۲۰ھ- ۲۰۰۰ء

۞ ضیاالحسن فاروقی، مسلمانوں کا تعلیمی نظام، ط/۱، مکتبہ جامعہ نئی دہلی، ۱۹۹۲ء

۞ طاہر القادری ڈاکٹر، اسلامی نظام معیشت کے بنیادی اصول، ط/۱، منہاج القرآن پبلی کیشنز، ۲۰۰۸ء

۞ طاہر القادری ڈاکٹر، سیرۃ الرسول، منہاج القرآن پبلی کیشنز، لاہور، ۲۰۰۴ء

۞ طہٰ حسین ڈاکٹر، حضرت عثمان تاریخ اور سیاست کی روشنی میں، مترجم، عبد الحمید نعمانی، ط/۱، نفیس اکیڈمی اردو بازار کراچی، ۱۹۸۷ء

۞ عبد الباقی حقانی علامہ، اسلام کا نظام سیاست و حکومت، السیاسۃ والادارۃ الشرعیۃ، ترجمہ سید الامین انور حقانی، القاسم اکیڈمی، ۱۴۲۹ھ

- عبدالحیٔ کتانی علامہ ،التراتیب الاداریۃ ،(دور نبوی کا نظام حکومت)،مترجم مولانا معظم الحق،ط/۱،ادارۃ القرآن والعلوم الاسلامیہ ، کراچی،۱۹۹۱ء
- عبدالحیی کتانی علامہ ، نظام الحکومہ النبویہ، مترجم، مولانا معظم الحق
- عبدالرحمٰن ابن خلدون، تاریخ ابن خلدون، ترجمہ علامہ عبدالرحمٰن دہلوی، دارالاشاعت، کراچی،۲۰۰۹ء
- عبداللہ بن احمد محمود النسفی ، کنزالدقائق ، ط/۱ ،مکتبۃ البشری کراچی،۲۰۱۰ء
- عبدالله بن عبدالرحمن أبو محمد الدارمي، سنن الدارمي ،تحقيق : فواز أحمد زمرلي ، خالد السبع العلمي ،ط/۱، موقع شبكة مشكاة الإسلامية، دار الكتاب العربي ،بيروت،۱۴۰۷ھ
- عبد الله بن المبارك الامام الحافظ المجاهد ، كتاب الجهاد، حققه ،ا-د- نزيد حماد ،دار المطبوعات الحديث جدة، موقع يعسوب
- عبد الملك بن محمد بن إبراهيم النيسابوري الخركوشي، أبو سعد (المتوفى: ۴۰۷ھ)، شرف المصطفى، ط/۱،الناشر: دار البشائر الإسلامية ، مكة،۱۴۲۴ھ
- عبدالمجید، آخری نبی اوران کی تعلیمات،ط/۱، فضلی سنز لمیٹڈ، کراچی
- عدد من المختصين بإشراف الشيخ/ صالح بن عبد الله بن حميد إمام وخطيب الحرم المكي ،نضرة النعيم في مكارم أخلاق الرسول الكريم ﷺ، ط/۴،الناشر : دار الوسيلة للنشر والتوزيع، جدة
- عز الدين بن جماعة الكتاني، المختصر الكبير فى سيرة الرسول، موقع شبكة مشكاة الإسلامية
- عزیزالرحمٰن سید،استحکام پاکستان سیرت طیبہ کی روشنی میں،زوار اکیڈمی پبلی کیشنز، کراچی، ۱۹۹۷ء
- عزیزالرحمن سید، تعلیمات نبوی اور آج کے زندہ مسائل،ط/۱،القلم، کراچی،۲۰۰۵ء
- علاء الدين علي بن بلبان الفارسي المتوفي سنة ۷۳۹ھصحيح ابن حبان بترتيب ابن بلبان، ،حققه وخرج أحاديثه،وعلق عليه شعيب الارنؤوط، موقع يعسوب
- علاء الدين علي بن محمد بن إبراهيم البغدادي الشهير بالخازن ،تفسير الخازن المسمى لباب التأويل في معاني التنزيل دار النشر: دارالفكر ،بيروت،لبنان،۱۳۹۹ھ- /۱۹۷۹ء
- علي بن إبراهيم بن أحمد الحلبي، أبو الفرج، نور الدين ابن برهان الدين ،المتوفى: ۱۰۴۴ھ،السيرة الحلبية، ط/۲ ،دار الكتب العلمية ، بيروت
- علی بن برہان الدین حلبی علامہ، سیرت حلبیہ، مترجم مولانا محمد اسلم قاسمی، مکتبہ دارالاشاعت کراچی،۲۰۰۹ء

- علي بن محمد بن علي الزين الجرجاني (المتوفى: ٨١٦ھ)،كتاب التعريفات، المحقق: ضبطه وصححه جماعة من العلماء الناشر،ط/١،الناشر: دار الكتب العلمية بيروت،لبنان،١٤٠٣ھ-١٩٨٣ء
- علاء الدين علي بن حسام الدين القادري الشاذلي الهندي البرهانفوري ثم المدني فالمكي الشهير بالمتقي الهندي (المتوفى: ٩٧٥ھ)،كنز العمال في سنن الأقوال والأفعال، المحقق: بكري حياني، صفوة السقا، ،ط/٥ ، الناشر: مؤسسة الرسالة،١٤٠١ھ/١٩٨١ء
- عیون الأثر في فنون المغازي والشمائل والسیر،إعداد موقع روح الإسلام
- غلام رسول سعیدی علامہ، شرح صحیح مسلم، ط/٨، فرید بک سٹال اردو بازار، ٢٠٠٠ء
- غلام رسول سعیدی، تبیان القرآن، ط/٣، فرید بک سٹال لاہور، ١٩٩٩ء
- غلام عابد خان، عہد نبوی کا نظام تعلیم، ط/١، اسلامی کتب خانہ لاہور، ١٩٧٨ء
- فائزہ احسان صدیقی پروفیسر، الفوز العظیم، ط/١، رب پبلشرز کراچی، ٢٠٠٧ء
- فضل الرحمن سید، احسن البیان فی تفسیر القرآن، ط/١، زوار اکیڈمی پبلی کیشنز، کراچی، ١٩٩٣ء
- فيصل بن عبد العزيز بن فيصل ابن حمد المبارك الحريملي النجدي (١٣٧٦ھ)،تطريز رياض الصالحين، المحقق: د. عبدالعزيز بن عبد الله بن إبراهيم الزير آل حمد، ط/١ ،الناشر: دار العاصمة للنشر والتوزيع، الرياض،٢٠٠٢ ء
- فیوض الرحمن جدون، اسلام کا نظام حیات، نعمانی کتب خانہ لاہور، ١٩٨٨ء
- قاضی ثناء اللہ پانی پتی، تفسیر مظہری، ضیاء القرآن پبلیکیشنز، لاہور، ٢٠٠٢ء
- گوہر ممتاز علی قاضی، سیرت النبی اور ہماری زندگی، ط/١، پرنٹ لنک کمپیوٹر بیوور، کراچی، ١٩٨٩ء
- لیاقت علی خان نیازی، اسلام کا نظام حیات، سنگ میل پبلیکیشنز، لاہور، ٢٠٠٧ء
- مالك بن أنس بن مالك بن عامر الأصبحي المدني (١٧٩ھ)،المؤطأ، المحقق: محمد مصطفى الأعظمي، ط/١، الناشر:مؤسسة زايد بن سلطان آل نهيان ، أبو ظبي،الإمارات،١٤٢٥ھ
- مجد الدين أبو السعادات المبارك بن محمد الجزري ابن الأثير (٦٠٦ھ)،جامع الأصول في أحاديث الرسول، تحقيق : عبد القادر الأرنؤوط، ط/١، في وجوب طاعة الإمام والأمير، الجزء [١،٢] : ١٣٨٩ ھ، ١٩٦٩ء،الجزء [٣،٤] : ١٣٩٠ھ،،١٩٧٠ ء،الجزء [٥] : ١٣٩٠ھ،١٩٧١ء،الجزء [٦،٧] : ١٣٩١ھ،
١٩٧١ ء،الجزء [٨ - ٩] : ١٣٩٢ھ-١٩٧٢ء،الجزء [١٢] (التتمة) الناشر : مكتبة الحلواني – مطبعة الملاح – مكتبة دار البيان،ط :دار الفكر ،١٩٦٩ء

- محمد احسن تہامی، اسلامی ریاست، ط/۱، دار التذکیر، لاہور، ۲۰۰۲ء
- محمد ادریس کاندھلوی مولانا، سیرۃ المصطفیٰ، الطاف اینڈ سنز، کراچی
- محمد ادریس میرٹھی مولانا، اسلامی معاشیات بنیادی خاکہ، مکتبہ بینات جامعۃ العلوم الاسلامیۃ کراچی، ۲۰۱۱ء
- محمد اسحاق ملتانی، جدید سیرت النبی، ادارہ تالیفات اشرفیہ، ملتان، ۱۴۲۶ھ
- محمد اسلم ملک، رسول اللہ ﷺ کی زرعی منصوبہ بندی، ط/۱
- محمد اسماعیل علامہ، رسول عربی اور عصر جدید، ط/۱، مکتبۃ القریش، اردو بازار لاہور، ۱۹۸۸ء
- محمد امین، اسلام اور تہذیب مغرب کی کشمکش، دائرہ معارف اسلامیہ، پنجاب یونیورسٹی لاہور،، ط/۱، بیت الحکمۃ لاہور، ۲۰۰۶ء
- محمد بن أحمد بن أبي سهل شمس الأئمة السرخسي (المتوفى: ۴۸۳ھ)، المبسوط، ط/۱، دار المعرفة بيروت، ۱۹۹۳ء
- محمد بن أحمد بن عبد الهادي بن عبد الحميد بن عبد الهادي بن يوسف بن محمد بن قدامة المقدسي الحنبلي، المحرر فى الحديث، تحقيق: د. يوسف عبد الرحمن المرعشلي، محمد سليم إبراهيم سمارة، جمال حمدي الذهبي، ط/۳ ، دار المعرفة ،لبنان ، ۲۰۰۰ء
- محمد بن إسحاق بن يسار المطلبي بالولاء، المدني (المتوفى: ۱۵۱ھ)، سيرة ابن إسحاق (كتاب السير والمغازي)، تحقيق: سهيل زكار، ط/۱، الناشر: دار الفكر، بيروت، ۱۳۹۸ھ /۱۹۸۷ء
- محمد بن اسحاق بن یسار، ابو محمد عبد الملک بن ہشام، سیرت النبی ابن ہشام، اردو ترجمہ، سید یسین علی حسنی، ط/۳، ادارہ اسلامیات لاہور، ۱۹۹۸ء
- محمد بن جمیل زینو، اسلامی معاشرت، مترجم عبد الستار قاسم، مکتبہ دار الحدیث، لاہور
- محمد بن حبان بن أحمد بن حبان بن معاذ بن مَعْبدَ، التميمي، أبو حاتم، الدارمي، البُستي، السيرة النبوية وأخبار الخلفاء، صحّحه، وعلق عليه الحافظ السيد عزيز بك وجماعة من العلماء، ط/۳، الناشر: الكتب الثقافية ،بيروت، ۱۴۱۷ھ
- محمد ابن سعد، طبقات ابن سعد، نفیس اکیڈمی اردو بازار، کراچی
- محمد بن عيسى ابو عيسىٰ الترمذى، سنن الترمذى، دار احياء التراث العربى بيروت، موقع شبكة مشكاة الاسلامية

- محمد بن فتوح الحميدي، الجمع بين الصحيحين البخاري ومسلم، تحقيق : د. علي حسين البواب، ط/۲،دار النشر، دار ابن حزم، لبنان/ بیروت،۱۴۲۳ھ،۲۰۰۲ء
- محمد بن يوسف الصالحي الشامي (المتوفى: ۹۴۲ھ)،سبل الهدى والرشاد، في سيرة خير العباد، وذكر فضائله وأعلام نبوته وأفعاله وأحواله في المبدأ والمعاد، تحقيق وتعليق: الشيخ عادل أحمد عبد الموجود، الشيخ علي محمد معوض، ط/۱، الناشر: دارالکتب العلمية بيروت ،لبنان،۱۴۱۴ھ- ۱۹۹۳ء
- محمد تقی عثمانی،اسلام اور سیاست حاضرہ،ط/۱، مکتبہ دار العلوم کراچی،۲۰۰۸ء
- محمد تقی عثمانی،اسلام اور سیاسی نظریات،ط/۱،مکتبۃ معارف القرآن کراچی،۲۰۱۰ء
- محمد تقی عثمانی، ہمارا معاشی نظام، مکتبہ دار العلوم کراچی، طبع جدید،۱۴۲۳ھ
- محمد حسین ھیکل، حیات محمد ﷺ،اقبال آفاقی اردو کتب خانہ لاہور،۲۰۱۰ء
- محمد رشيد بن علي رضا بن محمد شمس الدين بن محمد بهاء الدين بن منلا علي خليفة القلموني الحسيني (المتوفى: ۱۳۵۴ھ) ،تفسير القرآن الحكيم ،الناشر: الهيئة المصرية العامة للكتاب،سنة النشر: ۱۹۹۰، ء
- محمد سراج الدین قاسمی،اسلام کا سیاسی نظام،ط/۱،ایفا پبلیکیشنز جامعہ نگر دہلی،۲۰۱۴ء
- محمد سعد اللہ حافظ، نبی کریم ﷺ کی عائلی زندگی،ط/۱، برائٹ بکس لاہور،۲۰۰۱ء
- محمد سلیمان سلمان منصور پوری قاضی، رحمۃ للعالمین، مرکز الحرمین الاسلامی، فیصل آباد،۲۰۰۷ء
- محمد شریف قاضی،اسوہ حسنہ،ط/۲،مکتبہ تعمیر انسانیت،لاہور،۱۹۸۲ء
- محمد صدیق قریشی پروفیسر ،رسول اکرم کی سیاست خارجہ، قنطار پبلی کیشنز، جہلم،۱۹۷۸ء
- محمد عَبْد الحَيّ بن عبد الكبير ابن محمد الحسني الإدريسي، المعروف بعبد الحي الكتاني (المتوفى: ۱۳۸۲ھ)،التراتيب الإدارية والعمالات والصناعات والمتاجر والحالة العلمية التي كانت على عهد تأسيس المدنية الإسلامية في المدينة المنورةالعلمية، المحقق:عبد الله الخالدي ،ط/۲،الناشر: دار الأرقم ،بيروت
- محمد عبد المعبود، عہد نبوی میں نظام تعلیم،ط/۱، مکتبہ رحمانیہ اقراء سنٹر لاہور،۲۰۰۱ ء
- محمد عمران خان لیفٹیننٹ کرنل،نورام النور، نور رحمۃ للعالمین،ط/۱، شبیر برادرز لاہور،۲۰۰۷ء
- محمد الغزالي السقا (المتوفى: ۱۴۱۶ھ)، فقه السيرة، تخريج الأحاديث: محمد ناصر الدين الألباني، ط/۱ ،الناشر: دار القلم ،دمشق،۱۴۲۷ھ

- محمد غزالی، مترجم: ابو مسعود اظہر ندوی، سیرت پیغمبر اسلام، ترجمہ فقہ السیرۃ، ط/۱، نشریات اردو بازار، لاہور، ۲۰۱۰ء
- محمد فیض آبادی، مبادی سیاسیات، قاضی پبلیشرز، ،ڈسٹری بیوٹر دہلی، ۱۹۹۸ء
- محمد قاسم امین حافظ، مترجم، سنن ابن ماجہ، مکتبۃ العلم، لاہور
- محمد کرم شاہ الازہری پیر، تفسیر ضیاء القرآن، ضیاء القرآن پبلیکیشنز، لاہور، ۱۴۰۰ھ
- محمد نعیم دیوبندی مترجم، تفسیر کمالین شرح اردو جلالین، مکتبہ دار الاشاعت کراچی، ۲۰۰۸ء
- محمد یٰسین مظہر صدیقی ڈاکٹر، مکی عہد نبوی میں اسلامی احکام کا ارتقاء، ط/۱، نشریات لاہور، ۲۰۰۸ء
- محمد یاسین مولانا، مروجہ نظام زمینداری اور اسلام، مکتبہ مرکزی انجمن خدام القرآن، لاہور
- محمد یوسف لدھیانوی، آپ کے مسائل اور ان کا حل، ط/۱، مکتبہ لدھیانوی، کراچی، ۱۹۸۹ء
- محمد یوسف فاروقی پروفیسر ڈاکٹر، خطبات سیرۃ رسول ﷺ، اسلامک ریسرچ سنٹر بہاء الدین زکریا یونیورسٹی ملتان
- محمد یوسف فاروقی، عہد رسالت میں معاشرہ اور مملکت کی تشکیل، ط/۱، اظہار القرآن، لاہور، ۲۰۰۶ء
- محمد یونس ڈاکٹر حافظ، رسول اللہ کا سفارتی نظام، دار الفرقان، راولپنڈی ۱۹۹۶ء
- محمد یونس چودھری، اسلام کا سیاسی و معاشی نظام، ط/۱، الجہاد پبلشرز، سمن آباد، لاہور، ۱۹۸۰ء
- محمود احمد ظفر حکیم، پیغمبر اسلام اور بنیادی انسانی حقوق، بیت العلوم لاہور
- محمود احمد ظفر حکیم، پیغمبر اسلام اور تجارت، بیت العلوم انارکلی، لاہور
- محمود احمد غازی ڈاکٹر، حرمت ربا اور غیر سودی مالیاتی نظام، انسی ٹیوٹ آف پالیسی اسٹڈیز اسلام آباد، ط/۱ شرکت پرینٹنگ پریس لاہور، ۱۹۹۳ء
- مسلم بن الحجاج أبو الحسن القشيري النيسابوري (المتوفى: ٢٦١هـ)، المسند الصحيح المختصر بنقل العدل عن العدل إلى ﷺ، المحقق: محمد فؤاد عبد الباقي، الناشر: دار إحياء التراث العربي بيروت
- مسلم ثقافت ہندوستان میں، ادارہ ثقافت اسلامیہ، لاہور
- مظہر الرحمن بچھرایونی مولوی، تعلیم بالغان اور اس کی قومی اہمیت، ط/۱، ایجوکیشنل پرنٹنگ پریس کراچی ۱۹۷۰ء
- المعجم الوسيط، مجمع اللغة العربية بالقاهرة، (إبراهيم مصطفى / أحمد الزيات / حامد عبد القادر / محمد النجار)، الناشر: دار الدعوة

- معمر بن أبي عمرو راشد الأزدي مولاهم، أبو عروة البصري، نزيل اليمن (المتوفى: ۱۵۳ھ)،الجامع (منشور كملحق بمصنف عبد الرزاق)، المحقق: حبيب الرحمن الأعظمي، ط/۲ ،الناشر:المجلس العلمي بباكستان، وتوزيع المكتب الإسلامي ببيروت،۱۴۰۳ ھ
- المنتخب من مسند عبد بن حميد، المصدر مكتبة مشكاة
- مولاناالانصاری غازی،اسلام کانظام حکومت،مکتبہ الحسن،لاہور
- مولاناجلال الدین انصر عمری،اسلام کاشورائی نظام،،مکتبہ تعمیر انسانیت،لاہور
- مولانا گوہر رحمن،اسلامی سیاست،دارالعلوم تفہیم القرآن،ط/۱،مردان،المنار بک سنٹر لاہور،۱۹۸۱ء
- مولانامحمد شفیع،اسلام کانظام اراضی،دارالاشاعت،کراچی
- مولانامحمد عبدہ فیروزپوری،امام راغب اصفہانی،مفردات القران،ترجمہ،اسلامی اکادمی اردو بازار لاہور
- مولاناولی خان المظفر،مکالمہ بین المذاہب،مکتبہ فاروقیہ کراچی،۲۰۰۷ء
- نثاراحمد ڈاکٹر،عہد نبوی میں ریاست کا نشوو ارتقاء،نشریات،لاہور،۲۰۰۸ء
- نصیراحمد ناصر ڈاکٹر،پیغمبر اعظم وآخر،فیروز سنز،لاہور
- نظام الدين الحسن بن محمد بن حسين القمي النيسابوري، غرائب القرآن ورغائب الفرقان، تحقيق : الشيخ زكريا عميران، ط/۱، دار النشر ، دار الكتب العلمية ، بيروت / لبنان،۱۴۱۶ھ
- نقوش،رسول نمبر،محمد طفیل،ادارہ فروغ اردو لاہور،۱۹۸۳ء
- نور محمد غفاری پروفیسر ڈاکٹر،نبی کریم ﷺ کی معاشی زندگی
- وحیدالزمان قاسمی مولانا،القاموس الوحید،ط/۱،ادارہ اسلامیات،لاہور ،۲۰۰۱ء

- new.jurrat.com جرأت رندانہ،اشتیاق احمد خان
- www.islamspirit.com
- http://www.alwarraq.com
- http://www.urduencylopedia.org